پراچین مصرنواسیوں کا وشواس تھا کہ جیو کو بھی پرانیوں کی بھانتی بھوجن، وستر آدی کی آوشیکتا ہوتی ہے۔ غریب لوگ تو مسالہ لگی لاشوں کو بالو میں گاڑ دیتے تھے لیکن امیروں میں اس کے لیے الگ مکان بنوانے کی پرتھا تھی۔ یہ مکان ایک وستر ت گرہ یا کم سے کم ایک کمرے کے برابر ہوتا تھا۔ آدی کال کے بادشاہوں کے سمے میں یہ شوشالہ (1) مینار کی صورت کی بنوائی جاتی تھی۔ منفیس نگر کے سمیپ ایک شہر کے برابر بھومی شوشالاؤں سے ہی بھری ہوئی ہے۔ کوئی کوئی مینار پنکتیوں میں بنائے گئے ہیں، جیسے نگری میں رہنے کے لیے گھر بنے ہوتے ہیں، بہت اونچے میناروں میں بادشاہوں کو اور ان سے چھوٹے میناروں میں امیروں کو دفن کرتے تھے کیونکہ میناروں کے بنانے میں لاگت بہت پڑتی تھی۔ قبر کے لیے ریت کے نیچے یا پتھر میں تہہ خانہ اور اس کے سامنے ایک چھوٹا سا نماز خانہ، جو باہر کی طرف کھلتا تھا، بناتے تھے۔ نماز خانے میں پرویش کرنے پر پچھلی دیوار میں ایک بڑی شلا دکھائی دیتی تھی۔ اس کے نیچے ایک چھوٹی میز ہوتی تھی جس پر پوجا آدی سامگری (2) رکھتے تھے۔ کیول یہ نماز خانہ ہی قبر کا وہ بھاگ تھا جہاں آدمی جا سکتا تھا۔ شیش بھاگ مرتک کے لیے ہی ہوتا تھا اور کسی کو اندر جا کر مرت آتما کی شانتی میں وگھن (3) ڈالنے کا ادھیکار نہ تھا۔ اسی لیے قبر کا دروازہ نہ بناتے تھے۔ نماز خانے کے پیچھے ایک دالان ہوتا تھا وہاں مرتک کی مورتیاں رکھی جاتی تھیں۔ کبھی کبھی ایک مُردے کے لیے بیس سے ادھک مورتیاں بنائی جاتی تھیں۔ اس کا ابھیپرائے (4) یہ تھا کہ اگر مسالہ دار شونشٹ ہو جائے تو اس کی جگہ مورتی رکھ دی جائے۔ نماز خانے کے ایک کونے میں ایک کنواں پتھروں کی چنائی سے بنایا جاتا تھا۔ کوئیں کے نیچے تک ایک چھوٹا سا راستہ بنا ہوتا تھا، وہاں پتھروں کی کندرا بنائی جاتی تھی۔ یہ مرتک کا شین گار تھا۔ اس کے مدھیہ میں سفید یا کالے پتھر کی ویدی پر پڑا ہوا مردہ اننت ندرا میں مگن رہتا تھا۔ اس کے نکٹ بڑے بڑے برتن پانی سے بھر کر اور گیہوں تتھا مانس رکھ دیتے تھے۔ اس کے بعد اس راستے کو بند کر کے کوئیں کو پتھروں سے پاٹ کر بند کر دیتے تھے۔ پھر کوئی منشیہ اندر نہ جا سکتا تھا۔ وہ کوئیں آج بھی ویسے ہی ہیں جیسے چار پانچ ہزار ورش پہلے تھے۔ لاشیں بھی اسی سرکشت دشا میں تھی۔ یہاں تک کہ بالوں، دانتوں اور آنکھوں میں بھی کوئی پریورتن نہیں ہوا تھا۔ مرتک کے گھر والے جب اس کے لیے پھر کھانے پینے کی چیزیں پہنچانا چاہتے تھے تو اندر نہ جا سکنے کے کارن کھادیہ پدارتھوں کو نماز خانے میں رکھ دیتے تھے۔ کبھی کبھی مُر آدی بھی

1۔ شوشالہ۔ مردہ گھر 2۔ سامگری۔ سامان، مواد 3۔ وگھن۔ رکاوٹ 4۔ ابھیپرائے۔ مطلب

جلاتے تھے تا کہ ان کی سوگندھی مرتک کی ناک میں پہنچ جائے۔

کچھ کال کے بعد لوگوں کا یہ وچار ہو گیا کہ مرتک کے لیے بھوتک پدارتھوں (1) کی آوشیکتا نہیں ہے، ورن ایشور سے ونے (2) کرنی چاہیے کہ چھدھا (3) کی پیڑا اسے بچائے۔ اس لیے نماز خانے کے شلا پر یہ پرارتھنا لکھ دیتے تھے 'ہم اوجے ریس' کو سجدا کرتے ہیں اور اس سے ونے کرتے ہیں کہ وہ ان تمام چیزوں کو جن کا سیون وہ خود کرتا ہے ارتھات روٹی، مانس، دودھ، شراب، دستر شگندھ مرتک کو بھی پردان کرے۔

کچھ سمے کے بعد مصر نواسیوں کو یہ وشواس ہو گیا کہ جیو کیول بھوجیہ پدارتھوں کے چتروں سے سنتوش ہو جاتا ہے۔ ان کے لیے روٹی کا چتر بنا دینا کافی ہے اتایو کالانتر میں نماز خانے کی دیواریں چتر انکت ہو گئیں۔ لوگ جن چیزوں کو مرتک تک پہنچانا چاہتے تھے اس کا چتر دیواروں پر انکت کر دیتے تھے۔ جو چتر وہاں بنے ہوئے ہیں، ان میں کسانوں کے چتر بھی ہیں جو زمین کو جوت اور بور ہے ہیں۔ کوئی کھلیان میں اناج اٹھا رہا ہے۔ درزی کپڑا اور موچی جوتے سی رہے ہیں، اسی بھانتی بڑھئی، ناچنے گانے والے اور بازی گروں کی تصویریں بھی ہیں۔ اس کے اتی رکت مرتک کی بھن بھن جیوت اوستھائیں بھی انکت کی گئی ہیں۔ کہیں کہیں وہ اپنی استری کے ساتھ بیٹھا ہوا بھوجن کر رہا ہے، یا جنگل میں شکار کھیل رہا ہے، یا جھیلوں کے تٹ پر مچھلیوں کا شکار کھیلنے میں ویست ہیں۔

بہت کال تک مصر والوں کی یہ دھارنا تھی کہ جیو اسی قبر میں رہتا ہے جہاں اس کی دیہہ چھوڑ دی جاتی ہے، لیکن کچھ سمے بعد ان کا یہ مت پرورتت ہو گیا اور یہ کلپنا کی جانے لگی کہ سمست جیو بھومی کے نیچے اس استھان پر ایکتر ہوتے ہیں جہاں سوریہ است (4) ہوتا ہے۔ جہاں 'اوجے ریس' راجیہ کرتا ہے وہ جیون کی کرمانو سار پریکشا کرنے کے اپرانت انھیں وہاں نواس کرنے کی آگیہ دیتا (5) ہے۔ لوگوں کا کتھن ہے کہ جب جیو شریر سے نکلتا ہے تو ایک نوکا میں بیٹھ کر نیچے جل ساگر میں بھرمن کرتا ہے، وہاں اسے بڑے بھینکر دیتیہ دکھائی دیتے ہیں جو اسے بھکشن (6) کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن جیون کے رکشک دیوگن اس کی سہایتا کرتے ہیں اور اسے نیایالیہ تک پہنچا دیتے ہیں۔ وہاں 'اوجے ریس' نیایاسن پر براجمان ہوتا ہے۔ اس کے بیالیس سہایک منتری ہوتے ہیں جو اس بات کا انوسندھان کرتے ہیں کہ جیو نے بیالیس کوکرموں میں سے کسی کا آچرن تو نہیں کیا ہے۔ جیووں کو کرمانو سار ہی ڈنڈ یا پھل ملتا ہے۔ پاپی جیووں کو کوڑے لگائے جاتے ہیں، وے سانپ، بچھو، آدمی سے کٹوائے جاتے ہیں۔ پنیہ آتمائیں دیوتاؤں کا

1۔ بھوتک پدارتھ۔ طبعی مادہ 2۔ ونے۔ دعا، گزارش 3۔ چھدھا۔ بھوک 4۔ سوریہ است۔ غروب آفتاب 5۔ آگیہ۔ اجازت، حکم 6۔ بھکشن۔ کھانا

سہواس کرتی ہوئی گولر کی ورکشوں کی چھاہ میں آنند پورو کی اَنت کال تک وشرام کرتی ہیں۔ وہ 'او جے رلیں' کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھتی اوران پدارتھوں کا بھوجن کرتی ہیں جو ایک دیوی ان کے لیے بناتی ہے اور اُتم پرکار کے عطر سونگھتی ہیں۔

مصروالوں کا یہ ابھشٹ (1) تھا کہ جب جیو'او جے رلیں' کے نیائے سنگھاسن کے سمُکھ کھڑا ہو تو وہ اپنے کو نِر پرادھ (2) سدھ کر سکے۔ اس لیے ایک چھوٹی سی پستک تابوت کے اندر رکھ دیتے تھے۔ اس پُستک میں وہ اُتر لکھے ہوتے تھے جو'او جے رلیں' اور اس کے سہایکوں کو دینے چاہیے۔ اُداہرنتا: اپنی نِردوشت سِدھ کرنی چاہیے۔

میں نے کبھی کپٹ (3) ویوہار نہیں کیا، کسی کو دھوکا نہیں دیا۔ میں نے کسی اَناتھ وِدھوا کو نہیں ستایا، کسی وِبھاگ میں جھوٹ نہیں بولا۔ اپنے کرتویہ پالن میں کبھی آلسیہ نہیں کیا۔ کسی ایسے وستو کو نہیں چھوا جسے دیوتاؤں نے نِشیدھ (4) ٹھہرایا ہو، کسی کی نِندیہ نہیں کی۔ مندروں کا دھن مورتی اور دیوتاؤں کے بھوگ، پرسادکی اُور سے کبھی غافل نہیں رہا، مرتکوں کو بھوجن اور جل پہنچاتا رہا، اناج تولنے میں کبھی کمی نہیں کی، کسی کی زمین بے ایمانی سے نہیں لی، تول اور بھاؤ سے کم نہیں بیچا، دیو سمر پت پشوؤں کو نہیں مارا، پوجیہ پکشیوں کو جال میں نہیں پکڑا، پوتر مچھلیوں کا شکار نہیں کیا، کسی نہر کو نشٹ نہیں کیا اور نہ اسے کاٹا۔ میں نِردُوش ہوں، بلکہ میں نے بھوکوں کو بھوجن دیا ہے، پیاسوں کو پانی دیا ہے، ننگوں کو کپڑے پہنائے ہیں، یاتریوں کو نوکا سے سہایتا دی ہے، دیوتاؤں کی ویدی پر بھینٹ چڑھائی ہے، اور مردوں کی بھوج نادی سے سیوا کی ہے۔ اے قاضیو! مجھے مُکت کرو اور خدا کے سامنے میری برائی مت کرو کیوں کہ میرا مُکھ اور دونوں ہاتھ پوتر ہیں۔ یہ اُتر بہودھا قبر کی دیواروں پر، یہاں تک کہ مرتک کے منھ پر بھی لکھ دیے جاتے تھے۔

مادھوری: مارگ شیرش 1938ء

1۔ ابھشٹ۔ اعتقاد 2۔ نِرپرادھ۔ مظلوم 3۔ کپٹ ویوہار۔ بُرا ویوہار 4۔ نشیدھ۔ ممانعت

اُپنیاس

اُپنیاس کی پری بھاشا وِدّوانوں نے کئی پرکار سے کی ہے، لیکن یہ قاعدہ ہے کہ جو چیز جتنی ہی سَرل ہوتی ہے اس کی پری بھاشا اتنی ہی مشکل ہوتی ہے۔ کویتا کی پری بھاشا آج تک نہیں ہو سکی۔ جتنے وِدوان ہیں اتنی ہی پری بھاشائیں ہیں۔ کسی دو وِدوانوں کی پری بھاشائیں نہیں ملتیں۔ اُپنیاس کے وِشے میں بھی یہی بات کہی جا سکتی ہے۔ اس کی کوئی ایسی پری بھاشا نہیں ہے جس پر سبھی لوگ سہمت ہوں۔ میں اُپنیاس کو مانو چرِتر کا چِتر ماتر سمجھتا ہوں۔ مانو چرِتر پر پرکاش ڈالنا اور اس کے رہسیوں کو کھولنا ہی اُپنیاس کا مُول تَتو (1) ہے۔ کسی بھی دو آدمیوں کی صورتیں نہیں ملتیں، اسی بھانتی آدمیوں کے چرِتر بھی نہیں ملتے۔ جیسے سب آدمیوں کے ہاتھ، پاؤں، آنکھیں، کان، ناک، منہ ہوتے ہیں۔ پر اتنی سَمانتا (2) پر بھی ان میں وِبھنتا (3) موجود رہتی ہے۔ اسی بھانتی سب آدمیوں کے چرِتروں میں بہت کچھ سَمانتا ہوتے ہوئے بھی کچھ وِبھنتائیں ہوتی ہیں۔ اسی چرِتر سَمانتا اور وِبھنتا، ابھنتا اور بھنتو اور بھنتو میں ابھنتا دکھانا اپنیاس کا مکھیہ کرتویہ ہے۔ سنتان پریم مانو چرِتر کا ایک وِیاپک گُن ہے ایسا کون پرانی ہوگا جسے اپنی سنتان پیاری نہ ہو۔ لیکن اس سنتان پریم کی ماترائیں (4) ہیں، اس کے بھید ہیں۔ کوئی تو سنتان پر مرمٹتا ہے۔ ان کے لیے کچھ چھوڑ جانے کے لیے آپ نانا پرکار کے کشٹ جھیلتا ہے، لیکن دھرم بھیروتا سے اَنُوچِت (5) روپ سے دھن سنگرہ نہیں کرتا۔ اسے شنکا ہوتی ہے کہ کہیں اس کا پرِنام ہماری سنتان کے لیے برا ہو۔ کوئی اَوچتیہ کا لیش ماتر بھی وچار نہیں کرتا، جس طرح بھی ہو کچھ دھن سنچے (6) کرنا اپنا دھرم سمجھتا ہے، چاہے اس کے لیے اسے دوسروں کا گلا ہی کیوں نہ کاٹنا پڑے۔ وہ سنتان پریم پر اپنی آتما کو بھی بلیدان کر دیتا ہے۔ ایک تیسر اسنتان پریم وہ ہے جہاں سنتان کی سچرترتا پردھان کارن ہوتی ہے جب کہ پتا سنتان کا کوچرِتر (7) دیکھ کر اس سے اداسین (8) ہو جاتا ہے، اس کے لیے کچھ چھوڑ جانا یا کر جانا ویرتھ سمجھتا ہے اگر آپ وچار

1۔ مول تتو۔ خاص عنصر 2۔ سمانتا۔ مساوات 3۔ وبھنتا۔ بیگانگی، اختلافات 4۔ ماترائیں۔ اقسام 5۔ انوچت۔ غیر مناسب 6۔ سنچے۔ جاری، خرچ 7۔ کوچرتر۔ بری خصلت 8۔ اداسین۔ مایوسی

کریں گے تو اسی سنتان پریم کے اگنت بھید آپ کو ملیں گے۔ اسی بھانتی انیہ مانوی گنڑوں کی بھی ماترائیں اور بھید ہیں۔ ہمارا چرتر دھین (1) جتنا ہی سوکشم، جتنا ہی وستیرت (2) ہوگا، اتنی ہی سپھلتا سے ہم چرتروں کا چترن کر سکیں گے۔ سنتان پریم کی ایک دشا یہ بھی ہے کہ جب پتر کو کو مارگ پر چلتے دیکھ کر پتا اس کا گھاتک شترو ہو جاتا ہے، وہ بھی سنتان پریم اس کے سواد میں بادھک نہیں ہوتا۔ وہ سنتان پریم بھی دیکھنے میں آتا ہے جہاں شرابی، جواری پتا پتر پریم کے وشی بھوت ہو کر یہ ساری بری عادتیں چھوڑ دیتا ہے اب یہاں پرشن ہوتا ہے کہ اُپنیاس کار کو ان چرتروں کا اُدھین کر گیان کو پاٹھک کے سامنے رکھ دینا چاہیے۔ اس میں اپنی طرف سے کانٹ چھانٹ، کمی بیشی کچھ نہ کرنی چاہیے۔ یا کسی اُدیش کی پورتی کے لیے چرتروں میں کچھ پریورتن بھی کر دینا چاہیے، یہیں سے اُپنیاس کار کے دو گروہ ہو گئے ہیں، ایک Idealist یا آدرش وادی دوسرا Realist یا یتھارتھ وادی۔ Realist چرتروں کو پاٹھک کے سامنے ان کے یتھارتھ، نگن روپ میں رکھ دیتا ہے، اسے اس سے کچھ مطلب نہیں کہ چرتر تا کا پرنام اچھا ہوتا ہے، یا کچرتر تا کا پرنام اچھا، اس کے چرتر اپنی کمزوریاں یا خوبیاں دکھاتے ہوئے اپنی جیون لیلا سماپت کرتے ہیں، اور چونکہ سنسار میں سدیو نیکی کا پھل نیک اور بدی کا پھل بد نہیں ہوتا، بلکہ اس کے وپریت ہوا کرتا ہے، نیک آدمی دھکے کھاتے ہیں، یاتنائیں (3) سہتے ہیں، مصیبت جھیلتے ہیں، اپمانت ہوتے ہیں، ان کی نیکی کا پھل الٹا ملتا ہے۔ برا آدمی چین کرتے ہیں نام ور ہوتے ہیں، یشوی (4) بنتے ہیں، ان کی بدی کا پھل الٹا ملتا ہے۔

پراکرتی کا نیم وچتر ہے Realist انو بھو کی بیڑیوں میں جکڑا ہوتا ہے اور چونکہ سنسار میں برے چرتروں کی پردھانتا ہے، یہاں تک کہ اُجول چرتروں میں بھی کچھ نہ کچھ داغ دھبے رہتے ہیں اس لیے Realism ہماری دربلتاؤں، ہماری وشمتاؤں (5) اور ہماری کورتاؤں کا نگن چتر ہوتا ہے واستو میں Realism ہم کو Pessimist بنا دیتا ہے، مانو چرتروں پر سے ہمارا وشواس اٹھ جاتا ہے، ہم کو اپنے چاروں طرف برائی ہی برائی نظر آنے لگتی ہے اس میں سندیہہ نہیں کہ سماج کی کو پرتھا (6) کی اور دھیان دلانے کے لیے Realism اتینت اُپیکت ہے، کیونکہ اس کے بنا بہت سمبھو ہے کہ ہم اس برائی کو دکھانے میں اتی شیوکتی سے کام لے اور چتر کو اس سے کہیں کالا دکھائے جتنا وہ واستو میں ہے لیکن جب Realism دربلتاؤں کا چترن کرنے میں شِشٹتا کی سیماؤں کے آگے بڑھ جاتا ہے، تو وہ آپتی

1۔ چرتر دھین۔ فطرت کا مطالعہ 2۔ وستیرت۔ وسیع، پھیلا ہوا 3۔ یاتنائیں۔ سزائیں 4۔ یشوی۔ طاقت ور
5۔ وشمتا۔ غیر مساوات 6۔ کو پرتھا۔ بری رسم

جنک ہو جاتا ہے۔ پھر اَمانو سو بھاؤ کی ایک وِشیشتا یہ بھی ہے کہ وہ جس چھل اور چھدرتا اور کپٹ سے گھرا ہوا ہے اسی کی پنر اورتی (1) اس کے چت کو پرشن نہیں کر سکتی۔ وہ تھوڑی دیر کے لیے ایسے سنسار میں اڑ کر پہنچ جانا چاہتا ہے، جہاں اس کے چت کو ایسے کلشت بھاؤوں سے نجات ملے، وہ بھول جائے کہ چنتاؤوں کے بندھن میں پڑا ہوا ہے، جہاں اسے سجیو، سہردے، اُدار پرانیوں کے درشن ہوں۔ جہاں چھل اور کپٹ، وِرودھ اور ویمنسیہ کا ایسا پرادھانیہ نہ ہو۔ اس کے دل میں خیال ہوتا ہے کہ جب ہمیں قصے کہانیوں میں بھی انھی لوگوں سے سابقہ ہے جن کے ساتھ آٹھوں پہر ویوہار کرنا پڑتا ہے تو پھر ایسی پستکیں پڑھے ہی کیوں۔ اندھیری کوٹھری میں کام کرتے کرتے جب ہم تھک جاتے ہیں تو اچھا ہوتی ہے کہ کسی باغ میں نکل کر نِرمل سُوکش وایو کا آنند اٹھائیں۔ اس کمی کو Idealist پورا کرتا ہے۔ idealist ہمیں ایسے چرتروں سے پری چت کراتا ہے، جن کا کہ ہردے پوتر ہوتے ہیں، جو سُوارتھ اور واسنا (2) سے رہت ہوتے ہیں، جو سادھو پرکرتی (3) ہوتے ہیں۔ یدّپی ایسے چرتر ویوہار کشل نہیں ہوتے ان کی سرلتا انھیں ویوہارک وِشیوں میں دھوکا دیتی ہے، لیکن کائیاں پن سے اوبے ہوئے پرانیوں کو ایسے سرل، ایسے ویوہارک گیان وِہین چرتروں کے درشن سے ایک وِشیش آنند ہوتا ہے۔ Realism یدی ہماری آنکھیں کھول دیتا ہے تو Idealism ہمیں اٹھا کر کسی منورم استھان میں پہونچا دیتا ہے لیکن جہاں Idealism میں یہ گن ہے، وہاں اس بات کی بھی شنکا ہے کہ ہم ایسے چرتروں کو نہ چترت کر بیٹھیں جو سِدّھانتوں کی مورتی ماتر ہو۔ کسی دیوتا کی کامنا کرنا مشکل نہیں، لیکن اس دیوتا میں پران پرتشٹھا کرنا مشکل ہے۔

اس لیے ہم وہی اُپنیاس اُچ کوٹی کا سمجھتے ہیں جہاں Realism اور Idealism کا سمنوے (4) ہو گیا ہو۔ اسے Idealistic-Realism کہہ سکتے ہیں۔ Idea کو سجیو بنانے کے لیے Realism کا اُپیوگ ہونا چاہیے اور اچھے اُپنیاس کی یہی وِشیشتا ہے۔ اُپنیاس کار کی سب سے بڑی وِبھوتی ایسے چرتروں کی سرشٹی کرنا ہے جو اپنے سد ویوہار اور سد وچار سے پاٹھک کو موہت کرے۔ جس اُپنیاس کے چرتروں میں یہ گن ہے وہ دو کوڑی کے ہیں۔ چرتروں کو اُت کرشٹ اور آدرش بنانے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ وہ نردوش ہو، مہان سے مہان پرشوں میں بھی کچھ نہ کچھ کمزوریاں ہوتی ہیں۔ چرتر کو سجیو بنانے کے لیے اس کی کمزوریاں کا دگ درشن (5) کرانے سے کوئی ہانی (6) نہیں ہوتی۔ یہی کمزوریاں اس چرتر کو منشیہ بنا دیتی ہے نردوش چرتر تو دیوتا ہو جائے گا اور ہم اسے سمجھ ہی نہ سکیں گے۔ ایسے چرتر کا ہمارے اوپر کوئی پربھاؤ نہیں پڑ سکتا۔ ہم Idealist ہیں، ہمارے پراچین ساہتیہ

1۔ پنر اورتی۔ محاسبہ 2۔ واسنا۔ خواہش 3۔ پرکرتی۔ قدرت 4۔ سمنوے۔ اشتراک میل ملاپ 5۔ دگ درشن۔ رہنمائی 6۔ نقصان

پر Idealism کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ ہمارا پراچین ساہتیہ کیول منورنجن کے لیے نہ تھا، اس کا مُکھیہ اُدّیش منورنجن کے ساتھ آتم پرشکار بھی تھا۔ ساہتیہ کار کا کام کیول پاٹھکوں کا دل بہلانا نہیں ہے۔ یہ تو بھاٹوں اور مداریوں، وِدُشکوں اور مسخروں کا کام ہے۔ ساہتیہ کار کا پد اس سے کہیں اونچا ہے۔ وہ ہمارا پتھ پردرشک ہوتا ہے۔ وہ ہمارے مَنُشتو (1) کو جگاتا ہے۔ کم سے کم اس کا یہی اُدّیش ہونا چاہیے۔ اس منورتھ کو سِدھ کرنے کے لیے ضرورت ہے کہ اس کے چرتر Positive ہوں، جو پرلوبھنوں کے آگے سر نہ جھکائے بلکہ ان کو پراست کرے۔ جو واسناؤں کے پنجے میں نہ پھنسے بلکہ ان کا دمن کرے، جو کسی وِجی سیناپتی کی بھانتی شتروؤں کا سنہار کر کے وِجئی (2) ناد کرتے ہوئے نکلے۔ ایسے ہی چرتروں کا ہمارے اوپر سب سے ادھک پربھاؤ پڑتا ہے۔

اُپنیاس ساہتیہ پر تھوڑی سی وویچنا کرنے کے بعد اب ہم اپنے ہندی اُپنیاسوں پر درشٹ پات کرنا چاہتے ہیں۔ پاٹھک گن یہ تو جانتے ہیں کہ اُپنیاس ایک پچھمی پودا ہے جو بھارت ورش میں لگایا گیا ہے۔ ہمارے یہاں اُپنیاس کال سے پہلے ایسے قصے کہانیوں کا بہت پرچار تھا جن میں پریم اور بسرہ کے ورنن ہی پردھان ہوتے تھے۔ پریمی ایک نگاہ معشوقہ، عشقیہ ناز ہو جاتا تھا۔ معشوقہ اپنی سہیلیوں سے اپنی وپتی کہانی سناتی تھی، عاشق صاحب آہیں بھرتے تھے، سر دھنتے تھے، گھر پر خبر ہوتی تھی، یار سمجھانے کے لیے جمع ہو جاتے تھے۔ حکیم دوا کرنے جاتے تھے پر عشق کے بیمار پر کسی دوا یا سمجھانے بجھانے کا اثر نہ ہوتا تھا۔ دونوں مہینوں، برسوں جدائی کی تکلیف جھیلنے کے بعد کسی حکمت سے مل جاتے تھے۔

اکثر قصوں میں طلسم اور عیاری کے وِچتر درشیہ ہوتے تھے، جسے کوتوہل بڑھتا تھا۔ اردو میں، طلسم ہوشربا، بڑے بڑے پرشٹھوں کے ستائیس جلدوں میں ختم ہوتا تھا اور بوستان خیال سات جلدوں میں۔ اس وقت تک ہندی میں اُپنیاس کا میدان پڑا یہ خالی تھا۔ دو ایک انو اداشیہ نکل گئے تھے۔ پر کوئی اُپنیاس لیکھک نہ پیدا ہوا تھا۔ اردو میں تو اس کے پہلے 'فسانۂ آزاد' کے رچیتا پنڈت رتن ناتھ سرشار، مولوی عبدالحلیم شرر، مولانا محمد علی آدی کئی اچھے اُپنیاس کار ہو گئے تھے۔ بنگال میں بھی بنکم بابو کے اُپنیاس نکل چکے تھے۔ لیکن ہندی میں میدان خالی تھا۔ اس سے سورگیہ بابو دیو کی نند کھتری کے 'چندر کانتا' اور چندر کانتا سنتتی، کی رچنا ہوئی اور وہ ہندی میں انوکھی، اور ایک دم نئی چیز تھی۔ ہندی پاٹھک ٹوٹ پڑے اور 'چندر کانتا' کی خوب دھوم ہو گئی۔ یدّپی چندر کانتا سنتتی 'طلسم ہوشربا' کا انوکرن (3) ماتر ہے، لیکن ہندی میں عاشق معشوق کی جو کتھائیں چھپتی تھیں، جن میں نہ کوئی بھاؤ ہوتا تھا نہ کوئی پربھاؤ، ان پاٹھکوں کے لیے چندر کانتا ہی غنیمت تھی۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ جب انیہ بھاشاؤں میں ایسے ایسے اُپنیاس کار پیدا ہوئے جن کا جوڑ

1۔ مَنُشتو۔ انسانیت 2۔ فاتح 3۔ پیروی

اب تک پیدا نہیں ہوا تو ہندی میں کیوں یہ میدان خالی رہا۔

چندر کانتا کے بعد دیوکی نندن نے کئی ساجک اُپنیاس لکھے جن میں اُپنیاس کے اَنگ موجود تھے۔ عیاری کی ایسی ہوا بندھی کہ ان کے بعد بھی بہت دنوں تک عیاری کے قصّے نکلتے رہے۔ اس کے بعد جاسوسی اُپنیاس نکلنے شروع ہوئے جو اَدھیکانش European detective stories کے اَنُو اد ہوتے تھے۔ کچھ دنوں تک جاسوسی اُپنیاسوں کی خوب دھوم رہی اور سمجھو تھا کہ اس کے بعد مَولِک اُپنیاسوں کی باری آتی، لیکن اسی بیچ میں بنگلہ اُپنیاسوں کا رَیلا شروع ہوا اور وہ ابھی تک جاری ہے۔ بنگلہ میں اچھے برے جتنے اُپنیاس مل سکتے تھے ان کا بنا کچھ سوچے سمجھے اَنُو اد کرلیا جاتا ہے۔ کسی انیہ بھاشا کے رتنوں سے اپنا بھنڈار بھرنا آپتّی کی بات نہیں سمپنّتا بھاشاؤں میں انیہ بھاشاؤں کے انو واد ہوتے رہتے ہیں، لیکن وہ بھاشا ہی کیا جہاں سب کچھ اَنُو ادہی ہوا اور اپنا کچھ نہ ہو۔ اس پہلو سے دیکھیے تو چندر کانتا سنتتی، کا مہتو بہت کچھ بڑھ جاتا ہے۔ کم سے کم اپنی وستو تو ہے۔ ہمارا دھیہ (1) ہے کہ ہندی بھاشا کو راشٹر بھاشا بنائیں۔ کیا اَنُو ادوں سے راشٹر بھاشا کا پد پراپت کیا جا سکتا ہے؟ ایک مِتر سے اس وِشے پر وارتالاپ (2) ہونے لگا تو انھوں نے کہا، ہم یہ مانتے ہیں کہ اَنُو اد سے بھاشا مہتو نہیں بڑھتا لیکن جن لوگوں کے لیے اَنُو ادجیوکا کا پرشن ہے انھیں آپ کیا کہہ سکتے ہیں۔ اس کا آشے یہ ہوا کہ جو لوگ اور کسی اُپائے سے جیویکا کا اَرجن نہیں کرسکتے وہی اَنُو اد کیا کرتے ہیں، مگر اسی ترکیب سے تو کسی تیاجیہ وِشے کی رکشا کی جاسکتی ہے۔ چور کے لیے چوری بھی تو جیویکا ہی کا پرشن ہے پھر چور کو سزا کیوں دی جاتی ہے؟ پھر جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہندی جاننے والا آدمی ایک مہینہ میں بنگلہ کا اتنا گیان پراپت کرسکتا ہے کہ بنگلہ کی سادھارن پستکیں سمجھنے لگے تو بنگلہ سے اَنُو اد کرنے کے لیے اور بھی کوئی عذر نہیں رہ جاتا ہے۔ اگر اَنُو اد ہی کرنا ہے تو ان بھاشاؤں سے کیا جائے جو بنگلہ سے کہیں سمپنّ ہیں۔

ہم نے ابھی تک جن گنے گنائے French یا Russion پُستکوں کا ہندی میں اَنُو واد کیا ہے، انگریزی اَنُو وادوں سے کیا ہے۔ ہمارے یُوکوں، جن کا دھیاں ساہتیہ سیوا کرنے کا ہو، ان کو اُچت ہے کہ وے یورپین بھاشائیں سیکھیں اور ان کے رتنوں سے ہندی کا بھنڈار بھریں۔ وہ ہمیں کوئی ایسی چیز دے سکیں گے جنھیں پراپت کرنے کے ہمارے یہاں بہت کم سادھن ہیں۔

ساہتیہ کا سب سے اونچا آدرش وہ ہے کہ اس کی رچنا کیول کلا کی پورتی کے لیے کی جائے۔ Art for Arts`sake کے سِدّھانت پر کسی کو آپتّی نہیں ہوسکتی۔ وہ ساہتیہ چِرایو (3) ہوسکتا ہے جو منشیہ کی مولک پرورتیوں (4) پر اولمبت (5) ہو۔ ایرشیا اور پریم، کرودھ اور لوبھ، اَنُو راگ اور وِراگ، دکھ

1۔ دھیہ۔ صبر 2۔ وارتالاپ۔ بحث ومباحثہ 3۔ طویل العمر 4۔ مولک پرورتی۔ فطری صلاحیت 5۔ اولمبت۔ منحصر

اور لیکھا، یہ سبھی ہماری مولک پرورتیاں ہیں۔ انھیں کی چھٹا دکھانا ساہتیہ کا پرم اُدّیشیہ ہے بنا اُدّیشیہ کے تو کوئی رچنا ہو ہی نہیں سکتی۔ جب ساہتیہ کی رچنا کسی سماجک، راج نیتک اور دھارمک مت کے پرچار کے لیے کی جاتی ہے تو وہ اپنے اونچے پد سے گر جاتی ہے اس سے کوئی سندیہ نہیں، لیکن آج کل پرستھتیاں اتنی تیور گتی سے بدل رہی ہیں، اتنے نئے نئے وچار پیدا ہو رہے ہیں کہ شاید اب کوئی لیکھک ساہتیہ کے آدرش کو دھیان میں رکھ ہی نہیں سکتا۔ یہ بہت مشکل ہے کہ Author پر ان پرستھتیوں کا اثر نہ پڑے، وہ ان سے آندولت نہ ہوں، یہی کارن ہے کہ آج کل بھارت ہی میں نہیں یوروپ کے بہت بڑے بڑے وِدّوان بھی اپنی رچناؤں دوارا کسی نہ کسی واد (1) کا پرچار کر رہے ہیں، وے اس کی پرواہ نہیں کرتے کہ اس سے ہماری رچنا جیوت رہے گی یا نہیں۔ اپنے مت کی پشٹی کرنا ہی ان کا دھیہ ہے، اس کے سوائے انھیں کوئی اِچھا نہیں مگر یہ کیوں کر مان لیا جائے کہ جو اُپنیاس کسی وچار کے پرچار کے لیے لکھا جاتا ہے اس کا Interest چھنک ہوتا ہے۔ ہیوگو کا لامِذ ریبُل، ٹالسٹائی کے انیک گرنتھ، ڈکیس کی کتنی ہی رچنائیں وچار پردھان ہوتے ہوئے ساہتیہ کی اُچ کوٹی کی ہیں اور اب تک ان کا Intrest کم نہیں ہوا۔ آج بھی شا، ویلس آدی بڑے بڑے لیکھکوں کے گرنتھ پرچار ہی کے اُدّیشیہ سے لکھے جا رہے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ کشل کلاکار کوئی وچار پردھان رچنا بھی اتنی سندرتا سے کرتا ہے کہ ان سے منشیہ کی مُولِک پرورتیوں کا سنگھرش نبھاتا رہے۔ Art for Art sake کا سَے وہ ہوتا ہے جب دیش سمپن اور سکھی ہو۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہم بھانتی بھانتی کے راج نیتک اور سماجک بندھنوں میں جکڑے ہوئے ہیں، جدھر نگاہ اٹھتی ہے دکھ اور دردرتا کے بھیشن دِرشیہ (2) دکھائی دیتے ہیں، وِپتی کا کارن کرندن سنائی دیتا ہے تو کیسے سمبھو ہے کہ کسی وِچارشیل پرانی کا دل نہ دہل اٹھے۔ ہاں اپنیاس کار کو اس کا پریتن اوشیہ کرنا چاہیے کہ اس کے وچار پروکش (3) روپ سے وَیکت ہوں، اُپنیاس کی سو بھاو یکتا میں اس وِچار کے ساوِیش (4) سے کوئی وگھن نہ پڑنے پاوے، ورنہ اُپنیاس (5) نیرس ہو جائے گا۔

انت میں ہم اپنے سہردے نوین لیکھکوں سے انُورودھ کرتے ہیں کہ یدی آپ اُپنیاس لکھنا چاہتے ہیں تو پہلے تیاری کیجیے، بنا مانُو شاستر کا اُچت گیان پراپت کیے، کبھی نہ قلم اٹھائیے۔ یوں تو جنھیں رَچنا کی ایشور دت شکتی پراپت ہے، وہ آپ ہی آپ لکھ لیں گے۔ لیکن من میں ویر بھاؤ ہونے پر بھی تو شاستروں کا کچھ گیان ہونا پرماوشیک ہے۔ سب سے پردھان منورتی ہے۔ ایک بار کسی پرسدھ چترکار سے ایک شریف نے پوچھا کہ ایسے سندر رنگ آپ کہاں سے لاتے ہیں؟ چترکار نے مسکرا کر اُتّر دیا، جناب، اپنے دماغ سے۔

سالوچک: جنوری 1925ء

1۔ واد۔ پیغام 2۔ درشیہ۔ منظر 3۔ پروکش۔ واضح 4۔ پترس۔ بے مزہ 5۔ رکاوٹ

گلپا نک کا پرستاؤ

وِشیشانکوں (1) کے نکالنے میں کداچِت سَمست ہندی پتر یکاؤں میں چاند، ہی کو پرتھم استھان پراپت ہے۔ اپنے جنم سے لے کر اب تک، چاند کے نو وشیشا نک نکل چکے ہیں۔ اس ورش بھی اس نے چار وِشیشا نک نکالنے کا نشچے کر لیا ہے۔ اس کا ورش نومبر سے شروع ہوتا ہے اور گت ماس، چاند کا پرَ ویشا نک نکل چکا ہے اس کے بعد ہی یہ گلپا نک (2) پرکاشِت کرنے کا پرستاؤ اس کے سمپادک (3) اور ویۓ ستھا (4) پک کے ادمیہ اُتساہ کا دھیوتک ہے۔ ہندی میں پتر پتریکاؤں کی جو دشا ہے وہ سُو ہر دجنوں سے چھپی نہیں ہے۔ ان کٹھنائیوں سے ذرا بھی آشنکت نہ ہو کر برابر آگے قدم بڑھاتے جانا اجیہ آشاوادتا کے سوا اور کیا کہا جاسکتا ہے کسی کوی نے کہا ہے۔

زندگی زندہ دلی کا نام ہے
مردہ دل کیا خاک جیا کرتے ہیں

یہی اُتساہ شیلتا، یہی آشاوادتا جیون ہے اور جیون میں آکرشن کا ہونا سوَ بھاوک ہے۔ یہی کارن ہے کہ جو چاند آج سے چار پانچ ورش پہلے ایک ہزار چھپتا تھا، آج سَمست بھارت ورش کی ماسِک پتریکاؤں میں سَرؤ وِچ استھان پر آروڑھ (5) ہونے کا گرو کرسکتا ہے۔ چاند، آکرشن شکتی کا آگار بھی تو ہے۔

آج سے ایک مہینہ پہلے جب چاند کے سویوگیہ سمپادک نے مجھ سے گلپا نک پرکاشِت کرنے کا پرستاؤ کیا تو میں وِسمت رہ گیا۔ پرستاؤ بالکل نوتن اور سادھارن تھا۔ مجھے بھے ہوا کہ کہیں گلپا نک کا مذاق نہ اڑایا جائے۔ نئے وچار سناتن دھرما وَلمبیوں کی درشٹی میں ہاسیہ (6) پد ہوتے ہی ہیں۔ لوگ ناک نہ

1۔ وشیشانک۔ خصوصی شمارہ 2۔ گلپا نک۔ فکشن نمبر 3۔ سمپادک۔ مدیر 4۔ ویوستھا پک۔ منتظم 5۔ آروڑھ۔ قائم
6۔ ہاسیہ پد۔ توہین آمیز

سکوڑنے لگیں، یہ کیا خرافات ہے۔ بھلا کوئی تک بھی تو ہو گلپوں میں ایسی کون سی وشیشتا ہے کہ ان کو یہ مہتو دیا جائے کہ لگھو ساہتیہ میں گلپ کے مہتو پر جب وچار کیا تو مجھے اس پرستاؤ کا سہرش سواگت (1) کرنے اور اس انک کا سمپادن بھار لینے میں کوئی بادھا نہ دکھائی دی۔ گلپ ورتمان ساہتیہ میں ایک نئی چیز ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کا انیوار یہ انگ ہے۔ کوئی پتریکا گلپوں کے بنا رو چک نہیں ہو سکتی اور ہندی میں نہ سہی، انیہ سمنت بھاشاؤں میں تو ایسی کتنی ہی پتریکائیں ہیں جن میں گلپوں کے سوا اور کچھ ہوتا ہی نہیں۔

واستو میں گلپ میں سوا اور کسی پرکار کے لیکھکوں میں یہ گن نہیں ہے کہ وہ اَویکت (2) اَدرشیہ (3) اور الکھست روپ سے سماج میں نوین بھاؤں، سدھانتوں اور تتو کا پرچار کر سکے۔ ہمارے دیش میں پرادھینتا (4) کے کارن جیون سنگرام اتنا بھیشن ہے کہ ہماری ساری مانسک اور شاریرک شکتی اس میں سماپت ہو جاتی ہے، ششک (5) اور دُش گراہم (6) وشیوں کا اَدھین کرنے کی ہم میں چھمتا نہیں رہ جاتی ہے۔ ہم نئے وچار گرہن تو کرنا چاہتے ہیں پر اس طرح کہ ہمیں پریشرم یا اَدھین نہ کرنا پڑے۔ یہ وبھوتی (7) گلپ ہی میں ہیں کہ وہ منورنجن کرتے ہوئے ہمیں وگیان، ارتھ شاستر راجنیتی، اتہاس، بھوگول، گیوت، شلپ، سواستھ، وانجیہ آدی کی شکشا دے سکتی ہے، یہاں تک کہ آج اوشدھیوں کی بکری کا بھی کام اس سے لیا جاتا ہے۔ اسے آپ اوشدھالے کی امرت دھارا سمجھیے، زکام سے لے کر تپ دق تک میں سمان روپ سے اپنا چمتکار دکھاتی ہے۔ آج کل سینما کا پرچار دنوں دن ڈاک گاڑی کی چال کی طرح بڑھ رہا ہے۔ اس نے ساہتیہ کے ایک پردھان انگ ناٹک کا گلا گھونٹ دیا۔ ابھی سینما میں سُور کی کمی ہے۔ سنسار کے وِدوان اس سمسیا کو حل کرنے میں دتچت ہیں۔ اور آشا ہے کہ بہت تھوڑے کال میں سینما کے چتر باتیں بھی کریں گے، گیت بھی گائیں گے۔ اس دن ڈرامہ کا پرانانت (8) ہی سمجھیے۔

کویتا کیول بھاؤ سے سمبندھ رکھنے والی وستو ہے وہ ہمارے اُت کرِشٹ کومل بھاؤ ہی کو کمپت کر سکتی ہے۔ کنتو کویتا دیوی کو کل کارخانوں، گھنی بستیوں، اونچی نیچی اٹالیکاؤں اور وانجیہ تتھا ویاپار کی کنچن بھری کوٹھیوں سے گھرنا ہے۔ اسے تو ہرے بھرے جل تٹ، مدھر سے گانے والی ندیوں، نرجن پوتر استھانوں ہی سے کچھ وشیش پریم ہے۔ ورتمان پرستھتی اس کے لیے انوکول نہیں۔ اسے سنگرام، سنگھرش اور دوند سے چڑ ہے۔ اب اور ساہتیہ میں کیا رہ گیا؟ نبندھ۔ ہاں! نس سندیہہ، لیکن، یہ شکشا کو منن کرنے کی وستو ہے، منورنجن کی نہیں۔

1۔ سہرش۔ خوشی کے ساتھ 2۔ اویکت۔ بیان سے باہر 3۔ ادرشیہ۔ چھپا ہوا منظر 4۔ پرادھینتا۔ غلامی
5۔ ششک۔ سوکھا 6۔ دُش گر 7۔ وبھوتی۔ صلاحیت 8۔ پرانانت۔ روح کا خاتمہ

اب اُپنیاس ہی باقی بچ رہتا ہے۔لیکن جس سینما نے ناٹک کی ہتیا کرڈالی وہی اُپنیاس کا بھی خون کررہا ہے۔روپیہ، آٹھ آنے خرچ کر کے کیول دو تین گھنٹے میں جب ہم وکٹر ہیوگو، ٹالسٹائے، کرے تھا ہارڈی جیسے دُھورندر وِدوانوں کی سرودت(1) کرشٹ رچناؤں کا سوچت آنند اٹھا سکتے ہیں تو پستک لے کر اپنی کوٹھری میں کئی کئی دنوں تک پڑھنے کا کشٹ کیوں اٹھانے لگیں؟ مانا کہ سینما میں بھاشا کے سارسیہ، اُکتیوں کی سندرتا، وِچاروں کی نویتنا اور مولکتا، واکیوں کے منوہر وِنیاس، شبدوں کی منوہارنی سجاوٹ، میٹھی میٹھی چٹکیوں، ہردے میں چبھ جانے والے وِینگیوں کا رساسوادن(2) نہیں کر سکتے۔لیکن ادھیکانش پرانی منورنجن چاہتے ہیں اور سینما والے رچنا کے مرم اسپرش(3) ستھلوں کو چترت کرنے میں نہیں چوکتے۔ سرس(4) ساہتیہ کا سواد، سرسری طور پر پڑھنے سے نہیں ملتا۔ ہمارے سلیکھک ورند بھاؤوں کو شبدوں میں ایسا چھپاتے ہیں کہ جب تک ایک واکیہ کو بار بار نہ پڑھیے اس کا پورا آنند نہیں ملتا۔ اور یہاں اتنا اوکاش نہیں۔دس گھنٹے دفتر یا کچہری میں سر مارنے کے بعد اب مستشک میں اتنی طاقت کہاں کہ ساہتیہ سے سر مارے۔

ایسی پرستھتی میں گلپ ہی ایک ایسی وستو ہے جو اُپیوگتا' منورنجکتا اور کم سے کم سمے میں سنیما سے ٹکر لے سکتا ہے۔اپنیاس پڑھنے کو کئی دن چاہیے اور وہ بھی اکانت۔ یہاں دو میں ایک بھی پراپت نہیں۔سنیما دیکھنے کے لیے بھی تیاری کی ضرورت ہے شام ہی کو بھوجن آدی سے چھٹی کرلو' تین گھنٹوں کے لیے گھر سے غائب رہو، وہاں سے نو بجے جاڑے پالے، بادل بوندی میں گھر لوٹو، سنیما ہال میں بھی تین گھنٹے بھیڑ بھاڑ میں آسن جمائے تپسیا کرتے رہو۔کیا اس میں کچھ کم کشٹ ہے؟ کہیں ہماری انوپستھتی میں کوئی آنکھوں کا اندھا اور گانٹھ کا پورا موکل آ پڑا تو شکار ہاتھ سے نکل جانے میں سمھاؤنا ہی نہیں ہے۔گلپ ان سب جھنجھٹوں، بکھیڑوں سے پاک ہے۔دفتر کچہری، ودیالیہ، دکان، واہوسیون، سیر، سفر، کہیں جاتے ہو، چاند، کا گلپا تنگ اٹھا لیجیے اور چل دیجیے۔ ریل میں تو گلپ آپ کے لیے انیوار یہ ہے اس کے بنا آپ کا سمے کسی طرح کٹ ہی نہیں سکتا۔ اگر آپ کو لمبا سفر کرنا ہے، بمبئی سے دلی یا کلکتہ جانا ہے، اور وہ بھی کم سے کم سکنڈ کلاس میں، تب تو آپ کا یا کلپ، پِچندر کانتا، گرہ داہ، بلیدان کوئی بھی اپنیاس لے کر پڑھ سکتے ہیں۔

لیکن اگر سفر چھوٹا ہے، بنارس سے لکھنؤ یا پریاگ جانا ہے اور وہ بھی انٹر یا تیسرے درجہ میں، تب آپ کے لیے گلپا تنک کے سوا اور کوئی اُپائے نہیں۔اس وِپتی میں اسی کے ہاتھوں آپ کا نستار(5) ہوگا، اس موقع پر آپ کا یہی دبلا، پتلا، چھوٹا، موٹا متر ہی کام آئے گا۔توپ اور مشین گن بڑی لڑائی کے لیے ہیں

1۔ سرودت کرشٹ 2۔رساسوادن۔مزے دار 3۔اسپرش۔ظاہر 4۔سرس۔بامزہ 5۔نستار۔چھٹکارا

اور دور بھاگیہ وش بڑی لڑائیاں سو دو سو ورش میں کہیں ایک بار ہوتی ہیں۔ پستول اور طمنچہ کی ضرورت تو آپ کو آٹھوں پہر رہتی ہے۔ کم سے کم ہاتھ میں ایک مضبوط چھڑی تو ہونی ہی چاہیے۔ اور نہ سہی، کوئی کتے صاحب ہی آپ سے خواہ مخواہ الجھ پڑے تو؟ گلپ آپ کی چھڑی ہے، جسے آپ سفر میں کسی طرح نہیں چھوڑ سکتے۔

دکان پر بیٹھے گراہکوں کی باٹ دیکھتے دیکھتے جب آپ کی آنکھیں دکھنے لگے۔ چٹ گلپا تنگ اٹھا لیجیے، پھر چاہے گراہک آئے یا نہ آئیں، آپ کی بلا سے، آپ کو گراہکوں کی پرواہ نہ رہے گی۔ آپ سَندِھیہ سَمے بنا ایک پیسے کا مال بیچے پَرسَن چت گھر لوٹ سکتے ہیں۔ کسی افسر کے اجلاس میں پیروی کر کے لوٹنے کے بعد، دوسرے اجلاس میں جانے کے پہلے، یدی بیس منٹ کا بھی اَوسَر مل گیا تو گلپا تنگ آپ کے ساتھ ہے۔ یہ سَمے بڑے مزے سے کٹ جائے گا۔ آپ کو اَردلی (1) کی آواز کی اُور کان نہ لگائے رہنا پڑے گا۔ اَردلی کی آواز خود بخود آپ کی کان میں پہنچے گی۔ اور اتنی جلد پہنچے گی کہ آپ کو آشچر یہ ہوگا۔ یدی آپ نے گلپ سَماپت کر لیا ہے تو چاند، کو میز پر رکھ دیجیے اور تیزی سے لپکے ہوئے جایئے۔ اتنی تیزی سے نہیں کہ جلدی کے بدلہ وِلَمب ہو اور چوٹ کھانے میں ملے۔ یدی ابھی گلپ سَماپت نہیں ہوا تو پَتر یکا کو ہاتھ میں لیے دیکھتے جایئے۔ اجلاس تک جاتے جاتے اس کے بچے ہوئے دو ایک پرشٹھ سَماپت ہو جائیں گے۔ اَدھیاپک مہودَیہ کو ہم گلپ پڑھنے کی صلاح نہیں دیں گے۔ ان کے پاس نہ سَمے کی کمی ہے، نہ اَوکاش کی۔ وہ چاہے تو طلسمِ ہوش رُبا کی اٹھائیس جلدیں، بوستانِ خیال کے سات بھاگ، چندر کانتا سنتتی کے چوبیس حصے یا الف لیلہ کی ہزاروں راتیں آنندپُورک سَماپت کر سکتے ہیں۔

لیکن وِدیارتھیوں کے گلپا دھَین کے ہم کٹر پکشپاتی (2) ہیں۔ اُپنیاس تو یہ بیچارے پڑھ ہی نہیں سکتے، اتنا اَوکاش کہاں، پوٹ کی پوٹ پُستکیں پڑھنی ہیں۔ اور پَریکشا کا بھوت سر پر سوار ہے۔ ہاں پَریکشا میں اُتیر ن (3) ہو جانے کے بعد وے چاہے تو اُپنیاس پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ تب برسوں سوائے اُپنیاس پڑھنے کے اور کوئی کام نہ رہے گا، ہاں جیون کی مُولک آوَشیکتاؤں (4) سے نشچنت رہنے کی شرط ہے لیکن اَدھین کال میں تو گلپ ان کا اُدّار (5) کر سکتا ہے جہاں اِتہاس سے جی اوبے چٹ گلپا تنگ اٹھایئے اور پندرہ بیس منٹ میں آپ کا دماغ تازہ ہو جائے گا، سر کا چکر بھاگ کھڑا ہوگا اور آپ نئی سپھورتی سے بھاشا وگیان پر دھاوا کریں گے۔ جس وِدیارتھی کے پاس امرتِ دھارا ہے اسے پھر کسی

1۔ اردلی۔ چپراسی 2۔ پکشپاتی۔ متعصب 3۔ اتیرن۔ کامیاب 4۔ مولک آوشیکتا۔ فطری ضرورتیں 5۔ ادار۔ نجات

دوسری منورنجن اوشدھی(1) کی ضرورت ہی نہیں۔ ایک بوند جل یا شکر میں ملا کر اتار لیجیے طبیعت ہری ہو جائے گی، ساری وِپتی بادھا پلاین(2) کر جائے گی۔ اَجی ہم تو کہتے ہیں پکچر ہال میں بھی بڑی آپ کو نیند آنے لگے تو چپکے سے گلپا نکال لیجیے اور بے دھڑک ڈیسک پر رکھ لیجیے آپ کی نِدرا کافور ہو جائے گی۔ گرفتار ہونے کی ذرا بھی کھٹکا نہیں، اَدھیا پک مہودیہ کی ساری چنتا اور اُپ چنتا، شکتی تو ودھیّا میں سَنلگن ہو رہی ہے۔

مہیلاؤں کا تو گلپ کے بنا جیون ہی دُستر سمجھیے۔ اُن کے لیے نہ سنیما ہے، نہ اُپنیاس، نہ چہل قدمی۔ ان سُورگیہ پدارتھوں سے وِدھی بام نے انھیں کسی پوروکو سنسکار کے پرائشچت روپ سے وَنچت کر دیا ہے۔ سَندھیا سمے سنیما دیکھنے جائے تو بتائیے بھوجن کون بنائے؟ اگر کوئی مسرانی لگی ہوئی ہے تو بھوجن کی چنتا نہیں، لیکن ننھے ننھے بالکوں کی ہتھیلی، چنچل، کلہ پر یہ سینا تو ساتھ نہیں چھوڑے گی۔ ایک درجن نہ سہی مگر آدھے درجن بچوں کو ساتھ لے جانا کیا منھ کا کور ہے یا خالہ جی کا گھر؟ اگر پُرشوں کو ایک دن یہ مصیبت پڑ جائے تو چھٹی کا دودھ یاد آ جائے۔ اور تو کیا کہیے، پچاس، سینکڑوں پُرش تو اسی دن وَیراگیہ دھارن کر لیں۔ اگر سَنسار لولپتا بہت بڑھی ہوئی ہے تو کداچت اتنی جلد وہ وَیراگیہ(3) نہیں لیں گے۔ لیکن سَنتان(4) نگرہ کی پُستکوں کے لیے تو 'چانڈ' کار یالیہ کو تُرنت ہی کار ڈال دیا جائے گا۔ خیر جناب، خدا نہ کرے کہ پُرشوں کے سر یہ بلا آوے نہیں تو سَرِشٹی کا اَنت ہی سمجھیے۔ اللہ میاں کو اپنے کریڑا کوشل کے لیے دوسرے ہی پرکار کی دنیا رچنی پڑے گی۔ اوروں کی بات تو نہیں چلاتے، ہم تو اسی دن زہر کھا کر سو رہیں گے۔ اب بتائیے یہ آدھے درجن بچھڑے کیسے باندھے جائیں؟ سب کے سب تو گود میں نہیں آ سکتے۔ وِوَش(5) ہو کر ایک بگھی کرنی پڑی۔ چلیے، دو روپے کی چپت پڑ گئی۔ راستہ میں بچوں کی بھوک کا کیا ٹھکانہ؟ حلوائی کی دوکان دیکھی یا خوانچہ والے کی آواز سنی اور بھوک لگی۔ پانچ بجے کے چلے چلے کہیں سات بجے سنیما بھون کے پاس پہنچے۔ مگر اس کی شائد ہی کبھی نوبت آتی ہے۔ اَدھک تر تو یہی سنا ہے اور دو ایک بار دیکھنے میں بھی آیا ہے کہ مہلاؤں کا اَدمیہ دھیر(6) یہ بھی ہاتھ سے جاتا رہتا ہے اور انھیں آدھے راستہ سے گھر لوٹنا پڑتا ہے اگر کسی طرح روتے دھوتے سنیما پہنچ بھی گئی اور ہال میں پہنچ گئی تو یہ نہ سمجھیے کہ مصیبت کا خاتمہ ہو گیا۔ اصلی وِپتی تو اب شروع ہوتی ہے۔ کوئی کرسی الٹتا ہے، کوئی کسی کی چٹکی کاٹتا ہے، کوئی رو رو کر دنیا سر پر اٹھاتا ہے، ماتا بیچاری کس کس کو سمجھائے چھوٹے تو دھمکانے سے مان جاتے ہیں،

1۔ منورنجہ نوشدھی۔ تفریحی سامان 2۔ پلاین۔ رحلت 3۔ ویراگیہ۔ بن باس، جنگلی زندگی 4۔ سنتان۔ نگرہ۔ ضبط تولید
5۔ وِوش۔ مجبور 6۔ ادمیہ دھیریہ۔ آدمی کی صلاحیت

بڑے جن سے آشا تھی کہ شانتی سے بیٹھیں گے، انھیں بھی وہاں آ کر نٹ کھٹی سوجھتی ہے۔ ان کے 'پُر شور' ل کا اُتر دینا سُمم ایک بلا ہے۔ جناب، وہ چلّ پو مچاتا ہے کہ سارا ہال گھبرا اٹھتا ہے۔ لوگ دانت پیس پیس کر اور مٹھیاں باندھ باندھ کر رہ جاتے ہیں۔ کمپنی کا زمانہ ہے۔ کہیں نوابی ہوتی خون ہی کر ڈالتے۔ ادھر بچے ہیں کہ اپنی شرارت سے باز نہیں آتے۔ اُبھاگنی ماتا کو تماشے کا لیش ماتر بھی آنند نہیں ملتا۔ سارا دھیان اور منو یوگ (1) بچوں کے شاشن کی بھینٹ ہو جاتا ہے۔ اور جب وہ یہاں سے گھر پہنچتی ہے تو مانو اسے نروان پراپت ہو جاتا ہے۔ کان پکڑتی ہے کہ اب کبھی سنیما کا نام نہ لے گی۔ دس روپے ڈنڈ پڑ گئے، مانو جرمانہ دے آئے۔ یہ تو سینما کا حال ہوا، کہیں تھیٹر ہوا تب تو مرن ہی سمجھو۔ لڑکوں کا کولاہل آنکھیں نہیں بند کر سکتا پر کان تو پھاڑ سکتا ہے ادھر اسٹیج سے سارے گاما کی دھونی اٹھی ادھر منو نے پنچم سُور میں الاپنا شروع کر دیا۔ پھر بتائیے درشک لوگ کیوں نہ دانت پیسیں اور کیوں نہ اپنا ماتھا پیٹیں، چھاتی کوٹیں۔

بھارت ورش میں روپے دو روپے سرکاری کرمچاریوں کے لیے وشیشتہ پولیس اور رجسٹری وبھاگ والوں کے لیے تو کوئی بڑی بات نہیں، لیکن ہمہ شما کے لیے تو جناب ایک روپیہ ایک لاکھ کے برابر ہے۔ دن بھر بیٹھے بیٹھے کمر ٹوٹ گئی، آنکھیں پھوٹ گئیں، بھیجا پھٹ گیا، پسینہ کی ندی بہہ گئی، تب جا کر مدرا دیوی (2) کے درشن پراپت ہوئے، تب کیسے سمجھو ہے کہ اسی مہا کشٹ پراپت مدرا سے خریدے ہوئے آنند میں بادھا پڑتے دیکھ کر ہم مون رہ (3) جاتے؟ دوسروں کی بات ہم نہیں چلاتے۔ سمبھو ہے ایسے لوگ بھی ہوں جو خون کا گھونٹ پی کر رہ جائیں۔ لیکن میرے لیے تو یہ اسہیہ (4) ہے۔ یہاں تو اپنے ہی بچوں کے شور غل سے جامے سے باہر ہو جاتا ہوں، جب تک گھر پر رہتا ہوں سارا سمے چپت بازی میں ہی ویتیت کرتا ہوں۔ یہاں تک اس کام میں ابھیست ہو گیا ہوں کہ یدی کبھی دیوی جی اپنی سینا لے کر گنگا سنان کو چلی جاتی ہیں تو بار بار ہاتھوں میں کھجلی ہوتی ہے اور کوئی نہیں ملتا تو بوڑھے نوکر ہی پر دو چار ہاتھ صاف کر لیتا ہوں۔

سنیما اور تھیٹر کا تو یہ حال ہوا، اُپنیاس کوئی مہیلا کیسے پڑھ سکتی ہے؟ یہ تو اس کے لیے پھل، آکاش کسم ہے۔ پراتہ سے لے کر آدھی رات تک تو دم مارنے کا اوکاش نہیں ملتا، اگر سویرے بچوں کو ناشتہ نہ ملے تو وہ جیتا ہی نوچ ڈالے، اس نے بھی کسی طرح پران بچ جائے تو سوامی جی چائے میں ایک منٹ کی دیر ہونے پر میگھ دوت گرج اٹھتے ہیں۔ ان کی یہ گگن بھیدی دھونی سن کر استری کے تو پران ہی نکل جاتے ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ گھر کی دیواریں ہل رہی ہیں دھرتی کانپ رہی ہے۔ اور کیوں نہ گرجے، انھیں اس کا سولہوں آنے ادھیکار ہے۔ استری اور ہے ہی کس مرض کی دوا۔ خیر، ناشتہ سے تو ابھی فرصت ملنے نہیں پائی

1۔ منو یوگ۔ یکسوئی 2۔ مدرا۔ شراب 3۔ مون۔ خاموشی 4۔ اسہیہ۔ ناقابل برداشت

تھی کہ بھوجن کی باری آ پہنچی کسی طرح یہ بلا بھی ٹلی، سوامی اپنے کام پر گئے اور لڑکے اسکول سدھارے تو چھوٹے بچوں کے مقدمے پیش ہونے لگے، مگر نیایادھیش (1) کو ابھی یکمشت کو دنڈ دے کر جو فرصت مل جاتی ہے، اس کا یہاں نام بھی نہیں۔ دنڈ دیا تو کان کے پردے پھڑوانے کے لیے بھی تیار رہنا پڑتا ہے۔ دو چار مقدمے پیش ہوتے ہوتے پھر تین بجے اور لڑکے اسکول سے آ پہنچے۔ ادھیکانش تو ایسا ہوتا ہے کہ ایک یا دو بجنے کے پہلے ہی آ پہنچتے ہیں اور ایسا تو شائد ہی کبھی ہوتا ہے کہ گھر آنے پر تین نہ بجتے ہوں۔ نا جانے اسکول والے گھڑی تیز کر دیتے ہیں، یا لڑکے چھٹی ہونے کے پہلے ہی بھاگ کھڑے ہوتے ہیں۔ آئے دن ایک نہ ایک تیوہار، ویرتھ کی چھٹی، آج کیا ہے؟ ویاس پوجا کی چھٹی ہے۔ آج کیا ہے؟ مونی اماوشیہ کی چھٹی ہے۔ آج کیا ہے؟ نرجلا ایکادشی ہے۔ ان تیوہاروں میں اور تو کچھ نہیں ہوتا، ہاں گرہنی کا اُتر داتو(2) بھینکر ماترا میں بڑھ جاتا ہے اور دن تو سر میں پیڑا ہی ہو کر رہ جاتا ہے، چھٹیوں میں تو موت کا سامنا ہوتا ہے۔ دن تو خیر کسی بھانتی کٹ گیا، پر رات کو کالی بلا ہی سمجھوں، کبھی کسی بچے کو دست آ رہے ہیں، کبھی کوئی جور میں پڑا ہے، کبھی دانت نکل رہے ہیں، کبھی ٹھنڈ لگ گئی ہے سشرشوشا(3) کے کشٹ ماتا کے سوا اور کون جھیل سکتا ہے؟ راتیں بیٹھے بیٹھے کٹ جاتی ہیں۔ پتی مہاشیہ پاس ہی پلنگ پر پڑے، ناک کی شہنائی بجا رہے ہیں۔ ایسی ڈراونی آواز نکل رہی ہے مانو کوئی کتا غرا رہا ہو۔ بیچاری ابلا سن مارے بھے کے سوکھی جا رہی ہے پر پتی کو جگانے کی ہمت نہیں پڑتی۔ سمجھو ہے پتی دیوتا کی ندرا بھنگ ہو جاتی ہے پر آنکھیں نہیں کھولتے۔ اٹھنا تو دور رہا، شاید اپنے دل میں سوچتے ہیں، میں اپنا کام پورا کر چکا ہوں، میں کیوں اپنے آرام میں خلل ڈالوں، تمھارے سر پر جو پڑے وہ تم آپ بھگتو، اسی بھے، چنتا اور غلامی میں بہودھا ابلاؤں کا جیون ویتت ہو جاتا ہے۔ اُچ ساہتیہ ایسے ویدگرست (4) پرانیوں کا ساتھ نہیں دیتا، وہ چنتا سے مُکت (5) دینے والی وستو نہیں، چنتا کو نمترن (6) دینے والی وستو ہے وہ کہتا ہے گھر کے سارے کام کاج چھوڑ کر میری اُپاسنا (7) کرو، اس شور غل، چیخ و پکار، مار دھاڑ، ہائے ہائے توبہ میں نہیں آتا، ادھر آنے کا مجھے ساہس ہی نہیں ہوتا، بھوجن بنتا ہے، کوئی چنتا نہیں۔ لڑکا روتا ہے، رونے دو، سوامی کے آنے کا سمے ہو، آنے دو۔ کچھ پرواہ نہیں، گھر کے کام دھندے کو تلانجلی (8) دے دو اور میری ہو جاؤ۔ ات ایویم مہلائیں اُپنیاسوں سے من لگاتے بھے بھیت ہوتی ہیں۔ ان کے دکھ درد کا ساتھی تو بے چارہ گلپ ہی ہے۔ چائے کا پانی چولھے پر چڑھا ہوا ہے ان دس منٹوں کے سد اپیوگ (9) کا سب

1۔ نیایادھیش۔ جج 2۔ اُتر داتو۔ فریضہ 3۔ بچوں کی پرورش 4۔ ویدگرست۔ قابل اعتراض 5۔ مکت۔ رہا
6۔ نمترن۔ دعوت 7۔ اُپاسنا۔ بندگی 8۔ تلانجلی۔ تیاگ 9۔ سد اپیوگ۔ صحیح استعمال

سے اُتّم اُپائے یہی ہے کہ گلپا ٹنگ کھول کر بیٹھ جائیں جب تک پانی گرم ہوگا، آپ کسی مانس پردیس کی سیر کر کے لوٹ آئیں گی۔ بچے کو تھپکیاں دے کر سلاتے سلاتے بھی اس گلپوں کو دھیان میں ایک بار بھر من کر سکتی ہیں یہاں سَمے نشٹ ہونے کا بھے نہیں۔ یہ سادھو کا آشیرواد ہے جو آپ راہ چلتے پراپت کر سکتی ہیں۔ یہ آپ کے لیے سَمے کا Bye-Product (فالتو پیداوار) ہے۔

یہاں ہم اس شریلی کے بجنوں کو بالکل بھول گئے جن کا سَمے کسی طرح کاٹے نہیں کٹتا، مانو کسی رانڈ کا چرخہ ہو۔ اس شریلی کے تین بھید ہیں، ویدھ، حکیم اور ڈاکٹر۔ یہاں ڈاکٹر کا آشے وہ ڈاکٹر نہیں جو ڈاکٹر رویندر ناتھ یا ڈاکٹر سپرو کا ہے۔ ستیہ مانیئے، یہ تین ایک کانٹا بھی نہیں نکال سکتے، یہاں ڈاکٹر کا آشے وہ منشیہ ہے جو جیون کی رکشا کے لیے وِش(1) کھلاتا ہے، جس کی اُتروتّر وِردھی کے ساتھ پران ناشک کیٹوں کی بھی وِردھی ہو رہی ہے، جس نے مانو جیون کو کیٹوں کا کریڑا استھل(2) بنا دیا ہے۔ اس میں سندیہہ نہیں کہ کلی یگ وَاستو میں کلیگ ہے، موت کا بازار گرم ہے لیکن پھر بھی ادھیکانش ڈاکٹر مکھی مارتے ہی دیکھے جاتے ہیں۔ بیچارے سارے دن اپنے کمرے میں بیٹھے پرتیکش یا اپرتیکش روپ سے پتھر لُوھکایا کرتے ہیں کہ کسی بھانتی کوئی شکار پھنسے۔ خدا بھیج، مولیٰ بھیج کی رٹ لگایا کرتے ہیں، کوئی سر درد کا روگی بھی آ پھنسا تو سمجھ لو اس غریب کی جان کی کشل نہیں، کوئی بھینکر روگ لے کر جائے گا۔ ترنت اس کے پھیپھڑوں کی پریکشا ہونے لگی اور ایک چھن میں ڈاکٹر صاحب نے بڑے وِدّتا پورن(3) بھاؤ سے یہ تتو نکال کر رکھ دیا کہ جناب آپ کو galloping pthisis ہو رہا ہے۔ اتنا سنتے ہی بے چارے روگی کے پران پکھیرو اُڑ جاتے ہیں، پھر اس شنکا(4) کو وہ ہردے سے نہیں نکال سکتا، سوتے جاگتے یہی شنکا اس کے سر پر سوار رہتی ہے، یہاں تک کہ انت کو galloping pthisis کے لچھن درشٹی(5) گوچر ہونے لگتے ہیں اور ڈاکٹر صاحب کی بھوشیہ وانی پوری ہو جاتی ہے۔ اب روگی آپ کی شرن آ گیا، آپ کے چرنوں پر اپنے آپ کو سَمرپن کر دیا۔ اب بڑھ بڑھ کر ہاتھ ماریے، آپ کی بہار ہے۔ اوشدھیوں کے بل نہ چکا سکے تو اس کا گھر بار قرق کرا لیجیے، مگر جانے نہ دیجیے، کیونکہ ایسے شبھ اوسر روز نہیں ملتے، جیسا آپ کو سیم انُو بھو ہے۔ ان مہانُو بھاؤں سے ہمارا نویدن ہے کہ اس آشا سے پرتیکشا کے سَمے کا آپ بھلی بھانتی سدپیوگ کر سکتے ہیں۔ کیا اُپنیاس پڑھ کر؟ کداپی نہیں۔ اس کا آنند اٹھانے کے لیے جس ایکا گرتا(6) کی ضرورت ہے وہ آپ کو کہاں نصیب؟ آپ کی آنکھیں تو سڑک پر آنے جانے والوں کی اُور لگی ہوئی

1۔ وِش۔ زہر 2۔ کریڑا استھل۔ میدان جنگ 3۔ وِدتا پورن۔ عالمانہ 4۔ شنکا۔ خوف، شبہ 5۔ درشٹی گوچر۔ پیش نظر
6۔ ایکا گرتا۔ یکسوئی

ہے؟ اس مانسک دیگرتا کی دشا میں گلپ ہی وہ منتر ہے جو آپ کو شانتی پردان کر سکتا ہے۔ اٹھا لیجیے گلپا تک اس میں آپ کا دہرا فائدہ ہے۔ ابھی چھنک آپ کو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھتا دیکھتا ہے تو سمجھتا ہے آپ غرض مند ہیں، آپ کو پڑھتے دیکھے گا تو سمجھے گا آپ بڑے اُدھین شیل ہیں، متیہ شاستر سمبندھی پستکیں پڑھا کرتے ہیں۔ اس سے آپ کی کیرتی بڑھے گی اور کہیں کسی راجا رئیس کی نگاہ پڑ گئی تو آپ کا بیڑا پار ہے۔ آپ اس کے پرِیوارک چکتسا(1) نیکت ہو جائیں گے، پانچوں انگلی گھی میں ہوں گی۔ یہ بھی یاد رکھیے کہ یدی آپ کی سمرتی میں منورنجک گلپوں کا کافی خزانہ ہو تو آپ اپنے روگیوں کا اس سے کہیں ادھک اُپکار کر سکتے ہیں جتنا اپنی کڑوی، زہریلی دوائیں پلا کر۔ ہاں، یہ دھیان رہے کہ کہانیاں ذرا ہاسیہ پُورن(2) ہوں۔

اس جیون سنگرام میں ساہتیہ پر جو سب سے برا اثر پڑا ہے وہ یہ ہے کہ وہ مرثیہ بنا جاتا ہے۔ کوئی پتر پتریکا یا پُستک اٹھا لیجیے، آدی سے انت تک رلانے والی باتوں سے بھرا پایئے گا۔ یہاں تک کہ ہماری لیکھن شیلی بھی اتنی گمبھیر ہو گئی ہے کہ اسے شوک شیلی کہہ سکتے ہیں۔ یہ ہم نہ مانیں گے کہ ورتمان پرستھتیوں نے ہمیں شوک وادی بنا دیا ہے۔ آخر ہم آپس میں بیٹھ کر ہنستے بولتے تو ہیں ہی۔ ہنسنا بھول تو نہیں گئے۔ ہاں اگر کچھ دن یہی حال رہا تو سمجھو ہے کہ اَنپیوگ کے کارن یہ شکتی ہم سے چھین لی جائے، وکاس نہ پانے کے کارن اس کا لوپ(3) ہو جائے۔ رونے کا ٹھیکا ساہتیہ سیوا ہی کیوں لے، مزہ یہ ہے کہ ہمارے نَوْیُوک لیکھک جب قلم ہاتھ میں لیتے ہیں تو تُرنت پچپن سالا گمبھیر دھارن کر لیتے ہیں۔ کداچت وہ سمجھتے ہیں کہ ونود(4) ہماری شان کے خلاف ہے، چھچھوراپن ہے۔ اگر وہ ایسا سمجھتے ہیں تو یہ ان کی بڑی بھاری مہاتما گاندھی کے شبدوں میں ہمالین بھول ہے۔ ہاسیہ ساہتیہ رسوں میں اگر پردھان نہیں تو ایک پردھان رس اَوشیہ ہے۔ ہم تو یہی کہیں گے کہ یہ پردھان رس، بلکہ اس سے بھی چار انگل اونچا ہے۔ نہ جانے سرنگار(5) کو کیوں پردھان رس مانا جاتا ہے۔ جس رس کا آرمبھ سترہ ورش سے پہلے نہیں ہوتا اور کداچت چالیس ورش کے پہلے ہی سماپت ہو جاتا ہے، اسے پردھان کیوں مانا جائے؟ ہاسیہ کیوں نہ پردھان رس مانا جائے، جس کا وکاس شیشو کے چھٹوے ماس سے ہی ہونے لگتا ہے اور جیون پرینت رہتا ہے، یہاں تک مرن شیا پر پڑا ہوا روگی بھی مرتیو سے دو چار منٹ پہلے تک ہنستا دیکھا گیا ہے آپ کہیں گے صاحب، وپتی میں ہنسی نہیں آتی۔ آتے تو کائے کوئے کر رہی ہیں، آپ کہتے ہیں ہنسیے بھلا اس وِشا میں کہیں ہنسی آتی ہے؟ ہنسی تو پیٹ بھرنے پر ہی آتی ہے۔ میں اسے نہیں مانتا۔ گاؤں کی دشا کتنی دَینیہ(6)

1۔ چکتسا۔ طبابت، حکیمی 2۔ ہاسیہ پورن۔ توہین آمیز 3۔ لوپ۔ غائب 4۔ ونود۔ تفریح 5۔ سرنگار۔ آرائش 6۔ دینیہ۔ قابل رحم

ہے، اس کے لکھنے کی ضرورت نہیں۔ بے چارے کسان پہر رات رہے سے کام کرنے لگتے ہیں اور پہر رات تک برابر کام کرتے رہتے ہیں۔ اس بیچ میں کداچت ایک بار بھی انھیں پیٹ بھر بھوجن نہیں ملتا نہ بدن پر کپڑا ہے، نہ پیٹ میں ان، نہ دیہہ پر مانس، زمینداری کی دھونس الگ، لگان کی چنتا اوپر سے۔ ایک ساگر میں ڈبکیاں کھا رہے ہیں لیکن وہاں بھی ہنسی کا ابھاؤ نہیں۔ وے بھی ہنستے دیکھے جاتے ہیں، وے بھی کبھی کبھی چہل اور وِنُود میں مگن ہو جاتے ہیں پر ہمارے ساہتیہ سماج پر گلانی اور دکھ کا ایسا بھاری بوجھ لدا ہوا ہے کہ ان کی قلم کے نوکوں پر ہنسی آنے کا نام نہیں لیتی۔ کیا وے قسم کھا سکتے ہیں کہ متر سماج میں وے کبھی ہنستے ہی نہیں؟ عدالتی قسم نہیں ہی گنگا جلی اٹھا سکتے ہیں؟ ہم کہہ سکتے ہیں ہنسا منشیہ ماتر کے لیے اَنیوار یہ ہے۔ آپ ہنستے ہیں اور خوب کھل کھلا کر، آپ کے قہقہے دیواروں کو ہلا دیتے ہیں۔ مگر نہ جانے کیوں قلم ہاتھ میں لیتے ہی آپ گمبھیرتا کے ساگر میں ڈوبنے اترانے لگتے ہیں۔ کم سے کم نویُوکوں کے لیکھ میں تو ونود کی پردھانتا ہونی چاہیے۔ گمبھیر تا ان کے لیے اسُو ابھاوک (1) ہے۔ ہم بوڑھے کھوسٹ رونے کے لیے کیا تھوڑے ہیں جو ہمارے نُویُوک بھی اس کام میں ہمارا ہاتھ بٹائے۔ نہیں صاحب، ہمیں آپ کی سہاتا کی آدشیکتا نہیں۔ ہم اکیلے اتنا رو سکتے ہیں کہ کہیے آنکھوں سے گنگا بہا دیں، کہیے مہا ساگر ترنگت کر دیں۔ ہماری آنکھیں مہرشی اَگستیہ کے چلو سے جو بھر بھی کم نہیں ہیں۔ آپ ہمارے چھتر میں آ کر ہمارے ساتھ زبردستی کرتے ہیں ہم اس چھتر کو اتنا ہی سورکشت رکھنا چاہتے ہیں جتنا ہمارے یوروپی سامراجیہ وادی بھومنڈل کو جس طرح انھیں یہ اَسہیہ ہے کہ کوئی اَنیہ جاتی ایک انگل زمین پر اپنا قبضہ جمالے، اسی طرح ہمیں بھی اَسہیہ ہے کہ نُویُوک مہاشیہ آ کر ہمارے چھیتر میں ہَستک شِیپ (2) کریں۔ ہم آپ کو سمجھائے دیتے ہیں، اگر آپ مان گئے تو خیر نہیں تو جناب ہم نے بھی پولیس کا دروازہ دیکھا ہے جان پر کھیل کر ایک روپیہ مُدرا نکالیں گے اور داروغہ جی کو نظر دے کر چٹ پٹ رپٹ کر دیں گے، تب آپ کو معلوم نہیں، ہم آپ کو اس کا پرمان دیں گے، آپ میں نیا جوش ہے، نیا رَکت ہے، نیا جیون ہے، نئی سپھورتی ہے، آپ اگر رونے پر اتارو ہوں گے تو پرلیے ہی کر ڈالیں گے۔ پھر ہم غریبوں کے لیے کہاں جگہ رہ جائے گی، سوائے پرلوک کے۔ اس لیے ہم پردیا کیجیے اور ویراگیہ (3)، نیراشیہ (4)، وِشاد (5) کے دِشے ہمارے لیے رزرو رکھ کر اپنے لیے ونود، پریہاس اور شوریہ (6) رکھ لیجیے۔ اس طرح ہمارے اور آپ کے بیچ سمجھوتا ہو جانے سے کلَہ کا مارگ بند ہو جائے گا۔

ہم یہ مانتے ہیں کہ ورتمان جلوایو ہاسیہ کے وکاس کے اَنُوکول (7) نہیں۔ لیکن ہمیں اپنی پربل

1۔ اسُو ابھاوک۔ غیر فطری 2۔ ہستک شیپ۔ مداخلت 3۔ ویراگیہ۔ جنگلی زندگی 4۔ نیراشیہ۔ ناامید 5۔ وشاد۔ غم 6۔ شوریہ۔ خوش حال 7۔ انوکول۔ موافق

آشاوادِتا سے اس نِی راشیہ (1) تمر کو ہٹانا ہوگا۔ رونے کے لیے ہمارا گھر ہی کیا تھوڑا ہے کہ ہم اپنے ساہتیہ کنج میں آکر بھی وہی رونا دھونا شروع کریں۔ ساہتیہ کاروں کا زندہ دل ہونے کی چیز لکھیے جس میں ہنسی آوے آپ لوگ تو ایسی ہی چیزیں لکھتے ہیں جسے پڑھ کر رونا ہی آتا ہے اور من اور بھی دکھی ہو جاتا ہے۔ دکھی ہردے جس چیز کا اپنے آس پاس ابھاؤ پاتا ہے اسے وہ ساہتیوں میں کھوجتا ہے، لیکن جب یہاں بھی نراشا ہوتی ہے تو وہ ساہتیہ سے بھی اُداسین ہو جاتا ہے۔ آج ہماری جنتا چارلی چیپلن کی نقلیں دیکھ کر کیوں لوٹ پوٹ ہو جاتی ہے؟ جس دن اس کا تماشہ ہوتا ہے اس دن کیوں ہال ٹھساٹھس بھر جاتا ہے؟ اسی لیے کہ وہاں ہمیں تھوڑی دیر کے لیے اپنی دکھ میں پرستھتیوں کو سمرت کر دینے کی آشا ہوتی ہے۔ کسی بھاشا کو لیجیے، اس کے ہاسیہ چرتر ہی اس کی جان ہوتے ہیں۔ ہاں ہاسیہ سُوجنیہ (2) پُورن ہونا چاہیے، یہ نہیں کہ وہاں بھی اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے جائیں، ہم اس سمے وپتّی کے روگ میں گرست ہیں، ہمیں ایسی اوشدھی (3) کی ضرورت ہے جو یہ دکھ ہرے، ہمارے سنتاپ کو مٹاوے، ہمیں سنبھالے اور ایسے ساہتیہ کا اتّھان نُو یُوکوں دوارا ہی ہوسکتا ہے۔ وِپتّی رونے سے نہیں کٹتی۔ رونے سے تو وہ اور بھی پران گھاتک ہو جاتی ہے۔ اسے ہم ہنس کر بھی کاٹ سکتے ہیں۔ کم سے کم وِپتی کا بھار کچھ تو ہلکا ہو جاتا ہے۔ رات کو بن میں بھٹکا ہوا تھک دیپک کی جیوتی دیکھ کر جس بھانتی اس کی اُور لپکتا ہے، اسی طرح ہم چاہتے ہیں کہ وِپتی کے مارے ہوئے پریمی پاٹھک ساہتیہ کی اُور لپکیں۔ انھیں وشواس ہو کہ یہاں ہمارے دکھ کا بوجھ ہلکا ہوگا، ہمیں سکھ کا اُنُوبھو ہوگا، ہمارا غم غلط ہوگا۔ ہاسیہ گلپوں دُوارا یہ اُدّیش کچھ نہ کچھ اَوشیہ پورا ہو سکتا ہے۔ ہاں ہاسیہ اشلیلتا رہت، (4) نرمل، اُدار ہونا چاہیے۔ ساہتیک ہاسیہ اور ساجک ہاسیہ میں بڑا انتر ہوتا ہے۔ وہی بات جس سے متر گوشٹھی میں پیٹوں میں بل پڑ جاتے ہیں، ساہتیہ میں نِندھ ہو جاتی ہے۔ خسرو اور بیربل کی کتھائیں یوں بہت ہی ہاسیہ پورن ہیں لیکن ان میں ادھیکانش ایسی ہیں جنھیں ساہتیہ میں لانا ساہتیہ کا اپمان کرنا ہوگا۔

چاند: دسمبر 1926

1۔ نِی راشیہ تمر۔ ناامیدی 2۔ سوجنیہ پورن۔ انسانیت کے ساتھ 3۔ اوشدھی۔ سامان 4۔ اشلیلتا رہت۔ برہنگی سے خالی

ساہتیہ کی پرگتی

ساہتیہ کی سیکڑوں پری بھاشائیں کی گئی ہیں اور ان میں سے ہم اپنا مطلب نکالنے کے لیے ایک لے لیں گے، پری بھاشا ہے تو پنڈتوں کی وستو، مگر جب گھر بنانا ہے تو نیو ڈالنی پڑے گی۔ ہوا میں مکان بنا سکتے تو کیا بات تھی، لیکن ابھی وگیان وہ ودیا نہیں جان پایا ہے۔ ساہتیہ جیون کی آلوچنا ہے، اس اُدیشیہ سے کہ ستیہ کی کھوج کی جائے۔ ستیہ کیا ہے اور اَستیہ کیا ہے، اس کا نرنے ہم آج تک نہیں کر سکے۔ ایک کے لیے جو ستیہ ہے وہ دوسرے کے لیے اَستیہ ہے، ایک شردھالو ہندو کے لیے چوبیسوں اوتار مہان ستیہ ہیں۔ سنسار کی کوئی بھی وستو دھن دھرتی، پتر، پتنی اس کی نظروں میں اتنی ستیہ نہیں ہیں۔ اس ستیہ کی رکشا کے لیے وہ اپنی ہی نہیں، اپنے پتروں کی آہوتی (1) بھی دے دے گا۔ اسی پرکار دیا ایک کے لیے ستیہ ہے، پر دوسرا سنسار کے سب دکھوں کا مول سمجھتا ہے اور اس لیے اَستیہ کہتا ہے۔ اسی ستیہ اور استیہ کا سنگرام ساہتیہ ہے۔ درشن (2) اور وگیان کا اُدیشیہ بھی یہی ہے۔ لیکن وہ بدھی کے راستے سے وہاں پہنچنا چاہتا ہے۔ بیچارا ساہتیہ بھی وہیں یاترا کر رہا ہے لیکن گمبھیر وچار سے، مون نہ رہ کر، کیول مٹانے کے لیے اپنی خنجری بجا کر گاتا بھی جاتا ہے۔ یہ راستہ تو کاٹنا ہی پڑے گا، تو کیوں نہ ہنس کھیل کر کاٹوں۔ اسی دیا ستیہ پر بڑے بڑے دھرموں کی بنیاد پڑی، یہ مانوں مانو جاتی کی اُور سے اندر کو للکار تھی۔ ان کا سنہاسن چھوڑنے کے لیے، لیکن آج اس کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔

یہ ستیہ اور اَستیہ کی یاترا اسی وقت سے شروع ہوئی جب سے منشیہ میں آتما کا وکاس ہوا۔ اس کے پہلے تو اس کی ساری شکتیاں پرکرتی (3) سے اپنے بھوجن کے لیے لڑنے میں ہی خرچ ہو جاتی تھی۔ جب یہ چنتا لگی ہو کہ آج بچے کھائیں گے کیا یا آج رات کی سردی کاٹنے کے لیے آگ کیسے بنے، تو ستیہ اور اَستیہ کے راگ کون گاتا۔ اس وقت سب سے بڑا اَستیہ وہ بھوک اور ٹھنڈ تھی۔ ساہتیہ اور درشن سمپنہ جیون کے لچھن ہیں، جب ہم میں اتنا سامرتھ (4) آ جائے کہ پیٹ کے سوا کچھ اور بھی سوچ سکیں، روٹی دال

1۔ آہوتی۔ قربانی 2۔ فلسفہ 3۔ پرکرتی۔ قدرت 4۔ سامرتھ۔ اہلیت، صلاحیت

سے نشچت ہونے کے بعد ہی کھیر اور پکوڑی کی سوجھتی۔ آدی منشیہ میں پشو پرکرتی کی ہی پردھانتا تھی۔ کیول پشو بل ہی سب سے بڑا ادھیکار تھا۔ جب منشیہ آئے دن کے کلہ (1) اور سنگھرش سے تنگ آ گیا تو طرح طرح کے نیم بنے اور متوں کی شرشٹی ہوئی، نئے نئے ستیوں کا اوشکار ہوا، جو پراکرتی ستیہ نہ تھے، ورن مانو ستیہ تھے۔ منشیہ نے اپنے کو نیتی کے بندھنوں سے جکڑنا شروع کر دیا۔ جاتیاں بنیں۔ اُپ جاتیاں بنیں اور جائداد کے آدھار پر سماج کا سنگھٹن ہو گیا۔ پہلے دس پانچ بھیڑ بکریاں اور تھوڑا اناج ہی سمپتی تھی۔ پھر اَستھاور سمپتی (2) کا اَور بھاؤ (3) ہوا۔ اور چونکہ منشیہ نے اس سمپتی کے لیے بڑی بڑی قربانیاں کی تھی، بڑے بڑے کشٹ اٹھائے تھے، وہ اس کی نظروں میں سب سے بہو مولیہ وستو تھی۔ اس کی رَکشا کے لیے وہ اپنی اور اپنے پتروں کے پرانوں کی بازی لگا سکتا تھا۔ وِواہ پرتھا کو ایسا روپ دیا گیا تھا کہ سمپتی گھر سے نہ جانے پائے۔ اور اس دُھلے اَتیت (4) سے آج تک کا مانو اتہاس، کیول سمپتی رَکشا کا اتہاس ہے۔ تب سماج میں دو بڑے بڑے بھید ہو گئے جو سنسار کے اس سنگرام میں پراست ہو گئے۔ انھوں نے ایشور بھجن کا آشرے لیا اور سنسار کو مایا کہہ کر اس سے ورکت (5) ہو گئے۔ اور نئے نئے بندھن بننے لگے، یہاں تک کہ ہمارا جھمیتر سنکچت ہوتے ہوتے رُوڑھیوں (6) کا ایک کاراگار سا بن گیا۔ دھرم کے نام پر ہزاروں طرح کے پاکھنڈ سماج میں گھس آئے جن میں اُلجھ کر مانو سماج کی گتی رک گئی۔ اتی سب چیز کی دُکھ کر ہوتی ہے یہ پرکرتی کا نیم ہے وہی سنستھائیں جن کا نرمان سماج کے کلیان کے نیمت کیا گیا تھا، اَنت میں سماج کے پاؤں کی بیڑیاں بن گئی۔ وہی دودھ جو ایک ماترا میں امرت ہے اس ماترا سے بڑھ کر وِش ہو جاتا ہے۔ مانو سماج میں شانتی کی استھاپنا کرنے کے لیے جو جو یُوجنائیں سوچ نکالی گئیں وہ سبھی کالانتر میں یا تو جیرن ہو جانے کے کارن اپنا کام نہ کر سکی یا کٹھور ہو جانے کے کارن کشٹ دینے لگی۔ جو پہلے لکھپتی تھا وہ راجا بن گیا۔ پھر وہ اتنا شکتی شالی بن بیٹھا کہ اپنے کو بھگوان کا کارکن سمجھنے لگا۔ جس سے باز پرس کرنے کا کسی منشیہ کو اُدھیکار نہ تھا۔ اس کی ادھیکار ترشن بڑھنے لگی اس کی اس ترشن پر سماج کا رکت بہنے لگا۔ اَنت میں آدم جاتی میں ان وشاؤں کے پرتی وِدروہ کا بھاؤ اُتپن ہو گیا۔ منشیہ کی آتما ان نر دھک ہی نہیں، گھاتک بندھنوں کو مکڑی کے جالے کی بھانتی توڑ پھوڑ کر کے نرمل، سوکش، مکت آکاش اور وایو میں وچرن کرنے کے لیے آتُر ہو اٹھی۔ بیچ بیچ میں کتنی ہی بار ایسے وِدروہ اٹھے۔ ہمارے جتنے مت ہیں، وہ سب اسی وِدروہ کے اَسمرک ہیں، کنتو اُن وِدروہوں میں کلہ کی جو مکھیہ وستو تھی، وہ جیوں کی تیوں بنی رہی۔ سمپتی میں ہاتھ لگانے کا کسی کو یا تو ساہس ہی نہ ہوا یا کسی کو سوجھی ہی نہیں۔ جو اُن سارے وِدر

1۔ کلہ۔ لڑائی، جھگڑا 2۔ استھاور سمپتی۔ غیر متبدل سرمایہ 3۔ اور بھاؤ۔ فقدان 4۔ اَتیت۔ ماضی

5۔ وِرکت۔ خون میں سا جانا 6۔ روڑھی۔ روایت پرست

گوپال مندر کے احاطے میں ایک کوٹھری ہے جسے لوگ گوسوامی جی کا نو اس استھان بتلاتے ہیں، وہ سال بھر میں ایک بار صرف شراون شکلا سپتمی کو کھلتی ہے۔ کیا اس اندھیری (!!!) کوٹھری کا اِتنا ہی سمان پریاپت ہے؟ جس استھان میں مہینوں اور برسوں رہ کر گوسوامی جی نے وِنے پتریکا کے سمان اُپور وِ و نے گرنتھ لکھا اس استھان کی دُردشا ہندی والوں کے لیے گھور لجا (1) پر د ہے۔

یہی حال اَسّی گھاٹ والے تُلسی مندر کا ہے جس بھاشا کے حمایتی کروڑ ہوں، اس بھاشا کے سروشریشٹھ کوی کے پرتی ایسی اُداسینتا ابھاگیہ (2) تُلسی داس کا جو ہندوستان میں ہندی کے کوی ہوئے۔

ہر سال لوگ جگہ جگہ تلسی جینتی کے نام سے تلسی تتھی مناتے ہیں، کرتے کیا ہیں؟ گاؤں والے دو چار سیر گھی آگ میں جھونک دیتے ہیں۔ ہون (3) کے ساتھ ساتھ برہمن بھوجن تو چاہیے ہی؟ وہ بھی تھوڑا بہت ہو ہی جاتا ہے اس کے بعد ڈھولک جھال لے کر لوگ تلسی کرت رامائن گانے لگتے ہیں۔ چار چھ گھنٹے لوگ گلا پھاڑ کر چلاتے ہیں۔ بس ہو گئے تُلسی داس سے اُرِن شہر والے۔ ایک نوٹس چھپوا کر بٹوا دیتے ہیں۔ لوگ نشچِت استھان پر جٹتے ہیں۔ بھاشن ہوتے ہیں لیکھ پڑھے جاتے ہیں، کویتائیں سنائی جاتی ہیں، سب میں یہی کہا جاتا ہے کہ گوسوامی جی کی کویتائیں ایسی ہیں ویسی ہیں، ان کے اپکاروں کا ہم بدلا نہیں دے سکتے۔ اتیادی۔ بس ایک ہی طرح کی باتیں ہر سال۔ نیا کوئی کہے گا کہاں سے؟ کوئی ریسرچ تو کرتا نہیں اور جو کرتا ہے وہ اس اُتسو میں آتا نہیں۔ اس طرح ایک رسم سی پوری کر دی جاتی ہے یہ تو ایک طرح سے بلا ٹالنا ہے، اس سے کچھ ٹھوس کام نہیں ہو سکتا۔

اس سے آوشیکتا اس بات کی ہے کہ جہاں جہاں تُلسی تتھی منائی جائے، وہاں تُلسی ندھی کے لیے تھوڑا گھنا، جو مل سکے ارتھ سنگرہ (4) کیا جائے اور وہ درویہ مہامنا مالویہ جی کو اس نویدن کے ساتھ بھیج دیا جائے کہ وے اِسے تُلسی داس سے سمبندھ رکھنے والے استھانوں کے جیرنوڈار میں لگا دیں۔ اس طرح اگر کچھ سال بھی ہر جگہ کام ہو تو تُلسی ندھی میں یتھیشٹ (5) اِکتر ہو سکتا ہے۔ اس سے راجاپور، کاشی اور اَیودھیا میں تُلسی داس جی کے جتنے اسمرتی چِنھ ہیں، سب کی رکشا اور پوجا پرتشٹھا کا پربندھ کیا جا سکتا ہے۔ تُلسی داس جی نے ہندو جاتی اور ہندو دھرم کا جو اُپکار کیا ہے اس کی ورنن کرنے کا یہاں استھان نہیں ہے۔ انھوں نے ہندو سبھیتا اور ہندو سنسکرتی کی بڑی رکشا کی ہے۔ ہندو سماج اور ہندو ساہتیہ ان کے اپکار بھار سے کبھی مکت نہیں ہو سکتا۔ اس لیے ہندو جاتی کا پرتی ندھتو (6) کرنے والی ہندو مہاسبھا کا بھی کرتویہ

1۔ لجا پرد۔ قابل شرم 2۔ ابھاگیہ۔ غیر منتشم 3۔ ہون۔ پوجا پاٹ 4۔ ارتھ سنگرہ۔ مجموعہ کا حواشی معنی کے ساتھ مجموعہ کلام 5۔ یتھیشٹ۔ ذخیرہ، معنویت 6۔ پرتی ندھتو۔ نمائندگی

ہے کہ وہ اس دشا میں اپنی کچھ شکتی لگا دے۔ گوسوامی جی کی رچنائیں سناتن دھرم کی ڈھال ہے، پر سناتن دھرم سبھاؤں کو دیش ہت کے مارگ میں روڑے اٹکانے سے فرصت ہی نہیں ملتی کہ وے اپنے انیہ سن رکشک کی اور کچھ بھی دھیان دے۔ ویشنو مہا سمیلن بھی کیول دھارمک جھگڑوں میں ہی پھنسا رہتا ہے۔ وہ سمپن ہوکر بھی تُلسی داس جیسے انیہ ویشنو کے لیے آج تک کچھ نہ کرسکا۔ کنتو ان نرجیو سنستھاؤں سے آگے بھی وِشیش آشا نہیں ہے۔ ات ایو ہندی ساہتیہ سے پریم رکھنے والے لوگ ہی اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیں اور ہندی کے اس لوک پریہ مہا کوی کے سموچت سمان کا آیوجن کریں۔ کنتو اس آیوجن کا شری گنیش اسی 29 رجولائی کو ہونا چاہیے۔

کاشی میں اُنیتر ایک تُلسی داس جی کا مندر بھی ہے، جس کے وشے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کاشی نریش کی سہایتا سے بنا ہے۔ اس میں گوسوامی جی کی ایک شہر گرست مورتی استھاپت ہے جو ان کے اصلی چتر کو کاشی ناگری پرچارنی سبھا نے پرکاشت کیا ہے لیکن ہم نے آج تک اس مندر کی تیرتھ کا روپ نہیں دیا۔ راجا پور کی تیرتھ یاترا کے لیے ہم کبھی اُتساہت (1) نہیں ہوئے۔ استی گھاٹ کے تلسی مندر میں جو کھڑاؤ گوسوامی جی کی رکھی ہے اس کی اُور ہمارا دھیان کبھی نہیں گیا۔ اُسی تلسی مندر کے پاس ایک تُلسی پُستکالیہ ہے جس میں تُلسی داس سمبندھی سمست ساہتیہ کا سنگرہ کرنے کی ہماری پرورتی (2) کبھی نہیں ہوئی۔ پھر ہم تُلسی تتھی کیوں مناتے ہیں شیکسپیئر کی جنم بھومی کو انگریزوں نے سورگ بنا ڈالا اور ہماری بھاشا کے شیکسپیئر کی جو دشا ہے، وہ آپ کے سامنے ہے۔

تُلسی داس کے گرنتھوں سے کتنے ہی لوگ لکھ پتی ہو گئے، بہتوں نے کروڑوں روپیہ کما کر گھر میں ڈال دیے اور نہ جانے کب تک یہ کرم جاری رہے گا۔ کنتو ایسے لوگ میں کوئی ایسا مائی کا لال آج تک آگے آتا نہیں دکھائی دیا جو تُلسی داس کے نام پر ایک پرسینٹ رائلٹی کی رقم بھی خوشی سے نکال کر دیتا۔ سچ تو یہ ہے کہ ہم میں ابھی اپنی بھاشا کے رتنوں کی پرکھ کرنے کی یوگیتا ہی نہیں ہے، ہم صرف لکیر پیٹنے میں ہی بہادر ہیں۔ کنتو صرف پُرانی لکیر پیٹ کر تُلسی داس جیسے مہا کوی کو شردھا (3) نجلی دینے سے کوئی لابھ نہیں۔

جولائی 1933

1۔ اُتساہت۔ جذباتی 2۔ پرورتی۔ اُصول 3۔ شردھانجلی۔ نذرانہ

ساہتیک غنڈا پن

اس ہوڑ لیگ میں اَنیہ ویوسایوں کی بھانتی پتر پتریکاؤں کو بھی اپنے سوامیوں یا سنچالکوں کو نفع دینے یا اپنا استتو (1) بنائے رکھنے کے لیے طرح طرح کی چالیں چلنی پڑتی ہیں۔ یورپ والے تو شبد جال یا پہیلیوں یا لاٹریوں کا لٹکا نکالتے ہیں اور اپنے گراہکوں کو اپنی تقدیر آزمانے کا موقع دے کر اپنا مطلب نکالتے ہیں۔ ہندی میں دھن کے اَبھاؤ سے اور ڈھنگ کی چالیں چلی جاتی ہیں پتر میں کسی طرح کا ویواد چھیڑ دیا جاتا ہے، یا کلا کے نام پر اُردھ (2) نگن چتر دیے جاتے ہیں۔ عدالتی نوٹسوں کے لیے اَہلکاروں کی خوشامدیں کی جاتی ہیں۔ ان کے سامنے ناک رگڑی جاتی ہیں، بھنڈا پھوڑ کی دھمکی دے کر رقمیں سیدھی کی جاتی ہیں اور اِسے ستیود گھاٹن (3) کا مہان نام دیا جاتا ہے یا کوئی چونکانے والی چیز چھاپی جاتی ہے، جسے پڑھ کر لوگوں میں اس پتر کی خواہ مخواہ چرچا ہو۔ جہاں دو ساہتیہ کے پریمی جمع ہوں، وہیں اُسی سنسنی بھرے ہوئے لیکھ پر باتیں ہونے لگیں۔ ان کا سِدھانت ہے۔ بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا، انھیں تو پتریکا کے گراہک بڑھانا چاہیے، کیونکہ ان کا سوامی نفع چاہتا ہے اور نفع نہ ہو تو بے چارے سمپادک کی جان کی کُشل نہیں، (4) ڈیراڈنڈا اسنبھال کر اپنے گھر کی راہ لینی پڑے گی۔ روٹی کا سوال تو بڑا ٹیڑھا ہے۔ غریب سمپادک اپنی آتما کی ہتیا کر کے سنسنی پیدا کرنے کے لیے یا تو ناستکتا کے سرتھک لیکھکوں کی مالا نکالنے لگتا ہے، یا کسی بھلے آدمی کی پگڑی اُچھالتا ہے۔ جان پڑتا ہے، پریاگ کی ماسک پتریکا، سرسوتی، آج کل انھی گندی چالوں سے اپنا کوش (5) بھرنے کے لیے مجبور ہے۔ اُس کے جولائی کے انک میں پنڈت بناری داس چترویدی پر جو آکچھیپ پورن لیکھ سنسمرن کے روپ میں نکلتا ہے اس کے لیے دوسرا کوئی عذر نہیں ہو سکتا۔ آدمی کوئی گرہت کام اُسی وقت کرتا ہے، جب اُس کا جیون سنکٹ میں پڑ جاتا ہے اور اس درشٹی سے وہ دیا کا پاتر ہے، لیکن یدی وہ کیول اپنی کوٹل منورتی (6) کو سنتشٹ کرنے کے لیے کسی کو لانچھت کرتا ہے، تو وہ دیا کا نہیں، دھتکار کا پاتر ہے ہم نہیں سمجھتے اس سنسمرن کے لیکھک، سرسوتی سمپادک ٹھاکر شری ناتھ سنگھ جی دیا کے پاتر ہیں یا دھتکار کے۔

اگست 1933

1۔ اَستتو۔ وجود 2۔ اردھ نگن۔ نصف ننگا 3۔ ستیودگھاٹن۔ صحیح افتتاح 4۔ کُشل۔ خیر 5۔ کوش۔ ذخیرہ، خزانہ 6۔ منورتی۔ دلی خواہش

انٹرویو کیا ہے؟

بھارت نے یورپ سے جہاں اور بہت سی اچھی بُری باتیں سیکھی ہیں، وہاں پتر پرکاشن بھی ہے، اور پتر پرکاشن میں یہاں بھی وہی نیتی مانیہ ہے، جو یورپ میں ہے۔ وہاں پرتھا ہے کہ پتروں کے سمپادک یا پرتی ندھی وشِشٹ ویکتیوں سے بھینٹ کرکے کسی سماجک، دھارمک، راج نیتک یا انیہ مہتو پورن سمسیا پر ان کی سمّتی (1) جنتا کے سامنے رکھتے ہیں۔ انٹرویو کا اُدّیشیہ مہتو پورن وشیوں پر انوبھوی مہاتماؤں کی رائے، درشٹی کون، یا نرنے پرکاشت کرکے جنتا میں جاگرتی (2) پھیلانا یا کسی وِشیش پکش کا سمرتھن کرنا ہوتا ہے۔ اس کے لیے پہلے ہی سے آگیا لے لی جاتی ہے۔ بہودھا انٹرویو کرنے والے پہلے ہی سے کچھ پرشن بنا لیتے ہیں۔ ان پرشنوں کا جواب وے اَکشراش نوٹ کرتے جاتے ہیں۔ انٹرویو سماپت ہو جانے پر پورا کتھن سُنا دیا جاتا ہے اور انٹرویو دینے والے کا اس پر ہستاکشر لے لیا جاتا ہے۔ تب انٹرویو کرنے والے کو اس کتھن یا سنسمرن کو چھاپنے کا اُدھیکار ہوتا ہے۔ وہ اس کی پوری احتیاط کرتا ہے کہ کتھن میں ایک شبد یا واکیہ بھی ایسا نہ آنے پائے۔ جس سے اُس وشِشٹ پُرش کے وشے میں کسی پکار کا بھرم اُتپن ہو سکے۔ اگر ایسا کوئی واکیہ اَساودھانی کے کارن رہ بھی جاتا ہے، تو انٹرویو دینے والا اُسی وقت اس کا سنشودھن (3) کر دیتا ہے۔

مگر یہاں کیا ہوا؟

یہاں سرسوتی سمپادک نے ایک نئے ڈھنگ کا انٹرویو لیا۔ آپ کلکتہ گئے، چترویدی جی سے ملے، ان سے اپنی بھکتی اور گھنشٹتا (4) دیکھائی اور اُسی آتمیتا (5) کی جھونک میں، جس میں شاید اس بھکتی پرورش نے اور مدہوش کر دیا ہو، چترویدی جی سے جو کچھ باتیں ہوئیں انھیں گھر آکر اسمرتی سے لکھا، جو کچھ نہ یاد آیا وہ اپنی طرف سے ملا دیا، شبدوں کا ہیر پھیر تو کوئی بات ہی نہ تھی، نہ کوئی قلم پکڑنے والا تھا۔ چترویدی جی کے منہ سے جو کچھ کہلانا چاہا، اپنی قلم سے لکھ دیا۔ اِتنی باتیں یاد کیسے رہتیں، کیول ان کا بھاؤ یاد

1۔ سمّتی۔ اجازت، رائے 2۔ جاگرتی۔ 3۔ سنشودھن۔ ترمیم 4۔ گھنشٹتا۔ قربت 5۔ آتمیتا۔ اپناپن

رہ سکتا تھا اور بھاؤ کو اپنے شبدوں میں ملا کر بہت بڑا انرتھ (1) کیا جا سکتا ہے۔ ایک آدمی کہتا ہے، رام کی کویتائیں سادھارن ہوتی ہیں، اس بھاؤ کو اس طرح لکھ کر، رام کے باپ نے بھی کبھی کویتا کی تھی، وہ کویتائیں کرنی کیا جانے، اس کا روپ کتنا وکرت (2) کیا جا سکتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شری ناتھ سنگھ جی یہ منصوبہ باندھ کر ہی گئے تھے کہ انٹرویو کے بہانے ان کے منھ میں ایسی ایسی باتیں رکھ دوں کہ سبھی پتر سمپادکوں اور لیکھکوں سے چتر ویدی جی کی لڑائی ہو جائے اور وے سب شری ناتھ سنگھ جی کو اپنا اُدھارک اور حمایتی سمجھ کر اس کی پیٹھ ٹھونکنے لگیں۔ مگر ہندی کے سمپادک اِتنی آسانی سے چکمے میں آنے والے نہیں ہیں۔ بات کے ڈھنگ سے بات کرنے والے کے چرتر کا پردہ کھل جاتا ہے۔ اگر کوئی آدمی آکر ہم سے کہے کہ پنڈت دیوی دت جی شکل کہتے تھے کہ اب کی پریم چند پریاگ آویں گے تو ان کی وہ دُرگت کی جائے گی کہ کہانی لکھنے کا نام نہ لیں گے، تو میں وچار کروں گا کہ کہنے والا کس ڈھنگ کا آدمی ہے، ترنت شکل جی سے لڑنے کے لیے تیار نہ ہو جاؤں گا۔ جس پرانی کا من کُتسا (3) میں بستا ہے اس کا وِشواس ہی کون کرتا ہے؟ دوسروں کی نندا کرنے والا پگڑی اُچھالنے والا، لڑائی لگانے والا، آدمی اگر سمجھے کہ لوگ اس کا آدر کریں گے تو اس کی بھول ہے۔ ایسے آدمی کو گھرنا کے سوا اور کسی بات کی آشا نہ رکھنی چاہیے۔ مانا چتر ویدی جی نے کہا کہ اَمکتا (4) وکتی کو لکھنے کی تمیز نہیں یا انھوں نے اَمک وِکتی کو ساہتیہ جھمیتر میں آگے نہ بڑھایا ہوتا، تو وہ اب تک گم نام پڑا ہوتا یا یہ کہ مسٹر ایڈیوز اور مہاتما گاندھی ان سے بہتر بھاؤ رکھتے ہیں، تو کیا یہ باتیں لکھنے کی ہے۔ آدمی وارتالاپ میں سادھارنتا کچھ سترک نہیں رہتا، شبدوں کو تول کر منھ سے نہیں نکالتا، بلکہ ایسی ہی باتیں کرتا ہے جنھیں وہ سمجھتا ہے کہ سامنے بیٹھے ہوئے وکتی کو اچھی لگے گی۔ وہ ملنے والے کی روچی اور جھکاؤ دیکھ کر اُسی ڈھنگ کی باتیں کرتا ہے۔ اگر مجھ سے کوئی شہدا ملنے آئے تو میں اُس سے ویدانت کی باتیں نہ کروں گا۔ اپنے گھر جو آدمی آتا ہے، اُس کا کچھ نہ کچھ ستکار (5) کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ شری ناتھ سنگھ جی کی جگہ اگر مسٹر ایڈیوز چتر ویدی جی سے ملنے گئے ہوتے، تو وہ پڑوسی بھارتیوں کا پرسنگ اُٹھاتے۔ شری ناتھ سنگھ جی وہ سارے گھوڑے لکھ کر خود اپنے ہی کھودے ہوئے گڑھے میں اوندھے منھ گر پڑے ہیں، کیونکہ چتر ویدی جی نے ایسی ہی باتوں کا پاتر سمجھا۔ اگر شری ناتھ سنگھ جی ذرا اور زور لگاتے، تو چتر ویدی جی اپنے انتر گت کا گپت بھاگ بھی کھول دیتے۔ ایسا کون ہے، جس نے کبھی تاک جھانک نہ کی ہو۔ کبھی منچلے پن کے اسٹیج پر دو چار ابھنے (6) نہ کیے ہوں۔ پھر چتر ویدی جی تو

1۔ انرتھ۔ ظلم 2۔ وکرت۔ خود ساختہ 3۔ کُتسا۔ حسد 4۔ امکتا۔ غیر آزاد، پابند 5۔ ستکار۔ عزت 6۔ ابھنے۔ کوشش، مشق

خدا کے فضل سے ابھی بڑھاپے سے بہت دور ہیں اور خدا کے قہر سے رنڈوے بھی ہیں۔

شری ناتھ سنگھ جی اگر تھوڑی سی اور چال بازی سے کام لیتے، تو چترویدی جس کے رسک جیون کا بھنڈا پھوڑ بھی کر سکتے تھے، پر کیا یہ ساری بے ہودگی ایک پرتشٹھت پتریکا کے پرتشٹھت سمپادک کے یوگیہ ہے، اور کیا سرسوتی کے پاٹھک اسی لیے سرسوتی خریدتے ہیں کہ انھیں اس طرح کے لیکھ پڑھائے جائیں؟ کسی کی پرائیویٹ بات چیت کو جو اس نے ہمیں اپنا متر سمجھ کر ہمارے اوپر وشواس کر کے کی ہو، پبلک میں لانے کا ہمیں کوئی اُدھیکار نہیں ہے۔ اگر ہم ایسا کرتے ہیں، تو وشواس گھات کرتے ہیں۔ آخر اس انٹرویو سے کس سمسیا، کس پرشن، کس واد پر پرکاش پڑا؟ زیادہ سے زیادہ پڑھنے والا یہی سمجھے گا کہ بنارسی داس بڑا نیچ آدمی ہے، بالکل بنا ہوا، بڑا دمبھی، بڑا شوخی باز۔ اگر کسی آدمی کے پرتی جنتا میں یہی بھاؤ پھیلانے میں ہم سپھل ہوئے تو یہ کیا کوئی بڑے اونچے درجے کا کام ہے؟ کسی کی عزت بگاڑ دینا کیا کوئی بڑا اوتر اُدّیشیہ ہے؟ آپس میں ویمنسیہ پیدا کر دینا، کیا بڑی سراہنا کا کام ہے؟

شری ناتھ سنگھ جی مجھ سے مل چکے ہیں اور کتنے ہی منشیوں کے بارے میں ایسی باتیں کر چکے ہیں کہ یدی میں لکھوں تو وہ پریاگ میں بہت ہلکے ہو جائیں گے، لیکن ایسی باتیں کرنا جتنی بڑی نیچتا ہے، اس کا ذکر کرنا، اس سے بھی بڑی نیچتا ہے۔ اس طرح کے پروپیگنڈے سے شری ناتھ سنگھ جی نہ ساہتیہ کا اپکار کر رہے ہیں، نہ سرسوتی کا، نہ اپنا، ورنہ سنسار کے سامنے ہندی کے سمپادکوں کی بھد کرا رہے ہیں، انھیں کلنکت کر رہے ہیں۔ آپ کی یہ کرتی دیکھ کر اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ دُنیا کہے گی، جب سرسوتی جیسی پرتشٹھت پتریکا کا سمپادک ایسا لفنگاپن کر سکتا ہے، تو پھر شاید یہ آنواں ہی بگڑا ہوا ہے۔

اگست 1933

بھارتی ساہتیہ اور پنڈت جواہر لال نہرو

جن دنوں ہنس کے پرشٹھوں میں بھارتی ساہتیہ کے سنگٹھن اور اس اُدیشیہ کی پورتی کے لیے بھارتی ساہتیہ سنگھ استھاپت کرنے کی ضرورت پر وچار کیا جارہا تھا، انھیں دنوں پنڈت جواہر لال جی اَلموڑا جیل میں بیٹھے ہوئے سوتنتر روپ سے اِسی وشے پر اور اِسی دِشا میں چنتن کر رہے تھے انھیں ہمارے آیوجن کی بالکل خبر نہ تھی۔ پھر بھی آپ کے اس لیکھ سے، جو ہال میں سیوگی، پرتاپ میں پرکاشت ہوا ہے، ان کے اور ہمارے آیوجنوں میں اُدبھت سا ورشیہ ہے۔ اس سے یہ سِدّھ ہوتا ہے کہ راشٹر کے وچار دھارا سنسکرتک اِیکتا کی اور کتنے ویگ اور کتنی اِکرستا(1) کے ساتھ دوڑ رہی ہے نہرو جی راشٹر کے پران ہیں اور ان کا ہردے راشٹر کا ہردے ہے، جس میں راشٹر کی سمپورن آکانکشائیں(2) اور پرتی بمبت(3) ہوتی ہیں۔ ساہتیک اور سنسکرتک اِیکتا راشٹر کے وِکاش کا مکھیہ انگ ہے اور یہ بھوشیہ کا شُبھ لچھن ہے کہ وہ بھاونا راشٹر کے من میں پربل ہو اُٹھی ہے۔

نہرو جی نے لیکھ کے پرارمبھ میں ہندی کے نوین ساہتیہ کی دَردِرتا کے وشے میں۔ یتھارتھ ہی کہا ہے کہ اِتہاسِک اور بھوگولک کارنوں سے، پہلے بنگال اور اس کے بعد مہاراشٹر اور گجرات نے پچھم سے آئی ہوئی جاگرتی کو گرہن کیا اور کچھ آگے نکل گئے۔ ہندی پرانتوں میں راج نیتک جاگرتی دیر میں ہوئی اور بھاشا بھید کے کارن ہم دوسرے پرانتوں کی جاگرتی سے جلد فائدہ نہیں اُٹھا سکے، لیکن اگر ہم غلطی نہیں کر رہے ہیں، تو بھارت کی جو بھاشائیں اُنّت سمجھی جاتی ہے، وہ بھی سنسار کی اُنّت بھاشاؤں کی تُلنا میں نگنیہ(4) ہیں۔ اس کا مکھیہ کارن اگر یہ ہے کہ دیش کی ساری پرتبھا(5) انگریزی کا ابھیاس کرنے میں خرچ ہوتی رہی اور جن کے کندھوں پر راشٹر کو آگے بڑھانے کا بھار تھا، وے اپنی بھاشاؤں کو ہیئے(6) سمجھ کر اس کی اور سے اداسین ہو گئے اور آج بھی انگریزی کے پرتی ہمارا موہ انو ماتر بھی کم نہیں ہے، تو

1۔ اکرستا۔ یک مدغ ہوکر 2۔ آکانکشا۔ خواہش 3۔ پرتی بمب۔ عکس 4۔ نگینہ۔ صفر 5۔ پرتبھا۔ صلاحیت 6۔ ہیئے۔ ہیچ

دوسرا کارن یہ بھی تھا کہ پراتی بھاشاؤں میں آدان پردان کا کرم بند سا ہو گیا اور راشٹر کا ساہتیہ مانو الگ الگ کوٹھریوں میں بند ہو کر، شکت وایو اور پرکاش نہ پانے کے کارن دربل اور نرجیو اور نستیز ہوتا چلا گیا۔ اَت ایو۔

'ہمیں اس انوبھو سے لابھ اُٹھانا چاہیے اور دیش کی سب بھاشاؤں میں کسی طرح کا سمبندھ پیدا کرنا چاہیے۔ ان کے ساہتکاروں کی ایک سنستھا بنے، جس کی بیٹھک کبھی کبھی ہوا کرے۔ اس سے بجائے مقابلے اور دویش (1) کے آپس میں میل بڑھے گا۔ اور ہمارا ساہتیہ ایک دوسرے کی ترقی میں مدد کر سکے گا۔ وِچار دھارائیں دیش بھر میں تیزی سے پھیلیں گی اور ہماری ایکتا بڑھے گی۔ میں نے سنا ہے کہ اس کے آرمبھ کرنے میں کچھ پریتن ہو رہا ہے، لیکن اُس کے بارے میں مجھے کچھ زیادہ معلوم نہیں ہے۔ میں آشا کرتا ہوں، ایسا بھارتی ساہتیہ سنگھ بھارت کی سب بھاشاؤں کی دعوت کرے گا۔ ہندی اور اردو تو بہنیں نہیں ہیں، ایک ہی شریر پر دو چہرے ہیں۔ ان کا تو ہمیں قریب سے سمبندھ کرنا ہے۔ بنگلہ، مراٹھی اور گجراتی، ہندی کی چھوٹی بہنیں ہیں، دَکشن کی بھاشائیں ہمارے دیش میں سب سے پُرانی ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بھارت کی چھوٹی اور بڑی بھاشاؤں کو اس سنستھا میں لینا چاہیے۔ میں تو یہ بھی سفارش کروں گا کہ انگریزی کی بھی اس میں جگہ ہو۔ ہماری بھاشا وہ نہیں ہے، لیکن پھر بھی دیش کے جیون میں اس کا بڑا حصہ ہے۔ وہ ایک طرح کی سوتیلی بھاشا ہو گئی ہے۔'

ہمارا خیال ہے کہ انگریزی بھاشا ورتمان پرستھتی میں اتنی لازمی ہو گئی ہے کہ اُسے کسی سنگھ یا سنستھا کی مدد کی ضرورت نہیں رہی۔ وہ سوتیلی بھاشا نہیں۔ بلکہ پٹرانی بھاشا ہے، اور بھارت کی انیہ سبھی بھاشائیں اس کی دیا کی بھکھارنی بنی ہوئی ہیں۔ ہمارے شِکشت ورگ کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ ان میں سے اَدھیکانش اپنا ماتر بھاشا میں ایک لائن بھی شُدھ نہیں لکھ سکتے۔ دُکھ تو یہ ہے کہ جو ہمارے نیتا کہلاتے ہیں، ان میں سے ادھیکانش اپنی ماتر بھاشا سے ان بھگیہ (2) ہیں اور جس سماج کے نیتا جنتا سے اِتنی دور ہٹ گئے ہوں کہ ان میں بھاشا کا سمبندھ بھی نہ ہو، اس سماج کی دشا جو ہو رہی ہے، وہ ہم اپنی آنکھوں دیکھ رہے ہیں اور تو اور ہم اپنی اس اَیوگیتا اور ان بھگیتا پر لجت بھی نہیں ہوتے کہ آگے کے لیے کچھ آشا بندھیں۔

ہم اَسپشٹ وادِتا کے ابھمان میں بے کھٹکے کہتے ہیں۔ ہمیں تو انگریزی لکھنے اور بولنے میں زیادہ سویدھا ہوتی ہے۔

1۔ دویش۔ نفاق 2۔ ان بھگیہ۔ ناواقف

آگے چل کر نہرو جی نے ہندی کے راشٹر بھاشا ہونے اور مراٹھی، بنگلہ، گجراتی، گورو مکھی آدی کے ہندی لپی میں لکھے جانے کے وشے میں وہی وِچار پرکٹ کیے ہیں جن پر ہندی پرچار آندولن رہا ہے اس کے بعد آپ کہتے ہیں۔

'دوسرا سوال یہ ہے کہ ہمارے ساہتکاروں کو دُنیا کے ساہتکاروں میں سمبندھ پیدا کرنا چاہیے اور انتر راشٹریہ ساہتیہ سنگھوں میں شریک ہونا چاہیے۔اس کے بغیر ہم دنیا کے اگوا دیشوں میں نہیں ہو سکتے۔ ہم کو یہ ماننا ہوگا کہ اس نو یگ میں نئے وِچار یورپ اور امریکہ میں آ رہے ہیں۔ ان کے بغیر سمجھے ہم آج کل کی دنیا کا سامنا نہیں کر سکتے۔ پہلی بات جو وہ نو یگ سکھاتا ہے، وہ یہ ہے کہ سنسار ایک ہے، اس کے الگ الگ ٹکڑے ہم نہیں کر سکتے اور جو الگ ہونا چاہتے ہیں، وے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔'

یہ کٹھن اکھنڈ شہ ستیہ ہے۔ لیکن اَنتر راشٹری سنگھوں میں شامل ہونے کے لیے بھی ہمیں ایک راشٹر بھاشا کی شرن لینی ہوگی۔ ہم پرانتی بھاشاؤں کے بل پر انتر راشٹری چھیتر میں نہیں آ سکتے۔ یہ سوپن دیکھنا کہ بھارت کی سبھی پرانتی بھاشائیں سنسار کی سمنت (1) بھاشاؤں میں برابر ہو سکتی ہے، بھول ہے۔ ایک راشٹر ایک ہی بھاشا کو لے کر انتر راشٹری سنگھوں کے سامنے کھڑا ہو سکتا ہے۔ ہاں، پرانتی ساہتیہ کے کچھ انگریزی انوواد سنسار کے سامنے رکھے جا سکتے ہیں، پر یہ تو ویسا ہی ہوگا، جیسے کوئی آدمی مکنی کے وستر پہن کر کسی سبھا میں بیٹھنے کا ساہس کرے۔ اس انوواد سے جو سمان ملے گا، وہ ویکتی کا سمان ہوگا۔ اور پستک کی مول بھاشا کا سنسار کی درِشٹی میں کوئی غور نہ ہوگا۔ آج روسی اور سویڈش اور فرینچ گرنتھوں کا جو انتر راشٹری سمان ہے، وہ اس لیے نہیں کہ ان کے انگریزی انوواد چھپ گئے۔ بلکہ اس لیے کہ وے اپنی مول بھاشا میں پڑھی گئی اور پسند کی گئی۔ جب ان کی کھیاتی (2) ہوئی، تو انگریزی اور جرمن اور فرینچ انوواد ہونے لگے۔ اگر ہم سنسار ساہتیہ میں وہ استھان پراپت کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں اپنی راشٹر بھاشا بنانی ہوگی اور اُس کے آدھار پر سنسار ساج میں بھاگ لینا پڑے گا۔ یہ آشا تو کی جا سکتی ہے کہ کسی سے سنسار میں پینتیس کروڑ بھارتیوں کی ایک بھاشا کا سنسار میں پرچار ہو جائے لیکن یہ اَسمبھو ہے کہ بھارت کی مکھیہ بارہ بھاشائیں بھی کسی سے سنسار کی پروڑھ بھاشاؤں سے برابری کا استھان پراپت کر لیں۔

لیکھ کے اَنتم بھاگ میں نہرو جی نے ہمیں سنسار کو اَنیہ اَنت بھاشائیں سیکھنے کا آدیش دیتے ہوئے کہا ہے۔

ہم میں سے کافی لوگوں کو ودیشی بھاشائیں بھی سیکھنی چاہیے۔ وہی ہمارے لیے دُنیا کو دیکھنے کی

1۔ سمنت۔ ترقی یافتہ 2۔ کھیاتی۔ شہرت

کھڑکیاں ہوں گی۔ جن کے ذریعہ دھوپ اور تازی ہوا آئے گی۔

انگریزی تو ہم میں سے بہت لوگ جانتے ہیں۔ اس سے ہم فائدہ اُٹھادیں گے، کیونکہ اس بھاشا کا پھیلاؤ بڑھتا جاتا ہے۔ لیکن انگریزی کافی نہیں ہے اور صرف انگریزی جاننے کی وجہ سے ہم اکثر دھوکہ کھا چکے ہیں۔ ہم ساری دُنیا کو انگریزی عینکوں سے دیکھنے لگے ہیں اور یہ نہیں محسوس کرتے کہ وہ ایک طرفی ہے۔ انگریزی حکومت سے راج نیتک مقابلہ کرتے ہوئے بھی ہم وِچاروں میں بہت کچھ ان کے غلام ہوگئے۔ اگر ہم فرینچ یا جرمن یا روسی کتابیں یا اخبار پڑھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں کوئی اور چیز بھی ہے، اور انگریزوں کا اس میں اتنا بڑا حصّہ نہیں ہے، جتنا ہم سمجھتے تھے۔

مگر آپ سویکار کرتے ہیں کہ ہمارے لیے بڑی تعداد میں یورپ کی انیہ بھاشائیں سیکھنا مشکل ہے، اس لیے آپ کہتے ہیں۔ یہ اُچت ہوگا کہ وِدیشی بھاشاؤں میں جو پرسدھ پُستکیں ہیں، ان کا انوواد ہندی میں ہو۔ یہ مجھے بہت آوشیک معلوم ہوتا ہے، اگر ہم دُنیا کی وِچاردھاراؤں کو سمجھنا چاہتے ہیں۔

ابھی ہم انگریزی سے جن پُستکوں کا انوواد کرتے ہیں ان کا پرچار بہت کم ہوتا ہے، کیونکہ ایسی پُستکوں کو سمجھنے والے اَدھک تر انگریزی پڑھے لوگ ہی ہیں، اور وہ ہندی انوواد نہ پڑھ کر مول انگریزی پُستک پڑھنا زیادہ پسند کرتے ہیں، پر یورپ کی دوسری بھاشاؤں کے انوواادوں کے وِشے میں یہ بات نہ رہے گی، کیونکہ انھیں مول میں پڑھنا گنے گنائے آدمیوں کے لیے ہی سُلبھ ہوگا۔

ہم آشا کرتے ہیں کہ ہمارے پاٹھک اس پرشن پر وِچار کریں گے اور وہ سجن بھی، جن کو بھرم ہے کہ ہندی کے راشٹر بھاشا ہونے سے پرانتی بھاشاؤں کو ہانی پہنچے گی، پرانتی بھاشاؤں اور ہندی کے سمبندھ کا واستوِک روپ سمجھیں گے۔ یہ کام بھارتی ساہتیہ سنگھ کا ہوگا کہ وہ نشچے کرے کہ پرانتی بھاشاؤں کی کون کون سی پُستکیں ہندی میں لائی جائے اور انھیں کس طرح سنسار ساہتیہ کے سامنے رکھا جائے۔ ہندی کو کوئی الگ بھاشا سمجھ کر اس سے اُداسین ہوجانا پرانتی بھاشا اور ساہتیہ کے لیے لابھ (1) پرد تو نہ ہوگا، ہاں راشٹر ساہتیہ کے لیے ہانی (2) کر البتہ ہوجائے گا۔

نومبر 1935

1۔ لابھ پرد۔ فائدہ مند 2۔ ہانی کر۔ نقصان دہ

راشٹر بھاشا کیسے سمرِدّھ ہو

ہمیں یہ دیکھ کر ہرش(1) ہوتا ہے کہ راشٹر بھاشا سے ہمارے نیتاؤں کی دلچسپی بڑھتی جا رہی ہے۔ مدراس میں ہندی پر چار پتاہ کے سمبندھ میں جناب مولوی جمال احمد، شری سی۔ راج گوپال چاری اور انیہ مہانو بھاؤں نے جو بھاشن دیے، ان میں راشٹر بھاشا کی انتی اور پرچار سے پیدا ہونے والی سنسکرتک(2) ایکتا کا مہتو سبھی نے سویکار کیا، مگر راشٹر پتی شری راجیندر پرساد نے اس پرشن کو دوسری ہی درشٹی سے دیکھا۔

آپ نے دکشن کی ایک سبھا میں بھاشن دیتے ہوئے کہا کہ راشٹر بھاشا پرچار سے ہی سمرِدّھا(3) ہوگی۔ جب وہ بھن بھن پرانتوں میں ویوہار میں آنے لگے گی، تب اُس میں نئے نئے شبد اور محاورے داخل ہوں گے اور ان کا بھنڈار دن دن بڑھتا جائے گا۔ ہم اس بھاشن کا ایک اَنش یہاں نقل کرتے ہیں۔

My point of veiw is that Hindi authors and readers should be requested to give up their horror of un-Hindi idioms and uses. The desire must be to absorb as many varieties of expressions as are available to them. some of the articles appearing in this magazines , by their very nature , are untranslatable in Hindi except by a use of the local idioms, In such articles such idioms have been retained with a view to make the language more effective. Hindi readers must develop catholicity of taste and an anxiety to secure enrichment of expression by an absorption of expressive idioms of other Provinces.

"میرے وِچار میں ہندی لیکھکوں اور پاٹھکوں سے یہ نویدن کرنا چاہیے کہ وے ہندی محاوروں اور ان کے ویوہاروں پر چھاتی پیٹنا چھوڑ دے۔ ان کی اِچھا یہ ہونی چاہیے کہ ابھی ویکت کے جتنے وِبھن روپ مل سکیں انھیں گرہن کریں۔ اس میگزین کے کئی لیکھ کچھ اس ڈھنگ کے ہیں کہ اُن کا ہندی میں

1۔ ہرش۔ خوشی 2۔ سنسکرتک ایکتا۔ تہذیبی اتحاد 3۔ سمرِدھ۔ پھیلنا

اُنّو واد ہونا کٹھن ہے، اس کے سوا کہ اَستھانی محاوروں کا ویوہار کیا جائے۔ ایسے لیکھکوں میں وہ محاورے جیوں کے تیوں رہنے دیے گئے ہیں جس میں بھاشا زیادہ سجیو ہو جائے۔ ہندی پاٹھکوں کو اپنی روچی میں اُدارتا لانی چاہیے، اور انھیں یہ آکانکشا ہونی چاہیے کہ انیہ پرانتوں کے اَرتھ پورن محاوروں سے اپنی بھاشا کو سمردھ بنائے''۔

سجیو بھاشائیں ہمیشہ دوسری بھاشاؤں سے اپنا کوش (1) بڑھاتی رہتی ہیں۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے ہندی میں ہزاروں انگریزی شبد اور محاورے آملے اور ملتے جا رہے ہیں۔ خود انگریزی بھاشا سنسار ویاپی ہونے کے کارن ودُھت (2) گتی سے بڑھ رہی ہے۔ سنسار کی ایسی کوئی بھاشا نہیں، جس سے انگریزی نے اپنا بھنڈار نہ بھرا ہو۔ آج کوئی انگریز لیکھک عرب جیون کے درشیہ دِکھانا چاہے، تو اُسے اُپیکت شبدوں کی کمی نہ ہوگی۔ منگولیا اور برازیل، عرب اور افریقہ، سبھی سے انگریزی کا سمپرک ہے اور اُن دیشوں کا ورتانت (3) لکھتے سَمَے انگریز لیکھکوں کو وہاں کے شبدوں اور محاوروں سے کام لینا پڑتا ہے۔ اس سے پرچار دُوارا انگریزی بھاشا دن دھنوان ہوتی جاتی ہے۔

ہندی کا چھیتر بھارت کی اَنیہ بھاشاؤں سے بڑا ہے، لیکن جب یہ راشٹر بھاشا بن رہی ہے تو اُسے سبھی پرانتی بھاشاؤں سے مدد لینی پڑے گی، ہاں اس کا دھیان رکھنا پڑے گا کہ اپنا کوش بڑھانے کی دُھن میں وہ اپنا رُوپ ہی نہ کھو بیٹھے۔ حیدرآباد میں جس ہندستانی بھاشا کا ویوہار نہیں ہوتا ہے، وہ ہندستانی کا بگڑا ہوا روپ ہے اور ہم اُسے ہندوستانی نہ کہہ کر دکھنی کہنے کے لیے مجبور ہیں۔ اگر ہندی کی بھی وہی گتی ہوئی، تو وہ دکھنی ہندی ہو جائے گی۔

ہندی کے مَولِک (4) روپ کو قائم رکھتے ہوئے ہم اُسے جتنا سمردھ بنا سکیں، اُتنا ہی اچھا ہے۔ جس ہندی کا بمبئی اور پُونا اور میسور اور مدراس، ڈھاکہ یا اڑیسہ میں اَہندی بھاشا جنتا دُوارا ویوہار ہوتا ہے، اگر کہیں وہی ہندی لکھنے میں بھی آنے لگی تو ہندی کا اَنت ہی ہو جائے گا۔ جس طرح بھِنّ بھِنّ دیشوں میں وِیوہت ہونے پر بھی انگریزی کی ایک مریادا ہے، جس سے کوئی باہر جانے کا ساہس نہیں کر سکتا، اُسی طرح ہندی کی بھی ایک مریادا ہے، اور اُس کا چاہے کتنا ہی وِستار ہو، اس کی اس مریادا کی رکشا ہونی آوشیک ہے۔

نومبر 1935ء

1۔ کوش۔ خزانہ 2۔ ودُھت۔ برق رفتاری 3۔ ورتانت۔ خودنوشت 4۔ مولک روپ۔ فطری شکل

'تر وینی' سے ہمارا نمرم نویدن

مدراس سے نکلنے والی انگریزی سہوگنی 'تر وینی' نے بھارتی ساہتیہ سنگٹھن کی ہماری آیوجنا اور 'ہنس' کا سواگت کرتے ہوئے ایک چھوٹا سا نوٹ لکھا ہے، جسے ہم نیچے دے رہے ہیں۔ ہماری سہوگنی نے بھی آدی سے ہی بھارت کی سانسکرتک ایکتا کا آدرش اپنے سامنے رکھا ہے اور بڑی یوگیتا کے ساتھ اس کا پالن کیا ہے۔ 'ہنس' کا اُدّیشیہ بھی یہی ہے۔ انتر کیول اتنا ہی ہے کہ جہاں 'تر وینی' بھارتی سنسکرتی اور ساہتیہ کو انگریزی کے مادھیم سے انتر راشٹری چھیتر میں لے جانا چاہتی ہے، وہاں 'ہنس' بھارت کے بھِنّ بھِنّ ساہتیوں میں گھنشٹتا پیدا کر کے اور سانسکرتک بھیدوں کو مٹا کر راشٹریہ سنسکرتی اور ساہتیہ کا روپ اِستھر کرنے کی چکش میں ہے۔ ہمارا دِچار ہے، جب تک ہمارا ایک ساہتیہ نہ ہو جائے اور ہماری سنسکرتی میں ایک رُدپتا نہ آ جائے، ہم اپنی ورتمان دِشا میں اپنے بھیدوں کو لے کر انتر راشٹریہ چھیتر میں کوئی سمّان کا اَستھان نہیں پا سکتے۔ جب تک ہم ساہتیہ اور سنسکرتی میں راشٹریتا کی منزل طے نہ کر لیں۔ انتر راشٹریہ کے لکشیہ تک پہنچ ہی نہیں سکتے۔ راشٹریتا ہی اَنتر راشٹریتا کی سیڑھی ہے۔ ہم اپنے اِچّھت اَستھان تک اس درمیانی سیڑھی دُوارا ہی پہنچ سکتے ہیں۔ جب تک بھارتی ساہتیوں میں پَرسپَر پَریچے نہ ہو، ان کے اَنتر راشٹریہ ساہتیہ میں اَستھان پانے کی بات تو ایسی ہی ہے کہ بھارت راشٹری سوادھینتا (1) پَراپت کیے بنا ہی انتر راشٹریہ سماج میں ملنے کا دعویٰ کرے۔ راشٹر کے جتنے اَنگ ہیں، ان سب کو پورا کیے بغیر راشٹریتا دُرلبھ ہے اور جس دیش میں راشٹریتا کی بھاؤنا اتنی وِشرنکھلا (2) ہو، وہ انتر راشٹری اُونچائیوں تک چڑھنے کے پَریتن میں منھ کے بل نیچے آ گرے تو آشچریہ نہیں۔ اگر بھارت میں بھِنّ بھِنّ اُپ راشٹر بنے رہیں گے اور سبھی اپنے ساہتیہ اور سنسکرتی کی پَرتھکتا کی رکشا کرتے رہیں گے اور ایک دوسرے سے ملنے کی کوشش نہ کریں گے، تو راشٹریتا کا وِکاس قیامت تک نہ ہوگا۔ ہمیں اپنی پَرانتی بھکت کو کچھ نہ کچھ تیاگنا پڑے گا۔ سنسکرتِک ایکتا کے بنا راج نیتک ایکتا ہو بھی جائے، تو استھائی نہیں ہو سکتی۔ اگر ہندی کی شریشٹھتا سِدھ کرنے کی غلطی کر رہے ہیں، تو اس کو چھمیہ سمجھنا چاہیے۔ جب تک اُنھیں اپنی

1۔ سوادھینتا۔ آزادی 2۔ وِشرنکھلا۔ بے ترتیب

یہ کی شریشٹتا(1) میں وشواس نہ آئے گا۔ وے ان کے لیے اپنے نئے اور بُدّھی کا بلیدان کیوں کریں
۔کسی نئے مت کی دیکشا لینے کے بعد ہم میں کچھ اُدنڈتا آہی جاتی ہے۔ یہ سوابھاوک ہے۔ ودوانوں کو
ے بالکوں کا اُتساہ سمجھ لینا چاہیے۔ ہندی راشٹر بھاشا بننے کے لیے اُدھیر نہیں ہے۔ اگر کوئی
common languag اور National language میں بھید کی کلپنا کر کے اپنے من کو
سنتوش دے سکتا ہے، تو ہمیں کوئی آپتی نہیں۔ ہم ہندوستانی کو common language ہی بنانے
کے اِچّھک ہیں اور ہمارا اُدیشیہ کیول یہی ہے کہ It might eventually serve as a
medium of communication between province and
province ہندی اس لیے سامانیہ بھاشا نہیں سویکار کی گئی ہے کہ اس کا ساہتیہ تلگو یا بنگلہ یا کنھیں اُنیہ
درجنوں ساہتیوں سے سریشٹھ ہے، بلکہ کیول اس لیے کہ اُسے زیادہ سے زیادہ سمجھتے اور بولتے ہیں اور اسی
لیے ساہتیہ ایکتا پراپت کرنے کے لیے ہمیں ہندی مادھیم کی ضرورت ہے۔ ہماری سمجھ میں اب تک یہ نہیں
آیا کہ اس آیوجن سے پرانتیہ بھاشاؤں یا ساہتیوں کو ہانی کیسے پہنچ سکتی ہے۔ کیا یہ کسی ساہتیہ کے لیے ہانی
کی بات ہے کہ اس کے پاٹھکوں کا چھیتر بڑھے اور اسے انیہ ساہتیوں سے پریچت ہونے کا اُوسر ملے؟ کیا
یہ تلگو یا تمل کے کویوں اور سولیکھکوں کے لیے ہانی کی بات ہے کہ ان کی رچناؤں سے ایک پرانت کے
بجائے سمپورن راشٹر فائدہ اٹھائے، یا ان کے پاٹھکوں کے لیے یہ اَنشٹ(2) کی بات ہے کہ انیہ ساہتیوں
کی وِل کرتیوں(3) سے آنند اُٹھانے کا انھیں اُوسر ملے؟ انگریزی اور انگریزی ساہتیہ دُوارا ہمیں سنسار
کے سبھی ساہتیوں سے پرِچے ملتا ہے۔ کیا یہ ہمارے لیے ہانی کی بات ہے؟ اگر یہ ہانی کی بات نہیں، تو کیا
بھارت کے انیہ ساہتیوں سے پرِیچت ہونا ہی ہانی پرد ہے، یا کیول اس لیے ہانی پرد ہے کہ وہ انگریزی
دُوارا نہ ہوکر ہندی جیسی غریب بھاشا دُوارا ہوتا ہے؟ یہی اُدھوک انگریزی دُوارا ہوتا، تو کیا ہماری
سہوگنی کے لیے اَدھک سنتوش کی بات ہوتی؟ کیا اور کسی بھاشا کے ذریعہ یہ ساہتیک ایکتا لائی جا سکتی ہے؟
اگر نہیں، تو ہندی یہ اُدھوگ کر کے کوئی بہت بڑا اپرادھ کر رہی ہے؟ انتر راشٹریہ ویوہار کے لیے ہمیں
انگریزی اَوشیہ پڑھنا چاہیے، پرانتی ویوہار کے لیے ماتر بھاشا ہے ہی، مگر راشٹریہ ویوہار کے لیے اب
ہمارے لیے ہندی سیکھنا لازم ہو گیا ہے۔ ابھی ہم ہندی کی اُوہیلنا(4) کر سکتے ہیں مگر شاید ایک سمے وہ
آئے گا جب اس کی اُوہیلنا نہ کی جا سکے گی۔

نومبر 1935ء

1۔شریشٹا۔عظمت 2۔اَنشٹ۔شرم 3۔وِل کرتی۔پیاری تخلیق 4۔اوہیلنا۔توہین

تروینی کا ایک چھوٹا انگریزی نوٹ نیچے دیا جا رہا ہے

*A COMMONWEALTH OF LITERATURES

We welcome the efforts that are being made by Mr. K. M. Munshi to give an all- India status to our provincial literatures.'Hansa' the Hindi magazine till now conducted by Sri Premchandji, will hereafter be edited conjointly Sjis, Munshi and Premchandji. It will publish articles about the different literatures, with personal sketches of writers and poets, and translations into Hindi of the more valuable literacy pieces. Triveni has similar aims, and since 1928, it has bestowei a great deal of attention on the literacy and cultural movements in Andhra, Maharashtra, Kranataka, and other linguistic units of India.In fact this has been a prominent feature of Triveni, and it is not quite accurace today to say that' we know the latest literacy and cultural activity in England, but not that of our neighbouring province.

While we readily recognise that it is useful to conduct a magazine in hindi for the benefit of all Indian provines. we believe that it is not less important that Indian literature should keep in touch with the literature of the world by the publication of articles on the Indian literature and translations of poems, plays and stories, in an international language like English. There are many ways in which Triveni and Hansa can co-operative with advantage. There is however, a wide spread feeling in South India that, in their zeal for the propagation of Hindi, the pracharaks are making exaggerated claims on its behalf; and referringto the literatures in Kannada, Tamil or Telugu with condescension.It is one thing to say that, as Hindi is spoken by the largest number of Indians, it might eventualy serve as a medium of communication between province. It is altogether different to exalt it to the position of a national language and impose it

on all provinces, to the detriment of the local language. We draw a distinction between a commaon language and a national language. There are several sub-natinalities in India, and to them their mother tongue is the national language and also the prime vehicle of creative self-expression. Hindi is not inherently superior to Telugu or Bengali; nor is its literature as rich and varied as the us. We respectfully warn Mr. Munshi against the subtle danger that lurks behind the Hindi movement. The 'HANSA' must steer clear of it.

ساہتیک کلبوں کی آوشیکتا

ہندی بولنے اور سمجھنے والوں کی سنکھیا بھارت میں پندرہ کروڑ سے کم نہیں ہے۔ بنگالی بولنے اور سمجھنے والے کل پانچ کروڑ ہیں۔ پھر بھی بنگالی پُستکوں کے دیکھتے، ہندی پُستکوں اور پتریکاؤں کی کھپت کچھ نہیں ہے۔ یہاں اچھی سے اچھی پتریکا بھی گھاٹے ہی پر چلتی ہے اور اچھی سے اچھی پُستک بھی گودام میں پڑی سڑتی ہے۔ کوئی سجن ایک پُستک منگا لیتے ہیں تو سارے محلّے میں لوٹ مچ جاتی ہے اور لوگ ایک دو میل سے اس کے لیے دوڑتے ہیں اکثر پُستک کے سوالی کو پُستک دیکھنے کو نہیں ملتی اور وہ ہاتھوں ہاتھ غائب ہو جاتی ہے۔ یہ کیفیت دیکھ کر وہ سوچتا ہے، کہاں سے اس بلا میں آ پڑے۔ پُستک نہیں دیتے تو بے مروّت کہلاتے ہیں۔ سوارتھی (1) کی اُپادھی ملتی ہے۔ دیتے ہیں تو لوٹ کر نہیں آتی۔ اس لیے پُستک منگائے ہی کیوں؟ یہ ہے ہمارا ساہتیہ نوراگ۔ پُستک پڑھنا تو چاہتے ہیں، پر گانٹھ کا پیسہ خرچ کر کے نہیں۔ جن کی معقول آمدنی ہے وہ بھی پُستکوں کی بھکشا مانگنے میں نہیں شرماتے۔

اگر یہی دشا رہے تو ہم نہیں سمجھتے، ساہتیہ کی اُنّتی کیسے ہوگی۔ پرکاشک نئے اُتساہ سے میدان میں آتا ہے پر سال دو سال میں گھر کی جمع گنوا کر بیٹھ جاتا ہے۔ نئی نئی پتریکائیں نکلتی ہیں اور دس پانچ ہزار کا خون کر کے پرستھان کر جاتی ہیں۔ اس شتھِلتا (2) کا ایک اُپائے جگہ جگہ ساہتیک کلبوں کا کھلنا ہے۔ پرتیک قصبہ اور گاؤں میں ایسے کلب استھاپت ہونے چاہییں۔ نگروں میں تو ہر محلّے میں ایسے کلبوں کا کھلنا واچھنی ہے۔ اگر دو ایک اُتساہی سجن بھی ہمّت کریں، تو انھیں دس، بیس، تیس ایسے ساہتیہ نوراگی مل جائیں گے جو اُسے چار آنے مہینے تک خوشی سے دے دیں گے۔ اگر ان کلبوں دوارا سو روپیے وارشک کی پُستکیں اور پتریکائیں کھپنے لگیں تو ساہتیہ کا اُدّار ہو سکتا ہے۔ سمست دیش میں اگر ایسے دس ہزار کلب بھی کھل جائیں تو بہت کچھ کام

1۔ سوارتھی۔ خودغرض 2۔ شتھلتا۔ انجماد

چل جائے۔ اس کلب کے ممبروں کا ایک کام یہ بھی ہوگا کہ وہ ساہتیہ پریمیوں کو ایک روپیہ، دو روپیہ، چار روپیہ سالانہ کی پستکیں خریدنے کے لیے نیم بدھ کریں۔ سبھیہ دیشوں میں ایسے کلبوں کی بڑی کثرت ہے اور یہی کارن ہے کہ وہاں معمولی کتابیں بھی پچاس پچاس ہزار تک بک جاتی ہے۔ ہمیں آشا ہے، ہندی سنسار اس پرستاؤ کی اور دھیان دے گا۔

جون 1931

پٹنہ کا ہندی ساہتیہ پریشد

21-22 ستمبر کو پٹنہ نے اپنے ساہتیہ پریشد کا کئی برسوں کے بعد آنے والا وارشک اتسو بڑی دھوم دھام سے منایا۔ ہندی کے شبد جادوگر شری ماکھن لال چترویدی سبھا پتی (1) تھے اور ساہتیہ کاروں کا اچھا جمگھٹ تھا۔ ہم تو اپنے دُربھاگیہ سے اس میں سمِلت ہونے کا گورو نہ پا سکے۔ شکر وار کی سَندھیا سے ہی ہمیں جوَر ہو (2) آیا اور وہ سوموار کو اترا۔ ہم چھٹپٹا کر رہ گئے۔ روی وار کو بھی ہم یہی آشا کرتے رہے کہ آج جوَر اتر جائے گا۔ اور ہم چلے جائیں گے۔ لیکن جوَر نے اس وقت گلا چھوڑا جب پریشد کا اُتسو سماپت ہو چکا تھا۔ پٹنے جا کر کھاٹ پر سونے سے کاشی میں کھاٹ پر پڑے رہنا زیادہ سُکھ تھا۔ اور یوں بھی بیماری کے سمے، چاہے وہ ہلکی ہی کیوں نہ ہو، بزرگوں کے متانوسار (3) اور دھرم شاستریوں کے آدیشا (4) نوسار کاشی کے سمیپ ہی رہنا زیادہ کلیان کاری ہوتا ہے۔ لوکِک اور پارلوکِک دونوں درشٹیوں سے اتا یو ہمیں آشا ہے کہ ہمارے ساہتیک بندھوؤں نے ہماری غیر حاضری معاف کر دی ہوگی۔ اس جوَر نے ایسا اچھا اوسر ہم سے چھین لیا، اس کا بدلہ ہم اس سے اُوشیہ لیں گے، چاہے ہمیں اہنسا نیتی توڑنی کیوں نہ پڑے۔ سبھا پتی کا جو بھاشن چھپ کر باسی بھات کے روپ میں ملا ہے، وہ گرم گرم کتنا سوادِشٹ ہوگا۔ یہ سوچتا ہوں تو ہی جی چاہتا ہے کہ جوَر مہودے کہیں پھر دیکھے۔ لیکن ان کا کہیں پتا بھی نہیں۔ اس بھاشن میں جیون ہے، آدیش ہے، مارگ درشن ہے اور ساہتیہ سیویوں کے لیے آدرش ہے، مگر آپ نے پُروَجوں کا بوجھ مستک پر لادنے کی جو بات کہی، وہ ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ ہمارا خیال ہے کہ ہم پُروَجوں کا بوجھا ضرورت سے زیادہ لادے ہوئے ہیں اور اس کے بوجھ کے نیچے دبے جا رہے ہیں۔ ہم اَتیت (5) میں رہنے کے اِتنے عادی ہو گئے ہیں کہ ورتمان (6) اور بھوشیہ (7) کی جیسے ہمیں چنتا ہی نہیں رہی۔ یورپ اور پچھّمی جگ اسی لیے ہماری اُپیکشا کرتا ہے کہ وہ ہمیں پانچ ہزار سال پہلے کے جنتو

1۔ سبھا پتی۔ صدر مجلس 2۔ جور۔ بخار 3۔ متانوسار۔ رائے کے مطابق 4۔ آدیشانوسار۔ حکم کے مطابق 5۔ اَتیت۔ ماضی 6۔ ورتمان۔ حال 7۔ بھوشیہ۔ مستقبل

سمجھتا ہے، جس کے عجائب گھروں اور پنجراؤں میں ہی استھان ہے۔ وہ ہمارے بھوج پتروں اور تعمیر لیکھکوں کو لاد لاد کر اس لیے نہیں لے جاتا کہ ان سے گیان کا ارجن کرے۔ بلکہ اس لیے کہ انھیں اپنے سنگراہالیوں میں سُر کشت رکھ کر اپنے وِجے گرو کو تُشٹ دے۔ اُسی طرح جیسے پُرانے زمانے میں وِجے کی لوٹ کے ساتھ نُرناریوں کی بھی لوٹ ہوتی تھی اور جلوس میں ان کا پردرشن کیا جاتا تھا۔ پراچین اگر ہمیں آدرش اور مارگ دیتا ہے تو اس کے ساتھ ہی روڑیوں اور اندھ وشواس بھی دیتا ہے۔ چنانچہ آج رام اور کرشن رام لیلا اور راس لیلا کی وَستو بن کر رہ گئے ہیں، اور بُدھ مہاویر ایشور بنا دیے گئے ہیں۔ یہ پراچین کا بھار نہیں تو اور کیا ہے کہ آج بھی اسنکھیہ پرانی، جس میں اچھے خاصے پڑھے لکھے آدمیوں کی سنکھیا ہے، ندیوں میں نہا کر اپنا من شُدھ کر لیا کرتے ہیں؟

پراچین ان راشٹروں اور جاتیوں کے لیے گرو کی وستو ہوگی اور ہونی چاہیے جو اپنے پُورؤجوں سے پراجے کا اَپمان اور روڑھیوں کا طوق ہی وِراثت میں ملا۔ وہ پراچین کے نام کو کیوں روئے۔ ایسے درشن کو کیا ہم لے کر چاٹیں، جس نے ہمارے پوروجوں کو اتنا اکرمنیہ (1) بنا دیا کہ جب بختیار خلجی نے بہار وِجے کیا تو پتہ چلا کہ سارا نگر اور قلعہ ایک وِشال واچنالیہ تھا۔ وِدوان لوگ مزے سے راجیہ کا آشرے پاتے تھے اور اپنی کُٹیا میں بیٹھے ہوئے پراچین شاستروں میں ڈوبے رہتے تھے۔ ان کے اِردگرد کیا ہو رہا ہے، دنیا کس گتی سے بڑھی جا رہی ہے، انھیں اس کی خبر نہ تھی۔ اور شاید بختیار ان وِدوانوں سے مزاحم نہ ہوتا اور ان کی برتّی جیوں کی تیوں بنی رہتی، تو وہ اسی تمنیتا(2) سے اپنے شاستر پڑھے جاتے اور آدھیاتمک وِچاروں کے آنند لوٹتے رہتے اور امرجیون کی منزل ناپتے چلے جاتے۔ اُدھر پچھم کے ناوک سمدر کے طوفان کا مقابلہ کر کے سنسار وِجے کر رہے تھے اور ہمارے بابا دادا بیٹھے مُکتی(3) کا مارگ ڈھونڈھ رہے تھے۔ پچھم نے جس وستو کے لیے تپسّیا کی، اسے وہ وستو ملی، یا ملے گی۔ جس کے لیے سنسار متھیا(4) ہو اور دکھ کا گھر ہو، اس کی یدی سنسار اُپیکشا کرے تو انھیں شکایت کا کیا موقع ہے۔ ہمیں سورگ کی اور سے نشچِت رہنا چاہیے۔ وہ ہمیں ملے گا اور ضرور ملے گا۔ چتر ویدی جی کے شبدوں میں گرنتھوں کے بندھنوں کے عادی ہم سوامی رام کے کتھن میں بھی مُکت کا گیت ڈھونڈھنے کے بجائے یدانت(5) کا بندھن ڈھونڈھنے لگے۔ اور کیوں نہ ڈھونڈھتے؟ بندھنوں کے سوا اور گرنتھوں کے سوا ہمارے پاس اور کیا تھا۔ پنڈت لوگ پڑھتے تھے اور یودھا لوگ لڑتے تھے اور ایک دوسرے کی بے عزتی کرتے تھے اور لڑائی سے فرصت ملتی تھی تو وِبھچار کرتے تھے۔ یہ ہماری ویوہارک سنسکرتی تھی۔ پستکوں میں وہ جتنی ہی اونچی اور پوتر

1۔ اکرمنیہ۔ حملہ آور 2۔ تمنیتا۔ تن دہی 3۔ مکتی۔ نجات 4۔ متھیا۔ توہم، جھوٹ 5۔ ودانت

تھی، ویوہار میں اتنی ہی نندھ اور نکرشٹ۔ آگے چل کر سبھا پتی جی نے ہماری ورتمان ساہتیہ منوورتی کا جو چتر کھینچا ہے، اس کا ایک ایک شبد۔تھارتھ (1) ہے۔

''ہم اپنی اس عادت کو کیا کریں۔ یدی کسی کے دوش سنتا ہوں تو ترنت مان لیتا ہوں اور اس اور بیہ کو پیٹ میں لے کر پھر باہر آتا ہوں اور اپنی ساہتیک پیڑھی کو اس بندھ ندھی خیرات بانٹتا ہوں۔ سنسار کے دوشوں کا میں بنا پرمان سرل وشواسی ہوتا ہوں اور یہ چاہتا ہوں کہ میری ہی طرح میرا پاٹھک بھی میری لوک نندا پر وشواس کرے۔ کنتو یدی کسی کے گن، کسی کی مولکتا کی کسی اُپجتا کی چرچا سنتا ہوں، تب میں اس کے لیے پرمان وصول کرنے کے اظہار لینا چاہتا ہوں۔''

اور بھاشن کے انتم شبد تو بڑے مرمراُسپرشی ہیں۔

ہم بڑے ہوں یا چھوٹے، ہم نے گھر گھر اور ویکتی ویکتی میں مرنے کا ڈر بو یا ہے۔ ہمارے لیے مار ڈالنا ہی گناہ نہیں، مرجانا گناہ ہو گیا...... آج کے ساہتیک چنتک پر ذمہ داری ہے کہ وہ پُروشارتھ کو دونوں ہاتھوں میں لے کر جینے کا خطرہ اور مرنے کا سوادا اپنی پیڑھی میں بوئے۔ یہ پُروشارتھ (2) شاستر دھاروں سے نہیں ہو سکتا، یہ تو قلم کے دھنیوں ہی کے کرنے کا کام ہے۔

اکتوبر 1935ء

1۔تھارتھ۔لائق عمل 2۔ پُروشارتھ۔جواں مردی

ہندی ساہتیہ کے ودیالیہ

دو سال پہلے ہندی ساہتیہ کے اچھکوں کے لیے پڑھائی دیوستھا کیول نام کو تھی۔ وشارد آدی (1) پریکشاؤں میں لوگ بیٹھتے تھے، مگر خود گھر پر پڑھ کر۔ پریاگ کا ہندی ودیا پیٹھ، کاشی کا بھگوان دین ساہتیہ ودیالیہ اور بسر سا کا ہندی وِدّیالیہ۔ تھا (2) سادھیہ ساہتیہ کی شکشا دیتے تھے۔ مگر دھن کی کمی اور شکشوں کے ابھاؤ کے کارن وے بہت تھوڑے سے چھاتروں کو لیتے تھے۔ نہ پڑھائی ہی نیمت روپ سے ہوتی تھی، نہ وے چھاتروں کے رہنے کا کوئی انتظام کر سکتے تھے۔ اس لیے باہر کے چھاتروں اور خاص کر دکشن بھارت والوں کو بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ بے چارے اتنی دُور کی یاترا کر کے آتے تھے اور یہاں کوئی سویدھا نہ پا کر نراش لوٹ جاتے تھے۔ ہرش کی بات ہے کہ ساہتیہ پریمیوں کے اڈّھوگ سے ادھر دو ساہتیہ ودیالیہ کھل گئے ہیں۔ جنھوں نے ساہتیہ کو ہی اپنا مکھیہ جھیتر بنالیا ہے۔ ان میں ایک ہے بہار پرانت کا، دیوگھر ساہتیہ وِدّیالیہ، دیوگھر کا دوسرا نام ویدھ ناتھ دھام ہے، جو تیرتھ استھان بھی ہے اور اچھی جلوایو کے لیے بھی پرسدّھ ہے۔ یہاں ہندی ساہتیہ سمیلن کی پریکشاؤں کی پڑھائی کا اچھا پربندھ ہے اس کے ساتھ انگریزی، سنسکرتی، شِلپ آدی کی شِکشا کی بھی وَیوستھا کی گئی ہے۔ ایک چھاترا واس بھی ہے۔ جہاں کیول پانچ روپے مہینے میں چھاتروں کو اچھا بھوجن مل سکتا ہے۔ وِیایام (2) کے لیے بھی انتظام کیا گیا ہے۔ اس ودیالیہ کے سنستھا پک کلکتے کے اُتساہی سجن شری یُت مدن لال جی کیاں ہیں۔ ودیالیہ کا پربندھ یوگیہ ویکتیوں کے ہاتھ میں ہے، جن میں شری جنار دن جھا، دِوِج، ایم اے اور شری یت لکشمی نارائن سنگھ، سودھانشو، ایم اے، ایل۔ ایل بی کے نام سے ہندی سنسار پریچت ہے۔ ہمیں یہ جان کر وشیش سنتوش (3) ہوا کہ ودیالیہ میں چھاتروں کو لیکھن اور سمپادن کلا کی شکشا بھی دی جاتی ہے۔

کھوپاپُور ساہتیہ وِدّیالیہ کو کھلے کیول تین سال ہوئے۔ یہاں بھی ہند۔ وشیش یوگیتا اور وشارد

1۔ وشارد۔ ایک طرح کی سند 2۔ ویایام۔ ورزش 3۔ سنتوش۔ قناعت

پریکشاؤں کی شکشادی جاتی ہے۔اس ورش میں آندھر،آسام، اُتکل، مہاراشٹر، گجرات اور پنجاب آدی اُہندی پرانتوں کے پچیس چھاتروں کو چھاتر ورتی دے کر شکشا دینے کی وَیوستھا کی جارہی ہے۔ساتھ ہی یہ پربندھ بھی کیا جارہا ہے کہ انگریزی کے ساتھ دیش کی دو اُنیہ پرانتی بھاشائیں بھی سکھائی جائیں۔ وِدیالیہ کے سنچالکوں نے یہ پربندھ کر کے اپنی اُدارتا کا پریچے دیا ہے، کیونکہ سنسکرتی وِکاس کے لیے ہمیں دوسروں کو اپنی بھاشا دینا ہی نہیں ہے ان سے لینا بھی ہے۔تبھی دان پرتی دان استھائی ہو سکے گا۔جن سجنوں کو کچھ پوچھنا ہو، ہندی ساہتیہ ودیالیہ، کھوپاپور، پوسٹ دِی ڈیہا (گورکھ پور) کے پتے سے پتر ویوہار کریں۔

اپریل،1936ء

بھارتی ساہتیہ پریشد

ہم پچھلے انکوں میں ایک اَکھل بھارتیہ ساہتیہ پریشد کی ضرورت پر اپنے وِچار لکھ چکے ہیں۔ ہمیں ہرش ہے کہ مہاراشٹر اور گجرات کے ساہتیہ پریشدوں نے بھی اس کی ضرورت تسلیم کی ہے اور اس کو کاریہ روپ میں لانے کا آندولن کر رہے ہیں۔ بھاشائیں تو ہر ایک پرانت کی الگ الگ ہیں، مگر سبھی بھاشاؤں میں سانسکرتِک اِیکتا موجود ہے اور ساہتیہ کی پَریرنائیں(1) بھی سبھی بھارتی ساہتیوں میں پرایہ ایک سی ہیں۔ پراچین اور مدھیہ کالین ساہتیہ سبھی بھاشاؤں میں یا تو بھکت پردھان ہیں یا شرنگار پردھان، مگر نئے ساہتیہ نے بھِن بھِن پرانتوں میں الگ الگ پرورتیوں(2) کو وِکست کیا ہے۔ آج کا جیون جتنا جٹل ہو گیا ہے اور اس پر نِتیہ نئے وِچاروں، نئے وعدوں نئے درشٹی کونٹروا کا جس طرح اثر پڑتا رہتا ہے، اُسی طرح نوین ساہتیہ بھی جو اُسی اُدگم(3) سے نکلتا ہے، وِشے، پرورتیوں، آدرشوں اور وِچاروں میں اتنا بہورنگی ہے کہ پرانتی ساہتیوں میں مولِک ایکتا ہونے پر بھی الگ الگ دھارائیں صاف نظر آتی ہیں۔ اب سمے آ گیا ہے کہ ان دھاراؤں کا سَمن وے(4) کیا جائے۔ پرانے زمانے میں ساہتیہ کار کیول سماج کا ایک بھوشن ماتر ہوتا تھا، اس کا سنچالن اور لوگ کرتے تھے، مگر نئے زمانے کا ساہتیہ کار اِتنا سَنتوشی نہیں ہے۔ وہ سماج کے پرشکار میں دخل دینا چاہتا ہے، راج نیتکیوں کی غلطیوں کو سدھارنا چاہتا ہے، جو کام وَیوستھاپک لوگ قانون اور دنڈ وِدھان سے کرنا چاہتے ہیں وہی کام وہ آتما کو جگا کر آنترِک آدیشوں سے پورا کرنے کا اِچھک ہوتا ہے۔ سماج میں اُس نے اپنا ایک اَستھان بنا لیا ہے، اور آج کوئی اَنت راشٹر اس کی اوہیلنا نہیں کر سکتا۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ بھارت کی سبھی بھاشاؤں کے ساہتیہ کاروں کا ایسا پریشد ہو، جس میں ساہتیہ اور کلا اور سنسکرتی کی سمسیاؤں پر وچار کیا جائے اور سبھی ایک دوسرے کے انوبھوؤں اور مدھیوں سے فائدہ اُٹھاوے اور جو قدم اُٹھاوے وہ وَیوستھِت روپ سے کتنے ہی ایسے پیچیدہ سماجک اور

1۔ پریرنا۔تحریک 2۔ پرورتی۔اصول 3۔اُدگم۔مرکز 4۔سمن وے۔رائج، ملا لینا

بودھک پرشن ہیں جن پر وچار دِیے کیے بغیر ہم کوئی رائے قائم کرنے میں اَسمرتھ ہو رہے ہیں۔ پرانتی پریشدوں میں پرسپر کوئی آدان پردان نہ ہونے کے کارن وے ایک دوسرے کی پرگتی سے بالکل بے خبر ہیں۔ ایک ہی کام کو الگ الگ سواتنتر روپ سے کرنے سے دھن اور شرم(1) کی جتنی چھتی ہوتی ہے کیا وہ سمن دے سے کم نہیں کی جاسکتی؟ ساہتیہ اب کیول بھکت اور شرنگار نہیں ہے وہ سماج شاستر بھی ہے، دھرم شاستر بھی ہے، اَرتھ شاستر بھی ہے اور سب کچھ ہے جس پر راشٹروں کا اَستِتو(2) ٹکتا ہے۔ ایسے مہتو کی طرف سے ہم اتنے دنوں کیسے غافل رہے یہ نہیں سمجھ میں آتا۔ بھاشا بھید ہی اس کا کارن تھا اور اب بھی ہے، لیکن بھید کے رہتے ہوئے بھی ہم ساہتیک سنگٹھن کو ملتوی نہ کرسکیں گے۔ ات یو وچار کیا گیا تھا کہ 3 اور 4 اپریل کو وردھا میں بھارتی ساہتیہ سیویوں کا پریشد بلایا جائے اور اس شُبھ کاریہ کا شری گنیش (3) کردیا جائے، لیکن کئی کارنوں سے ہمیں وہ تاریخیں بدلنی پڑیں اور اب یہ طے کیا گیا کہ ناگ پور ساہتیہ سمیلن کے اوسر پر 23-24 اپریل کو بھارتی پریشد کی بیٹھک بھی ہو۔ جب ساہتیہ سیویوں کی انتر راشٹری سبھائیں سے سے پر ہوتی رہتی ہیں تو ایک ہی راشٹر کے پرانتی ساہتیہ کار ایک دوسرے سے بے گانہ بنے رہے، ایک دوسرے سے پرکاش پانے کی کوشش نہ کرے اور ساہتیہ کی پرگتی کا اُچت مِشرن نہ کریں۔ یہ تو جیون کے لچھن نہیں۔ ہمیں آشا ہے، اس اوسر پر سبھی پرانتوں کے مہارتھی آنے کا کشٹ کریں گے۔ ساہتیہ سمیلن کیا ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کرپایا کہ اس پریشد کی وِیوستھا کرنا اس کا کرتویہ ہے؟

اپریل، 1936

1۔شرم۔محنت 2۔استِتو۔وجود 3۔شری گنیش۔افتتاح، ابتدا

پرگتی شیل لیکھک سنگھ

The Indian Progressive writer's Association پر ہم کسی پچھلی سنستھا میں آلوچنا کر چکے ہیں۔ ہم نے اس سنگھ کے اُدّیشہ اور کاریہ کرم کا بھی اُلیکھ کیا تھا۔ ہمیں ہرش ہے کہ سنگھ نے اُتساہ کے ساتھ کام شروع کر دیا ہے۔ اس کا مکھیہ کاریالیہ پریاگ میں ہے۔ علی گڑھ، لاہور، دہلی، امرتسر، لکھنؤ، آدی اُستھانوں میں اس کی شاکھائیں (1) کھل گئی ہیں۔ الٰہ آباد میں تو وہ ایک جمبو (2) ساہتیک سنستھا کا روپ دھارن کرتی جاتی ہے۔ جیسا اس کے نام سے ظاہر ہے۔ سنگھ اس ساہتیہ اور کلا پرورتی کا پوشاک ہے جو سماج میں جاگرتی اور اسکھورتی لائے، جو جیون کی یتھارتھ (3) سمسیاؤں پر پرکاش ڈالے۔ سنگھ نے لکھنؤ میں 10۔ اپریل کو اپنا سالانہ جلسہ کرنا نشچے کیا ہے۔ جن سجنوں کو سنگھ کے اُدّیشوں سے ہمدردی ہو، وہ شری یت ایس ایس ظہیر، 38 کینگ روڈ، الٰہ آباد سے پتر دیوہار کریں۔

اپریل، 1936

1۔ شاکھائیں۔ مراکز 2۔ جمبو۔ تازہ، زندہ دل 3۔ یتھارتھ۔ سچائی، حق

ہندی لیکھک سنگھ کا ایک ورش

ہندی لیکھک سنگھ کے جیون کا ایک ورش پورا ہو گیا۔ اس کے مکھ پتر 'لیکھک ' کے جیون کے بھی چھ مہینے سماپت ہوئے اور اب سے آ گیا ہے کہ ہم اس کے کاریہ کی آلوچنا کریں۔ لیکھک سنگھ کی ہندی میں ضرورت ہے، اس میں تو شاید اب کسی کو سندیہہ (1) نہ ہو۔ اس کے اُدیش (2) اونچے ہیں، کاریہ گمبھیر وسترت (3) ہیں اور اتنے تھوڑے سے سمے میں اس نے جو کچھ کیا ہے، اس پر اس کے اِنے گنے کاریہ کرتاؤں کو ہم بدھائی دے سکتے ہیں ابھی تک اس کی شکتی کیول سنگٹھن اور 'لیکھک ' کے پرکاشن کی اُور ہی رہی ہے۔ اس کے ساہتیک (4) اور سانسکرتک (5) انگ کی اُور بہت کم دھیان دیا گیا ہے۔ سدسیوں کی ہمیں ضرورت ہے، مگر یدی ہر ایک پاٹھک، لیکھک، کا گراہک بن کر لیکھک سنگھ میں پروشٹ ہو جائے تو سنگ میں اور سادھارن پتروں میں انتر ہی کیا رہتا ہے۔ سنگھ تو کیول لیکھکوں کی سنستھا ہونی چاہیے اور ان کے پاس ایسے سادھن ہونے چاہیے، جن سے وہ لیکھکوں میں آدان پردان کا ساہتیہ اور سنسکرتی کی سمسیاؤں پر پرکاش ڈالنے کا لیکھکوں میں پرسپر میتری اور سدبھاو پیدا کرنے کا اُدھوگ کر سکے۔ ان کاموں کے لیے دھن اور یوگیہ وکتیوں (6) کے سہوگ، دونوں ہی کی ضرورت ہے۔ سنگھ کے پاس کانی کوڑی بھی نہیں۔ ممبروں سے جو چندہ ملتا ہے، وہ، لیکھک، کے پرکاشن کے لیے بھی کافی نہیں ہوتا۔ یہی کارن ہے کہ سنگھ کے کاریہ کرتاؤں کی ساری شکتی اپنی ہستی بنائے رکھنے میں ہی خرچ ہو رہی ہے۔ لیکھکوں کو بہت اُپیوگی سامگری (7) دی ہے۔ پرتیک سنکھیا میں ایسی انیک باتیں رہتی ہیں، جو لیکھکوں کے لیے ضروری ہیں اور سمپادکوں نے اُسے اپیوگی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ جو کبھی کھٹکتی ہے، وہ یہ ہے کہ اس کا آلوچناتمک (8) انگ بہت کمزور ہے، حالانکہ اس پتر میں اس پر خاص زور دیا جانا چاہیے کہ سنگھ آلوچکوں

1۔سندیہہ۔شک 2۔اُدیش۔مقصد 3۔وسترت۔پھیلا ہوا 4۔ساہتیک۔ادبی 5۔سانسکرتک۔تہذیبی

6۔یوگیہ وکتی۔قابل شخصیت 7۔سامگری۔سامان،مواد 8۔آلوچناتمک۔تنقیدی

کی ایک گوشٹھی بنا کر چھاپنے والی پستکوں پر ان کی نشپکش سمیتی پر کاشت کیا کرے۔ اس سے لیکھکوں کا ہت بھی ہوگا اور ساہتیہ کا بھی۔ ہم ہنس کے پاٹھکوں سے انورودھ کرتے ہیں کہ وے لیکھک کے گراہک بنیں۔ جو یُوَک ہیں وہ سیکھنے کے لیے بنیں۔ جو ورِدھی (1) ہیں وے سکھانے کے لیے بنیں۔ ان کی ذمہ داری اپنی کرتیاں رچ کر ہی نہیں سماپت ہو جاتیں بلکہ آنے والوں کا مارگ پردرشن کا بھار بھی انھی پر ہے۔

دسمبر 1935

1۔ وِرِدھی، ضعیف، بوڑھے

پُستکالیہ آندولن

حال میں کلکتے میں پُستکالیوں کو سنگٹھت کرنے اور بھارت میں ایک پُستکالیہ سنگھ اَستھاپت کرنے کے وِچار سے ایک جلسہ ہوا ہے۔ پُستکالیہ کا راشٹر کے جیون میں کیا اَستھان ہے، یہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ اِتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ وِدّیالیوں نے زیادہ مہاپُرش پیدا کیے یا پُستکالیوں نے، تو شاید بازی پُستکالیوں ہی کے ہاتھ رہے گی۔ آج بھی سنسار کے مہان وَیکتیوں میں اَدھیکانش وہی ہیں، جنھوں نے پستکالیوں کے وِدیالیوں میں شِکشا پائی۔ بھارت میں پستکالیوں پر ابھی تک بالکل دھیان نہیں دیا گیا۔ دان ویروں کی پرورتی وِدّیالیوں ہی کی اُور رہی ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جنتا میں نئے نئے وِچاروں کے پرچار کے سب سے اچھے سادھن سے ہم وَنچت رہے۔ سرکار نے، نہ استھانیہ سنستھاؤں نے اس اُور اگرسر (1) ہونے کی آوشیکتا سمجھی۔

لیکن جیسا مسٹر لیچ وِلسن نے پُستکالیہ سمیلن کا اُدگھاٹن کرتے ہوئے کہا۔ پستکوں کا ایک استھان پر سنگرہ کر دینا ہی پُستکالیہ نہیں ہے۔ پستکیں سواتہ کچھ بھی نہیں ہیں۔ جب پستکادھیکش اُنھیں چن کر ان کا ورگی کرن کر کے انھیں آکرشک روپ سے پرِدوشت (2) کرتا ہے، تبھی پُستکالیہ کا نرمان ہوتا ہے، یہ بات ہمارے پُستکالیوں کے اَدھیکاری ابھی نہیں سمجھ سکے ہیں اور اسی لیے سماج میں پُستکادھیکشوں کا جو اَستھان ہونا چاہیے، وہ انھیں پراپت نہیں ہوا۔ اَدھیکانش پستکادھیکش تو اپنا کرتویہ یہی سمجھتے ہیں کہ پستکوں کی رکشا کرتے رہیں اور پستکوں کو جہاں تک ہو سکے کم اِشو کریں نہیں وے خراب ہو جائیں گی۔ اُنت دیشوں میں پستکادھیکش کا پد اچھے وِدّوانوں کو دیا جاتا ہے اور اس پد کو پراپت کر لینا گورَو کی بات ہے۔ بھارت میں اس پد کے لیے کوئی ایرا غیرا اُپیُکت (3) سمجھا جاتا ہے۔ وہ پستک پریمیوں کو کسی طرح کی صلاح نہیں دے سکتا، نہ اپنے پد کے مہتو کو سمجھتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ وہ اپنا یہی سمجھتا ہے کہ آپ جو

1۔ اگرسر۔ متحرک 2۔ پرِدوشت۔ آلودہ 3۔ اُپیُکت۔ لائق

پستک مانگیں، اُسے نکلوادے۔ اور جب تک اس پد پر سویوگیہ (1) ویکتیوں کو نہ رکھا جائے گا، تھوڑے بہت جو پستکالیہ موجود ہیں، ان سے بھی جنتا کو وشیش لابھ نہ ہوگا، ہمیلن کے سوا گتا دھیکش کے شبدوں میں کتنے شوک کی بات ہے کہ ہمارے کتنے بالک اَدھیا پکوں کے آپتی جنک دُروّیوہار کے کارن پستکوں کی اُرُوچی کے ساتھ وِدّیالیہ سے نکلتے ہیں اور یدی وِدّیالیوں میں ہمیں یوگیہ اور پرکاشوان ادھیا پکوں کی ضرورت ہے، تو پستکالیوں میں بھی وِچارشیل اور شِشٹ مُنشیوں کی ضرورت ہے، جنھوں نے بہت کچھ پڑھا ہو، جو پاٹھکوں کے صلاح کار بن سکیں، کسی خاص وشے پر اچھی کتابوں کا چناؤ کر سکے، اور پاٹھکوں میں سوادھیائے کی پرورتی کو پُشٹ کر سکیں۔

ستمبر 1933

1۔ سویوگیہ۔ قابل، اہل

پریتوش

ہنس کے آتمہ کتھانک (1) نکلنے کے لیے پہلے سہیوگی بھارت نے ہنس کے کاریہ کرتاؤں کو پرامرش (2) دیا تھا کہ آتمہ کتھانک نکالنے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا، یہ تو کیول آتمہ وگیاپن (3) کا ایک بہانہ ہے۔ شبد یہ نہیں تھے، پر بھاؤ کچھ ایسا ہی تھا۔ در بھاگیہ وش میں آتمہ کتھا کا بڑا پکشپاتی ہوں اور اُسے ساہتیہ کا مہتو پورن انگ سمجھتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ ان کے اس پرامرش سے جس میں آکشیپ کی گندھ بھی تھی، مجھے چھوبھ ہوا اور میں نے اپنے بھاؤ کو کاشی سے نکلنے والے پاکشک پتر، جاگرن، میں ایک چھوٹے سے نوٹ میں پرکٹ کیا۔ جاگرن کے سمپادک مہودے کو میرا وہ لیکھ پڑھ کر آشچریہ ہوا، مگر انھوں نے اس لیکھ کو آشچریہ ہوتے ہوئے بھی چھاپنا ہی اُچت سمجھا۔ ہاں، اپنی آتمہ شدھی کے لیے اس پر ٹپنیاں لگا دیں۔ میں نے چھاپے میں اس لیکھ کو پھر دیکھا تو مجھے اس کے لکھنے کا کھید ہوا۔ اخباری دُنیا میں اس قسم کے آکشیپ ہوتے رہتے ہیں۔ مجھے چھُبد ہونے کی کوئی ایسی سخت ضرورت نہ تھی۔ بھارت کو ہمارا وچار نہیں پسند آتا، تو یہ کوئی اسادھارن بات نہیں تھی۔ کسی اُدّھیوگ کو سبھی پسند نہیں کرتے۔ دو چار پسند کرتے ہیں۔ دو چار ناپسند کرتے ہیں۔ یہ تو دُنیا کا دستور ہے، لیکن خیر، بھول تو ہو ہی گئی، اب پچھتانے سے کیا ہو سکتا تھا۔ سمجھا تھا خیر، مجھ سے بھول ہوئی، تو بھارت ہی اِسے چھما کرے گا۔ مگر جاگرن کے تیسرے انک میں بھارت کے سمپادک پنڈت نند دُلارے باجپئی نے میرے اس لیکھ کا جو اُتر دیا ہے، اُسے پڑھ کر میرا وہ کھید مٹ گیا۔ انھوں نے روڑے کا جواب پتھر سے نہیں، بم گولے سے دیا۔ اس سے مجھے سچا پریتوش (4) ہوا۔ مجھے معلوم ہوا، میں ہی چھُبد ہونا نہیں جانتا، اس کلا میں مجھ سے کہیں دھورندھر کلاوِد پڑے ہوئے ہیں۔ باجپئی جی فرماتے ہیں۔

''پریم چند جی کے اُپنیاس ان کی پروپیگنڈ ورتی کے کارن کافی بدنام ہیں اور ہندی کے بڑے سے

1۔ آتمہ کتھانک۔ خودنوشت نمبر 2۔ پرامرش۔ مشورہ 3۔ وگیاپن۔ اشتہار 4۔ پریتوش۔ قناعت

بڑے سمیکشک (1) نے اس کی شکایت کی ہے... پریم چند کے سبھی سمیکشک جانتے ہیں کہ ان کا سب سے بڑا دوش جوان کی ساہتیہ کلا کو کلوشت کرنے میں سمرتھ ہوا ہے۔ یہی پروپیگنڈا ہے۔"

یہ جلے ہوئے دل کے شبد ہیں، جو شاید بہت دن سے بھرا بیٹھا تھا اور اس اوسر کو پا کر بھرپور زور سے وار کرنا چاہتا ہے۔ اس کا کیا جواب دیا جاسکتا ہے۔ سبھی لیکھک کوئی نہ کوئی پروپیگنڈا کرتے ہیں۔ ساماجک، نیتک یا بودھک اگر پروپیگنڈا نہ ہوتو سنسار میں ساہتیہ کی ضرورت نہ رہے، جو پروپیگنڈا نہیں کرسکتا وہ وچار شونیہ ہے، اور اُسے قلم ہاتھ میں لینے کا کوئی ادھیکار نہیں۔ میں اس پروپیگنڈا کو گرو سے سویکار کرتا ہوں۔ میرا وروده تو اس پروپیگنڈا کے آکشیپ سے ہے، جو مان اور لیش، کیرتی اور دھن موہ کے وش کیا جاتا ہے۔ جس آدمی نے جیون میں ایک بار بھی کسی ساہتیہ سمیلن یا سبھا میں شریک ہونے کا گناہ نہ کیا ہو، جو پلیٹ فارم کو سولی کا تختہ سمجھتا ہو، اُسے اپنا ڈھنڈورا پیٹنے والا کہنا نیائے نہیں ہے۔ یوں تو یہاں کسی آرڈیننس کا بھے نہیں۔ جو آکشیپ کوئی کرنا چاہے، کرسکتا ہے۔ واجپئی جی نے منووِگیان (2) کے ودّیارتھیوں کی حیثیت سے میرے اس لیکھ میں میری پروپیگنڈ ورتی دیکھ کر سنتوش لابھ کیا یہ میرے لیے بھی آنند کی بات ہے۔

ایک الزام تو ثابت ہوگیا۔ اب دوسرا الزام سنیے۔ فردِ جُرم کافی لمبی ہے۔ بھارت کے سمبندھ میں اتنی بُری سمّتی پڑھ کر ہمیں چھوبھ کنچت نہیں ہوا (غلط چھوبھ تو آپ کو اِتنا ہوا، جس کی مجھے سوپن میں بھی آشا نہیں تھی، کم سے کم اِسی وِچار سے کہ میں آپ سے عمر میں بہت بڑا ہوں اور سُتھیانے میں کیول آٹھ سال شیش ہیں) کیونکہ اس میں بھی ہمیں پریم چند جی کی اپنیاس کلا کا ایک رہسیہ ہی دیکھ پڑا۔ اپنیاس لکھنے کا پُرانا طریقہ یہ تھا کہ ایک پکش کو پرم دھارمک ویر اور ورنیہ بنا کر دوسرے کو حد درجے تک اس کے وِپریت بنا دیا جائے اور انھی دونوں وِرودھی دلوں کے سنگھرش سے کتھا کا وِکاس ہوتا رہے۔ یہ بہت پُرانا ڈھرا تھا، جس میں ستیہ کی اُور سے آنکھیں موند کر اُپنیاس کا ڈھانچہ کھڑا کیا جاتا تھا۔ جسے آدھونک وِکست ساہتیہ ایک زمانے سے چھوڑ چکا ہے۔

اس کا ارتھ ہے کہ میں اُسی پُرانے ڈھرّے کے دَقیانوسی ڈھنگ کی پُرانی لکیر کا فقیر بنا ہوا ہوں اور بھارت کے یشسوی سمپادک نئے سے نئے ڈھنگ کے ساہتیہ کے اپ ٹو ڈیٹ گیاتا (3) ہیں۔ یورپ کے پریس سے اُپنیاس ساہتیہ کی پستکیں نکلتے ہی ان کے پاس چلی آتی ہے اور وہ ان کو آلوچناتمک بدھی سے پڑھتے ہیں، اوروں کو یہ سوبھاگیہ کہاں نصیب۔ اِسی بھوگتا اور اَپ ٹو ڈیٹ پن کی تو برکت ہے

1۔ سمیکشک۔ ناقد 2۔ منووگیان۔ علم نفسیات 3۔ گیاتا۔ ماہر

کہ آپ بھارت میں ایسے ساہتیک تھوں کا پرتی پادن کرتے ہیں جنھیں ہم پرانی لکیر کے فقیر سمجھ ہی نہیں سکتے۔ یہی سوچ کر چت کو شانت کر لیتے، تو چھبدھ ہونے کی نوبت کیوں آتی۔ میں اپنے متر کو سوچت کرتا ہوں کہ ستیہ اور اُستیہ کا سنگھرش رامائن اور مہابھارت کال سے لے کر بیسوی صدی تک برابر چلا آتا ہے اور جب تک ساہتیہ کی سرشٹی ہوتی رہے گی، یہ سنگھرش ساہتیہ کا مکھیہ آدھار بنا رہے گا۔ مانوی ہردے نہیں بدلا کرتا اور نہ ساہتیہ تھو میں پری ورتن ہو سکتا ہے۔ ہاں، سطحی آنکھوں سے پڑھنے والوں کو چاہے نئے ساہتیہ میں وہ سنگھرش نہ نظر آئے کیونکہ نئے ساہتیہ سیوی پُرانی پری پاٹی کا ویوہار کرتے ہوئے بھی، نوین آدشکار کا گورَو پراپت کرنے کے لیے دھوکے کی ٹٹی کھڑی کیا کرتے ہیں۔ اور جو اوپر ہی اوپر تیرتے ہیں انھیں ایسا بھرم ہو جائے تو آشچریہ نہیں۔ ساہتیہ کا چھیتر ہے سوندریہ (1) کی سرشٹی، اور سوندریہ سمبندھ واچک ہے۔ سندر کی کلپنا ہی بنا اُسندر کے نہیں ہو سکتی، ویسے ہی جیسے پرکاش اندھکار کے سمبندھ سے ہی ویکت ہو سکتا ہے۔ میں نے بھی اپنی سبھی رچناؤں میں اس سنگھرش کو گپت رکھنے کی چیشٹا کی ہے جس میں مجھے بھی نوین آدشکار کا گورَو ملے اور اگر ہمارے متر نے کوئی اپنیاس پڑھا ہوتا تو وہ ایسی اسنگت بات نہ کہتے۔ سمبھو ہے بڑے سے بڑے سمیکشک نے ان سے یہ شکایت کی ہو، پر انھوں نے سُیم میری کوئی رچنا پڑھنے کا کشٹ نہیں اُٹھایا، یہ سدّھ ہے۔ بنا کوئی چیز پڑھے، اس کی آلوچنا کرنا، آج کل کا فیشن ہے اور مجھے اس کی شکایت نہیں۔

اس کے بعد دوسرا پیراگراف، بھارت، سمپادک کو آتمہ ورداولی سے شروع ہوتا ہے جس میں آپ نے ساتویں آسمان پر بیٹھ کر زمین پر پیر گھسیٹنے والے چُھدر پرانیوں پر دیا درشٹی ڈالی ہے۔ فرماتے ہیں۔

"ساہتیہ میں ہم سُدّھ ساہتیک سنسکرتی چاہتے ہیں، لاگ لپیٹ کچھ بھی نہیں۔ چاہے وہ ساہتیہ کا کوئی لیکھ ہو، پُستک ہو، اتھوا سنستھا ہو۔ ہم اس کی پرکھ اپنی اسی مول بھاؤنا کی کسوٹی پر کرتے ہیں۔ یدی ہم ہندی ساہتیہ سمیلن کے وِپکش میں ہیں، تو اس لیے کہ وہ واستو میں ساہتیہ سمیلن نہیں ہے"

کتنی شُدھ ساہتیہ سُدھا ورشٹ ہے! اہنکار کا ایک مہان کوتُل روپ ہے، الپ مت کی گورَو ے (2) شرینی میں رہنا چاہے اس کی سنکھیا ایک ہی طرف پریت ہو۔ کبھی بڑے بڑے وچار پرورتکوں نے اپنی اَکیلی آواز سے سنسار پر وجے پائی ہے اور یدی ہمارے یوگیہ، بھارت، سمپادک اس گورَو کے امید وار ہیں تو ہمیں شکایت کی کوئی گنجائش نہیں۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ کوئی ایسی بات کہے جو کوئی دوسرا نہ کہہ سکے، کوئی ایسا کام کر دکھاوے جو دوسرا نہ کر سکے۔ کبھی یہ ابھلاشا ہوتی ہے کبھی مہاتوا کانکشا سے

1۔ سوندریہ۔ خوب صورتی 2۔ گوردے۔ قابل فخر

پر یرت۔ ہم اسے واجپئی جی کے بلوان ویکتتو (1) اور اتول پرتبھا کا پرمان سمجھنے میں اس کی نظر میں ہندی کا کوئی لیکھک نہیں جچتا، میں ان باتوں سے نہیں چونکتا۔ آپ اس سے بھی کوئی بڑی انوکھی، نئی، ابھوت پورو بات کہیے، میں ذرا بھی نہ چونکوں گا۔ چنکوں گا ہی نہیں۔ اتنے مہان آدشکار کی اُپیکشا کون کر سکتا ہے، ہندی میں ایسا کوئی لیکھک نہیں، جس کی آتمہ کتھا لکھنے یوگیہ ہو۔ یہاں تو سبھی آتمہ وگیاپن کے اُپاسک (2) ہیں۔ کیول ایک اُپواد ہیں، اور وہ بھارت کے سویوگیہ سمپادک پنڈت نند دُلارے واجپئی، ایم اے۔ آشچریہ یہی ہے کہ انھوں نے بھارت، کا سمپادک ہونا کیوں سویکار کرلیا۔ کیونکہ سمپادکتو میں آتمہ وگیاپن کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے۔ ایسے گیانی پُرش کے لیے تو کوئی گپھا ہی زیادہ اُپیکت استھان ہوتی۔ یہاں کیسے بھول پڑے۔ بات یہ ہے کہ آپ انتر آتما چاہے سویکار کریں یا نہ کرے، لیکن 'ہم چناں دیگر ے نیست' آپ کے لیکھوں، ٹپنیوں کے ایک ایک شبد سے ٹپکا پڑتا ہے اور چوں کہ آپ اپنے لیکھکوں کو غلطیوں سے اوپر سمجھتے ہیں، انھیں ساہتیہ کے رتن مانتے ہیں، اس لیے جب میں نے ان پر اپنا وِرودھ وت پرکٹ کیا، تو آپ کو اسہیہ ہوگیا۔ اہنکار (3) نے ہم اور آپ جیسے ویکتیوں سے کہیں مہان پرشوں کو ہاسیاسپد (4) بنایا ہے۔ کوئی چونکانے والی بات نہیں۔

اس کے آگے آپ سپتم آکاش سے اوپر اُڑ گئے ہیں اور ساہتیہ کے اُدیشہ اور چھیتر کی پوِترتا پر گیان بھری باتیں کہی ہیں۔ ہم اس کا ایک ایک شبد سویکار کرتے ہیں۔ بے شک ساہتیہ ساتوِک جیون ہے۔ بے شک وہ کٹھن تپسیا اور مہان یگیہ ہے۔ لیکن جب کوئی سوتروں میں باتیں کرلے جس کو سمجھنے کے لیے کسی دارشنک کے پاس جانا پڑے تو پھر اس کا کیا جواب؟ بات بھی تو سمجھ آوے۔ اُداہرنارتھ ان واکیوں کو لیجیے۔

جہاں ویکتی کے ویکتتو کے کوئی سوتنتر دشے نہیں رہ جاتے۔ اچ ساہتیہ کی وہ بھاؤ بھومی ہے۔ وہاں اپری گرہ کا سامراجیہ ہے، فوٹو نہیں چھاپے جاتے۔ وہاں وانی مون رہتی ہے، گاتھا گانے میں سکھ نہیں مانتی۔ اس اُچ سور سے جتنے کریا کلاپ ہوتے ہیں، آتمہ پریرنا سے ہوتے ہیں۔

جہاں وانی مون رہتی ہے؟ وہ ساہتیہ ہے وہ ساہتیہ نہیں، گونگا پن ہے۔ ساہتیہ کا کام بھاوؤں کا انت کرن میں انوبھو کرنا ہی نہیں، ان کو ویکت کرنا ہے۔ وہ منو بھاو تبھی ساہتیہ کہلاتے ہیں جب وہ ویکت ہو جاتے ہیں، وانی میں پرکٹ ہوتے ہیں۔ تلسی داس نے رامائن دوارا اپنی آتما کو ویکت کیا ہے انیتھا آج ان کا کوئی نام بھی نہ جانتا۔ یہی شاید گورکھ دھندھے بھارت، کے ساہتیک لیکھکوں کی وِشیشتائیں

1۔ ویکتتو۔ شخصیت 2۔ اُپاسک۔ پیروکار 3۔ اہنکار۔ وجود 4۔ ہاسیاسپد۔ توہین کے لائق

ہیں، جن کا کوئی ارتھ نہیں ہوتا۔ اگر وانی مون رہنے کے سکھ مانتی، تو آج سنسار میں ساہتیہ شبد کا استتو(1) بھی نہ ہوتا۔

ان وا کیوں کا سیدھا سادہ ارتھ ہم سمجھ سکے ہیں، وہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ساہتیہ کاروں کو آتمہ وگیاپن نہیں کرنا چاہیے، یہ سبھی کے لیے نندھ ہے اور ساہتیک پرانیوں کے لیے اور بھی ادھک۔ اس کے ماننے میں کسی کو آپ سے مت بھید نہیں ہوسکتا لیکن کیا آتمہ کتھا اور آتمہ وگیاپن سمان ہیں؟ تھوڑے بہت اچھے یا بُرے انو بھو سبھی پرانیوں کے جیون میں ہوا کرتے ہیں۔ جو لوگ ساہتیہ کے رو کھے چھیتر میں آ کر اپنا تن من کھلاتے ہیں، وہ کیول آتم وگیاپن کے بھوکے نہیں ہوتے۔ آپ اپنے دارشنک گامبھیر یہ کے کارن، انھیں جتنا چاہے پتت سمجھ لے، پر ساہتیہ چھیتر میں جو کوئی بھی آتا ہے، وہ اپنی آتما کی پریرنا سے ہی آتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ پرم پد کو پراپت کر سکے یا نہ کر سکے۔ اسکول میں سبھی لڑکے تو گاندھی اور گوکھلے نہیں ہو جاتے، نہ سبھی بھارت سمپادک ہو جاتے ہیں، پر یہ کہنا کہ وے کیول وِدّیا بھیاس(2) کا سوانگ رچنے آتے ہیں، ایسی بات ہے، جس کا جواب خاموشی ہے۔ پھر ہم نے یہ دعویٰ تو نہیں کیا کہ ہنس کا آتمہ کتھا نک، امر ساہتیہ بنے گا، ہم اگر ایسی حماقت کرتے بھی۔ کیونکہ ہم پروپیگنڈِسٹ ہیں۔ تو بھارت سمپادک جیسے منسوی پرش کو ہمارے دعوے کی اپیکشا کرنی چاہیے تھی۔ لیکن ساہتیہ کے کوڑے کرکٹ سے ہی امر ساہتیہ کی سرشٹی ہوتی ہے۔ کوئی امر ساہتیہ کے لکھنے کا ارادہ کرکے امر ساہتیہ کی رچنا نہیں کرسکتا۔ جس پر ایشور کی کرپا ہوتی ہے وہی اس پد کو پاتا ہے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ ایک معمولی مزدور کے جیون میں بھی کھوجنے سے کچھ ایسی باتیں مل جائیں گی، جو امر ساہتیہ کا وشے بن سکتی ہیں۔ کیول دیکھنے والی آنکھ اور لکھنے والا قلم چاہیے۔ آگے چل کر آپ نے اس سے بھی زیادہ معرکہ کی باتیں کہی ہیں۔

'' ہمارے دیش میں آتمہ کتھا لکھنے کی پری پاٹی نہیں رہی۔ یہاں کی دارشنک سنسکرتی میں اس کا دِدھان نہیں ہے۔ یہاں کے سنت ہمالیہ کی کندراؤں میں گل کر وشوشکتی کی سمردھ(3) کرتے تھے اور کرتے ہیں۔ پراچین بھارت اپنا اِتی ورتّی اور اپنی آتمہ کتھا نشٹ کر آج چر جیون کا رہسیہ بتلاتا ہے اور جنھوں نے گاتھائیں لکھیں وہ بلا گئے۔ اس یگ کے مہاپرش مہاتما گاندھی نے جو آتمہ کتھا لکھی ہے، اس کی مول بھاؤنا ہے، پرائسچت، ارتھات وہ کیول نکاراتمک(4) یوجنا ہے، پرنتو پریم چند جی کیسی آتمہ کتھائیں لکھا رہے ہیں، یہ بتلانے کی ضرورت نہیں ہے۔''

پھر وہی شونیہ شبد اڈمبر، وہی رہسیہ بھری باتیں جو سننے میں گوڑ، پر واستو میں نرر تھک(5) ہیں۔

1۔ اَستتو۔ وجود 2۔ ودّیا بھیاس۔ علم کی مشاقی 3۔ سمردھ 4۔ نکاراتمک۔ انکار کے لائق 5۔ نرر تھک۔ بے معنی

بھارت کی وارشنک سنسکرتی میں سماچار پتروں کا دِھان بھی تو نہیں ہیں۔ پھر آپ کیوں بھارت کا سمپادن کرتے ہیں؟ پراچین کال میں بہت سی ایسی باتیں تھیں جواب نہیں ہے اور بہت سی ایسی باتیں نہیں تھیں جواب ہیں۔ تب کوئی انگریزی کا ایم اے بھی نہیں ہوتا تھا۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ آپ اپنے نام کے سامنے واجپئی اور ایم اے کی اپادھی کیوں لگاتے ہیں؟ کیول آتمہ وگیاپن کے لیے یا اس میں اور کوئی رہسیہ ہے؟ بھارت کے سنت ہمالیہ میں گل گئے مگر اَمر ساہتیہ کی سرشٹی بھی کر گئے، نہیں تو آج آپ اُپنشد، وید، رامائن اور مہابھارت کے درشن کرتے؟ کالی داس اور گھاگھ اور بھاس اور روان نے ساہتیہ لکھا یا نہیں؟ یا وہ بھی گل گئے۔ ان کے نام سے آتمہ وگیاپن کے اچھک جنوں نے پستکیں لکھ ڈالیں؟ پراچین بھارت نے اپنی آتمہ کتھا نہیں نشٹ کی۔ کبھی نہیں۔ ان کی آتمہ کتھا آج بھی سوریہ کی بھانتی چمک رہی ہے۔ ہاں کیول ان کا روپ یہ نہیں تھا۔ انھوں نے اپنی آتمہ کتھا منتروں اور شلوکوں اور آتمہ نوبھاؤں کے روپ میں لکھی۔ ہم آج گدھ لیکھ میں اور ڈائرکلی لکھ رہے ہیں۔ ساہتیہ میں کلپنا بھی ہوتی ہے اور آتمہ انوبھو بھی۔ جہاں جتنا آتما نوبھواُدھک ہوتا ہے، وہ ساہتیہ اُتنا ہی چِراستھائی (1) ہوتا ہے۔ آتمہ کتھا کا آشے ہے کہ کیول آتمہ انوبھو لکھے جاویں اس میں کلپنا کا لیش بھی نہ ہو۔ بڑے بڑے لوگوں کے انوبھو بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ لیکن جیون میں ایسے کتنے ہی اوسر آتے ہیں، جب چھوٹوں کے انوبھو سے ہی ہمارا کلیان ہوتا ہے۔ سوئی کی جگہ تلوار نہیں کام دے سکتی۔

آگے چل کر سہوگی نے پھر ایک اتینت وِواد اسپد بات (2) کہی ہے سنیے، ''ساہتیہ کو کیول وانی، وِلاس ماننے والے آدمی اس کے اپیوگتاواد کی دہائی دے سکتے ہیں، جیسے شری یُت پریم چند جی نے سریندر ناتھ بنرجی وغیرہ کا نام لے کر دی ہے، پرنتو ہم تو اُسے بہت ہی سادھارن کوٹی کی دھارنا مانتے ہیں۔ لوکک اُپکار ہی ساہتیہ کی کسوٹی نہیں ہے اور نہ وہ ساہتکار کے وِکاس میں سہایک بن سکتی ہے۔ نیتی کے دوہے لکھنے کے دن گئے۔ اس سے ہندی کے رچنا کاروں کو اپنے سنسکار اور اپنی سادھنا (3) کی آدشیکتا ہے۔ دوسروں کی بھلائی کا بیڑا دے آگے کبھی اُٹھاوے گا۔ پھر اس سادھارن پروپ کاری درشٹی سے بھی آتمہ کتھا لکھنے کے یوگیہ ہندی میں کتنے آدمی ہیں۔ کتنے ایسے مہاچرت ہیں جن کی جیونی ہندی جنتا کی پتھ نیامک بن سکتی ہے۔''

ان واکیوں کا کیا جواب دیا جائے؟ جب کوئی کہے جائے کہ سنسار میں سب اندھے ہی اندھے بستے ہیں۔ تو اس کا جواب ہی کیا ہوسکتا ہے۔ ایک آدمی اپنے جیون کے تتو آپ کے سامنے رکھتا ہے، اپنی

1۔ چِراستھائی۔ جس کا کوئی ایک خاص مقام نہ ہو 2۔ وِواد اسپد۔ قابلِ اعتراض 3۔ سادھنا۔ ورد کرنا

آتما کے سنشے اور سنگھرش لکھتا ہے، آپ سے اپنی بیتی کہہ کر اپنے چت کو شانت کرنا چاہتا ہے، آپ سے اپیل کر کے اپنے اُدھوگوں کے اوچتیہ پر رائے لینا چاہتا ہے اور آپ کہتے ہیں یہ وانی ولاس ہے۔ وانی ولاس آتمہ کتھا لکھنا نہیں، لطیفے کہنا ہے، ناٹکا کا سرنگار ورنن کرنا ہے۔ اپنے ہردے پٹ کو اپنی ٹھوکروں کو اپنی ہاروں کو پرکٹ کرنا اگر وانی ولاس ہے، تو پھر ساہتیہ وانی وِلاس ہی ہے اور اس کے سوا کچھ نہیں ہے۔

اب رہی ساہتیہ کی اپیوگتا کی بات۔ ساہتیہ کا مول آدھار ستیہ، سندر اور شو ہے۔ ساہتیہ کی سامگری منشیہ کا جیون ہے۔ کبھی کبھی چر اور اچر جیون بھی۔ پر اس کا اُدّیش بھی تو کچھ ہوگا۔ کیوں سنسار کے مہان پُرشوں نے ساہتیہ کی رچنا کی؟ بنا کسی اُدشیہ کے ہم انھیں متھیا وادی(1) نہیں سمجھتے، کیول اپنے آتمہ کی شانتی کے لیے؟ اس کے لیے لکھنے کی ضرورت نہ تھی۔ ساہتیہ کا جنم اپیوگیتا کی بھاؤنا کی رنی ہے۔ جو چتر کلا کار ہے وہ اُپیوگتا کو گپت رکھنے میں سپھل ہوتا ہے، جو اتنا چتر نہیں ہے، وہ اُپدیشک بن جاتا ہے اور اپنی ہنسی اُڑواتا ہے۔ اپیوگتا، مانسک، وارشنک وویوہارک یا کیول ونوداتمک(2) ہوسکتی ہے۔ مکھیہ کر کے بھاؤ کی سنسکرتی ہی اس کا گورَو ہے۔ جس وانی پُستک یا لیکھک میں اُپیوگتا کا تو نہیں ہے، وہ ساہتیہ نہیں کچھ بھی نہیں، گیتانجلی کو تو ساہتیہ کہیے گا؟ ٹالسٹائے نے تو ساہتیہ لکھا؟ تُلسی اور سور نے بھی تو ساہتیہ رچا؟ کیا اس کی کچھ بھی اپیوگتا نہیں ہے؟ اب رہ گئی یہ بات کی ہندی میں ایسے لکھنے والے کتنے ہیں، جن کی جیونی ہندی جنتا کی پتھ نیمک(3) بن سکتی ہے۔ آپ کا خیال ہے ایک بھی نہیں۔ میرا خیال ہے کہ میرے گھر کے مہتر کے جیون میں بھی کچھ ایسے رہسیہ ہیں، جن سے ہمیں پرکاش مل سکتا ہے۔ انتر یہی ہے کہ مہتر میں ساہتیک بدھی نہیں، لیکھک میں وہ بینا شکتی ہوتی ہے۔ ساہتہ کار کے وکاس کے اور کیا سادھن ہیں؟ یا تو اپنے انوبھو یا دوسروں کے انوبھو کسی بھی منش کا جیون اتنا تچھ(4) نہیں ہے، جس میں بڑے سے بڑے مہتر توں کے لیے بھی کچھ نہ کچھ وچار کی سامگری نہ ہو۔ مہتر ت(5) اسی طرح بنتے ہیں۔ گھوڑے پر سے بھی پھول کو چُن لینا نشدھ نہیں کہا جاسکتا۔ ایک مہاتما سے کسی نے پوچھا تھا۔ آپ اتنے بُدھیمان کیسے ہوئے؟ اس نے جواب دیا۔ مورکھوں کی صحبت سے۔

یہاں تک تو اوپر کی باتیں تھی۔ اب تو کی بات سنیے۔ شری بہت واجپئی جی فرماتے ہیں:

''پرنتو جب ہنس کی اور سے لکھا گیا کہ آتمہ کتھا نک تو نکلے گا ہی، تب میں نے لیکٹ پٹی لکھی تھی، جس پر بگڑ کر پریم چند جی لکھتے ہیں ہنس کو میری سمتی کی ضرورت نہیں ہے۔ پریم چند جی یدی ساہتیک شِشٹا چار کا پالن نہیں کر سکتے... تو ایسا نہ کرنے سے ان کی اَسہشنتا6 جو اَستیہ اور اسمیہ روپ دھارن کرتی ہے،

1۔ متھیا وادی۔ توہم پرست 2۔ ونوداتمک۔ تفریحی 3۔ پتھ نِک۔ رہنما 4۔ تچھ۔ حقیر، قابل نفرت

5۔ مہتر ت۔ عظیم فطرت کا 6۔ اسہشنتا۔ ناقابل برداشت حالت

اس سے دوسروں کو نہیں، ان کو اور ان کے پتر کو ہی چھتی اٹھانی پڑے گی ایسی آشنکا ہے۔

آشچر یہ ہے جاگرن کے انودیک شیل سمپادک مہودے کو ان پنکتیوں پر کوئی ٹپنی جمانے کی ذرا بھی ضرورت نہ معلوم ہوئی۔ آپ مجھے ایک رائے دیتے ہیں۔ میں کہتا ہوں مجھے آپ کی رائے کی ضرورت نہیں، میری جو اچھا ہوگی کروں گا۔ میں آپ کی رائے کا پابند نہیں ہوں۔ آپ نے آتمہ کتھا نک نکالنے کا وِرودھ کیا۔ آپ ہی کے جیسے بُدھی اور وِویک رکھنے والے بہت سے بھائیوں نے آتمہ کتھا نک نکالنے کا سمرتھن کیا۔ اگر اُشِشٹتا نہ ہو، تو میں جاگرن کے سمپادک کو بھی سمرتھکوں میں ہی رکھ سکتا ہوں۔ میں مانتا ہوں، اتنی رُوکھائی سے مجھے وہ واکیہ نہ لکھنا چاہیے تھا۔ مجھے اس کا کھید تھا اور بہت کچھ پریتوش ہو جانے پر اب بھی ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ ہم آپ کی بات نہیں مانتے، کٹھور ہوتے ہوئے بھی اتنا کٹھور نہیں ہیں، جتنا یہ کہنا کہ تم اُستیہ ہو اور سمیہ ہو اور اس کا خمیازہ تمہیں اٹھانا پڑے گا۔ لیکن جب اہنکار کو چوٹ لگتی ہے تو آدمی سمیہ رہنے کا پریاس کرنے پر بھی بوکھلا ہی جاتا ہے۔ انت میں ہم شری بت نند دُلارے جی واجپئی سے نمرتا کے ساتھ نویدن کرتے ہیں کہ میری تو ابھی بری کسی طرح کٹ گئی، دھن تو ہاتھ نہ لگا۔ حالانکہ کوشش بہت کی، اور اب اس فکر میں ہوں کہ کوئی گانٹھ کا پورا رئیس پھنس جائے تو اپنی کوئی رچنا اُسے سمرپن(1) کردوں، لیکن آپ کو ابھی بہت کچھ کرنا ہے، بہت کچھ سیکھنا ہے، بہت کچھ دیکھنا ہے۔ آدرش بہت اچھی چیز ہے، لیکن سنسار میں بڑے سے بڑے آدرش وادیوں کو بھی کچھ نہ کچھ جھکنا ہی پڑتا ہے۔ یہ نہ سمجھیے کہ جو کچھ آپ سمجھتے ہیں وہی ستیہ ہے، دوسرے نِرے گاؤدی ہیں(2)۔ مدبھید ہونا سوابھاوک ہے، لیکن جن سے مت بھید ہو، انھیں نیچ نہ سمجھیے۔ جسے آپ نیچا سمجھیں گے وہ آپ کی پوجا نہ کرے گا۔ اب غصہ تھوک دیجیے جیسے آپ نے بگڑ کر من کو شانت کرلیا، میں نے آپ کے بگڑنے کا آنند اُٹھا کر من کو شانت کرلیا۔ آیئے ہاتھ ملالیں۔

مارچ،1932

1۔ سمرپن۔ نذر 2۔ گاؤدی۔ بے وقوف

پتروں کے گراہکوں کا آپتّی جنک ویوہار

بھارت ورش میں پتر پتریکاؤں کی جو دشا ہے، وہ کسی سے چھپی نہیں ہے۔ ہندی میں تو دو ایک کو چھوڑ کر اور سبھی گھاٹے پر چل رہی ہیں۔ پرشن ہوگا جب سبھی کو گھاٹا ہو رہا ہے، تو وے بند کیوں نہیں کر دی جاتی؟ جس چیز کے گراہک نہیں اُسے تیار کرنے کا فائدہ؟ لیکن کیا ہمارے اسکول یا کالج یا ودیالیہ نفع پر چل رہے ہیں؟ ان کا کام شکشا کا پرچار کرنا ہے، اپنا کام کر رہے ہیں اس پوتر اُدّیشہ کے لیے نقصان اُٹھانا بُری بات نہیں۔ پتر پتریکاؤں کا بھی یہی کام ہے۔ وے وِچاروں کا پرچار کرتی ہے اور کچھ نقصان اُٹھانے کو تیار رہتی ہیں، لیکن جس طرح اسکول یا کالج کے چھاتر ماہ وار فیس دینا بند کر دے، تو ودیالیہ نقصان اُٹھانے کے لیے تیار ہونے پر بھی نہ چل سکے گا، اُسی بھانتی پرتیک پتر کو گراہکوں پر بھی کچھ نکیہ کرنا پڑتا ہے۔ وہ اس پرچار کے کام میں ایک طرح سے پاٹھکوں کو بھی سہیوگی بنالیتا ہے۔ پاٹھک چار روپیہ یا چھ روپیہ دے کر کیول پتریکا کے گراہک ہی نہیں ہوتے، اُس سنستھا دوارا ہونے والے پرچار کے شریہ کے بھاگی بھی ہوتے ہیں۔ یہاں کیول گراہک اور دوکان دار کا ناطہ نہیں ہے ایسی دشا میں جب ہم دیکھتے ہیں کہ پاٹھک پتریکاؤں کے ساتھ اپنے کرتویہ (1) اور ذمہ داری کا بالکل وِچار نہیں کرتے، تو بڑا دُکھ ہوتا ہے۔ آپ کسی کے گراہک رہیں یا نہ رہے، یہ آپ کی خوشی پتروں کے وِیوستھا (2) پک یہ تو چاہتے ہیں کہ ان کے گراہک جتنے ہی زیادہ ہوں گے، اُتنا ہی ان پر آرتھک (3) بھار کم پڑے گا۔ اسی لیے وے پاٹھکوں کی خوشامد کرتے رہتے ہیں لیکن پاٹھک کو اس بات کا پورا ادھیکار ہے کہ اپنا چندہ پورا ہو جانے کے بعد وہ نئے ورش کے لیے گراہک بنے یا نہ بنے، لیکن کتنا اچھا ہو کہ وے وی پی کی سوچنا پہنچتے ہی ایک کارڈ ڈال کر اپنے انکار کی سوچنا دے دیں، لیکن انوبھو یہ ہے کہ تین تین مہینے پہلے سے سوچنا دینے اور بار بار نویدن کرنے پر بھی کہ یدی آپ کو اگلے سال پتر کا گراہک بننا سویکار نہ ہو، تو آپ ایک کارڈ دوارا اطلاع دے دیجیے، کوئی سوچنا نہیں آتی۔ مگر جب اس مون (4) کو پراچین شِشٹاچار کے انوسار انومتی کا لکھن سمجھ کر پتر وی پی سے بھیج

1۔ کرتویہ۔ فریضہ 2۔ ویوستھا پک۔ منتظم 3۔ آرتھک۔ معاشی 4۔ مون۔ خاموشی

دیا جاتا ہے تو گراہک اُسے ترنت لوٹا دیتے ہیں، ذرا بھی نہیں سوچتے کہ وی پی کے بھیجنے میں کتنا خرچ پڑا ہوگا۔ ان کے نام کی پتریکا چھاپنے میں بھی کچھ نہ کچھ خرچ پڑا ہی ہوگا اور دفتر کو جو لکھا پڑھی کرنی پڑتی ہے، وہ الگ اور کھید تو یہ ہے کہ ایسے کرپالو پاٹھکوں میں اچھے اچھے پڑھے لکھے سجن ہوتے ہیں۔ اپنے تین پیسے نہ خرچ کر کے پتروں سے آٹھ آنے خرچ کرا دینا کون سی بھل منشی یا شششتا ہے؟ اس کے سوا اور کیا کہا جائے کہ یہ بھی ہمارے چرتر کے پتن (1) کا ایک چنھ ہے جو دیش کو غلام بنائے ہوئے ہے۔ جس دیش کے شکست سماج میں شششتا (2) کا اتنا لجا جنک ابھاؤ ہو، جہاں سوارتھ کی ماترا اتنی بڑھ گئی ہو، اس دیش کا ایشور ہی مالک ہے۔

مئی، 1933

1۔ پتن۔ زوال 2۔ شششتا۔ عظمت، بزرگی

جاپان میں پتروں کا پرچار

جاپان کی جن سنکھیا لگ بھگ ساڑھے چھ کروڑ ہے۔ وہاں گیارہ سو سینتیس دینک اور دو سو پچیس سپتاہک اور ماسک پتر نکلتے ہیں۔ بعض دینکوں کی گراہک سنکھیا دس سے بیس لاکھ تک ہے۔ ان پتروں کی آرتھک دشا کا انومان اس سے ہوسکتا ہے کہ اوسا کا مینچی پتر کے کاریالیہ کے بنوانے میں تینتیس لاکھ روپے لگے تھے، ٹوکیو نیچی کا بھون بھی قریب قریب ایسا ہی ہے۔ ''اساہی'' کمپنی نے بھی ٹوکیو میں بتیس لاکھ کی لاگت سے ایک وشال بھون بنوایا ہے۔ ایک ایک کاریالیہ میں دو تین ہزار آدمی کام کرتے ہیں۔ کیول سمپادکی وبھاگ میں چار پانچ سو آدمی ہوتے ہیں۔ جاپان اور بھارت کی ویکتی گت (1) آے میں اتنا بڑا انتر نہیں ہے۔ اس کی آبادی بھی یہاں کی آبادی کا ایک پانچ سے اَدھک نہیں ہے۔ پھر بھی وہاں کے پتر کتنی اُنت (2) دشا میں ہے۔ بھارت میں تو ایسا شاید ہی کوئی پتر ہو جس کا پرچار پچاس ہزار سے ادھک ہو۔ اس کا کارن تو یہ ہوسکتا ہے کہ یہاں ہر ایک پرانت کی الگ بھاشا ہے۔ لیکن ہندی بھاشی پرانتوں کی جن سنکھیا تو لگ بھگ جاپان جن سنکھیا کی ڈیوڑھی ہے پر کوئی بھی ہندی دینک، جہاں تک ہمارا انومان ہے، بیس ہزار سے اَدھک نہیں چھپتا۔ ادھیکانش تو چار پانچ ہزار کے اندر ہی رہ جاتے ہیں۔ ایسی دشا میں پتروں کی اُنتی کیوں کر ہوسکتی ہے۔

فروری، 1933

1۔ ویکتی گت آے۔ فی کس آمدنی 2۔ اُنت دشا۔ ترقی یافتہ شکل

ایک سارودیشک ساہتیہ سنستھا کی آوشیکتا

بھارت میں وگیان(1) اور درشن(2) کی اتہاس اور گنزت کی شکشا اور راج نیتی کی آل انڈیا سنستھائیں تو ہیں، لیکن ساہتیہ کی کوئی ایسی سنستھا نہیں ہے، اس لیے سادھارن جنتا کو انیہ پرانتوں کی ساہتیک پرگتی(3) کی کوئی خبر نہیں ہوتی اور نہ ساہتیہ سیویوں کو ہی آپس میں ملنے کا اوسر ملتا ہے۔

بنگال کے دو چار کلاکاروں کے نام سے تو ہم پریچت ہیں۔ لیکن گجراتی، تمل، تلگو اور ملیالم آدی بھاشاؤں کے نرماتاؤں سے ہم بالکل اَپریچت ہے۔ انگریزی ساہتیہ کا تو ذکر ہی کیا۔ فرانس، جرمنی، روس، پولینڈ، سویڈن بیلجیم آدی دیشوں کے ساہتیہ سے بھی انگریزی انوواوں دوارا ہم کچھ نہ کچھ پریچت ہو گئے ہیں، لیکن بنگلہ کو چھوڑ کر بھارت کی انیہ بھاشاؤں کی پرگتی کا ہمیں بالکل گیان نہیں ہے۔ ہر ایک پرانتی بھاشا اپنا سمیلن الگ الگ کرتی ہے اور کرنا ہی چاہیے۔ ہر ایک پرانت میں لوکل کونسلیں ہیں، پرانتی ساہتیوں کی کیندریہ سنستھا کہاں ہیں؟ ہمارے خیال میں ایسی ایک سنستھا کی ضرورت ہے اور یدی ساہتیہ سمیلن اس کی استھاپنا کرے، تو وہ راشٹر اور ہندی کی بڑی سیوا کرے گا۔

ابھی تک ہندی نے جو وستار(4) پراپت کیا ہے، وہ ایک پرکار سے اپنی شکتی دوارا کیا ہے۔ ہندی ہی ایک ایسی بھاشا ہے، جو بھارت کے سبھی بڑے شہروں میں سمجھی جاتی ہے، چاہے بولی نہ جاتی ہو۔ اگر انگریزی بیچ میں نہ آ کھڑی ہوتی تو انیہ پرانتوں کے نواسی ایک دوسرے سے ہندی ہی میں باتیں کرتے اور اب بھی کرتے ہیں۔ یدیپی وہی جو انگریزی سے ان بھگ(5) ہیں۔

اب وہ سمے آ گیا ہے کہ پرانتی بھاشاؤں کا سمبندھ زیادہ گھنشٹ کیا جائے اور ہمارے سنکاروں کا ایسا سمن دے ہو جائے کہ ہم راشٹری بھاشا کا ہی نہیں، راشٹریہ ساہتیہ کا نرمان بھی کر سکیں۔ ہر ایک پرانت کے ساہتیہ کی اپنی اپنی وشیشتائیں ہیں۔ یہ آوشیہ ہے کہ ہماری راشٹر بھاشا میں ان ساری

1۔ وگیان۔ سائنس 2۔ درشن۔ فلسفہ 3۔ پرگتی۔ ترقی 4۔ وستار۔ وسعت 5۔ اَن بھگ۔ ناواقف

وِشیشتاؤں کا سامنجسیہ (1) ہو جائے اور ہمارا ساہتیہ پرانتیتا کے دائرے سے نکل کر راشٹریتا کے چھیتر میں پہنچ جائے۔ اس وشے میں ہم انیہ بھاشاؤں کے کرن دھاروں کی سہایتا اور سہیوگ سے جتنا آگے بڑھ سکتے ہیں، اُتنا اور کسی طرح نہیں بڑھ سکتے۔ یوں تو کئی بنگلہ اور مراٹھی کے وِدوان ہندی میں برابر لکھ رہے ہیں اور انومان کیا جاسکتا ہے کہ ہندی کا چھیتر سدیو پھیلتا جائے گا، لیکن ایسی ایک راشٹریہ ساہتیہ سنستھا دوارا ہم اس پرگتی کو اور تیز کرسکتے ہیں۔

ابھی ہمیں بمبئی جانے کا اوسر ملا تھا۔ وہاں ہمیں گجرات کے پرمکھ ساہتیہ سیویوں سے بات چیت کرنے کا سوبھاگیہ پراپت ہوا۔ ہمیں معلوم ہوا کہ وے ایسی سنستھا کے لیے کتنے اُتسک (2) ہیں، بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ پرستاؤ اُنھیں مہانو بھاؤں کا تھا اور میں ہندی ساہتیہ سمیلن کے مان نیہ ادھیکاریوں سے انورودھ کروں گا کہ وے اس پرستاؤ کو کاریہ روپ میں پرینت کریں۔ ہندی کا پرچار سمست بھارت میں بڑھ رہا ہے۔ یدی ساہتیہ سمیلن ایسی سنستھا کا آیوجن کرے تو مجھے وشواس ہے کہ انیہ بھاشاؤں کے لیکھک اس کا سواگت کریں گے اور ہندی کا گورو بھی بڑھے گا اور وِستار بھی۔

یہ کون نہیں جانتا کہ بھارت میں پرانتیتا کا بھاؤ بڑھتا جا رہا ہے۔ اس کا ایک کارن یہ بھی ہے کہ ہر ایک پرانت کا ساہتیہ الگ ہے۔ یہ آدان پردان اور وِچار دنے ہی ہے، جس کے دوارا پرانتیتا (3) کے سنگھرش کو روکا جاسکتا ہے راشٹروں کا نرمان اس کے ساہتیہ کے ہاتھ میں ہے۔ یدی ساہتیہ پرانتی ہے تو اس کے پڑھنے والوں میں بھی پرانتیتا اُدھک ہوگی۔ اگر سبھی بھارتی بھاشاؤں کے ساہتیہ سیویوں کا وارشک ادھیویشن (4) ہونے لگے، تو سنگھرش کی جگہ سوبھیہ، سہکاریتا کا بھاؤ اتپن ہوگا اور یہ نشچے روپ سے کہا جاسکتا ہے کہ ساہتیوں کے سنگٹ ہو جانے سے پرانتوں میں بھی سامیپیہ (5) ہو جائے گا۔ جن وِدوانوں کا ابھی ہم نے نام ہی سنا ہے، انھیں ہم پرتیکش دیکھیں گے، ان کے وِچار ان کے شری مکھ سے سنیں گے اور ست سنگ سے بہت سے بھرم، بہت سی سنکیرتائیں آپ ہی آپ شانت ہو جائے گی۔ انتر ہم پی ای این نامک وِشو ساہتیہ سنستھا کا سنکشیپ ویورن پرکاشت کر رہے ہیں۔ جب بڑی بڑی انت بھاشاؤں کو ایسی ایک سنستھا کی ضرورت معلوم ہوتی ہے، تو کیا بھارت کی پرانتی بھاشاؤں کا ایک کیندریہ سنستھا سے سمبندھ ہو جانا آوشیک نہیں ہے؟ بھارت کی آتما، ابھویکتی (6) کے لیے اپنے ساہتیہ کاروں کی اور دیکھ

1۔ سامنجسیہ۔ اشتراک، میل میلاپ 2۔ اُتسک۔ جذباتی، خواہش مند 3۔ پرانتیتا۔ علاقائیت 4۔ ادھیویشن۔ کانفرنس
5۔ سامیپیہ۔ قربت۔ 6۔ اَبھویکتی۔ کچھ کہنے کی صلاحیت

رہی ہے۔ دارشنک اُس کے وِچاروں کو پرکٹ کرسکتا ہے، وگیانک اس کے گیان کی بدّھی کرسکتا ہے اس کا عزم، اس کی ویدنا، اس کا آنند، اس کی ابھلاشا، اس کی مہتوا کانکشا تو ساہتیہ ہی کی وستو ہے اور وہ مہان شکتی پرانتی سیماؤں کے اندر جکڑی پڑی ہوئی ہے۔ باہر کی تازا ہوا اور پرکاش سے وہ ونچت ہے اور یہ بندھن اس کے وکاس اور وِردّھی سے بھاوک ہو رہا ہے۔ شرشٹ دھارائیں اپنے ایکانت پتھ پر چل کر سنکیرن اور پرواہ شونیہ ہوگئی ہیں۔ ان دھاراؤں کو سمنوِت کرکے ہم ان میں پرواہ اور پرگتی اتپن کرسکتے ہیں۔ اور یہ ہندی، ساہتیہ سمیلن کا ان یسترِ گیک کرتویہ ہے۔

فروری، 1934

ہندی لیکھک سنگھ

ہندی لیکھک سنگھ کے سنگٹھن کے وشے میں شری ستیہ جیون جی ورما جو آندولن کرر ہے ہیں، ان کے وشے میں آپ نے سنگٹھن کے لیے ایک اپیل پرکاشت کی ہے اور ابھی تک کے پرستاوت وچاروں کے آدھار پر ایک ویورن(1) پتر بھی بناڈالا ہے۔ جب سبھی چھیتروں میں اس سے سنگٹھن ہوتا جارہا ہے، تب کوئی کارن نہیں کہ لیکھکوں کا بھی ایک سنگٹھن نہ ہو۔ آشا ہے لیکھک ورگ اسے آوشیک سمجھے گا اور شری ستیہ جیون جی ورما کے پاس سے آویدن پتر تتھا ویورن پتر منگا کر، پرستاوت ویورن کو دیکھ کر سنگھ کا سدسیہ بن جائے گا اور اپنے سموادائے(2) کی ہت رکشا میں بھاگ لے گا۔ شری ستیہ جیونی ورمانے لیکھک سموادائے سے جو اپیل کی ہے وہ اس پرکار ہے۔

مانیور مہودے!

لیکھک سنگھ کے سنگٹھن کے پرستاو پر پتروں میں کافی چرچا ہو رہی ہے جسے آپ نے دیکھا ہوگا۔ پرایہ سبھی لوگ اس پرستاو سے کسی نہ کسی روپ میں سہمت ہیں۔ یہ پرستاو نہیں۔ آپ نے سُیم بھی کسی نہ کسی سے اس پرکار کی ایک سنستھا کی آوشیکتا کا انوبھو کیا ہوگا۔ پرستت(3) پرستاو اسی چروانچھت ابھلاشا کی پورتی کے لیے کیا گیا ہے۔

سنگٹھن کا یہ یگ ہے۔ سارا سنسار سنگٹھن کی اور دوڑ رہا ہے۔ سماج میں پرتیک شرینی کے لوگ اپنا اپنا سنگٹھن کرر ہے ہیں۔ یہ اتینت وانچھنیہ ہے۔ اب یگ بدل گیا ہے۔ پرتیک ورگ اپنے سؤتوں اور آدرشوں کی رکشا کے لیے کسی نہ کسی روپ میں بہومت کی آکانکشا کرتا ہے۔ ویکتی گت پریتنوں سے آج کل کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔ جب تک ہمارا ایک لکشیہ نہ ہوگا، ہم ایک مت نہ ہوں گے، ہم میں اپنے دھیہ کی پراپتی کی اُت کرشٹ(4) ابھلاشا نہ ہوگی۔ ہم اس کے نیمت پریتن شیل نہ ہوں گے۔ ہم کچھ نہیں

1۔ ویورن پتر۔ تفصیل نامہ 2۔ سموادائے۔ قبیلہ 3۔ پرستت۔ پیش کرنا 4۔ اُت کرشٹ۔ بہترین

کر سکتے، اسی ہیتو ہمیں سنگٹھن کی آوشیکتا ہوتی ہے۔

جب سبھی چھیتر میں سنگٹھن کی آوشیکتا پرتیت (1) ہوتی ہے۔ تو ہندی ساہتیہ چھیتر اس نیم سے پرے کیسے رہ سکتا ہے؟ ہندی سیویوں کی سنکھیا میں اُتر وتر ورِدھی (2) ہوتی جا رہی ہے۔ سبھی اپنی شکتی، پہنچ، کلپنا اور آدرش کے انوسار اس کی سیوا اور چنتن میں لگے ہیں۔ یہ اتساہ آشا جنک (3) ہے، پرنتو سنگھٹت روپ سے اپنی شکتیوں کا اپیوگ نہ کر ہم کسی نشچت دھیہ (4) کی اور نہیں بڑھ رہے ہیں۔ ہمارے سامنے کوئی نشچت کاریہ کرم بھی نہیں ہے۔ اس لیے ہمارے لیکھکوں کو اندھیرے میں ٹٹولنا پڑتا ہے، پرتیک ویکتی کے بوتے کی یہ بات بھی نہیں ہے کہ وہ اکیلا سامو ہِک کلیان کے اُپیکت کوئی کاریہ کرم بنا سکے۔ سارو جنک ہت کی رکشا سامو ہِک روپ ہی سے ہوسکتی ہے۔ اتہ ایو اتینت آوشیک ہے کہ لیکھک گن ہندی ساہتیہ کی سیوا کے نیمت سنگھٹت ہو کر اس کا بھاوی کاریہ کرم بناوے، جس میں وے سکمتا سے بھاشا، سماج، دیش اور جاتی کے یوگیہ کلیان کر ساہتیہ کی سرشٹی کرا پنا پرشرم (5) سپھل کر سکے۔

لیکھن کاریہ بھی ایک پرکار کی کلا ہے۔ اس میں بھی وشیش پرکار کی سپھلتا پراپت کرنے کے نیمت اپیوگی شکشا اور سہیوگ کی آوشیکتا ہوتی ہے۔ ابھی تک ہندی میں کوئی ایسی سنستھا نہیں ہے، جس کے دوارا لیکھکوں کو ان کی کلا کی ورِدھی میں سہایتا دی جا سکے، اتھوا جس کے دوارا ان کی ساہتیہ ورِتی کو پروتساہن (6) مل سکے۔ لیکھک اپنی شکتی کے انوسار اکیلا ہی اپنے کاریہ چھیتر میں آگے بڑھتا ہے، پھلتہ اس کا بہت سا سمے اور شکتی مارگ ڈھونڈنے میں نشٹ ہو جاتی ہے۔ اُسے آوشیکتا ہے، ایک کیندر یہ سنستھا کی جو اُسے اپنے ویوسائے میں کشل، سپھل بننے میں سہایتا پہنچا سکے، اس کی سیواؤں کا آدر کر سکے اور جو اس کے سکھ دُکھ میں سہایک بن سکے۔ دھیرے دھیرے وہ سمے بھی آ رہا ہے، جب لیکھن کلا ایک پرکار کا ویوسائے سمجھا جائے گا۔ سبھی سمپن نہیں ہیں۔ روٹی کا پرشن سبھی کے ساتھ ساتھ لگا رہتا ہے۔ اپنی آوشیکتاؤں کے نیمت سب کو کچھ نہ کچھ ارتھ کی آوشیکتا پڑتی ہے، ات ایو لیکھکوں کے آرتھک ہت کی رکشا کے نیمت ان کے لیے سمے کُسمے میں آرتھک سہایتا کا آیوجن کرنے کے لیے بھی ایک سنستھا کی آوشیکتا ہوگی، لیکھک سنگھ کی اُپیوگتا اس وشے میں بھی پرتیت ہوتی ہے۔

نوین ہندی ساہتیہ کی ابھی شیشو اوستھا ہے۔ ابھی اُسے بڑے یتن (7) سے دیکھنا بھالنا اور پالن کرنا ہے۔ ورتمان ساہتیہ کی سرشٹی میں یدی سنیم (8) اور دور درشتا (9) سے کام نہ لیا گیا، تو آگے چل کر

1۔ پرتیت۔ ظاہر 2۔ اُتر وتر۔ لگاتار 3۔ آشا جنک۔ پراُمید 4۔ دھیہ۔ صبر 5۔ پرشرم۔ محنت 6۔ پروتساہن۔ ہمت افزائی
7۔ یتن۔ کوشش 8۔ سنیم۔ صبر 9۔ دُور درشتا۔ دور اندیشی

ہمیں ایک دن پچھتانا پڑے گا کہ ہماری ساری محنت ویرتھ گئی۔ آدھونِک یگ میں جہاں پرتیک کاریہ میں جیون کے کٹھن ورشٹی گوچر ہوتے ہیں۔ وہاں یہ ماننا پڑے گا کہ ابھی یہ ساری چیشٹائیں آدرش ہین ہی ہیں۔ بھوشیہ میں کیا ہوگا، ہم یہ نہیں کہہ سکتے، پرنتو بھوشیہ میں ہمیں کیا کرنا ہے، یہ ہم نشچے کرسکتے ہیں۔ ورتمان اور وِگت کے انوبھو ہمیں اپنا بھاری کاریہ کرم نشچے کرنے میں سہایک ہوسکتے ہیں۔ ساہتیہ کی ورتمان پرگتی اور اس کے وِگت انوبھوؤں کو سامنے رکھ کر اپنے دیش جاتی کے کلیان کی کامنا کر ہمیں اپنا بھاوی کاریہ کرم بنانا پڑے گا، جس میں ہمارے لیکھک گن اس کے انوسار چل سکیں۔ ہمیں اپنے سہیوگیوں کی کٹھن مارگوں سے ساودھانتاپوروک رکشا کرنی پڑے گی۔

ہمارے سامائک ساہتیہ کی دشا پر بھی یدی دھیان دیا جائے تو اس کی پرگتی جبھی کچھ وِشرنکھل (1) سی پرتیت ہوگی۔ پتر کار اور پتروں نے نشچت دھیہ اور آدرش ابھی تک نردِشٹ نہیں کیا ہے، جس کے کارن پتروں کے پرچار تتھا ان کی اپیوگتا میں بادھا پڑ رہی ہے۔ اتہ سامئک ساہتیہ کی دیکھ ریکھ بھی ہمارا کرتویہ ہونا چاہیے۔ لیکھکوں کے ہی بھروسے سامائک ساہتیہ کا سنچالن ہے، اتہ لیکھک سنگھ، وِشیش روپ سے سامئک ساہتیہ کا پریچالن کر سکے گا۔

اُپ یکت ساری باتوں کو دیکھ کر آپ ہم سے پورنتہ سہمت ہوں گے کہ اب لیکھک سنگھ کا سنگٹھن شگھر ہی ہوجانا شریسکر ہوگا۔ اس کی اپیوگتا کے وشے میں آپ ہم سے ادھک سنتشٹ ہوں گے۔ ہمیں آشا ہے کہ اب آپ اپنا پورا سہیوگ دے کر اس سنگھ کی استھاپنا میں ہاتھ بٹا کر ہندی ساہتیہ کے ایک اتینت آوشیک کاریہ کے سمپادن کا شریہ لیں گے۔

ستمبر، 1934

1۔ وِشرنکھل۔ منتشر

لندن میں بھارتی ساہتیہ کاروں کی ایک نئی سَنستھا

ہمیں یہ جان کر بہت آنند ہوا کہ ہمارے سُو شِکشِت اور وِچار شیل یُوکوں میں بھی ساہتیہ میں ایک نئی اُبھورتی اور جاگرتی لانے کی دُھن پیدا ہوگئی ہے۔ لندن میں The Indian Progressive writers Association کی اسی اُدّیشیہ سے بنیاد ڈال دی گئی ہے اور اس نے جو اپنا مینی فیسٹو بھیجا ہے، اُسے دیکھ کر یہ آشا ہوتی ہے کہ اگر یہ سبھا اپنے اس نئے مارگ پر جمی رہی تو ساہتیہ میں نَو یُگ کا اُدے ہوگا اس مینی فیسٹو کا کچھ اَنش ہم یہاں آشے روپ میں دیتے ہیں۔

بھارتی سماج میں بڑے بڑے پَری وَرتن ہو رہے ہیں۔ پُرانے وِچاروں اور وِشواسوں کی جڑیں ہلتی جا رہی ہیں اور ایک نئے سماج کا جنم ہو رہا ہے۔ بھارتی ساہتیہ کاروں کا دھرم ہے کہ وہ بھارتی جیون میں پیدا ہونے والی کرانتی (1) کو شبد اور روپ دیں اور راشٹر کو اُنّتی کے مارگ پر چلانے میں سَہایک ہوں۔ بھارتی ساہتیہ پُرانی سبھیتا کے نشٹ ہو جانے کے بعد سے جیون کی یتھارتھاؤں (2) سے بھاگ کر اُپاسنا (3) اور بھکتی کی شَرن میں جا چھپا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ وہ نِستیج (4) اور نِس پَران (5) ہو گیا ہے، روپ میں بھی ارتھ میں بھی۔ اور آج ہمارے ساہتیہ میں بھکتی اور وَیراگیہ (6) کی بھرمار ہوگئی ہے۔ بھاؤکتا ہی کا پردرشن ہو رہا ہے، وِچار اور بدھی کا ایک پرکار سے بہشکار کر دیا گیا ہے۔ پچھلی دو صدیوں میں وِشیش کر اسی طرح کا ساہتیہ رچا گیا ہے، جو ہمارے اِتہاس کا لجّاسپد (7) کال ہے۔ اس سبھا کا اُدّیشہ اپنے ساہتیہ اور دوسری کلاؤں کو پجاریوں، پنڈتوں اور اپرگتی (8) شیل ورگوں کے آدھیہ پتیہ سے نکال کر انھیں جنتا کے نکٹتم سنسرگ میں لایا جائے۔ ان میں جیون اور واستوکتا لائی جائے، جس سے ہم اپنے بھوشیہ کو اُجّول کر سکیں۔ ہم بھارتیہ سبھیتا کی پَرمپراؤں کی رَکشا کرتے ہوئے اپنے دیش کی پتنونمکھی پروَرتیوں (9) کی بڑی نِردَیتا سے آلوچنا کریں گے اور آلوچناتمک تتھا رچناتمک کرتیوں سے ان سبھی باتوں کا

1۔ کرانتی۔ انقلاب 2۔ یتھارتھ۔ لائق عمل 3۔ اُپاسنا۔ پیروی 4۔ نستیج۔ جوانی چمک کو چکا ہو، غیر چمکیلا 5۔ نس پروان۔ بے روح 6۔ ویراگیہ۔ جنگلی زندگی 7۔ لجاسپد۔ لائق شرم 8۔ اپرگتی شیل۔ غیر ترقی پسند 9۔ پرورتی۔ اصول

سنچے کریں گے، جس سے ہم اپنی منزل پر پہنچ سکیں ہماری دھارنا ہے کہ بھارت کے نئے ساہتیہ کو ہمارے ورتمان جیون کے مولک تتھیوں کا سمن وے کرنا چاہیے، اور وہ ہے، ہماری روٹی کا، ہماری دریدرتا کا، ہماری سماجک اونتی کا اور ہماری راج نیتک پرادھینتا (1) کا پرشن۔ تبھی ہم ان سمسیاؤں کو سمجھ سکیں گے اور تبھی ہمیں کریاتمک شکتی (2) آئے گی۔ وہ سب کچھ جو ہمیں نش کریہ تا، اکرمنیتا اور اندھ وشواس کی اور لے جاتا ہے۔ ہیے ہے، وہ سب کچھ جو ہم میں سمیکشا (3) کی منوورتی لاتا ہے، جو ہمیں پریتم روڑھیوں کو بدھی کی کسوٹی پر کسنے کے لیے پروتساہت (4) کرتا ہے، جو ہمیں کرمنیہ بناتا ہے اور ہم میں سنگٹھن کی شکتی لاتا ہے، اسی کو ہم پرگتی شیل سمجھتے ہیں۔ ان اُدیشوں کو سامنے رکھ کر اس سبھا نے نمن لکھت پرستاؤ سویکار کیے ہیں۔

1 بھارت کے بھن بھن بھاشا پرانتوں میں لیکھکوں کی سنستھائیں بنانا، ان سنستھاؤں میں سمیلنوں آدی دوارا سہیوگ اور سمن وے پیدا کرنا۔ پرانتی، کیندریہ اور لندن کی سنستھاؤں میں نکٹ سمبندھی استھاپت کرنا۔

2 ان ساہتیک سنستھاؤں سے میل جول پیدا کرنا، جو اس سبھا کے اُدیشیوں کے وِرودھ نہ ہو۔

3 پرگتی شیل ساہتیہ کی سرشٹی اور انوواد کرنا، جو کلاتمک درشٹی سے بھی نردوش ہو، جس سے ہم سانسکرتک اوسادکو دور کرسکیں اور بھارتی سوادھینتا اور ساماجک اُتھان کی اور بڑھ سکیں۔

4 ہندوستان کو راشٹر بھاشا اور انڈور ومن لپی کو راشٹر لپی سویکار کرانے کا اُدھوگ کرنا۔

5 ساہتیہ کاروں کے ہت کی رکشا کرنا، ان ساہتیہ کاروں کی سہایتا کرنا، جو اپنی پستکیں پرکاشت کرانے کے لیے سہایتا چاہتے ہوں۔

6 وچار اور رائے کو آزاد کرنے کے لیے پریتن کرنا۔

مینی فیسٹو پر سروشری ڈاکٹر ملک راج آنند، ڈاکٹر کے ایس بھٹ، ڈاکٹر جے سی گھوش، ڈاکٹر ایس سنہا، ایم ڈی تاسیر اور ایس ایس ظہیر کے شُبھ نام ہیں اور پتر ویوہار کا پتا:

ڈاکٹر ایم آر آنند

32، رسل اسکوائر

لندن

ہم اس سنستھا کا ہردے سے سواگت کرتے ہیں اور آشا کرتے ہیں کہ وہ چرجیوی ہو۔ ہمیں واستو

1۔ پرادھینتا۔ غلامی 2۔ کریاتمک شکتی۔ تخلیقی صلاحیت 3۔ سمیکشا۔ تبصرہ 4۔ پروتساہت۔ ہمت افزائی

میں ایسے ہی ساہتیہ کی ضرورت ہے اور ہم نے یہی آدرش اپنے سامنے رکھا ہے، ہنس بھی انھیں اُدّیشوں کے لیے جاری کیا گیا ہے۔ ہاں ہم ابھی اِنڈو رومن کو راشٹر لپی سُویکار کرنے کو تیار نہیں، کیونکہ ہم ناگری لپی میں سنشودھن(1) کرکے اُسے اِتنا پُورن بنا لینا چاہتے ہیں، جس سے وہ بھارت کی سبھی بھاشاؤں کے لیے سَمان رُوپ سے اُپیوگی ہو۔ ہم یہ بھی کہہ دینا چاہتے ہیں کہ اگر یہ سنستھا بھارت کے اس ساہتیہ کو جو اس کے اُدّیشوں کے اَنُوکول(2) ہو، انگریزی میں اَنُوواد کراکے پرکاشِت کرانے کا پرَبندھ کر سکے تو یہ ساہتیہ اور راشٹر دونوں ہی کی سچی سیوا ہوگی۔ ہم ہندی لیکھ سنگھ کے سدَسیّوں سے نِویدن کر دینا چاہتے ہیں کہ وے ان پرستاؤ پر وچار کریں۔ اور اس پر اپنا مت پرکٹ کریں۔ لیکھک سنگھ کے اُدّیشیہ بھی بہت کچھ اس سنستھا سے ملتے ہیں اور کوئی کارن نہیں کہ دونوں میں سہیوگ نہ ہو سکے۔

جنوری،1936

1۔سنشودھن۔ترمیم 2۔انوکول۔موافق

ساہتیہ سمیلن کے وِشے میں

پاٹھکوں کو معلوم ہی ہے کہ اس ورش ہندی ساہتیہ سمیلن کا جلسہ ایسٹر کی چھٹیوں میں ناگ پور میں ہوگا۔ تیاریاں ہو رہی ہیں۔ سواگت (1) سمیتی بنائی جارہی ہے۔ پربندھ منتری جی (2) نے ہندی کے وِدوانوں سے نبندھنوں (3) کے وِشے لکھ بھیجنے کی پرارتھنا کی ہے۔ نبندھ تو آئیں گے اور پڑھے جائیں گے، لیکن ہمارے وِچار میں سمیلن کو اب کی کیول ہندی ساہتیہ سمیلن نہ ہو کر آل انڈیا ساہتیہ سمیلن بننے کی چیشٹا کرنی چاہیے۔ یدی وہ انیہ پرانتوں کے وِدوانوں کو سمّلت کرسکے اور جو لوگ مارگ (4) دیے لینا چاہیں انھیں مارگ دیے بھی دے سکیں، تو اس سے ہندی ساہتیہ کا کلا بہت کچھ اپکار ہوگا۔ ہمیں اس وقت ساہتیہ کی پرگتی کے وِشے میں بھارت کے سبھی مہارتھیوں سے پرامرش کرکے اپنی کوئی نیتی استھر کرلینی چاہیے۔ انتر ہم لندن کی ایک ساہتیہ سبھا کا منی فیسٹو پرکاشت کررہے ہیں۔ اس پر بھی سمیلن کو وِچار کرنا چاہیے۔ سمیلن میں وَیکتی گت روپ سے نبندھ پڑھ دینے سے ساہتیہ کی پرگتی کو کوئی دِشا نہیں مل سکتی۔ اُسے تو اس پرگتی کا سنچالن کرنے کے لیے کوئی سِدھانت استھر کرلینے کی ضرورت ہے، جس سے وہ ساہتیہ پر نیئنترن رکھ سکے۔ پرگتی شیل اور اَپرگتی شیل ساہتیہ میں کیا انتر ہے، اس پر خوب غور کر کے اُسے اپنا نرنے دینا چاہیے کہ وہ کس پرکار کے ساہتیہ کو آشرے (5) دینا چاہتا ہے اور یہ مارگ پردرشن اسی وقت ہوسکتا ہے، جب سمپورن بھارت کے ساہتیہ مہارتھیوں کے ست پرامرش اور سہیوگ سے سمیلن اپنا کوئی مت پکا کرلے۔

جنوری 1936

1۔ سواگت سمیتی۔ استقبالیہ کمیٹی 2۔ پربندھ منتری۔ وزیر اعظم 3۔ نبندھ۔ مضمون 4۔ مارگ ویے۔ راستے کا خرچ 5۔ آشرے۔ بھروسہ، سہارا، حمایت

اَکھل بھارت ورشی پستکالیہ سنگھ

ہمارے دیش میں سنستھاؤں اور سبھاؤں کی وِشیش کی نہیں ہے، کنتو ان میں اُدھیکانش ایسی ہی ہیں، جو کیول پرستاؤ پاس کرنے میں ہی بہادر ہیں۔ اس کا مکھیہ کارن ہے سچّی لگن والے اتساہی کاریہ کرتاؤں اور سہانو بھوتی (1) شیل دھن داتاؤں کا ابھاؤ۔ دیش میں سوشکشا کا ابھاؤ بھی سنستھاؤں اور سبھاؤں کی اُنتی میں بادھک ہے۔ کنتو شکشا پر چار دوارا اُوڈیا (2) کو دور کرنے کا پریتن بھی سنستھاؤں اور سبھاؤں دوارا ہی کیا جاسکتا ہے۔ اس لیے مکھیہ ابھاؤ سچے سیوکوں اور دانیوں کا ہی ہے۔ اسی ابھاؤ کے کارن بہو تیرے سمیلن اور سنگھ نرجیو ہو رہے ہیں۔ اکھل بھارتی پُستکالے سنگھ کی بھی یہی دشا ہے۔

ہمیں کچھ ایسا اُسمرن (3) ہے کہ لاہور کی سوتنتر تا گھوشنی کانگریس کے سمے اُکت سنگھ کا مہا اُدھیویشن آچاریہ پر پھلّ چندر رائے کے سبھاپتو میں ہوا تھا۔ اس میں کئی مہتو پورن پرستاؤ پاس ہوئے تھے۔ سبھاپتی کے بھاشن میں بھی پستکالیوں کے سنگٹھن کی ایک اچھی اسکیم تھی، پرنتو پرستاؤ اور اسکیم کو کاریہ کے روپ میں پریننت کرنے کے لیے کچھ اُدیوگ ہوا یا نہیں، اس کا ہمیں پتا نہیں۔ کیوں کہ پتر پتریکاؤں میں کبھی اس کی چرچا دیکھنے میں نہیں آئی۔ پرایہ سبھا سوسائٹیوں کا یہ ڈھنگ دیکھا جاتا ہے۔ وے سال بھر چپ بیٹھی رہتی ہے اور سال کے انت میں مہادھیویشن کرنے کے لیے سبھاپتی کے چناؤ آدی کی چرچا سے پتروں میں کچھ دھوم مچادیتی ہے۔ اب ادھر بھارتی پُستکالیہ سنگھ کی چرچا بھی چھڑ گئی ہے۔ کیونکہ آگامی (3) 1-14 ستمبر کو کلکتے میں اس کا ایک ورہت اُدھیویشن ہونے جارہا ہے۔ اس کے اُدھیکش ہوں گے اَناملائی وشو ودیالیہ کے پُستکادھیکش ڈاکٹر ٹامس کلکتے کی امپیریل لائبریری کے پستکادھیکش مسٹر اسد اللہ اس کے منتری کا کام کررہے ہیں۔ پرتی ندھی شُلک چار روپیہ نِشچت کیا گیا ہے۔ آشا ہی نہیں، وشواس بھی ہے کہ سمیلن بھولاش میں سپھل ہوگا۔ وِدوانوں کے پنڈتیہ پورن بھاشن ہوں گے۔ وِدوانوں کے اُرور (4)

1۔ سہانو بھوتی۔ ہمدردی 2۔ اوڈیا۔ جاہلیت 3۔ اُسمرن۔ یاد 4۔ اردو۔ اُپجاؤ، زرخیز

مستشک سے نکلے ہوئے اُپیوگی پرستاؤ بھی پاس ہوں گے، کنتو پرتی ورش اسی طرح رسم پوری کرنے سے کوئی ٹھوس کام نہیں ہوسکتا۔ ہم سمیلن کے سنچالکوں سے یہ آشا کرتے ہیں کہ وے اس بار کوئی ایسا کاریہ کرم نردھارت کریں، جسے کر یاتمک روپ دینے میں وشیش کٹھنائی نہ ہو۔ ان کے پرشنشینہ اڈھوک میں سپھل ہونے کے لیے ایشور سے پرارتھنا کرتے ہوئے ہم کچھ موٹی موٹی باتیں ان کے سامنے پیش کرتے ہیں، جن پر دھیان دیے بنا ہمارا خیال ہے کہ سنگھ میں سجیوتا اور کاریہ چھمتا نہیں آسکتی۔ باتیں یہ ہیں۔

کسی کیندر استھان میں سنگھ کا نشچت کاریالیہ ہونا چاہیے۔ ویوستھا ایسی کی جائے کہ کاریالیہ میں نیمت روپ سے برابر کام ہو۔ آرمبھ میں دو چار یُووک اس کے لیے اپنے جیون بھر کی سیوائیں اَرپت (1) کرنے کو تیار ہوں۔ تیاگ کے چرنوں پر لکشمی لوٹتی ہے۔ تیاگ ہی کا چھتر چھایا میں سدھ بستی ہے۔ دو چار تیاگی یُووک ہی سارے دیش کو پُستکالیہ سمبندھی آندولن کی اُور آکرشٹ (2) کر سکتے ہیں۔ کوئی ایک یُووک سمست دیش کے پتروں میں نرنتر پستکالیہ سنگٹھن کی چرچا کرتے رہنے کا بھار اٹھالے۔ وہ پتر سمپادکوں سے بھی پریرنا کرتا رہے کہ وے اس کے کاریہ کا مہتو سمجھ کر اس کی سہایتا کریں، ٹپنیاں لکھا کریں، اپلیں کیا کریں۔ وہ نیانوکول آوشیک پتر ویوہار کرکے ہی سنگھ کو سجیو سنستھار کھے۔ دوسرا یُووک سال بھر سارے دیش میں بھرمن کرکے پرچار کاریہ کرے، لوگوں کی سہانو بھوتی پراپت کرنے کا پریتن کرے، دھنکوں کا سہیوگ پراپت کرے، سبھی جگہوں کے چھوٹے بڑے پستکالیوں کا نریکشن (3) کرکے ایک رپورٹ تیار کرے۔ ہمارا انومان ہے کہ دیش بھر کے پستکالیوں کی سوچی سنگھ کے پاس تیار ہوگی۔ اس سوچی کے سہارے سب پستکالیوں کے سنچالکوں سے لکھا پڑھی کرکے انھیں سنگھ سے سمبندھ کرانے کی آوشیکتا ہے۔ سنگھ کے کاریالیہ میں دیش بھر کے پستکالیوں کی نیماولی اور وارشک کاریہ ورنوں کا سنگرہ ہونا چاہیے۔ اب تک جو سنگھ کے ادھیویشن ہو چکے ہیں، ان کی رپورٹوں اور اسپیچوں کا بھی سنگرہ پرکاشت کرنا آوشیک ہے۔ سنگھ کی اُور سے ایک وارشک رپورٹ بھی پرکاشت ہوا کرے، جس میں دیش بھر کے پُستکالیوں کا سنکشیپ ویورناتمک پرتیچے دیا جائے۔ وہ رپورٹ دیش بھر کے دینک پتروں میں پرکاشت کرادی جائے۔ یدی کچھ دنوں کے بعد استھتی انوکول ہوجائے، جس کی پوری سمبھاونا ہے، تو سنگھ کا ایک مکھ پتر بھی نکالا جاسکتا ہے۔

ہماری سمجھ میں یہ یوجنا اَسادھیہ (4) نہیں ہے۔ ہاں اس میں آوشیکتانوسار سنشودھن ہوسکتا ہے۔ ہم سنگھ کے سنچالکوں کا دھیان اِدھر آکرشت کرنا چاہتے ہیں۔ ساتھ ہی ہندی پترکاروں اور پاٹھکوں

1۔ ارپت۔ نچھاور 2۔ آکرشٹ۔ متوجہ 3۔ نریکشن۔ معائنہ 4۔ اَسادھیہ۔ ناقابلِ برداشت

سے بھی ہمارا انورودھ ہے کہ وے سنگھ کی سبھا میں -تھاشکتی ہاتھ بٹادیں۔اس دیش میں پستکالیوں کے سنگٹھن کی بڑی آوشیکتا ہے۔سنگٹھت ہوکر وے شکشا پرچار کے کاریہ کو بہت آگے بڑھا سکتے ہیں۔گیان کی جیوتی کا پرسار کرنے میں پُستکالیہ آدھونک اسکول کالجوں سے بھی بڑھ کر ہیں۔دیش میں گیان کا آلوک پھیلانے کے لیے پُستکالیہ ہی سَرو ُتم سادھن ہے۔پُستکالیہ کی اُپیوگتا کو کوئی بھی اَسوِیکار نہیں کرسکتا۔یدی سچی لگن سے اس دِشا میں کام کیا جائے تو آشا ہے کہ دیش کے دھنی مانی لوگ اَوشیہ ہی اِدھر دھیان دیں گے۔

جون1933

شری کرشن اور بھاوی جگت

منشیہ کو آدی سے سُکھ اور شانتی کی کھوج رہی ہے اور انت تک رہے گی۔ مانو سبھیتا کا اِتہاس اِسی کھوج کی کتھا ہے۔ جس جاتی نے اس رہسیہ کو جتنا اَدھک سمجھا وہ اتنی ہی سبھیہ (1) اور جتنا ہی کم سمجھا اتنی ہی اسبھیہ (2) سمجھی جاتی ہے۔ لوگ بھن بھن مارگوں سے چلے۔ کسی نے یوگ کا مارگ لیا۔ کسی نے تپ کا، کسی نے بھکتی کا، کسی نے گیان کا، کنتو تیاگ سبھی وعدوں کا استھائی لچھن تھا، نیورتی، (3) کی دُہائی سبھی دے رہے ہیں۔ سُکھ کا مول نیورتی ہے، سب نے اسی تتو کا پرتپادن کیا۔ موکشہ، (4) آواگون کے بندھن سے چھوٹ جانا سکھ اور شانتی کی چرم سیما ہے، موکش پراپت کے بھن بھن مارگوں پر دیپک سب کے لیے ایک ہے۔ نیورتی۔

اس کا پرنام کیا ہوا؟ جسے دھرم کا انوراگ ہوا اس نے سنسار اور سنسار کے دِیا پک سے منھ موڑ کر جنگل کی راہ لی۔ کرم بندھن ہے، کرم سے بھاگو نہیں۔ یہ بندھن پرتھوی میں باندھ دے گا۔ تپو ودن آباد ہو گئے۔ آج بھی موکشارتھی اُسی دھرم تتو پر اٹل ہیں۔ بدھ نے بھی نیورتی کو ہی پردھان رکھا، جین مت میں بھی اِسی تتو کی پردھانتا رہی۔ بھکشوؤں کے بہار بستی سے دور بنے اور وہاں نِروان پد پراپت ہونے لگا۔ ایشیائی دھرم میں بھی پوپ کا راجاؤں پر اَدھیہ پتیہ ہوا۔ آشرم بنے اور کلرجی لوگ بستی سے دور جنگل میں رہنے لگے۔ اسلام نے بھی یہی شکشا دی کہ دنیا سے دل نہ لگاؤ۔ شنکر، رامانج، ولبھا چاریہ سبھی نیورتی مارگ کے اُپاسک رہے اور یدی جن سادھارن اُس مارگ پر چلنے لگتے ہیں تو آج سنسار سے مانو ونش مٹ گیا ہوتا۔ کنتو کام، کرودھ، موہ، لوبھ نے موکشا پراپتی کی نیورتی میں سدیو بادھا ڈالی۔ یہ گورَو بھگوان کرشن کو ہی ہے کہ انھوں نے نیورتی اور پرورتی دونوں کو سنیکت کر دیا۔ پرورتی یکت نیورتی اور نیورتی یکت پرورتی کے آدرش سرشت کی کرم کرو، لیکن اس میں بندھو مت۔ کرم بندھن نہیں ہے، کرم سے

1۔ سبھیہ۔ مہذب 2۔ اسبھیہ۔ غیر مہذب 3۔ نیورتی۔ دلی خواہش 4۔ موکشیہ۔ نجات

پھل کی آشا رکھنا بندھن ہے۔ نِسوارتھ جو کرم کیا جائے جو نشکام ہو، اس سے بندھن نہیں ہوتا۔ وہی سکھ اور شانتی کا مول ہے۔

سوچیے کتنا مہان ستیہ ہے۔ کتنا مَولک آدرش نیورتی۔ مانو سوبھاؤ سے میل نہیں کھاتی۔ اس کے مارگ پر چلنے والے وِششٹ جن ہی ہوں گے۔ جن سادھارن کے لیے وہ مارگ نہیں ہے۔ پھر ان کے لیے دھرم کا کیا آدرش رہ جاتا ہے۔ ورنا شرم دھرم پر چلنا۔ یہاں اونچ نیچ کا بھید اُتپن ہو جاتا ہے۔ نیوِرتی مارگ کا متھک کرم کے بندھن میں پھنسے ہوئے پَرانیوں سے اپنے کو یدی اونچا نہیں تو پرتھک اَوشیہ سمجھتا ہے۔ کرم مَنشیہ کے لیے سوابھاوِک رکریا ہے۔ آنکھیں ہیں تو دیکھے گا، پاؤں ہیں تو چلے گا، پیٹ ہے تو کھائے گا۔ کرم کے پورن وِناش کی تو کلپنا بھی نہیں ہو سکتی۔ سمادھی بھی تو کرم ہے۔ مون رہنا بھی کرم ہے۔ سوچنا بھی کرم ہے، متیہ کرم ہو یا نیمت کرم، آپ کرم کے پھندے سے نہیں نکل سکتے۔ پھر کرم سدیو بندھن ہی کیوں ہو۔ اس سے پرمارتھ (1) بھی تو کیا جا سکتا ہے، سیوا بھی تو کی جا سکتی ہے۔ تتھو یہ نکلا کہ سوارتھ بھاؤ سے کوئی کرم نہ کیا جائے، ورنہ جتنے کرم ہو، نِسوارتھ بھاؤ سے، نشکام (2) بھاؤ سے ہی کیے جائیں۔ یہاں کرم کا آنند تو ملتا ہے، کرم سے اُتپن ہونے والا دُکھ نہیں ملتا۔ نہ کوئی بھید ہے نہ دویش ہے کرم میں پروشارتھ (3) بھی تو ہے۔ لیکن کرم یوگ کے آدرش پر جمع رہنا چھوٹی بات نہیں ہے۔ جنگل میں سمادھی لگا کر بیٹھ جانا اتنا کٹھن نہیں ہے جتنا گرتو یہ کی ویدی پر اپنا بلیدان کرنا۔ اپنے کرموں میں ہانی یا لابھ سے اداسین رہنا ویروں کا ہی کام ہے اور ایسے کرم یوگی سنسار میں بر لے ہی ہوتے ہیں۔ مَحو کے پنجے سے نکلنا سنگھ کے منھ سے نکلنا ہے۔ سَمے سَمے پر گیانی پرش اوترت (4) ہوتے رہتے ہیں اور محو کے بندھن کو دکھ کے مول کو توڑنے کا اَدھوگ کرتے ہیں، پر یہ بندھن جھٹکے پا کر کچھ اور درڑھ ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ آج اس سنسار میں محو (5) کا انکلک راجیہ ہے۔ بھارتی محوِ پر کچھ روک تھی۔ کچھ نگرہ تھا۔ کیونکہ وہ اپنے پَرمپراگت سنسکاروں سے اپنے کو مکت نہیں کر سکتا تھا۔ بُدھ اور اشوک جیسے چرِتر، جو پربھوتا کو لات مار کر گیا تارجن کے لیے نکل کھڑے ہو۔ سنسار میں مشکل ہی سے ملے گا۔

بھارت کی سنسکرتی دھرم کی بھتی پر کھڑی کی گئی تھی۔ ہمارے سماج اور راجیہ کی سمپورن ویَوستھا دھرم پر اولمبیت تھی۔ لیکن پاشچاتیہ دیشوں میں دھرم کو جیون سے پرتھک رکھا گیا جس کا پھل یہ ہو کہ آج سنسار کے جیون سنگرام نے پرچنڈ روپ دھارن کر رکھا ہے اور یہ ایشور ہین سَمبھیتا کسی سنکرامک روگ کی بھانتی پھیلتی جا رہی ہے۔ جاتیوں اور راشٹروں میں اَوشواس ہے، آپس میں سنگھرش سوامی اور مجور، امیر اور غریب میں بھیشن یدھ ہو رہا ہے۔ دھن اور پربھوتا کی ترشنا (6) ایک وکرال جنتو کی بھانتی سَمست سَبھیہ

1۔ پرمارتھ۔ معنویت کے مطابق 2۔ نشکام 3۔ پروشارتھ۔ جواں مردی 4۔ اوترت۔ نازل 5۔ موہ 6۔ ترشنا۔ تشنگی، پیاس

سنسار کو نگلتی چلی جا رہی ہے۔ ادار کی جو یکتیاں سوچی جاتی ہیں وہ پھلی بھوتی نہیں ہوتی۔ ہر یک راشٹر ششستر دوسرے کی گردن دبا بیٹھنے کی گھات میں لگا ہوا ہے۔ زربل جاتیاں ان کے پیروں کے نیچے پڑی اُتم سانسیں لے رہی ہیں۔ منشیہ ایک مشین بن کر رہ گیا ہے۔ جیون میں کرتر متا بڑھتی جاتی ہے۔ سمپدا کے پیچھے سنسار پاگل ہو رہا ہے اس کی پراپتی میں کسی پرکار کے بندھن نہیں۔ بلوان راشٹر زربل راشٹروں کا، بلوان وَیکتی زربل وَیکتیوں کا گلا دبا رہے ہیں۔ سنگھرش کی وَیا پک دُھونی سنائی دے رہی ہے۔ کہیں شانتی نہیں، کہیں سکھ نہیں۔ ایشور ہین اَدھوگ میں شانتی کہاں۔ ہم نہیں سمجھتے کہ کسی یگ میں سوارتھ کا اتنا پرابلیہ (1) تھا۔ وِچاروان لوگ کہہ رہے ہیں کہ یہ پریہ کا مارگ ہے، وہ سنگھرش ایک دن کی بھانتی پھیل کر سارے راشٹروں کو بھسم کر ڈالے گا۔

ایسے سمے میں سنسار کے اُدھار کا ایک ہی اُپائے ہے اور وہ ہے کرم یوگی۔ اسی تَتو کو سمکھ رکھ کر ہم ممتو، سوارتھ اور سنگھرش کے پنجے سے چھوٹ سکتے ہیں سوارتھ کا وِلپت (2) ہونا ہی پریم کا پرسار ہے، اسی بھانتی جیسے اندھکار کا ہٹنا ہی پرکاش ہے۔ ہنسا اور اَپریم سے دبا ہوا سنسار پنگو ہو رہا ہے۔ ہنسائے جن تنتر اور ہنسائے ایک تنتر میں وِشیش اَنتر نہیں ہے۔ آدھی بھوتک واد کے دھرم ہین تَتو سے سنسار کا اُدھار نہ ہوگا۔ اس میں ادھیاتم واد کی ابھورتی ڈالنی پڑے گی۔ آدھی بھوتک واد یورپ کا آوشکار نہیں۔ ہمارے یہاں چارواک کے سدّھانت بھی اُسی پکش کا پرتی پادن کرتے ہیں پر یورپ کا ایشور ہین سُکھ واد ہی آج سنسار پر آدھ پتیہ جمائے ہوئے ہے۔ اُدھیکانش پَرانیوں کا اُدھک سے اُدھک اُپکار سِدھانت روپ سے نِردوش ہے لیکن جب تک یہ سدّھ نہ ہو جائے کہ اُپکار سے کیا ابھپرائے ہے تب تک اس مت کا بھارت سمرتھن نہیں کر سکتا۔ جس طرح اُپکار شبد کا وِیوہار کیا جا رہا ہے اس سے تو یہی وِدت ہوتا ہے کہ اپکار کا آشے سوارتھ کے سوائے اور کچھ نہیں۔ یہ سوارتھ بدّھی ورتمان جگت کو سنگرام (3) کا چھیتر بنائے ہوئے ہے۔ سماج میں جو وِشمتا (4) پھیلی ہوئی ہے اس کا کارن یہی سوارتھو پاسنا ہے۔ جب تک کرم یوگ کے تَتو وِیو ہیت نہ ہوں گے، سنسار سوارتھ کے پنجے میں دبا پڑا رہے گا۔ کرم یوگ ہی وہ تَتو ہے، جو سوارتھ کو مٹا کر پرارتھ کی دھوج پھہرائے گا۔ یورپ میں کانٹ، ہیگل، شوپنہار آدی دارشنکوں نے اَدھیاتم واد (5) کے بیج بودیے ہیں۔ امریکہ میں ویدانت تَتو کا جس اُتساہ سے سُواگت کیا جا رہا ہے، بھارت کے دھرموپدیشکوں اور دارشنکوں کا وہاں جو سمّان ہو رہا ہے، اس سے اَنُومان کیا جا سکتا ہے کہ ہوا کا رُخ کدھر ہے۔

وہی لوگ جو سُوارتھ کے سب سے بڑے اپاسک ہیں اس سے اب وِرکت سے ہوتے جا رہے ہیں۔ وِچارشیل سمودائے پَرتیک راشٹر میں باہیہ وِیوہاروں سے پران مُکھ ہوتا جا رہا ہے، یورپ نے اپنی

1۔ پرابلیہ۔ زور 2۔ دلپت۔ غائب 3۔ سنگرام۔ جنگ، لڑائی 4۔ وِشمتا۔ نابرابری 5۔ اَدھیاتمواد۔ وحدۃ الوجود

پَرمپراگت سنسکرتی کے انُو سار سوارتھ کو مٹانے کا پَریتن کیا ہے اور کر رہا ہے۔ سمشٹ (1) واد اور بول شیوزم اس کے وہ نئے آوشکار ہیں جن سے وہ سنسار میں یوگا منتر کر دینا چاہتا ہے۔ ان کے سماج کا آدرش اس کے آگے اور جا ہی نہ سکتا تھا۔ کِنتو اَدھیاتموادی بھارت اس سے سنتشٹ ہونے والا نہیں۔ وہ اپنے پرلوک کو ایک سوارتھ پر بلیدان نہیں کر سکتا۔ وہ ادھیاتمواد سے بھٹک کر دور جا پڑا تھا۔ جس کے پھل سواروپ اُسے ایک ہزار ورش تک غلامی کرنی پڑی۔ اب کی وہ جیتے گا تو سنسار کے سُکھ اور شانتی کا ایک ماتر سادھن ہے۔ اب کی اس جاگرتی (2) میں اونچ نیچ، چھوٹے بڑے کا بھید مٹ جائے گا۔ سمست سنسار میں اَہنسا اور پریم کا جے گھوش سنائی دے گا اور بھگوان کرشن کرم یوگ کے جنم داتا کے روپ میں سنسار کے اُدھار (3) کرتے ہوں گے۔

1۔ سمشٹ واد۔ وحدۃ الوجود 2۔ جاگرتی۔ چوکنہ ہونا 3۔ اُدّار۔ نجات

تصویر کے دو رُخ

ہمیں بے چارے مہاشے دامودر لال کے ساتھ بڑی سہانو بھوتی ہے۔ ہم تو یہاں کے رئیسوں اور امیروں کا سداچار (1) دیکھ کر سمجھ رہے تھے کہ وہ منچلا پن جس سے کاویہ اور مہا کاویہ بنتے تھے، بھارت سے وداہو گیا، اب کیول گھسو اور مسو آدمی رہ گئے ہیں اور اب ہمیں کسی مہا کاویہ کے پراڈر بھاؤ سے نراش ہو جانا پڑے گا۔ کیونکہ آخر پرانے زمانے کے دشینت اور ارجن اور وکرم کی کتھائیں کہاں تک چلے گی۔ اور پھر پرانے زمانے کی باتیں آپ کتنی ہی نئی بھاشا میں اور رہسیہ (2) وادکی کویتا میں لکھیے، اس میں آپ نیا پن تو نہیں لا سکتے۔ لیکن مہاشے دامودر لال جی کا خدا بھلا کرے۔ انھوں نے ایک اچھے مہا کاویہ کی سامگری (3) جٹادی اور ساہتیہ سماج کو ان کا کرتگ (4) ہونا چاہیے۔ ان کے ساتھ ہی شری متی رتن پر بھادیوی کو بھی دھنیہ واد دینا چاہیے کہ انھوں نے دامودر لال جی کے ہردے میں ایسے کلاسیکل پریم کی سرشٹی کی۔ ممتاز نے وہی پارٹ ادا کیا، مگر کتنی چھچھا لیدر کے ساتھ۔ ہنسا نے وہی پارٹ ادا کیا مگر کتنی خوب صورتی کے ساتھ۔ ہم تو سمجھتے ہیں دامودر لال جی نے جس نیتک (5) ساہس کا اس اَوسر پر پر یچے دیا ہے اور پریم کے لیے جتنا مہان بلیدان کیا ہے۔ وہ حسن اور عشق کے اسٹیج پر بھی روز روز نہیں نظر آتا۔ اَنت کے بارے میں ہمیں چنتا نہیں۔ جو وِواہ وید اور شاستروں اور باجے گاجے کے ساتھ ہوتے ہیں اُنھیں کا انت کیا سَدیو (6) شُبھ ہی ہوتا ہے، اگر ہنسا چتر ہے اور اس کے چتر ہونے میں کسی کافر کو ہی شک ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس نے تجربے کے پاٹھ شالا میں یہ شکشا پراپت کی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کا انت سکھ سے نہ ہو۔ دامودر لال نے گدی چھوڑ دی سہی۔ مگر اٹھارہ لاکھ سالانہ کی گدی کا وارث ہارے درجے بھی

6۔ سدیو۔ ہمیشہ

لاکھ دولاکھ پھٹکار ہی سکتا ہے اور کیا وہ گانٹھ کے پورے بھگت جنک جوناتھ دوارے کے مہنت کو سال میں اٹھارہ لاکھ دیتے ہیں اسی مہنت کے بیٹے کے پرتی اشردھا دکھائیں گے، اسمبھو ہے۔ پھر ہنسا نے کچھ کم تیاگ نہیں کیا، وہ وِواہ کے پہلے وشنو سمپر دائے کی دیکشا ناتھ دوارے کے مہنت سے لے چکی تھی، اور مہنت جی کی سیوا میں پانچ ہزار کی تھیلی بھینٹ کر چکی تھی۔ وہ کچی گولیاں نہیں کھیلی ہے۔ ہاں دامودر لال جی کے وشے میں ہمیں کچھ سندیہہ ہے، لیکن ہم انھیں وشواس دلاتے ہیں کہ جس طرح آج ہم ان کی سراہنا کر رہے ہیں اگر خدانخواستہ کوئی آیا تو اتنی ہی تتپرتا (1) سے ان کے ساتھ سہانو بھوتی (2) بھی پرکٹ کریں گے۔

۲۷ مارچ ۱۹۳۳ء

1۔ تتپرتا۔ فورا   2۔ سہانو بھوتی۔ ہمدردی

اَبھِوادن

جس کے سامنے بھارت کسی نہ کسی روپ میں سر جھکاتا ہے جسے آستِک اور ناستِک، سادھو اور گرہستھ، گیانی اور بھگت، سنیاسی اور کرم یوگی سمان روپ سے پوجیہ مانتے ہیں۔ اسی کی شبھ جنم تتھی کے اُتسو میں ہم بھی درد بھرا دل اور آنسو بھری آنکھیں لیے آنند منانے آئے ہیں۔

بھگوان ہم اپنا رونا سنا کر آپ کا من وِتھِت (2) نہ کریں گے۔ ہمارے تھال میں پھول، دھوپ، دیپ، نویدھ (3) جو کچھ ہے، وہ آپ کے چرنوں پر ارپت ہے۔ بھکتی کی اتنی مان رکشا تو کیجیے گا۔ پھر اندر لوک ہو یا چھیر ساگر، جا کر سورگ کے سکھ بھوگیے۔ جب آپ ہماری کرونا کہانی سننا نہیں چاہتے تو ہم بھی نہیں سنانا چاہتے۔ جب تک ہیں آپ کی پوجا کرتے ہیں۔ جب نہ رہیں گے تو کیا ہوگا؟ کون جانے آپ کے لیے ہمارے جیسے اسنکھیہ (4) ہیں۔ ہمارے لیے تو آپ ایک ہی ہیں۔ آپ ہمیں وسمرت (5) کر دیں، ہمارے تو روم روم میں انگ انگ میں آپ وراج ہیں ہم آپ کو کیسے بھلا دیں۔

آپ نے یوگیتا کا اُپدیش دے کر سمجھ لیا کہ اس سے اننت کال تک ہمیں جیون بل اور گیان ملتا رہے گا۔ کیا آپ نے یہ سوچنے کا بھی کشٹ اٹھایا کہ اس اُپدیش پر چلنے کی یوگیتا بھی ہم میں ہے یا نہیں؟ آپ تو انتریامی ہیں اگر وہ یوگیتا ہم میں نہ تھی، تو کیا آپ اسے پردان نہ کر سکتے تھے؟ آپ میں یہ سامرتھ نہیں ہے تو کیا ہمیں اس دھوکے میں ڈالنا چاہتے ہیں؟ سوریہ میگھوں کی آڑ میں چھپ کر یہ کہنے کا ساہس رکھتا ہے کہ اس میں پرکاش نہیں؟ پھر کیا ہم اس یوگیتا کے ادھیکاری نہ تھے؟ بھکشا کا ادھیکاری بھکشک کے سوا کوئی اور بھی ہوتا ہے بھگوان۔ لیکن کیوں گلہ کریں۔ آپ سمرتھ ہیں، آپ کو دوش دینا چھوٹے منہ بڑی بات ہے، ہمیں دُربل ہیں، ہمیں دوشی ہیں، ہمیں اَبھاگے ہیں۔ یوگیشور کو اپنے پرائے سے کیا

1۔ ابھوادن۔ سلام، آداب　　2۔ وِتھِت۔ دکھی کرنا　　3۔ نویدھ۔ چڑھاوا

4۔ اسنکھیہ۔ انگنت، لاتعداد　　5۔ وسمرت۔ بھول جانا　　6۔ سامرتھ۔ ہمت، صلاحیت

پریوجن (1)۔ موہ اور وات سلیہ (2) تو مانوی دربلتا ہے۔ میگھ کا کام تو برسنا ہے۔ اسے اس سے کیا مطلب کہ پرتھوی کی پیاس بجھتی ہے یا کسی ابھاگے کی مڑیا بہتی ہے۔ آپ نے امر گیان کی ورشا کر دی، ہم اسے نہیں ہردینگم کر سکے تو آپ کا کیا دوش؟ ماتا بالک کے سامنے بھوجن رکھ دیتی ہے، وہ کھاتا ہے یا نہیں، اسے اس سے کیا مطلب، یہی تو نرم گیان (3) ہے لیکن ایسی ماتا کتنے دنوں ماتا کہلانے کا گرو کرے گی؟ ہمارا کیا بگڑا ہم تو بالو کے کنٹر تھے پھر بالو میں مل جائیں گے۔ دکھ ہے تو یہی کہ آپ کے نام کو کلنک لگے گا۔ آپ کو کچھ معلوم ہے آپ کی اس جنم بھومی میں جہاں آپ نے بال کریڑا کی تھی اور یوگ سادھن بھی کیا تھا، کیا ہو رہا ہے؟ اس کی دُشا آنکھوں سے دیکھ کر بھی کیا آپ کو چوٹ نہیں لگتی؟ آپ کی اس نسٹھرتا (4) کا رہسیہ تو یہی نہیں ہے کہ ہم آپ کی نظروں سے گر گئے۔ اور کیا اس میں سارا دوش ہمارا ہی ہے؟ تو اب آپ ہی بتایئے ہم کس کی شرن میں جائیں۔ شاید آپ نے وہ اُپدیش دے کر پرتھوی کو سورگ بنانا چاہا تھا، پر پرتھوی، پرتھوی ہی بنی ہوئی ہے، جہاں ہنسا، سوارتھ اور اپہرن کا راجیہ ہے۔ آپ سے یہی پرارتھنا کرنے کی دھرشٹتا (5) کرتے ہیں کہ یا تو اس پرتھوی کو سورگ بنایئے، یا ہمیں اس پرتھوی پر اپنے استو کو بنائے رکھنے کی شکتی دیجیے یا، یا...... سنسار میں ہمارا نشان ہی کیوں رہے۔؟

اگست 1933ء

1۔ پریوجن۔ مقصد 2۔ واتسلیہ۔ لاڈ پیار 3۔ نرم گیان۔ بے فائدہ تعلیم
4۔ نسٹھرتا۔ سخت دل 5۔ دھرشٹتا۔ ہمت

راہو کے شکار

سال میں دو چار بار سُوریہ اور چندر پر راہو کے حملے ہوتے ہیں، پر جن پر حملے ہوتے ہیں، ان کا تو بال بھی نہیں بانکا ہوتا، ہاں سو دو سو آدمیوں پر ان کا کرودھ اتر جاتا ہے۔ جس پیٹ میں سوریہ اور چندر کو نگل جانے کی شکتی ہے وہ تو بھومنڈل کے نواسیوں کو اس طرح چٹ کر سکتا ہے جیسے اونٹ کے منھ میں زیرا، سو دو سو کو ہی نگل کر وہ سنتوش (1) کر لیتا ہے۔ یہ اس کی بھل منسی ہے۔ گرہن اسنان اور سوم وتی اسنان اور لاکھوں طرح کے اسنانوں کی بلا ہندستان کے سر سے کبھی ٹلے گی بھی یا نہیں، سمجھ میں نہیں آتا۔ آج بھی سنسار میں ایسے اندھ وشواس کی گنجائش ہے تو بھارت میں اب بھی کروڑوں آدمی یہی سمجھتے ہیں کہ سورج بھگوان اور چندر بھگوان پر سنکٹ آتا ہے اور اس سنکٹ پر گنگا اسنان کرنا پرتیک پرانی کا دھرم ہے۔ کتنے اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی اتنی آستھا (2) میں گنگا میں ڈبکیاں لگاتے ہیں مانو یہی سورگ دوار ہو۔ لاکھوں آدمی اپنی گاڑھے پسینے کی کمائی خرچ کر کے، دھکے کھا کر پشوؤں کی بھانتی ریل میں لادے جا کر، ریلے میں جانیں گنوا کر، ندی میں ڈوب کر اسنان کرتے ہیں، کیول اندھ وشواس میں پڑ کر کتنے بچے اور استریاں کھو جاتی ہیں، کتنی غنڈوں کے ہتھکنڈوں کا شکار ہو جاتی ہیں، کتنوں کے گہنے نُچ جاتے ہیں، اس کا حال تو دیو ہی جانے۔ پرانے زمانے میں جب لوگ پیدل یاترا کر کے اسنان کرنے جاتے تھے تو اس یاترا کا کچھ مہتو بھی تھا۔ مارگ میں بہت کچھ انُبھو ہو جاتا تھا۔ ندیوں کے تٹ پر دَھرموپدیش (3) سننے کا اوسر مل جاتا تھا۔ اب وہ سب تو کچھ نہ رہا، کیول پیسے گنوا کر بھانتی بھانتی کے کشٹ سہنا رہ گیا ہے۔ اگر دھنی لوگ ہی یہ پُنیہ (4) لوٹنے آتے تو کوئی بات نہ تھی۔ رونا تو یہ ہے کہ ادھک تر دریدر ہی آتے ہیں، مہاجن سے روپیے قرض لے کر یا چوری سے ریل میں بیٹھ کر نہ جانے یہ متھیا دھرم بھارت کا گلا کب چھوڑے گا۔

اگست 1933

1۔ سنتوش۔ قناعت، صبر 2۔ آستھا۔ یقین۔ اعتقاد 3۔ دھرموپدیش۔ مذہبی پیغام 4۔ پُنیہ۔ ثواب

اجمیر میں شری دیانند نروان اردھ شتابدی

ایسا تو بھارت ورش میں شاید ہی کوئی ہو جو اجمیر میں اردھ شتابدی کے اُتسو کا وِرودھی (1) ہو۔ ایسے اُتسووں میں راشٹر میں جاگرتی (2) اور اُتساہ اُتپن ہوتا ہے اور اپنے اُدّھارکوں (3) کی یادگاری منانا سبھیہ راشٹری جیون کا ایک انگ ہے۔ یوں تو ہر نگر میں آریہ سماج کے سالانہ جلسے ہوتے رہتے ہیں اور گورو کُل کے اُتسووں میں بھی سماج کے مُکھیہ کاریہ کرتاؤں میں وِچار وِنیمے ہوتا ہی رہتا ہے۔ پر سوامی جی کے نِروان کے پچاس ورش بیت جانے پر یہ آوشیک ہے کہ جس سنستھا کو اس مہان پُرش نے جنم دیا، اس کے پرمکھ نیتا ایک ساتھ بیٹھ کر یہ وِچار کریں کہ جس مارگ پر وے اپنی سنستھا کو لے جا رہے ہیں، وہی ورتمان دِشا میں سب سے اچھا مارگ ہے یا اس میں کچھ ردوبدل کرنے کی ضرورت ہے۔ اور اگر ضرورت ہے تو کیا ہے۔ اس اُتسو کے لیے بھانتی بھانتی کے منورنجن اور تماشوں کا پربندھ کرنا اس اوسر کے مہتو کو گھٹا دینا ہے۔ اس کا ارتھ تو یہی ہو سکتا ہے کہ ان تماشوں کے بغیر اُتسو سپھل ہی نہیں ہوتا۔ اس کے ساتھ ہی ہم دیکھتے ہیں وہاں کئی ایسے خرچ ہیں جو کسی سِدھانت سے بھی اُچت نہیں سدھ کیے جا سکتے۔ مثلاً ہمیں گیات ہوا کہ وہاں ہون (4) میں دس ہزار خرچ کرنے کا نشچے کیا گیا ہے۔ دیش میں جب ایسی آرتھک دَشا پھیلی ہوئی ہے کہ کروڑوں منشیوں کو ایک وقت سوکھا چنا بھی میسر نہیں، دس ہزار کا گھی اور سگندھ جلا ڈالنا نہ دھرم ہے، نہ نیائے۔ ہم تو کہیں گے، یہ سماج کے پرتی اَپرادھ ہے۔ کیا اس روپیہ کا اس سے اچھا کوئی خرچ نہ نکالا جا سکتا تھا؟ بے شک اتنا شاندار ہون دیش میں ایک وِلچھن (5) بات ہوگی۔ جو لوگ ہون کنڈ کے چاروں اُور بیٹھے یگ کرتا بنے ہوئے گھی کے کُپّے کے کُپّے آگ میں جھونکیں گے، انھیں اور تماشائیوں کو ایک پرکار کی سنسنی اوشیہ ہوگی، پر اس سنسنی کی اتنی قیمت بہت زیادہ ہے۔ دھارمِکتا بھی خاص حالتوں میں آپتی جنک (6) ہو جاتی ہے۔

اکتوبر 1933

1۔ اُتسو۔ جشن، تیوہار 2۔ جاگرتی۔ واقف کار 3۔ اُدّھارکوں۔ اصلاح 4۔ ہَوَن۔ آگ کا شعلہ
5۔ وِلچھن۔ خاص اہلیت 6۔ آپتی جنک۔ قابل اعتراض

مہاتماجی کا بودھ مشنری کو جواب

اس دن مہاتما گاندھی نے اس بودھ کو بڑا اچھا جواب دیا ہے جو چین سے آیا ہے اور بھارت میں بودھ دھرم پرچار کرنا چاہتا ہے۔ مہاتماجی نے کہا ہندو دھرم میں بودھ دھرم کا بہت کچھ انش (1) ملا ہوا ہے اور بودھ کے سچے بھکت بھارت میں ہی ہیں۔ بدھ نے بھگوان کے سِدھانتوں کا پرچار کیا، ان کا پروچن (2) جتنا ہی کیا جائے اتنا ہی اچھا، شرط یہی ہے کہ بودھ دھرم کے سچے سدھانتوں کا پرچار کیا جائے، اس کے ان متھیا وشواس (3) کا نہیں جو ہر ایک دھرم کے ساتھ اسی طرح نکل آتے ہیں، جیسے باغ میں پودھوں کے ساتھ گھاس نکل آتی ہے۔ اور دھرم کے پرچار کا سادھن وہی ہے جو مہاتما گاندھی جی نے بتلایا ۔اُداہرن جیون کے سچے آدرش (4) کا پالن ہی بودھ دھرم کا پرچار ہے۔

16 اکتوبر 1933ء

1۔انش۔عنصر حصہ
2۔پروچن۔پیروی
3۔متھیا وشواس۔فرضی یقین
4۔آدرش۔اُصول

استھانی رام کرشن سیوا اشرم

کاشی کے رام کرشن سیوا اشرم (1) کے دُوارا وِگت بتیس ورشوں سے دین دکھیوں کی سیوا سُوشرُوشا ہو (2) رہی ہے۔ اس آشرم کے تیسویں ورش کے کاریہ دیورن سے پرکٹ ہوتا ہے کہ اس کے اسپتال میں سولہ سو سات روگی اچھے ہونے پر اسپتال سے چلے گئے۔ کل ایک سو اٹھاسی رُوگیوں کی مرتیو ہوگئی۔ اتنی ادِھک موتوں کا کارن یہ ہے کہ اسپتال میں جو رُوگی بھرتی ہوتے ہیں، وے ادھک تر بہت بوڑھے یا کمزور یا اَسادھیہ روگوں سے پیڑت ہوتے ہیں۔ اکثر تو ایسے ہی روگی بھرتی ہوتے ہیں جو مرتیو کے نکٹ ہوتے ہیں۔ اسپتال میں روگیوں کا روزانہ اوسط تعداد ایک سو اٹھارہ رہی۔ اکثر سڑکوں، گلیوں اور گھاٹوں پر ایسے روگی پائے جاتے ہیں، جن کی خبر لینے والا کوئی نہیں ہوتا۔ اسپتال میں دو سو سولہ روگیوں کی سیوا سوشروشا تھا ان کی سب پرکار کی سہایتا کی گئی۔ اسپتال میں بھرتی ہوئے روگیوں کے سوائے بھی بہت سے روگیوں کو آشرم کے دواخانوں کی اور سے دوائیاں دی گئیں۔ ایسے روگیوں کی سنکھیاں اکتالیس ہزار چار سو نوتھی ایسے روگیوں کا آنا اوسط تعداد دو سو اٹھانوے رہی۔ آشرم کی اُور سے غریبوں کی انیہ کئی پرکار کی سہایتا کی گئی ہے۔ گت ورش کُل آئے (3) ترسٹھ ہزار ایک سو ستھتر روپیہ اور وِیے چھپن ہزار آٹھ سو چھہتر روپیہ تھا۔ اس میں آنے اور پائی کے انک چھوڑ دیے گئے ہیں۔ آشرم کے پردھان نِریکشک سوامی نرو تمانند، سبھاپتی راجا سرسوتی چند، کوش اَدھیکش (4) بلدیو داس، منتری رائے گووند چندر اور استھاپنا پن سہایک منتری سوامی ستیانند ہیں۔ کمیٹی کو سیوا کا چھیتر بڑھانے کے لیے بھی دھن کی آوشیکتا ہے۔ حال ہی میں آشرم کا وارشک اُتسو کو کلکتہ کے ہائی کورٹ کے جسٹس سری منمتھ ناتھ مکرجی کے سبھاپتتو میں ہوا تھا۔ اس اَوسر پر ہوڑا کے ایک سجن نے ایک ہزار روپے کا گپت دان اور ہگلی ضلع کی شری متی کالی داسی دت نے

1۔ سیوا اشرم۔ عبادت کی جگہ 2۔ سوشرُتا۔ دوسروں کی مدد 3۔ آے۔ آمدنی
4۔ کوش ادھیکش۔ خزانچی

پانچ سو روپے کا دان کیا تھا۔ یہ سنستھا دین دکھیا کی واستوِک سیوا کر رہی ہیں۔ آشا ہے کہ جنتا اس کی پوری سہایتا کرے گی، جس سے یہ اور ادھک سیوا کاریہ کرنے میں سمرتھ ہو سکے۔ ایشور پوجا کا سرودت کرشٹ 5 مارگ دین دکھیوں اور آشرے ہین (1) روگیوں کی سیوا سوشرُوشا ہے اور یہ رام کرشن سیوا شرم کے دُوارا اُنچارو روپ (2) سے ہو سکتا ہے۔

20 نومبر 1933

1۔ سرودت کرشٹ۔ سب سے عمدہ 2۔ آشرے ہین۔ بے گھر 3۔ اُنچارو روپ۔ مناسب طریقہ

وِدیش یاترا اور پرائشچت

ایک زمانہ تھا کہ بھارت کے بِھکشوؤں نے ودیش یاترا کر کے اپنے دیش اور دھرم کا گورو(1) بڑھایا تھا۔ پھر پاکھنڈ کا یہ چکر چلا کہ ودیش جانا پاپ ہوگیا۔ اور آج بھی ایسے اداہرن آئے دن ملتے رہتے ہیں کہ لوگ ودیش سے لوٹ کر پرائشچت(2) کرنے کے لیے کاشی دوڑتے ہیں۔ اس بیسوی صدی میں ایسا ڈھکوسلا بھارت جیسے پاکھنڈ پردھان دیش کے سوائے اور کہاں ہوسکتا ہے اور بھارت ادھیا تمواد(3) کا کیندر ہے۔ آج بھی یہاں کے ادھیاتمواوی لوگ ودیش جانا پاپ سمجھتے ہیں اور اس کے پرائشچت سوار وپ گوبر کھاتے ہیں، سر مڑاتے ہیں اور بھوج دیتے ہیں۔ اس دھرم ماندھتا(4) اور پاکھنڈ لپسا(5) پر آنسو بہانے کی اچھا ہوتی ہے۔ اسی وشے پر ''دوج'' جی نے سہیوگی، آج، میں ایک بڑے مزے کا نوٹ لکھا ہے۔ آپ پرائشچت کی ویاکھیا کرنے کے بعد کہتے ہیں۔

''آپ اگر سمجھتے ہیں کہ ودیش یاترا کوئی پاپ نہیں، تو آپ کا یہ کرتویہ ہوجاتا ہے کہ آپ میں پاکھنڈ کے وِرودھ یدھ کرنے کی شکتی کا ابھاؤ نہیں ہے اور اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے، یا سُیم بھی اس پرکار کے پاکھنڈ میں وشواس رکھتے ہیں، تو پھر آپ کا یہ کرتویہ ہوجاتا ہے کہ اس کے لیے پرائشچت کا دباؤ ڈلنے والوں کو آپ نربھیکتا (6) کے ساتھ دکھاویں، کہ آپ میں پاکھنڈ کے وِرودھ یدھ کرنے کی شکتی کا ابھاؤ نہیں ہے۔ اور اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے، یا سُیم بھی اس پرکار کے پاکھنڈ میں وشواس رکھتے ہیں، تو پھر آپ کا یہ کرتویہ ہوجاتا ہے کہ آپ ودیش جانے کے پاپ سے ہی اپنے کو بچائے رہیں۔

اسی پاکھنڈ نے اور انھیں پاکھنڈیوں نے بھارت کو چوپٹ کیا اور آج بھی ان کا ویسا ہی پاکھنڈ راج ہے۔

جنوری1934

1۔ گورو۔ فخر 2۔ پرائشچت۔ تخلیہ 3۔ ادھیاتمواد۔ وحدت الوجود 4۔ دھرم آندھتا۔ مذہب کے پیچھے اندھا
5۔ پاکھنڈ لپسا۔ گھناؤنا لالچ 6۔ نربھیکتا۔ بلاخوف

اچھی اور بری سامپردائکتا

انڈین سوشل رفارمر انگریزی کا سماج سدھارک پتر ہے اور اپنی وچاروں کی اُدارتا کے لیے مشہور ہے۔ ڈاکٹر عالم کے اینٹی کمیونل لیگ کی آلوچنا کرتے ہوئے اس نے کہا کہ سمپردائکتا اچھی بھی ہے اور بری بھی۔ بری سامپردائکتا کو اکھاڑنا چاہیے مگر اچھی سامپردائکتا وہ ہے، جو اپنے چھیتر میں بڑا اُپیوگی کام کر سکتی ہے، اس کی کیوں اوہیلنا (1) کی جائے۔ اگر سامپردائکتا اچھی ہو سکتی ہے تو پرادھینتا (2) بھی اچھی ہو سکتی ہے، مکاری بھی اچھی ہو سکتی ہے۔ جھوٹ بھی اچھا ہو سکتا ہے۔ کیونکہ پرادھینتا میں ذمہ داری سے بچت ہوتی ہے، مکاری سے اپنا الو سیدھا کیا جاتا ہے اور جھوٹ سے دنیا کو ٹھگا جاتا ہے۔ ہم تو سامپردائکتا کو سماج کا کوڑھ سمجھتے ہیں، جو ہر ایک سنستھا میں دل بندی کراتی ہے اور اپنا چھوٹا سا دائرہ بنا کر سبھی کو اس سے باہر نکال دیتی ہے۔

جنوری 1934

1۔ اوہیلنا۔ نظر انداز کرنا 2۔ پرادھینتا۔ غلامی

جاتی بھید مٹانے کی ایک آلوچنا

بمبئی کے مسٹر بی یادو نے ورتمان بھید بھاؤ کو مٹانے کے لیے یہ پرستاؤ(1) کیا ہے کہ سبھی ہندو اُپ جاتیوں کو براہمن کہا جائے اور ہندو شبد کو اڑا دیا جائے، جس سے بھید بھاؤ کا بودھ ہوتا ہے۔ پرستاؤ بڑے مزے کا ہے۔ ہم اس دن کو بھارت کے اِتہاس میں مبارک سمجھیں گے جب ہریجن سبھی براہمن کہلائیں گے۔ مگر مسٹر یادو کا پرستاؤ چلے یا نہ چلے (چلنے کی دور بھوشیہ میں بھی آشا نہیں) لیکن ہوا کا رخ کہہ رہا ہے کہ دس بیس سال میں وہ ساری جاتیاں جنھیں شودر کہا جاتا ہے، براہمن نہیں تو چھتری اوشیہ بن چکی ہوں گی۔ اور چھتری سے براہمن بننا کیول اس کے ایک دم اچھلنے کا کام ہے۔ سرکار بھید مٹانے میں سہایتا کیا دے گی، اسے تو اس کے استھائی رکھنے میں جیسے کوئی وشیش آنند آتا ہے، اسکول میں لڑکے کا نام لکھانے جائیں۔ ترنت اس کی جات لکھانی پڑے گی۔ جہاں ہندو نام آیا، وہاں اس کی جات انیواریہ روپ سے آجاتی ہے۔ جَن گڑنا میں تو ہمارے بڑے بڑے سیویلین ساج شاستر کے پنڈت جاتیوں میں نئی نئی کھوج کر کے اور ان کی چھپی جاتیوں کا آوشکار کر کے اپنا کام امر کر لیتے ہیں۔ ہندو خود جاتی بھید کا جتنا بھگت ہے، سرکار اس بات میں اس سے کوس بھر آگے بڑھی ہوئی ہے۔ اور ہمارا تو کہنا ہی کیا ہم تو پہلے کائستھ یا براہمن یا دیش ہیں، پیچھے آدمی۔ کسی سے ملتے ہی ہم پہلا سوال یہی کرتے ہیں کہ آپ کون صاحب ہیں۔ گرامینوں میں بھی یہی پرشن پوچھا جاتا ہے۔ کون ٹھاکر؟ اگر وہ اپنی جاتی ہوا، تو اس کے لیے چلم بھی ہے، تمباکو بھی ہے، ورنہ اس میں ہمیں کوئی دلچسپی نہیں رہتی اور ہم کتنے گرو سے اپنے کو شرما، ورما، تیواری، چترویدی لکھتے ہیں کہ کیا پوچھنا؟ یہ اس کے سوا کیا ہے کہ بھید بھاؤ ہمارے رکت میں سن گیا ہے اور ہم میں جو پکے راشٹروادی(3) ہیں وے بھی اپنی سامپردایکتا(4) کا بگل بجا کر پھولے نہیں سماتے، ورنہ اس کی ضرورت ہی کیا ہے کہ ہم اپنے کو چترویدی یا ترویدی کہیں۔ خاص کر اس دشا میں کہ ہم نے وید کی صورت بھی نہیں دیکھی اور اس میں بھی سندیہہ(5) ہے کہ ہمارے پوروجوں نے بھی کبھی ویدوں کے درشن کیے تھے۔

فروری 1934ء

1۔ پرستاؤ۔ اپیل، سوجھاؤ 2۔ انیواریہ۔ ضروری 3۔ راشٹروادی۔ قوم پرور 4۔ سامپردایکتا۔ فرقہ پرست
5۔ سندیہہ۔ شک، شبہ

روس میں دھرم وِرُودھی آندولن

روس میں ان دنوں ایشورِدُرُوہی (1) سوویت سرکار نے پھر زوروں سے ایشور کے وِرُودھ پرچار کرنا شروع کیا ہے۔ ادھر اس کے انیشوَرواَدی (2) پروپیگنڈہ میں کچھ سستی آچلی تھی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو گرجے بند کر دیے گئے تھے وہ پھر کھل گئے۔ اور جنتا میں دھرم چرچا پھر بڑھ گئی۔ دنیا میں اس پرچار پر جتنا غل مچے، مگر ہم تو یہی کہیں گے کہ اس کی ذمہ داری سوویت سرکار پر نہیں۔ ان دھرم موپ جیویوں (3) پر ہے، جنھوں نے دھرم کے نام پر ناناپرکار کے پاکھنڈ پھیلا رکھے ہیں۔ ایشور من کی ایک بھاؤنا ہے۔ اس کے لیے مندروں، مسجدوں یا گرجاگھروں کی ضرورت نہیں۔

وہ گھٹ گھٹ ویاپی (4) ہے، ایک ایک اڑو میں اس کی جیوتی ہے۔ وہ پرجا کی کمائی پر چین کرنے والا راجا نہیں کہ اسے اس کی چنتا ہو کہ لوگ اس کے دِکھ نہ ہو جائے۔ جو لوگ ایشور بھکتی کی دھن میں بڑے بڑے محل بنواتے ہیں کہ ایشور اس میں رہے گا، وے ایسم (5) کو چار دیواری میں بند کر کے ویاپک ایشور کا اپمان کرتے ہیں اور جو لوگ اس کی پرتیما بنا کر اس کا سر نگار کرتے ہیں، بھوگ لگاتے ہیں، اس کا وِواہ کرتے ہیں اور اس کے نام کی مالا جپتے ہیں وے تو ایشور کو کھلونا بنا کر ایسا پاپ کرتے ہیں جس کا کوئی پرائشچت نہیں۔ ایشور کی اُپاسنا کا کیول ایک مارگ ہے اور وہ ہے من وچن اور کرم کی شدھتا، اگر ایشور اس شُدھتا کی پراپتی میں سہایک ہے تو شوق سے اس کا دھیان کیجیے، لیکن اس کے نام پر جو ہر ایک دھرم میں سوانگ ہو رہا ہے، اس کی جڑ کھودنا کسی طرح ایشور کی سب سے بڑی سیوا ہے۔ اور سوویت سرکار اسی پاکھنڈ کا انت کرنا چاہتی ہے۔ سروشکتی مان ایشور سے آدمی کیا دُروہ (6) کرے گا؟ گنگا کو اس کی کیا پرواہ کہ کوئی اسے پھول چڑھاتا ہے یا کوڑے۔ وہ دونوں ہی کو سمان روپ سے وہاں لے جاتی ہے۔

مارچ 1934ء

1۔ ایشورِدُروہی۔ خدا کا منکر 2۔ وَرواَدی۔ جو کسی خدا کو نہ مانے لیکن کسی شکتی کو مانتا ہے 3۔ موپ جیوی۔ منحصر رہنا 4۔ گھٹ گھٹ ویاپی۔ ہر چیز میں موجود 5۔ دُروہ۔ مخالفت

ہندو سماج کے وبھتس درشیہ۔1

لاش کی درگتی۔سماج میں کچھ برائیاں ایسی ہیں جن کے سدھار کے لیے شاستروں کے پرمان کھوجنے پڑتے ہیں، کچھ ایسی جن کے لیے قانون میں سنشودھن(1) کرانے کی ضرورت ہے۔ یہ دونوں ہی باتیں کشٹ سادھیہ (2) ہیں، لیکن کچھ ایسی برائیاں بھی ہیں جن کے سدھار کے لیے شاستری پرمانوں کی ضرورت ہے، نہ قانون کی، کیول جنتا میں ایک پرکار کے سدبھاؤ(3)اور سُورُوچی(4) کی اور ہندو لاشوں کی دُرگتی انھیں میں ایک ہے۔ ایسا جان پڑتا ہے کہ کسی ہندو کے مرتے ہی اس کے سگے سمبندھیوں کو اس سے لیش ماتر(5) بھی ممتا نہیں جاتی، چٹ چٹ بانس کا ٹھاٹھ بنا، شو کو رسی سے کس کر باندھ، لوگ کسی ندی یا مرگھٹ کی اُور بھاگ چلتے ہیں۔ اگر کسی امیر کی لاش ہے، تو اس پر ریشمی یا شال کا کفن ہے، غریب کی ہے، تو معمولی نین سکھ کا، اور اناتھ ہے تو چیتھڑے ہی اس کے کفن کے لیے کافی ہیں، مگر بانس کا ٹھاٹھ اور رسیوں کا بندھن اوشیہ رہنا چاہیے اور لاش کو لے کر لوگ کتنی تیز قدمی دکھاتے ہیں کہ اس کے جھونکے میں لاش گردن ہلاتی، ہاتھ مٹکاتی اور پاؤں اچھالتی چلتی ہے، اگر اتنی مضبوطی سے نہ بندھی ہو تو اوشیہ ہی نیچے گر پڑے۔ لاش کو بے شک گھر میں دیر تک نہ رہنا چاہیے، لیکن یہ کیا کہ جس کو جیتے اتنے پیار کرتے تھے، مرنے کے بعد اس کے ساتھ ذرا بھی مروت، ذرا بھی سوجھیہ نہیں دکھا سکتے، کیا وہ سوارتھ(6) کا ہی سمبندھ تھا؟ اب اس سمبندھ کو نبھانے کی کوئی ضرورت نہیں رہی؟ کہا تو جاتا ہے کہ مرنے پر بھی آتما دیہہ کے پاس منڈراتی رہتی ہے، لیکن سوارتھی ہندو سماج اس کی بالکل پرواہ نہیں کرتا۔

اور راستے میں رام نام ستیہ ہے، کا وہ شور مچتا ہے کہ کچھ نہ پوچھیے اگر رات کا سمے ہو تو سارے محلے کی نیند کھل جاتی ہے۔ کیا شور اس لیے مچایا جاتا ہے کہ جنتا کو جیون کی چھنر بھنگرتا(7) کی یاد دلا دی جائے۔ یہ آدمی مر گیا اسی طرح ایک دن تم بھی اور تمھارے اپنے بھی رام نام ستیہ ہو جائیں گے۔ ہر تیو

1۔سنشودھن۔ترمیم 2۔کشٹ سادھیہ۔نقصان دہ 3۔سدبھاؤ۔آپسی میل ملاپ 4۔سوروچی۔اچھی خواہش
5۔لیش ماتر۔بالکل تھوڑا 6۔سوارتھ۔خودغرضی 7۔چھنر بھنگرتا۔جلد ختم ہونے والا

ایک ایسا کٹھور ستیہ (1) ہے جس کو بار بار یاد دلانے کی ضرورت نہیں سب جانتے ہیں ہم ایک دن مریں گے۔ ہندو سماج میں موت کا بھے اور بھی ادھک ہے۔ اگر کوئی موت کو بھول گیا ہے تو وہ بڑا بھاگیہ وان ہے۔ کیوں شور مچا کر اس کو موت کی یاد دلا رہے ہو۔ اس شور غل سے ہماری دھار مکتا کا نہیں، ہماری ہردے (2) شونیتا کا بودھ ہوتا ہے۔ یہ سے اتنا گمبھیر اور یہ لیلا اتنی مرم اسپرشی (3) ہوتی ہے کہ چت (4) کو کم سے کم کچھ دیر کے لیے اَنتر مکھی ہو جانا چاہیے۔ جس سے موک (5) ویدنا اور گہرے آتما چنتن اور مرتا تمک کے پرتی بچی شبھ کامنا اور مرتیو کے رعب اور آتنک تتھا انت کی کلپنا سے ہمارے من کو درو ی بھوت (6) ہو جانا چاہیے، ہم اس طرح بھاگتے اور چلاتے ہیں مانو ہمیں شوق کم اور سوارتھ سے بھے ادھک ہے، عیسائیوں اور مسلمانوں کو دیکھیے ان کی انیشٹ (7) کریا کتنی شانت گمبھیر کومل اور سوچنیہ پورن ہوتی ہے۔ باس کی ٹکٹھی کی جگہ یا تو لکڑی کا تابوت ہوتا ہے یا پلنگ، شو اس پر بہت دھیرے سے لٹا دیا جاتا ہے اور تابوت لے جانے والے سر جھکائے بہت ہی آہستہ آہستہ قبرستان کی طرف جاتے ہیں۔ ماتم کرنے والے بھی اسی شانتی سے جنازے کے پیچھے چلتے ہیں۔ اس درشیہ کا دیکھنے والوں پر اتنا اثر ہوتا ہے کہ راہ چلتے لوگ ذرا ٹھٹھک جاتے ہیں۔ مرت پرانی کے پرتی ان لوگوں کا یہ سمان اور اسنیہ دیکھ کر چت پرسن ہو جاتا ہے۔ اس کے وِپریت ہندو شو کی کتنی چھیچھالیدر ہوتی ہے کہ اسے وبھتس (8) کہہ سکتے ہیں۔

یہ تو ہوئی راستے کی بات، شمشان کا دِرشیہ تو اور بھی گھرنو تپادک ہوتا ہے وہ لکڑی کی چتا، شو کا اس پر لٹا یا جانا، آگ کا لگنا، وہ چراندھ، وہ ننگ دھڑنگ لوگوں کا ڈنڈا لیے چتا کی لکڑیوں کا اکسانا اور شو کو الٹنا پلٹنا، وہ کپال کریا، وہ آنتوں کا پھوٹ کر باہر نکلنا، اتنا رومانچکاری دِرشیہ ہے کہ جو اس کے ابھیست (9) نہیں ہیں انھیں کئی دن تک گلانی ہوتی رہتی ہے۔ اس سے بڑھ کر شو کی کیا دُردشا ہو سکتی ہے؟ یہ سانست دیکھ کر سادھارن آدمی مرتیو سے بھے بھیت ہو اٹھے تو کیا آشچریہ ہے، اگر مرتیو نئے جنم کا دُوار ہے تو اتنا اسندر، اتنا امانشی کیوں؟ مرتیو کو اتنے نگن، اتنے وبھتس روپ میں دکھا کر ہم اپنی آتما کو دُربل کرتے ہیں۔ کیوں شو داہ کا کوئی ایسا ودھان نہیں سوچا جاتا ہے، جس سے مرتیو ہمارے سامنے اتنے امنگل روپ میں نہ آوے، ہم اس کا پیشا چک (10) تانڈو نہ دیکھ کر اس کا شانت دھمو و دیکھ سکیں۔ اپنے ہی پیاروں کو

1۔ کٹھور ستیہ۔ سخت حقیقت　　2۔ ہردے شونیتا۔ دوسرے کے تئیں کوئی محبت نہ ہونا

3۔ مرم اسپرشی۔ دلکش۔ دل چھونے والا　　4۔ چت۔ جی، من　　5۔ موک ویدنا۔ چھپا ہوا درد

6۔ دروبھوت۔ دہشت یا دکھ　7۔ انیشٹ۔ برا حادثہ　8۔ وبھتس۔ خطرناک

9۔ ابھیست۔ تجربہ، مشق، عادت　　10۔ پیشاچک۔ شیطان وحیوان

آنکھوں کے سامنے اس دشا میں دیکھ کر چت میں وراگ (1) اور جیون سے اُداسینتا اُتپن ہونا سوابھاوک ہے۔

جس ماتا کے اتپن میں ہم پلے، جن انگوں کے اسپرش (2) میں ہم نے اَپار سکھ کا انوبھو کیا، جس بالک کو ہم نے گود میں کھلایا اور جن متروں کے گلے لپٹ کر ہم نے سکھ کے دن کاٹے، انھیں کو یوں جلتے، چٹکتے پھٹتے دیکھنا، ہردے کو کول بھاؤناؤں سے شونیہ کر دیتا ہے اور شاید یہی کارن ہے کہ جیون میں ہماری چاہے جتنی دُردشا ہو، کتنا ہی اپمان سہنا پڑے ہم سب کچھ، شیر مادر کی طرح پی جاتے ہیں۔ کیا اپنے پُری جنو کی دُردشا کرنا بھی شاستروں میں لکھا ہوا ہے؟ کیوں ایسی وبھتس لیلا دیکھ کر بھی ہم میں اس کے پرتی گھرنا نہیں اُتپن ہوتی، رواج شاستروں سے بھی زیادہ دیرگھایو (3) ہوتے ہیں یہ ستیہ ہے، لیکن یہ بھی ستیہ ہے کہ سمے کے پرواہ کے سامنے رواجوں کو ہمیشہ پراست (4) ہونا پڑا ہے۔ اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس وشے میں بھی سدھار کیا جائے۔ یوروپ میں بھی کبھی کبھی شوداہ کی کریا ہوتی ہے، لیکن منتروں کی مدد سے یہ لیلا اتنی جلد اور اتنے پرشکرِت (5) روپ سے سماپت ہو جاتی ہے کہ آتما کی طرح دیہہ بھیش ماتر (6) میں اورشیہ ہو جاتی ہے۔

اس دُردشا کے بعد تب آتما کی شانتی کا کھڑاگ شروع ہوتا ہے اور تیرہویں دن برہمیہ بھوجن سے اس کی سماپتی ہوتی ہے۔ دھرم کے نام پر کیسے کیسے پاکھنڈ کیے جاتے ہیں، وہ پنڈادان (7) اور وہ مہاپاتروں کے نخرے اور وہ برادری والوں کا مونچھوں پر تاؤ دے کر دعوتیں اڑانا، ساری لیلا ہندو سنسکرتی کا بودھ ہوتا ہے انیہ دھرم یا جاتی والے ہمارے درشن گرنتھوں کو اور اپنشدوں کو پڑھتے نہیں آتے وے تو ہمارے رہن سہن کو ہی دیکھ کر ہماری وشے میں دھارن بنا لیتے ہیں شاید شوداہ کی درگتی دیکھ کر ہی چھتریوں اور سادھیوں کا رواج پڑا ہوگا اس سے جو پرتھا چلت ہے، اس میں سداچار اور سوروچی کی بڑی آدشکتا ہے۔

مارچ 1934

1۔ وراگ۔ بیزاری 2۔ اسپرش 3۔ دیرگھایو۔ معمر۔ بزرگ۔ لمبی عمر کا 4۔ پراست۔ زیر، ہار، شکست
5۔ پرشکرت۔ انعام یافتہ 6۔ بھیش ماتر۔ جسمانی شکل 7۔ پنڈادان۔ مرنے کے بعد کی رسم۔ روح کی بھلائی کے لیے

ہندو سماج کے وبھتس درشیہ۔2

اندھ وشواس۔ ہندو سماج کے پوجنے کے لیے کیول ایک لنگوٹی باندھ لینے اور دیہہ میں راکھ مل لینے کی ضرورت ہے، اگر گانجا اور چرس اڑانے کا ابھیاس بھی ہو جائے تو اور بھی اتم۔ یہ سوانگ بھر لینے کے بعد پھر بابا جی دیوتا بن جاتے ہیں۔ مورکھ ہے دھورت (1) ہیں، نیچ ہیں پر اس سے کوئی پریوجنا (2) نہیں۔ وہ بابا ہیں۔ بابا نے سنسار کو تیاگ دیا، مایا پر لات مار دی اور کیا چاہیے، اب وہ گیان کے بھنڈار ہیں، پہنچے ہوئے فقیر، ہم ان کے پاگل پن کی باتوں میں من مانی باریکیاں ڈھونڈتے ہیں، ان کو صدیوں کا آگار (3) سمجھتے ہیں۔ پھر کیا ہے بابا جی کے پاس مراد مانگنے والوں کی بھیڑ جمع ہونے لگتی ہے۔ سیٹھ ساہوکار، عملے پھیلے، بڑے بڑے گھروں کی دیویاں ان کے درشنوں کو آنے لگتی ہیں۔ کوئی یہ نہیں سوچتا ہے کہ ایک مورکھ دُراچاری، لمپٹ آدمی کیوں کر لنگوٹی لگانے سے سدھ ہو سکتا ہے۔ سدھی کیا اتنی آسان چیز ہے۔ ہم میں مستشک سے کام لینے کی مانوشکتی ہی نہیں رہی۔ دماغ کو تکلیف نہیں دینا چاہتے۔ بھیڑوں کی طرح ایک دوسرے کے پیچھے دوڑے چلے جاتے ہیں۔ کنویں میں گریں یا خندق میں، اس کا غم نہیں جس سماج میں وچار مندتا کا ایسا پرکوپ ہو، اس کو سنبھلتے بہت دن لگیں گے۔

ہمارے اس اندھ وشواس سے اپنا مطلب نکالنے والوں کے بڑے بڑے جتھے بن گئے ہیں۔ ایسی کئی جاتیاں پیدا ہو گئی ہیں، جن کا پیشہ ہی ہے اس طرح سوارتھ سے بھولے بھالے بھکشوں کو ٹھگنا۔ یہ لوگ روپ بھرنا خوب جانتے ہیں، باباؤں کی پینٹ شیلی میں بات چیت کرنے کا اور نئے نئے ہتھکنڈے کا انھیں خوب ابھیاس ہوتا ہے۔ ایک سدھ بن جاتا ہے۔ کئی اس کے چیلے بن جاتے ہیں اور کسی اجاڑ استھان پر ڈیرا ڈال دیتے ہیں، مانو آدمیوں کے ساتھ سے بھی بھاگنا چاہتے ہیں. بھوگ ولاس میں لپت منشیوں سے کسی طرح کا سن (4) سرگ نہیں رکھنا چاہتے کسی طرح یہ افواہ اڑا دی جاتی ہے کہ بابا جی

1۔ دھورت۔ چالاک 2۔ پریوجنا۔ مقابلہ۔ منصوبہ 3۔ آگار۔ اگوا۔ رہنما 4۔ سن سرگ۔ میل ملاپ

پھوہاری ہیں، کیول ایک بار تولا بھر دودھ پی لیتے ہیں، ایک دن، دو دن، یہ منڈلی نشکام (1) بھاؤ سے اجر میں گھات لگائے پڑی رہتی ہے۔ بس بھکتوں کا آنا شروع ہو جاتا ہے۔ باباجی سنسار متھیا (2) ہے کا اپدیش دینے لگتے ہیں، ادھر گھی شکر اور آٹے کی جھڑی لگ جاتی ہے۔ لکڑیوں کے کندے گرنے لگتے ہیں، کچھ بھگت لوگ ان تیاگیوں کے لیے کٹی بنانا شروع کر دیتے ہیں۔ اور مرد بھکتوں سے کہیں ادھک سنکھیا استری بھکتوں کی ہوتی ہے۔ کوئی لڑکے کی مراد لے کر آتی ہے، کوئی اپنے پتی کو کسی سوتن کے روپ میں پھانس میں سے چھڑانے کے لیے۔ جن لفنگوں کو دو آنے روز کی مزدوری بھی نہ لگتی، وے ہی ہندوؤں کے اس اندھ وشواس کے کارن خوب تر مال اڑاتے ہیں، خوب نشہ پیتے ہیں، اور خوب موج کرتے ہیں اور چلتے وقت سو پچاس روپیہ کوئی برہم بھوج کرانے یا بھنڈارا چلانے کے لیے وصول کر لیتے ہیں۔ سماج سیوا کا کوئی نہ کوئی آدھار یہ لوگ ضرور کھڑا کر لیتے ہیں، کوئی مندر بنوانے کا وِرت ٹھانے بیٹھا ہے، کوئی تالاب کھدوانے کا، کوئی پاٹھ شالا کھولنے کا، اور کچھ نہ ہوا تو تیرتھ یاترا تو ہے ہی۔ اتنی مورتیاں رامیش ورم کی یاترا کرنے جا رہی ہیں۔ ہندو ماتر کا کرتویہ ہے کہ انھیں رامیش ورم پہنچائے۔ بنا پھٹکری کے مال چوکھا کرنے کا یہ ویوسائے اتنا عام ہو گیا ہے کہ آج ہر پچیس آدمیوں میں ایک سادھو ہے۔ اور ایسے بھکشوں کی تو گنتی ہی نہیں، جو خیرات پر زندگی بسر کرتے ہیں۔ زیادہ نہیں تو پچیس کروڑ میں پانچ کروڑ تو ایسے لوگ ہوں گے ہی، جس سماج پر اتنے مفت خوروں کا بھار لدا ہوا ہے وہ کیسے پنپ سکتا ہے، کیسے جاگ سکتا ہے۔ یہ لوگ بار بار یہی پریتن کرتے رہتے ہیں کہ سماج اندھ وشواس کے گرت میں مورچھت پڑا رہے، چیتنے نہ پاوے، ہمیں خوب چکا چک مال کھلاؤ، سورگ میں تمھیں اس سے بھی بڑھیا مال ملے گا، اس ہاتھ دو اس ہاتھ لو۔ سورگ کا روپ بھی کتنا موہک کھینچ رکھا ہے کہ ان لوگوں کی کلپنا شکتی کے قربان جائیے۔ مرتیہ لوک میں جو کچھ درلبھ ہیں، وہ سب یہاں گلی گلی مارا مارا پھرتا ہے ایسے سکھ کے لیے کسی بھکشک کو تھوڑا سا بھوجن کرا دینا، یا کسی دیوتا کو جل چڑھا دینا یا کسی ندی میں ایک ڈبکی لگا دینا کون خوشی سے سویکار نہ کرے گا۔ جب اتنی آسانی سے موکش مل سکتا ہے تو کسی سادھنا کی، گیان کی، سدویوہار کی ضرورت؟ اور آج بڑی بڑی زمینداریوں کے مالک کتنے ہی مہنت ہیں۔ ان کی لین دین کی کوٹھیاں چلتی ہیں، طرح طرح کے ویوسائے ہوتے ہیں اور بہودھا انھیں دانیوں کی سنتانیں، جنھوں نے جائداد مہنتوں کو دان دی تھی۔ آج انھیں مہنتوں سے قرض لیتی ہیں۔ ان کا بھوگ وِلاس اور ایشوریہ ہمارے راجاؤں کو بھی لجت کر سکتا ہے۔ اس جائداد کا اپیوگ اب اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ مستنڈ کھائے، ڈنڈ پیلے اور وبھچار (3) کریں۔ راشٹر کے اُتتھان یا جاگرتی میں وے بھی ایک بہت بڑی بادھا ہیں۔ اندھ وشواسی جنتا اب بھی ان پر

1۔ نشکام۔ بلا خواہش 2۔ متھیا۔ جھوٹ۔ توہم 3۔ وبھچار۔ غلط خیال

شردھا رکھتی ہے۔ وے اسے ایک چٹکی راکھ سے سورگ میں داخل کر سکتے ہیں۔ ایسی وبھوتی (1) اور کس کے پاس ہے؟ ان مہنتوں کے دُراچار، عیاشی اور پیشا چکتاؤں (2) کی خبریں کبھی کبھی پرکاش میں آجاتی ہیں، تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا کتنا پتن ہو گیا ہے۔ لیکن مرادیوں کو ان پر وہی شردھا ہے۔ ہم اتنے اکرمنیہ (3) ہو گئے ہیں، اتنے پروشارتھ ہین (4) کہ ہمیں اپنے پروشارتھ (5) سے زیادہ بھروسہ آشرواد پر ہے۔ ایک پرکار سے ہماری وچار شکتی لُپت ہو گئی ہے۔ ہمارے استھان کیا ہیں؟ ٹھگوں کے اڈے اور پاکھنڈوں کے اکھاڑے۔ جدھر دیکھیے دھرم کے ڈھونگ کا بازار گرم ہے۔ گلی گلی مندر گلی گلی پجاری اور بھکشک، پورے نگر کے نگر انھیں جیون سے آباد ہے، جن کا اس کے سوا کوئی ادھم (6) نہیں کہ دھرم کا ڈھونگ رچ کر بے وقوف بھکتوں کو ٹھگے؟ جب جنتا خود ٹھگی جانا چاہتی ہے، تو ٹھگنے والے بھی ضرور پیدا ہوں گے، ضرورت ہی تو آوشکار کی ماں ہے۔

کیوں نہ دیش کنگال ہو۔ جس سماج پر ایک کروڑ کو تل موصل چندوں (7) کے بھرن پوشن کا بھار ہو، وہ نہ کنگال رہے تو دوسرا کون رہے۔ غریبوں پر بھی دھرم کا جتنا بڑا ٹیکس ہے اتنا شاید سرکار کا بھی نہ ہو کوئی گرہن لگا اور جنتا تیرتھ استھانوں کی اُور دوڑی۔ جو کچھ تن پیٹ کاٹ کر بچایا جاتا تھا، وہ سب اندھ وشواس کی بھینٹ چڑھ گیا۔ اور آج سوراج بھی مل جائے اور یہ بھی مان لے کہ اس وقت کسانوں سے لگان کم لیا جائے گا اور ٹیکسوں کا بھار کم ہو جائے گا، پھر بھی اندھ وشواس کے سموہن (8) میں اُچیت جنتا اس سے زیادہ سکھی نہ ہو گی۔ تب اس کا پرلوک پریم اور بھی بڑھے گا اور وہ اور بھی آسانی سے پاکھنڈیوں کا شکار ہو جائے گی۔ اور اس آرتھک دَرِدرتا سے بڑھ کر اس اندھ وشواس کا پھل جنتا کی بودھک دُربلتا ہے، جو اس کی ساماجک اپیوگتا میں بادھک ہوتی ہے۔ اسے ندی میں غوطہ مار لینا یا شِولنگ پر جل چڑھا دینا، کسی بھائی سے سہانو بھوتی رکھنے یا اپنے دیوہاروں میں سچائی کا پالن کرنے کی اپیکشا زیادہ پھل دایک معلوم ہوتا۔ اس نے اصلی دھرم کو چھوڑ کر، جس کا مول تتو ہی سماج کی اپیوگتا، دھرم کے ڈھونگ کو دھرم مان لیا ہے۔ جب تک وہ دھرم کا یہ اصلی روپ نہ گرہن کرے گا، اس کے اُدھار (9) کے آشا نہیں۔ شکشت سماج کے سامنے جتنی سمسیائیں ہیں، ان میں شاید سب سے کٹھن یہی سمسیا ہے۔ یہاں اسے اَندھ وشواس کی پوشک (10) پربل شکتیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، جو اننت کال سے جنتا کی وچار شکتی پر قبضہ جمائے ہوئے

1۔ وبھوتی۔ بڑی چیز، قابلیت 2۔ پیشا چکتاؤں۔ شیطانوں 3۔ اکرمنیہ۔ حملہ آور 4۔ پروشارتھ ہین۔ نامردی 5۔ پروشارتھ۔ جواں مردی 6۔ ادھم۔ کام دھندہ 7۔ تل مسل۔ 8۔ سموہن۔ کسی کو ماتحت کر لیا 9۔ اُدھار۔ اصلاح 10۔ پوشک پربل۔ طاقت ور

ہے۔ کتنا وبھتس (1) ہے وہ درشیہ کہ ایک موٹا سا جٹا دھاری جیو دھوتی جلائے بیٹھا ہوا ہے اور ایک درجن منشیہ اس کے پاس بیٹھے چرس کے دم لگا کر اپنے جیون کو سپھل کر رہے ہیں۔ جنتا کی منورتی جب تک ایسی ہے، کیول راج جھک ادھیکاروں سے اس کا کلیان نہیں ہو سکتا۔

سو بھاگیہ سے اب دیش میں ایسے سچے سنیاسیوں کا ایک دل نکل آیا ہے، جو سماج سیوا کی اور راشٹری جاگرتی کو اپنے جیون کا دھیہ بنائے ہوئے ہیں، لیکن ابھی تک اس نے نکھے سادھوؤں میں جاگرتی اتپن کرنے کے جتنے پریتن کیے ہیں، وے سپھل نہیں ہوئے۔ نہ جانے کب وہ شبھ اوسر آئے گا کہ ہمارا سادھو سماج اپنے کرتویہ کو سمجھ جائے گا اور یہ سمجھ جائے گا کہ اس کے ہاتھوں میں دیش کو جگانے کی کتنی بڑی شکتی ہے۔

26 مارچ 1934ء

1۔ وبھتس۔ خراب۔ گھناونا

ہندو سماج کے وبھتس درشیہ۔3

مندروں پر ایک درشٹی

ہندو سماج کا پرم پوتر تتھا مانیہ مندروں کی اور درشٹی (1) پات کرنے سے ہردے کانپ اٹھتا ہے۔ وہاں کی دشا دینیہ ہی نہیں، چنتا جنک بھی ہے۔ جہاں بھکتی کی گیان کی آتم سادھن کی تتھا تپسیا کی نرمل دھارا بہا کر لوگوں کے جیون دُوش کرتیوں (2) کا کیندر دیکھ کر آتما رو اٹھتی ہے۔ انھیں دیکھ کر ایک زوردار پرشن اٹھتا ہے، کہ کیا یہی مندر ہیں؟ کیا یہی بھگوان کا نواس ہے؟

یہ بات اب تک کسی سے چھپی نہیں ہے کہ ان مندروں کی آڑ میں آج بڑے بڑے لجا جنک کرتیہ ہو رہے ہیں۔ پجاریوں کا، مہنتوں کا اور دھرم گروؤں کا، جیون بھیا نک ولاستا (3) سے بھرا ہوا ہے۔ وہ مندروں کی آڑ میں جگھنیہ (4) سے جگھنیہ کرم کرتے نہیں شرماتے۔ ایشور کو گانا سنا کر خوش رکھنے کے لیے انھیں ویشیائیں چاہیے۔ اس بہانے وے اپنی راکششی (5) کامنا کو پورن کرتے اور اپنے جیون کو ولاس واسنا اور پتن کے گہرے گڑھے میں ڈال دیتے ہیں۔ تس پر بھی، ہندو سماج کے لیے وے پوجیہ ہے، مانیہ ہیں اور دیوتا تیہ ہیں، کیونکہ وے پجاری ہیں، مہنت ہیں اور دھرم گرو ہیں، پرتی دن انیک بھولی بھالی تتھا دھرم بھیرو دے یوتیاں پنیہ کمانے کے لیے مندروں میں پہنچتی ہیں اور وے ان ایشور کے پرتی بدھیوں کے دُوارا یا ان کے سنکیت ماتر سے غائب کر دی جاتی ہیں۔ اور ان کی کام واسنا کی شکار بن جاتی ہیں۔ ہندو سماج کو یہ سب کچھ معلوم ہے۔ پرتی دن اس کی آنکھوں کے سامنے ایسے درشیہ آتے رہتے ہیں۔ لیکن وہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر، زبان پر تالا لگا کر چپ ہیں، کیونکہ آخر وے لوگ دھرم کے ٹھیکے دار ہیں۔

جہاں ان پجاریوں تتھا دھرم گروؤں کا جیون سیدھا سادا، پوتر اور تیاگ تپسیا سے پورن رہنا چاہیے، وہاں آج وے ان سب باتوں کے وپریت سدگڑوں کے بھنڈار بنے ہوئے ہیں۔ ان کے وشے میں کیا کیا جائے، دکھلانے کے لیے وے بڑے سنیمی (6) ہیں اور تپ تتھا بھکتی کے ساکشات اوتار ہیں، لیکن

1۔ درشٹی پات۔ توجہ نظر کرنا 2۔ کرتی۔ تخلیق 3۔ ولاستا۔ ضرورت سے زیادہ کام
4۔ جگھنیہ۔ سخت، گہرا 5۔ راکششی کامنا۔ راکششوں جیسی خواہش 6۔ سیمی۔ سیدھا۔ سادا سامی

اچھی طرح دیکھنے پر ہی ان کا اصلی روپ پرکٹ ہوتا ہے۔ ان میں ڈھونگ، چھل اور کپٹ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ یوں کہنا چاہیے کہ ان کا چرتر ادھکت ہے۔ مانس، مچھلی، شراب، گانجا، بھنگ، افیم، آدی چیزوں کے بنا ان کا کام نہیں چل سکتا۔

اب دیش کے پرتی ان کے ویوہار پر بھی درشٹی پات کیجیے۔ وے کھدر کے کپڑوں کو سوپن میں بھی دیکھنا پاپ سمجھتے ہیں، دیشی ملوں کا بڑھیاں کپڑا ان کے کومل شریر پر چبھتا ہے۔ گڑتا ہے اور اس سے ان کا شریر چھل جاتا ہے ان کے لیے تو خاص مانچسٹر کا بنا ہوا مہین سے مہین ململ چاہیے۔ دیشی اور ودیشی کا پرشن ان کے لیے ایک بیوقوفی کا پرشن ہے۔ ان کو دیشی سے کیا مطلب، انھیں دیش سے کیا سروکار؟ وے تو دیش کے دھرم گرو ہیں مہنت ہیں پجاری ہیں۔ اس لیے وے جن ساج کے لیے پوجیہ ہیں۔ ان کی باتوں میں ان کے کاریوں میں کسی کو ہستکشیپ (1) کرنے کا کیا ادھیکار۔ ان کے آنند میں کسی کو وگھن ڈالنے کا، بادھا ڈالنے کا کیا حق؟

اور جب دیش میں کوئی اچھی بات ہوتی ہے، کو پرتھاؤں کے ورودھ آواز اٹھائی جاتی ہے۔ پرچار کیا جاتا ہے پرانی اور لجا جنک روڑھیوں کو مٹا ڈالنے کا پرشن کیا جاتا ہے، یا کوئی دیش ہتکاری نیم یا بل پاس ہوتا ہے تو یہ دھرم کے ٹھیکیدار، سمے کو نہ دیکھتے ہوئے، اپنے نیچ سوارتھ سادھن کے لیے ایسے کاریہ کے ورودھ اپنی پوری طاقت لگا دیتے ہیں۔ جنتا دوارا کیے ہوئے روپیوں کو جنتا کے ہی ورودھی کاریوں میں ویے کرتے ہیں۔ روپیوں کو پانی کی طرح بہا کر وے ایسے کاریوں کے ورودھ آواز اٹھاتے ہیں، اور دیش ہت ورودھی پرچار کرنے کا پریتن کرتے ہیں۔ جنتا کا روپیہ جنتا کے ورودھ ہی میں خرچ کرتے انھیں ذرا بھی سنکوچ نہیں ہوتا۔ سنسار کے لیے ان کا یہ کاریہ انوکھا ہے اور کرتگھنتا (2) کا ایک جولنت اداہرن ہے، پر وے اپنی پوری شکتی لگا کر بھی دیش کو ست پتھ (3) پر جانے سے نہیں روک سکتے، کیونکہ ان میں کوئی بل نہیں ہے، شریرک، مانسک، آتمک تھا ٹیک بل کے بھیشن ابھاؤ ہی نے انھیں پتن کے گہرے گرت میں گرا دیا ہے۔ ان کی بدھی کو اگیان کے کالے بادلوں نے گھیر رکھا ہے اسی کارن وے اپنے اہت کی بات ہت کی اور ہت کی بات اہت کی سمجھ رہے ہیں۔ بھلا گرا ہوا اور نہ شکت (4) منشیہ سمے کی شکتی شالی لہر کو کیسے روک سکتا ہے؟

مندروں کے یہ ودھاتا گن نئے یگ کی آواز کو نہیں سن سکتے۔ نئے زمانے کی زوردار لہر کے ورودھ کھڑے ہونے میں انھیں سکھ ملتا ہے، پر یہ نشچت ہے کہ یدی انھوں نے یہی کرم رکھا، یدی ان کا یہی

1۔ ہستکشیپ۔ مداخلت 2۔ کرتگھنتا۔ احسان فراموشی 3۔ ست پتھ۔ سچائی کی راہ 4۔ نہ شکست۔ کمزور

حال رہا تو وہ دن بھی دور نہیں ہے جب کہ نوین یگ کی پرچنڈ شکتی (1) ان کے استو کو ہی مٹا دے گی۔ یدی انھیں اس بات پر ذرا بھی سندیہہ ہو، تو وے انیہ دیشوں کی اور درشٹی پات کریں۔ وے یہ دھیان سے دیکھیں کہ نئے زمانے کی لہر سے دور رہ کر روس کے پجاریوں، مہنتوں اور دھرم گروؤں نے کیا پھل پایا۔ یہ بات پرانی نہیں ہے کل کی ہے۔ یہ بات انھیں ایک بھاری سنکٹ (2) کی سوچنا دے رہی ہیں اور انھیں کر رہی ہیں۔ تس پر بھی یدی وے نہیں چیتے، تو جوان کے بھاگیہ میں لکھا ہے، سو تو ہوگا ہی، کنتو پھر ان کے لیے کوئی اوسر نہ (3) رہے گا۔ سب سے اچھا تو یہ ہو، کہ وے اپنے کو سدھاریں، نوین یگ کے انوکول (4) بنائیں۔ اسی میں ان کا ہت ہے، کلیان ہے سے کی لہر بہت بلوان ہوتی ہے۔ بڑی سے بڑی شکتی دوارا بھی نہیں روکی جا سکتی۔ دیش کی دشا کو بھلی بھانتی دیکھتے ہوئے دھرم کے آڈمبروں، (5) اس کی روڑھیوں (6) اور راکشسی نیموں سے مکت (7) کر کے ہی وے اپنا، اپنے دھرم کا، اپنے سماج تتھا اپنے دیش کا سب سے بڑا ہت (8) کر سکیں گے اور جنتا کے ہردیوں میں اونچا استھان پراپت کر سکیں گے۔

اپریل 1934ء

1۔ ہرچنڈ شکتی۔ بڑی طاقت 2۔ سنکٹ۔ مصیبت 3۔ اوسر۔ موقع 4۔ انوکول۔ موافق

5۔ آڈمبر۔ دکھاوا۔ نمائش 6۔ روڑھی۔ غلط روایتی 7۔ مکت۔ رہا، آزاد 8۔ ہت کر۔ فائدہ مند

سودیشی کی آڑ میں لوٹ

سودیشی وستوؤں کا دن دونا پر چار دیکھ کر جہاں ہمیں ہرش (1) ہوتا ہے، وہاں یہ دیکھ کر کھید (2) بھی ہوتا ہے کہ گراہک کے تیاگ کے بھاؤ کا ویاپاری سماج کتنا انوچت لابھ اٹھا رہا ہے۔ کوئی سودیشی چیز خریدیے، وہ اسی دام کی ودیشی چیز سے یا تو مہنگی ہوگی، یا اگر ایک دام ہوئے تو مال گھٹیا ہوگا۔ نئے ویوسایوں کے وشے میں تو کچھ کہنا نہیں، لیکن جو مال آج پچاس سال سے بنتا آتا ہے وہ کیوں ودیشی مال سے گھٹیا یا مہنگا ہو۔ اگر گراہک سے تیاگ کی آشا کی جاتی ہے تو مل کے کروڑپتی مالکوں کو کیوں کچھ تیاگ کرنے کی پریرنا نہیں ہوتی۔ یہ تو سراسر زبردستی ہے کہ غریب گراہک تو ایک کی جگہ سوا خرچ کریں اور دھن وان مل آنر دونوں ہاتھوں سے اپنا گھر بھر لیں۔ اس بیکاری کے زمانے میں آدمی کو ایک ایک پیسے کی تنگی ہے۔ مزدوری بھی سستی ہوگئی ہے، کچا مال بھی سستا ہوگیا ہے۔ پر کپڑے کا دام جیوں کا تیوں ہے۔ گراہک یدی ایک کا سوا دیتا ہے تو یہ نشچت (3) ہے کہ وہ اپنا کوئی دوسرا ضروری خرچ کم کر دیتا ہے۔ دوسرا خرچ یہاں پیٹ کے سوا اور ہے ہی کیا۔ ہم پیٹ کاٹ کر مہنگا سوادیشی مال خریدتے ہیں۔ ادھر مل مالک اسی طرح شان سے جیون کے سکھ بھوگ رہا ہے۔ اس کے ولاس میں کوئی کمی نہیں کی جا سکتی۔ وہ تو یہی چاہتا ہے کہ بھارت میں اور کہیں کا مال نہ آنے پاوے اور وہ اپنی چیزوں کے منہ مانگے دام کھڑے کرے، لیکن یہی نیتی بہت دن نہیں چل سکتی، نہ جنتا کو ہمیشہ مغالطے میں رکھا جا سکتا ہے۔ اگر مل مالکوں کی لولپتایوں (4) ہی بڑھتی رہی، تو جن مت کی دھارا پلٹ جائے گی اور پھر پرستھتی (5) کو سنبھالنا کٹھن ہو جائے گا۔ سودیشی، راشٹر کے پرتی ورت (6) ہے اور اس ورت کا پالن دونوں اُور سے ہونا چاہیے۔ مل مالکوں کا کرتویہ ہے کہ وے اپنے مال کو اسی تیاگ بھاؤ سے سستا بیچنے کا ادھوگ کریں۔ جس تیاگ بھاؤ سے گراہک ان کا مال خریدتا ہے۔

19/اکتوبر 1932

1۔ ہرش۔ خوشی 2۔ کھید۔ دُکھ 3۔ نشچت۔ یقینی 4۔ لولپتا۔ شامل ہونا۔ لالچ 5۔ پرستھتی۔ حالت 6۔ وَرت۔ تیاگ

پریاگ کی سودیشی پردرشنی

بُدھوار کو پریاگ میں سودیشی پردَرشنی کھل گئی۔ گت ورش آنند بھون میں پردَرشنی (1) ہوئی تھی۔ اس ورش آنند بھون پر پولیس کا قبضہ ہے۔ اس لیے اسوتھر کی کوٹھی میں پردرشنی ہو رہی ہے۔ اب کی قریب دو سو دکانیں آئی ہیں، جن میں مرشدآباد، جیسور، پنجاب، آدی دور دور کی دکانیں ہیں۔ دکانوں کی روشنی اور صفائی سراہنی (2) ہے۔ ہم شری یت موہن لال جی نہرو اور ان کے سہکاریوں کو اس سپھل ادھوگ پر بدھائی دیتے ہیں۔ زندگی میں جن چیزوں کی سادھارنتا ہر گرہستھ کو ضرورت پڑتی ہے پرایہ سبھی یہاں مل سکتی ہیں۔ اگر ہم ایک بار سودیشی کا ورت لے لیں۔ تو ہمیں بہت کم چیزوں کے لیے باہر والوں کا منھ دیکھنا پڑے گا۔ کھادی کے لیے پرتھک پربندھ کیا گیا ہے۔ ہمیں ایک دکان پر بھن بھن پرکار کی کھاد دیکھ کر بڑی پرسنتا (3) ہوئی۔ آلو کے لیے، اوکھ کے لیے، پھولوں کے لیے الگ الگ کھادیں تیار کی گئی ہیں۔ کسانوں کی ضرورت کی یہ ایک چیز ہمیں نظر پڑی۔ اس کے سوا سبھی چیزیں شکشت سماج کی ہی ضرورتوں کو پورا کرتی ہیں۔ کسی نے کرشی وشیک (4) کوئی چیز نہیں بھیجی۔ شاید آسویدھا کے کارن ایسی چیزوں کا پربندھ نہ کیا جا سکا ہو۔ بدھوار کو پریاگ کا کوئی ابھاگا ہی آدمی ہوگا، جو پردرشنی میں نہ پہنچا ہو۔ سودیشی پریم کی یہ لہر دیکھ کر کس کا ہردے آنند اور گرو سے نہ پھول اٹھے گا۔ لیکن جہاں جنتا کے ہردے میں سودیشی وستوؤں کے ویوہار اور پرچار میں اتنی لگن ہے، وہاں ان چیزوں کے ویوسائیوں (5) میں چیزوں کو چھوڑ کر اور سب چیزوں میں جنتا کو تیاگ کرنے کی ضرورت ہے کنتو تیاگ کے آدھار پر کوئی ویوسائے بہت دنوں تک سپھل نہیں ہو سکتا ہے۔ اسے تو ویوپار کے نیموں کا پالن کرنے ہی سے استھائتو (6) پراپت ہوگا۔

31/اکتوبر 1932ء

1۔ پردرشنی۔ نمائش، میلہ 2۔ سراہنی۔ قابل تعریف 3۔ پرسنتا۔ خوشی 4۔ کرشی وشیک۔ کھیتی سے متعلق
5۔ ویوسائے۔ ذریعہ روزگار 6۔ استھائتو۔ ایک جگہ قائم رہنا

سودیشی پر مالویہ جی

گت 21/اگست کو کلکتہ میں سودیشی کمرشیل میوزیم، کا ادگھاٹن کرتے ہوئے پنڈت مدن موہن مالویہ نے سودیشی کے سمبندھ میں نمن لکھت مہتو پورن اُدگار(1) پرکٹ کیے تھے۔ ''بھارت کے مست مہان نیتا، جیسے تلک، سی آر داس، مہاتما گاندھی، سودیشی پرچار پر بہت ادھک زور دیتے آئے ہیں۔ سرو پرتھم جنگ بھنگ سے اس آندولن کو وشیش روپ سے اتیجنا ملی۔ اس کے بعد پچیس ورش سے ہم اس کو اتیہ ادھک مہتو پردان کرتے رہے ہیں۔ اس میں سندیہہ نہیں کہ اب یہ آندولن(2) بہت شکتی شالی ہو چکا ہے تو بھی بڑی لجا کا وشے ہے کہ اب بھی اس سمبندھ میں بہت سا کاریہ کرنے کو شیش ہے۔''

'جیون نرواہ کے لیے کپڑا ایک بڑا ضروری وستو ہے۔ بھارتی ملیں اور کرگھے ابھی تک اس آوشیکتا کی پورتی نہیں کر سکے ہیں۔ یہ بڑے ہی آشچریہ (3) کا وشے ہے کہ باہر والے بھارت کے بازار سے روئی خرید کر، اسے جہاز پر لاد کر اپنے دیش میں لے جاتے ہیں اور وہاں سے اس کا کپڑا بنا کر پھر اس دیش میں بھیجتے ہیں پھر بھی وہ کپڑا دیش کی ملوں کے کپڑے سے سستا پڑتا ہے۔ جاپان کی اس سے بھارتی بازار میں پردھانتا ہے اور اس نے اس وِشے میں لنکا شائر کو بھی مات کر دیا ہے۔ پر ہمارے لیے جاپان اور لنکا شائر دونوں وِدیشی ہیں۔ اور اس لیے ہم کو ان دونوں کے مال کا اُپیوگ نہیں کرنا چاہیے۔ ہم کو ایک ماتر یہ وِچار کرنا چاہیے کہ ہم بھارت میں بنی چیزوں سے کس پرکار اپنی آوشیکتاؤں کی پورتی کر سکتے ہیں؟ انگلینڈ اب تک مکت دوار واڑ جیہ (4) کی نیتی پر گرو کیا کرتا تھا اور وانجیہ نیتی کا پوشک تھا۔ اب اس نے مکت دوار واڑ جیہ نیتی کو وِھتا(5) بتا دی ہے اور سمست گریٹ برٹین میں، انگریزی مال خریدو، کا آندولن بڑے شور سے ہو رہا ہے۔ اس سے بھی سنتشٹ نہ ہو کر اس نے اوٹاوا میں سامراجیہ ویاپی سودیشی آندولن کو جنم دیا ہے۔ جب انگلینڈ جیسے دیش کو جواب تک ویوسائک جگت میں سروَچ استھان پر اُشٹھت تھا، اپنے دیش کی بنی چیزوں کو ویوہار میں لانے کا آندولن کرنا پڑ رہا ہے، تو بھارت ورش کے لیے سودیشی پرچار کے آندولن میں شکتی لگانے کی کتنی ادھک آوشیکتا ہے، یہ سمجھنا کٹھن نہیں ہے۔

31/اکتوبر1932ء

1۔اُدگار۔نکلنا 2۔آندولن۔تحریک 3۔آشچریہ۔تعجب خیز 4۔وانجیہ۔تجارت 5۔دھتا۔نظر انداز کرنا اہمیت نہ دینا

بھارتیہ چینی کے کارخانوں کا انیائے

سودیشی چیزوں کو پروتساہن (1) دینا ہر یک ہندستانی کا دھرم ہے، لیکن کارخانوں کے سوامیوں کا بھی جنتا کے پرتی کچھ کرتویہ ہے اسے وے بھول جاتے ہیں۔ ایک ہی دام کی ودیشی اور ودیشی چیز لیجیے۔ دیشی چیز آپ کو گھٹیا ملے گی۔ چینی کا بھی وہی حال ہے۔ ودیشی چینی کا جب سے بہشکار (2) ہوا ہے، یہ ویوسائے بڑی اُنتی کر رہا ہے مگر چینی کے کارخانوں کے مالک انیہ سودیشی ویاپاریوں کی ہی بھانتی گھٹیا سے گھٹیا مال گراہکوں کے ہاتھ بیچ کر اپنا الو سیدھا کرنا ہی اچت سمجھتے ہیں۔ ابھی حال میں چینی کے ایک وشیشگیہ (3) نے بھارتی چینی کے ویوسائے پر آلوچنا کرتے ہوئے کہا تھا کہ ودیشی چینی میں برائے نام میل رہتا ہے۔ لیکن بھارت کی چینی میں بہت زیادہ میل رہتا ہے۔ ہمیں آشا ہے، ہمارے چینی کے کارخانے دار اس چیتاونی پر وشیش روپ سے دھیان دیں گے۔ ودیشی چینی پر سرکار نے کر لگا کر دیشی چینی کی رکشا کی ہے، لیکن یدی کارخانے دار اس رکشا کا درو پیوگ (4) کریں گے، تو وے جنتا کا سہیوگ اور سہانو بھوتی (5) کھو دیں گے اور ان کی ارتھ لولپتا کے ہاتھوں ایک بڑھتے ہوئے ویوسائے کو دھکا پہنچنے کی سمبھاونا ہے۔ بھارتی کرشکوں (6) کے ہاتھ میں اب لے دے کر یہی اوکھ کی کھیتی رہ گئی ہے۔ اگر کارخانے دار جنتا کو میلی چینی کھلا کر اپنی جیب گرم کرتے ہیں تو لوگ وِوش (7) ہو کر ودیشی چینی کھانے لگیں گے۔ اور چینی کے کارخانوں کا دیوالیہ ہو ہی جائے گا۔ بیچارے کسان مفت میں مارے جائیں گے۔ اور میلی چینی کا سواستھ پر کیا اثر پڑتا ہے اس کی کھوج تو کوئی ڈاکٹر ہی کر سکتا ہے، پر اتنا تو سبھی جانتے ہیں کہ میل شریر کے اندر پہنچ کر کوئی لابھ نہیں پہنچاتا۔

7/نومبر 1932ء

1۔ پروتساہن۔ ہمت افزائی 2۔ بہشکار۔ مخالفت 3۔ وشیشگیہ۔ ماہر فن 4۔ درو پیوگ۔ بے جا استعمال
5۔ سہانو بھوتی۔ ہمدردی 6۔ کرشک۔ کسان 7۔ وِوش۔ مجبور

اصلی اور نقلی سودیشی چیزیں

کئی دن ہوئے پروفیسر رام داس جی گوڑ نے ''آج'' میں ایک پتر لکھ کر بتلایا تھا کہ آج کل جن فاؤنٹین پنوں کو ہم سودیشی کہتے ہیں۔ دے سروتھا(1) ودیشی ہیں، ان میں کوئی بھاگ سودیشی نہیں، سبھی چیزیں ودیش سے منگا کر یہاں جوڑ لی گئی ہیں۔ یہی قلمیں دھڑلے سے بازار میں سودیشی کے نام سے بک رہی ہیں اور جنتا کو دھوکہ دیا جا رہا ہے۔ مگر ان قلموں کے اتیرکت اور بھی کتنی ودیشی چیزیں سودیشی کے نام سے بک رہی ہیں اور جنتا کو دھوکہ دیا جا رہا ہے۔ کتنی ہی سوگندھ،(2) کتنی ہی اونی اور ریشمی چیزیں، کتنے ہی شیشے اور چینی کے سامان، کتنے ہی طرح کے کاغذ یہاں سودیشی کے روپ میں بک رہے ہیں، حالانکہ لیبل کے سوا ان میں کچھ بھی سودیشی نہیں ہے۔ ایسے دھوکے باز ویاپاری اس سودیشی کی ہوا میں جنتا لوٹنا چاہیں لوٹ لیں۔ مگر ایک دن ان کا پردہ فاش ہو جائے گا۔ اور اس دھوکے بازی کا پھل انھیں بھوگنا پڑے گا۔ سودیشی میلے کے ویوستھا(3) پکوں سے ہمارا یہی انورودھ ہے کہ وہ بنا اچھی طرح جانچ پڑتال کیے ویاپاریوں کو اسٹال نہ دیا کریں۔ دھوکے بازوں کے گھس آنے سے یہی نہیں ہوتا ہے کہ ودیشی مال کی کھپت ہوتی ہے، بلکہ سچی سودیشی وستو کو ابھرنے کا اوسر ہی نہیں ملتا۔

14 رنومبر 1932

1۔ سروتھا۔ پہلے پہل 2۔ سوگندھ۔ خوش بو 3۔ ویوستھا۔ انتظام

شکر ملوں کی دھوم

آج کل شکر ملوں کی دھوم ہے جن علاقوں میں اوکھ پیدا ہوتی ہے، وہاں آئے دن نئی ملیں کھلتی جا رہی ہیں۔ سنتے ہیں، جاوا چینی پر آیات کر لگ جانے کے کارن یہاں کے کارخانوں کو خوب نفع ہو رہا ہے۔ کسی کسی مل کو تو ساڑھے تین روپیہ من کا نفع ہو رہا ہے۔ بھلا ایسا نفع دیکھ کر ویاپاری سماج کی لار کیوں نہ ٹپک پڑے۔ لیکن ویاپاری سماج کو ان ملوں سے فائدہ ہو جائے، کسانوں کو سراسر نقصان ہی نقصان ہے۔ مل کے مقابلے میں وہ شکر تیار نہیں کر سکتے اور گڑ کی، شکر کے مقابلے میں کھپت نہیں۔ ان کے لیے اس کے سوا اور کوئی راستہ ہی نہیں رہ جاتا ہے کہ اوکھ لا کر مل میں پٹک دے اور جو کچھ ہاتھ لگے اسے بھاگتے بھوت کی لنگوٹی سمجھ کر اپنی تقدیر ٹھوکتے ہوئے گھر کی راہ لیں۔ ابھی تو وہ اگہن سے ہی اوکھ کی پیرائی میں لگا رہتا ہے اور پھاگن تک یہ کرم جاری رہتا ہے۔ اتنے دنوں اسے روز تھوڑا بہت رس پینے کو مل جاتا تھا، کچھ گڑ یا کھانڈ سال بھر کھانے کو رکھ لیتا تھا اور اوکھ کے اگولے اور جو ٹھن اس کے جانور کھاتے تھے۔ اور یہ اگہن، پوس، ماگھ، پھاگن چار مہینے جو کسانوں کے لیے بڑے ٹھالے کے دن ہوتے ہیں۔ رس، گڑ اور تھوڑے سے اناج کے سہارے کٹ جاتے تھے۔ کھانڈ، راب یا گڑ کا خرچ اس کے یہاں سال بھر رہتا ہے۔ یہی اس کا ناشتہ ہے، یہی اس کے مہمانوں کی خاطر داری کا مان ہے۔ گڑ کے بغیر اس کا دواہ نہیں ہو سکتا، لیکن مل کا یہ بھوت اس کا رکت چوس لیتا ہے۔ اسی طرح جیسے لنکا شائر ملوں نے اس کے جلاہوں اور کوریوں کا خون چوس لیا۔ مل والے گنتی میں تھوڑے ہیں۔ وہ جب چاہیں آپس میں سنگٹھن (1) کر کے اوکھ کی در آمدی کر سکتے ہیں اور واستو میں ایسا ہو بھی رہا ہے، کسان آپس میں سنگٹھت نہیں ہو سکتے۔ لاکھوں کروڑ کا سنگٹھت ہونا اسمبھو (2) سا ہی ہے۔ اس لیے وے مل والوں کی دیا پر پڑنے کے لیے مجبور ہیں۔ بے چارے اپنی یا بھاڑے کی گاڑی پر اوکھ لاد کر لاتے ہیں، جاڑے پالے میں کئی کئی دن مل کے احاطے

1۔ سنگٹھن۔ تنظیم 2۔ اسمبھو۔ ناممکن

میں کسی پیڑ کے نیچے پڑے رہتے ہیں اور مل کے دلالوں کو خاصی رشوت دے کر تب اپنی اوکھ تلوا پاتے ہیں۔ اور ملیں دنا دن کھل رہی ہیں۔ اور دیش میں اُنتی ہو رہی ہے۔ جو دھن لاکھوں کروڑوں کے ہاتھ میں جاتا تھا، وہ اب تھوڑے سے دیوسائیوں کے ہاتھوں میں جمع ہو رہا ہے۔ مگر اس کی دوا کسی کے پاس نہیں۔ بھارت والے مل نہ کھولیں گے تو انگریز آ کر کھولیں گے۔ کسانوں کے لیے کہیں شرن (1) نہیں ہے۔ ان میں ادھک تر تو مل والوں سے پیشگی روپیہ لے کر اپنی غلامی کا پٹا لکھا لیتے ہیں۔ اس کا علاج کچھ نہیں۔ دیوسائے کا یہ یُگ ہے اور ہم چاہیں یا نہ چاہیں اس کے چکر سے بچ نہیں سکتے۔

27/مارچ 1933

1۔ شرن۔ پناہ

سودیشی

داستا تھا(1) دردرتا(2) سے دونوں ہی مہان کشٹ دایک(3) تھا ایمان جنگ روگوں سے، رکشا کا ایک ماتر اُپائے سودیشی کو اپنانا ہے۔ من سے، وَچن سے، کرم سے، سودیشی، ہو جانا، ایک کچا دھاگا بھی ولائتی نہ خریدنا، یہی ایک مہامنتر ہے، جس کو جپ کر برٹین نے آدھی دنیا اپنے ادھیکار میں کر لی، امریکا سورن بھومی بن گیا اور جاپان ایشیا کا برٹین بنا ہوا ہے۔ اسی ایک منتر کا پاٹھ پہلے بھارت کرتا تھا۔ چین کرتا تھا، اور دونوں ابھیودے(4) کے اونچے پد پر بیٹھے ہوئے تھے۔ جس دن سے بھارتی بازاروں میں ولائتی مال بھر گیا، بھارت کا گورو لٹ گیا۔ جس دن سے چین نے، جس نے سُیم کاغذ بنانے کا طریقہ دنیا کو سکھلایا تھا، ولائتی کاغذ تک اپنی دکانوں میں بھر لیا، اسی دن چین کی سوادھینتا کی مرتیو کا گھنٹہ ولائتی گرجا گھروں میں بجنے لگا۔

سودیشی کی مہانتا شبدوں میں نہیں سمجھائی جا سکتی ہے۔ جب ہم اپنے شریر پر اپنے کمرے میں، اپنے پاس ایک تنکا بھی ولائتی رکھتے ہیں، جبکہ ہم اس کے استھان پر دیشی تنکا رکھ سکتے ہیں، تو یہ اسپشٹ ہو جاتا ہے کہ ہم اس تنکے کے برابر اپنا رَکت سُیم چوس رہے ہیں، اپنے بھائی کے سامنے کی تھالی اٹھا کر دوسروں کو دے رہے ہیں۔ سودیشی کی پوجا سمراٹ سے رنک(5) تک کرتے ہیں۔ برٹش سمراٹ پنجم جارج نے ایک کسی سرکاری کاریالیہ کا نرکشن(6) کیا، وہاں برٹین کے بنے ٹائپ رائٹر کے بجائے امریکن ٹائپ رائٹر کا اپیوگ ہوتے دیکھ کر انھیں بڑا دکھ ہوا۔ آج بھارت میں لاکھوں یوروپین رہتے ہیں، آپ ذرا ان کے ساتھ باہر چلے جائیے۔ جرمن جرمنی کا بنا سامان خریدتا ہے، برٹش برٹین کا بنا ہوا۔ ہمارے یہاں کتنے ایسے دیشی نریش ہیں جن کے دفتروں میں دیش کی بنی چیزیں کام میں آتی ہیں، یا جو ولایت جا کر یہ پوچھتے ہیں کہ ''آپ کے یہاں اَمک دستو(7) بھارت کی بنی ہوئی ملتی ہے۔''

1۔داستا۔غلامی 2۔دردرتا۔غریبی 3۔کشٹ دایک۔نقصان دہ 4۔ابھیودے۔جاگنا۔اٹھنا۔ترقی کرنا
5۔رَنک۔غریب 6۔نرکشن۔حفاظت 7اَمک دستو۔کوئی چیز

سودیشی کو نہ اپنانا ایک راشٹری دُرگن (1) ہے۔ سودیشی سامان مہنگا پڑ سکتا ہے، پر اپنے گھر کا مال مہنگا پڑنے پر بھی خریدا جاتا ہے۔ سودیشی مال خراب ہو سکتا ہے، پر اپنی بھول کے لیے اپنے ہی منہ میں چپت کتنے آدمی مارتے ہیں؟ اپنا اَپرادھ سب سے پہلے کشمیہ (2) ہوتا ہے۔ ٹھیک یہی دشا سودیشی کی بھی ہے۔

سودیشی میں سب سے پہلے کپڑے کا استھان ہے۔ وِلائتی کپڑا پہننا واستو میں دیش کے پرتی انیائے ہے۔ ایشور کے پرتی انیائے ہے۔ اپنا دیش جب اپنا مال بناتا ہے تو پھر باہری مال کیوں خریدا جائے۔ ہم، بہشکار، کا پاٹھ نہیں پڑھا رہے ہیں۔ کسی کے پرتی بھید بھاؤ نہیں پھیلا رہے ہیں۔ دھرنا دینے کی صلاح نہیں دے رہے ہیں۔ ہم کیول پرتیک وِیکتی کا الگ الگ کرتویہ بتلا رہے ہیں۔ سودیشی ایک دھرم ہے، ایک کرتویہ ہے۔ بھارت میں راج نیتک آندولن کا پراولیہ (3) ہوتے ہوئے بھی ودیشی مال ودیشی کپڑا دنوں دن ادھکتا سے آرہا ہے۔ اس وشے میں، فری پریس جنرل، میں جو آنکڑے چھپے ہیں انھیں دیکھ کر آشچریہ ہوتا ہے۔ یہاں پر پاٹھکوں کا دھیان ہم انھیں آنکڑوں کی اور آکرشٹ کرنا چاہتے ہیں۔ پتر لکھتا ہے۔

''سودیشی کے پرتی دھیان بڑھتے تتھا آرتھک مندی ہونے پر بھی بھارت میں ولائتی کپڑے کا آیات (4) انومان (5) سے ادھک ماترا میں بڑھتا جا رہا ہے۔ بمبئی کے مل مالک سنگھ کی جو سب سے تازی وگیاپتی پرکاشت ہوئی ہے، اس سے پتا چلتا ہے کہ 1931-1932- تتھا 1933-32 کے آرتھک ورشوں (مارچ سے مارچ) کے ولائتی روئی کے سوت کا آیات انچاس پرتی شت اور تیار تھانوں کا آیات اٹھاون پرتی شت بڑھ گیا ہے۔ اس ورش کے پچھلے تین مہینوں سے ولائتی کپڑے کا آیات کیول جاپانی سستا مال ہی نہیں۔ بہت بڑھ گیا ہے۔ برٹش خاکی کپڑا ایک ورش میں 83.3 پرتی شت ادھک آیا۔ جاپانی خاکی کپڑا 32.5 پرتی شت ادھک آیا۔ 31 مارچ 1933 تک کل ولائتی سوت جو باہر سے آیا' 45.10 پونڈ تھا۔ پچھلے سال 31.60 لاکھ گز مال آیا تھا برٹش سوت کا آیات 11.90 لاکھ گز سے بڑھ کر 13.40 لاکھ گز ہو گیا' جاپانی سوت 6.20 لاکھ گز پچھلے سال 775.60 گز ولائتی کپڑا آیا تھا' اس سال 1.225.30 لاکھ گز۔ ستمبر 1932ء کے بعد سب سے اَدھک مال 1933ء کی مارچ میں آیا۔ ولائتی مال بمبئی' مدراس' بنگال' سندھ اور برما سب جگہ قریب قریب برابر ہی آیا ہے۔ بھارتیو، سادھان۔ سموچی راج نیتی ایک اُور اور سودیشی ایک اور، سودیشی پر چارکوں کو سترک ہو جانا چاہیے۔

12 جون 1933ء

1۔ دُرگن۔ عیب 2۔ کشمیہ۔ نقصان دہ 3۔ پراولیہ۔ مضبوطی 4۔ آیات۔ آمدنی 5۔ انومان۔ اندازہ 6۔ سترک۔ چوکنا

بھارتی کپڑا اور بھارتی روئی

جاپانی کپڑا اودیشی ہوکر بھی بھارت کی روئی کام میں لاتا ہے۔ بھارتی کپڑا سودیشی ہوکر بھی ودیشی روئی استعمال کرتا ہے۔ تو کیا بھارتی کپڑا کیول اس لیے سودیشی کہا جائے کہ وہ بھارت میں بنا ہے؟ کپڑے میں مکھیہ چیز روئی ہے۔ موٹا کپڑا بنانے کا خرچ پیسے دو پیسے گز سے ادھک نہیں۔ جس کپڑے میں بہت چھوٹی سی رقم بھارتی مزدوروں کے ہاتھ لگتی ہے اور بڑی رقم سودیشی روئی کی بھینٹ (1) کر دی جاتی ہے۔ اسے کس دلیل سے سودیشی کہا جائے؟ تب تو امریکہ کا تمبا کو بھی بھارت میں سگریٹ بن کر سودیشی ہو جاتا ہے۔ جاوا کا گڑ بھی بھارت میں چینی بن کر سودیشی شکر ہو سکتی ہے۔ اس سودیشی روئی کے بنے ہوئے کپڑے سے کہیں زیادہ سودیشی تو جاپانی کپڑا ہے کیونکہ وہ بھارت کی روئی سے بنتا ہے۔ لیکن جنتا سے اس ودیشی روئی سے بنے کپڑے کو سودیشی سمجھنے کی آشا کی جاتی ہے اور سودیشی روئی سے بنے کپڑے ودیشی۔ ہمارے مل مالک بھارتی روئی نہیں خرید سکتے۔ جاپان اسی روئی سے اچھے سے اچھے کپڑے بنا کر بھارت بھیجتا ہے۔ پر یہاں کے ملوں کے لیے وہی روئی ہیہ (2) ہے۔ انھیں تھوڑی سی بھارتی روئی کیول ملاوٹ کے لیے چاہیے۔ شیش (3) روئی ودیش سے ہی آوے گی۔ ہمارے مل مالکوں میں کیوں اتنا سودیشی پریم نہیں ہے کہ وے دیشی روئی خریدیں اور اس کا ویوہار کریں۔ ان میں اتنی بھی عقل نہیں ہے کہ وے دیشی روئی سے کام لینا سیکھیں اور نہ وہ یہ ودیا دوسروں سے سیکھنا چاہتے ہیں۔ وے تو سن رکشن (4) چاہتے ہیں اور نفع چاہتے ہیں۔ کسان مرے یا جیے ان کی بلا سے۔ کسانوں کے پاس اس کی ایک ہی دوا ہے اور وہ یہ ہے کہ وے اپنی روئی کا سوت کاتیں اور اپنا کپڑا بنائیں۔ اور اس ودیشی روئی کے کپڑے کو ودیشی سمجھ کر اس کا بہشکار کریں۔ اگر جاپانی گانٹھوں کو ٹھکرایا جاتا ہے تو یہاں کے مل والوں کو بھارتی روئی خریدنا چاہیے، انیتھا ان کے کپڑے کا بہشکار ہونا چاہیے جسے ہم سودیشی کپڑا کہتے ہیں۔ وہ ودیشی روئی سے بنا ہے اور ودیشی ہے اور ہمارے کسان اب سمجھنے لگے ہیں۔

3 جولائی 1933ء

1۔ بھینٹ۔ نذرانہ، قربانی 2۔ ہیہ۔ ہیچ، بے وقعت 3۔ شیش۔ باقی 4۔ سن رکشن۔ حفاظت

شکر پر ایکسائز ڈیوٹی

شکر پر ایک روپیہ کی ہنڈریڈ رویٹ کی جو ڈیوٹی لگ گئی ہے، اس پر سنا جاتا ہے کہ کئی شکر مل کے مالکوں نے گورنمنٹ سے کہا ہے کہ آپ ہمارے مل کو لے کر خود چلایئے اور ہمیں سات یا آٹھ سیکڑا نفع دے دیجیے۔ سرکار تک ہماری رسائی ہوتی تو ہم یہی کہتے کہ آپ اس پرستاؤ (1) کو سویکار (2) کر لیجیے اور ان کو سات فی صدی نفع دے کر ٹرخا دیجیے۔ کیا سات آٹھ سیکڑوں کے لیے دنادن شکر مل کھلتے جا رہے ہیں؟ ان چار ورشوں میں کئی ملوں کی پوری لاگت نکل آئی ہے اور اب بھی ان کو پندرہ سیکڑے سے کم نفع نہیں ہے۔ یہ شورغل اس لیے مچایا جاتا معلوم ہوتا ہے کہ اوکھ کا دام نہ بڑھنے پائے۔ کسانوں کو دیتے تو مال کے ساتھ لیش (3) پاتے۔ اب کر بھی دینا پڑے گا اور دھونس بھی سہنی پڑے گی۔ ہاں، سرکار کا بھی یہ دھرم ہے کہ اس کر سے آئی ہوئی رقم کو اس طرح خرچ کرے کہ پیداوار اچھی ہو، اس میں مال زیادہ پڑے اور اس طرح کسانوں کا اُپکار (4) ہو۔

3 جولائی 1933ء

1۔ پرستاؤ۔ منصوبہ   2۔ سویکار۔ قبول   3۔ لیش۔ طاقت   4۔ اُپکار۔ رحم و کرم

سن رکشن کیوں رکھا جائے؟

اس ویاپار نیگ میں گاہک کا کوئی مولیہ (1) نہیں، جو کچھ ہے وہ ویاپاری ہے۔ گاہک کا اَستو (2) کیول اس لیے ہے کہ وہ ویاپاریوں کی تھیلیاں بھرے۔ ویاپاری کو ادھیکار ہے کہ جتنے دام چاہے لے، اس کے لیے کوئی روک نہیں کوئی کھید نہیں۔ وہ سو فی صدی دو سو فی صدی پانچ سو فی صدی، جتنا نفع لے سکے لے، کوئی اس کا ہاتھ پکڑنے والا نہیں۔ مہاجن زیادہ سود لے تو عدالت اسے ناجائز ٹھہرا دے گی۔ آج کل بھی ایسی تجویزیں ہو رہی ہیں کہ سود کا کڑا سمتر ن (3) کر دیا جائے، پر ہمارا ویاپاری خود مختار ہے۔

اس کے نفع پر کوئی آنکھ نہیں اٹھا سکتا۔ ہاں، جب کوئی باہر کا ویاپاری آ کر ستا مال بیچتا ہے، تو ہمارا یہ ویاپاری راشٹری اُدھوگ کے سن رکشن کا سوانگ بھر کر سرکار سے اس نئے پرتی دوندی (4) پر کڑی ڈیوٹی لگانے کا آگرہ کرتا ہے اور سرکار بڑی خوشی سے اس کا آدیش (5) مان لیتی ہے۔ اس کا اس میں کیا بگڑتا ہے اگر ڈیوٹی میں کچھ کمی ہوئی تو ویاپاریوں کے انکم ٹیکس سے پوری کر لی گئی۔ ویاپاریوں کے شردھا (6) پاتر مفت میں بن گئے، مگر اس طرح کا سن رکشن دینا جنتا کے ساتھ سراسر انیائے ہے۔ ویاپاریوں کے ہت کے لیے جنتا سے کروڑوں کا ٹیکس وصول کر لیا جاتا ہے۔ تھوڑے سے پونجی پتیوں کے لابھ کے لیے راشٹر پر کر بڑھا دیا جاتا ہے اور راشٹر کسی سے اس کی فریاد نہیں کر سکتا۔

جو بھوکوں مر رہا ہے اسے روپیہ کے چیز سوا روپے میں خریدنے کے لیے مجبور ہونا پڑتا ہے، کیول اس لیے کہ مل مالک کو پرتا نہیں پڑ رہا ہے۔ تو اگر پونجی پتی اپنا حق سمجھتا ہے کہ وہ اپنے گھاٹے کو جنتا پر کر لگا کر پورا کرے، تو کیا پانچ یا چھ فی صدی سے ادھک نفع لینے پر غبن یا خیانت کے اَبھیوگ میں جیل کی ہوا کھلا سکے؟ نیائے تو یہی کہتا ہے، پر اس ویاپاری نیگ میں گاہکوں کی کون سنتا ہے۔

16/ اکتوبر 1933

1۔ مولیہ۔ قیمت 2۔ استو۔ وجود 3۔ سمتر ن۔ توازن 4۔ پرتی دوندی۔ مخالف
5۔ آدیش۔ حکم 6۔ شردھا پاتر۔ چاہت کیلائق

گراہکوں کا بلیدان مل مالکوں کے لیے

بمبئی کے مل مالکوں نے لنکا شائر سے سمجھوتا کر کے اپنا کام نکال لیا۔ کسانوں کی روئی کہاں جائے گی، اس سے انھیں کوئی مطلب نہیں، نہ لنکا شائر روئی خریدنے کا ذمہ لیتا ہے، نہ یہاں کے مل والے ہی یہ ذمہ لیتے ہیں۔ ان کی منشا تو کسی طرح جاپان کے سستے کپڑے کو تو بھارت سے نکال باہر کرنا ہے۔ ولائتی کپڑے پر جو پچیس سیکڑے کا کر تھا، اسے گھٹا کر بیس پرتی سیکڑے کر دیا ہے۔ مسٹر مودی نے مل والوں کے فائدے کی بات تو سوچ نکالی، گراہکوں کی طرف ذرا بھی دھیان نہیں دیا، جنھیں وہ مہنگا کپڑا خریدنے کے لیے مجبور کر رہے ہیں۔ لنکا شائر بھی مہنگا کپڑا بیچے، یہاں والے بھی مہنگا کپڑا بیچیں، غریب پرجا تو ان کا پیٹ بھرنے کے لیے مرتی ہی ہے۔ اسی وشے پر بھاشن کرتے ہوئے پریاگ وشوودیالیہ کے ارتھ شاستر (1) کے پروفیسر مسٹر تھامپسن نے گراہکوں کے درشٹی کون (2) کو ان شبدوں میں ویکت (3) کیا ہے۔

''ارتھ شاستر کے گیاتاؤں (4) کے جیون کا ادیشیہ (5) یہی ہے کہ بھارت ادھک سمپن ہو جائے جس کا آشے ہے کہ جنتا کے جیون کا درجہ اونچا ہو جائے اور اس کا ارتھ یہی ہے کہ لوگوں کو بھوجن اور وستر پرچُر ماترا میں ملے۔ یدی جاپان سے سستا کپڑا آتا ہے تو غریبوں کو ادھک وستر مل جاتا ہے۔ موٹے طور پر پچھلے ورش جاپانی کپڑے کے آیات سے یہاں کپڑے کی کھپت لگ بھگ اسی لاکھ پریواروں میں دگنی ہو گئی۔ اس طرح بھارت ادھک وستر پا کر دھنی ہوا۔ اب رہا بھوجن، جاپان نے کپڑے میں جتنا دھن بھارت سے لیا، وہ اس سے کہیں کم ہے جو اس نے روئی خرید کر دیا۔''

6 دسمبر 1933ء

1۔ ارتھ شاستر۔ علم معاشیات 2۔ درشٹی کون۔ نقطۂ نظر 3۔ ویکت۔ ظاہر، اظہار 4۔ گیاتا۔ جانکار
5۔ ادیشیہ۔ مقصد 6۔ آشے

مسٹر مودی کی اُدارتا

بمبئی کے مل والوں نے لنکا شائر کے ساتھ جو پانچ فی صدی کی رعایت کی ہے اس سے آشا (1) ہے کہ سامراجیہ کے سارے بڑے بڑے بازاروں میں بمبئی کے مال کی دھوم مچ جائے گی اور یہاں کے بھرے ہوئے گودام چٹ پٹ خالی ہو جائیں گے۔ ہندستان کے بازار کی گنتی ہی کیا ہے۔ یہاں کے بھکو کسان کیا کپڑے خریدیں گے۔ شاید بمبئی والے سمجھتے ہوں گے بھارت میں سودیشی کی بھاؤنا (2) اتنی بل وتی (3) ہے کہ بمبئی کتنا ہی مہنگا کپڑا بیچے، بازار اس کے ہاتھ سے نہیں جا سکتا۔ مگر اسے اپنی غلطی بہت جلد معلوم ہو جائے گی۔

13 نومبر 1933

1۔ آشا۔ اُمید 2۔ بھاؤنا۔ احساس 3۔ بل وتی۔ طاقت ور

سن رکشنوں کی دھوم

جسے دیکھیے، سن رکشن کی مانگ کر رہا ہے۔ وائسرائے سے لے کر ویاپاری اور زمین دار تک سن رکشن کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ جس کے ہاتھوں میں شکتی ہے وہ تو آپ ہی اپنی مرضی سے قانون بنا کر سن رکشن پراپت کر لیتا ہے۔ جس کے ہاتھ میں وہ شکتی نہیں ہے، وہ سرکار سے سن رکشن مانگتا ہے۔ کپڑے کو سن رکشن مل گیا۔ موزے اور اور بنیائن والے، ریشم والے، کھلونے والے، غرض سبھی وستوؤں کے ویوسائی سن رکشن کی مانگ کر رہے ہیں۔ اس لیے کہ باہر سے آنے والے مال کے مقابلے میں وے ٹھہر نہیں سکتے۔ جنتا کی جیب سے کیسے زیادہ سے زیادہ پیسے کھینچ لیے جائیں، یہی فکر سب کو پڑی ہوئی ہے۔ چیزوں کو سستا بنا کر باہر کے مال کو نہ آنے دینے کا سامرتھ (1) کسی میں نہیں اور جنتا بے بس ہے، بھارتی ویوسائیوں کے جمع خرچ میں دخل دینے کا اسے کوئی ادھیکار ہی نہیں، ویوسائی جتنی فضول خرچی چاہے کرے، جنتا کو پربندھ چاہے کرے، کوئی اس سے بول نہیں سکتا۔

اسے من مانا نفع کرنے کی بھی آزادی ہے۔ وہ نہ محنت کرے گا۔ نہ کفایت سے کام لے گا، نہ سو پربندھ کو اپنے یہاں گھسنے دیں گے۔ اس نے تو آسان لٹکا پایا ہے کہ ہمیں سن رکشن چاہیے۔ باہر کا ویوسائی جو چیز آٹھ آنے میں دیتا ہے اسی کو وہ ایک روپیہ میں دے گا اور جنتا مجبور ہے کسانوں کو تو سن رکشن کی ضرورت ہے، کیونکہ اس سے ایک بہوسنکھیک (2) ساج کا ہت ہوتا ہے۔ اس لیے بھی کہ ہم جانتے ہیں کسانوں کی دشا بہت ہی خراب ہے، لیکن یہاں تو انھیں بھی سن رکشن چاہیے جو لاکھوں اڑاتے ہیں اور کیول اپنی چھوٹی سی جماعت کے لیے ساری جنتا کو مہنگی چیز خریدنے کے لیے وِوش کرتے ہیں مگر یہ ویوسائیوں کا ویگ ہے کہ ان کے سامنے کس کی چلتی ہے۔

12 فروری 1934

1۔ سامرتھ۔ ہمت، حیثیت 2۔ بہوسنکھیک۔ کثیر تعداد، اکثریت

آل انڈیا سودیشی سنگھ

گت دسمبر میں بمبئی آل انڈیا سودیشی کاریہ کرتاؤں کی جو سبھا (1) ہوئی تھی۔ اس میں سودیشی وستروں کے پرچار کے لیے کئی پرستاؤ کے ساتھ ایک پرستاؤ اس آشے کا بھی سویکرت (2) ہوا کہ سودیشی ویوسائیوں نے سن رکشنوں اور جنتا کی سودیشی بھاؤناؤں کے بل پر خراب چیزیں مہنگے داموں میں بیچ کر جنتا کی جو لوٹ مچا رکھی ہے، اس کی نندا کی جائے اور ویوسائیوں سے اپیل کی جائے کہ وے سن رکشنوں کے لابھ میں گراہکوں کو بھی شریک کرے، ارتھات سستا مال بیچے۔ اس کے ساتھ ہی مزدوروں کے ساتھ اُچت (3) وِیوہار کریں۔

جب تک سودیش سنگھ (4) کے پاس ایسا کوئی اَدھیکار نہیں ہے کہ وہ سودیشی ویوسائیوں کی آمدنی اور خرچ کی جانچ کر سکے تب تک یہ ویوسائی یوں ہی اندھیر مچاتے رہیں گے۔ جسے دیکھیے سن رکشن کا عمل ہو رہا ہے اس کا آشے (5) کداپی (6) نہیں ہوسکتا ہے کہ ہمارے یہاں مزدوری کی در زیادہ ہے یا سستا مال بیچتا ہے پھر سن رکشن کیوں۔

12 مارچ 1934

1۔ سبھا۔ محفل 2۔ سویکرت۔ قابل قبول 3۔ اُچت۔ مناسب 4۔ سنگھ۔ تنظیم 5۔ آشے 6۔ کداپی۔ قطعی، بالکل

کوڑھ پر کھاج

بمبئی اور احمد آباد کے مل مالکوں کو سن رکشن مل گیا جاپانی کپڑے پر پچھتر فی صدی محصول بڑھ گیا۔ اب ان کی چاندی ہے۔ کپڑے خوب مہنگے داموں بیچیں اور خوب نفع اٹھائیں۔ خوب موٹریں خریدیں، خوب بہار کریں۔ ویاپاریوں کا راج ہے۔ خریدار تو کسی گنتی میں نہیں ہے اس کا جنم تو اسی لیے ہوا ہے کہ ویاپاری منڈل (1) سن رکشن کی شرن لیتا ہے۔ جنتا کی کون سنے گا؟ سماچار پتر ویاپاریوں کے شاسن ویوستھا دیوپاریوں کی، جن مت (2) ویاپاریوں کے ہاتھ میں، پروپیگنڈہ کرنے کی کلا میں کون ان کی برابری کر سکتا ہے۔ ودھا 3 اور پرتبھا (4) سب کچھ تو ان کے سامنے گھٹنے ٹیکنے کو تیار ہے۔ اس بے کاری اور مندی میں کم سے کم اتنا تھا کہ، کپڑے سستے مل جاتے تھے، پر ہمارا کروڑپتی مل مالک جنتا کا اتنا آرام بھی نہیں دیکھ سکتا۔

جاپان کے کپڑے بھارت میں اتنے سستے بکتے ہیں کہ یہاں کے مل ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے؟ اگر آپ میں عقل نہیں ہے، اگر آپ کو مال کفایت سے بنانا نہیں آتا تو جاپانیوں کے چرنوں میں بیٹھ کر ان سے سیکھیے، ان کی شاگردی کیجیے، آپ کی حماقت بے وقوفی اور فضول خرچی کا تاوان جنتا کیوں دے؟ انگلینڈ تو یہ کہہ سکتا ہے کہ ان کے یہاں مزدوری کی در بڑھی ہوئی ہے اور وے اپنے مزدوروں کے جیون کا آدرش نیچا کرنا نہیں چاہتے، لیکن کیا بھارت میں بھی مزدوری کی در بڑھی ہوئی ہے۔ کیا ویاپاری لوگ یہ کہہ سکتے ہیں کہ بھارت کے مزدور جاپان کے مزدور سے سکھی ہیں؟ کہنے کو تو شاید وہ یہ بھی کہہ دے۔ دھن کے منھ سے جو کچھ نکلے وہ ستیہ (5) ہو، لیکن اس پر وشواس دھن والے کریں گے۔ ہم تو اتنا جانتے ہیں کہ جاپانی مزدور کتنی ہی بری دشا میں کیوں نہ ہو، بھارت کے مزدوروں سے اچھی دشا (6) میں ہے۔ پھر بھی جاپان بھارت کے بازار میں آ کر بھارت کے کپڑے کا بازار بند کر دیتا ہے۔ اور ہمارے عقل مند مل مالک سن رکشن کا رونا رونے لگتے ہیں۔ یہ تو کھیل میں دانت کاٹنا ہے۔ اور کچھ نہیں نس سہائے جنتا کو لوٹنا ہے۔ اس کو اور کوئی نام ہی نہیں دیا جا سکتا۔

اب کہا جاتا ہے کہ جاپانیوں نے بھارتی روئی کے بہشکار کرنے کی جو دھمکی دی ہے، یہ کیول بندر گھڑکی ہے۔ ارتھ شاستر کے بڑے بڑے ویاپاری پنڈت گلا پھاڑ پھاڑ چیخ رہے ہیں اخباروں میں بیان

1۔ ویاپاری منڈل۔ تاجروں کا گروہ 2۔ جن مت۔ عوام کی رائے 3۔ ودھا۔ قانون
4۔ پرتبھا۔ شخصیت، عزت 5۔ ستیہ۔ سچائی 6۔ دشا۔ حالت

پرکاشت(1) کرار ہے ہیں کہ جاپان بھارت کی روئی کے بغیر نباہ نہیں کرسکتا،لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ جب بھارت جاپان کا کپڑا نہ لے گا تو جاپان اس کی روئی لے کر کیا ایندھن بنائے گا۔یا ہولی جلائے گا۔جاپان کا کپڑا بھارت میں کھپتا تھا۔اس لیے وہ یہاں کی سستی روئی لے کر اس سے مال تیار کرتا تھا۔اور کم سے کم نفع لے کر وہی مال،انھیں غریب کسانوں کے ہاتھ بیچ دیتا تھا۔جب کپڑے کا سب سے بڑا بازار اس کے ہاتھ سے نکل گیا،تو ہم نہیں سمجھتے کہ وہ بھارت کی روئی لے کر کیا کرے گا۔اپنے دیش کی کھپت کے لیے وہ منچوریہ میں کافی روئی پیدا کرسکتا ہے۔کیا بھارت کے مالک اس بات کا ذمہ لیتے ہیں،چھاتی ٹھوک کر یہ کہنے کا ساہس(2) رکھتے ہیں کہ اگر جاپان کی گھڑکی بندر گھڑکی نہ سدھ ہوئی تو وے بھارت کی ساری روئی خرید لیں گے؟اور اسی داموں،جن داموں جاپان خریدتا تھا۔ہم نے تو مل کیپروں کے بیانات بڑے غور سے پڑھے ہیں۔پر کسی نے بھی ایسا کہنے کا ساہس نہیں دکھایا۔انھیں بھارت کے کسانوں سے کیا پریوجن؟(3) بھارتی کسان مرے جیے،ان کے کپڑے خرید لیے جائیں اور ان کی جیب گرم کیے جائیں۔ان کے ہاتھ میں شاسن ہے ہی،وے کوئی ایسا قانون بھی پاس کرا سکتے ہیں کہ پرتیک بھارت واسی کو پرتی ورش اتنے مولیہ کا کپڑا خریدنا ہوگا۔اور ہم انھیں وشواس دلاتے ہیں کہ انگریزی سرکار ان کے اس پرستاؤ کو بڑے ہرش سے سویکار کرے گی۔اس کا اس میں سراسر فائدہ ہے۔لنکا شائر کا مال کچھ نہ کچھ زیادہ کھپنے لگے گا۔پرستاؤ ہونے کی دیر ہے۔

اگر مل مالکوں نے یہ بھی سوچا ہے کہ ان کے مہنگے کپڑے لے گا کون؟ کرشک ہی تو ان کے سب سے بڑے خریدار ہیں،کرشک کے پاس آمدنی کا کیا سادھن رہ گیا۔گیہوں جاتا نہیں،تلہن کوئی پوچھتا نہیں،پاٹ مارا مارا پھر رہا ہے،شکر کا ویوسائے بھی اس کے ہاتھ سے نکل گیا۔وہ تو اب کھڑی اوکھ بیچ کر،روپے کی جگہ چونی پا کر اپنے بھاگیہ کو ٹھونکتا ہوا گھر چلا جاتا ہے۔تھوڑا بہت دھن اسے اسی کپاس سے مل جاتا تھا،وہ سادھن بھی اس کے ہاتھ سے نکل گیا،تو وہ کہاں سے روپے لائے گا،مہنگے کپڑے خریدنے کے لیے؟ اپج تو لگان اور پیٹ کو کافی نہیں ہوتی،اس پر آپ یہ اپج بھی اس کے ہاتھ سے چھینے لیتے ہیں۔وہ سنگھٹت نہیں ہے۔کہیں اس کی آواز نہیں ہے۔اس پر چاہے جو آگھات(4) کیجیے،پر ہمیں وشواس ہے،اس سن رکشن سے بھارتی کپڑے کی نکاسی میں ذرا بھی وردھی(5) نہ ہوگی۔جو چیز ایک روپے میں مل رہی ہو،اسے ڈیڑھ روپے میں خریدنے کے لیے اس مندی اور بےکاری کے سمے بھارت کی جنتا تیار نہیں ہے۔

کہا جاتا ہے جاپان نے اپنے بین کے در گرادیے ہیں۔ہم پوچھتے ہیں اسی بین سے تو جاپانی ویاپاری،بھارت میں روئی خریدتے ہیں،یا خریدتے وقت وہ کوئی دوسرا بین بنالیتے ہیں؟اس کے جاپانی درشٹی کون سے یہ ارتھ ہے کہ روئی مہنگی ہے۔یہ مہنگی روئی لے کر اگر وہ سستا کپڑا بیچتا ہے تو یہاں کے مل والوں کا کرتویہ 6 ہے کہ

1۔پرکاشت۔شائع شدہ 2۔ساہس۔ہمت 3۔پریوجن۔مقصد 4۔آگھات۔نقصان 5۔وردھی۔اضافہ
6۔کرتویہ۔کردار،عمل،فریضہ

وے جاپان جا کر دیکھیں کہ وہ کس جادو منتر سے اتنا سستا مال بناتا ہے اور وے خود اس وشے میں اس کی نقل کیوں نہ کریں۔ یہ نہیں کہ مزے سے بھارت کی دردر جنتا پر ٹیکس لگا کر اپنی اَیوگیتا(1) کی کمی پوری کر لی۔ سستی چیز کو مہنگے داموں بیچنا اور سستی چیز کو بازار سے نکال ڈالنا، ٹیکس لگانا نہیں تو اور کیا ہے۔

اچھا تو اگر جاپان نے بین کی درگرا کر یہ سپھلتا پراپت کی ہے اور کرینسی کی درگرانے سے ہی ساری سمسیائیں حل ہو جاتی ہیں، تو آپ بھی کیوں بھارتی کرینسی کی دَرگرانے کے لیے زور نہیں لگاتے، کیا یہاں آپ کی دال نہیں گلتی؟ کیوں نہیں گلتی کیوں آپ سرکار پر ایسا دباؤ نہیں ڈالتے کہ جو وِیوستھا جاپان کے لیے رام بان بن گئی ہے وہ آپ کو بھی ملے۔ اس کے لیے آندولن کیجیے۔ یا سب سے آسان لٹکا آپ کو یہی ملا ہے کہ جاپانی کپڑے کو بھارت سے نکال کر جنتا کو اپنا مہنگا کپڑا خریدنے کے لیے مجبوراً ادھک دام دینا پڑے۔

اس سن رکشن سے سنسار تنگ آ گیا ہے۔ سب یہی چاہتے ہیں کہ اس کا مال ساری دنیا خرید لے اور وہ کسی کا مال نہ خریدے۔ ساری دنیا کی دولت اس کی تھیلی میں آ جائے اور اس کی تھیلی سے ایک پائی بھی باہر نہ نکلے۔ اور یہ اَسمبھو ہے سَن رَکشن جتنے ہی بڑھ رہے ہیں اتنا ہی وَیاپاری گھٹ رہا ہے اور اب سنسار کا وَیاپار آج کے پانچ سال پہلے کے وَیاپار کا کیول ایک تہائی رہ گیا ہے پھر بھی، سن رکشن کا شور مچا ہوا ہے۔ اگر جاپان نے بھارت کی روئی بند کر دی (اور وہ اس دھمکی کو وَیوہار میں لانے کے لیے مجبور ہے) تو کپڑے کی کھپت اور بھی کم ہو جائے گی اور کپڑے کی یہی کھپت نہیں، اس کا اُدسرا اور بھی چیزوں پر ہوگا۔ ابھی بغلیں بجا لیجیے، مگر بہت جلد ہاتھ ملنا پڑے گا۔ جنتا میں سنگٹھن نہیں ہے۔ لیکن سو سنگٹھن کا ایک سنگٹھن تو ان کی دن دونی رات چوگنی بڑھتی ہوئی دردرتا(2) ہے۔ ہم جاپانی کپڑے کے وکیل نہیں ہیں، پر جنتا کے وکیل اَوشیہ ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ کرترم(3) سادھنوں میں اس کا گلا نہ گھونٹا جائے۔ سن رکشن میں سب سے بڑی برائی یہ ہے کہ ویاپاری کو پرتی یوگیتا سے نشچنت ہو کر اپنے گھر کی سُوویوستھا وستھا کرنے کے لیے کوئی انکش(4) نہیں رہ جاتا۔ یہ وہ شیشے کی کوٹھری ہے، جس میں بیٹھ کر آپ بہت دن شانت نہیں رہ سکتے۔ کسی وَیوسائے کی بالیہ وستھا(5) میں تو سن رکشن کا کوئی ارتھ(6) ہو سکتا ہے، لیکن جو جوان اپنے پیروں کو کھڑا نہیں ہو سکتا، اس سے ہمیں کوئی آشا نہیں ہو سکتی۔

19/جون1935ء

1۔اَیوگیتا۔نااہلیت 2۔دردرتا۔غریبی 3۔کرترم۔مصنوعی 4۔سوویوستھا۔اچھا انتظام

5۔انکش۔روک 6۔بالیہ وستھا۔بچپنہ 7۔ارتھ۔معنی

شکشا سنسکرتی

گروکل کانگڑی میں تین دن

پچھلے آشاڑھ میں مجھے گروکل کانگڑی کے درشنوں کا اوسر ملا۔ اِچھا تو بہت دنوں سے تھی، مگر یہ سوچ کر کہ اس وِید وِدانگوں (1) کے کیندر میں مجھ جیسے دھرم شونیہ وَیکتی (2) کا کہاں گزر، کبھی جانے کی ہمت نہ ہوئی۔ سَو بھاگیہ (3) سے ساہتیہ پریشد نے انھیں دنوں اپنا وارشک اُتسو کرنے کی ٹھانی اور مجھے نیوتا ملا۔ ایسا اوسر پا کر بھلا کیسے چوکتا۔ دلی مراد پوری ہوئی۔ رات کو لکھنؤ سے چل کر پراتہ کال (4) ہری دوار جا پہنچا۔ وہاں دو برہمچاری (5) میری راہ دیکھ رہے تھے۔ گروکل کی سِدھانت وادِتا 6 کا کچھ تھوڑا سا پریچے مجھے اسٹیشن پر ہی ملا۔ ایک تانگہ کرنے کی ٹھہری۔ تانگہ والے نے شاید یہ سمجھ کر کہ دو نئے یاتری ہیں، کنکھل کے آٹھ آنے مانگے۔ اِدھر سے چھ آنے کہا گیا۔ تانگے والے نے شاید کہا، آٹھ آنے سے کم نہ ہوں گے، برہمچاریوں نے واجب کرایہ دیا تھا۔ تانگے والے سے ٹھائیں ٹھائیں کرنا ان کی شان کے خلاف تھا۔ آدھ میل چل کر دوسرا تانگہ انھی داموں پر لائے۔ پہلا تانگہ والا انھیں داموں پر چلنے کو تیار تھا، اپنا اپرادھ چھما کرتا تھا، اپنی بھول سُویکار کرتا تھا، پر برہمچاریوں کو اس پر دَیا نہ آئی۔ اس نے یاتریوں کو ٹھگنا چاہا تھا۔ اس کا دَنڈ اسے دینا ضروری تھا۔ اور نیتی کی درشٹی میں دَیا کا کوئی مولیہ نہیں۔

تانگہ آدھ گھنٹے میں کنکھل آ پہنچا۔ ہم لوگ اتر کر گھاٹ پر پہنچے۔ سامنے کی پہاڑیاں ہرے ہرے آبھوشن پہنے کھڑی تھیں، نیچے گنگا پہاڑیوں کی گود سے نکل کر اچھلتی کودتی چلی جاتی تھی۔ یہاں کئی دھارائیں ہیں، جو ورشا (7) کال میں مل کر کانگڑی کے نیچے تک چلی جاتی ہیں، میں نے سمجھا کسی کشتی پر ندی پار کرنی پڑے گی، مگر کشتی کا کہیں پتہ نہ تھا۔ یہاں پانی کا توڑ اتنا تیز ہے، نیچے کا پیٹا اتنا پتھریلا ہے کہ تھوڑی دور کے بعد کشتی آگے جا ہی نہیں سکتی۔ چھپروں پر بیٹھ کر لوگ آتے جاتے ہیں۔ یہ ایک پرکار کی کھٹنی ہے، جس میں مٹی کے مٹکوں کی جگہ ٹین کے کنستر ہوتے ہیں کئی کنستروں کو لمبے لمبے رکھ کر رسی اور بانسوں

1۔ وید ودانگ۔ وید جاننے والا 2۔ شونیہ وکتی۔ بلا مقصد آدمی 3۔ سو بھاگیہ۔ اچھی قسمت 4۔ پراتہ کال۔ صبح سویرے 5۔ برہمچاری۔ پرہیزگار 6۔ سدھانت وادتا۔ اصول کا پکا 7۔ ورشا کال۔ بارش کا زمانہ

سے باندھ دیتے ہیں۔ تیمرا بیچ میں چوڑا اور دونوں سروں پر پتلا ہوتا ہے۔ جنھیں اس پر پہلی بار بیٹھنا پڑے انھیں من میں کچھ سنشے (1) ہونے لگتا ہے کہ یہ ڈونگا پار لگے گا یا بیچ ہی میں لے ڈوبے گا۔ مگر تھوڑی ہی دور چل کر یہ سنشے دور ہو جاتا ہے یہ ڈونگی ڈوب نہیں سکتی۔ پانی کا بہاؤ کتنا ہی تیز ہو، بھنور کتنے ہی بھنکر ہوں۔ وایو کتنی ہی پرچنڈ (2) ہو، لہریں اُچھل کر اس کے اوپر ہی کیوں نہ آ جاتی ہوں پر اسے پراست (3) نہیں کر سکتی۔ آدمی اگر اس پر ذرا سنبھل کر بیٹھ رہے، تو چاہے اَنت تک پہنچ جائے، ڈوب نہیں سکتا۔ اس منکش سی وَستو کو وَراد اور پرچنڈ جل پرواہ کا اتنی وِیرتا سے سامنا کرتے دیکھ کر ایسا جان پڑتا تھا مانو کوئی اکیلی آتما پران ساگر کی لہروں کو ٹھکراتی، ودھن بادھاؤں کو کچلتی پرم دھام کی اُور چلی جا رہی ہو۔

ابھی آدھ گھنٹہ بھی نہ گزرنے پایا تھا کہ گھٹا چھا گئی اور وَرشا ہونے لگی۔ سارے کپڑے بھیگ گئے، ہوا بھی چلنے لگی۔ لہریں اچھلتی ہی نہ تھیں۔ چھلانگیں بھرتی تھیں۔ کئی بار تیمر نیچے کو چٹان سے ٹکرایا اور ہم گرتے گرتے بچے۔ دس بجتے بجتے ہم کانگڑی پہنچ گئے۔

گُروکل کی عمارتیں دیکھ کر بے اختیار منھ سے نکل گیا۔ نام بڑے دَرشن تھوڑے۔ ایک ہی عمارت ہے جسے عمارت کہہ سکتے ہیں۔ پر سادھارن ہائی اسکول کی عمارت بھی اس سے اچھی ہوتی ہے۔ تین سال پہلے یہاں کئی اور عمارتیں تھیں۔ پر سن 1924ء کی باڑھ میں کئی عمارتیں بہہ گئیں اور ہرا بھرا باغ بالو سے بھر گیا۔ گرے ہوئے بھونوں کے کھنڈر ابھی تک نظر آتے ہیں۔ ہم لوگ ایک چھوٹے سے پکّے گھر میں ٹھہرے۔ جسے یہاں پکّا دھرم شالہ کہتے ہیں۔ شردھیہ پنڈت پدم سنگھ جی شرما بھی آ گئے تھے۔ ہم دونوں اسی کمرے میں ٹھہرے۔ اَسنان کیا۔ اتنے میں بھوجن آ گیا۔ کھانے بیٹھ گئے۔ پیڑے بہت سُوادِشٹ تھے۔ اُتھی سنسکار (4) یہاں کی وِشیشتا ہے۔ بھسمک (5) رُوگی بھی یہاں سے تُرپت (6) ہوئے بنا نہیں جا سکتا۔ سب سے بڑا آنند مجھے یہاں کے برہمچاریوں کو دیکھ کر ہوا۔ ایسے سَرل ہردے، سیوا شیل یُووَک ہمارے انگریزی کالجوں میں بہت کم ہیں۔ وہ پنڈتائی وا تاوَرن، جو کاشی کی کسی سنسکرتی پاٹھ شالا میں نظر آتا ہے، یہاں نام کو بھی نہ تھا۔ یہاں ودیالیہ کا مہمان پرتییک برہمچاری کا مہمان ہے، وہ اس کی چارپائی بچھا دے گا۔ یہ ودیالیہ نہیں، کسی رِشی کا آشرم معلوم ہوتا ہے۔ ایسے اُتساہی یُوَک میں نے نہیں دیکھا۔ جو کام کرتے ہیں اس میں تن مَن سے لپٹ جاتے ہیں۔ پرماد (7) کی ماترا ان میں بہت ہی کم ہے۔ کچھ سیکھنے کے لیے، کچھ جاننے کے لیے یہ لوگ سَدیو اُتسک رہتے ہیں۔

1۔ سنشے۔ شبہ 2۔ پرچنڈ۔ طاقت ور 3۔ پراست۔ زیر 4۔ سنسکار۔ خاندانی طور طریقہ

5۔ بھسمک۔ ختم ہونے والا 6۔ ترپت۔ من بھرنا 7 پرماد

ساہتیہ پریشد کا اُتسو سندھیا سمے ہوا۔ آچاریہ جی کا ویاکھیان ہوا۔ برہمچاریوں نے اپنی اپنی رچنائیں سنائیں۔ کچھ ساہتیک لیکھ تھے، دو چار غزلیں تھیں ایک دو لیکھ اتہاسک تھے۔ ان رچناؤں کو کسی اونچے آدرش سے تولنا انیائے ہوگا۔ یہ پڑوڑھ لیکھکوں کی کرتیاں نہ تھیں، پر کسی ودیالیہ کے شکشیوں کو ان پر گرو ہوسکتا ہے۔ ہاں، یہاں جو سنگیت سننے میں آیا، اس سے کچھ نراشا ہوئی۔ گروکل میں سنگیت شکشا کا کوئی پربندھ نہیں۔ شاید سنگیت برہمچریہ کے لیے بادھک سمجھا جاتا ہو۔ مگر مجھے تو ایسی دھارمک سنکیرنتا (1) یہاں کہیں نہ دکھائی دی۔ سب سے بڑا آشچریہ مجھے برہمچاریوں میں وچار سوتنتر (2) پر ہوا۔ ان کے راجنیک، سماجک، دھارمک وچاروں میں مجھے سنکیرنتا کا کوئی چنھ نہیں ملا۔

دوسرے دن پرتیں بھوج تھا۔ بھوجن گرہ میں سبھی برہمچاری اور آچاریہ فرش پر بیٹھ کر تھالیوں میں بھوجن کر رہے تھے۔ ہمارے انگریزی ودیالیوں میں کرسیوں اور میزوں کا ویوہار ہوتا ہے۔ یہاں ابھی تک انگریزیت کی وہ ہوا نہیں آئی۔ ہماری جاتی ریتی، نیتی، آچار، وچار کی رکشا ہوسکتی ہے تو ایسی ہی سنستھاؤں میں ہوسکتی ہے۔ مگر شاید اب اس کی رکشا کرنے کی ضرورت ہی نہیں سمجھی جاتی۔ آج کل وہی پکّا آریہ ہے، جو چاہے اور سبھی باتوں میں ودیشیوں کا غلام ہو، کیول انیہ دھرماولمبیوں (3) کو گالی دیتا جائے۔

آج سندھیا سمے ایک کوی سمیلن تھا۔ پنڈت پدم سنگھ جی سبھاپتی تھے۔ برہمچاریوں نے اپنی اپنی رچنائیں سنائیں۔ اُدھیکانش کویتائیں ہاسیہ (4) پد تھیں۔ مگر میں برہمچاریوں کے ساہس کی تعریف کروں گا کہ انھیں اپنی اَنڈ بنڈ رچنائیں سنانے میں لیش ماتر بھی سنکوچ نہ ہوتا تھا۔ کسی حد تک تو یہ بالوچت (5) ساہس سراہنیہ (6) ہے۔ ہم نے ایسے بالک بھی دیکھے ہیں جو کسی سبھا میں کھڑے کر دیے جائیں تو ان کی گھگھی بندھ جائے گی۔ اس جھجک کو دیکھتے تو یہ دھرشٹا (7) پھر بھی اچھی ہے۔ پر رسک جنوں کے سامنے ایسی رچنائیں نہ سنانا ہی اچھا جنھیں سن کر ہنسی آوے۔ رچناؤں کے سماپت ہو جانے کے بعد شرما جی نے وچار پُورن وکترتا دی (8) اور برہمچاریوں کو خوب ہنسایا۔ شرما جی جتنے وِدوان ہیں، اتنے ہی سرل اور اُدار ہیں۔ اور مہمان نوازی تو ان کا جوہر ہے۔

تیسرے دن ہم نے کھیادھشٹھا تا جی کے گھر بھوجن کیا۔ اس کا سُوادا بھی تک بھولا نہیں۔ رام دیو جی ان بجنوں میں ہیں جن کی باتوں سے جی نہیں بھرتا۔ جیسے جیسے باتیں معلوم ہوتی ہیں اور منورنجن بھی ہوتا

1۔ سنکیرنتا۔ تنگ نظری 2۔ سوتنتر۔ آزاد 3۔ دھرماولبی ۔ 4۔ ہاسیہ پد۔ مزاحیہ نظم 5 ۔ بالوچت۔ بچوں کے لیے مناسب 6۔ سراہنیہ۔ قابل تعریف 7۔ دھرشٹا۔ ہمت 8۔ وکترتی۔ خرابی

ہے۔ آپ انگریزی ساہتیہ کے اچھے گیاتا ہیں اور بھارتیہ اِتہاس کے تو آپ پورے ماہر ہیں۔ ہر برہمچاری کو ان پر اسیم شردھا ہے۔ گروکل اگر کچھ نہ کرے تو بھی اتنے یُووکوں کے سمکھ سَرَل (1) جیون اور اُچ وچار کا آدرش رکھنا ہی اس کے جیوت رہنے کے لیے کافی ہے۔ انگریزی کالجوں میں تو آوشیکتاؤں کی غلامی سکھائی جاتی ہے اور اُدھیاپک لوگ ہی اس وِدیا کے سب سے بڑے شِکشک ہوتے ہیں۔ زندگی کی دوڑ میں وہ یُووک کیا پیش پا سکتے ہیں جن کے پیروں میں ضرورتوں کی بھاری بیڑیاں پڑی ہوں۔ سرکاری وِبھاگوں میں چاہے وہ اچھے پَد پا جائیں پر سرکاری نوکریوں سے تو راشٹر نہیں بنتے۔ گروکل نے اپنے جیون کے تھوڑے سے سالوں میں راشٹر یہ کے جتنے سیوک پیدا کیے ہیں۔ اتنے اور کسی وِدیالیہ نے نہ کیے ہوں گے۔ ڈگریاں لے کر پَد پراپت کرنا راشٹر کی سیوا نہیں۔ پرچار اور اُدّھار کے کاموں کو سنبھالنا ہی راشٹر سیوا ہے۔ اب تک گروکل نے ایک سو اِکتالیس اَسناتک نکالے ہیں ان میں سارو جنک (2) جیون میں بھاگ لینے والوں کی سنکھیا ستاسی ہے۔ یہ کہنے میں ذرا بھی اَتیلیکت نہیں ہے کہ ہندی بھاشا کو جتنا پروتساہن (3) گروکل سے ملا ہے، اتنا شاید ہی کسی وِدیالیہ سے ملا ہو۔

گروکل کی اُپیوگتا کے وِشے میں پہلے جنتا میں بڑا سندیہہ (4) پھیلا ہوا تھا پر گروکل سے نکلے ہوئے اَسناتکوں کا سانسارک جیون دیکھ کر اس وِشے کی سبھی شنکائیں شانت ہو جاتی ہیں۔ ایک سو اِکتالیس اَسناتکوں میں اُنتیس تو گروکلوں میں کام کر رہے ہیں، نو ساہتیہ سیوا میں لگے ہوئے ہیں۔ تیئیس آریہ سماج کے اُپدیشک (5) ہیں، پانچ سپھل وید ہیں، اٹھارہ وِیاپار میں لگے ہوئے ہیں۔ اور سات وِدیش میں شِکشا پراپت کر رہے ہیں۔ ان میں سے دو اُتیرن (6) ہو کر لوٹ آئے ہیں۔ ڈاکٹر پران ناتھ حال ہی میں انگلینڈ سے ڈاکٹر ہو کر لوٹے ہیں، ایک اور مہاشے بیرسٹر ہو آئے ہیں۔ پچھلے سال چار برہمچاری Senionr Cambridge پریکشا میں سمّلت ہوئے اور تین پاس ہو گئے۔ اس سے یہ سدھ ہو جاتا ہے کہ برہمچاریوں کو انگریزی میں بھی کافی ابھیاس ہو جاتا ہے۔ مہاشے سَتیہ وَرَت جی سدھانتالنکار نے حال ہی میں برہمچاریہ پر انگریزی میں ایک گرنتھ لکھا ہے۔ جس کی شیلی اور بھاشا دونوں ہی پرَی مارجت ہیں۔ کسی یونیورسٹی کے وِدیارتھی کے لیے ایسی پُستک لکھنا گرو کا کارن ہو سکتا ہے۔

گروکل وِدیالیہ میں ایک آیُوروید وِدیالیہ بھی ہے۔ یہاں برہمچاریوں کو جڑی بوٹیوں تتھا رسوں کا بھی گیان ہو جاتا ہے۔ شریر وگیان کی شِکشا بھی ان ویدوں کو دی جاتی ہے۔ ہمیں آشا ہے کہ یہاں کے پڑھے ہوئے ویدوں دُوارا آیُوروِیدوں کا اُدّھار (7) ہوگا وے کیول پُرانی لکیر کے فقیر نہیں ہوتے، بلکہ

1۔ سمکھ۔ سامنے 2۔ سارو جنک۔ عامیانہ 3۔ پروتساہن۔ ہمت افزائی 4۔ سندیہہ۔ شک، شبہ
5۔ اپدیشک۔ پیغام 6۔ اُتیرن۔ کامیاب 7۔ اُدّار۔ اصلاح

مانوشریر کے تتّووں کو جانتے ہیں اور شَلیہ (1) چِکِتسا میں بھی دخل رکھتے ہیں۔

گُرُوکُل کی پرَاکرِتک سَوبھاؤ کا تو کہنا ہی کیا۔ بَلوان چرِتر ایسے ہی جَلواؤ میں وِکست ہوتے ہیں۔ سامنے گنگا کی جَل بکر پڑا ہے، پیچھے پرَوتوں کا مَون سنگیت۔ داہنے بائیں میلوں تک شیشم اور کٹھّے کے ورِکش۔ ایسی صاف، چھنی ہوئی، وِل وایو میں سانس لینا سُیم آتمہ شُدھ ھ (2) کی ایک بکریا ہے۔ نہ شہروں کا دودھ، گھی، نہ یہاں کی سُوکش وَلاؤ برَہمچاری گنگا ماتا کی گود میں کللیں کرتے ہیں اور بڑی دور تک تیرتے چلے جاتے ہیں۔ نگروں کی دُوشت (3) جلوایوں میں یہ گُن کہاں۔ مگر پچھلی باڑھ نے وِدیالیہ کو جو چھتی پہنچائی ہے اس کو دیکھتے ہوئے اب وِدیالیہ کا اَستھان بدل دینے کا پرَشن آوشیک ہو گیا ہے۔ اس کا پرَبندھ بھی ہو رہا ہے۔

مادھوری۔ اپریل 1928ء

1۔ شلیہ چِکِتسا۔ سرجری 2۔ آتمہ شُدھ ھ۔ روح کی پاکی 3۔ دُوشت۔ آلودہ

راشٹریہ کاریوں میں غلامی

ہمیں یہ دیکھ کر مہان دکھ ہوتا ہے کہ ہمارے راشٹریہ کاریوں میں اب بھی انگریزی کا وہی پرادھانیہ ہے اور مہاتما گاندھی نے کانگریس کاریہ کرتاؤں کو ہندی کے وِشے میں جو اُپدیش دیا تھا اس پر کان نہیں دیا گیا۔ انیہ پرانت(1) والے اگر ہمارے پرانت میں انگریزی کا آشرے لیں تو کسی حد تک چھما کے پاتر ہیں، مگر طرّہ تو یہ ہے کہ اسی پرانت کے کانگریس کاریہ کرتا انگریزی میں پتر ویوہار کرنا، انگریزی میں رپورٹ لکھنا، انگریزی میں نوٹس پرکاشت کرنا، اپنے لیے شان سمجھتے ہیں، جب راشٹریہ نیتاؤں کے ہاتھوں راشٹر بھاشا کا یہ انادر ہو، تو کس سے شکایت کی جائے، شاید بھاشا میں لکھنا پڑھنا ہمارے کانگریسی نیتاؤں کو بھی اپنی مریادا کے وِرودھ جان پڑتا ہے۔ اگر ان کی یہ منووِرتی (2) ہے اور اس کے سوا ہو ہی کیا سکتی ہے، تو ایسے جن دیا کے پاتر ہیں کیونکہ وہ خود اپنی مانسک پرادھینتا کی ڈونڈی پیٹ رہے ہیں۔ اس میں بہت سے اچھی انگریزی یوگیتا رکھتے ہیں وہ دل میں سوچتے ہوں گے۔ اگر ہم نے ہندی میں لکھا پڑھا تو ہماری انگریزی پڑھنے کا کیا پھل؟ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انھیں ہندی میں لکھنے کا شعور نہ ہو۔

یدی ایسا ہے تو جنتا کو چاہیے ایسے غلام طبیعت کے لوگوں کا تِرسکار (3) کریں۔ کانگریس جو کچھ اَنیہ دیشوں میں پرچار کے لیے کرتی ہے، اس کا انگریزی میں ہونا تو ہماری سمجھ میں آتا ہے۔ اَنیہ پرانتوں میں پتر ویوہار کرنے کے لیے بھی ابھی کچھ دن انگریزی کا منھ تاکنا پڑے گا۔ لیکن جو باتیں اسی پرانت تک رہ جاتی ہیں، ان کے لیے انگریزی کے دامن میں منھ چھپانا لجّاسپد (4) اور راشٹریہ آدرشوں کے سروتھا پرتیکول (5) ہے۔ کم سے کم اس پرانت میں جو لوگ ہندی بھی اتنی سرلتا (6) سے نہیں لکھ سکتے، جتنی سرلتا سے وہ انگریزی لکھ لیتے ہیں، انھیں اپنے اوپر لجت ہونا چاہیے۔

اپریل 1931ء

1۔ پرانت۔ علاقہ 2۔ منووِرتی۔ دلی خواہش 3۔ تِرسکار۔ توہین 4۔ لجّاسپد۔ شرم 5۔ پرتیکول۔ مخالف 6۔ سرلتا۔ آسانی

انگریزی بھاشا کا روگ

ہم 'ہنس'، کے پاٹھکوں کا دھیان اس وشے کی اُور پہلے بھی آکرشٹ(1) کر چکے ہیں، ہمیں یہ لکھتے دکھ ہوتا ہے کہ ہمارے راشٹریہ کاریہ کرتا بھی اس روگ میں اتنے ہی گرست(2) ہیں جتنے سرکار کے کرمچاری یا وکیل یا کالجوں کے ادھیا پک۔ اس میں سندیہ نہیں کہ وے کھدر پہننے لگے ہیں، پر ان کے منو بھاؤ(3) میں لیش ماتر بھی سنسکرتی نہیں آئی۔ کسی کمیٹی کی بیٹھک میں چلے جایئے، آپ کھدر دھاری مہاشیوں کو فراٹے سے انگریزی جھاڑتے ہوئے پائیں گے۔ وہ شبد اور واکیہ جو انھوں نے دینک پتروں یا انگریزی پتروں میں پڑھے ہیں۔ باہر نکلنے کے لیے اکولاتے رہتے ہیں اور اوسر پاتے ہی پھوٹ نکلتے ہیں۔ ہنسی تو تب آتی ہے جب یہ حضرت انگریزی نہ جاننے والی مہیلاؤں کے سامنے بھی اپنے واگ ولاس سے باز نہیں آتے۔ انگریزی بھاشا کا یہ جادو کب تک ہمارے سروں پر رہے گا؟ کب تک ہم انگریزی کے غلام بنے رہیں گے۔ اس سے تو یہی ٹپکتا ہے کہ راشٹریتا ابھی ہردے کی گہرائی تک نہیں پہنچنے پائی۔ مہاتما گاندھی کے سوائے ہم کسی نیتا کو ہندی بھاشا کے پرچار پر زور دیتے نہیں دیکھتے۔ یہ ودت(4) رہے کہ جب تک ہماری راشٹر بھاشا کا زمان نہ ہوگا بھارتی راشٹر کا زمان خواب اور خیال ہے، جاپانی، جاپانی میں اپنے بھاؤ(5) کو پرکٹ(6) کرتا ہے، چینی، چینی بھاشا میں، ایرانی، فارسی میں، لیکن بھارت کی شکشت جنتا انگریزی پڑھنے اور بولنے میں اپنا گورو سمجھتی ہے۔ کتنے ہی سجن تو یہ کہنے میں سنکوچ(7) نہیں کرتے کہ ہندی لکھنے یا بولنے میں انھیں اسویدھا ہوتی ہے۔ یہ سیدھی سادی مانسک داستا ہے۔ بڑے سے بڑا ہندستانی بھی ایک گورے سے بات کرتا ہے تو انگریزی میں۔ وہ یہ بھول کر بھی نہیں سوچتا کہ انگریز ہندستانی میں کیوں نہ بات کرے۔ خیر انگریزوں سے انگریزی میں بات کرنے کو کسی حد تک چھمیہ بھی مان لیا جاسکتا ہے لیکن آپس میں انگریزی میں بات چیت کرنے کے لیے تو کوئی دلیل ہی نہیں۔

ستمبر 1931ء

1۔ آکرشٹ۔ متوجہ 2۔ گرست۔ ملوث 3۔ منو بھاؤ۔ من کا بھاؤ 4۔ ودت۔ جانکاری میں اضافہ
5۔ بھاؤ۔ احساس 6۔ پرکٹ۔ ظاہر 7۔ داستا۔ غلامی

فوجی کالج کی آیوجنا

فوجوں کو بھارتی بنانے کے لیے فوجی افسروں کی ضرورت ہے اور افسروں کی فوجی تعلیم کے لیے ایک کالج ہونا چاہیے۔ ویسے ہی ایک کالج بنانے کی اسکیم تیار کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی گئی تھی، جس کے سبھاپتی (1) بھارت کے فوجی لاٹ تھے۔ اس کمیٹی نے اب اپنی رپورٹ پرکاشت کردی ہے۔ اسے دیکھ کر ہمیں نراشا (2) ہوئی۔ لاٹ صاحب ساٹھ افسر پرتی ورش اس ودیالیہ سے نکالنا چاہتے ہیں۔ کمیٹی کے غیر سرکاری سدسیہ اس سنکھیا کو ایک سو بیس تک لے جاتے ہیں۔ بھارت میں چار ہزار فوجی افسر ہیں۔ اس حساب سے یدی بیچ میں کوئی انگریز افسر نہ لیا جائے تو اتنے افسروں کے تیار کرنے میں پینتیس ورش لگ جائیں گے۔ اور لاٹ صاحب کی سنکھیہ کے حساب سے ستر ورش۔ اس سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ سرکار اپنے فوجی ادھیہ پتیہ (3) کی اودھی کو ادھک سے ادھک بڑھانا چاہتی ہے۔ جن دنوں میں یورپ میں لڑائی ہو رہی تھی، یودکوں کو چند ہفتے قواعد سکھا کر کام پر بھیج دیا جاتا تھا، اور وہاں وے افسر بڑی یوگیتا سے اپنا کام کرتے تھے۔ کم سے کم ان کے وِرودھ کوئی شکایت نہیں سنی گئی۔ پر بھارت میں چار ہزار فوجی افسر تیار کرنے میں پینتیس سے ستر ورش لگتے ہیں۔ اس سے سرکار کی نیت صاف ظاہر ہوتی ہے۔ ہم پوچھتے ہیں، ہمیں چار ہزار افسروں کی ضرورت ہی کیا ہے؟ جب ہماری دیش رکشا کا بھار ہمارے اوپر ہوگا، تو ہم نشچے کرلیں گے کہ ہمیں اس سے کم افسروں کی ضرورت ہے یا زیادہ۔ اتنے ہی خرچ میں ہم ایسے ایسے دو ودیالیہ کھول سکتے ہیں۔ اور پینتیس ورش میں جو کام ہوگا اسے سترہ ورشوں میں پورا کرسکتے ہیں۔ ہمارا تو خیال ہے کہ فوجی کالج کے الگ ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہمارے ودیالیوں میں جیسے سائنس کا پربندھ ہے، ویسے ہی فوجی تعلیم کا بھی پربندھ ہوسکتا ہے۔ پہاڑ کھود کر چوہیا نکالنا ہماری سرکار کی پرانی نیتی ہے۔ خیر ہمیں یہی خوشی ہے کہ کئی کمیشنوں اور کمیٹیوں کے بعد یہ نوبت تو آئی۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ اس رپورٹ کو کاریہ روپ میں لانے میں کتنا سمے لگتا ہے۔ رپورٹ میں 1932ء سے کالج کھول دینے کی بات کہی گئی ہے۔ دیکھیے۔

ستمبر 1931ء

1۔ سبھاپتی۔صدر 2۔نراشا۔ناامیدی 3۔ادھیہ پتیہ۔اختیار، ملکیت

نوِین اور پراچین

پورب اور پچھم کی پراچین سنسکرتی(1) میں وشیش انتر نہ تھا۔ ہاں چونکہ نئی سنسکرتی کا بڑا بھاگ پچھم سے آیا ہے، اس لیے اسے پچھمی کی اُپادھی مل گئی ہے۔ پچھمی سنسکرتی ہمیں بہت دنوں تک چکاچوندھ میں ڈالے رکھا۔ اس کی چنک مٹک دیکھ کر ہم ایسے متوالے ہوئے کہ جو کچھ سُندر اور سرل بھی ہمارے یہاں تھا، وہ بھی ہماری نظروں سے گر گیا۔ وقت کی پابندی ہی لیجیے۔ ہمارے یہاں پرانی سبھیتا یہ(2) تھی کہ کوئی پریچت یا متر جس وقت چاہے ہمارے پاس بے روک ٹوک آ سکتا تھا۔ ہم اس سے باتیں کر کے خوش ہوتے تھے۔ اس وقت ہمیں یہ وچار کبھی نہ ستاتا کہ، اس منشیہ کے آجانے سے ہمارا سمے نشٹ ہو رہا ہے، ایک متر کی دل جوئی ہماری نگاہ میں روپیے پیسے سے کہیں زیادہ مولیہ وان تھی۔ لیکن اب ہم ہر ایک چیز کو روپیے کے کانٹوں پر تولتے ہیں، اس لیے کسی ایسے آدمی کا آنا، جس سے ہمارا کوئی سوارتھ نہ سدھ ہوتا ہو، ہمیں زہر سا لگتا ہے۔ ایک آدمی آپ کو اپنا ہتیشی(3) سمجھ کر اپنا دکھ رونے، یا کیول ونود(4) کے لیے آپ کے پاس آتا ہے اور آپ اس کے پاس ایک منٹ بیٹھنا بھی بھار سمجھتے ہیں کیونکہ اب سمے کا مولیہ روپیے سے نکالا جاتا ہے۔ منشیہ تا سہانُو بھوتی، دل جوئی کسی سے پریوجن نہیں ہے۔ بس جو کچھ ہے روپیہ ہے، اب ہمارے بڑے آدمیوں کے دُوار پر بھی بھیتر اور باہر کا لیبل لگا رہتا ہے۔ جس سے سوارتھ ہے اس کے لیے بھیتر ہے۔ جس سے کوئی پریوجن(5) نہیں، اس کے لیے باہر ہے۔ اور ہم اس سنسکرتی کا بکھان کرتے نہیں تھکتے، پچھم آدمیت کا گلا گھونٹ کر سُوارتھ کی مشین بن گیا ہے۔ وہی ہمیں یہ سکھا رہا ہے۔

پوربی سبھیتا تا اتتھیوں کے آجانے سے پھول اٹھتی تھی، اسے اپنا اہو بھاگیہ سمجھتی تھی کہ کوئی مہمان آیا، وہ آدھی رات کو آئے یا پچھلی رات کو، اس کی خاطر داری میں کوئی کمی نہ ہوتی تھی۔ وہ گھر میں سب سے اچھی جگہ پاتا تھا، سب سے اچھا بھوجن کھاتا تھا اور سارا گھر اس کی سیوا ستکار(6) میں لگا رہتا تھا۔ اب

1۔ سنسکرتی۔ تمدن 2۔ سبھیتا۔ تہذیب 3۔ ہتیشی۔ دوستی 4۔ ونود۔ تفریح 5۔ پریوجن۔ مقصد 6۔ ستکار۔ عزت

پچھم کی سبھیتا نے ہمیں روٹی چور بنانا سکھا دیا ہے۔ مہمان آیا اور ہمارے پران پکھیرو اڑ گئے، کہاں سے یہ بلا سر پڑی، اب منا رہے ہیں کہ وہ جلد سے جلد رفع ہو جائے۔ گرہ سوامی کا منھ اترا ہوا ہے۔ سوامنی کی بھویں چڑھی ہوئی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اَمنگل (1) اپنی اندھیری چھایا ڈالے ہوئے ہے۔ بابو صاحب اپنا کمرہ نہیں چھوڑ سکتے، مہمان باہر برآمدے میں لٹکا دیا جاتا ہے، سوامی زمانے بھر کی لونڈی نہیں ہے کہ جو چاہے دَندناتا چلا آئے اور وہ سب کے لیے بھوجن بنانے بیٹھے، اسے تو اپنے گھر والوں کے لیے بھوجن بنانا پہاڑ ہو رہا ہے۔ تب تک یہ جم دوت (2) نہ جانے کہاں سے پھٹ پڑے۔ اور اندھیر تو دیکھو، پہلے سے سُوچنا بھی نہ دی، نہیں تو کوئی بہانا کر لیتے کہ بیمار ہیں یا کہیں باہر جا رہے ہیں۔ جس دن مہمان پیدا ہوتا ہے گھر میں جیسے نیا دن ہوتا ہے۔ ہم اتنے سوارتھی، سنکیرن (3) ہو گئے ہیں کہ نہ سوارتھ بھاؤ سے کوئی کام کر سکتے، اگر اتھتی کوئی مقدمہ لایا ہو، یا اس سے کسی موٹے مریض کے پھنسنے کی آشا ہو، یا اس کے ذریعہ کوئی بڑا آذر ملنے کی سمھاونا ہو، تو پھر پرستھی بدل جاتی ہے۔ اس اتھتی کی خوب خاطر ہوتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے، سارا گھر اس پر پران دے رہا ہے۔ یہاں بھی وہی روپے، وہی ہائے ہائے اور جو جن نئے رنگ میں جتنے رنگے ہیں ان میں یہ سنکیرتا اتنی ہی ادھک ہے۔ دیہاتیوں میں، مزدوروں میں، ویشیوں میں یہ پرورتی ابھی اتنی تیو نہیں ہے جتنی شِکشت اور سبھیہ سماج میں، اپنے لیے جو کچھ ہو اپنے لیے۔ یہی ان کا جیون تو ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ اس نئی سنسکرتی میں اور اس پرانی اتھتی سیوا (4) میں سب برائیاں ہی برائیاں یا خوبیاں ہی خوبیاں ہیں۔ پرانے اتھتی میں بہودھا بےفکرے اور نکھے مہمان سر پر سوار ہو جاتے تھے۔ لیکن بےفکرے یا نکھے آدمیوں کی ستکار میں بھی تو کچھ اُدارتا تھی۔ اس نئی سنکیرتا میں تو کورا سوارتھ ہے کوری خودغرضی۔

پچھم نے ہمیں سب سے زیادہ زہریلا جو پاٹھ پڑھایا ہے وہ یہی خودغرضی ہے سمست (5) سنسار کو سوارتھ کے پیروں تلے روند کر وہ اب سوارتھ کا پشاچ (6) ہو گیا۔ اس میں نہ ہمدردی ہے نہ کوملتا ہے، نہ درد ہے بس سر سے پیر تک، بھیتر سے باہر تک سوارتھ بھرا ہوا ہے۔ ہنسنا، بولنا، رونا، گانا ایک بھی سُوارتھ سے خالی نہیں۔ پراچین سنسکرتی میں چکتسک کے لیے کسی مریض سے فیس لینا حرام تھا۔ ویدھ جی یا حکیم صاحب کو جس وقت کسی مریض کا بلاوا مل جائے، اسی وقت گھر سے چل پڑنا انیواریہ تھا، اس میں کوئی رعایت نہ تھی۔ حکیم جی اکثر دوا بھی خود ہی دیتے تھے، یا کوئی نسخہ لکھتے تھے، تو اس میں دوا کے بہانے فیس

1۔ اَمنگل۔ اداسی 2۔ جم دوت۔ موت کا فرشتہ 3۔ سنکیرن۔ سکڑاؤ، چھوٹا دماغ 4۔ اتھتی سیوا۔ مہمان نوازی
5۔ سمست۔ سارا کا سارا 6۔ پشاچ۔ شیطان

گورو سمجھتے تھے، پر آج جو کچھ ہوتا ہے، وہ ہم روز ہی دیکھتے ہیں۔ ہاں اس پریوار کا ایک چنھ ابھی باقی ہے۔ کتنے ہی ویدھ یا ڈاکٹر گھر پر مریضوں سے فیس نہیں لیتے، ہاں دوا میں کچھ اس کی گنجائش نکال لی جاتی ہے۔ یہی وہ آتمونتی (2) ہے جو پچھم کے ان ڈیڑھ سو سالوں نے ہمیں دی ہے، وکیل پرانے زمانے میں بھی ہوتے تھے، ادھیا پکوں سے بھی پراچین یگ خالی نہ تھا۔ پر وکیل سرکار سے ویتن پاتا تھا۔ اور ادھیا پک بھکشا مانگ کر ودیا (3) دان دیتا تھا۔ منشیہ سوارتھ (4) کا پتلا ہو کر رہ گیا ہے۔ اگر اس میں پرتھا (5) ہے تو سنسار کا اس سے کوئی اُپکار نہیں ہوسکتا۔ وہ جائداد پیدا کرے گا۔ پہاڑوں پر جائے گا ہوا میں اڑے گا، شرابیں اڑائے گا، مفت میں کیوں کسی کی سیوا کرے۔ اس کے پچھمی گرو نے اسے یہ نیا پاٹھ پڑھایا ہے۔ اب تو ہمارے مہاتما لوگ بنا پیسے کے آشیرواد بھی نہیں دے سکتے۔ پہلے بُدّھی یا سدّھی کی سپھلتا سیوا اور اُپکار میں تھی، اب سُوارتھ سِدھ میں۔ مریض کے ہونٹوں پر پران لگے ہوں، ڈاکٹر صاحب بنا فیس لیے نہیں جاسکتے۔ یہ تو دونی چوگنی فیس وصول کرنے کا موقع ہے۔ ایسے شکار کیا روز پھنستے ہیں۔ جب بھی سوارتھ کے اپاسک (6) ہیں، کنویں میں بھنگ پڑ گئی ہے تو ہمارے ادھیا پک جی نے کیا اپرادھ کیا ہے وہ بھی یوروپ جائیں گے، وہاں سے لوٹ کر لمبا ویتن لیں گے۔ کیریر بنانا ہی تو جیون کا اُدّیشیہ (7) ہے۔ واہ پچھم! تیری لیلا ایشور کی لیلا سے بھی وِچتر (8) ہے۔ کیا وے دن پھر کبھی آئیں گے جب ہماری پرانی سنسکرتی کا ابھیودے (9) ہوگا۔ اس سنسکرتی کا جس میں غریبی کلنک نہ تھی۔ کیا آشا ہے۔

نومبر 1931ء

1۔ کلپنا۔ خیال 2۔ آتمونتی۔ اپنی ترقی 3۔ ودیادان۔ تعلیم دینا 4۔ سوارتھ۔ خودغرضی 5۔ پرتھا۔ وقار
6۔ اُپاسک۔ پجاری 7۔ اُدّیشیہ۔ مقصد 8۔ وِچتر۔ حیرت انگیز 9۔ ابھیودے۔ اٹھنا، ترقی کرنا

سَنیکت پرَانت کے دوکنووکیشن

یونیورسٹی تو بھارت میں کوئی ہے نہیں، ہاں گریجوٹ بنانے کے کئی کارخانے ہیں۔ اس لحاظ سے سنیکت (1) پرانت بھارت کا لنکا شائر یا بمبئی ہے۔ یہاں ایسے ایسے پانچ بڑے بڑے کارخانے ہیں، جہاں یووکوں کو دوروینس (2) اور فضول خرچی اور ولاستا (3) اور جھوٹے ابھیمان (4) کی شکشادی جاتی ہے۔ بی۔ اے پاس ہونے کا ارتھ ویوہارک روپ سے یہی ہے کہ امک (5) یووک ان درگنوں میں پاس ہو چکا ہے، وہ سوائے دفتروں میں قلم گھسیٹنے کے اور کسی کام کا نہیں۔ اس غریب کا کوئی دوش نہیں، وہ تو خود اس مشین میں بنا ہے۔ آخر اس نے جو کچھ دیکھا، جو کچھ سنا ہے، جو کچھ پڑھا ہے وہی آدرش تو اس کے سامنے ہیں۔ کسی یونیورسٹی میں چلے جایئے، وہاں آپ کو بھارتیتا کی کہیں گندھ بھی نہ ملے گی۔ وہاں انگریزی بھاشا انگریزی ویش کا، انگریزی آچار کا ہی ادھہ پتیہ ہے، تیاگ اور پریم کے آدرش کا ایک سرے سے بہشکار کردیا گیا ہے۔ وہاں وہی وددان ہے، جو انگلینڈ سے کوئی بڑی سی اپادھی (6) لایا ہے۔ وہاں جو کچھ اُپادھی ہے۔ ان ودیالیوں نے بھارت میں فیشنیبل سمودائے (7) کی سرشٹی کرنے میں جو کام کردکھایا ہے، وہ اور کسی نے نہیں کیا۔ جو اس کی چار دیواری کے اندر رہ آیا، اس پر وہاں کا جادو ایسا چڑھا کہ عمر بھر نہیں اترتا۔ بھارت کی ویکتی گت آئے ادھک سے ادھک تین روپیہ مہینہ ہے۔ پر ہمارا اُپادھی دھاری یووک ساٹھ روپیے سے کم میں گذر ہی نہیں کرسکتا۔ وہ اکیلا بیس آدمیوں کا حصہ چٹ کر جاتا ہے اور اس کے ادھیاپک کم سے کم دوسو ویکتیوں کے۔ بھارت جیسے غریب دیش میں ہی یہ اندھیر ہوسکتا ہے کہ یہاں کے راج پد بھوگیوں کا ویتن سنسار کے دھن وان دیشوں سے کئی گنا بڑھا ہوا ہے۔ وہی اندھیر ہمارے ودیالیہ میں بھی ہے۔ کیونکہ وہ بھی اسی دفتری شاسن کا ایک انگ ہے۔ ہمارے وائس چانسلر صاحب کو مہینے میں تین ہزار چاہیے جس ودیالیہ کا کھیادھشٹھا تا ودیارتھیوں کے سامنے یہ آدرش رکھ رہا ہے،

1۔ سَنیکت۔ مخلوط 2۔ درویسن۔ بری عادت 3۔ ولاستا۔ ضرورت سے زیادہ کام کرنا 4۔ ابھیمان۔ شان
5۔ اُمک۔ کوئی 6۔ اُپادھی۔ انعام، خطاب 7۔ سمودائے۔ گروہ

اس ودیالیہ میں چھاتر اگر دھن کے اُپاسک (1) ہوں تو کیا آشچر یہ ہے۔ کہا جائے گا انگلینڈ میں بھی تو پروفیسروں کے ویتن کم نہیں ہیں، لیکن کہاں انگلینڈ اور کہاں بھارت۔

خیراب کی اُپادھی بٹائی کے اوسر پر الہ آباد کے کارخانے میں سر رمن کا بھاشن ہوا، اور لکھنؤ کے کارخانے میں سر رادھا کرشن کا۔ سر رمن چوٹی کے وگیانک ہیں اور سر رادھا کرشن چوٹی کے فلاسفر، پر ان دونوں بھاشنوں میں بڑا انتر ہے۔ سر رمن نے تو پریاگ کے کارخانے میں بھوری بھوری (2) پرشنسا کی ہے اور اسے آدرش ودیالیہ کہا ہے، حالانکہ اسی پریاگ کے کارخانے میں جب کچھ کفایت کا پرشن اٹھا تو کارخانے کی پربندھ کرترنی کمیٹی (3) نے یہ نشچے کیا کہ ہوسٹل کے چھاتروں کی فیس بڑھادی جائے، کیونکہ ادھیاپکوں کے ویتن میں تو کسی طرح کمی ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ ہے اس وبھاگ کا حال، جس پر ہمارا سوراجیہ ہے۔ رمن صاحب نے تو پریاگ وشو ودیالیہ کی تلنا ہارورڈ سے کرنے میں بھی سنکوچ نہ کیا۔ جس ودیالیہ میں ہمارے یُووکوں کے چرتر کا نرمان ہوتا ہے، وہاں سوارتھ پرتھا اپنے ننگ روپ میں کھڑی ہو، یہ ہمارے لیے دُربھاگیہ کی بات ہے۔ اور وبھاگوں سے تو ہمیں شکایت نہیں، ان کا اَستِتو بل (4) پر ہے۔ وہ پشو بل سے جتنا چاہتے ہیں ہم سے وصول کرتے ہیں، جیسے چاہتے ہیں خرچ کرتے ہیں۔ ہم وِوَش ہیں۔ لیکن ودیالیہ تو ہماری سبھیتا کی آدرش ہیں، سر رمن کے شبدوں میں ہم ایک مہان سبھیتا کے اتر اُدھیکاری ہیں، جب وہاں سوارتھ کا پرکوپ اتنا ویاپت ہو رہا ہے تو ہم اپنے بھوشیہ کی اور سے نراش ہو جاتے ہیں۔ ہم اپنے ودیالیوں سے یہ آشا کرتے ہیں کہ اس دھنا بھاؤ کے اوسر پر سُیم اپنا خرچ کم کر دیتے، شاید انیہ سرکاری وبھاگ کی آنکھیں کھلتیں۔ کم سے کم ہمیں اپنے ودیالیوں پر گرو کرنے کا منہ ہوتا، لیکن اس نیتی سے کام لے کر انھوں نے سِدھ کر دیا کہ وے بھی سوارتھ اُپاسنا (5) میں دوسرے وبھاگوں سے جو بھر بھی کم نہیں ہیں، ہم ایسے ودیالیوں کو اپنی مہان سبھیتا کا اترادھیکاری نہیں سمجھتے۔ بلکہ اس کے لیے کلنک سمجھتے ہیں، ہمارے ودیالیوں کا آدرش اور تھا، وہ اب بھی کچھ چھوٹے روپ میں گروکلوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔ سب سے اچھے کی جو بات سر رمن نے کہی وہ یہ تھی۔

'ہندستان کے ودیالیوں کا یہ دھرم نہیں کہ اس کرانتی اور پری ورتن کی گتی کو اور بھی تیز بناؤ بلکہ ان کا واستوک دھرم ہے کہ وہ جاتیہ وکاس کی اس درت گتی کے لیے ایک بریک، رکاوٹ کا کام دے، بھارت میں اس سے جو کرانتی ویاپت ہو رہی ہے، اس کا تو ہماری سمجھ میں سر رمن نے نہیں سمجھا۔ بھارت کی

1۔ اُپاسک۔ پجاری 2۔ بھوری بھوری۔ دل کھول کر 3۔ پربندھ کرترنی کمیٹی۔ انتظامیہ کمیٹی 4۔ اَستِتو۔ وجود
5۔ سوارتھ اپاسنا۔ اپنے پوجا کا مطلبی

کرانتی، کیول اپنی آتما کو پاجانے کی اِچھا ہے۔ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی سوادھینتا(1)اور کرتمتا(2) اور ہردے ہینتا(3) بھارت کو گرست کرتی چلی جاتی ہے۔ ہمارے ودیالیوں کی استھاپنا اسی اُدیشیہ سے سرکار دوارا ہوئی تھی اور سرکار کو اپنی اُدھوگ میں پوری سپھلتا ہوئی۔ ہماری کرانتی اپنی کھوئی ہوئی آتما کو اپنے تیاگ اور سرلتا اور آدرش واد کو پھر واپس لانا چاہتی ہے اور اس پچھمی سنگھرش اور سوارتھواد کو مٹا کر اس کی جگہ سہیوگ اور سہردیتا کو آسین دیکھنے کی ابھلاشی ہیں۔ اس کی گتی میں بریک لگانے کا ارتھ یہی ہو سکتا ہے کہ بھارت اس پتن کو چپ چاپ دیکھتا رہے۔ گھر میں آگ لگ جانے پر اسے جلد بجھانا چاہیے کیونکہ وِلمب سے سَروناش کی ہی سمبھاونا ہے۔

لکھنؤ وشوودیالیہ میں سر رادھا کرشن کا بھاشن اپنی نربھیکتا اور راشٹریہ بھاوؤں کے اعتبار سے اس پرکار کے بھاشنوں میں اَدواتی(4) ہے۔ سر رادھا کرشن نے ادھیکاریوں کی خوشی یا ناراضگی کی بالکل پرواہ نہ کر کے سچی اور بے لاگ باتیں کہہ سنائی ہیں، اس آندولن کال میں ودیالیوں کا کیا دھرم ہے اور یووک چھاتروں سے کیا آشائیں کی جانی چاہیے، اس کا انھوں نے ایک سچے دیش بھکت کی بھانتی وِوِیچن کیا ہے۔ ہم ہمیشہ سنتے آئے ہیں کہ فلاسفروں کو اپنے بال کی کھال نکالنے کے سوا اور کسی بات کی چنتا ہی نہیں ہوتی۔ فلاسفروں کے سمبندھ میں کتنی ہی ہاسیاسپد(5) کتھائیں پرچلت ہیں، پر سر رادھا کرشن کے اس بھاشن نے سدھ کر دیا کہ وہ فلاسفر ہوتے ہوئے بھی راشٹر کے دکھ سے دکھی ہیں اور شکشت سمودائے کا اس سے کیا دھرم ہے، اسے اچھی طرح سمجھتے ہیں، وچاروں کی پروڑھتا اور اُدارتا میں ہم نے کسی کنووکیشن میں ایسا بھاشن نہیں سنا۔ اس کا ایک ایک واکیہ دل پر اثر کرنے والا ہے۔ آپ نے کہا۔

’بدھی مان آدمی کا یہ دعویٰ نہیں ہوتا کہ ہر یک وِشے میں وہ کوئی نہ کوئی رائے دے سکتا ہے، نہ وہ کسی لیکھک کا سارا ایک واکیہ اور کسی سنسکرتی کا تو ایک وِینگیہ(6) میں پرکٹ کرتا ہے۔ بدھی مان منشیہ میں درشٹی کا وستار، وچار کی سوادھینتا اور نِویتا اور انیہ منو بھاؤں کو سمجھنے کی شکتی ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ ان وچاروں سے سہانو بھوتی رکھنے کو تیار رہتا ہے، جن سے اسے مت بھید ہے۔‘

آگے چل کر آپ نے ان واکیوں میں ودیالیوں کے پرانے آدرشوں پر پرکاش ڈالا۔ ”پراچین میں ودیالیوں کے سنسکار کی اُپما(7) ایک مشال سے دی جاتی تھی، جو ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ اور ایک یگ سے دوسرے یگ تک چلتی رہتی تھی۔ یہ مشال ایک بھینکر وستو ہے، اس نے کتنے ہی آندولنوں کو

1۔ سوادھینتا۔ آزادی 2۔ کرتمتا۔ مصنوعی 3۔ ہردے ہینتا۔ بے جذبہ 4۔ ادوتی تیہیہ۔ اچھی صلاحیت

5۔ ہاسیاسپد۔ 6۔ وینگیہ۔ طنز 7۔ اُپما۔ علامت، تشبیہ

اٹھایا ہے کتنی ہی ہل چل جگائی ہے۔ یہ کرانتی بھاؤنا کی بودھک ہے۔ وہ آگ ہے جو گھاس پھوس اور گندگی کو جلا کر صاف کر دیتی ہے۔ اگر ہم ان ساماجک، آرتھک اور راج نیتک آندولنوں سے بھے بھیت ہو جائیں جو اس آگ کے پھیلنے سے پیدا ہوتے ہیں، تو ہمیں ودیالیوں سے دور ہی رہنا چاہیے۔'' آپ نے آگے چل کر کہا کہ، ودیالیہ میں یواوستھا کا جوش اور بجیوتا ہونی چاہیے۔ اگر ودیالیہ ایسے منشیہ پیدا کرتا ہے جو دل کے بودے ہیں، جو اپنی جان کی خیریت مناتے ہیں جو عیش و آرام کے بندے ہیں، جو حکم سے بچتے ہیں تو وہ ودیالیہ اپنے دھرم کا پالن نہیں کر سکتا۔ اگر وہ اُتساہ اور پورش سے بھرے ہوئے یُوکوں کو لے کر انھیں بودے، سوارتھی اور پرتھاؤں (1) کا غلام بنا دیتا ہے۔ اگر وہ اس کے وچاروں کو کٹھور کر دیتا ہے اور ان کی آگے بڑھنے کی شکتی کو نرجیو (2) کر دیتا ہے تو وہ اپنے دھرم سے دور چلا گیا ہے۔

یہ بھاشن آدی سے انت تک اتنا اوجسوی (3)، اتنی وِدوَتا (4) سے بھرا ہوا ہے کہ ہم میں سے ہر یک کو اسے بار بار پڑھنا چاہیے۔

دسمبر 1931ء

1۔ پرَتھا۔ رسم 2۔ نرجیو۔ مردہ 3۔ اوجسوی۔ پر جوش، جواں مردی 4۔ وِدوَتا۔ ماہر، قابلیت

سوامی شردھانند اور بھارتی شِکشا پرَنالی

یوں تو سوامی جی آریہ آدرشوں کے پُورن رُوپ سے پرَ وَرتک (1) تھے، پر میرے وِچار میں راشٹریہ شِکشا کے پُنر تھان (2) میں انھوں نے جو کام کیا ہے اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ ایسے یُگ میں جب اَنیہ بازاری چیزوں کی طرح وِدیا بکتی ہے، یہ سوامی جی ہی کا دماغ تھا جس نے پرَاچین گُرُوکُل پرَتھا میں بھارت کے اُدار کا تتو سمجھا۔ لڑکا جیسی شِکشا پاتا ہے ویسا ہی مَنُشیہ بنتا ہے۔ ہمارے وِدیالیہ ہی راشٹریہ کی سَنسکرتی کے سب سے بڑے رَکشک ہیں۔ وِدیالیہ پُورن سَوتنتر ہونا چاہیے۔ چاہے سَوراجیہ ہو یا پرَ راجیہ۔ راجیہ سے کسی پرَکار کی سَہایتا لینا مانو شِکشا کا گلا گھونٹنا ہے۔ اور جب شِکشا کے پیروں میں بیڑیاں پڑ گئی تو اس شِکشا کی گود میں پلے ہوئے چھاتر بھی غلام مَنوَرتی کے مَنُشیہ ہو تو کوئی آشچریہ نہیں۔ راجیہ پرَیورتن ہوتے رہتے ہیں۔ راشٹریہ کے آدرشوں میں کوئی پرَیورتن نہیں ہوتا۔ اگر اس کے آدرش بدل جائے تو اس کی پرَمپرا نشٹ (3) ہو جائے اور وہ راشٹر اپنے وَیکتِتو (4) کو کھو بیٹھے۔ بودھ کال تک گرُوکُل پرَتھا جیوِت رہی۔ مسلم یُگ میں وہ پرَتھا نَشٹ ہو گئی اور اس کے نشٹ ہوتے ہی راشٹر نو کا لنگر اُکھڑ گیا۔ جیون کے کسی وِبھاگ پر نیئنتَرن نہ ہو سکا۔ وَرَن اور آشرم، جو آریہ سَنسکرتی کے اَستمبھ تھے، اپنا اصلی روپ کھو کر جات پات کے روپ میں آ گئے۔ اور گیروے وستَر دھاری، اَکرَمنیہ، پیٹ کے بندو نے سَنیاس اور وَان پرَستھ (5) کا اَستھان چھین لیا۔ انگریزی راجیہ میں نئے نئے وِدّیالیہ کھلے۔ مگر ان کا آدرش اور اُدّیشیہ کچھ اور تھا۔ وہ دفتری شاسن کا ایک وِبھاگ ماتر تھا۔ جسکا اُدّیشیہ سَتیہ کی کھوج اور سَنسکرتی کا وِکاس نہیں، دَفتروں کے لیے کرمچاریوں کا نرمان تھا۔ وہاں کی پُستکوں پر، شِکشا وِدھی (6) پر، انگریزی راج کی چھاپ تھی۔ چھاتروں کے آتمہ سَمان کو کچلا جاتا تھا۔ کوئی دکانداری تھی جہاں پگ پگ

1۔ پوَرتک۔ پجاری، پیروکار 2۔ پنر تھان۔ نئے سرے سے ترقی، احیا 3۔ نشٹ۔ برباد 4۔ ویکتِتو۔ شخصیت
5۔ وان پرستھ۔ رہبانیت۔ جنگلی زندگی 6۔ شِکشا وِدھی۔ تعلیمی پالیسی

پر چھاتروں سے کچھ نہ کچھ وصول کرنے کی فکر رہتی تھی۔ جُرمانوں کا بھاؤ گرم ہے۔ حاضر نہ ہو سکو تو جُرمانہ دو، دیر میں آؤ تو جُرمانہ، شرارت کرو تو جُرمانہ، سبق یاد نہ کرو تو جُرمانہ، درجنوں طرح کی فیس۔ پڑھائی کی فیس، پُستکالیہ کی فیس، سائنس کی فیس، امتحان کی فیس، روشنائی کی فیس۔ ایسی سَنستھاؤں کے چھاتروں سے یہ آشا کرنا کہ وہ راشٹر کی کوئی سیوا کریں دُراشا ماتر (1) ہے ان کی تو آتما کچلی جا چکی ہے۔

بھارت کے پراچین آدرش کی اس پچھمی آدرش سے ذرا تُلنا کیجیے۔ یہاں ہمارے وائس چانسلر صاحب ساڑھے تین ہزار روپیہ ویتن پاتے ہیں۔ کتنا شاندار آپ کا بنگلہ ہے، کتنی اچھی اچھی موٹریں ہیں، کتنے اِسٹائل میں رہتے ہیں۔ پرنسپل صاحب کا ویتن بھی لگ بھگ دو ہزار ہے۔ اتنا شاندار بنگلہ تو آپ کا نہیں ہے، پر آپ سگار زیادہ قیمتی پیتے ہیں۔ لیڈروں میں آپ کی زیادہ پہنچ ہے۔ گھڑ دوڑ کے شوقین ہیں ہی۔ پروفیسر، ریڈر، لیکچرر، ڈین، ٹیوٹر، ڈمانسٹریٹر، غرض اوپر سے نیچے تک وہی شان وہی نمونہ، وہی ٹھاٹ۔ اس واتاورن میں چرتر کا ذکر ہی کیا۔ کسی پرانے ستیاسی کو لا کر بٹھائیں تو وہ بھی وِلائتی فیشن اور پیسے کا غلام ہو جائے، کومل ہردے یُووکوں کا پوچھنا ہی کیا۔ جیون کے وہ تکلف اور اسپردھا (2) اور مِتھیا بھوگ کے درشیہ دیکھ دیکھ کر یُووَک بھی وہی رنگ پکڑتا ہے۔ سگار اور لے وینڈر، بہوسنکھیک سوٹ اور خدا جانے کیا کیا بلائیں اس کے پیچھے پڑ جاتی ہیں، بلکہ اس کے سر پر سوار ہو جاتی ہیں۔ ان ویسنوں کو پورا کرنے کے لیے وہ جھوٹ، چھل، بہانے بازی بھی کچھ کرتا ہے، یہاں تک کہ آتمہ سمّان تک کھو بیٹھتا ہے۔ وہ سنکٹوں کا ذرا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اسے کسی نہ کسی کے آشرے کی ضرورت ہے۔ اپنے بَل پر تو کھڑا ہی نہیں رہ سکتا۔ جو ایک وقت چائے نہ ملنے سے بدحواس ہو جائے، ایک وقت سگار نہ ملے تو پاگل ہو جائے، وہ جیون سنگرام کا کیا مقابلہ کر سکتا ہے۔ اس پرستھتی میں بھی کبھی کبھی رتن نکل آتے ہیں۔ لیکن وہ اَپواد ہے۔

پراچین پرتھا کی طرف آنکھیں اٹھایئے۔ کُلپتی ہے، وہ گیان کی مورتی، وِدیا کا بھنڈار، زمین کا سرد گرم چکھے ہوئے اور سنسار کے پرلوبھنوں سے اونچا اٹھا ہوا۔ اَدھیاپک بھی اسی سانچے میں ڈھلے ہوئے، کہیں اَڈمبر نہیں، کہیں مِتھیا بھیمان (3) نہیں۔ وہاں شان اس میں نہیں کون کتنا ویسنی (4) ہے، کس کے پاس کتنے اچھے کتے ہیں، یا کون سنیما زیادہ دیکھتا ہے۔ بلکہ اس بات میں کہ کس میں زیادہ لاگ ہے، کس میں زیادہ بھگت یا وِدّتا ہے، کون زیادہ سواولمبی (5) ہے، کس میں سیوا اور سہایتا کا بھاؤ اَدھک

1۔ دُراشا ماتر۔ نا اُمیدی کے لائق 2۔ اسپردھا۔ مقابلہ 3۔ مِتھیا بھیمان۔ جھوٹی شان 4۔ ویسنی۔ عادت، لت
5۔ سواولمبی۔ خود کفیل

ہے۔دونوں آدرشوں میں کتنا انتر ہے۔

سوامی شردھانند جی بھارتی نے آدرش کو زندہ کر دکھایا۔ سمے ان کے انوکول نہ تھا۔ وِردھیوں کا پوچھنا ہی کیا، چاروں طرف بادھائیں۔ پر جتنے آدرش وادی تھے، اتنے ہی ہمت کے دھنی تھے۔ کسی بات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گروکلوں کی استھاپنا کردی۔ یدّپی زمانے نے گروکل پر بھی اپنا کچھ کچھ اثر جمالیا۔ گروکل سے نکلے اسناتکوں کو جس دنیا میں آنا پڑا وہ ایک اور ہی دنیا تھی اور اس میں سمان پوروک (1) رہنے کے لیے انھیں اپنے جیون میں کچھ کچھ ردّو بدل کرنی پڑی اور وہ آدرش، جیو اور سندر، اپنے پراچین گورو سے تجسوی، (2) بناوٹ اور متھیا کو حقارت نہیں، دیا کی آنکھوں سے دیکھتا ہوا پرتکول پرستھیتیوں (3) سے کچھ چنتت (4) کھڑا ہے۔ اچھے دنوں کے انتظار میں۔

شدھ سماچار، شردھانند۔ بلیدان انک،

جنوری۔فروری1932ء

1۔سمان پوروک۔عزت کے ساتھ 2۔تجسوی۔قابل، ماہر 3۔پرستھماتی۔حالت 4۔چنتت۔فکرمند

سواک فِلموں کے دن گنے ہوئے ہیں

ایسا جان پڑتا ہے کہ سواک (1) فلموں کی ہوا بہت جلد اکھڑ جائے گی۔ مُوک (2) فلم ایک سال تک بھومنڈل میں پَرچلِت (3) ہو جاتی ہیں۔ چارلی کے مَسخرے پَن کا آنند آسٹریلیا، روس اور چین سبھی اٹھا سکتے تھے۔ سُواک فلموں کا چھیتر بہت تنگ ہو گیا ہے۔ کیونکہ انگریزی فلموں کا آنند وہی اٹھا سکتے ہیں جو انگریزی کے گیاتا ہوں۔ کسی دیش کی سادھارن جنتا وِدیش کی بھاشاؤں میں اتنی کُشل (4) نہیں ہوتی کہ وِدیشی بول چال سمجھ کر اس کا آنند اٹھا سکے۔ اَت ایو، سواک فلم بنانے والوں کو برابر گھاٹا ہو رہا ہے اور یہ اَوَستھا بہت دن نہیں رہ سکتی۔ مُوک چتروں کے دن پھر لوٹیں گے، ایسی آشا ہے۔

29 اگست 1932ء

1۔ سَواک۔ بولتا ہوا 2۔ موک۔ خاموش 3۔ پَرچلِت۔ رائج 4۔ کُشل۔ خوش

جاگرتی۔ 1

جیون کے لیے جاگنا جتنا ضروری ہے اتنی ہی ضروری سونا ہے۔ دونوں کریائیں ایک دوسرے کے سہارے پر ہیں۔ نیند کا نہ آنا بھی ایک بیماری ہے جس سے اَنیک پرکار کی بادھائیں آسکتی ہیں۔ اور جو پرانی رات دن سوتا ہی رہے، وہ تو مرا ہے ہی۔ یدی دونوں کریائیں ایک دوسرے کی سہایتا کرتی رہیں۔ آدمی جاگے کرم کرنے کے لیے، سوئے وِشرام کرنے کے لیے۔ تو جیون سُکھی ہوتا ہے۔ لیکن جاگنا جیون کا مُکھیہ لکچھن ہے۔ سونا اُرتھات وِشرام تو کیول اس کا سہایک ہے، اس لیے جاگرتی (1) جیون اور اَبھیودے (2) کا چِنھ ہے اور نِدرا پتن تِتھا ہراس کا۔ جاگرتی رَج پردھان (3) کریا ہے، نِدرا میں تم (4) کی پردھانتا ہوتی ہے۔ کم سے کم سونے کے لیے اَنیک اُپائے اور سادھن بتائے گئے ہیں۔ اُدھک سے اُدھک سونے کے لیے آج تک کسی نے کوئی اُپائے نہیں بتایا۔ اسی طرح جیسے سُوستھ رہنے کے لیے طرح طرح کے پریتن کیے جاتے ہیں، پر بیماری کے لیے بھی کسی نے کوئی پریتن (5) کیا ہے، ایسا کبھی سننے میں نہیں آیا۔ واستو میں سُواستھ کا نہ ہونا ہی بیماری ہے۔ اسی طرح جیسے پرکاش کا نہ ہونا ہی اندھکار ہے۔ آدمی جتنا ہی کم سوئے، اتنا ہی جاگرُوک ہے، یہاں تک کہ کئی وِدّانوں کا مَت ہے کہ سونا کوئی آوشیک کریا نہیں۔ سمبھو ہے تپسیویوں کے لیے سونا آوشیک نہ ہو۔ ان کی پرکرتی میں رَج (6) اور سَت (7) ہی رہ جاتا ہو تم کی سروتھا ہانی ہو جاتی ہے، پر سادھارن پرانیوں کے لیے بھی یہی نیم لاگو ہے کہ ماترا سے اُدھک سونے میں ہانی ہے، اَت اَیو جب ہم کسی راشٹر کے وِشے میں جاگرتی کی کامنا کرتے ہیں تو اس کا بودھ یہ ہوتا ہے کہ وہ راشٹر ماترا سے اُدھک تموگنی (8) ہو گیا اور اس میں جیون کی ماترا ضرورت سے کم ہے۔ ہم اسی اَوستھا میں ہیں۔ اور اس سے نکلنے کا پریتن کر رہے ہیں۔ ہم اس تتھو کو مانتے ہیں کہ ہمارے لیے جاگرتی کی بہت ضرورت ہے، لیکن اس جاگرتی کا، اس اَبھیودے کا روپ کیا ہو، اس وِشے میں ابھی ہم میں تھوڑا اَمت بھید ہے۔ اَنیک وِچارک، اَنیک سدھانت بتاتے ہیں۔ ہم

1۔ جاگرتی۔ واقف کار 2۔ ابھیودے۔ ترقی کرنا 3۔ رَج پردھان 4۔ تَم۔ اندھیرا 5۔ پریتن۔ کوشش
6۔ رَج 7۔ سَت۔ سچائی 8۔ تموگنی

میں جاگرن کے دو چار انگوں میں اسی وشے کی وویچنا کرنا چاہتے ہیں۔

سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ ہم یہ سمجھ لیں ہمارے جیون کا ادیشیہ کیا ہے۔ جب تک ہم اس کا نشچے نہ کرلیں ہم جاگرتی کا روپ استھر نہیں کرسکتے، جیسے پرانیوں میں پرکرتی بھید ہوتا ہے اور کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جو وستو ایک آدمی کے لیے امرت ہے وہی دوسرے آدمی کے لیے گھاتک وش ہے، ویسے ہی جاتیوں میں پرکرتی بھید ہوتا ہے۔ اس کے انیک کارن ہوسکتے ہیں۔ ودیش کی پراکرتی اوستھا جلوایو کی وبھنتا، پرمپرا کی وشیشتا آدی۔ یدی ہم ان پرستھیتیوں کو اپنا دیپک نہ بنائیں گے، اپنا مارگ ایسا نہ بنائیں گے جو ان حالتوں کے انکول ہو تو بہت سمبھو ہے کہ ہم اپنے لکشیہ کی پراپتی کے بدلے دن دن اس سے دور ہوتے جائیں۔ ہماری سنسکرتی، جو سناتن سے چلی آتی ہے اسی کے ادھار پر ہمیں چلنا ہوگا کیونکہ سنسکرتی کیول انھیں پرستھتیوں کا سمنوے (1) ماتر ہے۔ یوں کہنا چاہیے کہ سنسکرتی کا جو کچھ روپ ہے، وہ انھیں پرستھیتیوں کا بنایا ہوا ہے۔ جب ہم اس سنسکرتی پر وچار کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے وہ کرتویہ پردھان، پرمارتھ پردھان، (2) اہنسا پردھان، ورت اور نیم پردھان سنسکرتی ہے۔ اس میں ویکتی اور سمشٹ کے سامنجسیہ کا ایسا ودھان ہے کہ ایک دوسرے کا شترو نہ ہوکر سہایک بنی رہے۔ ویکتی کے لیے دھن اور شوریہ پراپت کرنے کی پوری سوادھینتا ہے، پر اس کا اپیوگ سماج اور راشٹر کے ہت کے لیے ہونا چاہیے۔ بھوگ ولاس اتھوا نربلوں پر پربھتو جمانے کے لیے نہیں، اہنسا پرمودھرم، (3) اور وسودھیو کٹمب (4) کم، یہ دو سوتر ہماری سنسکرتی کے مول تو ہیں اور اس ادھوستھا میں ہم انھیں اپنائے ہوئے ہیں۔ یدپی انیک کارنوں سے اس سنسکرتی کا روپ وکرت (5) ہوگیا ہے، اس میں اسنکھیہ برائیاں گھس گئی ہیں۔ یہاں تک کہ اب اس کا روپ پہنچانا نہیں جاسکتا، پھر بھی یہ تو پرکاش اشبھو کی بھانتی اب بھی پرتکول دشاؤں کا سامنا کرتے ہوئے کھڑے ہیں۔ بہت کچھ کھو چکنے پر بھی اب تک ہماری نوکا نہ جانے کب کی بھنور میں پڑکر ڈوب چکی ہوتی۔ اس کٹھن سے ہم اس نشکرش پر پہنچے کہ ہمارے جیون کا ادیشیہ پربھتو (6) کی پراپتی نہیں، بلکہ پرمارتھ سنچے ہے۔ ہمارے جیون کا آدرش سوارتھی کی اندھی اپاسنا نہیں، سنسار کی ندھی کو سمیٹ کر اپنی تھیلی میں بھر لینا نہیں اور نہ سنسار میں اس طرح رہنا ہے کہ ہم سے کسی کو ہانی نہ ہو، کسی کو کشٹ نہ ہو، کسی کا گلا نہ دبے، ہمارے آدرش چرتر نے نپولین جیسے نہیں، جو سنسار پر ادھیکار پراپت کرنا چاہتا تھا نہ کلائب یا کرام ویل جیسے، لینن یا مسولینی جیسے۔ ہمارے آدرش چرتر کرشن اور رام اور اشوک جیسے راجہ ارجن اور بھیشم جیسے

1۔ سمنوے۔ ہم آہنگی 2۔ پرمارتھ۔ مدد 3۔ پرمودھرم۔ اعلا مذہب 4۔ دسودھیو۔ کائنات 5۔ وکرت۔
6۔ پربھتو۔ اختیار، ملکیت

بودھا اور گاندھی جیسے گرہستھ ہیں۔ ہمارا دشواس سنگھرش میں نہیں، سہیوگ میں ہے۔

کہا جاتا ہے کہ سدھانت روپ سے سبھی سنسکرتیاں ایک سی ہیں۔ پورب پچھم میں کوئی انتر نہیں۔ وہی اہنسا اور پریم اور سیوا جو ہماری سنسکرتی کا مول تو ہے، پچھمی سنسکرتی کا بھی مولادھار ہے۔ جو کچھ انتر ہے وہ نئی اور پرانی سنسکرتی میں ہے۔ پچھم کی پرانی سنسکرتی میں۔ پچھم کی پرانی سنسکرتی ہماری سنسکرتی سے بھن تھی۔ جب سے پچھم میں کلوں کا یگ آرمبھ ہوا، تبھی سے وہاں کی سنسکرتی میں سُوارتھ اور سنگھرش کی پردھانتا ہوئی۔ یدپی یہ کتھن بالکل سارہین (1) نہیں ہے پھر بھی پچھمی سنسکرتی کا جو اُدگم استھان ہے، یعنی یونان اور روم، وہ سنگھرش پردھان راشٹر تھا۔ عیسائی دھرم جو مول میں بودھ دھرم اور بہت انشوں میں ہندو دھرم کا ہی روپانتر ہے پچھم میں اس پودھے کے سمان تھا جو کہیں ودیش سے لاکر آروپت کیا گیا ہو۔ کچھ دنوں تک تو اس نے اپنے بھیتر کی شکتی سے باہر کی پرتکول شکتیوگ کا سامنا کیا۔ پھر وہ نشٹ ہو گئی۔ ودیشی پودھا اس پرتکول جلوایو میں پھل پھول نہ سکا۔ آج پچھمی عیسائی کہلاتے ہوئے بھی، عیسائیت سے کوسوں دور ہیں۔ عیسائیت کی دیا اور اہنسا کا وہاں کہیں نام بھی نہیں۔ رُوم اور یونان کے کوی، دارشنک، یودھا تو پرسدھ ہیں، پر کوئی تیاگی مہاتما تھا، اس میں سندیہہ ہے۔ وہ بھوگ پردھان سنسکرتی تھی اور راشٹر کے سبھی اَنگ اُدھک بھوگنے کے لیے لالایت رہتے تھے جس کا پرینام آپس کے سنگھرش سوا اور ہو ہی کیا سکتا تھا۔ بھارت میں ہمیں پراچین کال میں ایسے سنگھرش کا پتہ نہیں ملتا۔ اس کا کارن یا تو یہ ہو سکتا ہے کہ یہاں شکتی شالیوں نے دُربلوں کو اِتنا کچل ڈالا تھا کہ ان میں فریاد کرنے کی سامرتھ نہیں۔ یا یہ کی تیاگ اور سیوابھاؤ کا اتنا پرسار تھا کہ سنگھرش کو پنپنے کے لیے کوئی اَوسر ہی نہ ملتا تھا۔ دیوتاؤں اور اَسرُوں کی لڑائیوں کی کتھائیں ملتی ہیں، لیکن وہ سُوارتھ کا سنگھرش نہ تھا، بلکہ سِدھانت تھا۔ اَسرُ بھوگ وادی تھے، دیوتا تیاگ وادی۔ دیوتا جب لڑتے آتم رَکشا کے لیے، اَسروں کو پراست کر کے ان پر رعب جمانے کا بھاؤ کبھی ان کے من میں نہ آیا۔ یوروپ میں اس کے پرتکول سُوارتھ کا سنگھرش تھا۔ غریبوں اور امیروں کی، شاسکوں اور شاستوں کی لڑائی تھی۔ اسی سنگھرش کی چھاپ پچھمی سنسکرتی کے ہر اَنگ پر لگی ہوئی ہے۔ عیسائی دھرم نے کئی صدیوں تک اس سُوابھاوِک مَنووَرتی کو دبائے رکھا۔ اَنت میں وہ بھی پراست ہو گئی ات اَیو یوروپ کے جیون میں آج جو سُوارتھ کا اُنماد (2) ہے، یہ اس کی سُوابھاوِک اور سَناتن مَنووَرتی ہے۔ بار بار کرانتی کا ہونا اسی سُوارتھ (3) کے سنگھرش کا پرینام تھا۔ اگلے سپتاہ میں ہم پھر اس پرشن پر وچار کریں گے۔

5 ستمبر 1932ء

1۔ سارہین۔ بےمعنی بےمقصد 2۔ اُنماد۔ پاگل پن 3۔ سُوارتھ۔ خودغرضی

جاگرتی ۔ 2

پچھلے اَنک میں ہم نے یورپ کے سَنگھرش اور بھارت کے اَہنسا اور پَریم کی چرچا کی تھی۔ ہماری سَنسکرتی کا مول تَتو(1) اَہنسا ہے، پچھم کی سَنسکرتی کا مول تَتو سَنگھرش ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ پچھم میں اَہنسا بھاؤ کا اَستِتو نہیں، یا بھارت میں سَنگھرش کوئی انوکھی بات ہے، لیکن ہمیں یہاں اَپوادوں سے بحث نہیں۔ پچھمی جیوَن کی نس نس میں، انو، انو میں سَنگھرش بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح بھارتی جیوَن کے اَنگ اَنگ میں اَہنسا اور دَھرم بسا ہوا ہے۔ سَنسار کی وِبھوتیوں(2) پر اَدِھیکار پانے کے لیے اور انہیں بھوگنے کے لیے سَنگھرش اور سَنگرام اَنیوارِیہ ہے۔ اَہنسا سے تو کیول سَنتوش اور تیاگ اور نِورتی(3) کا ہی وِکاس ہوتا ہے۔ یورپ کا وِجیتا کسی سَنگرام میں وِجے پراپت کرنے کے بعد اس وِجے سے اَدِھک لابھ اٹھانے کا پَریتن کرتا ہے۔ یہاں اَرجن وِجے پَراپت کرکے گلانی(4) اور وِراگ(5) میں ڈوب جاتے ہیں، اشوک پربھوتا کے شِکھر پر پہنچ کر بھِکشو بن جاتا ہے اور دھرم کے پرچار میں اپنا جیون سارتھک کرتا ہے۔ سَنگھرش میں گول بندی ہوتی ہے۔ ایچھا ایک وَرگ دوسرے وَرگ کو چٹ کر جائے، اس لیے پَرتیک وَرگ اپنا سَنگٹھن کرتا ہے۔ اور اپنے سوارتھوں کی رکشا کرنے کے لیے برابر پَریتن کرتا رہتا ہے۔ بھارت میں اس طرح کی گٹ بندی کا پَرمان نہیں ملتا۔ کسی وَرگ کو دوسرے سے اتنا بھے نہ تھا کہ وہ اپنا سَنگٹھن کرتا۔ پَرتیک وَرگ کا کاریہ چھیتر نیت(6) تھا۔ اس چھیتر کے اندر وہ اپنا جیوَن وِتیت کرتا تھا۔ بَرہمن سماج اور راشٹر کا نیتا تھا، اس لیے نہیں کہ اس میں دھن بل تھا، یا باہو بل تھا۔ اس لیے کہ اس میں گیان بل تھا۔ وَیش کماتا تھا۔ پر اس دھن کو جنہت میں خرچ کرتا تھا۔ مَنوورتیاں کچھ اس طرح کی ہو گئی تھیں کہ لوگ

1۔ مول تَتو۔ خاص عنصر، اہم نکتہ 2۔ وِبھوتی۔ قابلیت۔ قابلیت، قابل 3۔ نِورتی۔ تجات حاصل کرنا
4۔ گلانی۔ برا خیال 5۔ وِراگ۔ بے لگاؤ 6۔ نیت۔ معین

ادھیکاروں کی اُپیکشا اپنے کرتویہ کا زیادہ وچار رکھتے تھے۔ اس وقت کا راجا کیول سنہاسن کی شوبھا نہ بڑھاتا تھا۔ بلکہ اسے رات دن پَرجا کے ہِت کی چنتا رہتی تھی۔ وہ مِتیہ اپنے سَمے کا کچھ نہ کچھ بھاگ پَرجا کا دکھ درد سننے میں وَتیت (1) کرتا تھا، جس سے پَرجا میں اس کے پَرتی بھکت اور شرَدھا (2) کا بھاوَ اُتپن ہوتا تھا۔ زمیندار کیوَل کسان سے لگان وصول کر کے چین نہ کرتا تھا، بلکہ پَرجا کے ہِت کی رَکشا کرتا تھا۔ کنواں اور تالاب کھدواتا، اَکال اور دُربھکش (3) کے سَمے پَرجا کے لیے اپنا سَروسوارپن (4) کر دیتا، اس کا دھرم تھا۔ اَوشیہ ہی لوبھی (5) زمیندار بھی ہوں گے، لیکن سماج میں وہ بدنام رہتے تھے اور اس لیے انھیں پَرجا پر اَتیاچار کرنے کا ساہس نہ ہوتا تھا۔

اس کے وِپریت پچھم میں سُوارتھ اور لوبھ کا راج ہے۔ کلوں کے آوِشکار نے ویوسائیکتا کی ایک بدحواسی پھیلا دی ہے۔ یہ ویوسائکتا پچھمی سَبھیتا کا کلنک ہے۔ سَنسار کا جتنا اَہت اس ویوسائے واد سے ہوا ہے، اور آگے ہوگا، وہ ابھوت پُورو ہے۔ اسی کا یہ کوپَرینام ہے کہ جو لوگ اپنے گھروں میں بیٹھ کر اپنا کام کرتے تھے، وہ اب ملوں میں آ کر غلامی کرنے پر مجبور ہیں۔ مل کا سُوامی ان سے اَدھک سے اَدھک کام لے کر کم سے کم مزدوری دینا چاہتا ہے، اور یہ سَنگھرش یہاں تک زور پکڑ گیا کہ یورپ کے پَرتیک دیش میں اسے اکھاڑ پھینکنے کا پَریتن روز روز ہو رہا ہے۔ روس نے تو اسے اکھاڑ ہی دیا، پَر اَنیہ دیشوں میں بھی کم یا زیادہ سَنگھرش چھڑا ہوا ہے۔ ملوں میں تھوڑے سے مزدور بہت سے آدمیوں کا کام کر لیتے ہیں۔ اس لیے بہت سے لوگ بے کار رہتے ہیں۔ اس بے کاری کو دور کرنے کے لیے ملوں میں زیادہ مال بنانا پڑتا ہے اور اس مال کی کھپت کے لیے بازار کھوجے جاتے ہیں۔ وَیوسائے وَاد اور سامراجیہ واد اس طرح ایک اَستھان پر آ کر مل جاتے ہیں۔ وَیاپاریوں کو مال کی کھپت کے لیے ایسا بازار چاہیے جہاں ان کا مال بے روک ٹوک بک سکے، اس لیے کچھ دیشوں کو اپنے اَدھین رکھنا ان کے لیے اَنیوارِیہ ہو جاتا ہے۔ ان کا سُوارتھ اسی میں ہوتا ہے کہ اس دیش میں وانجیہ وَیوسائے کی اُنّتی نہ ہو۔ اَنیتھا ان کے مال کی بکری میں بادھا ہوگی۔ یوں کہنا چاہیے کہ وَرتمان شاسَن وَیاپاریوں کے ہی ہاتھ میں ہے۔ سرکار انھی کے بل پر چلتی ہے۔ انھی کے سوارتھ رَکشا کے لیے بڑی بڑی سینائیں رکھی جاتی ہیں۔ اُتاوہ سَمیلن اس کے سوا اور کیا ہے اس وَیوسایک سَنسکرتی نے کل پَردھان راشٹروں کے لیے لازم کر دیا ہے کہ ان کے اَدھیکار میں پَراَدھین راشٹروں کی اَدھک سے اَدھک سَنکھیا ہو۔

1۔ وَتیت۔ بیت جانا 2۔ شرَدھا۔ شوق 3۔ دربھکش۔ بھوک مری 4۔ سروسوارپن۔ سب کچھ نچھاور کرنا
5۔ لوبھی۔ لالچی

اس سنگھرش کا سب سے اچھا اُداہرن وَرتمان پارٹی گورنمنٹ ہے۔ راشٹر کی راج نیتک دلوں میں وِبھاجت (1) ہو جاتا ہے اور جس دل کے پرَتی نِدھی سَنکھیا میں ہوتے ہیں اسی کے ہاتھ میں شاسَن آ جاتا ہے، اس میں اس راشٹر کے تہائی، چوتھائی یا اس سے بھی کم آدمی ہوتے ہیں۔ وہاں کی سنگھرش سے مَنو وَرتی (2) کسی ایسی شاسن وِدھی کی کلپنا ہی نہیں کر سکتی، جس میں سارا راشٹر سَمِلت ہو۔ کہنے کو تو بَہومَت کا شاسن ہوتا، پر وہ بہومت واستو میں اَلپ سَنکھیا پچیس ہی تک رہ جائے، تو جس دَل کی سَنکھیا چھتیس ہوگی وہ اُدھیکاری ہوگا۔ شیش ساتوں دَل اس کا وِرودھ کر کے اکھاڑ پھینکنے کی چیشٹا (3) کرتے رہیں گے۔ مزا یہ ہے کہ آٹھوں دَل اپنے بھِن بھِن سِدھانتوں کے آدھار پر کھڑے ہوتے ہیں اور اپنے ہی سِدھانتوں کو دیش کے کلیان کے لیے اُپیوگی سمجھتے ہیں۔ سب کے اپنے اپنے دیش سِدھانتوں کے پروگرام ہیں۔ ایک مریض کے آٹھ چِکِتسک (4) ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ آٹھوں آپس میں صلاح کر کے روگی کا علاج کرتے۔ لیکن وہاں پرَتییک وِیدھ اپنے علاج سے روگی کی چِکِتسا کرتا ہے۔ ایک ویدھ بھی اسے سویکار نہیں کرتا کہ اس کے سوا روگی کی چِکِتسا کوئی دوسرا کر سکتا ہے۔ مریض اس پرِیکشا میں مرے، یا جیے، یہ اس کی تقدیر ہے۔ ایک دَل کہتا ہے۔ اَویدھ وَیاپار سے دیش کا کلیان ہوگا۔ دوسرا کہتا ہے۔ بالکل غلط، اس سے دیش رَساتل (5) کو چلا جائے گا۔ باہر سے آنے والی وَستوؤں پر کَر لگانا چاہیے۔ ظاہر ہے کہ دو مِلوں میں ایک اَوشیہ بھرم مُولک ہے۔ دو پرسپر وِرودھی چیزیں سَمان پھل نہیں پیدا کر سکتیں، لیکن پارٹی شاسن میں یہ طاقت ہے کہ وہ وِش کو بھی اَمرت بنا دیتا ہے۔ غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب راشٹر پر کوئی سَنکٹ (6) آ پڑتا ہے تو دَلوں کی عقل گم ہو جاتی ہے اور تھوڑے دنوں کے لیے دَل بندی اِستھگت (7) کر دی جاتی ہے۔ یورپی مہا بھارت کے سمے انگلینڈ میں کسی ایک دَل کا شاسَن نہ ہو کر سَنیکت راشٹر کا شاسن تھا۔ اس نے لڑائی جیت لی۔ آج کل بھی کسی ایک دَل کا شاسن نہیں۔ راشٹر کے سبھی دَلوں کا سَمِلت (8) شاسن ہے۔ اس اَوسر پر سَمِلت شاسن کو وہی سپھلتا ہوگی یا نہیں کوئی نہیں کہہ سکتا پر ان مہانو بھاؤ کے دھیان میں یہ بات کبھی نہیں آتی کہ جب سَمِلت شاسن سے ہم سَنکٹوں پر وِجے پانے میں سپھل ہو جاتے ہیں تو کیا سادھارن اَوستھاؤں میں اس سے وِشیش اُپکار نہیں ہوگا، لیکن جن لوگوں کی پرَکرتی ہی جھگڑالو ہو، سنگھرش جن کی گھٹی میں پڑ گیا ہو انھیں سَتیہ کو سوِیکار کرنے کا ساہس کہاں سے آئے۔

ستمبر 1932ء

1۔ وِبھاجت۔ منقسم 2۔ مَنو رتی۔ فطرتی خواہش، دل کی چاہت 3۔ چیشٹا۔ ہمت 4۔ چِکِتسک۔ حکیم، طبیب
5۔ رَساتل۔ زیرِ زمین 6۔ سَنکٹ۔ پریشانی 7۔ اِستھگت۔ ردّ 8۔ سَمِلت۔ مشترکہ

دہلی کے جامعہ ملیہ کی رپورٹ

دہلی کے جامعہ ملیہ ان مسلم سنستھاؤں میں ہے، جس نے راشٹر کے سَمکھ (1) سچی سیوا کا آدرش(2) رکھا ہے۔ پہلے یہ جامعہ (وِدیا پیٹھ) سُورگیہ اجمل خان صاحب کے اُدھوگ سے علی گڑھ میں اَستھاپت (3) تھا، پرانیس سو بائیس اَسہیوگ آندولن کے بعد جنتا کے نیروتساہ (4) سے اسے دھکا پہنچا۔ اور اسے علی گڑھ سے ہٹا کر دہلی لے جانا پڑا۔ وہاں کچھ اَستھانیہ سنستھاؤں اور کچھ ریاستوں اور اَدھکتر جنتا کی سَہایتا سے وہ اپنا کام کرتا رہا، پر اس بار آندولن شروع ہونے کے بعد ریاستوں سے ملنے والی امداد تو بند ہوگئی اور اسے کیول جنتا کی سَہایتا اور اپنے کَرمچاریوں کے سہیوگ اور تیاگ کا آشرے رہ گیا۔ اس پَرستھتی میں بھی اَدھیا پک گن نے کتنی ہی لگن اور اُتساہ سے کام کیا، کہ بہت تھوڑے سے گزارے پر رہ کر بھی برابر سیوا کاریہ میں لگے رہے۔ ان میں سبھی اتنے سُویُوگیہ ہیں کہ ان کے لیے کسی سنستھا میں اَستھان مل سکتا تھا، پر انھوں نے جامعہ ملیہ کا دامن نہ چھوڑا اور ہر طرح کا کشٹ اٹھاتے ہوئے پرسن مکھ اور آدمیہ اُتساہ (5) سے اپنے کام میں لگے ہوئے ہیں۔ ان سب کٹھنائیوں کے ہوتے ہوئے بھی اس کے پاس اپنی کئی عمارتیں ہیں، پُستکالیہ ہے اور پرکاشن وِبھاگ ہے۔ اب جامعہ نے دہلی سے سات میل پر اوکھلا میں دو سو پچاس ایکڑ زمین بھی پراپت کر لی ہے، جہاں وِدیالیہ کی نئی عمارتیں بننے لگی ہیں۔ یہ ہے مشنری سے لگنتا سے کام کرنے کی وِبھوتی۔ مسلمانوں میں سرکار کا منھ تاکنے کی جو ایک پَرورتی ہے اس کا یہاں نام بھی نہیں۔ یہ آتم وِشواس سواوَلمبن اور راشٹر پریم کی جیتی جاگتی مثال ہے۔

نومبر 1932ء

1۔ سَمکھ۔ سامنے 2۔ آدرش۔ عزت 3۔ اَستھاپت۔ قائم 4۔ نیروتساہ۔ پست خیال 5۔ آتمیہ اُتساہ۔ خود کی تحریک

سر پی ۔سی ۔رائے کا یووکوں کو آدیش

سر پی سی رائے نے لاہور میں وشوودیالیہ کے چھاتروں کو اُپدیش دیتے ہوئے ان کی ولاس پورن (1) مَنو ورتی (2) کی کڑے شبدوں میں آلوچنا (3) کی اور بتایا کہ وہ اپنے شوق کی چیزوں کے غلام بن کر اپنا اور راشٹر کا کتنا اہت (4) کر رہے ہیں۔ ان چھاتروں کو یہ اُپدیش کڑوا تو لگا ہوگا، کنتو وہ وچار کریں گے تو انھیں گیات ہوگا کہ وہ جس راستہ پر جا رہے ہیں وہ کلیان کا مارگ نہیں ہے، وہ زمانہ لد گیا، جب ودیالیہ سے نکلتے ہی اکثر ان کا سواگت کیا کرتا تھا۔ اب تو حال یہ ہے کہ شاید اس کا اَوسر آواہن (5) کرنے میں انھیں برسوں لگ جائے پھر بھی اس کے درشن نہ ہوں۔ اب تو اسی یُووک کی وجے ہوگی، جو اپنی ضرورتوں کو کم سے کم رکھ سکتا ہے۔ ابھی تمھارے ماتا پتا تمھارا دُلار کر رہے ہیں، لیکن وہ سَمے بھی آئے گا جب وہ تم سے کچھ سیوا کی آشا رکھیں گے، جب تمھارے اوپر گرہستی کا بوجھ پڑے گا۔ اگر تُم یوں ہی اپنی اَندریوں کے غلام بنے رہے تو اس وقت تمھیں کشٹ ہوگا۔ ہم مانتے ہیں یہ تمھارے کھانے پینے اور کھیلنے کے دن ہیں لیکن اس کے ساتھ تمھیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ یہی سَمے آنے والے سنگرام کی تیاریوں کا ہے۔ اگر تم نے کفایت کی عادتیں پیدا کر لی ہیں، اگر تم اپنے ہاتھ سے اپنا کام کرنے میں سنکوچ نہیں کرتے، اگر تم سگریٹ اور سگندھ اور ٹائی کالر اور فلیکس کے غلام نہیں ہو، تو میدان تمھارے ہاتھ رہے گا۔ تم تھوڑے میں بھی سکھی رہوگے اور اپنی اُنتی کے لیے پرتین کرتے رہوگے۔ لیکن اگر تم نے خرچیلی عادتیں پیدا کر لی ہیں تو نسندیہہ تمھارا جیون سنکٹ مے ہو جائے گا۔ تم جیون کے سچے سکھ کا انوبھو نہ کرسکو گے۔ مشکل تو یہ ہے کہ ہمارے وِشو دیالیوں میں چھاتروں کے سامنے جو آدرش ہوتے ہیں، ان سے کفایتی عادتوں کو پروتساہن (6) نہیں ملتا۔ اَدھیاپکوں ہی پر چھاتروں کی دِرشٹی رہتی ہے۔ وہ انھیں مہانو بھاؤں کے

1۔ ولاس پورن۔ بہت زیادہ موج مستی 2۔ مَنورتی 3۔ آلوچنا۔ تنقید 4۔ اہت کر۔ غیر مفید 5۔ آواہن۔ جمع کرنا، بلانا 6۔ پروتساہن۔ ہمت افزائی

آچار وچار، ریتی وِیوہار کی نقل کرتے ہیں۔ اور ہمارے اُدھیاپک مہانو بھاؤں ایک سے ایک بڑھ کر صاحب بنے رہتے ہیں۔ ان کے سوٹ بوٹ دیکھ کر دیکھتے ہی رہ جایئے۔ مانو ان میں ہوڑ لگی ہوئی ہے کہ دیکھیں فیشن ایبل پن میں کون بازی لے جاتا ہے۔ وہ سوچتے ہوں گے ہم نے بڑی بڑی اُپادھیاں (1) کس لیے پراپت کیں؟ اگر موٹا جھوٹا کھانا پہننا تھا تو ولایت جانے اور پرِشرم کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ آخر وہ کسی سے کچھ مانگنے تو نہیں جاتے، اپنا کماتے ہیں اور شان سے رہتے ہیں۔ اس کا انھیں پورا اُدھیکار ہے۔

کسی کو ان کی نِجی باتوں میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں۔ انھوں نے بیج بویا تو پھل کیوں نہ کھائیں؟ بالکل درست، اس میں کسی کافر کو ہی کلام ہو سکتا ہے۔ یُووکوں کے لیے اور کہیں ٹھکانا ہی نہیں۔ وہ جھک مار کر وِدیالیہ میں آویں گے، جھک مار کر فیس دیں گے اور جھک مار کر پڑھیں گے۔ ان کے حلوے انڈے میں کوئی رخنہ پڑنے کی سمبھاؤنا (2) نہیں۔ پھر کیا ہے، موج کیے جایئے اور لیکچر دیے جایئے۔ چھاتروں پر آپ کی فیشن پرستی کا کیا اثر پڑتا ہے، اس کی چنتا کیے بنا بھی آپ آنند سے رہ سکتے ہیں۔

نومبر 1932ء

1۔ اُپادھی۔ انعام 2۔ سمبھاؤنا۔ اُمید

الہ آباد یونیورسٹی کے نئے وائس چانسلر

ہمیں وشواس ہے۔ سَمست پَرانت(1) شری پنڈت اقبال نارائن گرٹو کے سَروسَمتی(2) سے وائس چانسلر چنے جانے پر ہرش پَرکٹ(3) کرے گا۔ ووٹروں نے وہی کیا جس کی آشا کی جاتی تھی۔ ہم کاشی والوں کو پنڈت جی کی کاریہ پٹوتا(4) سے اس نازک موقع پر وَنچت(5) ہونا پڑ رہا ہے۔ جب کاشی میونسپلٹی پر اپنے دِیرڑوِیکتوں کی چھاپ لگادی تھی اور آشا تھی کہ یدی آپ سال دوسال یہاں رہ جاتے، تو میونسپلٹی کا بہت کچھ سدھار ہو جاتا۔ ہمیں آپ سے پَرتھک 6 ہونے کا کھید ہے۔ پر اس کے ساتھ یہ سَنتوش بھی ہے کہ آپ اسی چھیتر میں کام کرنے جا رہے ہیں۔ جس پر آپ نے اپنا جیون ہی اَرپت کر دیا ہے اور جہاں اس سَمے اصلاح کی کچھ کم ضرورت نہیں ہے۔ اب تک ہماری یونیورسٹیوں نے اپنا جو کاریہ کرم رکھا تھا وہ اب سَمے سے اَنوکول نہیں رہا۔ یونیورسٹی کیوَل گریجوٹ بنانے کی مشین نہیں اور نہ جنتا کا دھن کیول ممتحنوں کے پُرسکار اور اَدھیاپکوں کے ویتن کے لیے ہے۔ راشٹر اب یونیورسٹیوں سے اونچے آدرشوں کی آشا رکھتا ہے جہاں رتائی اپنی سیما کے اندر رہے اور چھاتروں کے چرِتر نرمان ان کا دھییے بنے۔

نومبر 1932

1۔ سمست پرانت۔ پورا علاقہ 2۔ سروسمتی۔ کلی رائے 3۔ ہرش پرکٹ۔ خوشی کا اظہار 4۔ پٹوتا۔ صفائی
5۔ ونچت۔ آزاد، الگ 6۔ پرتھک۔ الگ

اسکولوں میں سواستھیہ پرِیکشا

ہمارے اسکولوں میں کئی سال سے لڑکوں کی ڈاکٹری پرِیکشا ہوتی ہے۔ مہینے میں ایک دن ڈاکٹر صاحب ہوا کے گھوڑے پر سوار آتے ہیں، کلاس کے لڑکے میدان میں ایک قطار میں کھڑے کر دیے جاتے ہیں اور ڈاکٹر پانچ منٹ میں سب کا معائنہ کر ڈالتے ہیں۔ آدھ گھنٹے میں اسکول بھر کی پرِیکشا سماپت ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب کسی کی دانتوں کی، کسی کی آنکھوں کی بیماری بتا کر اپنی راہ لیتے ہیں۔ ایسے معائنوں سے لڑکوں کو فائدہ تو کچھ نہیں ہوتا، ہاں ایک ضابطہ کی خانہ پُری ہو جاتی ہے۔ ادھر کچھ دنوں سے نئی پرتھا (1) نکلی ہے۔ لڑکوں کے اُبھی بھاوکوں کو نیوتا دے کر بلایا جاتا ہے اور ڈاکٹر صاحب انھیں ایک چھوٹا سا وکھیان دے (2) کر وِدا کرتے ہیں۔ اس سمیلن کی رپورٹ دوسرے دن دَینک پتروں میں چھپ جاتی ہے منشا پوری ہو جاتی ہے۔ یہ کیول پروپیگنڈا ہے اس میں کوئی تتو نہیں۔ ہماری سمجھ میں لڑکوں کے سُواستھ کی پرِیکشا وہی کر سکتا ہے جس پر لڑکوں کو وِشواس ہو جس سے وہ اپنی بیماریاں نسنکوچ (3) ہو کر کہہ سکیں۔ ٹریننگ کالجوں میں جہاں اور بہت سے وِشے پڑھائے جاتے ہیں۔ وہاں شریر وگیان بھی ایک پردھان وِشے ہونا چاہیے۔ پروگریس رپورٹ اور نوٹ یہ سب کیول تماشے ہیں۔ جن کا کوئی مُولیہ نہیں۔ موکھیہ چیز ہے لڑکوں کا سُواستھ، مانسِک بھی اور شاریرک بھی۔ اس کے لیے مہینوں میں ایک سکنڈ کی پرِیکشا پرشن ماتر ہے اس پر نِچیت دھیان رکھنا چاہیے اور یہ اُدھیاپک ہی کر سکتا ہے۔

دسمبر 1932

1۔ نئی پرتھا۔ نئی رسم   2۔ وکھیان۔ تقریر   3۔ نسنکوچ۔ بلاخوف، بلاشبہ

گورکھپور میں شکشا سمّیلن

گورکھپور میں نان گریجویٹ اُدھیاپک سبھا کے اَدھیویشن میں مسٹر ڈی این مکھرجی نے سبھا پتی(1) کے آسن(2) سے بہت وچار پورن بھاشن دیا۔ آپ نے ورتمان پریکشا پرنالی(3) کی آلوچنا کرتے ہوئے بتایا کہ انگلینڈ میں اس سمبندھ کی ایک شکشا کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ پریکشا جہاں تک ہو سکے کم لی جائے اور پرائمری کورس میں کیول انگریزی اور حساب کی پریکشا لی جایا کرے۔ کمیٹی کی رائے میں ان دو وشیوں کی پریکشا سے لڑکوں کی مانسِک اُنتی کا پتا لگ جائے گا۔ ابھی تو یہ حال ہے کہ لڑکوں کی ساری محنت پریکشاؤں کی اور لگی رہتی ہے۔ اسکاؤٹنگ، کسرت، کھیل کود، واد وِواد، کلبے ماڈلنگ آدی وشے، جن سے لڑکوں کا دیہک اور مانسِک وکاس وشیش روپ سے ہوتا ہے، امتحان کی دیوی پر چڑھا دیے جاتے ہیں۔ لڑکوں کا مکھیہ اُدیشیہ امتحان پاس کرنا ہے اور اُدھیاپک کا پرم کرتویہ امتحان پاس کرانا ہے۔ اور سب کچھ گو(4) ہے۔ یہ پریکشا منووِرتی (5) شکشا کا سروناش کر رہی ہے۔ اور کتھن میں ذرا بھی اَتی شیوکت(6) نہیں ہے کہ شکشت سماج کی شریرک دُربلتاؤں کا یہی مکھیہ کارن ہے۔ ہمارے شکشک پرانی لکیر پیٹتے چلے جا رہے ہیں۔ چھاتروں پر ان کی اس اُدوردرشتا کا کیا اثر ہو رہا ہے ان کی بینائی کتنی کمزور ہو رہی ہے، ان میں رکت ہینتا کا کتنا پرکوپ ہے، یہ سب آنکھوں سے دیکھ کر بھی وہ نہیں دیکھتے۔ لڑکوں کے منورنجن اور ونود کے لیے جو وشے چنے جاتے ہیں ان کی پریکشا بھی لی جاتی ہے اور اس طرح پریکشاؤں کی سنکھیا بڑھتی جاتی ہے۔ ایک تو انگریزی بھاشا، اس پر پریکشاؤں کا یہ آتنک۔ ان دونوں چکی کے پاٹوں کے بیچ میں چھاتروں کا سَردناش ہوا جا رہا ہے۔ ہرش کی بات ہے کہ اب شکشک سَمودائے کا دھیان ان برائیوں کی اور آکرشت ہوا ہے۔ اور سمبھو ہے کہ شکشا پرنالی میں کچھ سدھار کر سکے۔ مگر ہمارے شکشک سَمیم اتنے کوپ(7) منڈوک ہیں کہ وہ ایسے وشے میں اگرسر ہوں گے، اس کی آشا نہیں

1۔ سبھا پتی۔ صدر 2۔ آسن۔ کسی خاص حالت میں بیٹھنا 3۔ پریکشا پرنالی۔ امتحانی پالیسی 4۔ گوڑ۔ کم اہم
5۔ منوورتی 6۔ اتی شیوکت۔ مبالغہ 7۔ کوپ منڈوک۔ کنویں کا مینڈک

ہوتی۔ انگریزی کا بھوت ان کے سر پر بھی سوار ہے۔ یہی بھاشن انگریزی میں دیا گیا۔ پروفیسر ڈی این مکھرجی بنگالی ہیں لیکن ان کے شُروتا سب بنگالی نہ تھے۔ وہ ہندی میں اپنا بھاشن دے سکتے تھے۔ اور یدی ہمارے شِکشکوں میں اتنی یوگیتا نہیں کہ وہ جنتا کی بھاشا میں اپنے وِچار پرکٹ کر سکیں تو ان کو شِکشک بننے کا نیتک (1) اُدھیکار نہیں ہے۔

جنوری 1933

1۔ نیتک۔ اخلاقی

سَمپادک سَمّیلن

گت 26۔ 27۔ 28فروری سے اندور میں بڑے سَماروہ کے ساتھ سَمپادک(1) سَمّیلن (2) کا اَدِھیویشن(3) سَمپادن کلا کے اَنوبھوی، تیاگی شری اِندرودیاواچسپتی کی اَدھیکشتا میں منایا جائے گا۔ ابھی تک اس دِشا میں جو کچھ کاریہ ہوا ہے وہ نِرَرتھک(4) سا ہی پرمانت ہوتا رہا ہے۔ کیول سَمّیلن ہوا۔ بھاشن ہوا اور کچھ نہیں۔ پرپھل کچھ نہ نکلا۔ آج ہندی کے سَمپادکوں، بیکار سَمپادکوں، لیکھکوں، پتر کاروں کی جو دُوردَشا ہے وہ وَرناتیت ہے۔ پرکاشکوں یا پتر مالکوں کے لیے تو سمپادک کرائے کا ٹٹو ہے۔ جسے جب جی میں آیا کان پکڑ کر نکالا جاسکتا ہے۔ ایک سَمپادک سُیم دوسرے سمپادک کی قدر نہیں کرتا۔ ایک لیکھک دوسرے لیکھک کا اَپمان کرنا اپنا گورو سمجھتا ہے۔ پرسکار کے نام پر اپمانت ماترا میں کچھ روپیے پاکر لیکھ لکھنے والے، یا ہاڑ مانس ایک کر، بڑے گھاٹے سے پتر چلانے والے سمپادک سنچالک(5) دونوں کی دَشا دَینیہ(6) ہے۔ اس سے اَدھک اچھا اَوسَر نہیں ہو سکتا جب کہ سَمپادک سَمّیلن ان سَمَسیاؤں پر وِچار کرے۔

فروری1933

1۔ سمپادک۔ مدیر 2۔ سمّیلن۔ اجلاس 3۔ ادھیویشن۔ اجلاس 4۔ نرتھک۔ بے معنی
5۔ سنچالک۔ جاری کرنے والا 6۔ دینیہ۔ بُری

سن یکت پرانت میں شکشا کا پرچار

1931 میں جو گننا ہوئی تھی، اس کی رپورٹ میں شکشا سمبندھی جو آنکڑے دیے گئے ہیں، ان سے پتا چلتا ہے کہ سن 1911 میں ساکشر منشیوں (1) کا اوسط چوتیس پرتی ورگ میل تھا۔ 1921 میں سینتیس ورگ میل اور 1931 میں سینتالیس پرتی ورگ میل۔

سنکھیا لیجیے تو سن 1911 میں ساکشر تا منشیہ سولہ لاکھ بیس ہزار، سن 1921 میں سولہ لاکھ اٹھاسی ہزار اور سن 1931 میں بائیس لاکھ ساٹھ ہزار۔ ارتھات پانچ آدمی فی سیکڑا پڑھے ہوئے ہیں۔

اب لنگ بھید کے حساب سے دیکھیے تو۔

1911 میں ساکشر تا پرش 1505945 یا 61 پرتی ورگ میل تھے۔

" استریاں 112520 یا 5 " " تھیں۔

1921 میں " پرش 1556626 یا 65 " تھے۔

" استریاں 132246 یا 6 " تھیں۔

" " استریاں 216228 یا 10 " تھیں۔

1931 میں --- پرش 2043410 یا 80 " " تھے۔

یہ پی گت شتابدی میں اُنتی اچھی ہوئی ہے، پھر بھی انیہ راشٹروں کی تلنا میں بہت کم ہے۔

بھن پرانتوں کے ساکشر سنکھیا کا اوسط پرتی ورگ میل یہ ہے۔

بنارس 192 نینی تال 159 کانپور 139 دہرہ دون 190

جالون 145 جھانسی 137 گڑھوال 173 آگرہ 143

فتح پور 118 الموڑہ 167 متھورا 140 علی گڑھ 115

1۔ ساکشر۔ تعلیم یافتہ

لکھنو 123 پریاگ 118 میرٹھ 109 بلیا 124

استری شکشا کی درشٹی سے دہرہ دون کا پرتھم استھان ہے، ارتھات۔ 54۔

اس کے بعد کرمشہ: لکھنو، آگرہ، بنارس، نینی تال، الہ آباد، میرٹھ، متھرا، فرخ آباد، جھانسی اور بجنور ہیں۔

ان آنکڑوں سے پتا چلتا ہے کہ ساکشر پرشوں کا اوسط کاشی میں سب سے زیادہ اونچا ہے اور ساکشر استریوں کا دہرہ دون میں۔

اب متوں کی درشٹی سے دیکھیے۔

دھرم	پرش 1921	پرش 1931	استری 1921	استری 1931
آریہ	293	337	93	84
ہندو (سناتن)	74	94	7	14
جین	568	590	77	128
سکھ	327	375	56	37
مسلم	74	97	8	16
عیسائی	318	327	309	314

سب سے ساکشر جین مت والے ہیں، اس کے بعد آریہ اور تب عیسائی ہیں۔ ہندو اور مسلمان سب سے پیچھے ہیں۔ استریوں میں عیسائی سب سے ساکشر ہیں اور آریہ ان کے بعد، ہندو اور مسلمان دونوں ہی نکدیہ ہیں۔

مئی 1933

دکشن کا شانتی نکیتن

کو یندر رو یندر کے پرشرم تھا1 دان کے کارن اتر بھارت میں، شانتی نکیتن ایک آدرش شکشن سنستھا2 مانی جاتی ہے۔ اسے یہ پد ویرتھ (3) ہی نہیں پراپت ہوا ہے، نسند یہہ (4) وہ سرکاری پاٹھ شالاؤں تتھا وشو وِدیالیوں سے کہیں اچھی طرح نیمت پر سچالت سنستھا ہے۔ شانتی نکیتن کاشی ودیا پیٹھ، پریم مہاودیالیہ ایسی سُوتنتر شِکشن سنستھائیں اتر بھارت کے لیے گرو کی وستو ہیں۔ پر دکشن بھارت میں ایسی سنستھاؤں کا بتانت (5) ابھاؤ تھا۔ ہرش کا وِشے ہے کہ شانتی نکیتن کے ہی آدھار پر دکشن میں بھی ایک مہان سنستھا کاریہ کرنے لگی ہے۔ بیس ورش پُور پرسدھ شکشا پریمی مسٹر ارنسٹ اُڈ نے مدن پلے میں، مدن پلے ودیالیہ کی استھاپنا کی تھی۔ اس کے بعد وے ولایت چلے گئے تھے۔ اس بیچ میں یہ سنستھا مدراس وشو ودیالیہ کے آدھار پر شکشا دیتی رہی۔ کنتو اب مسٹر اڈ پونہہ بھارت آگئے ہیں۔ انھوں نے سپت نیک اپنا شیش جیون اس ودیالیہ کی سیوا میں بتانے کا نشچے کیا ہے، ان کے اتی رکت پرسدھ شکشک، وشو پریٹک تتھا سادھن پورن ڈاکٹر جے ایچ کزنس نے اس ودیالیہ کے لیے اپنا تن من دھن ارپن کرنے کا نشچے کر لیا ہے۔ نئے اتساہ سے کاریہ پرارمبھ ہو رہا ہے۔ نئے منتر سے دکشا دی جائے گی۔ ودیالیہ کا اُدیش ہوگا۔ سنسکرتی سچار (6) کے بھاؤ کا پرچار کرتے ہوئے سرو ویاپی شکشا (7) دینا۔ پہلی ککشا سے چوتھی تک سنگیت کی شکشا انیوار یہ ہوگی، کھیل کود تتھا ویایام (8) کی شکشا ایک وشیشگ کے ہاتھ میں ہے۔ دونوں ہی وِشے انیوار یہ ہیں۔ جو بنا ڈاکٹری سارٹی فیکٹ کے کھیل کود یا ویایام سے غیر حاضر رہے گا اس کی اسکول کی حاضری کاٹ لی جائے گی۔

ودیالیہ تتھا پاٹھ شالا بھون ساٹھ ہزار اسکوائر فٹ میں بنا ہوا ہے اور پچھتر ایکڑ بھومی میں پھیلا ہوا

1۔ پرشرم۔ کوشش 2۔ شکشن سنستھا۔ تعلیمی ادارہ 3۔ ویرتھ۔ بے کار 4۔ نسند یہہ۔ بلاشبہہ

5۔ بتانت۔ بالکل 6۔ سچار۔ ساتھ 7۔ سرو ویاپی۔ ہر جگہ موجود 8۔ ویایام۔ کسرت

ہے۔ مدن پلے نگر سے اسے بہودا، ندی پرتھک کرتی ہے۔کھیل کے لیے ایک اچھے میدان ہیں۔ چھاتراواس میں ایک سو تو ے چھاتروں کے رہنے کے لیے استھان ہے، کنیاؤں کے لیے الگ چھاتراواس بنا ہوا ہے۔

ودیالیہ تین جولائی سے کھلے گا، پاٹھ شالا چودہ جون سے کھل گئی۔ ہم اس پر یتن کا، اس سنستھا کا سواگت کرتے ہیں، تھا مسٹراُڈ پلے اور قلیجنس کی سپھلتا کی شبھ کامنا پرکٹ(1) کرتے ہیں۔

1933ء

1۔ شبھ کامنا پرکٹ کرنا۔ خوش دلی کا اظہار کرنا

فیل ہونے والے لڑکے

کچھ عجیب دل لگی ہے کہ ہمارے اسکولوں اور کالجوں میں جب کوئی لڑکا فیل ہو جاتا ہے تو اسے اس کی سزا دی جاتی ہے کہ اسکول سے نکال دیا جاتا ہے اور جب اپنے اسکول نے نردیتا (1) سے نکال دیا تو ایسے نکالے ہوئے لڑکوں کو دوسرا اسکول کیوں لینے لگا۔ اس پرکار لڑکے کے لیے شکشا کے دوار چاروں اور سے بند ہو جاتے ہیں۔ کتنی دینیہ پرستھتی ہے مگر ادھر دوسری سمسیا یہ ہے کہ یدی ان لڑکوں کو بھی تو آخر اوسر ملنا ہی چاہیے۔ بات یہ ہے کہ یہ تینتس لڑکوں والی قید ہی نرر تھک (2) ہے یا تو ہمیں اتنے اسکول چاہیے کہ سبھی لڑکے پڑھ سکیں یا موجودہ اسکولوں سے اس قید کو اٹھا کر اور جگہیں نکالنی چاہیے، یا پھر سب سے اُتم ہے کہ امتحانوں کو اور سرل کر دیا جائے، جس میں ادھک سے ادھک لڑکے پاس ہوسکیں۔ جب اسکول یا کالج کی سند نوکری کے لیے بے کار ہوگئی ہے، تو کیوں لڑکوں پر اتنی قید لگائی جائے۔ پھر کیا لڑکے کے فیل ہو جانے میں کیول لڑکے ہی کی خطا ہے؟ اسکول کے ادھیاپکوں پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں آتی؟ مانا، ادھیاپک گھول پلا نہیں سکتا، لیکن یہ نرِوواد ہے کہ لڑکوں کی سپھلتا یا اسپھلتا بہت کچھ ادھیاپک کے ویکتتو، (3) ادھیوسائے، (4) پڑوتسا ہن پر نربھر ہے۔ پھر کس منہ سے فیل ہونے والے لڑکوں کو نکال دیا جاتا ہے۔

جولائی 1933ء

1۔ نردیتا۔ بےدردی 2۔ نرر تھک۔ بے معنی 3۔ ویکتتو۔ شخصیت 4۔ ادھیوسائے۔ کوشش

کاشی میں شکشامنتری کا شبھا گمن

شکشامنتری کے آگمن سے کاشی میں دو تین دن خاصی چہل پہل رہی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نیم گورنر صاحب یا وائسرائے صاحب پدھارے ہیں کیونکہ انھیں مہانو بھاؤں کے شبھا گمن (1) کے اوسر پر سڑکوں پر پولیس کی لائن کھڑی کی جاتی ہے۔ اب منسٹر صاحبوں کو بھی شاید وہ مہان سمان پراپت ہو گیا۔ دیکھیے نئے سوراجیہ ودھان (2) کے آتے آتے کیا کیا خاطر داریاں ہوتی ہیں۔

اگست 1933ء

1۔ شبھا گمن۔ خوش آمدید 2۔ ودھان۔ نیم، اصول

لکھنؤ وشو ودیالیہ

اس سال لکھنؤ وشو ودیالیہ نے قانون کے ودیارتھیوں کی سالانہ فیس میں پچیس روپیہ کی وردھی(1) کردی ہے۔

قانونی کلاس سے پہلے بھی کافی بچت ہوجاتی تھی، پر وہ بچت کافی نہیں سمجھی گئی۔ مگر ایک طرح سے اس وشو ودیالیہ نے اچھا ہی کیا۔ قانون میں اب نئے وکیلوں کو جگہ نہیں ہے۔ کچھ تو اس باڑھ کو روکنے کے لیے کرنا ہی چاہیے۔ ہماری رائے میں یدی سو روپے سال کی وردھی کردی جاتی تو کچھ نتیجہ نکلتا۔ پچیس روپے تو ودیارتھی کہیں نہ کہیں سے لاکر دے ہی دیں گے۔ اور سب چیزیں مدی(2) ہو رہی ہیں۔ کوئی چیز تو تیز رہے، شکشا کو تیز کردینا ہے۔ بڑی سکم نیتی ہے لکھنؤ وشو ودیالیہ کو چاہیے کہ سبھی وبھاگوں میں فیس دگنی کردے۔ اس سے اس کی آمدنی بہت کچھ بڑھ جائے گی۔ سرکار بھی تو خرچ کم نہ کرکے بڑھانے کے فکر میں رہتی ہے۔ ودیالیہ اسی سرکار کا ایک انگ تو ہے۔

اگست 1933ء

1۔ وردھی۔ اضافہ　　2۔ مدی

بھارت میں لال ساہتیہ

بھارت سرکار یہ نہیں چاہتی کہ بھارت میں لال پرچوں کا، لال ساہتیہ کا ارتھات سشستر (1) کرانتی کی سیکھ دینے والے ورگ وادی (2) ساہتیہ کا، سنکھیپ میں روسی بول شیوی (3) ساہتیہ کا پرچار ہو۔ لال کرانتی کو ہم بھی نہیں چاہتے، پر لال ساہتیہ کسے کہتے ہیں۔ تتھا کسے پڑھنے سے ہمارا دماغ پھر سکتا ہے۔ یہ ہم نہیں جانتے ہیں۔ یہی بات بھارت کے پرمکھ پُستک (4) وکریتا شری ایس، بی تاراپور والا اینڈ سنس بھی نہیں جانتے۔ اسی لیے انھوں نے بھارت سرکار کو ایک پتر لکھ کر پوچھا تھا کہ وہ کون سی پُستکوں کو، لال، سمجھتی ہے تاکہ وے ان پُستکوں کی سوچنا ساچار پتروں دوارا ہمیں جنتا کو دے سکیں۔ پر بھارت سرکار کی اور سے جو اُتر دیا گیا ہے اس سے تو یہی اسپشٹ ہے کہ وہ سُیم اس وشے میں کوئی نشچے نہیں (5) کرسکی ہے۔ اسے سُیم کوئی نیتی نردھارت کرنے میں کٹھنائی ہے۔ بھارت سرکار تو یہ کہہ کر اتر دے سکتی ہے، پر بھارت کے پتر کار تتھا پُستک وکریتا کیا کریں۔ وہ نئے قانون کے انوسار ہر ایک پتر میں کسی ایسی پُستک کا انش (6) چھاپنے کے لیے جو ابھی تک بازار میں بک رہی تھی۔ تتھا سب لوگ پڑھ رہے تھے ضمانت طلب کرسکتی ہے۔ وہ اس انش کو اس پُستک کو ہی غیر قانونی یا اتجیک سمجھ سکتی ہے۔ پُستک وکریتا بھی اتجیک ساہتیہ رکھنے کا اپرادھی ہوسکتا ہے۔ یہ بڑی وشم سمسیا (7) ہے جس کے وشے میں سرکار کو اپنی نیتی اسپشٹ کردینی چاہیے۔

اگست 1933ء

1۔ سشستر کرانتی۔ اصلاحی تحریک 2۔ ورگ وادی۔ طبقہ پسند 3۔ بول شیوی۔ روسی تحریک 1917

4۔ پُستک وکریتا۔ کتب فروش 5۔ نشچے۔ تہیہ، یقینی 6۔ وشم سمیا۔ پیچیدہ مسئلہ

فلم سنسار میں ایک نئی یوجنا

فلم ہمارے جیون میں آگے چل کر چاہے جتنا اپیوگی (1) ہو اور شکشا تتھا آروگیہ اس کے دوارکتنا ہی سُلبھ (2) بنایا جاسکے، پر اس کی ورتمان پرگتی تو کسی طرح بھی آشاجنک نہیں کہی جاسکتی۔ ہاں، اگر یووکوں اور یووتیوں کے نرلج چمبن اور آلنگن اور ہتیا تتھا اپرادھ کے درشیوں پر ہی سماج کی جاگرتی اور انّتی کا دارومدار ہے، تو نسندیہہ ہم اندھی کی چال سے اُنّتی کی اُور بڑھتے جارہے ہیں۔ یورپ کا ولاس تو اپنی ساری برائیوں کے ساتھ آڈٹا، پر یورپ کا ادھیوسائے اور ساہس اور اتسرگ اور انیہ ہزاروں خوبیاں جو اس ولاستا کا پرداا ٹھاسکتی ہیں، یہاں کہیں نظر نہیں آتی۔ کہا جاتا ہے، ایک بڑا بھاری ادھوگ آروپت (3) ہوگیا ہے جس کی سمبھاؤناؤں کا کہیں انت نہیں ہے۔ بے شک اس نیا اس دھن کو باہر جانے سے روک دیا ہے جو باہر کے فلم بنانے میں ہمیں دینا پڑتا تھا۔ پر کھید یہی ہے کہ وہ ایسے پونجی پتیوں کے ہاتھوں میں ہے جو بڑی نِردیتا سے جنتا کو ساماجک اناچار (4) کی اُور لیے جارہے ہیں۔ انھیں اپنے نفع سے مطلب ہے۔ دیش دوزخ میں جائے یا بہشت میں، ہم سینما کے وِرودھی نہیں۔ اس کا جو دُرپیوگ کیا جارہا ہے اس کے ورودھی اوشیہ ہیں۔ جنتا کا منورنجن ہونا آوشیک ہے۔ یدپی ایسے دردر دیش میں منورنجن سے کہیں ضروری بھوجن ہے لیکن منورنجن کا ارتھ یہ تو نہیں کہ ہماری کُت سِت (5) بھاؤناؤں کو اور چابک لگایا جائے۔ سچا منورنجن تو ہمیں سد بھاؤناؤں (6) کی اُور لے جاتا ہے۔ اس لیے ہمیں یہ معلوم کرکے خوشی ہوئی کہ مدراس کے فلم سینسر بورڈ نے اس بات کی جانچ کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی ہے کہ فلموں کا لڑکوں کے من پر کیا اثر پڑتا ہے۔ اس کمیٹی نے ایک پرشناولی بنا کر ماتا پتاؤں سے انورودھ (7) کیا ہے کہ وے اپنی اِچھانوساران کے جواب لکھ کر کمیٹی کے پاس بھیج دیں اور جو کچھ صلاح دینا چاہیں وہ بھی دے دیں۔ ان میں سے کچھ پرشن یہ ہیں۔

1۔ اُپیوگی۔ کارآمد 2۔ سُلبھ۔ موجود 3۔ آروپت۔ مجرم 4۔ اناچار۔ خراب عادت 5۔ کُت سِت۔ بہت خراب 6۔ سد بھاؤنا۔ اچھی بھاؤنا 7۔ انورودھ۔ گزارش

کیا لڑکوں کے سینما میں جانے سے ان کی پڑھائی میں کوئی بادھا پڑھتی ہے، لڑکوں کو اکثر سینما دیکھنا چاہیے یا کبھی کبھی؟ لڑکے سینما گھروں سے کیا منو بھاؤ لے کر گھر آتے ہیں؟ گھر پر وے ان کا کیسے ذکر کرتے ہیں؟ کیا وے سینما میں دیکھے ہوئے کرتیوں اور واکیوں کو دہراتے ہیں؟ کیا وے کسی خاص ایکٹر یا ایکٹریس کی پرشنسا کرتے ہیں؟ کیا وے ان کی پرشنسا کرتے ہیں یا ویسے ہی جیون بتانے کی اِچھا پرکٹ کرتے ہیں، لڑکے اور یووک سینما کے اچھے پر بھاؤ گرہن کرتے ہیں یا برے؟ سینما چرتر گٹھن کی شکشا کرتو یہ گیان، داتو (1) پر کیا اثر ہوتا ہے۔ کیا سینما سے چرتر پتن کے کارنوں کی شنکا ہو سکتی ہے جو جیون کا وِکرت روپ لڑکوں کے سامنے رکھتا ہو۔ اتھوا ذراچرن (2) کی اُور اتیجت کرتا ہو؟ اس کے پرمان میں اداہرن دیجیے۔ آپ لڑکوں کے لیے کس طرح کے فلموں کو انوکول سمجھتے ہیں۔ اتہاسک، سانسکرتک، ناٹکی، ہاسیہ (3) جنک یا شکشا(4) یوگی؟ لڑکے اپنی اوستھا کے انوسار کس طرح کے فلم زیادہ پسند کرتے ہیں؟

ہمیں آشا ہے کہ کمیٹی اس وشے میں اتروں کا وچار کرنے پر اپنی سمّتی (5) پرکٹ کرے گی۔ جس کی ہم بڑی اُتکنٹھا (6) سے پرتکشا (7) کریں گے۔

ستمبر 1933ء

1۔ داتو۔ فریضہ 2۔ ذراچرن۔ بری فطرت 3۔ ہاسیہ جنک۔ مزاحیہ 4۔ تکشوپ یوگی۔
5۔ سمّتی۔ رائے 6۔ اُتکنٹھا۔ لالسا، خواہش 7۔ پرتکشا۔ انتظار

براڈ کاسٹنگ دیہاتوں میں

انگلینڈ سے ایک مہاشے یہاں اس بات کی جانچ کرنے آئے ہیں کہ یہاں براڈ کاسٹنگ کے لیے کیسے میدان تیار کیا جاسکتا ہے۔ سب کی نگاہ دیہاتوں پر ہے۔ گاؤں گاؤں براڈ کاسٹنگ کا پرچار ہوجائے، بس کروڑوں کا وارا نیارا ہے۔ براڈ کاسٹنگ سے پرچار کا بہت کچھ اُپکار (1) ہوسکتا ہے، اس میں سندیہہ (2) نہیں۔ یہی ایک سادھن ہے جس سے انھیں سنسار کی آتما (3) سے ملایا جاسکتا ہے۔ بڑے بڑے وِدّوانوں کے بھاشن، بڑے بڑے سنگیتا چاریوں کے گانے، بھی کچھ منٹوں میں دیہاتیوں تک پہنچا سکتے ہیں لیکن یہ کمپنی کوئی پروپ کاری (4) سنستھا تو نہیں ہے، جو اپنے پروگرام پرجا کے ہت کو سامنے رکھ کر بنائے گی۔ اس کا ادیشیہ تو اپنی جیب بھرنا ہوگا اور اس ویوسائے کے یُگ میں جیسے اور ہزاروں چیزیں فائدے کی جگہ نقصان پہنچانے والی ہورہی ہیں۔ اسی طرح اس کا بھی درپیوگ کیا جائے تو کیا تعجب ہے۔

ستمبر 1933ء

1۔اُپکار۔کرم 2۔سندیہہ۔شک 3۔آتما۔روح 4۔پروپ کاری۔دوسروں کی مدد کرنے والا

پریاگ میں رام لیلا

ہمیں یہ جان کر خوشی ہوئی کہ پریاگ میں تیرہ سال کے بعد اس سال پھر رام لیلا کا اُتسو (1) بنا کسی روک ٹوک کے منایا جائے گا۔ پریاگ کے حاکم ضلع نے اس تتو کو سویکار کر کے اپنی نیائے (2) پرتا کا پریچے (3) دیا ہے کہ پرتیک سماج کو اپنے دھرمو تسو منانے کا ادھیکار ہے۔

ستمبر 1933ء

1۔ اُتسو۔ جشن، تیوہار 2۔ نیائے پرتا۔ انصاف پسند 3۔ پریچے۔ تعارف، ثبوت

ایک اُچت پرامرش

سہیوگی لیڈر کے کل کے انک میں ایک سجن نے شکشا ادھیکش مسٹر میکنجی سے درخواست کی ہے، کہ ہر یک اسکول میں شنیوار کا آدھا دن پاٹھ کرم (1) کے باہر کے وِشیوں کے لیے سرکاری طور پر الگ کر دیا جانا چاہیے۔ وادویواد، ڈرامہ، اسکاؤٹنگ تتکال چلتسا آدی وِشیوں کو اسکولوں کے کرمچاری اتنا مہتو نہیں دیتے، جتنا دینا چاہیے۔ چونکہ ادھیاپکوں کی کارگزاری لڑکوں کے پاس ہونے پر منحصر ہے۔ اس لیے لازم طور پر ادھیاپک گن ان وشیوں کو فالتو سمجھتے ہیں کیونکہ ان سے لڑکوں کی پریکشا پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ شکشا وبھاگ یہ تو چاہتا ہے کہ یہ اپیوگی وشے لڑکوں کو سکھائے جائیں۔ پر وہ اسے ہیڈ ماسٹروں کی سویکشا (2) پر چھوڑ دیتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جہاں ہیڈ ماسٹر پرانے ڈھنگ کا ہوا، وہاں ان وشیوں پر کوئی دھیان نہیں دیا جاتا۔ یدی شکشا وبھاگ کے ادھیکش کی اُور سے اس آشا کا کوئی حکم نکل جائے کہ اسکولوں کے کرمچاری کو کم سے کم ایک سپتاہ میں ایک دن ان اُپیوگی باتوں میں لگانا چاہیے، تو یہ پرشن ویکتی گت نہ رہ جائے۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ لڑکوں کے مانسک وکاس میں ان وشیوں کا جو استھان ہے وہ کسی طرح گونت یا بھوگول سے کم نہیں۔ بلکہ کئی انشوں میں کچھ زیادہ ہی ہے۔ ایک رکاوٹ یہ اوشیہ ہے کہ ابھی ان وشیوں کے اچھے شکشک نہیں ملتے اور یہ کام ایسے ادھیاپکوں کو سونپا جاتا ہے جنھیں اس سے کوئی پریچے نہیں ہوتا۔ یہ بھی ان کی اُداسینتا (3) کا ایک کارن ہے ہم جس کام میں امھیست (4) ہوتے ہیں، اسی کو دل لگا کر کرتے ہیں۔ جب ادھیاپک میں ہی اُتساہ نہیں ہے تو لڑکوں کو اس وشے سے روچی کیوں ہونے لگی۔ جہاں کہیں ان وشیوں پر دھیان بھی دیا جاتا ہے، وہاں بھی کیول بے گار کی جاتی ہے اور بے گار کے کام میں لڑکوں کو اُتساہ نہیں ہوسکتا۔ شکشا وِبھاگ کے ادھیکاری معائنوں میں باہری باتوں کو کچھ دیکھ لیا کریں۔ اور انھیں بھی ادھیاپکوں کی کارگزاری میں شامل کر لیں۔ اور اس کے ساتھ اس کا سمے بھی نشچت کر دیں تو ہمیں وشواس ہے یہ اپیوگی شکشا اتنی اُپیکت نہ رہے۔

ستمبر 1933ء

1۔ پاٹھ کرم۔ درس وتدریس 2۔ سویکشا۔ اپنی خواہش 3۔ اُداسینتا۔ دکھی

4۔ امھیست۔ معروف

شکشا کا نیا آدرش

اب تک سنسار کے سامنے شکشا کا جو آدرش (1) تھا وہ پرمپراگت سماج ویوستھا کی ہی پورتی کرتا تھا۔ سماج پر اب تک ویکتی (2) وادی پرمکھتا (3) رہی ہے۔ اور ہماری شکشا پرنالی بھی ویکتی کا ہی سمرتھن کرتی تھی۔ بچپن ہی سے ویکتی کا وکاس ہونے لگتا ہے اور یونیورسٹی میں جا کر پورا ہو جاتا ہے۔ اس سانچے میں ڈھل کر یُووک آتم سیوی، (4) گھور سوارتھی، متر تا میں بھی سوارتھ کی رکشا کرنے والا۔ پکا اپیوگتاوادی اور گھمنڈی ہو کر رہ جاتا ہے۔ ہماری شکشا ہماری ساماجک چیتنا کو نہیں جگاتی، اس کا ادیشیہ اپنے فائدہ کے لیے سماج سے کام نکالنا ہے۔ سماج کیول اس لیے ہیں کہ اسے بڑھنے اور سنچے (5) کرنے کا اوسر دے۔ وہی منشیہ سپھل سمجھا جاتا ہے جو سماج کو خوب اچھی طرح ایکس پلائٹ کر سکے۔ ویوستھا ہی کچھ ایسی ہے کہ ویکتی کو مجبور ہو کر اسی لیک پر چلنا پڑتا ہے، دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے۔

لیکن سماج ویوستھا میں بڑے ویگ سے کرانتی ہو رہی ہے کمیونزم کا پرچار ہو یا نہ ہو سماج کا آدرش بدل گیا ہے۔ بھارت جیسے روڑھیوں کے غلام دیش دس بیس سال اور پرلوک چنتن میں پڑے رہے لیکن سنسار سمشٹ کی اُور جا رہا ہے اور سچ پوچھو تو سمشٹ (6) وادی انیشورتا، (7) جو ہر آدمی کے لیے سمان اوسر کی ویوستھا کرتی ہے جو کسی کا جنم سدھ یا پرمپراگت وشیش ادھیکار نہیں مانتی، ایشورتا کے کہیں نکٹ ہے۔ ایکاتمواد (8) کا پرکٹ روپ اس کے سوا اور کیا ہو سکتا۔ مانو سبھیتا کا اور دھرم کا سب سے اونچا آدرش سنسار ویاپی بھائی چارا رہا ہے۔ آدی سے ہم اسی اور جانے کی چیشٹا کر رہے ہیں اور وہی ہمارا لکشیہ ہے۔ لیکن یا تو اس لیے کہ ہمیں اتنے مہان تتو کی تتھار تھتا (9) پر کبھی وشواس ہی نہیں ہوا یا اس لیے کہ اسے دھرم کی آخری سیڑھی مان کر ہم نے سوچ لیا کہ اس کے آگے اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا، ہم آج بھی اس آدرش سے اتنے ہی دور ہیں جتنے کئی ہزار سال پہلے تھے۔ لیکن سماج کے سامنے اس سے اونچا آدرش کی سرشٹی نہیں ہوئی۔ اور آج بھی بھومنڈل کی آتما اسی انت بھوشیہ کی اور آنکھیں اٹھائے دیکھ رہی ہے۔ اب دھیرے دھیرے وچاروانوں کا متیکیہ ہوتا جاتا ہے کہ اس آدرش کو پراپت کرنے کے لیے ہمیں ایک نئی سرشٹی رچنی پڑے گی۔ ارتھات بالک کے لالن پالن اور شکشا دکشا کو ایک سرے سے بدلنا پڑے گا، جس

1۔ آدرش۔ عزت 2۔ ویکتی واد۔ انفرادیت پسند 3۔ پرمکھتا۔ اہمیت 4۔ آتم سیودی۔ خودغرض، اپنی فکر کرنے والا 5۔ سنچے۔ انتخاب 6۔ سمسٹ واد۔ سوشلزم 7۔ انیشورتا۔ منکر خدا 8۔ ایکاتمواد۔ خودی 9۔ تتھار تھتا۔ حقیقی

سے سماج میں سنگھرش کی جگہ سہیوگ (1) کی پرورتی جاگے۔ لوگ ایک دوسرے سے سشکتی (2) رہنے کے بدلے وشواس کریں اور شکتی کا سنچے اس لیے نہ کریں کہ اس سے دوسروں پر آتنک (3) جمائیں گے۔ بلکہ اس لیے کہ دوسروں کی سہایتا کریں گے۔ سنسار میں اس سمے جس شکشا پرنالی کا دیوہار ہورہا ہے وہ منشیہ میں ایرشیا، بھے، گھرنا، سوارتھ، انوواَرتا (4) اور کائرتا آدی دُرگنوں ہی کی پشٹی کرتی ہے۔ اور وہ کریا شیشو کی اوستھا سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ سمپن ماتا پتا اپنے بالک کا ضرورت سے زیادہ لاڈ پیار کرکے اور بڑے ہونے پر اس کو دوسرے لڑکوں سے اچھی دشا میں رکھنے کی چیشٹا کرکے اسے اتنا نکما بنا دیتے ہیں، اور اس کی بدھی کو اتنا پرِی ورتت کردیتے ہیں کہ وہ سماج کا خون چوسنے کے سوا اور کسی کام کا رہ ہی نہیں جاتا۔ اس لحاظ سے ہمارے گروکل آج کل کے ایٹن یا ہیرو یا راج کمار کالجوں سے کہیں اتم تھے۔ جہاں سبھی چھاتر سمان تھے اس سے ان میں سارو جنکتا کا بھاؤ پیدا ہوتا تھا۔ اب پچھم کے وچارکوں کو بھی یہ دکھائی دینے لگا ہے کہ جس شکشا پرنالی کو وے صدیوں سے گلے لگائے ہوئے ہیں، وہ چرتر کو دُربل بنا دیتی ہے۔ اور منشیہ کی سماجک بھاؤناؤں کو پربل کرکے سماج میں امنگل اور پرتھکتا (5) کا بیج بوتی ہے۔ یہ سامراجیہ واد اور ویوسائے واد اور راشٹروں میں سنگھرش اسی کی شکشا کے پھل ہیں۔ جس نے ویکتی کو پردھانتا دے کر اسے سماج کا ہنسک جنتو بنا دیا ہے۔ شکشا کے آدرش میں جو سب سے بڑی کرانتی ہورہی ہے وہ یہ ہے کہ شیشو (6) کے پہلے پانچ سال منشیہ کو جیسا بنا دیتے ہیں ویسا ہی وہ بن جاتا ہے اس شیشو اوستھا میں اس کا چرتر جیسا بن جاتا ہے وہ بعد کو پھر کسی طرح نہیں بدلا جا سکتا ہے۔ سادھارنتہ اب تک ہم بالیہ وستھا کو زیادہ مہتو نہیں دیتے تھے۔ پر اسی اوستھا میں ہم اپنے اگیان کے کارن بالکوں کا بھوشیہ سدا کے لیے بگاڑ دیتے ہیں۔ اسی عمر میں بچے ہمارے اگیان کے کارن جھوٹ بولنا، جھوٹے بہانے کرنا اور چوری کرنا سیکھتے ہیں۔ اسی عمر میں آلسیہ کی، اور اَروگیہ کے سدھانتوں کے وِرودھ آچرن کرنے کی عادت پڑتی ہے۔ اسی عمر میں وے ضدی سُوارتھی اور کائر ہوتے ہیں اور اس لحاظ سے ماں باپ پر بالک کے چرتر کے وشے میں پہلے سے کہیں بڑی ذمہ داری آپڑتی ہے۔ کتنے ہی وچارونوں کا تو یہ کہنا ہے کہ بچہ پہلے ہی سال میں بہت سی اچھی یا بری عادتیں سیکھ لیتا ہے۔ اور چونکہ اس عمر میں کوئی بچہ پاٹھ شالا نہیں بھیجا جا سکتا ہے اس لیے ماں باپ کا یہ کرتویہ ہو جاتا ہے کہ وے ماں باپ بننے کے پہلے شیشو پالن کے سدّھانتوں سے اچھی طرح پریچت ہو جائیں۔ یہ سویکار کیا جانے لگا کہ ادھیکانش (7) بالکوں میں ایک سی پرورتیاں ہوتی ہیں اور ان پرورتیوں کا روپ یا دُرپیوگ (8) انھیں اچھا یا برا بنا دیتا ہے۔

ستمبر 1933ء

1۔ سہیوگ۔ مدد 2۔ سشکتی۔ طاقت ور 3۔ آتنک۔ دہشت 4۔ انوواَرتا۔ متفق فکر کا 5۔ پرتھکتا۔ الگ ہونا 6۔ شیشو۔ بچہ 7۔ ادھیکانش۔ زیادہ تر 8۔ دُرپیوگ۔ بے جگہ استعمال

بھارت میں پریس

بھارت میں سماچار پتروں کی دشا، پروکھیان دیتے ہوئے سرسی 'وی' رمن نے بہت ٹھیک کہا کہ پتروں کا سمپادن(1) ایک تنی ہوئی رسی پر چلنے کے سمان ہے اور سمپادک کو سدیو سچیت(2) رہنا پڑتا ہے۔ ورنہ ذرا بھی اس کا بیلنس ادھر یا ادھر ہوا تو ایک اُور وہ پریس ایکٹ کے گڑھے میں گر پڑتا ہے دوسری اُور ہتک(3) کے الزام کے منھ میں۔ آپ نے فرمایا کہ ایسے ویوسائے میں بھی جہاں ہر وقت سر پر تلوار لٹکتی رہتی ہے آرتھک کٹھنائیوں کے کارن دشا اور بھی خراب ہو جاتی ہے اور اس کا کارن کیول یہی ہے کہ یہاں لوگ دام دے کر پتر پڑھنا نہیں چاہتے ہیں۔ کسی ٹرین میں سفر کرتے وقت جب ایک سجن کوئی اخبار مول لیتے ہیں تو کتنی اتسک (4) آنکھیں لالسا سے بھری ہوئی پتر کی اُور لگ جاتی ہیں اور کتنی نرلجتا سے لوگ اخبار مانگنے لگتے ہیں۔ یہ ہم روز آنکھوں دیکھتے ہیں غریبی کا یہاں پرشن نہیں ہے۔ مزدوروں سے، یا فاقہ کرنے والے کسانوں سے کوئی آشا نہیں کرتا کہ وے اخبار پڑھیں گے۔ مگر جب پڑھے لکھے آدمی جو روز دس پانچ آنے پان سگریٹ میں اڑا دیتے ہیں۔ منگنی مانگ کر پتر پڑھنے کی سادھ مٹا لیتے ہیں تو سماچار پتر کیسے چلے، اور دیش میں ان کا کیسے وہ پرچار ہو جو انیہ دیشوں میں پتروں کا ہے۔ ادھیکانش پتر وگیاپنوں کے بل پر چلتے ہیں، اور سبھی طرح کے وگیاپن چھاپنے کے لیے ان کے کالم کھلے رہتے ہیں۔ جن ودیشی چیزوں کے بہشکار کے لیے سمپادک کالم کے کالم کالے کرتا ہے انھیں ودیشی چیزوں کی تعریفوں کے پل وہ وگیاپنوں میں باندھتا ہے۔ مگر وہ مجبور ہے، اگر ایسا نہ کرے تو اس کا پتر ایک دن نہ چلے۔ انیہ دیشوں میں ہزاروں سوشکشت(5) یووک سماچار پتروں میں کام کر کے نام اور دیش دونوں کماتے ہیں۔ یہاں کوئی گنجائش نہیں۔

اکتوبر 1933ء

1۔سمپادن۔ادارت 2۔سدیو۔ہمیشہ 3۔ہتک۔بےعزتی 4۔اُتسک۔خواہش مند 5۔سوشکشت۔تعلیم یافتہ

پریاگ کی رام لیلا بند

پچھلے انک میں ہم نے اس بات پر اپنی خوشی ظاہر کی تھی کہ نو سال کے بعد پھر رام لیلا ہو رہی ہے اور حاکم ضلع نے بنا کسی شرط کے رام لیلا کا جلوس نکالنے کی انومتی (1) دے دی ہے پر جس وقت مسٹر بشپ نے یہ حکم دیا تھا، پریاگ کے پولیس ادھیکش نینی تال گئے تھے۔ بعد کو وہ آئے اور ترنت رام لیلا کی چاروں کمیٹیوں کو سوچنا دے دی کہ شام ہونے کے پہلے سب جلوس کو رام لیلا کے میدان میں پہنچ جانا پڑے گا۔ اسپشٹ روپ سے تو یہ نہیں کہا گیا ہے۔ پر اس سوچنا کا ابھیپرائے یہی ہے کہ شام کی نماز کے پہلے جلوس نکل جائے، ورنہ شانتی بھنگ ہو جانے کی ذمہ داری وہ نہیں لے سکتے۔ رام لیلا کمیٹیوں نے اس شرط کو نہیں سویکار کیا اور رام لیلا پھر استھگت ہو گئی۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ پولیس سپرینٹنڈنٹ نے پریاگ کے مسلمانوں سے اس وشے میں صلاح کر کے یہ نتیجہ نکالا، یا انھیں شانتی بھنگ ہونے کا بھیم وچار اُتپن ہو گیا۔ جہاں ہمیں معلوم ہے، مسلمانوں کی طرف سے کسی طرح کی آپتی (2) نہ تھی، اور ہم یہ بھی مان لیں کہ کچھ متعصب مسلمانوں کو آپتی ہو بھی تو ان کے لیے ایک پورے سماج کا دھرموتسو کیوں بند کر دیا جائے۔ آخر سرکار کس لیے ہے۔ اس کا کام یہ نہیں کہ سماج کے ہر ایک انگ کو، اس کے جائز کاموں میں مدد دے۔ اس ذمہ داری سے وہ کیوں کر بچ سکتی ہے۔

اکتوبر 1933ء

1۔ انومتی۔ اجازت 2۔ آپتی۔ اعتراض

جسٹس ینگ کے دورے

جسٹس ینگ نے تھوڑے ہی دنوں میں اپنی نربھیک (1) نیائے پریتا (2) سے دیش کا سمان اور پریم پراپت کرلیا ہے اور ہرش کی بات ہے کہ وہ اپنی سیوا کے چھیتر کو بڑھانے جا رہے ہیں۔ ادھر وہ کتنے ہی ضلعوں میں دورے کر کے اسکاؤٹ آندولن کا بڑا اُپکار کر رہے ہیں۔ مگر بے ڈین پاؤیل اسکاؤٹوں کی سنستھا میں سیوا سمتی (3) اسکاؤٹ کیوں ملا دیا جائے، کیوں نہ بے ڈین پاویل کی سنستھا سیوا سمتی اسکاؤٹوں میں ملادی جائے۔ یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔

سیوا سمیتی سنستھا راشٹریہ سنستھا ہے، یعنی ورتمان دشا میں جتنی راشٹریہ ہوسکتی ہے۔ بے ڈین پاویل کی سنستھا دیش سنستھا ہے، جس کی آتما میں ودیشتا (4) بھری ہوئی ہے۔ جب دونوں سنستھائیں ہر بات میں سمان ہیں تو نیائے یہی کہتا ہے کہ بے ڈین پاویل اسکاؤٹ دَل توڑ کر سیوا سمیتی میں ملا دیا جائے۔ جسٹس ینگ ایسا نہیں کرتے تو ہم انھیں صلاح دیں گے کہ وہ اپنی سیواؤں کو ہائی کورٹ تک ہی سیمت (5) رکھیں، جہاں وہ بڑی یوگیتا کا پریچے دے رہے ہیں۔

اکتوبر 1933ء

1۔ نربھیک۔ نڈر　2۔ نیائے پریتا۔ انصاف پسند　3۔ سیوا سمیتی۔ مدد کرنے والی کمیٹی

4۔ ودیشتا۔ غیر ملکی محبت　5۔ سیمت۔ محدود

ہندی ساہتیہ کے ایشور کی چھیچھالیدر

سرسوتی کے نومبر کے انک میں شری پنڈت نرائن تیواری نے اُکت وشے (1) پر ایک بہت ہی وچار پورن (2) اور وچار اتیجک (3) لیکھ لکھ کر ہندی کی ساہتیک اور سادھارن جنتا کا دھیان ساہتیہ کے اس انگ کی اُور آکرشٹ (4) کیا ہے جو بھگت رس کے نام سے پرسدھ ہے۔ اور جس میں سرنگار کے بڑے نگن اور اشلیل (5) بھاؤں کا چترن (6) کیا ہے۔ برج بھاشا کے کویوں نے تو کنہیا اور رادھا اور گوپیوں کے پریم رہسیہ (7) اور ورہ (8) ویوگ میں اپنی عمر ختم کر دی۔ بالکل ٹھیک، لیکن جب آپ اس معاملے میں ہندو جاتی کو ہی گنہگار ٹھہراتے ہیں اور عیسائیوں اور مسلمانوں کے ساہتیہ کو ان بھاؤں سے مکت (9) بتاتے ہیں، تو یہ ہندوں کے ساتھ ضرورت سے زیادہ سختی کر بیٹھتے ہیں۔ صوفی کویوں نے حضرت محمد اور خدا میں عشق کی کویتائیں لکھی ہیں اور حضرت کی زلف، نرگسی آنکھوں اور مسری جیسی میٹھی باتوں کا اُلیکھ کیا ہے۔ عیسائیوں میں تو آج بھی مریم کی بیٹیاں ہوتی ہیں، جو اپنا سارا جیون عیسی کی اُپاسنا (10) میں ویتت کرتی ہیں۔ آپ کو خبر نہیں کہ اودھ میں ایک نواب صاحب سکھی دھرم کے پکے انویائی (11) تھے۔ مہینے میں تین دن گھر میں بند رہتے تھے کسی سے ملتے جلتے نہ تھے۔ آج بھی ایسے مسلمان سکھی بھاؤ والے فقیر نظر آتے ہیں۔ جو ناک میں نتھنیا، کانوں میں بالے اور پیروں میں کڑے چھڑے پہنے اور رنگین اوڑھنی اوڑھے بازاروں میں نکلتے ہیں۔ مسلم جنتا ان سکھی بھاؤ والے فقیروں کی خوب خدمت اور عزت کرتی ہے۔ اس لیے ہندو ساہتیہ سیوویوں اور کویوں نے یہ کوئی نئی بات نہیں کی، بلکہ منشیہ ماتر میں جو ایشور کو منشیہ روپ میں دیکھنے کی بھاؤنا ہے اسی کا یہ پرتی بمب (12) ہے۔ جب آپ ایشور کو کرشن کے روپ میں دیکھتے ہیں تو یہ کیسے سمبھو ہے کہ پرانی ماترا انھیں ایک ہی روپ میں دیکھیں۔ اپنی اپنی روچی اور منورتیوں (13) اور بھاؤناؤں کے انوسار ہی تو وہ ایشور کی کلپنا کریں گے۔

1۔ اُکت وشے۔ مذکورہ کورس 2۔ وچار پورن۔ فکرمند 3۔ وچار اتیجک۔ اکسائٹڈ 4۔ آکرشٹ۔ متوجہ
5۔ اشلیل۔ ننگا 6۔ چترن۔ تفصیلی بیان 7۔ رہسیہ۔ راز 8۔ ورہ ویوگ۔ دردِ غریب الوطنی 9۔ مکت۔ آزاد
10۔ اُپاسنا۔ پرارتھنا 11۔ انویائی۔ پیروکار 12۔ پرتی بمب۔ عکس 13۔ منورتی۔

کوئی اسے شِو کے روپ میں دیکھتا ہے، کوئی رام کے روپ میں، کوئی وِشنو کے روپ میں، کوئی کرشن کے روپ میں، جن میں دھرم بھاوَنا پردھان ہے وہ رام کی اُپاسنا کرتے ہیں۔ جن میں سرنگار بھاوَنا پردھان ہے وہ کرشن کی اور، جن میں وِشے واسنا(1) بلواتی ہے، وہ پنچم کاری(2) ہو جاتے ہیں اور بھیروی چکر کی اپاسنا کرتے ہیں۔ یہ رام اور کرشن اور شکتی کیول ہمارے بھِن بھِن ایشور بھاوَنا کے ہی کھلونے ہیں۔ ساکار اُپاسنا کو آپ ان برائیوں سے کسی طرح نہیں بچا سکتے۔ یہی ساکارتا سارے اناچار(3) کی جڑ ہے۔ اسی کی وِبھوتی ہے کہ ہمارے لاکھوں آدمی شِو بھکت بن کر گانجے اور چرس کے دم لگاتے ہیں، لاکھوں دیوی کی ویدی پر بلی چڑھاتے ہیں۔ لاکھوں کرشن کے سامنے ناچنے گاتے ہیں۔ ایشور کو ایک بار ساکار مان کر آپ اسے منشیو(4) سے نِش کلنک(5) نہیں رکھ سکتے۔ آپ دُھن کے اِچھک ہیں، تو ایشور آپ کو دھنوپار جن میں کیوں نہ سہایتا دے؟ ایشور کے نام پر بڑے بڑے مندر بنتے ہیں، جن میں وہ وشرام کرتا ہے۔ اس کے جنم دواہ آدی سنسکاروں کے اتسو منانے جاتے ہیں، چور ایشور کو منا کر چوری کرتا ہے، سیٹھ جی ایشور کو منا کر سود کھاتے ہیں۔ اور تو ند بڑھاتے ہیں، اس کے نام سے زمین داریاں خریدی جاتی ہیں، لین دین کیا جاتا ہے، مقدمے بازی کی جاتی ہے۔ اور جو بے چارے غریب اور دکھی ہیں، وے اس کی شرن میں جا کر اپنی وِپتی کو بھول جاتے ہیں اور یہ کچھ ہندو دھرم میں ہی نہیں ہے، عیسائی، مسلمان، بودھ، سبھی اس علت میں گرفتار ہیں۔ حالانکہ مسلمان ساکار ایشور کو مانتے ہی نہیں اور بودھوں کے یہاں ایشور کا کہیں پتا نہیں ہے۔ تو جب ایک بار آپ نے ایشور کو منشیہ مان لیا تو منشیہ ذاتی کی ویوہارکتا سے آپ اسے نہیں بچا سکتے۔ وہ کھائے گا، سوئے گا، ویوہار کرے گا، بچے پیدا کرے گا، سکھ میں ہنسے گا روئے گا، موقع پڑنے پر جھوٹ بھی بولے گا۔ بے ایمانی بھی کرے گا اور چونکہ وہ ایشور منشیہ ہے اس لیے اس کی ساری مانوی کریائیں ایشورتو کے رنگ میں رنگی ہوئی، ادھک مہان، ادھک دیایک ہوگی۔ آپ پاؤ آدھ سیر میں سنتشٹ ہو جاتے ہیں۔ تو ایشور کا من دو من بھی نہ کھائے، آپ دو چار آدمیوں کو جیت سکتے ہیں تو کیا ایشور دو چار ہزار استریوں سے بھوگ نہ کرے، آپ کی ایشور کلپنا ہی دوشت ہے، بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ آپ نے ایشور کی سرشٹی کر کے ہی یہ ساری برائیاں پیدا کر لیں۔

اور پھر آج پاپ اور پنیہ، دھرم اور ادھرم، اشلیل میں بھید ہی کہاں رہا؟ جب آج کے بڑے بڑے وِدوان کام شکشا کے پرچار پر زور دے رہے ہیں۔ جب وِواہ سنستھا ہی اَمانشی کہی جا رہی ہے، جب یہ مانا جا رہا ہے کہ ہم جسے پاپ اور ادھرم کہہ رہے ہیں، وہ کیول سامانجک انیائے کا ہی پھل ہے، اور سماج کا

1۔ وِشے واسنا۔ فطری خواہش 2۔ پنچم کاری۔ 3۔ اناچار۔ خراب عادت 4۔ منشیو۔ آدمیت
5۔ نِش کلنک۔ بے داغ

جیسا سنگٹھن ہے، اس میں اس کے سوا کوئی دوسرا پھل ہو ہی نہیں سکتا۔ پھر آپ کویوں سے کیول یہ آشا رکھتے ہیں کہ وے پوتر تا اور پرمارتھ میں غوطے لگائے۔ جب ہم گنگا نہا کر پاپوں سے مکت ہو جاتے ہیں، تو کوی کیوں نہ پتت پاوَنی گنگا کی مہما گائے۔ وہ جو کچھ لکھتا ہے منشیوں کے لیے لکھتا ہے خود بھی اسی سنسکار میں پلا ہے، اس سے آپ کیسے یہ آشا رکھتے ہیں کہ وہ اپنے سنسکاروں سے اوپر اٹھ جائے۔

مگر نہیں، آج ہندی کوی ان بھاؤناؤں سے اوپر اٹھ رہا ہے، اس کے لیے گوپیوں کے ہاس ولاس میں، شیام کی راس لیلا ماکھن چوری میں کوئی آکرشن نہیں رہا۔ وہ گنگا کی استوتی بھی نہیں کرتا اور سورگ کی اپسراؤں اور مدھو ساگروں کی مہما نہیں گاتا۔ وہ نینوں کے کٹاکش (1) اور چت کی چوری اور نو پرسنگیت اور رتی رہسیہ جیسے کاموددیپک (2) پرسنگوں سے اپنی کویتا کو النکرت نہیں کرتا۔ اس کا وِشے منشیہ کا ہردے اور اس کی بھاؤنائیں ہیں اور وہ پرکرتی کے سوندریہ کا ہی اُپاسک ہیں۔ اس کے یہاں کامیوں کا چمبن نہیں، بھکت کی شردھا اور الّاس ہے وہ ساکار کا اُپاسک نہیں، اننت اور انادی (3) کی دھن میں مست ہے۔ اس کے لیے پھول کی پنکھڑی اوشا کی لالی، پکشیوں کا گان، اناتھ کے آنسو کسی بالا کا روپ لالتیہ یا کسی غریب کسان کی کٹیاں یا جنگل میں بھٹکتا ہوا پتھک، سبھی سمان روپ سے سندر نوین اور آکرشٹ ہے، وہ سمست بھومنڈل کو سوندریہ کا آگار سمجھتا ہے۔

پگ پگ پر اس کے لیے مستی کے سامان بکھرے پڑے ہوئے ہیں، وہ پھول کی پیالی میں اوس کی ایک بوند پی کر نشے میں چور ہو جاتا ہے وہ ساہتیہ میں ایک نیا سندیش، نیا جیون، نئی بھاؤنائیں لے کر آیا ہے، جس میں واسنا (4) کا عمل دخل نہیں، کوی کی سچی ابھلاشہ اور سچا پریم چھلک رہا ہے وہ سماج کو پوترتا اور مانوتا کی اور لے جا رہا ہے، کیوں کہ اس نے ساکار ایشور کے پنجے سے اپنا گلا چھڑا لیا ہے۔

نومبر 1933ء

1۔ کٹاکش۔ 2۔ کاموددیپک پرسنگ۔ جنسی خواہش بڑھانے والا 3۔ انادی۔ ازلی
4۔ واسنا۔ خواہش

کارمائکل لائبریری کی ہیرک جینتی

کارمائکل لائبریری کی استھاپنا سن 1872ء میں ہوئی تھی۔ اس پرکار اس کی استھاپنا (1) ہوئے ساٹھ برس سے اوپر ہو گئے۔ اس کی ہیرک جینتی منانے کی تیاری ہو رہی ہے۔ سنگیت پرانت کے شکشا منتری مانیہ شری جے پی شری واستو نے پُستکالیہ کے اس مہوتسو (2) کا سبھاپتی ہونا سویکار کر لیا ہے۔ یہ پُستکالیہ اس پرانت کے پرانے پُستکالیوں میں نہیں، بلکہ بڑے پُستکالیوں میں بھی ہے۔ سورگی رائے سنکٹھ پرساد نے اس نگر کے پرکھ ناگریکوں کے سہوگ سے اس پُستکالیہ کی استھاپنا تھا اس کا سنگٹھن کیا تھا۔ ناگرکوں اور سرکاری کرمچاریوں کی سہایتا سے پُستکالیہ کی دھیرے دھیرے اُنتی ہوتی رہی۔ پہلے یہ پُستکالیہ ٹھٹھری بازار کے پاس چوک سے بیچی باغ جانے والی سڑک پر تھا۔ پیچھے اس کا اپنا ورتمان بھون بنا اور 1873ء میں اسی میں کھلنے لگا۔ گت ورش ویورن سے اس کی ورتمان دشا کا کچھ پریچے مل سکتا ہے۔ پُستکالیہ کے ہال میں جو اس سے بانوے فٹ لمبا اور اکیس فٹ چوڑا ہے، پاٹھکوں کے پڑھنے کے لیے 126 سامانیک پتر رکھے جاتے تھے، ان میں 23 دینک پتر اور 43 ماسک پتر تھے۔ پُستکوں کی کل سنکھیا 1759 تھی جن میں انگریزی کی، 7,595، ہندی کی 3,595، اردو کی 2,883، سنسکرت کی 2,383، بنگلہ کی 939، گجراتی کی 178 اور مراٹھی کی 76 رہی۔ سدسیوں کی سنکھیا 218 تھی۔ آئے 10,572، روپے اور ویے 11,807 روپیے تھا۔ اس ویورن سے اس پُستکالیہ کا مہتو پرکٹ ہو جاتا ہے بنارس میونسپلٹی کے بھوت پوروا ایکزیکیٹو افسر رائے بہادر جگن ناتھ پرساد مہتا کے پتا آرمبھک (3) ورشوں میں پُستکالیہ کے پُستکادھیکش تھے۔ اس لیے مہتا جی ان کی اسمرتی میں دو ہزار روپیہ لگا کر پُستکالیہ کے لیے کمرہ بنوا رہے ہیں۔ آشا ہے کہ شکشا پریمی اس پُستکالیہ کے سمبندھ میں دلچسپی لیں گے، اس کی پریاپت سہایتا کریں گے۔ تتھا اس کے پربندھ میں سدھار کریں گے، جس سے اس کے دوارا اور

1۔ استھاپنا۔ قیام　　2۔ مہوتسو۔ بڑا جشن　　3۔ آرمبھک۔ شروعات

ادھک شکشا پر وچار ہو سکے۔ پُستکالیہ کے دوارا واستوک (1) سیوا تبھی ہو سکتی ہے، جب اس میں اتم پُستکوں کے سنگرہ کا برابر پربندھ (2) ہو تتھا پُستکوں کی سوویہ وستھت (3) سوچی (4) ہو۔ اس کے ساتھ ہی ہمیں اس بات پر بھی دھیان دینا چاہیے کہ پُستکالیہ کی پُستکوں سے ادھک سے ادھک جن لابھ اٹھائیں۔ جس پُستکالیہ میں چنی ہوئی نئی اور پرانی پُستکوں کا اچھا سنگرہ ہے، تتھا انھیں پڑھنے والوں کی سنکھیا (5) بہت ادھک ہے، وہی بہت بڑا پُستکالیہ ہے۔

20 نومبر 1933

1۔ واستوک۔ حقیقی 2۔ پربندھ۔ انتظام 3۔ سوویہ وستھت۔ منظم طریقے سے 4۔ سوچی۔ فہرست
5۔ سنکھیا۔ تعداد

سنیما اور یووک

سنیما چتروں میں پرایہ جس طرح کے درشیہ (1) دکھائے جاتے ہیں، ان کا بالکوں کے چرتر پر برا پرینام (2) دیکھ کر یورپ میں کئی دیشوں نے 16 ورش سے کم عمر کے کماروں کو سنیما دیکھنے کا قانون نشیدھ (3) کر دیا ہے۔ ہتیا اور ڈاکے کے جو کانڈ اتنے سجیو روپ میں دکھائے جاتے ہیں شکشا اپیوگی (4) ان کا کسی کے چرتر پر بھی اچھا اثر پڑ سکتا ہے؟ کماروں کے کومل ہردے پر تو اس کا اثر اتنا خراب ہوتا ہے کہ کتنوں ہی نے اسے کاریہ روپ میں لانے کی چیشٹا کی ہے اور آج جیل خانوں میں چکی پیس رہے ہیں۔ چتروں سے البتہ بڑوں کا بہت بہت کچھ اپکار ہونے کی آشا کی جاتی ہے، بھوگول اتہاس آروگیہ آدی وشیوں کی شکشا چتروں دوارا بہت ہی سرل اور منورنجک ہوگئی ہے، پر شکشا سدھانت کے مرمگیوں (5) کو یہ شکشا وشیک چترپٹ بھی دوش سے خالی نہیں دیکھتے۔ ان کا اثر اتنا خراب تو نہیں ہوتا کہ کو کرتیوں کی اور لے جائے، پر بودھک وکاس میں اس سے بڑی بادھا پڑتی ہے لڑکوں میں جو جگیاساورتی ہوتی ہے اسے شانت کرنے کا یہاں کوئی سادھن نہیں۔ وہ کیول آنکھوں سے دیکھتے ہیں، بدھی اور کلپنا شکتی سے کام لینے کا انھیں کوئی اوسر نہیں ملتا۔ اس طرح ان کا من ولاس پریہ ہو جاتا ہے۔ اور اس میں وچار کی شکتی شتھل (6) ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ ان کا کہنا ہے کہ بہتیرے یووکوں کی مانسک شتھلتا اتنی بڑھ گئی کہ وے جو درشیہ دیکھتے ہیں، ان کی باریکیوں کو یاد نہیں رکھ سکتے۔ بالکوں میں جو کریاتمک اور نئی نئی باتیں کھوج نکالنے کی پرورتی ہے وہ یہاں بالکل دب جاتی ہے۔ مگر سینما کا پرچار دن دن بڑھتا جا رہا ہے۔ اور اچھے فلم کھوجنے سے بھی نہیں ملتے جب تک یہ ویوسائے سوشکشت اور وچارشیل (7) تتھا چرتروان (8) ویکتیوں کے ہاتھ میں نہ جائے گا اس کے سدھرنے کی کوئی آشا نہیں۔

11 دسمبر 1933ء

1۔ درشیہ۔ منظر 2۔ پرینام۔ نتیجہ 3۔ نشیدھ۔ روک تھام 4۔ شکشا اپیوگی۔ لائق تعلیم
5۔ مرمگیہ 6۔ شتھل 7۔ وچارشیل۔ مفکر 8۔ چرتروان۔ اچھی خصلت

سر پی، سی، رائے کا دیکشانت بھاشن

سر پی سی رائے نے کاشی وشوودیالیہ کے دیکشانت بھاشن میں کئی بڑے مہتو (1) کے پرشن اٹھائے، جن پر گمبھیرتا سے منن 2 کرنے کی ضرورت ہے۔ مثلاً آپ کے وچار میں وشوودیالیہ میں لیکچروں کا ہونا آوشیک نہ ہونا چاہیے، بلکہ چھاتروں میں سُیم پُستکاؤلوکن کی لگن پیدا ہونی چاہیے۔ ودیالیہ چھاتروں کو پاٹھیہ کرم کے جھمیلوں میں پھنسا کران کی بودھک مولکتا(3) کو نشٹ کردیتا ہے۔ اس میں سندیہہ نہیں کہ پریکشاؤں اور لیکچروں کا بندھن چھاتروں کے سوادھیائے میں بادھک ہوتا ہے اور آج بھی ایسے ہی کتنے ہی مہان پرش موجود ہیں جنھوں نے کسی ودیالیہ کا منھ نہیں دیکھا۔ مگر ہمارے خیال میں بی۔ اے تک، کے چھاتروں کو وشوودیالیہ کا چھاتر سمجھا ہی کیوں نہ جائے۔ ہمارے یہاں جو سکنڈری شکشا کہلاتی ہے وہ میٹری کولیشن تک سماپت ہوجاتی ہے۔ پر اس وقت ادھیکانش چھاتروں کی عمر پندرہ سے اٹھارہ ورش کی ہوتی ہے، اور ان میں پروڑھ وچار کا وکاس نہیں ہوا رہتا۔ واستو میں بی۔ اے تک اسی پروڑھ (4) شکشا کی کمی پوری ہوتی ہے۔ اس کے اوپر تین سال کا سے وشوودیالیہ کا ہونا چاہیے۔ جس میں چھاتروں کو لیکچر سننا لازمی نہ ہو اور وے سوادھیائے(5) اور کھوج میں ابھیست (6) ہوسکیں۔ بی۔ اے تک کی شکشا تو جہاں تک سستی ہوسکے ادھک سے ادھک چھاتروں کو ملنی چاہیے۔ مگر آشچریہ یہی ہے کہ اس مندی کے زمانے میں جہاں لوگوں کی آمدنیاں گھٹ گئی ہیں، ودیالیہ کا خرچ بڑھ گیا ہے۔ وہی دفتری حکومت جو انیہ وبھاگوں میں راجیہ کررہی ہے۔ ودیالیہ پر بھی آسن جمائے ہوئے ہیں۔ وہی لمبی لمبی تنخواہیں ہیں، وہی پریکشا کی فیس ہے، وہاں چھاتروں پر آتنک جمانے کی دھن ہے۔ ہمارے سادھارن ادھیاپک کسی تھانے داریا ڈپٹی مجسٹریٹ سے کم رعب نہیں جماتے۔ خیر یہ تو ووادگرست (7) وشے ہے۔

1۔مہتو۔اہم 2۔منن۔فکر 3۔مولکتا۔اصلیت 4۔پروڑھ شکشا۔ایڈلٹ ایجوکیشن

5۔سوادھیائے۔اپنے سے پڑھنا 6۔ابھیست۔سیکھا ہوا 7۔ووادگرست۔قابل اعتراض، اعتراض میں ملوث

اس کے پکش اور وپکش دونوں ہی کے سر تھک مل جائیں گے۔ مگر ماتر بھاشا کے مادھیم ڈوارا شکشا کا جو آدرش آپ نے دیا، اس میں تو شاید کسی کو آپتی ہو ہی نہیں سکتی۔ حیدرآباد میں اردو ڈوارا اونچی سے اونچی شکشا دی جا رہی ہے۔ جو بات اردو ڈوارا ہو سکتی ہے وہ انیہ بھاشاؤں ڈوارا بھی ہو سکتی ہے۔ مگر یہاں کٹھنائی یہ پڑتی ہے کہ ہر ایک پرانت کی بھاشا الگ ہے۔ مکھیہ بھاشاؤں کی سنکھیا بھی ایک درجن سے کم نہ ہوگی۔ اگر ہر ایک پرانت میں پرانتی بھاشا ہی شکشا کا مادھیم بنا دی گئی تو راشٹر پتا کو کتنا بڑا دھکا پہنچے گا۔ اس کا انودان(1) نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارے چھاتر کوپ منڈوپ (2) ہو کر رہ جائیں گے۔ اس لیے ضرورت یہ ہے کہ ماتر بھاشا کو شکشا کا مادھیم نہ بنا کر راشٹر بھاشا کو مادھیم بنایا جائے۔ اور یہ طے ہو چکا ہے کہ ہندی کے سوا کوئی دوسری بھاشا راشٹر بھاشا بننے لائق نہیں ہے۔ یدی بنگال اس پرستاؤ کو سویکار کرے تو ہمارا وشواس ہے کہ انیہ پرانت والے بھی اوشیہ سویکار کر لیں گے۔ یدی راشٹر بھاشا ڈوارا شکشا ملنے لگے تو انٹر میڈیٹ کا کورس سرلتا سے میٹری کولیشن میں پورا کیا جا سکتا ہے اور تب آشا ہے چھاتروں میں وہ ابھیمان(3) بھی نہ پیدا ہو، جو انگریزی پڑھ کر ان میں آ جاتا ہے اور انھیں کرشی یا دیا پار کے اَیوگیہ بنا دیتا ہے، مگر ایک پچھمی بھاشا کی ضرورت تو ہر حالت میں رہے گی۔ اس کے بنا گزارہ نہیں ہو سکتا۔ سنسار کی پرگتی(4) سے ملے رہنے کے لیے اس کی ضرورت ہے۔

18 دسمبر 1933ء

1۔ انودان۔ نظارہ 2۔ کوپ منڈوپ۔ کنوے کا مینڈک 3۔ ابھیمان۔ شان، فخر 4۔ پرگتی۔ ترقی

سر تیج بہادر سپرو کا بھاشن

الہ آباد یونیورسٹی کے دیکشانت بھاشن میں سر تیج بہادر نے پاٹھیہ کرم میں ایسا پریورتن(1) کرنے کے لیے آگرہ کیا،(2) جس سے چھاتروں کی روٹی کا سوال حل ہو سکے، کیونکہ روٹی کا سوال سنسکرتی کے سوال سے کہیں آوشیک ہے۔ آپ نے بہت بار فرمایا ہے کہ ہزاروں یووک اپنے قانون اور آرٹ اور وگیان کا ڈپلومہ لیے مارے مارے گھوم رہے ہیں۔ آپ نے ویوسائک اور بھوگولک(3) شکشا پر زور دیا ہے، مگر ہم پوچھتے ہیں کہ اودھوگک(4) ڈپلوما والوں کے لیے بھی کہاں استھان ہے؟ روڑکی اور انیہ ٹیکنیکل اسکولوں کو جانے دیجیے، چماروں، لوہاروں، اور بڑھیکوں کے لیے بھی تو کام کی افراط نہیں ہے۔ اگر ان کی شکشا اور بڑھ جائے تو ان میں بھی بے کاری بڑھ جائے گی۔ پھر کون سا ادھوگ سیکھیں جہاں روٹی کا سوال حل ہو سکے۔

مگر یہاں تو صرف روٹی ہی کا سوال نہیں ہے۔ سمان کا سوال ہے، بنگلے کا سوال ہے، کار کا سوال ہے، فرسٹ کلاس میں سفر کرنے کا سوال ہے اوروں میں جو مہاتوا(5) کانکشا ہے کیا یووکوں میں اس کا ہونا درجت ہے؟ بڑھئی یا چمار کو کسی نے شان سے بنگلے میں رہتے نہیں دیکھا۔ وہ بہت سپھل ہوا تو اپنی بیوی کے لیے کچھ گہنے بنوا دے گا یا اپنے کچے مکان کو پکا کروا لے گا۔ شان سے وہی لوگ جیون کا نرواہ(6) کر رہے ہیں، جنھوں نے قانون پڑھا ہے، جنھوں نے آرٹ اور وگیان کی ڈگریاں لی ہیں۔ اسی راستے پر ہمارا یووک بھی چل رہا ہے۔ اسے کسی طرح سنتوش نہیں ہوتا کہ اسے پرکرتی نے کیول جوتے گانٹھنے کے لیے پیدا کیا ہے اور اونچی شکشا اس کے لیے ہانی کارک ہوگی۔ وہ اپنے سمیپ (7) جو کچھ دیکھتا ہے، اسی کا رنگ اس پر اثر کرتا ہے جو لوگ اسے پڑھاتے ہیں، جو لوگ اسے اُپدیش دیتے ہیں،

1۔ پریورتن۔ تبدیلی 2۔ آگرہ۔ گزارش، اپیل 3۔ بھوگولک۔ جغرافیائی 4۔ اُودھوگک۔ روزگار سے متعلق
5۔ مہاتوا کانکشا۔ اونچی خواہش 6۔ نرواہ۔ گزارا 7۔ سمیپ۔ قریب

جو لوگ اس کی گیان وردھی کرتے ہیں، جو جیون کے سچے آدرش بن کر اس کے سمکھ کھڑے ہوتے ہیں، کیسے ممکن ہے کہ ان کا پربھاؤ اس پر نہ پڑے۔ ایسے لوگ جب اس سے اودھوگک شکشا کا انورودھ کرتے ہیں، تو وہ اپنے اندر ہی کڑھتا ہے اور سوچتا ہے کہ آپ لوگ تو زندگی کے مزے اڑا رہے ہیں۔ ہمیں مزدوری کرنے کا اُپدیش دیتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ آج ہزاروں یووک نراش (1) ہونے پر بھی ودیالیوں کی اور دوڑے چلے آتے ہیں، کیا ہرج ہے۔ چوٹی کے دو چھاتروں کے لیے ہی کچھ آشا ہے، شیش کے لیے آشا نہیں۔ کون جانے اسی کی تقدیر بڑھ جائے اور وہ ان دو آدمیوں میں ایک ہو۔ کچھ بھی ہو وہ پہلے سے ہی ہمت ہار کر نہ بیٹھے گا۔ ایک دو، تین بار اپنی قسمت آزمائے گا، اپنی آنکھیں پھوڑ کر سواستھ (2) کھو کر، گھر کو برباد کر وہ یہ پریکشا کرے گا اور جب اسپھل ہو جائے گا تو اسے یہ ڈھارس ہو جائے گا کہ اس نے یتھا شکتی (3) ادھوگ کر لیا۔ جھمیتر سے بھاگ کر اپنے کو اَیوگیہ سمجھ لینے پر اس کا یووک اور منشوی آتمہ (4) کبھی تیار نہیں ہوتی۔

بات یہ ہے کہ سماج کا جیسا کچھ سنگٹھن ہے، اس میں ایسی اَستھتی کا پیدا ہونا انیوار یہ تھا اور وہ ہوئی۔ جب تک تھوڑے سے آدمی مستشک (5) کے بل سے اپنے سوارتھوں کی اُنتی کرتے رہیں گے، جب تک گنے گنائے آدمیوں کو بھی ایسے اوسر ملتے رہیں گے کہ وے ڈپلومہ کا پاس پورٹ لے کر سمان اور ایشوریہ کے پردیش میں وچر (6) سکیں۔ اس وقت تک ودیالیوں میں چھاتروں کا یوں ہی ریل پیل رہے گا چاہے ودیالیہ ان کی آکانشاؤں کی سادھی ہی کیوں نہ بنتا رہے۔ یہ اَستھتی کچھ بھارت میں ہی نہیں ہوئی ہے امریکہ، یوروپ کے انت دیشوں میں بھی جہاں کہیں ویکتی کی پردھانتا ہے، یہی دَشا ہو رہی ہے۔ جب تک راشٹر سمشٹ کا روپ دھارن نہ کرے گا، جب تک تھوڑے سے چتر ویکتی لکشمی کے کرپا پاتر (7) بنتے رہیں گے جب تک ہر ایک کو اپنی اپنی پڑی رہے گی۔ جب تک راشٹر اس اُتر دائتو (8) کو سویکار نہ کرے گا کہ راشٹر کے پرتیک ویکتی کو سمان روپ سے جیوت رہنے اور اُنتی کرنے کا ادھیکار ہے، اس وقت تک پڑھے لکھوں کی یہ بھینکر بے کاری دن دن بڑھتی جائے گی۔ یہ ستیہ ہے کہ آج بڑے بڑے راشٹروں کے ودھاتا وے لوگ ہیں جنھوں نے ودیالیوں کا منھ تک نہیں دیکھا۔ لیکن مسولینی، ہٹلر، اور اسٹالن سماج کی لیک پر چل کر اس پد پر نہیں پہنچے ہیں، وے کرانتی مارگ (9) سے اپنے اُچ استھان پر پہنچے ہیں۔ اور

1۔ نراش۔ نا اُمید 2۔ سواستھ۔ صحت 3۔ یتھا شکتی۔ جہاں تک ممکن ہو 4۔ منشوی آتمہ۔ انسانی روح
5۔ مستشک۔ دماغ 6۔ وچر۔ گزارہ، رہن سہن 7۔ کرپا پاتر۔ قابل رحم 8۔ اُتر دائتو۔ جواب دہ
9۔ کرانتی مارگ۔ انقلابی راہ

کرانتی بچوں کا کھیل نہیں ہے ہم اپنے یوؤکوں کے مستشک میں یہ خیال نہیں جمنے دینا چاہتے ہیں کہ اُنتی کے دُوار، ان کے لیے بند ہیں اور سماج اور راشٹر سے وِدرُوہ کرکے ہی وے اپنے لیے استھان نکال سکتے ہیں۔ دیش کے لیے وہ برا دن ہوگا اگر یوؤکوں کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی۔ اس کے لیے یہ پرماوشیک (1) ہے کہ راشٹر اس سدھانت کو سویکار کرلے کہ ڈپلومہ کمتی اور ادھیکار کے خزانے کی کنجی نہیں ہے، تبھی شکشا کا واستوک (2) مہتو پرکٹ ہوگا۔ ابھی تو شکشا بھی ایک ویوسائے ہے اور جو ادھک سے ادھک دھن خرچ کرسکتا ہے وہ بڑی سے بڑی ڈگریاں لے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ نرا کوڑھ مغز نہ ہو۔ راشٹر کے بھاوی کلیان کے لیے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ سماج اور راشٹر کی ویوستھا جس میں تھوڑے سے ویکتی سنسار کی وبھوتیوں (3) پر آدھپتیہ (4) جمائے اسنتوش (5) اور سنگھرش کی جوالا پھیلا رہے ہیں، بدل دی جائے اور ہماری مہانتا کی کسوٹی ہماری شان اور ولاستا نہ ہو، بلکہ ہماری سیوا اور تیاگ سے جیون ہی اس کی کسوٹی ہو۔

25دسمبر1933ء

1۔ پرماوشیک۔نہایت ضروری 2۔واستوک مہتو۔حقیقی اہمیت 3۔وبھوتی۔قابلیت 4۔آدھپتیہ۔اختیار، ملکیت 5۔اسنتوش۔بے صبری

ڈاکٹر ٹیگور بمبئی میں

پبلک سے چندہ وصول کرنا بھی ایک کلا ہے اور اس کے کلاوِد (1) بھارت میں دو ہیں۔ ایک مہا مہم مالویہ جی، دوسرے مہاتما گاندھی۔ کون اوّل ہے، کون دوم اس کا فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ دونوں مہانو بھاؤں کو ایک ہی بریکٹ میں رکھنا چاہیے۔ مالویہ جی نے تیزی کے دنوں میں لاکھوں وصول کیے، مہاتما جی اس مندی اور بیکاری کے دنوں میں کیول دو پرانتوں میں ڈھائی تین لاکھ روپیہ وصول کر چکے۔ سنا ہے مالویہ جی بھی نکلنے والے ہیں، تو بات یہ ہے کہ یہ مہانو بھاؤں اس کلا میں سدھ ہست (2) ہو گئے۔ پچاس پچاس سال سے ابھیاس (3) جو کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر رویندر ناتھ ٹیگور وشو کوی ہیں اور بہت بڑے کلاکار ہیں، لیکن بھکشن کلا میں انھیں دونوں پوجیہ (4) بھکشکوں سے کچھ سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ابھی حال میں اس جھمیز میں آئے ہیں۔ مالویہ جی اتیمنت گورو گان (5) اور اپنے وانی چمتکار (6) سے لیتے ہیں۔ مہاتما جی چندا بھی لیتے ہیں اور ڈانٹتے بھی ہیں۔ ان کے کلا میں یہی وشیشتا ہے۔ ڈاکٹر ٹیگور نے ٹکٹ لگا کر شانتی نکیتن کے بالکوں بالیکاؤں سے اَبھینے کرایا، خود بھی پارٹ کیا۔ لیکن سنتے ہیں اچھی رقم ہاتھ نہ لگی۔ بات یہ ہے کہ جس سنستھا کے لیے چندہ مانگا جائے، اس سنستھا سے جنتا میں روچی اور اُتساہ ہوئے بنا چندہ کیسے ملے۔ شانتی نکیتن نے ابھی جنتا کے دل میں گھر نہیں کیا، جب تک وہ سیوا اور تیاگ کا ریکارڈ جنتا کے سامنے نہ رکھے، اسے دس پانچ بڑے بڑے لوگ چاہے کیول بڑی رقم دان دیں۔ جنتا سے ملنا مشکل ہے۔ مگر ہمیں تو ڈاکٹر ٹیگور جیسے مہان رشی کا پارٹ کچھ گورو پورن نہ جان پڑا۔ یدی شانتی نکیتن سے ایسے چھاتر نکلیں جو جیون سنگرام میں کچھ کر دکھائیں تو دیش آج اس کو بھی اسی طرح پیار کرے گا جیسے گروکلوں کو۔

جنوری 1934ء

1۔ کلاوِد۔ ہنر 2۔ سدھ ہست۔ ماہر 3۔ ابھیاس۔ مشق، تجربہ 4۔ پوجیہ۔ لائق پرستش، قابل لحاظ
5۔ گورو گان۔ فخر کے گیت 6۔ وانی۔ آواز، بولی

سامپردائکتا اور سنسکرتی

سامپردائکتا(1)سدیو سنسکرتی(2) کی دہائی دیا کرتی ہے۔اسے اپنے اصلی روپ میں نکلتے شاید لجا آتی ہے، اس لیے وہ گدھے کی بھانتی جو سنگھ کی کھال اوڑھ کر جنگل کے جانوروں پر رعب جماتا پھرتا تھا،سنسکرتی کا خول اوڑھ کر آتی ہے۔ ہندو اپنی سنسکرتی کو قیامت تک سورکشت رکھنا چاہتا ہے، مسلمان اپنی سنسکرتی کو، دونوں ہی ابھی تک اپنی اپنی سنسکرتی کو اچھوتی سمجھ رہے ہیں۔ یہ بھول گئے ہیں کہ اب یہ کہیں مسلم سنسکرتی ہے نہ کہیں ہندو سنسکرتی، نہ کوئی انیہ سنسکرتی، اب سنسار میں کیول ایک سنسکرتی ہے، اور وہ ہے آرتھک 3 سنسکرتی، مگر ہم آج بھی ہندو اور مسلم سنسکرتی کا رونا روئے چلے جاتے ہیں۔ حالانکہ سنسکرتی کا دھرم سے کوئی سمبندھ نہیں۔ آریہ سنسکرتی ہے، ایرانی سنسکرتی ہے، عرب سنسکرتی ہے، لیکن عیسائی سنسکرتی اور مسلم یا ہندو سنسکرتی نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ ہندو مورتی پوجک ہے تو کیا مسلمان قبر پوجک اور استھان پوجک نہیں ہے، تعزیہ کو شربت اور شرینی کون چڑھاتا ہے، مسجد کو خدا کا گھر کون سمجھتا ہے۔ اگر مسلمان میں ایک سمپردائے(4) ایسا ہے جو بڑے سے بڑے پیغمبروں کے سامنے سر جھکانا بھی کفر سمجھتا ہے تو ہندوؤں میں ایک سمپردائے ایسا ہے جو دیوتاؤں کو پتھر کے ٹکڑے اور ندیوں کو پانی کی دھارا اور دھرم گرنتھوں کو گپوڑے(5) سمجھتا ہے۔ یہاں تو ہمیں دونوں سنسکرتیوں میں کوئی انتر نہیں دکھتا۔

تو کیا بھاشا کا انتر ہے؟ بالکل نہیں مسلمان اردو کو اپنی ملی بھاشا کہہ لیں مگر مدراسی مسلمان کے لیے اردو ویسی ہی اپرچت (6) وستو ہے جیسے مدراسی ہندو کے لیے سنسکرت۔ ہندو یا مسلمان جس پرانت میں رہتے ہیں، سروسادھارن کی بھاشا بولتے ہیں، چاہے وہ اردو ہو یا ہندی، بنگلہ ہو یا مراٹھی۔ بنگالی مسلمان اسی طرح اردو نہیں بول سکتا اور نہ سمجھ سکتا ہے، جس طرح بنگالی ہندو ہندی۔ دونوں ایک ہی بھاشا بولتے

1۔سامپرادائکتا۔فرقہ واریت 2۔ سنسکرتی۔تہذیب وتمدن 3۔آرتھک۔معاشی 4۔سمپردائے۔فرقہ،قوم
5۔گپ بازی 6۔اپرچت۔اجنبی

ہیں۔ سیما پرانت کا ہندو اسی طرح پشتو بولتا ہے جیسے وہاں کا مسلمان۔ پھر کیا پہناوے میں انتر ہے؟ سیما پرانت کے ہندو اور مسلمان آپ کے سامنے کھڑے کر دیے جائیں کوئی تمیز نہیں، ہندو استری پُرش بھی مسلمانوں کے سے شلوار پہنتے ہیں۔ ہندو استریاں مسلمان استریوں کی ہی طرح کرتا اور اوڑھنی پہنتی اوڑھتی ہیں۔ ہندو پرش بھی مسلمانوں کی طرح کلاہ اور پگڑی باندھتا ہے۔ اکثر دونوں ہی داڑھی بھی رکھتے ہیں۔ بنگال میں جایئے، وہاں ہندو اور مسلمان استریاں دونوں ساڑی پہنتی ہیں، ہندو اور مسلمان پروش دونوں ہی کرتا اور دھوتی پہنتے ہیں۔ تہبند کی پرتھا بہت حال میں چلی ہے۔ جب سے سامپردائکتا نے زور پکڑا ہے۔

کھان پان کو لیجیے، اگر مسلمان ماس کھاتے ہیں تو ہندو بھی اسی فی صد ماس کھاتے ہیں۔ اونچے درجے کے ہندو بھی شراب پیتے ہیں، اونچے درجے کے مسلمان بھی۔ مدھیہ ورگ (1) کے ہندو یا تو بہت کم شراب پیتے ہیں یا بھنگ کے گولے چڑھاتے ہیں جس کا نیتا ہمارا پنڈا پجاری کلاس ہے۔ مدھیہ ورگ کے مسلمان بھی بہت کم شراب پیتے ہیں، ہاں کچھ لوگ افیم کی پیک اوشیہ لیتے ہیں، مگر اس پیک بازی میں ہندو بھائی مسلمانوں سے پیچھے نہیں ہیں۔ ہاں مسلمان گائے کی قربانی کرتے ہیں اور ان کا ماس کھاتے ہیں لیکن ہندوؤں میں ابھی ایسی جاتیاں موجود ہیں جو گائے کا ماس کھاتی ہیں۔ ہاں یہاں تک کہ مرتک ماس بھی نہیں چھوڑتی، حالانکہ بدھک (2) اور مرتک ماس میں وشیشانتر نہیں ہے۔ سنسار میں ہندو ہی ایک ایسی جاتی ہے جو گو ماس کو اکھاد (3) یا اپوتر سمجھتی ہے تو کیا اس لیے ہندوؤں کو سمست سنسار سے دھرم سنگرام چھیڑ دینا چاہیے۔

سنگیت اور چتر کلا بھی سنسکرتی کا ایک انگ ہے۔ لیکن یہاں بھی ہم کوئی سانسکرتک بھید نہیں پاتے۔ وہی راگ راگنیاں دونوں گاتے ہیں، اور مغل کال کی چترکلا سے بھی ہم پرچت ہیں۔ ناٹیہ کلا پہلے مسلمانوں میں نہ رہی ہو، لیکن آج اس صیغہ میں بھی ہم مسلمانوں کو اسی طرح پاتے ہیں جیسے ہندوؤں کو۔

پھر ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کون سی سنسکرتی ہے جس کی رکشا کے لیے سامپردائکتا اتنا زور باندھ رہی ہے۔ واستو میں سنسکرتی کی پکار کیوں ڈھونگ ہے، نرا پاکھنڈ اور اس کے جنم داتا بھی وہی لوگ ہیں جو سامپردائکتا کی شیتل (4) چھایا میں بیٹھے بہار کرتے ہیں۔ یہ سیدھے سادے آدمیوں کو سامپردائکتا کی اور گھسیٹ لانے کا کیول ایک منتر ہے اور کچھ نہیں۔ ہندو اور مسلم سنسکرتی کے رکشک وہی مہانوبھاؤ ہیں اور وہی سموادائے ہیں جن کو اپنے اوپر، اپنے دیشواسیوں کے اوپر اور ستیہ کے اوپر کوئی

1۔ مدھیہ ورگ۔ متوسط طبقہ 2۔ بدھک۔ ذبح کیا ہوا 3۔ اکھادیہ۔ جو کھانے کے لائق نہ ہو 4۔ شیتل۔ ٹھنڈا

بھروسہ نہیں، اس لیے انت تک ایک ایسی شکتی کی ضرورت سمجھتے ہیں جو ان کے جھگڑوں میں سر پنچ کا کام کرتی رہے ان سنستھاؤں کو جنتا کے دکھ سکھ سے کوئی مطلب نہیں، ان کے پاس ایسا کوئی سماجک یا راجنیتک کاریہ کرم نہیں ہے، جسے راشٹریہ کے سامنے رکھ سکیں۔ ان کا کام کیول ایک دوسرے کا ورودھ کر سرکار کے سامنے فریاد کرنا ہے اور اس طرح ودیشی شاسن کو استھائی بناتا ہے۔ انھیں کسی ہندو یا کسی مسلم شاسن کی اُپیکشا (1) ودیشی شاسن کہیں سبب (2) ہے۔ وہ عہدوں اور ریاستوں کے لیے ایک دوسرے سے چڑھا اوپری کر کے جنتا پر شاسن کرنے میں شاسک کے سہایک بننے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے۔ مسلمان اگر شاسکوں کا دامن پکڑ کر کچھ رعایتیں پا گئے ہیں، تو ہندو کیوں نہ سرکار کا دامن پکڑیں اور کیوں نہ مسلمانوں ہی کی بھانتی سُرخرو بن جائیں۔ یہی ان کی منووِرتی (3) ہے۔ کوئی ایسا کام سوچ نکالنا جس سے ہندو اور مسلمان دونوں ایک ہو کر راشٹر کا اُدھار کر سکیں۔ ان کی وچار شکتی (4) سے باہر ہے۔ دونوں ہی سامپردایک سنستھائیں مدھیہ ورگ کے لیے دھنکوں، زمینداروں، عہدیداروں اور پدلولپوں کی ہیں۔ ان کا کاریہ چھیتر اپنے سمودائے کے لیے ایسے اوسر پراپت کرتا ہے، جس سے وہ جنتا پر شاسن کر سکیں۔ جنتا پر آرتھک اور ویوسائک پربھتو (5) جما سکے۔ سادھارن جنتا کے سکھ دکھ سے انھیں کوئی پریوجن نہیں۔ اگر سرکار کی کسی نیتی سے جنتا کو کچھ لابھ ہونے کی آشا ہے اور ان سمودایوں کو کچھ چھتی پہنچنے کا بھی ہے۔ تو وہ فوراً اس کا ورودھ کرنے کو تیار ہو جائیں گی۔ اگر اور زیادہ گہرائی تک جائیں تو ہمیں ان سنستھاؤں میں اُدھیکانش ایسے سجن ملیں گے جن کا کوئی نہ کوئی نجی ہت لگا ہوا ہے۔ اور کچھ نہ سہی تو حکام کے بنگلوں پر ان کی رسائی ہی سرل ہو جاتی ہے۔ ایک وچتر بات ہے کہ ان سجنوں کی افسروں کی نگاہ میں بڑی عزت ہے، ان کی وہ بڑی خاطر کرتے ہیں۔ اس کا کارن اس کے سوا اور کیا ہے کہ وے سمجھتے ہیں عیشوں پر ہی ان کا پربھتو ٹکا ہوا ہے۔ آپس میں خوب لڑے جاؤ، خوب ایک دوسرے کو نقصان پہنچاؤ۔ ان کے پاس فریاد لے جاؤ، پھر انھیں کس کا غم ہے۔ وہ اَمر ہیں۔ مزا یہ ہے کہ بعضوں نے یہ پاکھنڈ پھیلانا شروع کر دیا ہے۔ ہندو اپنے بل بوتے پر سوراجیہ پراپت کر سکتے ہیں۔ اتہاس سے اس کے اُداہرن بھی دئے جاتے ہیں۔ اس طرح کی غلط فہمیاں پھیلا کر اس کے سوا کہ مسلمانوں میں اور زیادہ بدگمانی پھیلے اور کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔ اگر کوئی زمانہ تھا، جب مسلمانوں کے عروج کال میں ہندوؤں نے سوادھینتا (4) پائی تھی، تو کوئی ایسا کال بھی تھا جب ہندوؤں کے زمانے میں مسلمانوں نے اپنا سامراجیہ استھاپت کیا تھا،

1۔منووِرتی۔دلی خواہش 2۔وچار شکتی۔سوچنے کی طاقت 3۔پربھتو۔اختیار، ملکیت 4۔سوادھینتا۔آزادی

ان زمانوں کو بھول جایئے۔ وہ مبارک دن ہوگا جب ہماری شالاؤں (1) سے اِتہاس اٹھا دیا جائے گا۔ یہ زمانہ سامپر دائک اِبھیودے (2) کا نہیں یہ آرتھک یگ ہے۔ اور آج وہی نیتی سپھل ہوگی۔ جس سے جنتا اپنی آرتھک سمسیاؤں کو حل کر سکے۔ جس سے یہ اَندھ وشواس، (3) یہ دھرم کے نام پر کیا گیا پاکھنڈ، یہ نیتی کے نام پر غریبوں کو دہنے کی کرپا مٹائی جا سکے۔ جنتا کو آج سنسکرتیوں کی رَکشا کرنے کا نہ اَوکاش (4) نہ ضرورت۔ سنسکرت، امیروں کا، پیٹ بھروں کا، بےفکروں کا دیوسن (5) ہے۔ دَریدروں کے لیے پران رَکشا ہی سب سے بڑی سمسیا ہے۔ اس سے سنسکرتی میں تھا ہی کیا۔ جس کی وہ رَکشا کرے۔ جب جنتا مورچھت تھی، (6) تب اس پر دھرم اور سنسکرتی کا مونہہ چھایا ہوا تھا۔ جیوں جیوں اس کی چیتنا (7) جاگرت ہوتی جاتی ہے۔ وہ دیکھنے لگی ہے کہ یہ سنسکرتی کیول لٹیروں کی سنسکرتی تھی جو راجا بن کر، وِدوان بن کر، جگت سیٹھ بن کر جنتا کو لوٹتی تھی اسے آج اپنے جیون کی رَکشا کی زیادہ چنتا ہے، جو سنسکرتی کی رَکشا سے کہیں آوشیک ہے۔ اس پرانی سنسکرتی میں اس کے لیے مونہہ کا کوئی کارن نہیں ہے اور سامپر دائکتا اس کی آرتھک سمسیاؤں کی طرف سے آنکھیں بند کیے ہوئے ایسے کاریہ کرم پر چل رہی ہے جس سے اس کی پرادھینتا (8) چر استھائی (9) بنی رہے گی۔

15 جنوری 1934ء

1۔ شالاؤں۔ درس گاہوں 2۔ ابھیودے۔ احیا 3۔ اندھ وشواس۔ توہم پرستی 4۔ اوکاش۔ فرصت، وقت 5۔ دیوسن۔ تکت 6۔ مورچھت۔ پریشان، بےچین 7۔ چیتنا۔ خواہش 8۔ پرادھینتا۔ غلامی 9۔ چر استھا۔ بد اعتقاد

ہوا کا رُخ

کسی پتر کے انگلینڈ کے ایک سنوادداتا نے لکھا ہے کہ پچیس سال پہلے کیمبرج میں ساہتیہ اور کوِیتا ہی چھاتروں کے وِچار وِنِیمے (1) کا وِشے تھا۔ راج نیتی سے کسی کو ذرا سی دلچسپی نہ تھی۔ اسی کیمبرج میں آج کمیونزم کا سب سے زیادہ اثر ہے۔ مگر وہ مہاشے یہ بھول گئے ہیں کہ پچیس ورش پہلے کمیونزم کی صورت ہی کس نے دیکھی تھی۔ وِگیان نے مشین گن اور بے تار (2) بنائے تو کیا راج نیتی جوں کی توں بیٹھی رہتی۔ اُدار اور پرمپرا وادی (3) دلوں میں یُووکوں کے آدرش واد کے لیے کیا آکرشن ہو سکتا ہے۔ کمیونزم ارتھات سامیہ واد کا وِرُودھ وہی تو کرتا ہے جو دوسروں سے زیادہ سکھ بھوگنا چاہتا ہے۔ جو دوسروں کو اپنے اَدھین (5) رکھنا چاہتا ہے جو اپنے کو بھی دوسروں کے برابر ہی سمجھتا ہے جو اپنے میں کوئی سُرخاب کا پر لگا ہوا نہیں دیکھتا، جو سمدرشی (6) ہے، اسے سامیہ واد سے کیوں وررودھ ہونے لگا۔ پھر یُووَک تو آدرش وادی ہوتے ہی ہیں۔ بھارت میں ہی دیکھیے۔ باپ تو سامپر دائکتا کے اُپاسک ہیں اور بیٹے اس کے کٹر وررودھی۔ یُووَک کیا نہیں دیکھتے کے وَرتمان ساجک اور راج نیتک سنگٹھن ہی ان کی اُدار، اونچی اور پوتر بھاوناؤں کو کچل کر انھیں سوارتھی اور سنکیرن اور ہردے شونیہ (7) بنا دیتی ہے۔ پھر وہ کیوں نہ اس وَیوَستھا کے دشمن ہو جائیں جو ان کی مانوتا کو پیسے ڈال رہی ہے اور ان میں پریم کی جگہ سنگھرش کے بھاو جگا رہی ہے۔ اسی سمواددا تا (8) کے شبدوں میں، ایسا مشکل سے کوئی سمجھ دار آدمی ملے گا، جس میں ذرا بھی وِچار شکتی ہے جو وَرتمان پَرِستھتی کا سامیہ وادی وِشلیشن (9) نہ سُویکار کرتا ہو۔

29 جنوری 1934ء

1۔ وِنِیمے۔ فکر و خیال 2۔ بے تار۔ بغیر تار کا 3۔ پرمپرا وادی۔ روِیت پرست 4۔ سامیہ واد۔ شہنشاہیت
5۔ اَدھین۔ ماتحت 6۔ سمدرشی۔ تماشائی 7۔ ہردے شونیہ۔ سخت دل 8۔ سمواداتا۔ نامہ نگار، مخبر
9۔ وشلیشن۔ تفصیلی اظہار

جرمنی میں ناچ پر بَندِش

ہٹلر کی سرکار نے حال میں ایسا فرمان جاری کیا ہے کہ اٹھارہ وَرش سے کم عمر کے رکشور، یُوَک، یُوتیاں گندے ناچ میں نہ جائیں۔ ہاں اگر ان کے ساتھ کوئی تجربہ کار آدمی ہو تو جا سکتے ہیں۔ جرمنی کے رسِک اور منچلے یُوَکوں نے اس فرمان کا وِرودھ کیا ہے، لیکن جرمنی سرکار ایسے وِرودھ کی پَرواہ نہیں کرتی۔ یورپ میں نگن وِلاستا زوروں (1) سے بڑھ رہی ہے، اور وہی لوگ جو استریوں کے آدر کا غل مچاتے ہیں بالیکاؤں کو نگن وِیش (2) میں دیکھ کر اپنی آنکھوں کو ترِپت (3) کرتے ہیں۔ ہم تو ان یُوکوں سے کہیں گے کہ اس حکم کا وِرودھ نہ کرنے کے بدلے اس کا سُواگت کرو۔ اور وہی سَمے جو تم ننگا ناچ دیکھنے میں خرچ کرتے تھے، مردانہ کھیل کھیلنے میں لگاؤ۔

12 فروری 1934ء

1۔ نگن ولاستا۔ برہنگی کی پیاس　　2۔ نگن ویش۔ ننگا لباس، ننگی حالت　　3۔ ترپت۔ آسودہ

سوامی ستیہ دیو پاٹھ شالا

پاٹھکوں کو یہ جان کر ہرش ہوگا کہ ہندی کے وکھیات لیکھک اور راشٹر یہ کاریہ کرتا سوامی ستیہ دیو جی پری واجک نے کاشی کو اپنے کاریہ چھیتر کا کیندر بنایا ہے۔ اور اب یہیں نواس کریں گے۔ آپ اپنے لیکھوں سے ہندی کی سیوا تو کرتے ہی رہیں گے، اب آپ نے ایک پاٹھ شالا بھی استھاپت کردی ہے۔ کاشی ایسے ودیالیہ کے لیے اُپ یکت (1) استھان ہے۔ کیونکہ یہ ہمیشہ سے ودیالیہ کا کیندر رہا ہے۔ اس ودیالیہ میں وہ بھی وشے پڑھائیں گے، جو منشیہ کو سواولمبی، سوتنتر وچار، کرم (2) یوگی، اُدار 3 اور وچار شیل بناتے ہیں۔ سوامی جی نے دنیا دیکھی ہے اور راشٹروں کے اتھان (4) اور پتن (5) کا ادھین کیا ہے۔ وہ جھوٹے ویراگیہ (6) کے اپاسک نہیں ہیں۔ جو جیون کو انتیہ (7) اور سنسار کو دکھ کا مول سمجھتا ہے۔ انھوں نے سنسار کے مکھیہ دھرموں کی تلناتمک وویچنا کیا ہے۔ ات ایو، آپ کی ادھیکشتا میں کس ڈھنگ کی شکشا ملے گی اس کا انومان کیا جا سکتا ہے۔ یہاں یورپ کا اتہاس، پاشچاتیہ (8) شکشا کے وکاس کا اتہاس پورو اور پچھم کی سنسکرتیوں کا وچار پورن ادھین، آدی وشیوں پر وکھیان دیئے جائیں گے۔ کاشی میں یہ پاٹھ شالا اپنے ڈھنگ کی اَدوِتیہ ہوگی، جس میں پورو اور پچھم کی سبھی اچھی اچھی باتوں کا سامنجسیہ (9) ہوگا۔ ہم نہیں کہہ سکتے، کاشی جیسے کٹر پنتھی استھان میں ایسی پاٹھ شالا کہاں تک سپھل ہوگی، پر کاشی جہاں پراچین ہے، وہاں اس نے سدیو نئے پرکاش کا سواگت کیا ہے اور ہم آشا کرتے ہیں کہ سوامی جی اپنے شبھ اُدیشیہ میں سپھل ہوں گے۔

19 فروری 1934ء

1۔اُپ یکت۔مناسب 2۔کرم یوگی۔باعمل 3۔اُدار۔اصلاح 4۔اتھان۔عروج 5۔پتن۔زوال 6۔ویراگیہ۔بے راگ، بے مزہ گیت، راگ 7۔انتیہ۔فانی، ختم ہونے والا 8۔پاشچاتیہ۔گزرا ہوا، ماضی کا 9۔سامنجسیہ۔میل ملاپ

بھارتیہ کلا کی آتما

ہزایکسیلنسی سَر مالکم ہیلی نے لکھنؤ اسکول آف آرٹ کی وارشک پردرشنی کے اوسر پر بھارتیہ کلا کی بڑی سندر ودیچنا کی۔(1) آپ نے فرمایا کہ پراچین بھارتیہ کلا کچھ دھارمک، پورانک(2) اوروارشنک 3 وچاروں کی ابھیویکتی تھی، جو وشیش روپ سے بھارتیہ تھے۔آپ کے وچار میں یہی بھارت کی جاتیہ کلا کی آتما تھی۔ بے شک تھی۔مگر اس دھرماندھتا(4) کے یُگ میں سنسار کی کس جاتی کی کلا اس سے بھن تھی؟ پھر جب سنسار میں کہیں کلا کا یہ نیا روپ نہ تھا، تو بھارت میں کیوں ہوتا۔ یہاں بھی کلا کاروں نے اپنی بدھی کرشن کی راس لیلاؤں اور دیوتاؤں کے پورانک گاتھاؤں کے چترت کرنے میں لگائی۔اسی طرح جیسے بودھ کلا کاروں نے کئی صدیوں پہلے بدھ جیون کو چترت کرنے میں لگائی تھی یا جیسے بعد کو اٹلی کے مہان چتر کاروں اور مورتی کاروں نے عیسی اور انیہ دھرم سمبندھی وشیوں میں خرچ کی۔ بھارت کی آتما ہی کلا کار کی آتما ہے، اور اب صدیوں کی دھارمک اور سامپردائک غلامی سے مکت ہوکر، زیادہ سُوادھین چھیتر میں آنا چاہتی ہے اور وہی کلا کار آج کا راشٹری کلا کار ہوگا، جو اس بھاؤنا کو رنگوں اور پتھروں میں درشائے۔ دیوی دیوتا اور راجارانی کے چتر اب کیول پرشنسا کے لیے رہ گئے ہیں۔راشٹریہ بھاؤنا کو ان سے کوئی آشا نہیں ملتا۔آج بھی ہمارے یہاں ایسے آلوچکوں(5) کی کمی نہیں ہے، جو کرشن کی ودہی لیلا کے چتر دیکھ کر گدگد ہو جاتے ہیں اور ان کی پرشنسا میں پوتھیاں نرمان کر ڈالتے ہیں۔لیکن ایسے چتروں میں گوردیا آنند کا انوبھو کرنے والے وہی سکھی اور سُپت (6) جیو ہیں، جو آج کے واستوک جیون میں نہیں پڑے اور نہ پرستھی تیوں کے کارن پڑ سکتے ہیں۔

26 فروری 1934ء

1۔ ودیچنا۔ تبصرہ　　2۔ پورانک۔ پوران کی تعلیم سے متعلق　　3۔ وارشنک۔ دانشور

4۔ دھرماندھتا۔ مذہبی معاملے میں سخت　　5۔ آلوچک۔ ناقد　　6۔ سُپت۔ خوش، لاپرواہ

پترکاروں کے لیے سنتوش کی بات

بھارت کے پترکاروں کی آج جو دشا ہے وہ کسی سے چھپی نہیں۔ اس سے کہیں زیادہ محنت صرف گذارا لے کر شاید ہی کوئی کرتا ہو۔ بہتوں کو تو گذارا بھی نہیں ملتا۔ جائداد ہے تو اسے بیچتے ہیں، نہیں تو ٹیوشن کر کے پیٹ پالتے ہیں اور پتر نکالتے ہیں۔ جیسے ہاتھ پاؤں جوڑ کر وِدیشوں سے کچھ وگیاپن اور کچہریوں سے کچھ نوٹس مل گئے وہ تو چاہے شام کو روٹی دال کھا لیتا ہو، پر جو اتنے بھاگیوان نہیں ہیں وہ تو زندہ درگور ہیں۔ کیا ستم ہے کہ بے چارے سودیشی سودیش چلاّ کر کے کالم کالے کرتے ہیں، مگر انھیں وِدیشوں کے وگیاپن (1) چھاپ کر اپنی روٹیاں چلاتے ہیں۔ کسی نہ کسی طرح غریب کو اپنا پتر تو چلانا ہی ہے۔ اس لیے پترکاروں کو یہ سن کر خوشی ہوگی۔ کم سے کم ایک بات میں وہ دوسروں سے بازی مارے ہوئے ہیں، یعنی وے پاگل کم ہوتے ہیں، بمبئی پرانت کے پاگل خانوں کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ پچھلے سال جہاں پانچ ہزار آدمی پاگل ہوئے، وہاں ان میں صرف ایک پترکار تھا، مگر ہمارا تو خیال ہے کہ پترکار اول سے آخر تک کبھی پاگل ہوتے ہیں۔ جس کے پاس ہوش حواس ہی نہیں وہ کیا پاگل ہوگا۔ جس کے پاس کرتا ہی نہیں ہے وہ دامن کہاں سے لائے۔ یہ پاگل پن نہیں تو اور کیا ہے بھوکوں مر رہے ہیں۔ بال بچے اس کے نام کو رو رہے ہیں اور وہ حضرت پتر نکال رہے ہیں۔ بچے کی میٹھی میٹھی توتلی باتیں سننے کی اسے فرصت نہیں۔ وہ سر ہیلی یا سر ہیگ یا سر متر کا اسمبلی والا بھاشن پڑھنے اور اس پر وچار کرنے میں گرگ (2) ہیں۔ پوچھیے، دکھن افریقہ کے ہندوستانی قلی وہاں سے نکال دیئے گیے تو تم کیوں پاجامے سے باہر ہوئے جا رہے ہو اور تو کوئی نہیں بولتا۔ وکیل ہے، وہ اطمینان سے بحث کر رہا ہے۔ مہاجن ہے وہ اطمینان سے بیٹھا روپیہ کی اشرفیاں بنا رہا ہے۔ زمیندار ہے، وہ اطمینان سے اسامیوں سے نذرانے وصول کر رہا ہے۔ اور ہمارے یہاں پاگل سمپادک ان ابھاگے قلیوں کے دکھ میں خون کے آنسو بہا رہا

1۔ وگیاپن۔ اشتہار　　　2۔ گرگ۔ ماہر

ہے۔ ہٹلر نے، یا مسولینی نے، یا چرچل نے یا روبیٹ نے ایک بات کہہ دی، بس یہاں پتر کار صاحب کو مالیخولیہ 1 ہو گیا۔ کہیں ڈاکا پڑ گیا اور انھیں ایسا معلوم ہوا کہ کوئی ان کے انگز کھنگڑ اڑا گیا۔ کہیں پولیس نے گولی چلا دی، اور ان کے سینے میں گولی لگ گئی۔ یہ سب پاگل پن نہیں تو اور کیا ہے۔ پاگل کیا پاگل ہوگا۔ ہمارا تو خیال ہے پتر نکالنا ہی پاگل پن ہے، دیوانگی ہے جنون ہے۔

30 اپریل 1934ء

1۔ مالیخولیہ۔ مرض، پاگلپن

تیوہاروں میں دنگے

دیش کی دَشا کچھ ایسی بگڑ گئی ہے کہ کوئی ایسا تیوہار نہیں جاتا جس میں دس پانچ جگہ دنگے فساد نہ ہوں اور کچھ لوگوں کی جانیں نہ جائیں۔ محرم ہو یا عید، ہولی ہو یا دشہرہ دنگے ہو ہی جاتے ہیں۔ ان تیوہاروں کے آنے سے آنند کی جگہ ایک چنتا اور بھے کا سامنا ہوتا ہے اور اگر تیوہار خیرت سے بیت جائے تو ہم خوشی کا سانس لیتے ہیں، نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ تیوہاروں میں دنگوں کا ہونا اچرج کی بات نہیں، نہ ہونا اچرج کی بات ہے، اور دنگے ہوتے ہیں ایسی ایسی بے بنیاد باتوں پر کہ دیکھ کر ہنسی آتی ہے۔

مانو تیوہاروں کے آتے ہی لوگوں کے سر پر کوئی بھوت سوار ہو جاتا ہو۔ کہیں اس لیے لڑائی ہو جاتی ہے کہ ایک ہندو لڑکے کی پچکاری سے کسی مسلمان کے کپڑوں پر چھینٹیں پڑ گئیں اور اس کے دین میں داغ لگ گئے۔ کہیں اس لیے کہ تعزیہ ایک خاص راستے سے جائے گا، یا فلاں تعزیہ سے آگے جائے گا۔ ایسی ایسی باتوں پر لاٹھیاں چھریاں چل جاتی ہیں اور دین کی جھوٹی حمایت میں بے گناہوں کا خون بہا دیا جاتا ہے۔ اور پشتوں سے بھائی چارہ چلا آ رہا ہے اس کا گلا گھونٹ دیا جاتا ہے۔ آگے کے لیے دشمنی کا بیج بو دیا جاتا ہے۔ مزا یہ ہے کہ ایسے اوسروں پر پڑھے لوگ نیتا گیری کرنے کے لیے نکل آتے ہیں۔ چاہے زندگی میں ایک بار بھی نماز نہ پڑھی ہو یا مندر میں نہ گئے ہوں۔ نہ اپنے سوجاتیوں سے کوئی ہمدردی کی ہو، ایسے موقع پر شہادت کا لیش (1) لوٹنے کے لیے وے کود پڑتے ہیں۔

اس سے تو کہیں اچھا ہوتا کہ تیوہار بند ہی ہو جاتے، تیوہار آتے ہیں اس لیے کہ لوگ ایک دو دن خوشی منا کر روز آنے والی کلفتوں کو بھول جائیں اور آپس میں پریم سے گلے ملیں۔ یہاں تیوہاروں میں خون بہایا جاتا ہے۔ نہ جانے کب تک دیش کی یہ دَشا (2) رہے گی۔ جب تک چھوت چھات اور بھید بھاؤ اور دھارمک پاکھنڈ چل رہا ہے۔ دشا کے سدھرنے کا کوئی موقع نہیں۔

30 اپریل 1934ء

1۔ لیش۔ طاقت　　2۔ دَشا۔ حالت

بھارت میں گرو پرتھا

یوں تو سنسار بھر میں پرتھا(1) بھن بھن ناموں سے پرچلت(2) ہے۔ مگر بھارت کو تو اس نے اپنا اڈہ ہی بنا لیا ہے۔ اس وِشے پر حال میں لکھنؤ وشوودیالیہ کے وائس چانسلر ڈاکٹر پرانچے نے ایک اتینت گیان(3) وردھک بھاشن دیا۔ آپ نے اندھ(4) بھکتی اور بدھی(5) کی تلنا کرتے ہوئے بتلایا کہ پراچین ہندو گرنتھوں میں گرو کی مہما(6) اتنے مبالغہ کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ گرو کو ایشور سے بھی دو ہاتھ اونچا اٹھا دیا گیا ہے۔ گرو جو کچھ کہے اسے آنکھ بند کر کے شرودھاریہ(7) کرنا ہوگا۔ کہیں کہیں تو یہ پنتھ اتنا زور پکڑ گیا ہے کہ جب کوئی نو وِواہت بہو آتی ہے تو سب سے پہلے گرو جی کے چرنوں میں ارپت کی جاتی ہے۔ گرو جی ایکانت(8) میں اسے کیا آشرواد دیتے ہیں، وہ استری کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جانتا بھی ہے تو وہ گرو جی کی لمپٹتا نہیں (9) ان کی کرپا درشٹی سمجھی جاتی ہے۔ گرو بننے کے لیے یہ آوشیک نہیں ہے کہ وہ تیاگی ہو۔ بہت سے گرو تو راج سی ٹھاٹ واٹ سے رہتے ہیں، لیکن یدی گرو تیاگی ہو، سماج اور شِشٹتا(10) کے بندھنوں کو توڑ کر پھینک چکا ہو اور کیول ایک دو انگل کی لنگوٹی لگائے ہوئے گھومتا ہو تو اس کا جادو لوگوں پر بہت جلد اثر کر جاتا ہے۔ یہ گرو جی مایا کو اپنے پاس نہیں پھٹکنے دیتے، پیسے کو ہاتھ سے نہیں چھوتے۔ پیروں سے ٹھکرا دیتے ہیں اور ان کے اوپر مایا کی ورشا ہونے لگتی ہے۔ پھر وہ چاہے دونوں ہاتھوں سے سمیٹیں، لیکن ہاں تیاگ کا ڈھونگ بنائے رکھتے ہیں۔ مانو وہ کیول اپنے شیشوں کی خاطر سے ان کی بھینٹ سویکار کرتے ہیں۔ انھیں تو مایا سے بیر ہے۔ یہ گرو جی چٹ پٹ ایک نئے پنتھ کی رچنا کر ڈالتے ہیں، جس کے دُورا بھکت لوگ سیدھے سورگ بیچ کر آواگن سے مکت ہو جاتے ہیں جو بھارتیہ کی جیون کا مکھیہ ادیشیہ ہے۔ اس پنتھ کے لیے ایک نئے قسمت کا تلک ایک نئے طرز کی اپاسنا(11) سوچ نکالی جاتی ہے جس کا آدرش(12) اتنا

1۔ پرتھا۔ رسم 2۔ پرچلت۔ رائج 3۔ گیان وردھک۔ معلوم افزا 4۔ اندھ بھکتی۔ عبادت میں اندھا 5۔ بدھی۔ عقل 6۔ فہما۔ کرم 7۔ شرودھاریہ 8۔ ایکانت۔ تنہائی 9۔ لمپٹتا 10۔ شِشٹتا۔ اخلاق 11۔ اُپاسنا۔ عبادت گزاری 12۔ آدرش

اونچا ہوتا ہے کہ کیول ڈھونگ بن کر رہ جاتا ہے، اس پنتھ میں وہ سب کچھ اُستوتیہ بن جاتا ہے جس پر سادھارن دشا میں آدمی کو گھرنا آتی ہے، گرووں کے ادھیکار کبھی کبھی اتنے بڑھ جاتے ہیں کہ شِشیوں کو اپنی آمدنی کا ایک بھاگ نیمت روپ (1) سے گروجی کو چھڑانا پڑتا ہے۔ گروجی کے کسی کام کی آلوچنا نہیں کی جا سکتی اور مزا یہ ہے کہ ان پنتھوں (2) میں کیول مورکھ ہی نہیں آتے۔ بڑے بڑے وِدوان عقل کو طاق پر رکھ کر، وچار کو دریا میں ڈال کر پنتھ کی گپت کریاؤں (3) کو سمپورن اندھ شردھا (4) سے کرتے ہیں اور ان کا وشواس ہوتا ہے کہ انھیں آتما کا جو سکھ مل رہا ہے، اس سے انیہ ابھی ابھاگے پرانی ونچت ہیں۔ سیکڑوں باران گرووں کا بھنڈا پھوٹ چکا ہے، روز ہی کسی نہ کسی گرو کی قلعی کھلتی ہے پر جنتا پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے اور وہ نئے گروجی کا اسی اندھ شردھا سے سواگت کرنے کو تیار رہتی ہیں، گروجی پہیلیوں میں باتیں کرتے ہیں جس کے من مانے ارتھ لگائے جا سکتے ہیں۔ اگر ان کی بات سچ نکل گئی تو پوچھنا ہی کیا۔ ان کی چمتکار شکتی کی دھوم مچ جاتی ہے۔ متھیا ہو گئی، تو وہ بھی اتنی ہی آسانی سے ستیہ مان لی جاتی ہے۔ گروجی میں کچھ انوکھاپن ہونا پرماوشیک ہے۔ اگر وہ کیول دودھ پی کر یا کیلے کھا کر یا راکھ پھانک کر رہ سکے تو وہ دیوتا ہو گئے، کہیں کہیں پوہاری (5) گرو بھی پائے جاتے ہیں، جو کیول ہوا پی کر رہتے ہیں، اور اگر گروجی انگریزی بول سکتے ہیں اور کچھ منچلے بھی ہیں، تو وہ یوروپ اور امریکہ جا کر اور بھی دھن اور لیش (6) کما سکتے ہیں۔ معلوم نہیں ایسے گرووں کا کبھی انت بھی ہوگا یا نہیں۔

اکتوبر 4(3)19ء

1۔ نیمت روپ۔ مسلمہ اصول　　2۔ پنتھ۔ مرید، پیروکار　　3۔ گپت کریا۔ پوشیدہ عمل

4۔ اندھ شردھا۔ اندھی عقیدت، توہم پرستی　　5۔ پوہاری۔ ہوا خور　　6۔ لیش۔ طاقت

سُواستھیہ اور شکشا

یوں تو ہمارا شکشا کرم(1) دوشوں سے بھرا ہوا ہے، لیکن ہمارے وچار میں اس میں سب سے بڑا دوش جو ہے وہ اس کی سواستھیہ کی اُور سے اداسینتا (2) ہے۔ آدمی کے لیے دنیا زندہ رہنے اور کام کرنے کے لیے جیا میٹری اور اتہاس اور سیکڑوں فالتو وشیوں کی اتنی ضرورت نہیں، جتنی اس بات کی کہ ہم کیسے سوستھ رہ سکیں۔ نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ ہم اپنے مستشک کا کوش تو بھر لیتے ہیں لیکن سواستھیہ کی اُور سے دیوالیہ ہو جاتے ہیں۔ ہمارے ادھک تر شکشت لوگ چلتے پھرتے روگ ہیں۔ کسی کو اجیرن(3) کا روگ ہے، کسی کو دھڑکن کا اور ڈائبیٹیز تو اتنا دیا پک ہو گیا ہے کہ کچھ نہ پوچھیے۔ اس کا کارن ہی ہے کہ بچپن میں ہم کو سواستھیہ کا مہتو نہیں سمجھا گیا اور ہمیں ایسی عادتیں ڈالنے کی چیشٹا نہیں کی گئی کہ ہم اپنی صحت کی رکشا کر سکتے۔ اور جوان یا ادھیڑ ہونے پر جب صحت اور تندرستی کا مہتو سمجھ میں آیا تو سوکھے دھان میں پانی ڈالنے سے کیا ہو سکتا ہے۔ اب لاکھ اوکا سا(4) کھائیے یا پیچھے لاکھ وٹامنوں کے پیچھے دوڑ یے۔ صحت ہاتھ نہیں آتی۔ ہمارے بچپن میں مڈل اسکولوں میں طریقۂ تندرستی نام کی ایک کتاب پڑھائی جاتی تھی، جس میں ہوا پانی روشنی آدی پر چھوٹے چھوٹے پاٹھ دیے گئے تھے۔ اور آج بھی ہماری پرائمری ریڈروں میں صحت سمبندھی پاٹھ دیے جاتے ہیں۔ لیکن بچوں کو وہ سبق اسی طرح پڑھائے جاتے ہیں جیسے ویا کرن یا اتہاس۔ بلکہ ویاکرن اور اتہاس پر زیادہ زور دیا جاتا ہے کیونکہ ان وشیوں میں فیل ہو جانے سے لڑکے فیل ہو جاتے ہیں۔ صحت کے پاٹھ کیول بھاشا کی درشٹی سے پڑھائے جاتے ہیں اور ان کا جو مکھیہ ادیشیہ ہے اس کی پرواہ نہیں کی جاتی۔ کچھ تو پریکشاؤں کا سلسلہ اتنا گھاتک ہے کہ چھاتروں کو دم مارنے کی فرصت نہیں ملتی اور کچھ ہماری اداسینتا ہے، جس کے کارن جنتا میں اس آندولن کو زوروں سے اٹھانے کی سوجھتی ہی نہیں۔ ہمارا لڑکا ایم۔ اے کی ڈگری لائے۔ پھر چاہے وہ آنکھوں کی جیوتی کیوں نہ کھو بیٹھے اور

1۔ شکشا کرم۔ درس و تدریس 2۔ اداسینتا۔ اعتدال پسند 3۔ اجیرن۔ ناگوار، بارِ خاطر 4۔ اوکاسا

منداگنی(1) کا روگ کیوں نہ پال لے۔ یہ ہماری منورتی(2) ہے۔

یہ وچار عام طور پر پھیلا ہوا ہے کہ شریر پر اور صحت کو بلوان بنانے کے لیے گھی، دودھ، مکھن اور میوے کا ہونا لازمی ہے۔ ہمارے کتنے ہی یووک اپنی آرتھک کٹھنائیوں سے اتنے نراش اور آشاہین ہو جاتے ہیں کہ کسی پرکار کے ویایام(3) سے انھیں روچی نہیں رہتی۔ کسرت سے کیا فائدہ، جب پشٹ کارک بھوجن نہیں ملتا؟ کسرت تو سب کریں جب پراتہ کال(4) بادام کا حلوا اور دودھ ملے اور میوے ملے۔ کھانے میں گھی، ملائی اور مانس بھرپور ملے۔ لیکن انھیں خبر نہیں۔ اب دن دنوں گیان ڈوارا یہ ثابت ہوتا جا رہا ہے کہ معمولی سادے کھانے میں اور معمولی ساگ بھاجی میں شریر کے پوشن کرنے کی شکتی کسی طرح بھی گھی، دودھ، یا میووں سے کم نہیں ہے۔ ہاں اگر ہم ان کا ٹھیک طور سے ویوہار کرنا جانیں، اگر ہم اگیان ونش ان پدارتھوں کا مفید حصہ پھینک دیں تو یہ ہمارا دوش ہے۔ ان چیزوں کا دوش نہیں۔ خوشی تو یہ دیکھ کر ہوتی کہ وگیان بھی ہمیں اسی طرف لے جا رہا ہے، جدھر ہم پہلے سے چل رہے ہیں۔ ہم نے نئی شکشا پاکر گوری جاتیوں کی نقل میں ان چیزوں کا ویوہار کرنا چھوڑ دیا، جو ہماری بھوجن سامگری کو پشٹ(5) کر بناتی تھی۔ نئی نئی سامگریوں کے پھیر میں پڑ گئے تھے۔ جنھیں یوروپ کے ویاپاری لمبے چوڑے وگیاپن دے دے کر ہمارے سامنے لاتے تھے، یہ اوولٹین ہے، یہ کوکیر اوٹ، یہ مالٹیڈ ملک ہے۔ بس ساری دنیا کی پوشٹک شکتی ان میں بھری ہوئی ہے۔ جس یووک کو دیکھیے انھیں اشتہاری چیزوں کے پھیر میں پڑا ہوا ہے، لیکن اب سدھ ہو رہا ہے کہ ہمارے مولی گاجر اور پالک بتھوے میں جو پوشٹک پدارتھ موجود ہیں وہ ان بہو پرشانست(6) سامگریوں میں ہو ہی نہیں سکتی۔ کچھ امیری کا ابھیمان اور اپنی روچی کی نفاست بھی ہمیں پتھ بھرشٹ کرتی ہے۔ ہم گڑ نہیں کھا سکتے، جس میں پشٹ کر تو بھرے پڑے ہیں۔ ہمیں تو شکر چاہیے جتنی صاف ہو اتنی اچھی۔ یہ بھرم پھیلا دیا گیا ہے کہ گڑ یا کھاڑ کھانے سے پھوڑے نکلتے ہیں۔ نیا چاول بھی ہم نہیں کھاتے۔ ہم اسے جتنا ہی پرانا کر کے کھائیں، اتنی ہی ہماری کلپنا(7) پرسنّ ہوتی ہے۔ وہ ایسا بکھرا ہوا ہونا چاہیے جیسے بیلے کا پھول۔ یہ ہم بھول جاتے ہیں کہ وہ جتنا ہی پرانا ہوتا جاتا ہے اور جتنا ہی اس کا پالش کیا جاتا ہے اتنا ہی نس ستو(8) ہوتا جاتا ہے۔ گیہوں کے وشے میں بھی ہمیں کچھ ایسے ہی بھرم ہیں۔ ہم مہین سے مہین میدا کھانا امیروں کی شان سمجھتے ہیں۔ موٹا آٹا کھانا گنوار پن ہے اور اس کا چوکر تو کوئی پچا ہی نہیں سکتا۔ بھلا چوکر بھی کھانے کی چیز ہے۔ جو ہم پھینک دیتے ہیں۔ داتون کی، برش اور

1۔ منداگنی۔ پیٹ کی گرمی 2۔ منورتی۔ فطری عادت، خصلت 3۔ ویایام۔ کسرت 4۔ پراتہ کال۔ صبح سویرے
5۔ پشٹ کر۔ مقوی 6۔ پرشانست۔ قابل تعریف، تعریف کیا گیا 7۔ کلپنا۔ خیال 8۔ نس ستو۔ غلط

تو تھ پیسٹ پر بہت پہلے جیت ہو چکی ہے۔ مگر ہم ابھی تک اس بھرم میں پڑے ہوئے ہیں کہ اس سے ہمارے دانت مضبوط ہوتے ہیں۔

مگر سب سے بڑا انرتھ (1) تو اس اگیان سے ہوتا ہے جو ہمیں اپنی اندریوں کے سؤ ابھاوک ویوہار کے وشے میں ہے۔ کشور اوستھا میں جب یودک کا وکاس ہونے لگتا ہے، ہمارے کتنے ہی بالک اگیان کے کارن اپنی اندریوں کا دروپیوگ کر کے اپنی صحت اور دھیہ دونوں ہی کا سروناش کر بیٹھتے ہیں۔ انھیں بالکل خبر نہیں ہوتی کہ وہ دریسنوں (2) میں پڑ کر اپنے جیون کی کس نردیتا سے جڑ کھود رہے ہیں۔ ہماری سبھی کرمیندریاں (3) اپنے اپنے وشیش کام کے لیے ہیں۔ یدی منھ کا کام ہاتھ سے لیا جائے اور ہاتھ کا کام پاؤں سے تو زندہ رہنا کٹھن ہو جائے۔ مگر یہی اندھکار ہے جس پر پرکاش ڈالنے کا کوئی پرشن نہیں کیا جاتا۔ اگر ہمارے ہائی اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں یوگیہ وشیشگوں سے اس وشے پر بھاشن کرائے جائیں تو نشچے ہمارے ودیالیوں میں جو گپت روپ سے دُراچرن ہوتا ہے وہ بہت کچھ کم ہو جائے۔ ضرورت ہے کہ کوئی شریر شاستر کا وِدوان اس وِشے پر یووکوں کے لیے سچی شکشا سے بھری ہوئی پُستک لکھ کر سدھنتا کا مہتو سمجھائے۔ انھیں بتلائے کہ تم اگیان کے کارن اپنے ساتھ کتنا اتیاچار کر رہے ہو، اگر ماتا پتا سیم اپنے بالکوں کو یہ گیان دے سکتے تو اور بھی اچھا ہوتا، لیکن سماج جن روڑھیوں میں بندھا ہوا ہے ان کو توڑ ڈالنا آسان نہیں ہے اور بہت سے لوگ اِچھا ہونے پر اس چھوٹے سنکوچ کو نہیں توڑ سکتے۔ ہمارے یہاں کام شاستر سمبندھی جو پُستکیں پرکاشت ہوئی ہیں، وہ اس درشٹی سے نہیں لکھی گئی ہیں ان کے پرکاشکوں نے سماج ہت کے لیے نہیں، دھن کمانے کے لیے انھیں پرکاشت کیا ہے۔ اور ایسی پرایہ سبھی پُستکوں میں سیدھی راہ دکھانے کی اتنی چیشٹا نہیں کی گئی ہے، جتنی یووکوں کی گپت بھاوناؤں میں گدگدی پیدا کر دینے کی۔ یہ کام کویوں اور ساہتیکوں کا نہیں، ڈاکٹروں اور برہمچاریوں کا ہے۔ ادھر کچھ یوروپ کے وِدوانوں نے اس مہان گمبھیر وشے کے ساتھ کھلواڑ کرنا شروع کیا ہے اور طرح طرح کی لچر بھرشٹ اور گمراہ کرنے والی دھارناؤں کا پرچار کرنے لگے ہیں۔ اس لیے اور بھی ضرورت ہے کہ اس وشے پر پرمانت پوتر ساہتیہ چھاپا جائے۔ اس کے ساتھ ہی ودیالیوں کا بھی یہ کرتویہ ہونا چاہیے کہ وے اپنے بالکوں کے مستقبل کو پاٹنا ہی کرتویہ کی اتشری (4) نہ سمجھیں، ان کی آتما، ان کے سواستھیہ اور ان کے جیون کا کلیان بھی اپنا کرتویہ سمجھیں۔

مارچ 1935ء

1۔ انرتھ۔ ظلم 2۔ دریسنوں۔ برا کام 3۔ کرمیندریاں۔ کام کرنے والے اعضا 4۔ اتشری۔ آلہ، اوزار

مہاتما جی کی جینتی

یہاں ہمارے لیے پرم سوبھاگیہ (1) کی بات ہے کہ ہم راشٹر ساہتیہ کے چھیتر میں اس شبھ اوسر پر آ رہے ہیں، جب سمپورن دیش میں راشٹر اتما مہاتما گاندھی کی پنیہ جینتی منائی جا رہی ہے۔ ہم بھی اس کے ابھینندن (2) میں اپنی شردھانجلی ارپن کرتے ہیں۔ راشٹر کے وچاروں میں مہاتما گاندھی کے ویکتتو (3) نے جو جاگرتی پیدا کر دی ہے اسے ہم کرانتی کہہ سکتے ہیں، اور جیون کا سچا آدرش جیسا آپ نے راشٹر کے سامنے رکھا۔ اس نے تو مانوتا (4) کو دیوتو سے بھی اونچا اٹھا دیا۔ جو ہماری آدرش مانوتا کی سرڈوچ (5) کلپنا ہے اور ساہتیہ ہماری جاگرتی کے اسپندن (6) کے سوا اور کیا ہے۔ اگر ہم غور سے دیکھیں تو ہمیں گاندھی یگ کے پہلے اور اس کے بعد کے ساہتیہ میں اسپشٹ انتر دکھائی دے گا۔ گاندھی یگ نے جس ساہتیہ کی سرشٹی کی ہے، اس میں کرمانیتا (7) ہے وچاروں کی سوتنترتا ہے، جیون کی سرلتا ہے نربھیکتا (8) ہے اور سدھانتوں اور آدرشوں کے لیے بلیدان کا اُتساہ ہے، (کلا کلا کے لیے) کی جو ازگل (9) چرچا چل رہی تھی اور آج بھی چل رہی ہے اور جو کلا کی اپیوگتا کو ہاسیاسپد (10) سمجھتی ہے، اس کی زبان پر ستیم (11) کی موہر لگ گئی۔ مہاتما جی نے ساہتیہ اور کلا میں اپیوگتا کے آدرش پر زور دے کر اسے بھلاکتا (12) کے گرت سے نکال لیا۔ ہمارا تو خیال ہے کہ کسی وستو کا سندر ہونا ہی اس کی اپیوگتا کی دلیل ہے اگر وہ اپیوگتا نہ ہوتی تو سندر نہ ہوتی اور اسی لیے ستیہ بھی نہ ہوتی۔ ہندی بھاشا کو راشٹر بھاشا کے استھان پر پہنچا کر آپ نے جس راج نیتک دور درشتا (13) کا پرتیچے دیا وہ آپ ہی کے یوگیہ ہے۔ آج ہم بھارتیہ ساہتیہ کے ایکی کرن کا جو سوپن دیکھ رہے ہیں وہ بھی آپ ہی کے پنیہ آدیش کی برکت ہے۔ اس میں دو رائے نہیں ہو سکتی کہ ہندوستانی بھاشا کو آپ کے شبھ ادھوگ سے جیون، جو پرگتی، جو گورو پراپت ہوا ہے وہ ابھوت پورو ہے۔ آپ نے راشٹر کو بھاشا دے دی ہے اور یدی ہم نے آپ کے اس مہادان کا سدپیوگ (14) کیا تو وہ دن دور نہیں جب بھارت کی راشٹریہ ساہتک اور سانسکرت سامنجسیہ (15) دوارا ایک پران ہو جائے گی۔

اکتوبر 1935

1۔ پرم سوبھاگیہ۔ خوش نصیبی 2۔ ابھینندن۔ خوشی 3۔ ویکتتو۔ شخصیت 4۔ مانوتا۔ انسانیت 5۔ دیوتو۔ دیوکی خصلت 6۔ سرڈوچ کلپنا۔ اونچا خیال 7۔ اسپندن۔ کودنا۔ دھڑکن 8۔ کرمانیتا۔ 9۔ نربھیکتا۔ نڈر، بے خوف 10۔ ازگل۔ بے مطلب کی بات چیت 11۔ ہاسیاسپد۔ مضحکہ خیز 12۔ ستیم۔ میں سچ پر ہوں 13۔ بھلاکتا۔ خیال 14۔ دورشتا۔ دور اندیش 15۔ سدپیوگ۔ صحیح استعمال 16۔ سامنجسیہ۔ میل ملاپ

پریاگ مہیلا وِدیا پیٹھ کی ساہتیک پرگتی

پریاگ مہیلا ودیا پیٹھ نے اپنے جیون کے ان تھوڑے دنوں میں جو اُنتی کی ہے اسے ہم بہت سنتوش (1) جنک کہہ سکتے ہیں۔ اب اس نے اپنی زمین خرید لی ہے، اپنا بھون بنوانا شروع کر دیا ہے اور کچھ بنوا بھی لیا ہے۔ اس کا سالانہ خرچ بتیس ہزار کے اوپر ہے اور سنستھا پک (2) مہودے کی کفایت شعاری کی بدولت اس خرچ کا بڑا بھاگ کیول چھاتراؤں کی فیس سے ہی پورا ہو جاتا ہے۔ میونسپلٹی یا گورنمنٹ کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ جو کچھ کمی پڑتی ہے وہ چندے سے پوری ہو جاتی ہے۔ اور جب ہم دیکھتے ہیں کہ چھاتراؤں سے کیول آٹھ روپیہ ماہوار لیا جاتا ہے اور اسی میں ان کے کھانے پینے، رہنے سہنے کا انتظام ہو جاتا ہے، بلکہ کچھ ایسی بالیکاؤں کی پرورش بھی ہو جاتی ہے، جو فیس دینے میں اُسمرتھ (3) ہیں، تو ہمیں مہاشے سنگم لال جی کی پربندھ کلا کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ وِدّیا پیٹھ نے کم سے کم خرچ میں اچھی سے اچھی شکشا دینے کا آدرش اپنے سامنے رکھا ہے۔ وہ بالیکاؤں کو کیول تین سال میں وَرناکیولر فائنل کی پریکشا کے لیے تیار کر دیتا ہے۔ ان کے ساتھ ہی پاک کلا، سنگیت، وِیایام کا بھی پربندھ کر دیا گیا ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر ہرش ہوا کہ یہاں آسام، مدراس، آدی پرانتوں کی کئی بالیکائیں بھی شکشا پا رہی ہیں۔ اس سے زیادہ خوشی اس بات سے ہوئی کہ یہاں کی وِدیشیاں تتلیاں بن کر نہیں، گرہ دیویاں بن کر نکلتی ہیں، جو جیون کے کسی جھمیلے میں اپنے گرہ وگیان کوشل سے اپنے لیے اُستھان بنا سکتی ہے، دوسروں پر بھار نہ ہو کر ان کا اُپکار کر سکتی ہیں۔ جب سے شری متی مہادیوی وَرما نے اس سنستھا کا سنچالن (4) بھار لے لیا ہے۔ اس کی پرگتی اور بھی تیز ہو گئی ہے اور وِدیالیہ کی مصروفیت میں ساہتیہ کا پرویش بھی ہونے لگا ہے۔ ہندی میں پہلا مہیلا گلپ سمیلن 26 جنوری کو وِدیا پیٹھ میں ہی ہوا۔ شری متی شورانی دیوی اس کی سبھانیتری تھی۔ پتر پتریکاؤں میں مہیلاؤں کی کہانیاں اکثر نکلتی رہتی ہیں۔ یہاں بھی

1۔ سنتوش جنک۔ اطمینان بخش 2۔ سنستھاپک۔ بانی، قائم کرنے والا 3۔ اُسمرتھ۔ مجبور 4۔ سنچالن۔ چلانا، آگے بڑھانا

مہیلاؤں نے کئی اچھی اچھی کہانیاں پڑھی۔ جن میں شری متی کملا چودھری اور کملا دیوی شرما کی کہانیاں بہت سندر تھی۔ چودھرانی کی شیلی گمبھیر ہے۔ کملا شرما کی رچنا آتم کتھا تھی اور اس کا ایک ایک شبد بالو چت ونود میں ڈوبا ہوا تھا۔ ایسے سمیلنوں میں بہت گمبھیر ساہتیک کہانیاں پسند نہیں کی جاتی، یہاں تو بھاشا اور بھاؤ اور شیلی ایسی ہونی چاہیے جس میں کچھ چہل ہو، کچھ پر پھلتا ہو، اور اس کے ساتھ ہی پڑھنے کا ڈھنگ بھی آکرشک ہونا چاہیے یعنی اس میں سنبھاشن (1) کا سا پرواہ اور بھاؤ بھنگی (2) ہونا ضروری ہے۔ سبھانیتری جن کے بھاشن پر ہم اگلے انک میں وچار کریں گے۔

فروری 1936ء

1۔ سنبھاشن۔ اچھی تقریر 2۔ بھاؤ بھنگی۔ خیال کا رخ موڑنے والا

پرَیاگ مہیلا وِدیا پیٹھ کی نئی یوجنائیں

پچھلے مہینے میں ہم نے پریاگ مہیلا ودیا پیٹھ کی ایک اپیل پر کاشت کی تھی۔ ہمیں آشا ہے۔ سہردے سجنوں نے اس پر دھیان دیا ہوگا۔ ایسی سنستھا جو مہیلاؤں اور بالیکاؤں کی شکشا کے پرشن کو پرستھتیوں (1) کے انوکول (2) ڈھنگ سے حل کر رہی ہے۔ پیسوں کے لیے محتاج ہو تو کھید کی بات ہے۔ کئی کارنوں سے انگریزی اسکولوں اور کالجوں کی پرنالی ہماری بالیکاؤں کے لیے سوستھ کر نہیں ثابت ہو رہی ہے اور ہتکر (3) ہو بھی تو وہ اتنی مہنگی ہے کہ سادھارن گرستھ اس سے لابھ نہیں اٹھا سکتا۔ وہ تو سمپن لوگوں کی ہی چیز ہے۔ مہیلا ودیا پیٹھ بہت تھوڑے خرچ میں بالیکاؤں کو ایسی شکشا دیتا ہے جس سے ان میں کیول جاگرتی نہیں آجاتی، وہ گھر کے کام دھندے میں بھی ہوشیار ہو جاتی ہیں۔ اس ماس اس نے ایک ایسی یوجنا نکالی ہے جس سے ہندی مڈل پاس لڑکیاں کیول تین سال میں ایڈمیشن کی پریکشا پاس کر لیں گی اور نارمل ٹریننگ، ودوشی (4) تتھا وشارد پریکشا (5) پاس لڑکیاں کیول دو سال میں۔ ودیا پیٹھ کا سدیو سے یہ اُدیشہ رہا ہے کہ استریوں اور کنیاؤں کو کم سے کم سمے میں ادھک سے ادھک گیان ملے اور یہ دونوں یوجنائیں اسی ادیشیہ کو پورا کر رہی ہیں۔ اس وقت ایڈمیشن پاس کرنے میں لڑکیوں کو وشارد یا مڈل پاس کرنے کے بعد پانچ سال لگتے ہیں۔ پانچ سال کا کام جو ودیالیہ دو ہی سال میں کر دے، وہ لڑکیوں کی شکشا کو کتنا سرل اور سوسادھیہ (6) بنا رہا ہے۔ یہ اسپشٹ ہے اور ماہوار خرچ کل 15 روپیہ جس میں پڑھائی، ہاسٹل، بھوجن آدی سب شامل ہے۔ ابھی صرف 15-15 لڑکیوں کے لیے یہ خاص انتظام کیا گیا ہے جو ماتا پتا اس اوسر سے لابھ اٹھانا چاہتے ہوں۔ وہ ودیا پیٹھ کے رجسٹرار سے پتر ویوہار کر کے اپنی لڑکیوں کے لیے جگہ ریزرو کر لے۔

اپریل 1936ء

1۔ پرستھتی: حالتوں 2۔ انوکول: موافق 3۔ ہتکر: فائدہ مند 4۔ ودوشی: عالم، فاضل 5۔ وشارد: لائق، سند یافتہ 6۔ سوسادھیہ: خوش فکری

مسٹر ہرولاس شاردا کا نیا قانون

سماجک پرشنوں میں ہم سرکاری ہستکشیپ (1) کے پکش پاتی نہیں اور ہمارے وچار میں ودواہ کی اوستھا کا قانون جاری کرا کے ہم نے وہ کام قانون سے کیا، جو جنتا کے وچاروں کے سدھار سے ہی ہو سکتا ہے مگر ودھواؤں کو اپنے سورگاروہی (2) پتی کی جائداد پر ادھیکار دلانے کا جو بل مسٹر شاردا پیش کرنے جا رہے ہیں۔ اس سے ایک بڑے بھاری سماجک انیائے کا پری شودھ (3) ہو گا۔ ہندو سماج نے اپنی دیویوں کے ساتھ بہت دنوں ظلم کیا اور اب اُسے اس ظلم کی جڑ کھودنے میں ولمب (4) نہ کرنا چاہیے۔ ہمیں آشا ہے، مسٹر شاردا کے اس بل کا دیش سواگت کرے گا۔

جنوری 1931ء

1۔ ہستکشیپ۔ دخل اندازی 2۔ سورگاروہی۔ جنتی 3۔ پری شودھ۔ اصلاح 4۔ ولمب۔ دیر، تاخیر

ناری جاتی کے ادھیکار

یوں تو بھارتیہ ناری سدیوکل دیوی سمجھی گئی ہے اور اُسے سماج میں پرشوں سے اونچا پد پراپت ہے۔ کنتو انیانیہ کارنوں سے جن کی وویچنا کرنے کا یہ اوسر نہیں ہے۔ اس کا استھان گوڑ ہو گیا تھا۔ وہ مند بدّھتا (1) جس نے ایک اور پرادھینتا کی بیڑی پاؤں میں ڈالی، دوسری اور ناری جاتی پر من مانے اتیاچار کرتی گئی۔ اونچ، نیچ کا ایسا سنکرامک (2) روگ پھیلا کہ اس نے سماج کو ہی چھن بھن کر دیا۔ بلکہ استری پرش میں بھی بھید ڈال دیا۔ پرشوں نے ناری جاتی کے سوتوں کا اپہرن کرنا شروع کیا۔ لیکن راشٹریتا اور سدبدّھی (3) کی لہر اس سے آئی ہوئی ہے وہ ان تمام بھیدوں کو مٹا دے گی اور ایک بار پھر ہماری ماتائیں اسی اونچے پد پر اُروڑھ ہوں گی جو ان کا حق ہے۔ بھارت اپنی ماتاؤں کا سدیو بھگت رہا ہے۔ ماتر پوجا اس کے دھرم کا ایک مکھیہ انگ ہے۔ کیا آج اپنی ماتاؤں دوارا وجے ہو کر وہ ناری جاتی کے سوتوں کو سویکار نہ کرے گا؟ بھارت کے پتن کال میں جب پرشوں کو اپنے ہی اوپر وشواس نہ تھا وہ استریوں پر کیا وشواس کرتے، پر اس ایک ورش کے ستیہ گرہ سنگرام نے سدھ کر دیا کہ بھارت کی دیویاں اب بھی دھرم اور کرتویہ کی ویدیوں پر اپنے کو ہوم (4) کر سکتی ہیں۔ یدی پرشوں کو اب بھی ان پر شاسن کرنے کا انماد ہو تو اُسے شیگھر سے دور کر دینا چاہیے۔ کیونکہ وہ چاہے دیں یا نہ دیں، دیویاں اپنے سوتوں کو لے کر ہی رہے گی۔ انھیں ہر ایک وشے میں پرشوں کے سمان ادھیکار ہونا چاہیے اور اس کا نرنے دیویوں ہی پر چھوڑ دینا چاہیے کہ وے اپنے ہتارتھ جو سوتو چاہے لے لیں۔ ہمارے وچار میں نمن لکھت وشیوں پر ناریوں کو اسنتوش ہے اور اس اسنتوش کو دیویوں کے اِچھانوسار ہی شمن (5) کرنا پڑے گا۔

1 ایک وِواہ کا نیم استری پرش دونوں ہی کے لیے سمان روپ سے لاگو ہو۔ کوئی پرش پتنی کے جیون کال میں دوسرا وِواہ نہ کر سکے۔

1۔ مند بدھتا۔ نا عقلی 2۔ سنکرامک۔ حملہ آور 3۔ سدبدھی۔ اچھی عقل 4۔ ہوم۔ آراستہ، تیار 5۔ شمن۔ قبول

2 پرش کی سمپتی پر پتنی کا پورا ادھیکار ہو، وہ اُسے رہن بیے جو کچھ چاہے کر سکے۔

3 پتا کی سمپتی پر پتروں اور پتریوں کا سمان ادھیکار ہو۔

4 طلاق کا قانون جاری کیا جائے اور وہ استری پرش دونوں ہی کے لیے سمان ہو۔

5 طلاق کے سے استری پرش کی آدھی سمپتی پائے اور یدی موروثی جائداد ہو تو اس کا ایک اَنش۔

فروری 1931ء

طلاقوں کی سنکھیا کیوں بڑھتی جاتی ہے؟

یوروپ کے ایک ودوان نے طلاقوں کی میمانسا(1) کرتے ہوئے ایک بڑے پتے کی بات کہی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جیوں جیوں کرترم (2) اپایوں سے سنتان نگرہ(3) کی پرتھا بڑھتی جا رہی ہے، طلاقوں کا رواج بھی بڑھتا جاتا ہے۔ سنتانوں کے لالن پالن میں ماتا پتا کے بیچ میں اسنیہ کی ایک کڑی بنی رہتی تھی۔ ولاستا کی اوران کی روچی ادھک نہ ہوتی تھی۔ اپنی سنتان کے لیے دونوں ادھک سے ادھک سنیم(4) اور تیاگ کرتے تھے۔ سنتانوں کا نرودھ کرکے اب استری پرش دونوں ہی ولاستا میں ڈوبے جا رہے ہیں اور ولاستا سہنشوں(5) نہیں ہوتی۔ ہردے کی کٹھورتا اس کے لیے انیوار یہ ہے۔ دنیا چولھے میں جائے، ہماری تو چین سے کٹتی ہے، جب تک یہ منو بھاؤ نہ ہو آدمی ولاس میں رت ہو ہی نہیں سکتا۔ پھر ماتر تو میں ماتا کی شریرک اور مانسک شکتی کا بڑا بھاگ خرچ ہو جاتا تھا۔ پرش کو بھی بادھیہ ہو کر اس اُترداتو کا کچھ نہ کچھ بھار لینا ہی پڑتا تھا۔ اب تو استری پرش دونوں اس چنتا سے مکت ہو کر ولاس میں ڈوب گئے ہیں۔ ولاستا کا پوشن نویتا ہی سے ہوتا ہے، یہ مانی ہوئی بات ہے۔ ایسی دشا میں طلاقوں کی سنکھیا نہ بڑھے تو کیا ہو۔

اگست 1932ء

1۔ میمانسا۔ تذکرہ، تنقید، ذکر 2۔ کرترم۔ مصنوعی 3۔ سنتان نگرہ۔ بچے کی روک تھام 4۔ سنیم۔ انحصار
5۔ سہنشوں۔ قابل برداشت

سنیما اسٹاروں کے اُردھ نگن چتر

انگلینڈ کے ایک انگریزی پتر نے ایک دوسرے انگریزی پتر کو اس لیے زور کی پھٹکار بتائی ہے کہ اس نے ایک سنیما اسٹار سے اس کے جیون کا انو بھولکھوا کر پرکاشت کیا ہے، اور اسے لجّاسپد کہا ہے۔ بھارت میں بھی انگریزی پتروں کی دیکھا دیکھی اس طرح کی منوورتی بڑھتی جاتی ہے۔ جن استریوں کا جیون اتنا گھرناسپد ہے کہ کوئی بھلا آدمی اپنی لڑکی کو ان کے ساتھ ایک منٹ کے لیے بھی چھوڑنا پسند نہ کرے گا۔ وہی استری سنیما میں ایکٹریس بنتے ہی دیوی بنادی جاتی ہے اور ہر ایک پتر میں اس کے چتر چھپتے ہیں۔ اس کی پرشنسا کی جاتی ہے اور یدی وہ اپنے جیون کے سنسنی پیدا کرنے والے ورتانت(1) لکھے، تو اُسے بڑے ہرش سے پرکاشت کیا جاتا ہے۔ ہمارے دچار میں ساچار پتروں کا کرتویہ کیول جنتا میں سنسنی پیدا کرنا اور ان کی منوورتیوں کو وشاکت(2) کرنا نہیں بلکہ ان میں سوستھ، نش کلنک سوروچی اتپن کرنا ہے۔ اس میں سندیہہ نہیں کہ ہمیں گن کا آدر کرنا چاہیے چاہے وہ کبیر کے شبدوں میں کتنے ہی اپاون ٹھور میں کیوں نہ ملے، لیکن ادھ نگن استریوں کا نرلجتا پورن چتر کھینچ کر جنتا میں کُت ست(3) بھاوناؤں کو اتیجت کرنا۔ اتھوا ان کے لجّاسپد چرتر ورنن کرکے پاٹھکوں میں کوواسنا(4) کو جگانا، بھارتیہ آدرش کے ورودھ ہے۔

اگست 1932ء

1۔ ورتانت۔ خودنوشت 2۔ وشاکت۔ زہریلا 3۔ کُت ست۔ پُچ 4۔ کوواسنا۔ بری عبادت

غازی پور کے کوآپریٹیو سمّیلن میں سنتان۔نگرہ

اب کی سترہ مارچ کو غازی پور میں پرانتی کوآپریٹیو سمّیلن ہوا تھا۔ اس کی رپورٹ حال میں پرکاشت ہوئی ہے۔ سویکرت (1) پرستاؤں میں ایک سنتان نگرہ کے وشے میں بھی تھا۔ کوآپریٹیو میں ایسے وشے بھی شامل ہیں۔ یہ ایک نئی بات ہے شاید اس پرستاؤ کا منشا یہ ہو کہ دیش کی اُنّتی کے لیے برہمچریہ پالن کرنا آوشیک ہے۔ پر پرستاؤ مہودے کو شاید معلوم نہیں کہ سنتان نگرہ اور برہمچریہ پالن دو بھن چیزیں ہیں۔ برہمچریہ شکتی بڑھانے والی سادھنا ہے، پر سنتان نگرہ دربل کرنے والے کرتم سادھنوں سے سنتانوتپتی کو روکنا ہے۔ اس کرترم سنتان نگرہ سے کیول بھوگ لپسا ہی کی وردھی ہوتی ہے۔ یورپ میں سنتان نگرہ کا خوب پرچار ہو رہا ہے لیکن اس کا پھل ولاستا کی بڈھی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ سنتان بڈھی اور وہ بھی درّدر دیش میں وڈمبنا (2) ہے، لیکن اس کے پرتی بندھ کے لیے کرترم سادھنوں کا پرچار اور بھی بڑی وڈمبنا ہے۔ اس کا منگلمے اپائے کیول برہمچریہ ہے۔

اکتوبر 1932ء

1۔ سویکرت۔ قابلِ قبول، قبول شدہ 2۔ وڈمبنا۔ مضحکہ خیز

مہیلا سبھاؤں میں سنتان نگرہ کا پرستاؤ

سنتان نگرہ کا ارتھ ہے کرترم سادھنوں سے سنتان کی اتپتی (1) کو روکنا۔ اس کے سوا بھاوک سادھن بھی ہے پر یہ شبد اس ارتھ میں پریکت نہیں کیا جاتا۔ ابھی سال دو سال پہلے یہ کیول ایک دارشنک پرشن (2) تھا۔ پر اتنے ہی دنوں میں اس نے ایک سارو جنک سمسیا کا روپ دھارن کرلیا ہے اور چونکہ سنتان کا پالن پوشن مہیلاؤں ہی کو کرنا پڑتا ہے اور سنتانوپتی کی ڈسہہ (3) ویدنائیں مہیلاؤں ہی کے حصے پڑتی ہے۔ اس لیے اس کے پرچار کی اپیل پرایہ: ہر ایک مہیلا سمیلن میں اپستھت ہونے لگی ہے۔ اگر ہم بھول نہیں رہے ہیں تو حال میں ہونے والے کراچی اور پنجاب مہیلا سمیلنوں میں یہ پرستاؤ پیش ہوکر سویکرت ہوا ہے اس کے پہلے سکنڈری ادھیاپک سمیلنوں میں بھی یہ پرستاؤ سویکرتی ہو چکا ہے۔

ایک سے تھا جب سنتان کو سنسار کی سب سے بڑی وبھوتی سمجھا جاتا تھا۔ سنتان کے لیے نانا سادھنائیں (4) کی جاتی تھیں اور آج سنتان مانو یہ جیون کی وپتی (5) سمجھی جارہی ہے۔ اس کا کارن ہے ورتمان ادھک سنگرام۔ جو پریوار کچھ دن پہلے پچاس روپیہ میں سکھ کا انوبھو کرتا تھا۔ اس کے لیے اب دو سو روپے کی ضرورت ہے۔ اب ہم یہ دیدیہ درشیہ نہیں دیکھ سکتے کہ چاہے ہم ایک بچے کا پالن پوشن اچھی طرح نہیں کرسکیں، پر دوسرے کے لیے دیوی دیوتاؤں کے منوتیاں کرتے رہے۔ استری چاہے اپنی جان سے مررہی ہو۔ پر بچوں سے اپنا رکت چساتی رہے۔ یہ سب تو ٹھیک ہے لیکن اس نگرہ کی آڑ میں اگر نردوند وشے (6) بھوک کی پیاس چھپی ہوئی ہے، تو سماج کے لیے نگرہ اُلٹے اور ہانی کارک ہوجائے گا۔ جہاں سنتان نگرہ کا بہت پرچار ہے وہاں طلاقوں کی بھی بھرمار ہے اور سماج شاستر کے پنڈتوں کا مت ہے کہ دونوں میں گھنشٹ سمبندھ ہے اگر اس کے نگرہ کا پھل یہ ہوتا ہے کہ ہم اویدھ روپ سے وشے بھوگ میں پڑ جاویں تو یہ سماج کے لیے آشرواد کی جگہ شاپ (7) سدھ ہوگا۔

نومبر 1932ء

1۔ اتپتی۔ پیداوار 2۔ دارشنک۔ دانشور 3۔ ڈسہہ ویدنا۔ پریشان کن درد 4۔ سادھنا۔ اختیار کرنا
5۔ وپتی۔ اعتراض 6۔ نردوند۔ بغیر لڑائی کے 7۔ شاپ۔ عذاب

مِس۔ میو کی آتما ایک پارسی مہیلا کے ویش میں

مس کارنیلیا سہراب جی بارایٹ لا ایک پارسی مہیلا ہیں۔ جن کے وشے میں کہا جاتا ہے کہ انھوں نے مِس میو کی کلنکت رچنا، مدر انڈیا، کے لیے سامگری(1) دے کر بھارت ماتا کی سیوا کی تھی۔ اب ہمیں یہ کہتے ہوئے شرم آتی ہے کہ انھیں مس سہراب جی نے انگلینڈ میں بھارتیہ مہیلاؤں کے ورُدھ پروپیگنڈا شروع کر دیا ہے۔ پچھلے دنوں لندن میں ایک عام جلسے میں آپ نے بھارتیہ مہیلاؤں کا اتنے لجّاسپد شبدوں میں مذاق اڑایا کہ کداچت(2) مس میو کو بھی اتنا ساہس نہ ہوتا۔ مس سہراب بھی اونچے درجے کی شکشا پراپت مہیلا ہیں، ہم یہ مانتے ہیں۔ لیکن شاید انھیں بھارتیہ دیویوں سے میل جول کا کبھی اوسر نہیں ملا اور ان کا گیان سنی سنائی باتوں پر ہے۔ سمبھو ہے ان کے ودیشی رہن سہن اور اچار وچار کے کارن ہی بھارتیہ گھروں میں ان کا پرویش نہ ہوا ہو۔ یا ہوا بھی ہو، تو انھیں لوگوں میں جو سیم بھارت کی استریوں میں بُرائیاں بھری ہوئی ہیں تو ان کا دھرم تھا کہ وہ بھارت میں آکر اپنی بہنوں کا سدھار کرتیں پر آپ کو زہر اگلنے ہی میں مزا آتا ہے مگر وہاں بھی ایسی سچّی آتمائیں موجود تھیں جن سے یہ اپہاس(3) نہ سنا گیا اور دو انگریز مہیلاؤں نے وہیں کھڑے ہو کر مس سہراب جی کو ایسی کھری کھری باتیں سنائیں کہ شاید انھیں اب کسی سماج کی نندا کرنے کا ساہس نہ ہو۔ بڑپن نندا کرنے میں نہیں ہے۔ اس سے نہ کسی کا مان ہی ہوتا ہے نہ آدر ہی۔ جن کو پرشن کرنے کے لیے مس سہراب جی یہ کیچڑ اچھال رہی تھی۔ انھوں نے آپس میں بیٹھ کر ان کے اس ویوہار کی آلوچنا کی ہوگی۔ بھارت کو پچھمی جیون اور سبھیتا کا اب تھوڑا بہت انوبھو ہو گیا ہے اور اب وہ کسی ایسے استری یا پرش کا نمتر تو تو سویکار نہیں کر سکتا۔ جس نے پچھمی سبھیتا اختیار کر لی ہو اور سمجھتا ہو کہ اب اُسے سارے زمانے کو نیچا سمجھنے کا ادھیکار ہے۔

نومبر 1932ء

1۔ سہایتا۔ مدد 2۔ شاید۔ نا امیدی 3۔ اوپہاس۔ اختیار، ملکیت

بھارتیہ مہیلاؤں میں نوین جاگرتی

بھارتیہ مہیلاؤں نے اپنے کاریہ کرم سے سدھ کردیا ہے کہ وے سماج کے چھیتر میں پرشوں سے کتنی آگے نکل گئی ہیں۔ وشیش کر جن بندھنوں سے پرشوں نے انھیں جکڑ رکھا تھا اور ان پر شاسن کرتے تھے۔ ان بیڑیوں کو توڑ پھینکنے کے لیے وہ بہت وچل ہو رہی ہیں۔ شاردا بل سے مسلمانوں کی ایک بڑی سنکھیا کو تو آپتی ہے ہی، ہندوؤں میں بھی کچھ ایسے پرش ہیں جو ان کا وردودھ کرتے ہیں، پر استریوں نے جن میں مسلمان استریاں بھی شامل ہیں، ایک سور سے اس بل کا سواگت کیا ہے۔ طلاق کا بل ابھی قانون کا روپ نہیں دھارن کر سکتا، اور ہندو پُرشوں میں ابھی اس سمسیا پر بہت مت بھید ہے۔ پر ہندو مہیلائیں اُس پر ہر ایک مہیلا سمیلن میں زور دیتی ہیں۔ راج نیتک چھیتر میں بھی مہیلاؤں نے اپنے پرشکرت (1) سدوچار (2) کا پریچے دیا ہے۔ وے سارو جنک نرواچن ادھیکار (3) چاہتی ہیں۔ جائداد یا شکشا کی کوئی قید انھیں پسند نہیں اور راشٹریہ ایکتا کو تو جتنے زوروں سے استریوں نے ہر ایک اوسر پر سمرتھن کیا ہے۔ اس پر بہومت سے ہندو اور مسلمان پُرشوں کو لجت ہونا پڑے گا۔ جن مہانو بھاؤں کو ہماری دیویوں کی وچارشیلتا (4) پر سندیہہ (5) تھا۔ انھیں اب اپنے وچاروں میں ترمیم کرنی پڑے گی۔ بھارتیہ مہیلاؤں نے گھر کی چہار دیواری کے اندر جس طرح اپنی دکشتا پرمانت کی ہے اُسی طرح راشٹر کے وسترت چھیتر میں وے پرشوں سے آگے رہیں گی۔

دسمبر 1932ء

1۔ پرشکرت۔ انعام یافتہ　2۔ سدوچار۔ اچھی سوچ　3۔ نرواچن ادھیکار۔ حق رائے دہی

4۔ وچارشیلتا۔ فکرمندی　5۔ سندیہہ۔ شک　6۔ دکشتا۔ تعلیم دینا

بالیکاؤں کا سُوکاریہ

گت گیارہ دسمبر رَویوار کو استھانیہ دیانند ہائی اسکول میں آریہ کنیا ودیایام مندر بڑودا کی کنیاؤں کا گدا، لیجھم، پھرکی، تلوار، چھرے آشن تتھا انیہ ودیایام دیکھ کر ہمیں بڑی پرسنتا ہوئی۔ بالیکائیں سبھی پھرتیلی، چپل، شکشت تتھا دکش (1) تھیں۔ ان کے چہرے سے پوترتا، سچرترتا تتھا لگن پرکٹ ہو رہا تھا۔ ان کا گربا ناچ، سنسکرت میں کتھنوپ کتھن، دولڑکیوں کا دیاکھیان ان کی شکشا کو ویکت کرتا تھا۔ اس سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ انھیں ودیایام کے ساتھ مانسک شکشا بھی کافی دی جاتی ہے۔ چھ ورش کی عمر کی لڑکی کالج میں بھرتی کی جاتی ہے اور وہ سولہ ورش کی عمر میں ودوشی، (2) سوستھ تتھا آتم رکشا کے یوگیہ ہو کر کالج سے نکلتی ہے۔ دے بھی کچھ نہیں، کیول بارہ روپے ماسک پڑتا تھا۔ سماج کا ایک انگ بہت ہی دربل ہونے کے کارن ہی ہم اتنی ہین (3) دشا میں ہیں۔ ہمارے یہاں کی پُرانے زمانے کی چھترانیاں رن چھیتر میں شترو (4) کا سامنا کرتی تھیں پر آج کل کی لڑکیاں اپنے سواستھے کی رکشا نہیں کر سکتی۔ ان کی سنتان بھی کاپوروش اور دربل پیدا ہوتی ہیں۔ اس بہت بڑی کمی کو یہ ودیالیہ پورا کر رہا ہے اور اسی ادیشیہ کے پرچارارتھ (5) کچھ لڑکیوں کو لے کر دے بھارت بھرمن کے لیے نکلے ہیں۔ ہم اس منڈل کے سدد دیوگ (6) میں پورن سپھلتا کی کامنا کرتے ہیں۔

دسمبر 1932ء

1۔ دکش۔ تعلیم یافتہ 2۔ ودوشی۔ عالمہ، فاضلہ 3۔ ہین دشا۔ بری حالت 4۔ شترو۔ دشمن

5۔ پرچارارتھ۔ مشتہر کرنا۔ معنویت عام کرنا 6۔ سدد دیوگ۔ اچھا استعمال

انگلینڈ کا نیتک پتن

شری متی گونتھ پھوڈن نے مرٹھا میں انگلینڈ کی جس سماجک دشا کا چتر کھینچا ہے اُسے دیکھ کر ہم اواک (1) رہ جاتے ہیں۔ اب تک ہر ایک بات میں انگلینڈ ہمارا آدرش تھا اور اب بھی ہے۔ ہم اپنی ریتی نیتی میں اُسی کا انوسرن (2) کر رہے ہیں۔ ہماری راج نیتک اور سماجک سنستھائیں انگلینڈ کی سنستھاؤں کے نمونے پر ہی نرمان کی جا رہی ہیں۔ اور باتوں میں چاہے ہم میں اُکت بھید (3) ہو لیکن چرتر کے وشے میں ہم انگلینڈ کے پوری طرح قائل ہیں۔ لیکن اکت مہیلا نے جو چتر کھینچا ہے وہ بڑا ہی رومانچ کاری ہے اور ہمیں چیتاونی دیتا ہے کہ پاشچاتیہ (4) کی نقل کرنے میں ہمیں بہت وویک سے کام لینا ہوگا۔ آپ لکھتی ہیں۔

" آج کل ہوٹلوں میں اور دشرام گرہوں میں حد درجے کی بے ایمانی اور دھوکے بازی دیکھی جاتی ہے۔ روز ایسی خبریں آتی ہیں کہ آج فلاں ہوٹل کے منیجر کو چرکا دیا گیا کل اُس ہوٹل کے مالک کو۔ اکثر دھوکے باز ہوٹلوں میں آتے ہیں۔ کئی دن ٹھہرتے ہیں اور نقلی چیک دے کر بھاگ جاتے ہیں"۔ وہاں کے درددوں کی دشا کا ورنن بڑا ہی کرونا جنک ہے آپ لکھتی ہیں، لیکن چھدھا پیڑتوں کی دشا میں نے ان غریبوں کا جو فاقہ کرتے کرتے ادھر ہو گئے تھے۔ پر درشن دیکھا تھا جو انگلینڈ کے ہر ایک بھاگ سے سملت ہونے آئے تھے،

ان بھوک مردوں کے جلوس کو دیکھنے کے لیے کتنی ہی مہیلائیں موٹروں پر بیٹھ کر آئی تھیں۔ انھیں ان کی دشا پر آشچریہ تھا پر دیا نہ تھی۔ وے اسے تماشہ سمجھتی تھیں۔ وے ان درددوں کو اپنا سمپتی (5) دکھو دکھا کر ان کی آنکھوں میں چکا چوندھ ڈالنے کے لیے ہی شاید اپنی بھڑکیلی موٹروں پر چڑھ کر تتلیوں کی طرح ادھر اُدھر گھوم رہی تھیں۔ اوہ یہ امیر کہلانے والے وِلاس پریہ لوگ کتنے کروڑ ہو سکتے ہیں۔ منشیہ کا منشیہ کے پرتی یہ ویوہار، کلپنا میں بھی نہیں آ سکتا۔ ایسی دشا میں اگر امیروں کے پرتی دویش (6) کی آگ جلے تو کیا آشچریہ ہے۔

دسمبر 1932ء

1۔ اواک۔ حیرت زدہ، دنگ　2۔ انوسرن۔ رائج　3۔ اُکت بھید۔ مذکورہ راز　4۔ پاشچاتیہ۔ ماضی
5۔ سمپتی دکھو۔ شان و شوکت　6۔ دویش۔ نفرت

کائستھ کانفرنس

اب کی پریاگ میں کائستھ کانفرنس ہوئی۔ کچھ لوگ ادھر ادھر سے آگئے کچھ ویاکھیان (1) ہوئے، کچھ پرستاؤ پاس کیے گئے اور کانفرنس کا کام ساپت ہوگیا۔ کائستھوں کو اس طرح جلسے کرتے لگ بھگ چالیس سال ہوگیا۔ لیکن کائستھ ساج آج بھی وہیں ہے جہاں چالیس سال پہلے تھا۔ بلکہ اس کی دشا اور بھی خراب ہوگئی ہے۔ جہیز یا قرارداد کی برائی سب کرتے ہیں مگر وہی سجن جو سبھا میں سب سے زیادہ چلاتے ہیں، سب سے زیادہ قرارداد کرتے ہیں۔ اور سب سے لمبی رقمیں ڈکارتے ہیں ایسے آدرش ہیں۔ کرتو یہ ہیں کھیاؤں کا ساج پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا۔ اگر آپ کو اس سال اپنی لڑکی کی شادی کرنی ہے تو آپ سبھا میں شریک ہو کر قرارداد کا رونا روئیں گے۔ لیکن کل جب آپ کے بیٹے کے وِواہ کا اوسر آئے گا تو آپ شائی لاک کے اوتار بن جائیں گے۔ ایسا ہردے ہین ساج جس کے کرم اور بچن میں کوئی میل نہیں جو سوارتھ پر اپنی آتما بیچ ڈالنا بھی پاپ نہیں سمجھتا کبھی نہیں اٹھ سکتا۔ اس کا دن، دن آدھا پتن ہوتا جائے گا اور ایک دن کوئی اس کا نام بھی نہ لے گا۔ قرارداد کو روکنے کے لیے جو ودھان (2) سوچے گئے، جیسے بہشکار، پکے تنگ یا لڑکوں کی اور سے وِواہ سے انکار، ان میں سے ایک بھی سپھل نہ ہوگا۔ اگر یوکوں میں اتنا آتمہ سمان ہوتا تو رونا کاہے کا تھا۔ یہاں تو وہ اپنے باپ سے بھی دو قدم آگے ہے۔ موٹر کا تقاضہ وہی کرتا ہے۔ انگلینڈ جانے کے لیے خرچ کی مانگ وہی کرتا ہے۔ جس ساج میں ایسے نرلجہ، پروشارتھ ہین یووک ہو، وہ بہت دن جیوت نہیں رہ سکتا۔ ہمیں تو آج کائستھ ساج میں ایک بھی اداہرن نہیں ملا جہاں لین دین کا گھرنت (3) دیاپار نہ ہوا ہو۔ کہیں راہ خرچ کے روپ میں، کہیں شکشا کے خرچ کے روپ میں، کہیں مریادا (4) رکشا کے بہانے سے روپے اینٹھے جاتے ہیں۔ بے چارہ ورکا پتا اپنے سمبندھیوں کے دباؤ سے مجبور ہو جاتا ہے۔ اس کی بالکل خطا نہیں۔ وہ تو خود قرارداد سے نفرت کرتا ہے۔ لیکن مجبور ہے۔ اس کے بہنوئی

1۔ ویاکھیان۔ تفصیل، ذکر 2۔ ودھان۔ قانون، اصول 3۔ گھرنت۔ قابل نفرت 4۔ مریادا۔ عزت

اور پھوپھا اور ماما نہیں مانتے۔ آخر وہ ایسے نکٹ والوں کی اپیکشا کیسے کریں۔ جس سماج میں ایسے ایسے دھورت ہیں اس کا رساتل کے سوا اور کہیں ٹھکانا نہیں ہے، اور وہ بڑے ویگ سے اس اور جا رہا ہے۔ پہلے چار پانچ سو روپے اوسط درجے کا جہیز تھا۔ اب وہ چار پانچ ہزار تک پہنچا ہے۔ جس گھر میں دو، تین کنیائیں آگئی ہیں بس سمجھ لو اس کا سروناش(1) ہو گیا۔ ماتا پتا کے لیے اب اس کے سوا اور کوئی تران نہیں ہے کہ وے اپنا پیٹ کاٹیں، تن کاٹیں، دھوکا دھڑی سے روپے لاویں۔ ان کا سارا جیون نارکیہ(2) ہو جاتا ہے مگر سماج کے مکھیا رقمیں ڈکارتیں جاتے ہیں اور کبھی کبھی سبھا میں آکر روتے گاتے ہیں۔ اب تو اس انیتی کی کوئی دوا ہے تو یہی کہ بالیکائیں سیم اپنا بھاگیہ اپنے ہاتھ میں لے لیں اور وواہ کے بندھن میں اس وقت تک نہ پڑیں جب تک کوئی ایسا ور نہ ملے جو پریم بھاؤ سے ان کے سامنے ماتھا نہ ٹیکے۔ لڑکوں اور لڑکوں کے باپوں کو ہم نے بہت دیکھا اور ان سے آشا کرنا چھوڑ دیا۔

جنوری1933ء

1۔سروناش۔برباد 2۔نارکیہ۔دوزخی

ایک اُپ یوگی پرستاؤ

پڑھی لکھی جاتیوں میں اگر گنیہ (1) ہوئی ہوئی بھی کائستھ جاتی بہت ہی پچھڑی ہوئی ہے۔اس جاتی کے لگ بھگ تو ے پرتی شت لوگ نوکری پیشہ اور قلم کی سیوا کر کے پیٹ پالتے ہیں۔اسی کارن جاتی ماتر دردراوراوروں کے نوکری کے امیدواروں کے دویش کا کارن بنی ہوئی ہے۔ایسی حالت میں شاید ہی کسی جاتی کو اُودھوگک شکشا تتھا ادھوگ جیوی ہونے کی اتنی ضرورت ہو جتنی کائستھوں کو۔پُشت در پشت نوکری پیشہ ہونے کے کارن ان کی نسوں میں غلامی جم گئی ہے۔اس لیے آج بے کاری کے زمانے میں بھی نوکری کے لیے یہ مارے مارے پھرتے ہیں۔اس پر بھی طرّہ یہ کہ جو لوگ ویاپاری ہیں جو کائستھ ویاپار کی اور لگ گئے ہیں انھیں نیچی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

کائستھوں کے سنگٹھن کی ایک ہی رچناتمک (2) سنستھا ہے۔کائستھ پاٹھ شالا، وہ بھی کیول نوکری کے امیدوار گریجویٹ ہی تیار کرتی جاتی ہے۔یدّ پی، ادھر تین ورش سے منشی ہرنندن پرشاد اس کے چیرمین ہوئے ہیں، اودھوگن شکشا کا بہت پربندھ ہوا ہے۔پاٹھ شالا نے کافی اُنتی کی ہے۔پھر بھی پریتن نری بال اوستھا میں ہے۔اس استھتی میں ہمیں ایک میمورنڈم پراپت ہوتا ہے۔اس کی لیکھک ہیں بلاس پور (مدھیہ پرانت) کے سانت ناگرک۔تتھا ویاپارک منشی رام چند لال ورما، ان کا پرستاؤ ہے کہ یدی بھارت کے دو سو پچھتر لاکھ کائستھ کیول ایک روپیہ ایک بار چندہ بھی دے دیں تو دو سو پچھتر لاکھ روپے ہو جاویں اور اس روپے سے اتنے ادھک کارخانے کھولے جا سکتے ہیں کہ دو سو پچھتر لاکھ کائستھ کل نوکریاں چھوڑ کر اپنا پیٹ بھر سکتے ہیں۔وے سواؤلمبی ہی نہیں۔کنتو بہت ہی اُنت (3) ہو جاویں گے۔اس پریتن (4) کو پرارمبھ کرنے کے لیے وے اپنی جیب سے ڈھائی ہزار روپے دینے کے لیے تیار ہے ہیں۔پرستاؤ بڑا اُپیوگی ہے تتھا وچار کرنے یوگیہ ہے۔آشا ہے لوگ اس کو اپنا دیں گے اور پرستاؤ کو سہایتا دیں گے۔

جنوری 1933ء

1۔اگر گنیہ۔آگے آگے چلنے والا 2۔رچناتمک۔تخلیقی 3۔اُنت۔ترقی یافتہ 4۔پریتن۔کوشش

سر ہری سنگھ گوڑ کا طلاق بل

ابھی بہت دن نہیں ہوئے کہ طلاق کا نام سن کر ہندو سماج کے کان کھڑے ہو جاتے تھے اور اُسے یورپ کی نقل سمجھ کر ترسکرت (1) کر دیا جاتا تھا۔ پر ان کئی ورشوں میں بہت بڑا سماجک پریورتن ہو گیا ہے اور سماج کی نیائے چیتنا (2) بہت کچھ جاگرت ہو گئی ہے۔ اب یہ سویکار کیا جانے لگا ہے کہ استری اور پرش دونوں کے ادھیکار سمان ہونے چاہیے۔ ابھی تو یہ حال ہے کہ پرش میں چاہے کتنے ہی دوش ہوں، چاہے کتنا ہی لمپٹ (3) ہو، اس کے ساتھ کتنا ہی اتیاچار کرے عورت کے لیے کہیں تران (4) نہیں۔ وہ اس کی خبر لینا چھوڑ دے، اپنی دوسری شادی کرے، کنتو استری پر اس کا ادھیکار جیوں کا تیوں بنا رہتا ہے۔

استری میں روپ نہ ہو، وہ پھوہڑ ہو اس کے سنتان نہ ہوتی ہو یا کسی کارن وش اس سے اسنتشٹ ہو تو اس کے لیے راستہ صاف ہے۔ لیکن پرش میں کتنی ہی بُرائیاں ہوں استری کے لیے کہیں شرن نہیں۔ یہ ایک طرفی نیتی بہت دن چلی، لیکن اب نہیں چل سکتی۔ اب تو نیائے کا تقاضہ ہے کہ استری کو بھی وہی ادھیکار پراپت ہو۔ سر ہری سنگھ نے طلاق کے لیے تین کارنوں کا نردیش کیا ہے۔

1 جب کہ پرش ویہ اویوستھتی چت ہو۔

2 جب کہ پرش کو کوڑھ کی بیماری ہو۔

3 جب کہ وہ نپنسک ہو۔

استری پرش میں منو مالنیہ (5) کے اور بہت سے کارن ہو سکتے ہیں۔ ان کا اس بل میں کوئی ذکر نہیں ہے ہم نہیں سمجھتے، ورتمان روپ میں کسی کو اس سے کیا آپتی ہو سکتی ہے۔ ہندو وِواہ کا آدرش بہت اونچا ہے۔ ہندو، وِواہ اور طلاق دو پرسپر وِرودھ باتیں ہیں۔ لیکن اس آدرش کا مولیہ بہت کم ہو جاتا ہے، جب اس کے پالن کا بھار کیول استریوں پر رکھ دیا جاتا ہے۔ دشیش کر جب ہندو دیویاں خود اس بل کی مانگ

1۔ ترسکرت۔ تردید۔ رد کرنا 2۔ چیتنا۔ خواہش، احساس 3۔ لمپٹ۔ بیوقوف، احمق، نادان 4۔ تران۔ پناہ
5۔ منو مالنیہ۔ نفسانی خواہشات سے مبرّا

پیش کر رہی ہیں تو پرشوں کو اُسے سویکار کرنے کے سوا اور کوئی مارگ نہیں رہ جاتا۔ جب تک دیویاں چپ چاپ، بنا کسی طرح کا اسنتوش (1) پرکٹ کیے اپنے کشٹوں کو سہن کرتی جاتی تھی۔ پرشوں کے پاس اپنے کو دھوکہ دینے کا ایک بہانہ تھا۔

وہ کہہ سکتے تھے ہماری دیویاں پتی ورت (2) پر اتنی جان دینے والی ہیں کہ چاہے پرش کتنا ہی ظلم کرلے ان کے من میں کوئی دربھاؤنا آ ہی نہیں سکتی۔ اب بھی ہماری ادھیکانش بہنوں کی یہی منو ورتی ہے، لیکن جیوں جیوں ان میں شکشا کا پرچار ہو رہا ہے، ان میں اپنی ورتمان ادھوگتی سے وِدروہ اتپن ہو رہا ہے اور طلاق کی مانگ اُسی وِدروہ کا سوچک (3) ہے۔ پرشوں کو اب ان سے سمجھوتہ کرنا ہوگا۔ ان کی شکایتوں کی اوہیلنا (4) کرکے اب وے اپنے پرودھشتو کو (5) کلنک سے نہیں بچا سکتے۔ یہ ستیہ ہے کہ طلاق پرتھا کا دُرپیوگ کیا جا سکتا ہے۔ پچھمی دیشوں میں اس کی جو چھیچھالیدر ہو رہی ہے۔ وہ ہم نتیہ اخباروں میں دیکھتے ہیں۔ بھارت میں بھی طلاق نے مقدمے ادھیکانش عیسائی اور اینگلو انڈیا دمپتیوں کی اور سے دائر کیے جاتے ہیں۔ لیکن ورتمان ہندو وِواہ میں تو ایسی برائیاں آ گئی ہیں۔ نہیں طلاق بل کی ضرورت ہی کیا تھی۔ ہاں اس بل کے ساتھ اس بات کا بھی وچار کرنا آوشیک ہے کہ پرش کی جائداد میں استریوں کا کچھ ادھیکار رہے۔ انیتھا ایسا ہو سکتا ہے کہ نت نئے پھولوں کا رس لینے والی منو ورتیاں طلاق کو ایک بہانہ بنا لیں۔

کچھ لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ پڑھے لکھے سماج کا ایک الپ بھاگ ہی اس بل کے پکش میں ہے۔ اس لیے ورتمان میں اگر سو میں دو چار شادیاں دُکھ سے ہوتی ہیں، تو ان دو چار کے لیے سارے سماج کو کیوں بھرشٹ کرنے کی چیشٹا کرتے ہو۔ انھیں ہمارا یہی اتر ہے کہ یہ بل انھیں دکھ سے دمپتیوں (6) کے لیے بنایا جا رہا ہے۔ سکھی دمپتیوں کے لیے اس بل کا ہونا نہ ہونا دونوں برابر ہے۔ ودھوا، وِواہ کا بل پاس ہو جانے سے بھی ودھوائیں وِواہ تو نہیں کرنے لگیں۔

شاردا قانون نے بھی بال وِواہ نہیں بند کر دیا، ہاں اس میں کچھ رکاوٹ اوشیہ ڈال دی۔ سب سے بڑا قانون جن مت ہے۔ لیکن پھر بھی ایسے قانونوں کا ہمیں سواگت کرنا چاہیے۔ جن کا اودیشہ سماجک اتیاچاروں کو دور کرنا ہو۔

مارچ 1933ء

1۔ اسنتوش۔ بے صبری 2۔ پتی ورت۔ شوہر کی خدمت گذار 3۔ سوچک۔ علامت 4۔ اوہیلنا۔ توہین
5۔ پرودھشتو۔ مرد کی حکمرانی، فخر، شان 6۔ دمپتی۔ شریک حیات

لکھنؤ کی ویشیاؤں میں نئی جاگرتی

آخر فلم ایکٹریسوں کی دن دونی رات چوگنی بڑھتی دیکھ کر ویشیاؤں کی آنکھیں بھی کھل ہی گئیں۔ یہ بے چاری دس، دس سال تک ریاض کریں، پھر بھی سماج میں ان کا کہیں استھان نہیں۔ شہروں سے نکالی جاتی ہیں۔ کوئی بھلا آدمی بنا اپنی عزت میں بٹہ لگائے ان سے بول نہیں سکتا۔ لوگ ان کے سائے سے بھی بچتے ہیں۔ کچھ زمیندار، تعلقے دار ضرور ان کے قدر دانوں میں تھے۔ اور اکثر سیٹھ ساہوکاروں کی محفلوں میں منگلا مکھیوں (1) کا آدر ہوتا تھا۔ پر اس مندی نے دونوں ہی کا قافیہ تنگ کر دیا ہے۔ اب ان غریبوں کا بھار کون سنبھالے۔ سرکاری نوکروں میں تو اتنی جان ہی نہیں رہتی۔ ہاں تھانے دار اور ڈپٹی مجسٹریٹ ضرور انھیں سرفراز کیا کرتے ہیں، مگر یہ لوگ سب سے بے گار میں کام لیتے ہیں۔ ویشیاؤں کو ان سے کیا فیض پہنچ سکتا ہے۔

ادھر فلم کی ایکٹریس ہیں کہ گانے میں تھوڑا اشد بُد آ گیا، بس اسٹار بن بیٹھی۔ پتریکاؤں میں ان کے چتر نکلنے لگے۔ پوسٹروں میں ان کے چتروں پر لوگوں کی آنکھیں جمنے لگیں۔ اچھے اچھے سماچار پتروں میں ان کی ایکٹنگ کی تعریفوں کے پل باندھے جانے لگے۔ یوں سمجھو کہ اچھوت مانو عیسائی ہو گیا۔ اب اُسے کون اچھوت کہہ سکتا ہے۔ اب وہ صاحب ہیں اور لوگ اُسے صاحب کہتے ہیں۔ تو اب منگلا مکھیوں نے سنیما پر دھاوا بول دینے کا نشچے کیا ہے اور رسکوں کے شہر لکھنؤ کی ویشیاؤں نے ایک سنستھا کی سرشٹھی بھی کر ڈالی ہے جس کا کام ہوگا کہ وہ ویشیاؤں کو سنیما تھیٹر میں لائیں۔ جب سبھی جاتیوں میں جاگرتی پھیل رہی ہے تو ویشیاؤں میں کیوں نہ پھیلتی؟ اور لکھنؤ کی ویشیاؤں میں جو ورتمان یگ میں ویشاؤں کا کیپٹل ہے ایک بار وہ سنیما میں گھس جائے۔ پھر وہی لوگ جو ان کے کوٹھوں کی اور تاکنا عیب سمجھتے ہیں، تب انھیں نمسترت (2) کر اپنے کو دھنیہ سمجھیں گے۔ ان کی تصویریں دیوان خانوں کی شوبھا بڑھائیں گی۔ جہاں تھوڑے سے رسکوں تک ہی ان کی کیرتی سمیت رہتی تھی، وہاں ایک ہی وقت لاکھوں آدمی ان کے کلا کوشل (3) پر مگدھ (4) ہوں گے۔

اپریل 1933ء

1۔ منگلا مکھی۔ حسینہ 2۔ نمسترت۔ مدعو 3۔ کلا کوشل۔ کشیدہ کاری 4۔ مُگدھ۔ مسرور، خوشی

ایک دُکھی باپ

ایک سجن جن کا نام بتانا ہم مناسب نہیں سمجھتے، ہمارے پاس ایک پتر لکھا ہے، جس سے وِدِت (1) ہوتا ہے کہ آج کل اپنی کنیاؤں کا وِواہ کرنے میں پتاؤں کو کتنی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اُکت سجن نے ہم سے اس مصیبت کا علاج پوچھا ہے۔ ہم اس وشے میں اتنے ہی نس سہائے ہیں، جتنے یہ وہ ہیں ہمیں تو اس کا ایک ہی علاج نظر آتا ہے اور وہ یہ ہے کہ لڑکیوں کو اچھی شکشا دی جائے اور انھیں سنسار میں اپنا راستہ آپ بنانے کے لیے چھوڑ دیا جائے، اُسی طرح جیسے ہم اپنے لڑکوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ ان کو وِواہت دیکھنے کا موہ ہمیں چھوڑ دینا چاہیے اور جیسے یووکوں کے وشے میں ہم ان کے پتھ بھرشٹ (2) ہو جانے کی پرواہ نہیں کرتے، اُسی پرکار ہمیں لڑکیوں پر بھی وشواس کرنا چاہیے۔ تب یدی وہ گرہنی (3) جیون بسر کرنا چاہے گی، تو اپنی اِچھانوسار اپنا وِواہ کرلے گی۔ ایچھا او وِواہت رہے گی۔ اور سچ پوچھو تو یہی مناسب بھی ہے، ہمیں کوئی ادھیکار نہیں ہے کہ لڑکیوں کی اِچھا کے وِرودھ کیول روڑھیوں (4) کے غلام بن کر کیول اس بھے سے کہ خاندان کی ناک نہ کٹ جاوے، لڑکیوں کو کسی نہ کسی کے گلے مڑھ دے۔ ہمیں وشواس رکھنا چاہیے کہ لڑکے اپنی رکشا کر سکتے ہیں تو لڑکیاں بھی اپنی رکشا کر لیں گی۔ اس پتر کا ایک انش ہم دیتے ہیں، اور یدّپی ہمیں وشواش نہیں کہ اُسے پڑھ کر کسی کو کچھ اکھر (5) ہوگی، لیکن کم سے کم وہ سنتوش تو ہو جائے گا۔ جو اپنا دُکھ دوسروں کو سنا کر ہوتا ہے۔

میں آج کل ایک فکر میں مبتلا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ علاج آپ کے دوارا ہوسکتا ہے۔ مجھے اپنی سوئوگیہ کنیا کی شادی کی فکر ہے، جہاں کہیں بھی بات چیت کرتا ہوں۔ وہیں سے روپیوں کی بڑی تعداد کی مانگ ہوتی ہے۔ آپ کے شہر میں ہی ایک پرسدھ رئیس بابو ریٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر ہیں۔ انھوں نے مجھ سے پانچ ہزار نقد، علاوہ سامان، جہیز کے مانگیں۔ آپ وچار کریں کہ نقد پانچ ہزار کے اوپر لگ بھگ چار ہزار کا

1۔ وِدِت۔ علم، جانکاری 2۔ پتھ بھرشٹ۔ بے راہ 3۔ گرہنی۔ گھریلو 4۔ روڑھی۔ روایت 5۔ اکھر۔ اختلاف، اعتراض

سامان اور اتنا ہی اوپر چاہیے۔ اگر کسی گھر میں تین لڑکیاں ہوئیں تو آدھے لاکھ روپے ان کے وواہ کے لیے رکھ لینا ضروری ہے۔ آپ وچار کیجیے کہ کائستھوں کے پاس جو نوکری کر کے گزر کرتے ہیں اتنے روپے کہاں سے دے سکتے ہیں اور پھر ایمان داری کے ساتھ کام کر کے کوئی بھی نوکری کر کے اتنے روپیہ پیدا نہیں کر سکتا۔ میں قرارداد کے تحت خلاف ہوں۔ میں نے اپنے لڑکے کی شادی میں قرارداد مطلق نہیں کیا جسے ہر شخص جانتا ہے۔ اگر قرارداد کرتا تو مجھے بھی کافی روپے مل سکتے تھے۔ لیکن لڑکی کی شادی میں قرار داد کرنے کو تیار ہوں کیونکہ مجبوری ہے۔ اس لیے مہربانی کر کے کوئی ایسا لڑکا جو تعلیم یافتہ تندرست ہو اور جس کے ماں باپ کے وچار اچھے ہوں مجھے بتائیے۔

یہ لالہ صاحب رٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر کے پاس گئے ہی کیوں؟ اس لیے کہ وہ بھی عہدہ اور دولت دیکھتے ہیں۔ ایسوں کے پاس تو بھول کر بھی نہ جائیے۔ ایسے لڑکوں کو لیجیے جن کے ماں باپ سدھار چکے ہیں۔ ان کی سہایتا دے کر آگے بڑھائیے اور دو چار ہزار جو آپ دے سکیں۔ کنیا کے نام سے بنک میں جمع کر کے لڑکی کو پاس بک دے دیجیے۔ ان جائدادوالوں کے دروازے پر تھوکنے بھی نہ جائیے چھوڑ دیجیے۔ کنیا کو سمپن (1) اور سمانت (2) کل میں وِواہنے کے موہ کو ایسے کلوں میں لڑکیاں کبھی سکھی نہیں رہتیں۔ وِدّیالیوں میں بہت سے ایسے یووک ملیں گے جو چرتروان ہیں وِچارشیل ہیں، مہتو کانکشی (3) ہیں۔ پر کوئی ان کی سہایتا کرنے والا نہیں ہے۔ ایسے یووکوں میں چھانٹ لیجیے اور اس کے ساتھ کنیا کا پانی گرہن کر دیجیے۔

اپریل 1933ء

1۔ سمپن۔ خوش حال 2۔ سمانت کل۔ عزت دار خاندان 3۔ مہتو کانکشی۔ اونچے خیال کا، بلند پرواز، بڑا بننے کا شوق رکھنے والا

عورتوں کا کرتے وِکرتے

سہوگی، نیشنل کال کو اس کے کان پور کے سنوادداتا نے ایک ایسے دل کے پکڑے جانے کی خبر دی ہے جو عورتوں کا ویاپار کرتا ہے۔ اس دل میں کئی عورتیں بھی ملیں۔ یہ لوگ آس پاس کے جلسوں سے عورتوں کو بہکا کر یا اٹھا کر لاتے ہیں، اور مراد آباد، شاہ جہاں پور آدی جلسوں میں بیچ دیتے ہیں۔ اس دل میں بھی نیچے درجے کے آدمی ہیں، لیکن نہ جانے کب سے یہ گھرنت ویاپار اتنی ہوشیاری سے کرتے چلے آتے ہیں کہ کسی کو خبر نہ ہوئی۔ یہ سب ہمارے چرتر پتن (1) کے لچھن ہیں۔ ہم اتنے گر گئے ہیں کہ دھنو پارجن (2) کے لجاسپد طریقے نکالتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اپنی بہنوں اور بیٹیوں کے بیچنے میں بھی سنکوچ نہیں کرتے۔ اس طرح کی برائیوں کا مکھیہ کارن آرتھک کشٹ ہی ہے۔ بیکاری دن بہ دن بڑھتی جاتی ہے۔ مزدوروں کی مزدوری نہیں لگتی، کسان تباہ ہوئے جا رہے ہیں۔ پڑھے لکھے آدمی بھوکوں مر رہے ہیں، ویاپاریوں کا دوالا نکلا جا رہا ہے۔ پھر ایسی وارداتیں کیوں نہ ہوں اور کیوں نہ چکلے آباد ہوں۔ گھر والوں کا دُرویہار (3) بھی بہودھا استریوں کے پتن کا کارن ہوا کرتا ہے۔ بلکہ اکثر تو عورتوں کا سرو ناش کرنے والے ان کے گھر کے پرانی ہوتے ہیں، جو پہلے تو ان کو دھرم چار کا سادھن بناتے ہیں اور پیچھے سے بدنامی کے بھے سے ان کو گھر سے نکال دیتے ہیں اور وہ ابلائے انھیں دشٹوں کے ہاتھوں پڑ جاتی ہیں۔ دردرتا اور مورکھتا کی بلیہاری (4) ہے۔

مئی 1933ء

1۔ چرتر پتن۔ اخلاقی گراوٹ 2۔ دھنو پارجن۔ کمانا، مزدوری کرنا 3۔ دُرویہار۔ ناروا سلوک

4۔ بلیہاری۔ قربان جانا، نچھاور ہونا

ویشیاورِتّی

مسٹر ای احمد شاہ یکت (1) پرانتی کونسل کے ان بدنام ممبروں میں سے ہیں، جو سدیو پرجا پکش (2) کے وِرودھ ہی کرتے رہے ہیں۔ کونسل کے وگت ادھیویشن (3) کے اوسر پر وے شویت (4) پتر کے لیے سرتھک تھے۔ اسی کارن ان کے کسی بھی کاریہ میں جنتا کو یہ اشنکا رہتی ہے کہ وہ واستو میں پرجا کے ہت میں ہے یا ورودھ میں۔ پر یہ آوشیک نہیں ہے کہ مسٹر شاہ جو کچھ کرتے ہیں وہ جنتا کے وِر ودھ میں ہی ہوتا ہے ادا ہیرا (5) نارتھ ویشیاورتی نوارن تھا (6) استریوں کی خرید بکری روکنے کے لیے جو بل انھوں نے پیش کیا ہے، تھا اسی نینی تال کے ادھیویشن میں جو سلیکٹ کمیٹی کے سپرد بھی ہو گیا ہو، واستو میں بڑا اپیوگی اور آوشیک بل ہے۔ راشٹر پریشد نے بھی ٹریفک ان ویمن، سمبندھی اسی پرکار کے نیم بنائے ہیں، پر نہ جانے کیوں مسٹر چنتامنی ایسے ویکتی بھی اس بل کا وِرودھ کرر ہے ہیں اس ورودھ میں کوری دَل بندی تو نہیں ہے؟ مسٹر چنتامنی نے اس بل کے ورودھ میں جو وکھیان دیا تھا وہ تتھیہ ہین تھا۔ اس میں کیول نئے ہوم ممبر کی پرشنسا تھی (جس پرشنسا کو ہوم ممبر نے سہرش، لوٹایا، تھا) اور تھی مسٹر شاہ کی خلّی۔ ہماری سمجھ میں مسٹر چنتامنی اَدِی کا وِرُودھ کیول دَل بندی کا پھل ہے اور یدی یہ بل نہ پاس ہو سکا تو اس میں دوش ان کا تھا ان کے سرتھکوں کا ہوگا۔

جولائی 1933ء

1۔ یکت۔ مذکورہ 2۔ پرجا پکش۔ عوام کی حمایت 3۔ ادھیویشن۔ اجلاس 4۔ شویت پتر۔ سفید کاغذ، انصاف نامہ 5۔ ادا ہیرا نارتھ۔ اس معنی کی مثال میں 6۔ نوارن۔ ممانعت، روک تھام 7۔ تتھیہ ہین۔ بے معنی

ابھاگنی وِدھوا

کئی دن ہوئے دہلی میں ایک ہندو وِدھوا نے ریل کی لائن پر لیٹ کر جان دینا چاہا۔ سنیوگ (1) سے ڈرائیور نے دیکھ لیا اور انجن کو روک دیا۔ جب عورت کو انجن کے نیچے سے نکالا گیا، تو اس نے یہ کرونا (2) میں ڈوبے ہوئے شبد کہے۔ میں بال ودھوا ہوں، میں اپنی زندگی سے تنگ آچکی ہوں۔ اس دنیا میں نہیں رہنا چاہتی۔ تم لوگ مجھے کیوں تنگ کرتے ہو، مجھے مر جانے دو۔

اور اس وِدھوا پر اب آتم ہتیا کے اپرادھ میں ابھیوگ (3) چل رہا ہے۔

جولائی 1933ء

1۔ سنیوگ۔ اتفاق 2۔ کرونا۔ رحم 3۔ ابھیوگ۔ مقدمہ

مہلا ودیالیوں میں بہاری ست سئی

پنجاب کے پتروں میں کچھ دنوں سے یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ بہاری ست سئی (1) کو مہلا ودیالیوں سے کیوں نہ اٹھادیا جائے۔ جن پستکوں میں سرنگار کا نگن (2) اور نرلج روپ دکھایا گیا ہو انھیں لڑکیوں سے ہی کیوں لڑکوں سے بھی اُٹھا دینا چاہیے۔ ہمارے پُرانے برج بھاشا کے امرکوی، جن کی شاعری کا ادیشیہ ہی اپنے آشرے داتاؤں کی لولپ (3) ولاستا اور کامکتا (4) کو اکسانا اور ابھارنا تھا، سرنگار جیسے پوتر وشے کو اتنا گندہ اور گھنونا بنا گئے ہیں کہ آج ان کویوں پر دیا آتی ہے جو اپنی سُروچی (5) کی ہتیا کرنے کے لیے مجبور تھے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ بہاری کو اسکولوں سے بالکل اٹھا دیا جائے۔ بہاری نے کویتا کے آکاش میں ایسی اونچی اڑان لی ہے اور ایسے ایسے اچھوتے اور نازک خیال پیدا کیے ہیں کہ ان سے ونچت رہنا ساہتیہ کے ایک بڑے آنند سے ونچت رہنا ہے۔ لیکن اسکولوں کے لیے بہاری کا ایک سُدّھ ایڈیشن ہونا چاہیے جس میں کُروچی پورن دوہے نکال لیے جائیں چاہے کوی نے ان کی رچنا میں قلم ہی کیوں نہ توڑ دی ہو۔ دیو اور متی رام اور پدمکر آدی کی رچناؤں کے بھی اسکولی ایڈیشن نکلنے چاہیے۔ ہم نہیں سمجھتے کوئی ادھیاپک یا ادھیاپکا یووکوں یا یووتیوں کے سامنے ان دوہوں یا کوتسوں (6) کی ویاکھیا کیسے کرسکتی ہے۔ جن میں کوٹ کوٹ کر رتی رہسیہ (7) بھرا ہوا ہے۔ انگلینڈ میں کچھ دارشنکوں (8) کا پرستاؤ ہے کہ یووکوں اور یووتیوں کے لیے رتی شکشک اسکول کھولے جائیں ان سرنگاری کویوں کو ایسے اسکولوں میں وشیش سے استھان ملنا چاہیے۔

ستمبر 1933ء

1۔ مہلا۔ خاتون 2۔ سرنگار کا نگن۔ جسم کی سجاوٹ، ساخت 3۔ لولپ۔ بھڑکتا ہوا، شعلہ کی طرح
4۔ کامکتا۔ جنسی خواہش 5۔ سروچی۔ فطری دلچسپی 6۔ کوتسوں۔ برائیوں 7۔ رتی رہسیہ۔ روایتی بھید
8۔ دارشنک۔ دانشور

پریاگ میں مہلا ودیایام مندر

پریاگ مہیلا ودیا پیٹھ نے مہیلا ودیایام مندر کھول کر بڑا سماجک اپکار کیا ہے۔ ہمارے گرتے ہوئے سواستھ کی روک تھام جتنا مہلائیں کرسکتی ہیں اور کوئی شکتی نہیں کرسکتی۔ اس ودیایام مندر سے یہ آشا تو نہیں کی جاسکتی کہ پریاگ مہلاؤں کی کوئی بڑی سنکھیا اس سے لابھ اٹھا سکے گی۔ اس کا کام تو کیول مہلاؤں کے سامنے ایک نمونہ رکھ دینا اور کبھی کبھی پردرشن کرکے ان کے مند ہونے والے اتساہ (1) کو ابھارنا ہوگا۔ مہلاؤں کے دل میں اگر یہ بات بیٹھائی جاسکے کہ اپنے پریوار کے لیے پشٹی کر بھوجن کی دیوستھا کرنا، آبھوشنوں (2) سے کہیں زیادہ مہتو (3) کی بات ہے اور اپنے بچوں میں ودیایام کی عادت ڈال کر وہ اس کے ساتھ سب سے بڑا اپکار کرسکتی ہیں، تو راشٹر کے لیے بڑے منگل (4) کی بات ہے۔

ستمبر 1933ء

1۔ اُتساہ۔ امنگ، خوشی 2۔ آبھوشن، لباس 3۔ مہتو۔ اہمیت 4۔ منگل۔ خوشی

ودھواؤں کے گزارے کا بل

شری ہری ولاس شاردا نے اپنی سماجک سیوا سے بھارت کے اتہاس میں امر پد پراپت کرلیا ہے۔ اب انھوں نے ہندو ودھواؤں کے گزارے کا بل اسمبلی میں پیش کر کے سماج کی جو سیوا کی ہے اس کے لیے سماج کو ان کا کرتگیہ ہونا چاہیے۔ ہندو سماج کے پتن کا مکھیہ کارن اگر جاتی بھید ہے تو ودھواؤں کی دردشا(1) بھی اس کا خاص سبب ہے۔ وہی استری جو پتی کے جیون کال میں گھر کی سوامنی(2) تھی اور جس نے اس گرہستھی کے نرمان میں پتی کے ساتھ ساری کٹھنائیاں جھیلیں، پتی کے مرتے ہی اناتھ ہو جاتی ہے۔ اُسی کی گود کے لڑکے اس سے آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔ اور اس کی جو درگتی ہوتی ہے وہ ہم نتیہ اپنی آنکھوں دیکھتے ہیں۔ اُسے کیول اپنے لڑکوں یا پتی کے بندھوؤں کی دیا کا اولمبن (3) رہ جاتا ہے۔ پتی کی چھوڑی ہوئی سمپتی پر اس کا کوئی ادھیکار نہیں رہ جاتا۔ اگر سملت پریوار ہے تب تو اس کی دشا اور بھی شوچنیہ (4) ہو جاتی ہے۔ وہ سوامنی سے لونڈی ہو جاتی ہے اور سارے گھر کی سیوا کر کے اپنے جیون کے دن کاٹتی ہے اس دشا میں کتنی ہی گھر سے نکل جاتی ہیں۔ کتنی اپمان اور کٹھنائیوں سے تنگ آ کر پتیتا ہو جاتی ہیں۔ یہ بل ودھواؤں کو اپنے پتی کی سمپتی میں قانونی ادھیکار دینے کے لیے بنایا گیا ہے۔ آج ہماری سمجھ میں ایسا شاید ہی کوئی شکشت دیکتی ہو جو اس بل کا وردوھ کرے لیکن کٹر سمپردائے کے مہانو بھاؤں سے ہمیں شنکا ہے، جن کی سنکھیا اسمبلی میں کم نہیں ہے۔ ورنہ اچھوتوں کا مندر پرویش بل اب تک کب کا پاس ہو چکا ہوتا۔ شاید ان کی اور سے اس آدھار پر وروده کیا جائے کہ ودھوا سمپتی پا کر اُسے اپنے میکے والوں کو دے دے گی۔ یا کوئی الجھن پیدا کی جا سکتی ہے پر ان مہانو بھاؤں سے ہمارا یہی نویدن(5) ہے کہ یدی آپ ہندو سماج کے ہت چنتک ہیں تو اس بل میں روڑے نہ اٹکائیں۔ اگر پرش

1۔ دُردشا۔ بری حالت 2۔ سوامنی۔ مالکن 3۔ اولمبن۔ خیال، احساس 4۔ شوچنیہ۔ حیرت انگیز، فکر کے لائق
5۔ نویدن۔ گزارش

اپنی سمپتی کا جس طرح چاہے اپیوگ کرسکتا ہے تو استری کو کیوں ادھکار سے ونچت کیا جائے۔ جب سمپتی پر اس کا قانونی ادھکار ہو جائے گا تو اس کے لڑکے اتھوا بندھو بھی ان کا آدر کریں گے اور کسی کو اس کی مرضی کے خلاف کوئی کام کرنے کا ساہس نہ ہوگا۔ عورت میکے کی اُور تب بھاگتی ہے جب سسرال سے کوئی بات نہیں پوچھتا۔ جب سسرال میں اُسے آدر اور رکشا ملے گی تو وہ میکے کیوں جانے لگی۔ جو کچھ بھی ہو، اس سے ہمارا سماجک دھرم یہ ہے کہ شاستروں اور اسمرتیوں کی شرن لے کر اس بل کو رد کرانے کی چیشٹا نہ کریں۔ ودھواؤں کے ساتھ سماج نے بڑا انیائے کیا ہے اور انیائے کو پال کر کوئی سماج سرسبز نہیں ہوسکتا۔

اکتوبر 1933ء

مہلا سمیلنوں میں سنتان نگرہ

ابھی حال میں پریاگ میں پرانتیہ مہلا سمیلن ہوا۔ اس میں اور کئی مہتو کے پرستاؤ کے ساتھ سنتان نگرہ کا پرستاؤ بھی سویکرت ہوا اور میونسپلٹی اور سرکاروں سے اس کی ودھی سکھانے کا پربندھ کرنے کا آدیش کیا گیا۔ یوجنک (1) شاستر یہ کہتا ہے کہ دیش میں ایوگیہ استری پرشوں کو نیوٹرلائز کر دینا چاہیے۔ ارتھات انھیں جن شکتی سے ونچت کر دینا چاہیے اور دیش میں سنتان اتپن کرنے کا ادھکار ایسے پرانیوں کو ملنا چاہیے جو دل، دماغ اور دیہہ تینوں سے مضبوط ہو اور اس کے ساتھ ہی خوش حال بھی ہوں۔ مزدوروں اور ارتھ شکشت (2) استری پرشوں کو سنتانوتپتی کا ادھکار نہ ہونا چاہیے۔ ات ایو دیش میں جو وِدوان، پرتبھا شالی تجسوی (3) استری پرش ہیں۔ انھیں پردیش میں یوگیہ سنتان پیدا کرنے کی ذمہ داری آتی ہے۔ ات ایو اس سمیلن کی وِدوشی، منسوی سوابھیمانی (4) دیویوں کو جہاں یہ پرچار کرنے کی ضرورت ہے کہ ایوگیہ استری پرش سنتان اتپن نہ کریں وہاں اپنی یوگیہ بہنوں کو سویوگیہ سنتان اتپن کرنے کی پریرنا کرنی چاہیے۔ پڑھی لکھی وچارشیل دیویاں اور انت وچار والے پرش سنتان نگرہ نہیں کر سکتے اور نہ راشٹر انھیں اس ذمہ داری سے آزاد کر سکتا ہے۔ انھیں تو سنتان اتپن کر کے اس کا پالن کرنا ہی پڑے گا۔ اینتھا دیش میں ایوگیہ سنتان بھر جائے گی۔ دیش نے غریبوں کا روپیہ لے کر آپ کو پڑھایا۔ لکھایا اور آپ کو اس پد پر پہنچایا۔ آپ کی جات سے دیش کو کیا فائدہ پہنچا۔

ادھر بڑے بڑے وگیان شاستری اس یتن (5) میں ہے کہ لیبوریٹری میں جس طرح کی سنتان چاہے پیدا کر سکیں۔ ایک وِدوان نے تو یہاں تک بھوشیہ وانی کی ہے کہ دو ہزار تینتیس تک اس وشے میں بہت جانچ کھوج ہو چکی ہوگی اور سمبھو ہی نہیں نشچت ہے کہ دو ہزار ایک سو تینتیس تک وگیان دوارا اتپن

1۔ یوجنک شاستر۔ منصوبہ جاتی علم 2۔ ارتھ شکشت۔ ماہر معاشیات 3۔ تجسوی۔ 4۔ سوابھیمان۔ گھمنڈ کے ساتھ، گھمنڈی 5۔ یتن۔ کوشش

استری پرش سنسار میں مل چل مچار ہے ہوں گے۔ اس لیے ہمارے انت سماج کو یہ بے گار تھوڑے ہی دنوں تک جھیلنی پڑے گی۔ پھر وگیان انھیں اس ذمہ داری سے مکت کردے گا۔ تب تک بھوجن کی سمسیا بھی حل ہو چکے گی۔ ایک گولی کھا کر ہماری سنتان اتنا ہی پوشن پراپت کر سکے گی جتنا آج کل دودھ، گھی، مانس، مچھلی بھر پیٹ کھا کر بھی نہیں مل سکتا۔ بس سارے دن سیر اور گانا اور وہار ہوگا۔ افسوس اس زمانے میں ہم نہ ہوں گے۔

نومبر 1933ء

کماری شکشا کا آدرش

شکشا وبھاگ کے ادھیکش مسٹر میکنجی نے مرادآباد کی ایک کنیا پاٹھ شالا میں کماریوں کی شکشا کا جو آدرش اپستھت کیا، اس پر ہماری دیویاں ان سے خوش ہوں گی یا ناراض، یہ ہم نہیں جانتے۔ آپ کے وچار میں کماروں اور کماریوں کی شکشا میں وہی انتر (1) ہونا چاہیے، جو ان کے جیون میں ہے سمکرن اور وایو (2) وگیان سے ان کے جیون کا کوئی اپکار نہیں ہوتا۔ ورتمان شکشا پرنالی انھیں ماتا اور گرہنی بننے کے یوگیہ نہیں بناتی۔ مشکل تو یہ ہے کہ پرشوں نے مہیلاؤں کو اتنا ستایا ہے کہ اب وے ماتائیں اور گرہنی نہ بن کر اپنی آرتھک سوادھینتا (3) پراپت کرنے پر تلی ہوئی ہیں۔ اگر پرش بچے پالنا اور بھوجن پکانا نہیں جانتے تو استری کیوں سیکھے۔ جو ودیا پڑھ کر پرش روٹی کماتا ہے اور اس لیے عورتوں کو اپنی لونڈی سمجھتا ہے وہی ودیا استریاں بھی سیکھنا چاہتی ہیں۔ وہ کھانا کیوں پکائے، وکالت کیوں نہ کریں۔ ادھیاپکا کیوں نہ بنے؟ اس کا فیصلہ ہماری دیویوں کو ہی کرنا چاہیے کہ ان کی کنیائیں کیسی شکشا پائیں، سوارتھی پرشوں کا فیصلہ وہ کیوں منظور کرنے لگی۔

جنوری 1934ء

1۔ انتر۔ فرق 2۔ وایو وگیان۔ علم ماحولیات 3۔ سوادھینتا۔ آزادی

مہلاؤں کی شکشا پر پنڈت جواہر لال نہرو

کسی پچھلی سنکھیا میں ہم نے مسٹر میکنجی کے استری شکشا سمبندھی وچار کی آلوچنا کی تھی۔ مسٹر میکنجی مہلاؤں کو ماتا اور گرہنی بننے کی شکشا دینا چاہتے ہیں اور اناوشیک (1) وشیوں کو ان کے دماغ میں ٹھوس کر وہی غلطی نہیں کرنا چاہتے، جو لڑکوں کی شکشا میں کی گئی۔ لڑکوں کو دفتروں کے لیے کلرک بنانا ابھیشٹ (2) تھا۔

لڑکیوں کے سامنے وہ یہ آدرش نہیں رکھنا چاہتے۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے مہلا ودیا پیٹھ کے دیکشانت بھاشن میں اس کے وپریت مت پرکٹ کیا۔ آپ کا خیال ہے کہ مہلاؤں کو کیول ویواہک جیون کے لیے کیوں تیار کیا جائے۔ انھیں جب تک آرتھک سوتنترتا نہ پراپت ہوگی اس وقت تک پتی پتنی میں سامیہ (3) وادنہ اُتپن ہوگا۔ اگر سامیہ کا ایک ماتر آدھار آرتھک ہی ہو جائے تب بھی کمی بیشی کا جھنجھٹ رہے گا ہی۔ اگر دیوی جی ایک سو روپے لاتی ہیں اور دیوتا جی ایک سو بیس روپے تو اوشیہ ہی کچھ تھوڑی سی اسمتا (4) آجائے گی۔ اسی طرح دیوی جی زیادہ کماتی ہیں تب بھی اسمتا پیدا ہوگی۔ دونوں برابر لائیں تبھی میزان ٹھیک بیٹھے گی۔ اس کا ارتھ یہ ہوگا کہ مشکل سے سو میں پانچ دمپتی سکھی ہوں گے۔

بات یہ ہے کہ دیوتاؤں میں پردھانتا کی جو بھاؤنا اتپن ہوگئی ہے۔ یہ کیول ان کی مورکھتا کے کارن۔ وہ سمجھتے ہیں وے باہر سے دھن کما کر لاتے ہیں اس لیے ان کا مہتو ادھک ہے۔ انھیں وہ بھول جاتا ہے کہ استری گھر میں جو کام کرتی ہے وہ ان کی کمائی سے کئی گنا زیادہ مہتو کی چیز ہے۔

جہاں پرش بالکل گدھے نہیں ہیں۔ وہاں پرادھینتا (5) اور سوادھینتا (6) کی گندھ تک نہیں ہے۔ دونوں ہی ایک دوسرے کے سمان روپ سے پرادھین ہے۔ پرشوں کے درشٹی کون میں پریورتن ہو جانے سے یہ سارا ووادمٹ سکتا ہے اور پریوارک وچھید کے لگاتار سپد درشیوں سے سماج کی رکشا ہو سکتی ہے۔

جنوری 1934ء

1۔ اناوشیک۔ غیر ضروری 2۔ ابھیشٹ۔ عزیز، پیارا 3۔ سامیہ واد۔ اتحاد 4۔ اسمتا۔ نامساوات
5۔ پرادھینتا۔ غلامی 6۔ سوادھینتا۔ آزادی

روس کا نیتک اُتھان

روس کو بدنام کرنے والے انگریزی اخباروں میں برابر دہی لکھا جاتا ہے کہ روس میں وِواہ پرتھا پرایہ اٹھ سی گئی ہے۔ پریوارک سنگٹھن نشٹ ہوگیا ہے۔ استری پرش سوئیچھا (1) سے سہاینا کرتے رہتے ہیں، اُوِی۔ لیکن ادھر دو ایک بھارتیہ جنوں نے وہاں کا جو آنکھوں دیکھا ورتانت (2) لکھا ہے، اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ روس نے اور کسی وِبھاگ میں چاہے پرگتی کی ہو یا نہیں، لیکن نیتک درشٹی سے تو وہ پچھم کی انیہ سبھی انت جاتیوں سے آگے نکل گیا ہے۔ وہاں بازاروں میں ویشیائیں اپنے شکار کی تلاش میں چکر لگاتی نہیں نظر آتیں۔ نہ ہوٹلوں اور قہوہ خانوں میں عورتوں کے ننگے چتر ہی لٹکتے نظر آتے ہیں۔ جیسے یورپ اور امریکہ میں پرایا سبھی دیشوں میں دیکھا جاتا ہے۔ یہی نہیں سوزاک (3) اور اپدنش اُوِی (4) بیماریاں یورپ میں دن دن بڑھ رہی ہیں۔ روس میں بہت کم ہوگئی ہیں اور وہاں کے ڈاکٹروں کو آشا ہے کہ کچھ دنوں میں یہ فرنگی بیماریاں نیست و نابود ہو جائیں گی۔ ویشیا ورتی کا مول کارن آرتھک سنکٹ ہے، جو بعد کو مانسک وربلتا کا روپ دھارن کر لیتا ہے۔ جہاں دھن تھوڑے سے آدمیوں کے ہاتھ میں ہے۔ وہاں لازمی ہے کہ دھن وان لوگ اپنی ولاستا کو ترپت (5) کرنے کے لیے پرلوبھنوں سے کام لیں۔ اُسی سے بیماریاں بھی پھیلتی ہیں۔ جب کسی کے پاس اتنا ہی نہ رہے کہ وہ اُسے ولاستا میں اڑا سکے، تو ویشیا ورتی آپ ہی آپ پست ہو جائے گی۔ پھر جب استریوں کے لیے جیون کے کسی وبھاگ میں کوئی رکاوٹ نہیں تو وہ کیوں اس لجاسپد ورتی کا آشرے لیں۔ دھن کے لیے روپ کو بیچنا کوئی پسند نہیں کرتی۔ وہ تو پریم کے لیے ہی آتم سمرپن کرنا چاہتی ہے۔ یدی وہ پرشرم سے اپنے جیون کو سکھی بنا سکتی ہے، تو وہ یہ گھرنت آشرے (6) کبھی نہ لے گی۔

فروری 1934ء

1۔ سوئیچھا۔ اپنی خواہش 2 ۔ ورتانت۔ خبر 3۔ سوزاک۔ (مرض)
4 ۔ اپدنش۔ روپ بدلنا، بداخلاقی 5۔ ترپت۔ پورا کرنا 6۔ آشرے۔ بھروسہ، مدد

وِیواہک لین دین اور قانون

''چاند'' کے اپریل کے انک (1) میں شری کیشو انند ورما نے جہیز کنیا وکرے (2) اُدی کو پرتھاؤں کو قانون دوارا بند کرانے کا پرستاؤ کیا ہے۔ ایسی پرتھاؤں کو قانون دوارا تو کیا، یہ راج دوارا بھی بند کرایا جا سکے، تو ہمیں آپتی نہیں۔ لیکن ہمیں بھے ہے کہ یہاں قانون ہماری کچھ سہایتا نہیں کر سکتا۔ جو بات ابھی کھلم کھلا ہوتی ہے تب گپت روپ سے ہوں گی اور کسی کو خبر تک نہ ہوگی۔ جو آدمی وواہ کا اِچھک ہے وہ اپنا سب کچھ بیچ کر لڑکی خریدے گا، اُسے آپ کسی طرح نہیں روک سکتے۔ اسی طرح لڑکی کا باپ بھی ور کو خریدنے کے لیے اپنا گھر تک بیچ دیتا ہے۔ قانون تو تب بیچ میں آسکتا ہے کہ کوئی فریاد کرے؟ ہاں وواہ کے بعد کسر نکالی جا سکتی ہے اور لینے والوں کو بڑا گھر دکھایا جا سکتا ہے، لیکن تب تو وہی لینے والے اپنے ہو جاتے ہیں۔ کون اپنی پتنی کے پیارے پتا یا اپنے داماد پر مقدمہ چلائے گا نہیں صاحب یہ بیل منڈیر چڑھنے کی نہیں۔

ہاں سرکاری قانون اگر اتنا کر دے کہ ور ودھو (3) کے جوڑے بنا دے اور زبردستی یا رضامندی سے ان کا وواہ کرا دے، تب شاید کچھ اپکار ہو سکے۔ مگر تب وہ رقم ور یا کنیا کے پتا کی جیب میں نہ جا کر پولس کی جیب میں جائے گی۔ شاید اس سے زیادہ سمسیا ٹیڑھی ہے۔ جب تک لین دین سماج میں گھرنا کی درشٹی سے نہ دیکھا جائے گا اور جنتا اُسے جگھنیہ (4) نہ سمجھنے لگے گا۔ تب تک یہی دشا رہے گی۔ ہمیں اپنی ساری شکتی یہ جن مت تیار کرنے میں لگانی ہوگی۔ مشکل یہ ہے کہ وہی آدمی جو آج کنیا کے وواہ میں رفارمر بنتا ہے اور جہیز کو لعنت کرتا ہے کل پتر کے وواہ میں لمبی رقم ڈکار جاتا ہے۔ کیسے کام چلے۔

اپریل 1934ء

1۔ انک۔ عدد، شمارہ　2۔ وکرے۔ فروخت　3۔ ور ودھو۔ دولہا دُلہن　4۔ جگھنیہ۔ بہت بُرا

کیا استریوں کا پاجامہ پہننا جرم ہے؟

یوں تو کالے گورے کا بھید اس سنسار میں سبھی جگہ موجود ہے، یہاں تک کہ انگلینڈ اور فرانس تک میں بھی قانون کا اپمان ہوتا رہتا ہے، لیکن یہ مرض دکشن افریقہ میں بڑے زوروں پر ہے، اور شاید بڑھتا جارہا ہے۔ خبر ہے کہ کسی ہندوستانی استری کو گوری عورتوں کی دیکھا دیکھی پاجامہ پہننے کا شوق چرایا لیکن کالی عورت گوری عورتوں کی نقل کرنے کا ساہس کرے۔ یہ بات وہاں کے مجسٹریٹ صاحب کو ناگوار گزری۔ اس استری پر مقدمہ چلایا گیا اور اُسے جُرمانے کی سزا دی گئی۔ یہاں دیہاتوں کے بعض گنوار ٹھاکر کسی شودر کو کُرتا ٹوپی پہنتے دیکھ کر جامے سے باہر ہو جاتے ہیں اور اُس کی اچھی طرح مرمت کرتے ہیں۔ مگر یہ بے چارے ٹھاکر مورکھ ہیں۔ وہاں شکشت مجسٹریٹ ایک مہلا کو میموں کی نقل کرنے کے جرم میں سزا دیتا ہے۔ کیا وہ بھی اتنا ہی اجڈ نہیں ہے؟ ہمیں تو اس کالی دیوی کی کورو چی (1) پر دیا آتی ہے، جو ساری ایسی لوچ دار چیز کو چھوڑ کر پاجامہ پہننے چلی۔ جب سے ہٹلر کے جرمنی میں آریتو کی اور اپنی سنسکرتی کو وِشُدھ (2) رکھنے کی نئی نیتی نکالی ہے تب سے کالے گورے کا بھید شاید اور بھینکر ہو گیا ہے۔

مئی 1934ء

1۔ کورُوچی۔ بدذوقی　　2۔ وِشُدھ۔ سچ، حقیقت

سنتان نگرہ اور پراکرتک نیم

برہمچریہ (1) کے مہتو کو ہندو شاستر کاروں نے جتنا سمجھا تھا، اتنا شاید اور کہیں نہ سمجھا گیا ہو۔ لیکن اس کا اویشہ سنتان نگرہ نہیں۔ بلکہ منشیہ کے بل بدھی کی رکشا کرنا تھا۔ اتم سنتان کے لیے بھی بل بدھی کی رکشا آوشیک تھی۔ لیکن ہم اس آدرش سے گرتے گرتے یہاں تک گرے کہ بال وِواہ کی بھرمار ہونے لگی اور اُسے روکنے کے لیے قانون بنانا پڑا۔ پراچین آدرش ہرشٹ پُشسٹ (2) سنتانوں سے بھرا پورا گھر تھا۔ اس یُگ میں آبادی کی ضرورت تھی اور روٹی کا پرشن اتنا جٹل نہ تھا۔ اب زمانہ بدل رہا ہے اور سنسار میں ضرورت سے زیادہ آدمی ہو گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی بچوں کے پالن پوشن کا بھار بھی بڑھ گیا ہے۔ ہم اپنے بالکوں کو پشٹ کارک (3) بھوجن اور اچھی شکشا دینا چاہتے ہیں۔ اور بہت سے بچوں کا بوجھ سر پر لاد کر اپنی زندگی نہیں تلخ کرنا چاہتے۔ سادھارن وت کے آدمی کو اگر سات آٹھ لڑکوں لڑکیوں کا خرچ اٹھانا پڑے تو سمجھ لو کہ اس کی اور اس کے بچوں کی شامت ہے۔ اپنی بھی سانست (4) اور بچوں کی بھی سانست۔ اسی ضرورت نے سنتان نگرہ کے وچار کو جنم دیا۔ اس میں تو کسی کو آپتی نہیں ہے کہ سنتان نگرہ آوشیک وستو ہے۔ مت بھید اسی میں ہے کہ وہ ادیشیہ برہمچریہ دوارا پورا کیا جائے یا کرترم اپایوں سے۔ اگر برہمچریہ دوارا ہو سکے تو سب سے اتم لیکن وہ نہ ہو سکے، تو ہم کرترم سادھنوں کی بھی بُرا نہیں سمجھتے۔ کچھ ودوانوں کا کتھن ہے کہ ہمیں پراکرتک وِدّان میں بادھک (5) نہ ہونا چاہیے کیوں کہ اس کا پریںام بھیشن (6) ہوتا ہے۔ مگر مانو سنسکرتی تو پراکرتک وِدّان کے وِرُودھ کا ہی نام ہے۔ اگر ہم پراکرتک مارگ پر ہی چلتے تو آج بھی کندراؤں میں رہتے اور شکار پر زندگی بسر کرتے ہوتے۔ پراکرتی پر وجے پانا تو مانو سبھیتا کا لکچھیہ ہی ہے۔ ہاں سنتان نگرہ کے وِرودّھ جو سب سے وچار نیہ یوگیہ بات ہے، وہ یہ ہے کہ اس سے استری پرش کی

1۔ برہمچریہ۔ غیر شادی شدہ 2۔ ہرشٹ پُشسٹ۔ مسرور، بہت زیادہ خوشی 3۔ پُشٹ کارک۔ مقوی، طاقت پہنچانے والا 4۔ سانست۔ مصیبت 5۔ بادھک۔ رکاوٹ 6۔ بھیشن۔ بُرا، گہرا

بھوگ لالسا بڑھ جاتی ہے اور ولاس پرورتی پر انکش رکھنے کے لیے جس تیاگ اور بلیدان کی ضرورت ہے۔ اس کے سخل ہوجانے کے کارن استری پرش میں پریم بندھن ڈھیلا ہوجاتا ہے اور وہ گرہ کلہ اور اسنتوش کے روپ میں پرکٹ ہوتا ہے۔ اس کے سوا کچھ بیماریاں پیدا ہوجانے کی شنکا بھی رہتی ہے، اتایو ہمارے وچار میں دمپتی (1) کو اپنی ضرورت، آرتھک استھتی، سواستھیہ آدی کا وچار کرکے ہی اس وشے میں نشچے کرنا چاہیے۔ اس کے لیے کوئی ویاپک (2) نیم بنایا جا سکتا۔

مئی 1934ء

1۔ دمپتی۔ شریک حیات   2۔ ویاپک۔ خاص

ناریوں کے ساتھ انیائے کیوں؟

اب تک سمست سنسار میں یہ قاعدہ تھا کہ ناری کو ایک ہی کام کے لیے پرشوں سے کم مزدوری ملتی تھی۔ پرش چار آنے پاتا ہے تو ناری کو تین آنے ہی دیے جاتے ہیں۔ شاید یہ دھارنا (1) ہو کہ ناری پرش کے برابر کام نہیں کرسکتی یا یہ کہ پرش کو ایک پریوار کا پالن کرنا پڑتا ہے اور ناری جو کچھ پاتی ہے سب اپنے ہی اوپر خرچ کرتی ہے۔ لیکن سمے بدل رہا ہے یا بدل گیا ہے اور اب ناریوں نے سدھ کر دیا ہے کہ بہت سے کاموں میں وہ پرشوں کے برابر ہی نہیں، پرشوں سے زیادہ کام کرتی ہے۔ رہا پریوار کا سوال تو اب یہ ضروری نہیں رہ گیا ہے کہ ناری پریوار ہین (2) ہو۔ ان بے کاری کے زمانے میں کتنے ہی پرش اپنی پتنیوں کی کمائی پر گزر بسر کرتے ہیں۔ اور اب تو اوواہت استری بھی پچکاریوں دوارا اسنتان وتی ہوسکتی ہے۔ پھر کس قاعدے سے اس کو کم ویتن دیا جائے؟ ہاں ناریوں سے ہمارا نمر نویدن (3) ہے کہ اب وے ایکانت بھوگ کی بان چھوڑیں اور اپنے بیکار پرشوں کی اسی طرح ناز برداری کریں۔ جیسے پرش اب تک اپنی بےکار استریوں کی کرتا رہا ہے۔

مئی 1934ء

1۔ دھارنا۔ احساس، خیال 2۔ پریوار ہین۔ بے اولاد 3۔ نمر نویدن۔ گزارش

بھارت کی راشٹر بھاشا

''انگریزی بولو'' سنگھ (1) میں بھاشن دیتے ہوئے بھارت کے بھوت پُورو وائس رائے لارڈ ریڈنگ نے اس بات پر بڑا اسنتوش، ہرش تھا گر وپرکٹ کیا کہ گول میز میں آئے ہوئے پرتی ندھیوں (2) میں کچھ تو بڑے ہی قابل ہیں کیونکہ وے بڑی اچھی انگریزی بولتے ہیں۔ جب لارڈ مہودے بھارت میں تھے، انھیں یہ دیکھ کر بڑا ہرش ہوا کہ یہاں پر انگریزی بھاشا کا بڑا پرچار ہوا۔ آپ کہتے ہیں، انگریزی بھارت کی راشٹریہ بھاشا ہے۔ انگریزی بھاشا شانتی اور ذیوتھا کی بھاشا ہے۔ بھارتیہ راشٹر بھاشا کیا ہے۔ یہ ابھی تک بڑے دِگج بھی نہیں طے کر پائے ہیں۔ بہت سوچ سمجھ کر ''ہندستانی'' کو ہی یہاں کی راشٹر بھاشا نردھارت (3) کیا ہے۔ بہت بڑے انگریزی داں بھی کبھی انگریزی کو یہاں کی راشٹر بھاشا نہیں مانتے۔ ہماری سمجھ میں لارڈ مہودے نے بڑی جلدی یہاں کی راشٹر بھاشا طے کر دی۔ رہ گیا سَدشیوں کی یوگیتا کا ثبوت۔ وہ ہر ایک غلام دیش اپنے سوامی کی بھاشا کو اپنی بھاشا بنا ہی لیتا ہے۔ یدی بنگالی کوئی طوطا پالتا ہے تو اس کی راشٹر بھاشا بنگلا ہوتی ہے۔ اسی طوطے کی سنتان کسی ہندی بولنے والے کے یہاں پل کر ہندی کو ہی اپنی مادری زبان بنا لیتے ہیں۔ بعض طوطے تو اپنی اصلی بھاشا یہاں تک بھول جاتے ہیں کہ ''ٹے ٹے'' بھی کبھی نہیں کہتے۔ ٹھیک اسی پرکار کچھ نئے رنگ کے بھارتی ہندی اتنی بھول جاتے ہیں کہ اپنے ماں باپ کو بھی وے انگریزی میں ہی خط لکھا کرتے ہیں۔ ولایت سے لوٹ کر ''تم'' کی جگہ ''تُم'' کہنا معمولی بات ہے۔ ہم بھارتی بھاشا کے وچار میں بھی انگریزی کے اتنے داس ہو گئے ہیں کہ انیہ اتی دھنی تتھا سندر بھاشاؤں کا ہمیں کبھی دھیان نہیں آتا۔ اداہرنارتھ، یہ تو ستیہ ہی ہے کہ فرنچ انگریزی سے کہیں ادھک پریہ، مدھر تتھا وِیاپک (4) بھاشا ہے۔ یورپ میں ہی نہیں دنیا کے ادھیکانش بھاگوں میں اس کا ادھک پرچار ہے۔ اس کا پتا ہمیں تب لگتا ہے جب ہم انگلینڈ چھوڑ کر اور کہیں جاتے

1۔ سنگھ۔ تنظیم 2۔ پرتی ندھی۔ نمائندہ 3۔ نردھارت۔ طے شدہ، متعین 4۔ ویاپک۔ خاص

ہیں اور وہاں انگریزی جاننے کے کارن ہمیں بے وقوف بننا پڑتا ہے۔ انگریزی بڑی دھنی بھاشا ہے۔ پر جتنا تھا جس درشٹی سے ہم اسے آدر دیتے ہیں، وہ ہمارے لیے گرو کی بات نہیں ہے۔

رہ گئی "شانتی تھا ذیوستھا" کی بھاشا، اس کا ثبوت تو ہمیں آئے دن ملتا ہے۔ ولایتی ساچار پتر ڈیلی ٹیلی گراف یا ڈیلی مرر یا ڈیلی نیوز (تینوں ہی لندن کے ہیں تھا انو دار دل (1) کے پرمکھ پتر ہیں) جو انگریزی میں ہی چھپتے ہیں، پر انگلینڈ کی راج نیتی کے ادھیکانش سُوتر (2) پر ایہ انھیں کے ہاتھ میں ہیں اور ان کی بھاشا پر ایہ سب سے ادھک کٹو، (3) دُشٹ، (4) زہریلی اور نندیہ (5) ہوتا ہے۔

5 دسمبر 1932ء

1۔ انو دار دل۔ کٹر گروہ 2۔ سُوتر۔ ضابطہ، اصول 3۔ کٹو۔ سخت 4۔ دُشٹ۔ بُرا 5۔ نندیہ۔ ملامت کے لائق

بڑودہ راجیہ میں ہندی

بڑودہ ہندستان کی ان ریاستوں میں ہے جسے بہت ہی اَنت تتھا سُوشاسِت (1) کہا جاسکتا ہے۔ کچھ سے تو بڑودہ دیشی ریاستوں کا ہی نہیں، کنتو سموچے برٹش بھارت کا بھی سماجک سدھاروں میں اگوا رہا ہے۔ شکشا انیواریہ کردینا شکشا نشلک (2) کردینا تتھا بال وِواہ نشیدھ (3) اس کے اَنیک سُدھاروں میں سے ہیں۔ بڑودہ کا سب سے نیا سُدھار تھا، اپنے راجیہ بھر کے مندروں میں اچھوتوں کا پرویش اَنیواریہ کردینا۔ اس سدھار سے کچھ سماجک کپٹا نڑو بے حد دکھی ہیں۔ اس کا پربھاؤ سدورورتی (4) اور ہت کر ہے۔ اب اس ریاست کا تازہ مہان کاریہ ہے ہندی کو راجیہ بھاشا سویکار کرلینا۔ برٹش پرانتوں میں سب سے پہلے یہ سدھار مدھیہ پرانت میں ہی ہوا تھا کہ ہندی کو ہی عدالتی بھاشا سویکار کیا گیا تھا۔ اس کے بعد شاید بڑودہ ہی پہلا ایسا استھان ہے جہاں ہندی کا اب سامراجیہ ہوگا۔ بڑودہ ایک مراٹھا راجیہ ہے، جس کے ادھیکانش نِواسی گجراتی ہیں۔ اس لیے اس راجیہ کے اس سدھار کا اور بھی مہتو ہے۔ کیا ہم آشا کریں کہ اَلور، بیکانیر، اُودے پور ایسی غیر مراٹھا ریاستیں بھی اردو کے استھان پر ہندی کو سرڈ وچ آسن دیں گی۔

بڑودہ سرکار نے ادھر کئی بھولیں بھی کی ہیں جن میں سب سے بڑی بھول بوڑھے عباس طیب جی کی پنشن بند کرنا تھا۔ بھارتی سول سروس کے رٹائرڈ پنشن والے کرمچاری بھارت کے خلاف آندولن میں نربھے ہوکر بھاگ لے سکتے ہیں۔ پھر بھارت کی سیوا کرنے والا ایک بھارتی ریاست سے پنشن نہ پاوے، یہ کہاں کی بُدھیمانی ہے۔

5دسمبر1932ء

1۔ سُوشاسِت۔ اچھی حکومت 2۔ نشلک۔ مفت 3۔ نشیدھ۔ رکاوٹ 4۔ سدورورتی۔ دوررس

ہندو وِشو دیالیہ میں ہندی واد وِواد

گت رَوِی وار کو کاشی وشو وِدیالیہ میں ہندی وَاد، وِوَاد (1) ہوا۔ اَستھانی ودیالیہ کے اَتی رِکت کئی چھاتر جبل پور، پٹنہ، گروکل، کانگڑی آدی سے بھی آئے تھے۔ وِشے تھا ہندی بھاشا ہی راشٹر نرمان کا ایک ماتر سادھن ہے۔ پرانتی کونسل کے سبھاپتی سریتا رام مکھیہ وچارک تھے۔ اَستھانی کالجوں کی چار چھاترائیں بھی سملت ہوئی تھی۔ اُپستھتی اچھی تھی۔ لگ بھگ پچیس چھاتروں نے بھاگ لیا۔ ادھیکانش چھاتروں کے کتھن سے یہی سِدھ ہوتا تھا کہ وے کیول اپنی کوئی رَچنا سنا رہے ہیں، اُتّر اور پرمتّر (2) میں جس کے کارن ہی وَاد وِوَاد میں آکرشن ہوتا ہے۔ ادھر گنے گنائے چھاتروں ہی نے دھیان دیا۔ راشٹریتا کے اُتپادنوں (3) میں جاتی، دھرم اور راج نیتک تھا بھوگولِک پرستھتی، سنسکرتی اور بھاشا، ان پانچوں ہی انگوں کا ہونا آوشیک ہے، لیکن ہمارے وِچار میں ایک بھاشا کا ہونا مکھیہ ہے۔ راشٹر بھاشا کے بنا راشٹر کا بودھ ہو ہی نہیں سکتا۔ جہاں راشٹر ہے، وہاں راشٹر بھاشا کا ہونا لازم ہے۔ اگر سمپورن بھارت کو ایک راشٹر بنانا ہے تو اسے ایک بھاشا کا آدھار لینا پڑے گا۔ انگریزی بھاشا کا پرچار آپدھرم ہے۔ اسے ہم راشٹر بھاشا کا پد نہیں دے سکتے۔ بھاشا ہی راشٹر، ساہتیہ اور سنسکرتی کا نرمان کرتی ہے، آدرشوں کی سرشٹی کرتی ہے۔ ندیوں اور پہاڑوں سے راشٹریتا کے وِکاس میں جو بادھا پڑتی تھی اسے ریل اور ہوائی جہازوں نے مٹانا شروع کردیا۔ اگر ایک سنسکرتی رہتے ہوئے بھی ایک راشٹر بھاشا کا آدھار نہ رہے تو ایسا راشٹر استھائی نہیں ہوسکتا۔ ایک بھاشا بولنے والوں میں کبھی کبھی وِرودھ اُتپن ہوجاتے ہیں اور ان کے پرتھک (4) راشٹر بن جاتے ہیں۔ سنیکت امریکہ اس کا اُداہرن ہے۔ کنتو اس کی کیول ایک مثال ہے۔ اس کے پرتکول (5) ایک نسل، ایک سنسکرتی اور دھرم کے اَنتر گت بھِن بھِن

1۔ وَاد وِوَاد۔ بحث ومباحثہ 2۔ پرمتّر۔ جواب دہ 3 ۔ اتپادن۔ پیداوار 4۔ پرتھک۔ الگ
5۔ پرتکول۔ مخالف

راشٹروں کے انیک اُداہرن ہیں، اس سے یہی سِدھ ہوتا ہے کہ راشٹر نرمان میں بھاشا کا اُتھان سب سے مہتو کا ہے۔ جرمن فلاسفر فشٹے نے بھی بھاشا ہی کو مُکھیہ اُستھان دیا ہے۔ اس وِوَاد میں گرکُل کانگڑی کے دونوں چھاتروں کے کتھن سب سے اچھے رہے اور ٹرافی انھیں پردان کی گئی۔ ہم ان چھاتروں اور چھاتراؤں کو جنھیں پدک ملے ان کی سپھلتا پر بدھائی دیتے ہیں۔

26 دسمبر 1932ء

ہندی دُوارا اُچ شِکشا

مہامنا پنڈت مدن موہن مالویہ نے کاشی وِشو وِدیالیہ میں اُپادھی وِترن (1) کے شُبھ اَوسر پر ہندی مادھیم (2) دُوارا شِکشا کا سمرتھن (3) کیا اور کہا کہ شیگھر ہی وِدیالیہ میں انٹر میڈیٹ شِکشا تک ہندی دُوارا شِکشا دی جائے گی۔ ہندو وِشو وِدیالیہ کو اس وِشے میں اَگرسر ہونا چاہیے تھا اور ہمیں ہرش ہے کہ اس سے جو آشا کی جاتی تھی وہ پوری ہوئی۔ انگریزی دُوارا شِکشا لے کر ہمارے وِدیالیوں میں چھاتروں کا کتنا سمے نشٹ ہوتا ہے۔ اس کا تھوڑا بہت اَنو بھو ہم سبھی کو ہے۔ چھاتروں کو مجبور ہو کر اِتہاس اور بھوگول تک رٹنا پڑتا ہے اور ان کی ساری شکتی بھاشا تک ہی رہ جاتی ہے۔ وِشے کی اُور دھیان دینے کا انھیں اَوسر ہی نہیں ملتا۔ ہندی مادھیم سے یہ دوش مٹ جائے گا۔ سمبھو ہے، اس سدھار سے چھاتروں کا انگریزی پر اتنا اَدھیکار نہ رہ سکے۔ وے تو اتنی اچھی انگریزی لکھ یا بول نہ سکیں۔ ہمارے رئیسوں میں کتنے ہی تو انگریزی کے اتنے بڑے بھکت ہیں کہ وے اپنے لڑکوں کو انگریزوں کے اسکول میں پڑھاتے ہیں۔ ان لوگوں کو شاید یہ سدھار اچھا نہ لگے، لیکن جب یہ سدھ ہوتا جا رہا ہے کہ اب شِکشا کا آرتھک مہتو بہت کم رہ گیا ہے، تو کیول بھاشا کے پیچھے کیوں چھاتروں کی زندگی برباد کی جائے۔ پھر جرمنی، فرانس جاپان آدِی دیشوں میں راشٹر بھاشا میں ہی شِکشا دی جاتی ہے۔ تو کیا وہاں انگریزی بولنے اور سمجھنے والے لوگ نہیں نکلتے؟

26 دسمبر 1932ء

1۔ اُپادھی وِترن۔ انعام کی تقسیم 2۔ مادھیم۔ ذریعہ 3۔ سمرتھن۔ حمایت

پرانی اردو

انشا کی ''کیتکی کی کہانی'' سے تو ہندی سنسار پرِچت ہی ہے۔ انشا اٹھارھویں شتابدی میں ہوئے۔ اردو کی بنیاد ان سے بہت پہلے پڑ چکی تھی۔ سب سے پہلی اردو رَچنا دکھن کے قطب شاہ کے سمے میں ہوئی، جو سترہویں صدی کے آدی کال میں گول کنڈا کا بادشاہ تھا۔ یہ وِچتر (1) بات ہے کہ اردو کا جنم چاہے اُتری بھارت میں ہوا ہو، لیکن سب سے پراچین اردو رَچنا دکھن میں ہوئی۔ اس سمے کی اردو کا ایک نمونہ دیکھیے۔

شہنشہ مجالس کیے ایک رات،
وَزیراں کے فرزند تے (2) سب سنگات
ہر اک خوبصورت ہر اک خوش تھا
سو ہر ایک دل کش، ہر اک دل ربا۔
صراحی پیالے لے ہاتاں منے، (3)
ندیماں تے مشغول باتاں منے۔
جو مطرب (4) وہ صحرا میں اس دھات (5) گائے،
تو پھر ان کو اس شوق تے حال آئے۔
لگے مطرباں گانے یو ساز سوں
کہ دھرتی ہلے مست آواز سوں
جو گاون وہ شہ کو کماتے اُتھے۔ (6)
سو اراگاں پہ راگاں جماتے اتھے۔
شراب ہور صراحی، نقل ہور (7) جام،

1۔ وچتر۔ حیرت انگیز 2۔ تے۔ سے 3۔ منے۔ میں 4۔ مطرب۔ گویا 5۔ دھات۔ طرح 6۔ اتھے۔ تھے 7 ہور۔ اور

ہوئے مست مجلس کے لوگاں تمام

قطب شاہ کے پہلے محمد قلی قطب شاہ نے (1581-1611) اردو میں ایک مثنوی لکھی تھی۔ یہ شاید پہلا آدمی ہے۔ جس نے اردو میں پدھ رَچنا (1) کی۔ اس کا ایک نمونہ دیکھیے۔

نرنجی سانولی پر کیا ہے نظر،
خبر سب گنوا کر ہوا بے خبر۔
تیرا قد سرو نکلے جب چھند سوں (2)
دِسن (3) جوت مجکوں (4) دسن جیوں (5) قمر۔
چھند چترائی، سوں سے دسن دکھائی دینا۔
غضب ناک ہوں جیوں انگے دل ہوئے،
کلیجے پہاڑوں کے پھٹ جل ہوئے،
اک ایک جان اک کوہ یا برج جیوں،
نے ہاتھاں سے فتنے مرے گرز جیوں
کیے قصد لڑنے کو وہ دھیر تھے،
زمانہ ہوا تل اوپر سیر تھے۔
ہوا غل جدھر کا ادھر مار مار
قیامت زمیں پر ہوا آشکار

بھاوارتھ:۔ جب سینائیں کرودھ میں آئیں تو پہاڑوں کے کلیجے پھٹ کر پانی ہو گئے۔ ایک ایک پہلوان ایک ایک پہاڑ کے سمان تھا، جو ہاتھوں میں گھاتک (6) گدا لیے ہوئے تھا۔ جب وے ویر لڑنے چلے، تو سنسار پیروں کے نیچے آ گیا اور سر اوپر تھے۔

جو دریا لہو کا ابلنے لگا،
گگن اس پے کشتی ہو چلنے لگا۔
اس سے گگن بھی اردو میں پریکت (7) تھا۔

دسمبر 1932ء

1۔ پدھ رچنا۔ شاعری 2۔ چھند سوں۔ اس طرح 3۔ دسن۔ دیکھنا 4۔ مجکوں۔ مجھ کو 5۔ جیوں۔ طرح، جیسا 6۔ گھاتک۔ جان لیوا 7۔ پریکت۔ مستعمل

دکشن میں ہندی پرچار

مدراس اور آندھرا پرانت میں ہندی پرچار کا کام جتنے سنگھٹت اور سُو چارو روپ سے ہو رہا ہے، وہ سَر وتھا پرشنسی (1) ہے۔ وہاں اس سے قریب تین سو ہندی پرچارک بھِن بھِن کیندروں میں اَستھائی روپ سے کام کر رہے ہیں۔ پرچارک منڈل سے "ہندی پرچارک" نام کا ایک اُپیوگی ماسِک (2) پتر نکلتا ہے، پرتی ورش ان کا، پرچارک سمیلن ہوتا ہے۔ اور سمیلن دُوارا پراتھمِک، ومدھیمہ، اور راشٹر بھاشا، تین پریکشائیں ہوتی ہیں۔ جن کی سرو (3) پریتا کا انومان پریکشارتھیوں کی سنکھیا سے کیا جاسکتا ہے۔ اس ورش پراتھمک میں دو ہزار پانچ سو چار امیدوار تھے۔ جن میں دو ہزار ایک سو اسّٹھ پریکشا میں بیٹھے اور ایک ہزار آٹھ سو سولہ پاس ہوئے۔ مدھیمہ میں ایک ہزار ایک سو انچاس بیٹھے اور سات سو کتالیس پاس ہوئے۔ راشٹر بھاشا پریکشا میں پانچ سو اُنیاسی بیٹھے اور تین سو بیالیس پاس ہوئے۔ امیدواروں کی کل سنکھیا چار ہزار سے اوپر تھی۔ پریکشا کیندروں کی سنکھیا دو سو اکیاسی تھی۔ جن میں ایک سو چھپتر کیول آندھرا پرانت میں تھے۔ انیس تمل ناڈو میں، باون کیرل میں، چونتیس کرناٹک میں اور ایک بمبئی میں۔ پرچار کی گنتی کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ گت اکتوبر کے امیدواروں کی سنکھیا اس کے سال پہلے کی سنکھیا سے دگنی تھی۔ اور اس اُدھوگ میں پرانت کے پربھاؤشالی، گنیہ مانیہ (4) جن بھی شریک ہیں۔ ان میں سری۔ پی۔ رام سوامی، دیوان بہادر وی ایس سبرہ منیم ایر، جسٹس اے۔ وکنٹ راؤ آدی ہیں۔ ہندی پرچار منڈل کے کاریہ کرم کی جو ویوستھا تیار کی گئی ہے، اسے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اُدیشیہ کتنے اونچے اور چھیتر کتنا وستِرت (6) ہے۔

(1) سبھائیں اور جلسوں کا آیوجن

1۔ پرشنسی۔ تعریف کے لائق 2۔ ماسک۔ ماہنامہ 3۔ سَرو پریتا۔ مقبولیت

4۔ گنیہ مانیہ۔ ماہرِ فن 5۔ وِستِرت۔ پھیلا ہوا

(2) ہندی لکشاؤں کی شکشا

(3) پرچار سبھا کی پریکشاؤں کے لیے ودیارتھی تیار کرنا۔

(4) استھائی اسکولوں اور کالجوں میں ہندی کا پرچار کرنا۔

(5) ہندی ڈرامے کھیل کر جنتا میں ہندی کے پرتی پریم بڑھانا۔

ہم مدراس کے ہندی پریمیوں کو ان کے اتساہ اور لگن پر ہردے سے بدھائی دیتے ہیں۔ بھارت کی راشٹریتا ایک راشٹر بھاشا پر نربھر ہے۔ اور دکشن کے ہندی پریمی راشٹر بھاشا کا پرچار کر کے راشٹر کا نرمان کر رہے ہیں۔ راشٹر بھاشا کے بنا راشٹر کا بودھ ہو ہی نہیں سکتا۔ جہاں راشٹر ہے وہاں راشٹر بھاشا کا ہونا لازم ہے۔ اگر سمپورن بھارت کو ایک راشٹر بنانا ہے تو اسے ایک بھاشا کا آدھار لینا پڑے گا۔ انگریزی بھاشا کا ویوہار آپ دھرم ہے۔ اسے ہم راشٹر بھاشا کا پد نہیں دے سکتے۔ بھاشا ہی راشٹر، ساہتیہ اور سنسکرتی کا نرمان کرتی ہے، آدرشوں کی سرشٹی کرتی ہے، سنسکرتی میں ایک روپتا ہوتے ہوئے بھی، ایک راشٹر بھاشا کا آدھار نہ رہے تو راشٹر استھائی نہیں ہو سکتا۔

دسمبر 1932ء

ترتیہ دکشن بھارت ہندی پرچارک سمیلن

راشٹریہ ایکتا کے لیے ایک راشٹر بھاشا چاہے سب سے مُحو پورن اَنگ نہ ہو، پرمہتو پورن وشیہ ہے، اور یہ بھی نشچت ہے کہ ہندی کے سوا اور کوئی پرانتی بھاشا بھارت کی راشٹر بھاشا بننے کا دعوا نہیں کرسکتی۔ آت ایو، دکشن بھارت میں ہندی پرچار کا کام راشٹر سنگٹھن کے لحاظ سے بہت بڑا کام ہے۔ ہندی پرچار سبھا کا اپنا وِدیالیہ ہے، اپنی پتریکا ہے، وہ ہندی کی کئی پریکشاؤں کی یوجنا کرتی ہے، اور پاس ہونے والے وِدیارتھیوں کو اُپادھی دیتی ہے۔ اس کا وارشک سمیلن بھی ہوتا ہے۔ اور اب کی اس کا ترتیہ سمیلن تھا، جس کے سبھاپتی تھے شری دیوداس گاندھی۔

آپ نے اس اوسر پر جو بھاشن دیا وہ بہت ہی وچارنیہ، اُتساہ وَردھک اور سارگربھت (1) ہے۔ آپ نے سبھا کے کام کا سہاؤلوکن (2) کرتے ہوئے کہا۔ ان چودہ ورشوں میں آپ کو جو سپھلتا ملی ہے، اس کے لیے میں آپ کو بدھائی دیے بنا نہیں رہ سکتا۔ اس پرانت میں آپ پچپن لاکھ لوگوں کے پاس پہنچ سکے ہیں جن میں سے چار لاکھ آدمیوں نے ہندی کا کام چلاؤ گیان پراپت کرلیا ہے اور تیئس ہزار آدمی آپ کی پریکشاؤں میں بیٹھے ہیں۔ دوسرے بڑے معرکہ کی بات یہ دیکھ رہا ہوں کہ آپ کا کام شہروں تک ہی سیمت نہیں ہے، بلکہ دیہاتوں میں بھی پھیلا ہوا ہے۔ گت اکتوبر کی پریکشاؤں کے دو سو پچاس کیندروں میں دو سو سے ادھک گرام ہیں۔

دیوداس جی کا یہ پرستاؤ سروتھا (3) سمرتھنیہ (4) ہے کہ دکشن بھارت کے ہندی پریمی استری پُرش اتر بھارت کا دورہ کیا کریں۔ اس پرانت میں دو تین ماس رہ جانے سے کیول آپس میں پریم اور گھنشٹھتا ہی نہیں بڑھے گی، بلکہ ہندی بھاشا کا وہ اَبھیاس ہو جائے گا، جو برسوں ہندی پُستکیں پڑھنے سے نہیں پراپت ہوسکتا۔ یکت پرانت کے مزدور سال چھ مہینے کلکتے میں رہ کر پھر بنگلہ بولنے لگتے ہیں۔ انگریزی

1۔ سارگربھت۔ جامع 2۔ سہاؤلوکن۔ اچھی نظر 3۔ سروتھا۔ بالکل 4۔ سمرتھنیہ۔ حمایت کے لائق

بولنے کا ویسا ابھیاس انگلینڈ میں ہو جاتا ہے، ویسا بھارت میں نہیں ہو سکتا۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ دکشن کی ہندی پرچار سبھا کے اس کام میں پریاگ کا ساہتیہ سمّلن، یا ناگری پرچارنی سبھا بھی ہاتھ بٹائے اور ہر سال اپنے خرچ سے دس بیس ہندی سیوں کو دکشن بھیجے۔

حکومت سے ہندی پرچار کے وشے میں کسی پرکار کی آشا رکھنا اس پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ کرنا ہے، لیکن کھید ہے کہ پرانتی ودوان اور نیتاؤں نے اب تک اس وشے میں اُداسینتا (1) سے کام لیا ہے۔ ہم یہ دعوا نہیں کرتے کہ ہندی بھاشا سمّنت (2) ہے۔

اس کا پراچین ساہتیہ تو کسی بھی پراچین پرانتی ساہتیہ سے برابری کا دعوا کر سکتا ہے۔ لیکن نوین ساہتیہ میں ابھی ہندی کئی پرانتی بھاشاؤں سے پیچھے ہے۔ لیکن ہندی کا دعوا اس کے ساہتیہ کے بل پر نہیں، اس کی ویاپکتا (3) اور سُو بودھتا (4) کے بل پر ہے۔ اور اس بات میں کوئی بھی پرانتی بھاشا اس کا سامنا نہیں کر سکتی ہے۔ اگر انیہ پرانتوں میں بھی اسے وہی پروتساہن ملا ہے، تو اب تک ہندی کا بہت زیادہ ویوہار ہو گیا ہوتا۔ یدی انیہ پرانتوں میں ہندی کا پرچار اسکولوں میں انیواریہ روپ سے ہونے لگے، تو راشٹر بھاشا کی سمسیا آسانی سے حل ہو جائے۔

''ہندی بھاشا کا بھوشیہ کتنا اُجول ہے اور ان کے پرچار سے راشٹر بھاؤنا کتنی بلوان ہو جائے گی، اس کی چرچا آپ نے ان بہومولیہ شبدوں میں کیا۔

ہندی سے بھارت ورش کے ہر پرکار کے شترو کو سچا بھے ہے جس کو سندیہہ ہو وہ دکشن بھارت کے ہندی کاریہ کا نریکشن کر کے اپنا سندیہہ مٹا سکتا ہے۔ جہاں جہاں ہندی کی چھتر چھایا ہے وہاں وہاں برہمن، آبرہمن، شکشت آشکشت، ناگرک، گرامین، چھوٹے بڑے کے بھید ٹوٹ پڑے ہیں۔

بھاشا کے پرچار کے ساتھ ہی ساتھ ایک دم سچا ایکیہ (5) استھاپت ہونے لگا ہے۔ آشچریہ تو یہ ہے کہ ایک بھاشا کا آندولن اتنی دیر لگا کر کیوں شروع کیا گیا۔ کنتو شردھاوان بھوت کال پر افسوس نہیں کرتا۔ اس کا تو ورتمان سے ہی سمبندھ ہے۔ آپ وشواس رکھیں، بھوشیہ اُجول ہے۔''

جنوری 1933ء

1۔ اداسینتا۔ سستی بے کاہلی 2۔ سمّنت۔ ترقی یافتہ 3۔ ویاپکتا۔ وسعت 4۔ سُو بودھتا۔ اچھی سمجھ 5۔ ایکیہ۔ ایک ہونا

ہندی گیان یاتری منڈل کی ہندی بھاشیوں سے اپیل

ہم اس اپیل کو بڑے ہرش سے پرکاشت کرتے ہیں اور ہندی پریمیوں سے اُنورودھ کرتے ہیں کہ وہ ہندی گیان یاتری منڈل کو پروتساہن دے۔

لگ بھگ پندرہ ورش ہوئے، دکشن بھارت میں ہندی پرچار آندولن کا شری گنیش ہوا تھا۔ اس سے کوئی چار سو ہندی کیندر ہیں جن میں اب تک چھ لاکھ سے بھی ادھک اِستری پُرش ہندی کا اَدھین کر چکے ہیں۔ اس آندولن کی سپھلتا کا سارا شریہ (1) یہ پوجیہ مہاتما گاندھی جی کو ہے۔ سمبھو ہے یہ کاریہ پرارمبھک پرچار کی درشٹی سے سنتوش جنک پرتیت ہو، پرنتو راشٹر بھاشا کو سمارتھ (2) میں راشٹر جیون کا پُران سمجھنے والے ہندی پریمی گن شاید ہی اس سے ترپت (3) ہوں گے۔ کہا جاتا ہے کہ ہندی پرچار آندولن کے پردھان دو پہلو ہیں۔ راشٹریہ اور ساہتک۔ دکشن میں اس سے جو ہندی پرچار ہو رہا ہے۔ وہ راشٹریہ درشٹی سے گڑنیہ (4) ہے۔ ساہتک پہلو پر اب تک کوئی دھیان نہیں دیا گیا ہے۔ یہی کارن ہے، اس پندرہ ورش کی لمبی اَودِھی میں دکشن بھارتیوں کی ہندی اوج پورن، (5) پرواہ ے (6) یا محاورے دار نہیں بن سکی۔ ساہتک پہلو پر دھیان دینے کے لیے یہاں تدنوکول (7) سنستھا یا ویکتیوں کا نتانت (8) ابھاؤ ہے۔ اس سے دکشن بھارت میں ہندی کی سیوا کرنے والے تین سو پرچارکوں میں اتر بھارتیوں کی سنکھیا دس بارہ سے ادھک نہیں اور شیش پرچارکوں میں ہندی کی اُچ یوگیتا رکھنے والوں کی سنکھیا بھی انگلیوں پر گننے یوگیہ ہے۔ سب سے بڑے کھید کی بات یہ ہے کہ، نہ اُتر بھارت کے شکشت ایوم اتساہی نویوکوں نے اس اُور دھیان دیا اور نہ گیان ویوورودھ ساہتیہ سیویوں نے ہی دکشنیوں پر کرپا درشٹی رکھی۔ ہندی بھاشیوں کو راشٹر بھاشا کے پرچار کی اَبھلاشہ سے ہی نہیں اپتو اپنی "ماتر بھاشا" کی مولکتا کو اَکشن بنائے

1۔ شریہ۔ سہرا، کارکردگی 2۔ سمارتھ۔ عمل 3۔ ترپت۔ تشنہ، پیاس کھانا 4۔ گڑنیہ۔ شمار کے لائق 5۔ اوج پورن۔ رزمیہ 6۔ پرواہ ے۔ فکرمند 7۔ تدنوکول۔ ہمیشہ کی طرح 8۔ نتانت۔ بالکل

رکھنے کے وچار سے بھی دکشنیوں کا ساتھ دینا آوشیک ہے۔" کرانتی" کے اس یگ میں انھیں تٹستھ (1) رہ کر اپنی ماتر بھاشا کی سمھابیہ (2) بھوشیت کی گتی ودھی پر کریاتمک وچار نہ کرنا دیش کے لیے بڑا اہانی کارک ہے۔

"الپارمبھ (3) چھمتر کر' اس آریوکتی (4) کے انوسار نیتو تا کو۔تھا شکتی (5) دور کرنے کی درڑ پرتگیہ سے یہاں 1931 عیسوی کو' ہندی گیان یاتری منڈل' نامک گیانارتھیوں کی ایک سنستھا استھاپت کی گئی۔ ہندی پرچارک ودیالیہ، مدراس کے پرنسپل پنڈت ہشی کیش شرما جی مہودے اس سنستھا کے اَدھیکش چنے گئے، جو آدھاپی اس استھان کی شوبھا بڑھا رہے ہیں۔ آپ دکشن میں ہندی ساہتیہ کے بڑے پکش پاتی ہیں اور آپ کی کرپا پورن پروتساہن سے ہی پرتی ورش کچھ ہندی پریمی ہندی ساہتیہ سملن کی پریکشائیں دے رہے ہیں۔ آپ کے دُوارا منڈل کو بہت سے ہندی ساہتیہ سیویوں کی پرشنسنی اُدارتا کا پرتیچے ملا ہے۔ پوجیہ اچاریہ دوئی ویدی جی مہاراج نے ہماری اس آیوجنا کو بڑا ہی شلاگھنی (6) ایوم سمیوچت 7 بتلانے کی کرپا کی ہے۔ ہندی ساہتیہ سمیلن پریاگ تتھا ایکانیہ ہندی سنستھائیں بھی ہمیں یتوچت سہایتا دینے والی ہیں۔ کاشی کی ناگری پرچارنی سبھا نے اپنے آدھین کچھ دکشنیہ ودیارتھیوں کو وشیش روپ سے پڑھانے کا وِچار کیا ہے۔ اس کے اَتی رکت سروشری بابو شیام سندرداس جی، بابو پریم چند جی، شری ناتھ سنگھ جی، پنڈت ہری بھاؤ اُپدھیائے جی، پنڈت رام نریش ترپاٹھی جی، پروفیسر رام داس جی گوڑھ، پنڈت ہری شنکر جی شرما، پروفیسر اندر جی، شری موہن لال" مہتو ویوگی" پنڈت ماکھن لال جی چتر ویدی آدی مہانو بھاؤنے منڈل کے اُویشیوں کی پورتی میں سہایک بننے کا وچن دیا ہے۔ وشیش ہرش کی بات ہے کہ بابو سنگم لال جی اگروال، ایم۔ اے۔ بی۔ ایل کی کرپا سے" پریاگ مہیلا ودیاپیٹھ" میں دکشن بھارت کی دیویوں کے لیے کچھ وشیش چھاتر ورتیاں پراپت ہوئی ہیں۔ ہم اُکت مہانو بھاؤں تتھا سنستھاؤں کے سنچالکوں کو ان کی سمیوچت اُدارتا کے لیے اپنا ہاردِک دھنیو اد اَرپن کرتے ہیں۔ ہمیں پرتی ورش کم سے کم دو مدراسی یووکوں کو نشلک شکشن، بھوجن تتھا نو اس کے روپ میں آشرے دینے والے ہندی بھکتوں تتھا ہندی سنستھاؤں کی اِتیادھک آوشیکتا ہے۔ کیونکہ اس سے یہاں سینکڑوں ہونہار کِنتو نردھن ہندی پریمی ہیں جو بہت دنوں سے اتر بھارت میں ہی رہ کر ہندی کی اُچ شکشا پراپت کرنا چاہتے ہیں۔ ہندی پرچار آندولن کا بھوشیہ بڑا اُجول ہے اور اس کی سپھلتا کے لیے دل و جان سے کام کرنے والوں کی سنکھیا بھی کافی ہے، پرنتو ان سچے راشٹر سیوکوں کو گیان دان دینے والوں کی سنکھیا ابھی سنتوش جنک نہیں ہے۔ اتہہ شکشت ہندی بھاشیوں سے ہمارا انورُودھ ہے کہ آپ لوگ دَکشن میں ہندی بھاشا کے" ساہتک پرچار" کو آگے بڑھانے والے اس آندولن کی سہایتا کریں۔

3اپریل 1933ء

1۔تٹستھ۔الگ 2۔سمھابیہ بھوشت 3۔الپارمبھ۔ہلکی شروعات 4۔آریوکتی۔طریقہ 5۔تھا شکتی۔حتی الامکان 6۔شلاگھنی۔میل کا ہتھر 7۔سمیوچت۔مناسب

ہندستانی اکادمی

ہماری سنستھاؤں میں جہاں روپے پیسے کی بات آجاتی ہے وہیں کاریہ کرتاؤں میں ماتھامٹول ہونے لگتا ہے۔ ایک دل چاہتا ہے کہ یہ سارے روپے ہمارے متروں اور سہیوگیوں کو مل جائے۔ دوسرا دل اپنی طرف کھینچتا ہے۔ جس دل کی ہار ہو جاتی ہے وہ غل گپاڑہ مچانا شروع کرتا ہے۔ اور اس سنستھا میں اور اس کے ذمہ دار کار کرتاؤں نے ناناپرکار کے۔ تھارتھ اور کالپنک دوش نکالنے لگتا ہے، اگر وہ خود وجئی ہوتا ہے اور ذرا بھی کان پونچھ نہ ہلاتا ہے۔ تب سنستھا پورنتہ نردوش ہوتی۔ مگر چونکہ ریوڑیاں بانٹنے کا ادھیکار اس کے ہاتھ میں نہیں ہے، اس لیے اسے اس استھان میں عیب ہی عیب نظر آتے ہیں۔ ہندستانی اکادمی بھی اسی طرح کی سنستھا ہے جو کام آج تک کوئی نہ کر سکا اور وہ ہر ایک کو خوش رکھنا ہے، وہ اکادمی کرنا بھی چاہے تو نہیں کر سکتی۔ ہم نے اس وشے کا رائے صاحب شیام سندر داس کا پتر اور شری یت تاراچند منتری دوارا دیا گیا جواب دونوں دھیان سے پڑھے اور ہمیں یہی جان پڑا کہ رائے صاحب کی آلوچنا کچھ اسی طرح ہے جیسی ہر ایک سنستھا کے وشے میں کی جاسکتی ہے۔ جس سنستھا کے رائے صاحب خود کرتا دھرتا ہیں اور جسے وہ آورش سنستھا سمجھتے ہوں گے اس کے وشے میں اس سے کہیں کڑی آلوچنا کی جاسکتی ہے۔ ہاں، یدی رائے صاحب نے ایسے اداہرن دیے ہوتے کہ اکیڈمی کی کاریہ کارنی کمیٹی نے ساہتیہ کمیٹی کی سمتی کے وِرودھ سرک (1) لیکھ کو پرسکار دیا، شرک واہیات کتاب چھپوائی، شرک ویرتھ کا وکھیان دلوایا تو ایک بات ہوتی، پر ان کی آلوچنا میں ایسا کوئی اُداہرن نہیں ملتا۔ رہی یہ بات کہ اکیڈمی سرو پر (2) یہ نہیں ہے کہ اس کی پستکوں کی اور پتریکاؤں کی اچھی بکری نہیں ہوتی، یہ ضرور بجا شکایت ہے۔

1۔ شرک لیکھ۔ محنت سے لکھا مضمون۔ مقالہ 2۔ سرو پریہ۔ عزیز، پیارا

یدیپی ایک سرکاری یا اردھ سرکاری سنستھا ہونے کے ناتے اکادمی کو یہ سرو پرنتا تو پراپت نہیں ہو سکتی، جو دوسری ساہتک سنستھاؤں کو پراپت ہے۔ پھر بھی ہمارا خیال ہے کہ اکیڈمی اگر اُدھوگ کرلے اور اپنے اہمکل پوزیشن سے کام لے تو اس کی پرکاشت دستوؤں کی کھپت زیادہ ہو سکتی ہے۔ مگر گمبھیر وشے کی پستکیں کہاں گرم جلیبیوں کی طرح بکتی ہیں اور کون سی گمبھیر پتریکا نفع پر چلتی ہے؟ اگر نفع کا خیال کیا جائے تو آج سو میں اسی پتریکائیں بند کردینی پڑیں گی۔ اور اکادمی کوئی دکان نہیں ہے۔

10 اپریل 1933ء

تماہی یا تریماسک

گرت روی وار کو ہندوستانی اکادمی کے جلسے میں تماہی شبد پر بڑی منورنجک بحثیں ہوئیں۔ بابو شیام سندر داس کا پکش تھا ''تماہی پتریکا'' گنگا اور مدار کا جوڑ ہے۔ ایک مسلمان صاحب ''تماہی'' شبد کو ہی ٹکسال باہر بتلا رہے تھے اور اس کی جگہ ''سہ ماہی،، رکھنا چاہتے تھے۔ ان مہانو بھاؤں کو ابھی تک یہ نہیں معلوم کہ ہندوستانی اکادمی ہندی یا اردو اکادمی نہیں ہے۔ اس کا نام ہی بتلا رہا ہے کہ اسے سنسکرتی یا فارسی سے وشیش پریم نہیں ہے۔ اس کا ایک ادیشیہ راشٹر بھاشا کا زمان ہے اور یہ تبھی ہو سکتا ہے جب ہم ہندی اور فارسی کا موہ چھوڑ کر کھلے من سے ہر ایک بھاشا کے پرچلت شبدوں کو اپنا دیں۔ ہندی کے لیے ناگری پرچارنی سبھا اور اردو کے لیے انجمن ترقی اردو ہے۔ ''تری ت سماچار'' اور واشپ یان'' پنڈتوں کو مبارک ہو، جنتا کو تو اپنا ''تار'' اور ریل گاڑی ہی پسند ہے۔

13 نومبر 1933ء

ایک ہندی ساہتیہ وِدیالیہ کی ضرورت

جب سے مدراس پرانت میں ہندی کا پرچار بڑھنے لگا، وہاں سے سیکڑوں یووک ہندی ساہتیہ کا گیان بڑھانے کے لیے الٰہ آباد اور کاشی میں آنے لگے ہیں، لیکن یہاں ایسی کوئی سنستھا نہیں ہے، جو انھیں آشرے دے سکے۔ کاشی میں دین ساہتیہ ودیالیہ ہے پر کسی طرف سے کوئی سہایتا نہ پانے کے کارن اس کی دَشا سُویوستھت (1) نہیں ہے۔ اس کے سنچالک ستھا اَوکاش (2) اپنا کچھ سمے دیتے ہیں اور جو کچھ کرتے ہیں وہ بھی غنیمت ہے۔ ہندی پرچار کا ٹھیکا کچھ انھوں نے تو لیا ہی نہیں ہے کہ سارا دائتو (3) انھیں پر رکھ دیا جائے۔ الٰہ آباد کا ہندی ودیاپیٹھ بھی کچھ اسی دَشا میں ہے۔ یونیورسیٹیوں میں ساہتیہ شکشا کا پربندھ ہے۔ پر اس سے ایسے ودیارتھی کیا لابھ اٹھا سکتے ہیں۔ وہ تو یونیورسیٹی کے چھاتروں ہی کے لیے ہے۔ ضرورت ایسے ودیالیوں کی ہے جس میں یمت روپ سے شکشا دی جائے، ہندی کے وِدْوان ادھیاپک ہوں اور چھاتروں کے رہنے کا بھی پربندھ ہو۔ دس پانچ چھاتر ورتیاں بھی ہوں تو اور بھی اچھا۔ ہمارے یہاں آئے دن ہائی اسکول کھلتے رہتے ہیں۔ جن کی اب نہ کوئی ضرورت ہے، نہ کوئی اپیوگتا۔ کیا ہی اچھا ہو کہ کسی ودھادانی کا دھیان ادھر آکرشٹ ہو جائے۔ اگر دہلی ساہتیہ سمیلن میں یہ پرشن اٹھایا جائے اور ایسے ودیالیوں کی ضرورت دکھائی جائے تو سمبھو ہے دھنکوں کو دھیان ہو۔ اگر اس طرح کا کوئی ودیالیہ ہندو دشوودیالیہ میں کھولا جائے تو ایک بہت بڑی کمی پوری ہو جائے گی۔ کیا یہ لجا کی بات نہیں ہے کہ ہندی کے پردھان کیندر میں ایک بھی ایسا ہندی ودیالیہ نہ ہو، جہاں بھاشا بنانا چاہتے ہیں۔ انیہ پرانتوں سے وہ ٹھنڈی پڑ گئی تو پھر راشٹر بھاشا کا سوپن بہت دنوں کے لیے بھنگ ہو جائے گا۔

25 دسمبر 1933ء

1۔ سُویوستھت۔ منظم 2۔ ستھا اوکاش۔ فرصت کے وقت 3۔ دائتو۔ ذمہ داری، فریضہ

لیڈی عبدالقادر کا راشٹر بھاشا پریم

خدا بھلا کرے لیڈی عبدالقادر کا جنھوں نے کلکتہ میں مہیلا سمیلن کا نیمن (1) کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ بھارت میں راشٹر بھاشا کا پرچار ہونا چاہیے۔ ہم آپ کے اس کتھن سے پوری طرح سہمت ہیں کہ ہر ایک پرانت میں راشٹر بھاشا ارتھات ہندستانی بھی پاٹھیہ کرم (2) میں آوشیک بنادی جائے۔ آپ نے اپنے بھاشن اردو میں لکھا تھا۔ پر وہاں اردو سمجھنے والی بہت کم مہیلا تھی۔ اسی لیے آپ کو اس کا انوواد کرنا پڑا۔ بھارت کے اُدھیکانش بھاگوں میں ہندستانی بولی اور سمجھی جاتی ہے، اردو میں بھی لکھی جائے یا ہندی میں۔ مدراس میں اس کا پرچار ہورہا ہے۔ میسور میں شروع ہوگیا ہے، بنگال کے کئی وِدوان ہندی کے پرسدھ وِدوان اور لیکھک ہیں۔ ''مایا'' نام کی پتریکا کے سمپادک بنگالی سجن ہیں۔ کئی بنگالی دیویاں بھی ہندی کی کشل لیکھیکائیں ہیں۔ ان میں شری متی اوشا متر کا نام اُلیکھنیہ (3) ہے۔ ان کے گلپ چوٹی کی پتریکاؤں کی شوبھا بڑھاتے ہیں۔ جب تک ایک راشٹر بھاشا نہیں بن جاتی، تب تک ایک راشٹر کیسے بنے۔

1 جنوری 1934ء

1۔ نیمن۔ نمائندگی، آغاز 2۔ پاٹھیہ کرم۔ تعلیم و تدریس 3۔ اُلیکھنیہ۔ قابل ذکر

کاشمیر کی اسمبلی میں اردو

کشمیر سے نئی ویوستھاپکا(1) کی جو یوجنا(2) پرکاشت ہوئی ہے، اس میں زمینداروں اور مہاجنوں کے لیے وشیش نرواچن 3 نہیں رکھا گیا اور یہاں انگریزی سرکار زمینداروں کی رکشا کے لیے ایک دُوتیہ سبھا آوشیک سمجھ رہی ہے۔ یہ کون نہیں جانتا ہے کہ نرواچن میں ادھک تر زمیندار اور دھنوان (4) ہی کامیاب ہوتے ہیں، اس لیے ان سموداۓ کے لیے وشیش نرواچن کی ویوستھا وَاستو میں انھیں دوہرا نرواچن دینا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کشمیر دربار نے بہومت کا آدر کر کے وہاں کی ویوستھاپکا سبھا کی ساری کاروائی اردو میں کرنے کا نشچے کیا ہے۔ اسمبلی کے ممبروں کے لیے اردو کا گیان آوشیک رکھا گیا ہے۔ اردو کشمیر کے مسلمانوں کی بھاشا ہو یا نہ ہو، لیکن انھیں اردو سے پریم ہے۔ اَت ایو سرکار نے ان کے بھاؤں کا آدر کر کے وہی کیا ہے، جو اسے کرنا چاہیے تھا۔ ہماری ویوستھاپکا سبھاؤں میں کیوں بہومت کی بھاشا کا پرچار نہیں کیا جاتا؟ یہاں کیوں ساری کاروائی انگریزی میں کی جاتی ہے؟

29 جنوری 1934ء

1۔ ویوستھاپکا۔ منتظمہ 2۔ یوجنا۔ منصوبہ 3۔ نرواچن۔ انتخاب 4۔ دھنوان۔ سرمایہ دار

تیسویں ہندی ساہتیہ سمیلن پر ایک درشٹی پات

اُتھان پتن کی راجدھانی دلی نگر کا بہو گیا پت (1) سمیلن، پرتی ورش کے سمان سانند (2) سماپت ہو گیا۔ ایک آتر اور پینی درشٹی 3 والا درشک سمیلن کے چار دیوسوں کی کاریہ واہی کو دیکھ کر سہسا (4) یہ کہنا چاہتا، کہ نراکار (5) پرماتما جب ساکار ہوتے ہیں، تب شاید سنسار کے ایشورتھیوں (6) کو ایسی ہی نراشا ہوا کرتی ہے۔ سمیلن میں شاستری درشٹی سے اس ٹپنی میں اتنا لکھ دینا ٹھیک ہوگا۔ آگے کی پنکتیاں اس کی پرکاشت کاریہ واہی کی چریتارتھتا (7) پر لکھی جائے گی، کیونکہ سمیلن کے لیے ہندی سنسار کے ہردے میں پہلے ہی سے بہوتیری دھارنائیں تھیں، جو یوں تو ہاسیاسپد معلوم ہوتی تھی، پرنتو آج جب پٹودی ہاؤس پرتی ندھیوں کی ہاہا ہی سے شونیہ اور دھیرے دھیرے رکت ہو رہا ہے، تب بکھیری جاتی پر درشنی کی پستکوں سے ان کی وے آشنکائیں بولتی سی پرتیت ہو رہی ہیں۔ جو کچھ بھی ہو سمیلن ہو گیا، بہوتیرے پرستاؤ سویکرت کر لیے گئے۔ پریشدیں ہو گئیں۔ یعنی بلّے چمک گئے۔ اتنا تو آوشیہ ہے، کہ اس ورش سمیلن کی آتما کی بھوک نایک نایکاؤں کے روپ کی بھوک نہ تھی۔ اس کی چھدھا (8) میں لڑکھڑا کر اٹھتے ہوئے راشٹر کو جاگرتی کرتی ہوئی آشا تھی۔ سمیلن کا پرتیک پرتی ندھی، جو اس یگ میں رہتا ہے، چاہتا تھا کہ جلدی ہندی سارے بھارت کی بھاشا بن جائے۔ سمیلن نے چار دن تک گیس جلا کر، پھول برسا کر اور منگل گان گا گا کر ہمیں یہ سمجھانے کی چیشٹا کی، کہ شیگھر سے شیگھر ہندی کی اُنتی کر لیں، پرتیک بھارت واسی کے ہردے من مستشک کی ابھیویکتا (9) کا پربھاؤشالی مادھیم بن جائے۔ استو سمیلن کی پرتی دوس کے وسترت ورنن سماچار پتروں میں پرکاشت ہو رہے ہیں، پرنتو "جاگرتی" کے پاٹھکوں کو آنکھوں دیکھا آنکھوں دیکھا اُتی ورت اور وہ بھی شانتی سے لکھا ہوا۔ ادھک رُچے گا (10)۔

2 اپریل 1934ء

1۔ بہو گیا پت۔ ماہر، بہت جانکار 2۔ سانند۔ خوشی کے ساتھ 3۔ پینی درشٹی۔ غائرانہ نظر 4۔ سہسا۔ یکا یک، اچانک 5۔ نراکار۔ جس کی کوئی شکل نہ ہو 6۔ ایشورتھی۔ خدا کو ماننے والا 7۔ چریتارتھتا۔ فطری معنویت 8۔ چھدھا۔ بھوک پیاس 9۔ ابھیویکتا۔ خیالات ظاہر کرنا۔ 10۔ رُچے گا۔ خوب صورت لگے گا۔

پہلا دن

تھکے ہوئے پرتی ندھیوں اور گنیہ مانیہ (1) گنوں کے ساتھ سوچنا نوسار جلوس نکلا۔ جیسا کہ پردھان منتری شری پتو لال جی کا کتھن تھا، جلوس کا ادیشیہ نگر کی مکھیہ سڑکوں پر گھوم گھام کر پردرشنی کے ادگھاٹن سماروہ کو پورن (2) بناتا تھا۔ کوی ورایودھیا سنگھ جی اپادھیائے، ہری اودھ، نے پردرشنی کا اُدگھاٹن کیا۔ اُدگھاٹن کے پوروان کے بھاشن نے جہاں منورنجن کیا، وہاں ایک طرح سے لوگوں کے من میں ادھک اُپدیش کی بھاؤنائیں بھی پیدا کر دیں۔ پردرشنی نہ تو ہیلر کا بک اسٹال ہی تھی، نہ ہندی پستک ایجنسی کی دکان ہی۔ وہ ایک چھوٹا موٹا سنگر ہالیہ (3) سا تھا، جس نے اندھے ہندی سنسار کی آنکھیں اتنی نہ کھولیں، جتنا اس نے پستک پرکاشکوں کا دگیان اور لیکھکوں کے من کی گورو پورن پرشنسا کا جاگرن کیا۔ بھوجنتو تر، (4) وشے نرواچنی کی بیٹھک ہوئی۔ اس بیٹھک میں وہ جوش دکھتا تھا، جو بھوجنو پرانت کسی پرستاؤ کو بنانے میں پرکٹ ہوتا ہے۔ پرستاؤں کے نرمان اور ان کی سوئیکرتی کے بعد مکھیہ سمیلن میں ادھیویشن پرارمبھ ہوا۔ کیسے سمبھو ہے کہ کیسریے رنگ سے رنگی ہوئی ساڑیاں پہنے ہوئے بالیکاؤں کا منگل گان ان سُیم سیوکوں کو نہ موہ سکا ہو، جو پاس دیکھنے میں اتنا ہی اتساہ دکھا رہے تھے، جتنا اتساہ ایک سارجنٹ وارنٹ دکھانے میں پرکٹ کرتا ہے۔ پنڈال میں لگی ہوئی وِگت سبھاپتیوں کی تصویریں موٹے موٹے اکشروں میں لکھے ہوئے آدرش واکیہ اور پرتی ندھیوں، وششٹ ویکتیوں کے کرتوں کوٹوں پر لگے ہوئے لال آسمانی پھول سب کوئی مانو مگدھ سا ہوا تھے۔ ایک نراشاوادی (5) درشک کی آستھی دیکھ کر یہ بھلے ہی پرتیت ہو، کہ مکھیہ ادھیویشن (6) پرانی ادھیویشنوں سے بھی گیا بیتا (7) دکھتا تھا، پرنتو سبھاپتی، سواگ (8) تادھیکش آدی کے سندیشو اہک (9) بھاشن یہ بتا رہے تھے کہ سمیلن بھارت کی ایک لمبی اور یگاتیت (10) اِچھا کو

1۔ گنیہ مانیہ۔ قابل اعتبار 2۔ سماروہ۔ پروگرام 3۔ سنگر ہالیہ۔ چھوٹا گھر 4۔ بھوجنتو تر۔ کھانے کے بعد 5۔ نراشاوادی۔ منفی فکر والے 6۔ ادھیویشن۔ کانفرنس 7۔ گیا بیتا۔ گزرے ہوئے 8۔ سواگ تادھیکش۔ صدر استقبالیہ 9۔ سندیشو اہک۔ معلوم افزا 10۔ یگاتیت۔ عہد ماضی

پرکٹ کررہا ہے، شری مان بڑودا نریش کا ایک لیمپی کے پریوگ کا نردیش، شری مان گھن شیام داس بڑلا کا ہندی کو ویاپک بنانے کا اُپدیش، پریکشا و بھاگ کی بھی وردمی کے ساتھ ساتھ سمیلن کی کایا وردمی کے سماچار دھیان دینے یوگیہ تھے۔ شام کو بھی دوپہر کی بھانتی وشے بر واچنی کی بیٹھک ہوئی۔ رات کے گیارہ بجے تک پرستاؤ کا نرمان ہوتا اور ان کی سوئیکرتی ہوتی رہی۔

2اپریل1934ء

دوسرا دن

پراتہ کال ڈیڑھ گھنٹہ دیر کر ساہتیہ پریشد کا ادھیویشن ہوا۔ سبھاپتی شری ماکھن لال جی چترویدی کے بھاشن نے ساہتیہ اور راشٹری جیون کے انیونیہ (1) اتر دائتو (2) کو جتاتے ہوئے ساہتیہ کی واستوِک شکتی کو سامنے رکھا۔ ان کے بھاشن کی کچھ پنکتیاں وَرتمان ساہتیہ کے لیے پریرنا کا کاریہ کرتی ہیں۔ اس کے بعد پریم چند جی، نوین جی آدی کے بھاشن ہوئے۔ ان بھاشنوں نے ساہتیہ کو جنتا کے جیون کے ساتھ ساتھ چلتا ہوا بتایا اور ہندی ساہتیہ میں ویاپکتا پورن (3) راشٹریتا کو لانے کے لیے آدشیکتا بتائی۔ مدھیاہن کو وِشے نرواچنی کی بیٹھک ہوئی۔ اور چار بجے سے مکھیہ سمیلن کا ادھیویشن پرارمبھ ہوا۔ شری یُت جے چندودّیالنکار کو وِدھی پورک منگلا پرساد پاری توشک (4) دینے کی گھوشنا کی گئی۔ راتری کو اتہاس پریشد کی بیٹھک ہوئی۔ جس میں مہا مہوپادھیائے گوری شنکر ہیرا چند اوجھا، شری یُت جے چندودھالنکار آدی کے بھاشن ہوئے۔

2 اپریل 1934ء

1۔ انیونیہ۔ مختلف 2۔ اتر دائتو۔ جواب دہی، ذمہ داری 3۔ ویاپکتا پورن۔ وسعت 4۔ پاری توشک۔ انعام کا نام

تیسرا دن

پراتہ کال شری سنت گری دھر شرما چترویدی کے سبھا پتی میں درشن پریشد کی بیٹھک ہوئی۔ آپ کے لیے، سارگربھت (2) بھاشن کے بعد انیہ ودوانوں نے بھاشن دیے۔ درشن پریشد نے ایک سور سے درشن شاستر کے ادھیین کی سفارش کرتے ہوئے یہ نردھارت کیا کہ ساہتیہ سمیلن درشن شاستر پر پستکیں لکھوائے اور پرکاشت کرے۔ مدھیاہن کو وشے نردھارنی کی بیٹھک ہوئی، اور شام کو چار بجے ملکیہ ادھیویشن پرارمبھ ہوا۔ ودیارتھیوں کو اُپادھی پتر دیے گئے، پرستاؤ پاس کیے گئے۔ جس میں بھاشا کے ویاکرن کی تروٹیوں (3) پر ووچنا کرتے ہوئے ٹنڈن جی نے بھاشا سدھار پر زور دیا۔ راتری کو وگیان پریشد کی بیٹھک ہوئی، جس میں سبھا پتی شری رام داس جی گوڑ کے سندر مارمک بھاشن (4) کے اُپرانت ڈاکٹر گورکھ پرساد جی، شری سنت دیناناتھ چنچل آدی ودوانوں کے ''ویدکال نرنیے،، آدی وشیوں پر بھاشن ہوئے۔

2 اپریل 1934ء

1۔ سارگربھت۔ مختصر اور جامع 2۔ تروٹی۔ کمی 3۔ مارمک۔ معلوم افزا، گہرا

چوتھا دن

پراتہ کال گلپ (1) سمیلن اور سمپادک سمیلن کی بیٹھک ہوئی، سمپادک سمیلن میں کئی ایک مہتو پورن پرستاؤ سوئیکرت ہوئے۔ گلپ سمیلن میں شریمتی کملا بائی کبیے نے سبھاپتی کی حیثیت سے بہت ہی منورنجک انوبھو پورن بھاشن دیا۔ پریم چند جی، شری ناتھ سنگھ، جیندر کمار، ماکھن لال چترویدی آدی کے بھاشن بھی ہوئے۔ گلپ سمیلن میں شری متی رتن کماری دیوی کا سندیش نا تک گلپ کے اَتیرکت (2) ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سا تجک پہلوان کو خالی اکھاڑہ مل گیا ہو۔ مدھیاہن کو سرودانو (3) سار وشے نرواچنی کی بیٹھک ہوئی۔ شام کو مکھیہ ادھیویشن میں پرستاؤ کی سوئیکرتی کے ساتھ ساتھ سکھدیو بہاری مشر چتر سین شاستری آدی کے شاستری اور جیو بھاشن ہوئے۔ پانچ لاکھ کے فنڈ کی یوجنا کا مہتو پورن پرستاؤ سوئیکرت ہوا، اور اندور کا آمنترن بھی سویکار کیا گیا۔ راتری کو شری مہادیوی جی ورما، ایم۔اے۔ کے سبھاپتتو (4) تو میں کوی سمیلن ہوا۔ کوی سمیلن میں انیک کوی تھے اور پرایہ تین چار ہزار جنتا اُپستھت تھی۔ شری سُت بچپن، لاڈلی پرساد سیٹھی (اندور) راج کماری چوہان آدی کی کوتائیں سندر تھیں۔ باقی جو کوی آئے، جنتا کے دوارا اچھی طرح ''ہٹ'' کیے گئے۔ رات کے ڈیڑھ بجے تک کوی سمیلن ہوتا رہا۔

اس پرکار سمیلن سانند ساپت ہوا۔ سواگت کارنی کے پربندھ کرتاؤں (5) کا پربندھ پرشنسایت (6) تھا۔ سمیلن کی تیاریاں بھی ٹھیک تھیں۔ یہ بات دوسری ہے کہ پاس ہی کے رایل سینما میں ادھک بھیڑ رہتی تھی۔ ہندی پریمی یاتری دَل کی اُپستھتی سے دلی سمیلن کے آڈینس کی مہتا گھٹتی نہیں۔ ورن بہت بڑھ جاتی ہے۔

2 اپریل 1934ء

1۔ گلپ۔ فکشن 2۔ اَتیرکت۔ علاوہ، زیادہ 3۔ سرودانوسار۔ معمول کے مطابق 4۔ سبھاپتتو۔ مجلس صدارت 5۔ پربندھ کرتا۔ منتظمین 6۔ پرشنسایت۔ قابل تعریف

بے راشٹر بھاشا کا راشٹر

کوئی سمے تھا، جب دھرم کی ایکتا ہی منشیوں کے ایکی کرن (1) کا مکھیہ سادھن تھی اور ایک دھرم کے ماننے والے بھودھا سماجک اور سانسکرتک باتوں میں بھی ایک ہو جاتے تھے۔ سماج اور سنکرتی، جیون اور درشٹی کون سبھی کا اُدگم دھرم (2) تھا۔ لیکن نئی جاگرتی (3) نے دھرم کو اس اونچے استھان سے ہٹا دیا اور اس کی جگہ پر جن دیوستھاؤں کو بٹھایا، ان میں بھاشا اگر مکھیہ نہیں ہے تو کسی سے گوڑ (4) بھی نہیں ہے۔ آج ہر ایک قوم کی اپنی ایک بھاشا ہے۔ امریکا کی قومی زبان رکھنے پر بھی دو قومیں ہیں۔ دکھن امریکا میں کئی قومیں اسپینی اور پرتگالی بھاشا بولتی ہیں، پھر بھی وہ الگ الگ راشٹر ہیں۔ راشٹروں کے نرمان میں بھوگولک پرستھتیاں ہی مکھیہ ہوگئی ہیں، مگر بھاشا بھی انھیں بھوگولک پرستھتیوں سے بنتی ہے۔ ایک خاص علاقے کے رہنے والے ایک خاص زبان بنا لیتے ہیں یا یوں کہو کہ کچھ پراکرتک شکتیاں آپ ہی آپ ان کی ایک خاص زبان بنا دیتی ہیں۔ اس لحاظ سے کبھی کبھی دس دس پانچ پانچ کوس میں بولی بدل جاتی ہے، لیکن تھوڑا بہت انتر ہوتے ہوئے بھی ان بولیوں میں کچھ سمانتا رہتی ہے، اور وہی سمانتا ایک ایسی بھاشا کے روپ میں سنگھٹت ہو جاتی ہے۔ جس میں ساہتیہ کی رچنا ہونے لگتی ہے۔ اور وہی سمے پا کر اس پرانت یا دیش کی قومی زبان بن جاتی ہے۔ آج بہار، سنیکت پردیش پنجاب، الموڑا، سی۔ پی، راج پوتانا آدی پرانتوں کی بولیوں میں کافی انتر ہوتے ہوئے بھی ہندی اپنی سارو بھومکتا (5) کے کارن ان پرانتوں کی مادھیم بنی ہوئی ہے۔ ہم اپنے خاص علاقے کے باہر والوں سے بات چیت یا پتر ویوہار کرنے میں ہندی کا ہی ویوہار کرتے ہیں۔ اگر اردو کو بھی ہندی میں ملا لیا جائے کیونکہ جہاں تک بولی کا سمبندھ ہے ان دونوں بھاشاؤں میں کوئی انتر نہیں۔ تو ہندی بولنے والوں کی سنکھیا پندرہ کروڑ سے کم نہیں ہے اور سمجھنے والوں کی

1۔ ایکی کرن۔ ایک ہونا 2۔ اُدگم۔ ماخذ، مرکز 3۔ جاگرتی۔ واقف کار 4۔ گوڑ۔ پیچیدہ
5۔ سارو بھومکتا۔ ہر جگہ موجودگی

سنکھیا تو اس سے کہیں زیادہ ہے۔ آشچریہ ہے کہ ابھی تک وہ کیوں قومی زبان نہیں بن گئی۔ کچھ دن پہلے تک انیہ پرانتی بھاشا کے اپنے اُنت ساہتیہ کے بل پر یہ استھان لینے کا دعوا کرتی تھی، لیکن اُنو بھو نے اب یہ سدھ کر دیا ہے کہ ہندی ہی میں یہ چھمتا ہے کہ وہ قومی زبان بن سکے۔ بات یہ ہے کہ ابھی تک ہم نے اس وِشے کی اُور دھیان نہیں دیا۔ دکشن بھارت میں ہندی پرچار کا کام زوروں سے ہو رہا ہے۔ اگر اور پرانتوں میں بھی پرچار کیا جا سکتا تو اب تک منزل ہماری آنکھوں کے سامنے ہوتی، لیکن اب تک ہماری کوشش پریکشاؤں تک ہی بند رہی۔ اس چھیتر میں جو سنستھائیں کام کر رہی ہیں، انھوں نے ساہتیہ نرمان کا کام ہاتھ میں لے لیا، جس میں انھیں بالکل سپھلتا نہیں ہوئی، کیونکہ وے ساہتیہ سنستھائیں نہیں بنایا کرتیں، یا پرانے کویوں کے گرنتھوں کے کھوجنے میں سے اور شکتی کا دروپیوگ کیا، کیونکہ جس طرح کا ساہتیہ وہ قبروں سے نکال سکے، وہ آج کل کی ضرورتوں کو پورا نہیں کرتا۔ ہندی اردو کا ویرتھ (1) کا جھگڑا البتہ کھڑا کر دیا گیا۔ ضرورت تھی کہ جس طرح دکشن میں ہندی پرچار کا کام ہو رہا ہے۔ اسی طرح انیہ پرانتوں میں بھی ہوتا ہے اور سب سے بڑی ضرورت اس بات کی تھی کہ ہمارا راشٹر بھاشا پریشد ہوتا، جس کی ہر ایک پرانت میں شاخیں ہوتیں۔ اس پریشد میں ہم پرتیک پرانت کے ساہتک مہارتھیوں کو سنگھٹت کر سکتے اور ساہتیہ کا نرمان بھی کر سکتے، اور ان کی صلاح اور سہیوگ سے راشٹر بھاشا کا پرچار ہی نہ بڑھاتے بلکہ راشٹر ساہتیہ کا نرمان بھی کر سکتے۔ راشٹر کے لیے راشٹر بھاشا جتنی ضروری ہے، اتنی ہی ضروری راشٹر ساہتیہ بھی ہے۔ اردو ساہتیہ سنسکرتی کا ایک پردھان انگ ہے۔ پہلے اس طرح کی پریشد کی ضرورت نہ سمجھی جا رہی ہو۔ لیکن آج لوگوں کو یہ خیال پیدا ہونے لگا ہے۔ ہماری سمجھ میں یہ آنے لگا ہے کہ جب تک ہم انیہ بھاشاؤں کے سریشٹھاؤں کو ہندی میں آنے کا نمنترن نہ دیں گے۔ اور ہمارے یہاں ایسے سمیلن نہ ہوں گے۔ جس میں سبھی بھاشاؤں کے لیکھک اور وِدوان اِکتر (2) ہوں اور اپنے اُنو بھو اور پرتبھا سے ایک دوسرے کو پربھاوت کریں، ہم راشٹر کا نرمان نہ کر سکیں گے۔ ابھی تک ہمارے یہاں جو کچھ ہے وہ پرانتی ہے، اس پر راشٹر کی چھاپ نہیں ہے۔ اس عیب کو دور کرنے کے لیے ہمیں شیگھر ہی ایسا آیوجن کرنا ہوگا کہ بھارت کی ساہتیک پرتبھا کو اکٹھا کر سکیں۔ ہمیں وشواس ہے کہ بھارت کے ساہتیہ کار خوشی سے ہم سے سہیوگ کریں گے، کیونکہ راشٹر بھاشا میں وہ اپنے وچار چھیتر کو کہیں زیادہ پھیلا سکیں گے۔ جب ہماری راشٹر بھاشا ہوگی، ہمارا راشٹر ساہتیہ ہوگا، تبھی اَنتر راشٹریہ بھاشاؤں کی مجلس میں ہمیں استھان مل سکے گا۔ مدراس کے دوئی ماسک پتر ''متر دیپی'' میں ایک بنگالی وِدوان نے اس وِشے پر اپنے

1۔ وِیَرتھ۔ بیکار، بے معنی 2۔ اِکتر۔ متحد، جمع

وچاروں کو پرکٹ کرتے ہوئے کہا ہے۔

"پرانتی بھاشائیں اپنی اپنی وشیش رچنا شیلی پر چلتی ہیں۔ اس میں کوئی ہانی بھی نہیں۔ لیکن ہم کبھی بھی راشٹر سنسکرتی نہ اتپن کر سکیں گے، جو پرانتی سنسکرتی سے بھِن ہو، جب ہمیں دیش کے چنے ہوئے ساہتک رچناؤں کی صلاح دائتو (1) اور پرکاشن نہ ملے۔ وہی لوگ کلا کے اونچے آدرش ہمارے سامنے رکھ سکتے ہیں"۔

مہاراجہ صاحب بڑودا نے اپنے بھاشن میں آدی سے انت تک اسی بات پر زور دیا کہ ہندی کو کیوں اور کیسے راشٹر بھاشا بننا چاہیے۔ مہاراجہ صاحب نے ہندی کو اپنے راجیہ کی سرکاری بھاشا کا اَستھان دیا ہے، اس لیے ان کا کتھن اور بھی مہتو رکھتا ہے۔ لیکن ہم آپ کے اس خیال سے سہمت نہیں ہیں کہ ہندی کیول سامانیہ بھاشا کے روپ میں ہی راشٹر بھاشا ہو سکتی ہے۔ وِدوان لیکھک اپنی پرانتی بھاشا کو چھوڑ کر ہندی میں لکھنا نہ پسند کریں گے۔ لیکن جس میں لکھنے کی پرتبھا (2) ہے اس کے لیے بھاشا کوئی رکاوٹ نہیں ہو سکتی ہے۔ ہندی جیسی سرل بھاشا کو اپنا لینا وِدوانوں کے لیے کیول دنوں کی بات ہے۔ جب انھیں ہندی دُوارا وستیرن (3) چھیتر ملے گا، تو وے پرانتی بھاشاؤں میں لکھنے پر بھی اپنی اچھی سے اچھی رچنائیں ہندی میں بھی کر لیں گے۔ جس طرح یورپ میں پرویش پانے کے لیے کسی رچنا کا انگریزی یا فرنچ میں آنا آوشیک ہے، اسی طرح بھارت کی جنتا کے سامنے آنے کے لیے تب ہندی میں لکھنا آوشیک ہو جائے گا، لیکن اگر تھوڑی دیر کے لیے مان بھی لیں کہ ساہتیہ کاروں کو اپنی بھاشا کا موہ ہندی میں نہ لکھنے دیں گے، تو بھی ان وِدوانوں کے سنسنگ (4) اور پرامرش (5) سے لابھ تو اٹھایا ہی جا سکتا ہے۔ ایسے میلوں سے پرتیکش (6) لابھ جتنا ہوتا ہے، اس سے کہیں زیادہ اَپرتیکش لابھ ہوتا ہے، جس سے وچاروں میں پرگتی آ جاتی ہے، درشٹی کونتر بدل جاتا ہے، اور ایسے سمبندھ پیدا ہو جاتے ہیں، جن کے سامنے پرانتی دُربھاؤنائیں آپ ہی مٹ جاتی ہیں۔

شاید سنسار میں بھارت ہی ایک دیش ہے جس کی اپنی قومی زبان نہیں ہے۔ آج ایک بلوان کیندریہ شاسن کے سوا ہمیں ایکتا باندھنے والی کیا چیز ہے؟ دھرم میں شکتی نہیں، وہ چیز راشٹر بھاشا ہی ہو سکتی ہے۔

9 اپریل 1934ء

1۔ دائتو۔ فریضہ، ذمہ داری　2۔ پرتبھا۔ اقدار صلاحیت　3۔ وستیرن۔ پھیلا ہوا　4۔ سنسنگ۔ صحبت
5۔ پرامرش۔ وعدہ، عہد　6۔ پرتیکش۔ بہ نسبت

ہندی کا دعوا

کسی راشٹر کو بنانے کے لیے سنسکرتی کی سامنتا ضروری ہوتی ہے۔ بھاشا اور ساہتیہ سنسکرتی کا مکھیہ انگ ہے۔ جب تک ایک بھاشا اور ایک ساہتیہ نہ ہو، ایک راشٹر کی کلپنا نہیں کی جاسکتی۔ جب تک قوم میں اپنے وچاروں کے پھیلانے کی کوئی ایک بھاشا نہ ہو، وہ قوم نہیں کہلا سکتی۔ بھارت میں کئی سمیلن پرانتیہ (1) بھاشاؤں کے ہوتے ہوئے ہم جو ہندی کو راشٹر بھاشا کا استھان دینا چاہتے ہیں، وہ اس لیے کہ وہ بھارت میں اَدھک تر سمجھی جاتی ہے۔ اور کسی پرانت میں اس کو آسانی سے سکھایا جاسکتا ہے۔ بنگلہ بہت سمپن بھاشا ہے لیکن بنگال کے ماہر اسے کوئی سمجھ نہیں سکتا۔ یہی حال مراٹھی، گجراتی اور اَنیہ بھاشاؤں کا ہے۔ ہندی ہی ایک ایسی بھاشا ہے، جو سارے بھارت میں پھیلی ہوئی ہے۔ دَکشن میں بے شک اس کی پہنچ نہیں تھی، لیکن اب ہندی پرچار آندولن (2) نے وہاں بھی اس کے سمجھنے اور بولنے والے لاکھوں کی تعداد میں پیدا کر لیے ہیں۔ اس میں سندیہہ (3) نہیں کہ راشٹر بھاشا ہندی ہماری اس پرانتیہ ہندی کے روپ سے بہت کچھ بھنّ ہوگی۔ اس میں سبھی پرانتیہ بھاشاؤں کے شبد اور محاورے ملے ہوں گے اور وہ ہندی ویاکرن کے نیموں کو بھی کبھی کبھی توڑ دیا کرے گی۔ اس دشا میں اس کا روپ کچھ کچھ میرٹھ اور دلّی پرچلت (4) بھاشا سے ملتا ہوگا۔ اسے ہندی کہو یا اردو، اَنتر بولنے میں بہت کم، کیول لکھنے میں ہوگا۔ اس وِشے میں سہوگی ارجن کہتا ہے۔

"اس کے وِشے میں اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ اردو اور ہندی بھاشا کے روپ لگ بھگ سمان ہیں، لپی کا بھید اوشیہ ہے، پرنتو لپی (5) کا نرنے (6) تو سیکھنے والے کی سہولیت سے ہی ہوگا۔ جو لپی بھارت کے ادھک تر پرانتوں میں آسانی سے سیکھی جاسکے گی، وہی راشٹر لپی بن جائے گی۔ کچھ سمے کے لیے دونوں ہی لپیاں ساتھ ساتھ بھی رہ سکتی ہیں۔ یہی کارن ہے کہ ہندی کے حمایتی کبھی یہ مانگ پیش نہیں کرتے کہ کسی استھان سے اردو کو بَرواست (7) کرکے ہندی کو استھان دیا جائے۔ وہ تو یہی چاہتے ہیں کہ جہاں بھی ہندی کو استھان نہیں ملا، وہاں اس کا مارگ کھول دیا جائے۔

23 اپریل 1934ء

1۔ پرانتیہ بھاشا۔ علاقائی زبان 2۔ آندولن۔ تحریک 3۔ سندیہہ۔ شک 4۔ پرچلت۔ رائج
5۔ لپی۔ رسم خط 6۔ نرنے۔ فیصلہ، نتیجہ 7۔ برواست۔ نکال باہر، بے گھر

اُپ بھاشاؤں کا اُدّھار

ہمیں یہ دیکھ کر اَچنبھا بھی ہوا اور کھید بھی کہ کہیں کہیں پرانتوں کی اُپ بھاشاؤں (1) میں جان ڈالنے کا پریتن کیا جا رہا ہے۔ اودھی، برج بھاشا، بندیل کھنڈی اور بھوج پوری بھی پرایہ ہندی میں شامل سمجھی جاتی ہیں اور ان چاروں کے پاس اپنا اپنا ساہتیہ موجود ہے۔ اودھی اور برج بھاشاؤں کا تو کیا کہنا۔ ہندی ساہتیہ میں جو کچھ ہے وہ انھیں دونوں اُپ بھاشاؤں میں ہے۔ تو کیا یہ منشا ہے کہ بولیوں کو ساہتیہ کا روپ دیا جائے؟ بولیوں میں جو کچھ ساہتیہ ہے، وہ گرام گیتوں میں سُورَکشِت ہے اور گرام گیت ایکتر کرنے سے اگر ان بولیوں کی رکشا ہو سکتی ہے، تو ہم اس آندولن کے ساتھ ہیں۔ لیکن یہ خیال پھیلانا کہ بھوج پوری، ترہتی اور پرانت کی ایک سو ایک بولیوں کی ساہتیہ کی رچنا کی جائے اور اس کے پتر نکلیں، شکتی کے اُپ وَے (2) کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پندرہ کروڑ آدمی جس بھاشا کو بولتے، سمجھتے اور لکھتے ہیں، وہ تو ابھی ساہتیہ نہیں بنا سکی، اُپ بھاشائیں وہ چمتکار کیسے کر دکھائیں گی، جن کے بولنے اور سمجھنے والے لاکھوں ہی تک رہ جاتے ہیں۔

23 اپریل 1934ء

1۔اُپ بھاشا۔علاقائی بولیاں 2۔اُپ وے۔خرچ،صرفہ

ہندی، اردو اور ہندستانی

اوپر دیے ہوئے نام سے پریاگ کی ہندستانی اکادمی نے سورگیہ پنڈت پدم سنگھ جی شرما کا یہ بھاشن پستک روپ میں پرکاشت کیا ہے، جو انھوں نے مارچ 23 میں اکادمی میں دیا تھا۔ شرما جی ہندی اور سنسکرت کے ہی نہیں، فارسی اور اردو کے بھی پرکانڈ (1) پنڈت تھے اور ان کا بھاشن جتنے کھوج اور پرشرم سے لکھا گیا ہے، اتنا ہی منورنجک بھی ہے۔ آپ نے پہلے بھاگ میں یہ دکھایا ہے کہ ہماری بھاشا کا پرانا نام ہندی تھا اور امیر خسرو کے وقت تک ''اردو'' کا پریوگ ہی نہ ہوا تھا۔ امیر خسرو نے، خالق باری، میں بار بار ہندی یا ہندوی، شبد کا پریوگ کیا ہے۔ کوی میر کے زمانے میں ریختہ شبد کا ویوہار شروع ہوا۔ اردو شبد کا ویوہار اٹھارہویں صدی سے پہلے کہیں نہیں پایا جاتا۔ شاید اس کا کارن یہ ہے کہ اس وقت ہندی میں فارسی اور عربی کے شبد اتنی کثرت سے نہ آئے تھے۔ اب فارسی اور عربی کے شبد کی خوب بھرمار ہوگئی، تو ہندی کے دو بھِن بھِن روپ ہو گئے اور اب تک وہی نام چلا آتا ہے۔ ہندستانی شبد کا ویوہار انگریزی راج کال میں شروع ہوا ہے اب یہ اس ملی جلی بھاشا کا پریائے ہے، (2) جو جن سادھارن کی بھاشا اور جس میں فارسی عربی کے وہ بھی شبد دھڑلّے سے پریکت ہوتے جاتے ہیں، جو عام طور پر بولے جاتے ہیں۔ اس کا سب سے نیا نام راشٹر بھاشا ہو گیا ہے۔

فارسی لپی کا پرچار تو اسی وقت سے ہو گیا جب مسلمانوں کا بھارت پر ادھیکار ہوا۔ شاہی فرمان پتر ویوہار آدی اور سارا عدالتی کام فارسی لپی میں ہوتا تھا۔ پڑھے لکھے ہندوؤں کو بھی فارسی سیکھنی پڑتی تھی اور جس طرح آج بھی انگریزی پڑھے لوگ بہودھا انگریزی میں ہی نجی پتر ویوہار کرتے ہیں، کیونکہ انگریزی لکھنا انھیں ہندی لکھنے سے آسان معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح اس وقت بھی نج کے کاموں میں فارسی لپی کا ویوہار ہونے لگا۔

1۔ پرکانڈ۔ بڑا 2۔ پریائے۔ بدل۔ حاصل

اردو اور ہندی ویا کرن میں دھیرے دھیرے بھید بڑھتا جا رہا ہے۔ مولوی لوگ ویا کرن کو فارسی کی طرف کھینچتے ہیں اور پنڈت ورند (1) سنسکرت کی اُور۔ شرما جی نے راجہ شیو پرساد اور مولوی عبدالحق کے لیکھوں سے پرمان دے کر یہ دکھایا ہے کہ اردو ہندی کے ویا کرن میں جو بھید ہے وہ ان دونوں کو الگ الگ راستوں پر چلنے کے لیے مجبور کر رہا ہے۔ مولوی عبدالحق صاحب فرماتے ہیں۔" ہمارے یہاں اب تک جو پستکیں ییا کرن کی پرچلت ہیں، ان میں عربی بیاکرن کا انوسرن (2) کیا گیا ہے۔ اردو خالص ہندی زبان ہے اس کا سمبندھ سیدھا آریہ بھاشاؤں سے ہے۔ اس کے وِرُودھ عربی بھاشا کا تعلق سیمٹک (3) بھاشاؤں کے پریوار سے ہے، اس لیے اردو کا ویا کرن لکھنے میں عربی زبان کا انوکرن کسی طرح جائز نہیں، دونوں زبانوں کی وشیشتائیں پرتھک (4) پرتھک ہیں جو وچار نے سے سپشٹ پرتیت ہو جائیں گی۔"

اس اُداہرن سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان وِدوان ہندی اردو کے بیا کرن بھید کو کتنا دوشِت (5) سمجھتے ہیں اور کسی طرح اس بھید کو مٹانا چاہتے ہیں۔ ایک دوسرے مسلمان مولانا وحید الدین سلیم کا کتھن بھی وچار کرنے یوگیہ ہے۔

" ہمارے بعض دوست اردو کے غیر آریائی ہونے کا ثبوت عجیب طرح دیتے ہیں۔ وہ اردو زبان کی کسی کتاب کو اٹھا کر اس میں تھوڑی سی عبارت کہیں سے انتخاب کر لیتے ہیں اور اس عبارت کے الفاظ گن کر بتاتے ہیں کہ دیکھو، اس میں عربی کے الفاظ بمقابلہ فارسی اور ہندی سے زیادہ ہیں۔"

مگر فرہنگ آصفیہ سے پتہ چلتا ہے کہ ہماری زبان میں ہندی کے الفاظ تمام زبانوں سے زیادہ ہیں۔ اور جو حضرات ہماری زبان کو کھینچ تان کر عربی کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، وہ ایک ایسی غلطی کرتے ہیں کہ جس سے اس زبان کی پرکرتی (6) بگڑ جائے گی۔

لپی بھید آج کل ہماری ایک بڑی جٹل سمسیا ہے۔ اسے ہم نے دھارمک اور راجنیتک مہتو دے ڈالا ہے۔ یہ تو کچھ کچھ سمجھ جان پڑتا ہے کہ فارسی عربی کے اور سنسکرتی کے شبد کا ویوہار کم ہو جائے اور ہندستانی بھاشا عام طور پر ویوہار میں آنے لگے، لیکن لپی بھید کے مٹانے کی سمبھاؤنا دور بھوشیہ میں بھی نظر نہیں آتی۔ فارسی لپی میں اگر بھرامکتا (7) اور اَشدھتا (8) کا دوش ہے، تو ایک بڑا گُن بھی ہے اور وہ اس کی گتی (9) ہے۔ فارسی لپی ایک طرح شارٹ ہینڈ ہے اور اس میں سے اور استھان کی بچت ہوتی ہے، اور ہمارے خیال میں اس کی یہ خوبی ہی اس کی رکشا کر رہی ہے۔ مگر سنسار میں جہاں کہیں سیمٹک بھاشاؤں کا ویوہار

1۔ ورند۔ ماہر، عالم 2۔ انوسرن۔ لاگو، رائج کرنا 3۔ سیمٹک۔ عربی زبان کی بنیاد 4۔ پرتھک۔ الگ 5۔ دُوشِت۔ آلودہ 6۔ پرکرتی۔ ساخت، فطرت 7۔ بھرامکتا۔ تذبذب 8۔ اَشدھتا۔ غلطیاں 9۔ گتی۔ حرکت

ہے، وہاں ان کے سدھار کی یوجنا کی جا رہی ہے۔ اردو میں بھی کئی وِدوانوں نے لپی کو سرل بنانے کی اُور دھیان دیا ہے اور وہ نئے نئے چنھ بنا کر ان سوروں کو لکھنا چاہتے ہیں، جن کے لیے فارسی لپی میں کوئی ورن (1) ہی نہیں، مگر یہ تدبیر شاید ہی کارگر ہو سکے۔ دکھن میں مالابار، مدراس، آندھرا، میسور، آدی پرانتوں کے مسلمان وہیں کی بھاشا کا ویوہار کرتے ہیں۔ سندھ، گجرات، مہاراشٹر تھا بنگال۔ کے مسلمان بھی وہاں کی پرانتیہ لپی ہی کا ویوہار کرتے ہیں۔ بہار میں بھی سادھارن مسلمان کیتھی (2) لپی ہی کام میں لاتے ہیں۔ فارسی لپی کا ویوہار اُتر بھارت اور پنجاب کے مسلمان ہی کرتے ہیں۔ اگر ہمارے مدرسوں میں ہر ایک چھاتر کے لیے اردو اور ہندی دونوں ہی بھاشاؤں کا لکھنا پڑھنا دسویں درجے تک لازمی کر دیا جائے تو ہمارے خیال میں کچھ دنوں کے بعد شِکشِت سماج دونوں ہی لپیوں میں ابھیست (3) ہو جائے گا۔ اور اسے جو لپی ادھک پرشکرت اور سُگم اور سُو بودھ (4) جان پڑے گی اس کا ویوہار کرے گا۔

اس پرشن پر دو مسلمان وِدوان کے وِچار دیے جا چکے ہیں۔ انیہ کئی وِدوانوں نے بھی کچھ اسی سے ملتی جلتی سمتیاں (5) لکھی ہیں، ان میں جو وِچار شیل ہیں، وہ اردو وِیاکرن شیلی، پنگل آدی بھید کو مٹانے کے پکش میں ہیں اور پرایہ سبھی چاہتے ہیں کہ اردو میں فارسی اور عربی کے شبد اتنی کثرت سے نہ لائے جائیں۔ ایک صاحب کا تو کتھن ہے کہ۔

''اردو پر اُدھیکار حاصل کرنے کے لیے صرف دلی یا لکھنؤ کی زبان کا اَنوکرن (6) کافی نہیں ہے، یہ بھی ضروری ہے کہ عربی اور فارسی میں اوسط درجے کی لیاقت اور ہندی بھاشا کی اچھی یوگیہ تا پراپت کی جائے۔ اردو زبان کی بنیاد جیسا کہ معلوم ہے، ہندی بھاشا پر رکھی گئی ہے۔ اس کے کریا پد کارک چنہہ (7) اور سنگیا پد (8) ہندی سے لکھے گئے ہیں....... پس اردو زبان کا شاید جو ہندی بھاشا کو مطلق نہیں جانتا اور محض عربی فارسی کی گاڑی چلاتا ہے، وہ مانو اپنی گاڑی کو بے پہیوں کے ٹھکانے تک پہنچانا چاہتا ہے''۔

اسی سے ملتی جلتی رائے مولانا سلیم پانی پتی کی ہے۔ انھوں نے اردو زبان کو ترقی دینے اور صحیح معنوں میں ہندستانی بنانے کی ترکیب یہ بیان کی ہے'' کہ ہندو مذہب، ہندو دیو مالائی، ہندو اتہاس اور ہندو ساہتیہ کے درشٹانت (9) کا اضافہ کریں، تو اس سے ہمارے مذہب اور عقل پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا اور نہ کوئی چیز ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ان چیزوں کے وزد پر ہم یقین کریں، بلکہ اس اضافے سے ہمیں نمن

1۔ ورن۔ طبقہ 2۔ کیتھی لپی۔ کیتھی رسم خط 3۔ ابھیست۔ معروف، تجربہ، مشق 4۔ سُو بودھ۔ اچھی جانکاری

5۔ سمتیاں۔ عام رائے 6۔ انوکرن۔ قابل عمل، رائج کرنا 7۔ کریا پد کارک چنہہ۔ عملی علامت

8۔ سنگیا پد۔ اسم معرفہ 9۔ درشٹانت۔ آخری نشانہ، ہدف

بلکھت لابھ ہوں گے۔

(1) ہم بھن بھن پرکار کے وچاروں کو پرکٹ کرنے میں زیادہ سمرتھ ہو جائیں گے۔

(2) یہ الزام ہم پر سے دور ہو جائے گا کہ ہم کیول دھارمِک گھرنا کے کارن ہندو ساہتیہ سے دور بھاگتے ہیں۔

(3) ہندو ہمارے ساہتیہ سے زیادہ پریچت ہو جائیں گے۔

(4) ہماری زبان صحیح معنوں میں ہندستانی زبان کہلانے یوگیہ ہوگی۔

(5) ہندو مسلمان کے ایکیہ کی بنیاد مضبوط ہوگی۔

آگے چل کر شرما جی نے ہندی کے پرتی پرانے مسلمانوں کے انوراگ 1 کا ورنن کیا ہے۔ آپ کہتے ہیں۔

اردو کے ہی نہیں، بلکہ پہلے فارسی کے بڑے بڑے مسلمان کویوں نے ہندی میں کویتا کی ہے۔ ہندوستانی یا کھڑی بولی کے آدم کوی امیر خسرو مانے جاتے ہیں۔ بعد کے بھی انیک مسلمان ودوانوں نے، جن میں ملک جائسی، رحیم، مکھیہ ہیں، ہندی میں کویتا کی ہے۔ میر غلام علی آزاد ہندی کویتا کے اچھے پارکھی تھے۔ سید رحمت اللہ بھی اچھے کاؤیہ (2) مرمکیہ تھے۔ سید غلام نبی، رسلین، نے نائیکا ورنن پر ایک پستک اردو رباعیوں میں لکھی ہے۔ رسلین کے اتی رکت مدھونا یک رسکھان، ذوقی، جلیل، مبارک آدی نامی کوی ہوئے ہیں۔ اردو کے موجودہ شاعر حضرت حسرت موہانی نے بھی پوروی ہندی میں پد بنائے ہیں، جن کا ایک نمونہ یہ ہے۔

کہاں گئے موہی باوری بنائی کے؟
باوری بنائی کے جھلکیاں دکھائی کے، کہاں گئے
من موہن شیام نین لاگ۔
نس دن سلگ رہی تن آگ
ورہ کی رین نپٹ اندھیاری
روت دھوت کٹت جاگ جاگ۔
پریم کا روگ لگائی کے حسرت،
راگ رنگ سب دینہہ تیاگ

1۔ انوراگ۔ محبت، عبادت　　2۔ کاؤیہ مرمکیہ۔ معنویت سے بھرپور شاعری کرنے والا

انت میں شرما جی نے ہندو مسلمان دونوں ہی سے اپیل کی ہے۔

ہندی اردو کا بھنڈار دونوں ذاتیوں کے پرشرم کا پھل ہے۔ اپنی اپنی جگہ بھاشا کی ان دونوں شاکھاؤں کا وشیش مہتو ہے۔ دونوں ہی کے ساہتیہ بھنڈار میں بہو مولیہ رتن سنچت ہو گئے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ ہندی والے اردو ساہتیہ سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ اسی طرح اردو والے ہندی کے خزانے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یدی دونوں پکش ایک دوسرے کے نکٹ پہنچ جائیں اور بھید بدھی کو چھوڑ کر یدی بھائی بھائی کی طرح آپس میں مل جائیں تو وہ غلط فہمیاں اپنے آپ ہی دور ہو جائیں، جو ایک کو دوسرے سے دور کیے ہوئے ہیں۔ ایسا ہونا کوئی مشکل بات نہیں ہے۔ صرف مضبوط ارادے اور ہمت کی ضرورت ہے۔ بنا ایکتا کے بھاشا اور جاتی کا کلیان نہیں۔

اپریل 1934

سرحدی صوبے میں ہندی اور گرومکھی کا بہشکار

نئے شاسن ودھان میں کسی طرح کا سوراجیہ اور پراونسل اٹانومی (1) ملنے والی ہے۔ اس کا نمونہ ہماری سرکار نے دکھا دیا ہے کہ اسے اس کی بالکل پرواہ نہیں کہ سمھیہ سنسار میں الپ مت والوں کے کچھ حق مان لیے گئے ہیں۔ اور ان میں بھاشا، دھرم اور سنسکرتی کی رکشا کا مکھیہ ستھان ہے، مگر سمھیہ سنسار سے اسے کیا مطلب؟ اسے تو سوراجیہ ملا ہے اور وہ ایک نئی نیتی نئے ودھان کا آوشکار کرے گی۔ اور دنیا کو دکھا دے گی کہ بہومت اپنے الپ مت والوں کے ساتھ کتنی اُدارتا کا برتاؤ کرتا ہے۔ اور اس لیے اسے کیوں نہ ڈومینین سٹیٹس ملے۔ ہمارا خیال ہے، اگر الپ مت اور بہومت میں اس طرح کے ویوہار کا سرکار کو وشواس دلا دیا جائے، تو وہ ڈومینین (2) سٹیٹس نہیں، پورن سُوراجیہ (3) بھی بڑی خوشی سے دے دے گی۔

سرحدی صوبے کے شِکشا منتری مسلمان سجن ہیں، جن کی یوگیتا اور دکشتا کی ہم بہت پرشنسا سن چکے ہیں۔ سرکار کے شُبھ چنتکوں میں ان کا اونچا ستھان ہے۔ منسٹری کے لیے ابھی تک تو جس لیاقت کی سب سے زیادہ ضرورت سمجھی گئی ہے، وہ یہی ہے، اگر شِکشا وِبھاگ کے ڈائرکٹر کوئی یوروپین صاحب ہوتے تب تو منسٹر صاحب کے سر سے ساری ذمہ داری اٹھ جاتی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ بے چارا منسٹر محض کاٹھ کی پتلی ہے اور اس کی رسی دوسروں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ اگر وہ ذرا بھی اپنی سجیوتا (4) کا پریچیہ دے تو اسے منسٹری کی گدی چھوڑنا پڑے اور ساہسی تو بِرلے ہی ہوتے ہیں، جو سدھانت کے لیے سوارتھ کا تیاگ کر سکیں، اس لیے اگر ڈائرکٹر کوئی انگریز سجن ہوتے تو ہم منسٹر صاحب کو دیا کا پاتر سمجھ کر چپ ہو جاتے، لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ آج کل شِکشا وبھاگ کے ڈائرکٹر ایک مسلمان سجن ہیں اور ہندی تتھا گرومکھی کے بہشکار کا سرکلر ان کی شبھ کیرتی (5) ہے تو یہی نہیں کہ منسٹر اس ذمے داری سے نہیں بچتے بلکہ ساری ذمہ داری انھیں پر آ جاتی ہے۔ یہ تو ہماری سمجھ میں خوب آتا ہے کہ ہندستانی منسٹر ایک یوروپین ڈائرکٹر کے

1۔ پرانسل اٹانومی۔ صوبائی اٹانومی 2۔ ڈومینین سٹیٹس۔ ترقی یافتہ ریاست 3۔ سُوراجیہ۔ اپنی حکومت، خودمختاری
4۔ سجیوتا۔ متحرک 5۔ شبھ کیرتی۔ اچھا کلام

سامنے چوں نہیں کرسکتا، اور چوں کرے تو اس کی خیریت نہیں، لیکن یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ ہندوستانی منسٹر ہندستانی ڈائرکٹر کے سامنے بھی چوں نہیں کرسکتا؟ اپنی اچھا کے وِرُودھ ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ یہ بہشکار(1) دونوں سجنوں کے سنکیت(2) وچار کا پھل ہے، مگر ذمے داری منسٹری صاحب کے سر ہے، کیونکہ وہ اس پد پر اس لیے ہیں کہ پرجا کے حقوق کی رکشا کریں، وشیش کر الپ مت کے۔ بہومت اپنی رکشا آپ کرسکتی ہے۔ مگر یہاں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جو الپ مت کا رکشک سمجھا جاتا تھا، وہی اس کا بھکشک ہورہا ہے، اور اس سے بھی زیادہ شوک اور لجا کی بات یہ ہے کہ وہ لوگ بھی مون(3) ہیں، جنھیں اس وِشے میں اَلپ مت کی اُور سے لڑنا چاہیے تھا۔ ہمارے مسلم لیڈروں میں جہاں تک ہمیں معلوم ہے، ابھی تک کسی نے بھی اس اَنیائے پورن اَپمان جنک اراشٹریہ سنکیرن(4) نیتی کے خلاف آواز نہیں اٹھائی۔ اس کا اَرتھ اس کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے کہ منسٹر صاحب نے جو نیتی پرچالت کی ہے اسے پسند کیا جارہا ہے، یا کم سے کم اسے اتنا مہتو نہیں دیا جاتا کہ اس پر نیائے پکش سے کچھ کہا یا لکھا جائے۔ مسلمانوں نے اَنیہ ذاتیوں پر صدیوں تک جس نشپکشتا اور نیائے کے ساتھ شاسن کیا، اس کا اتہاس میں کوئی جواب نہیں ملتا۔ اور آج اسی جاتی کا ایک وِیکتی پرجا کے مانے ہوئے اُدھیکار چھینے لیتا ہے، اور اسی جاتی کے نیتا شانتی سے بیٹھے ہیں۔

اور یہ چنگاری اس وقت پھینکی گئی ہے، جب دویش وشواس(5) اور وِرُودھ کی بارود چاروں طرف پھیلی ہوئی ہے، اور دیش وِیاپی وِبھوٹ کا بھے ہے۔ ایک طرف تو یہ پریتن کیا جارہا ہے کہ ہندی اور اردو میں ایک رُوپتا(6) پیدا کر ان میں جو بھید ہے اس کو مٹا دیا جائے اور ان میں ایسا سَمنویہ(7) کر دیا جائے کہ وے سمارتھ میں دیش کی راشٹر بھاشا بن جائیں۔ دوسری اُور اس کھائی کو اور چوڑا کرنے کا پرتین کیا جارہا ہے، کیا ہم دوسرے پرانتوں کے مسلمان متروں سے یہ یاچنا(8) نہیں کرسکتے کہ دوسرے کے ساتھ وہی وِیوہار کرو، جو تم چاہتے ہو کہ وہ تمھارے ساتھ کریں، کہ سنہلے سِدھانت کے اَنوسار وہ اس اُور سرحدی صوبے کے اَلپ متوں کے حقوق کی حمایت کریں؟ گول میز سبھا میں مسلم اَلپ مت نے یہ بالکل جائز مانگ پیش کی تھی اور وہ ایک سور سے سویکار بھی کرلی گئی تھی کہ ان کا دھرم، بھاشا اور سنسکرتی کی رکشا، وِدھان کی مولک دھاراؤں دُوارا کردی جائے، جس میں بہومت کی اُور سے انھیں کسی پرکار کا بھے نہ رہے۔ ایسے پرتیبندھ ہر ایک جن(9) ستاتمک وِدھان کے مکھیہ سِنکھ ہیں، جو سَمپیہ سنسار میں

1۔ بہشکار۔ مخالفت 2۔ سَنکیت۔ ملا جلا، مخلوط 3۔ مون۔ خاموشی 4۔ سنکیرن۔ چھوٹا، تنگ دل 5۔ دویش وشواس۔ دو ہونے پر یقین 6۔ ایک روپتا۔ ہم شکل ہونا 7۔ سَمنویہ۔ ایکتا 8۔ یاچنا۔ منت کرنا 9۔ جن ستاتمک۔ جمہوریت

سروماننیہ سمجھے جاتے ہیں، مگر سرحدی صوبے میں وہی مسلم بہومت ہندو اور سکھ اَلپ مت کے سانسکرتک سوتوں پر دھاوا کررہا ہے، کتنے آشچر یہ کی بات ہے۔ منورتیاں بدلتی رہتی ہیں یہ ہم مانتے ہیں، لیکن اتنی نہیں کہ اَلپ مت میں کچھ اور ہو اور بہومت میں بالکل اس کے وِرودھ۔ کیا سرحدی صوبے کے مسلم بہومت نے اس پکش پات پورن نیتی سے یہ ثابت نہیں کردیا کہ ہندو سبھا کو وہاں آئینی شاسن کی استھاپنا سے جو وِرُودھ تھا وہ سروتھا سادھار تھا۔ اور جب اس دشا میں کہ اُدھیکار بہت ہی تھوڑے ملے ہیں، بہومت اتنی دست اندازی کررہا ہے تو اس وقت الپ مت کی کیا گتی ہوگی، جب اُدھیکاروں کا چھیتر بڑھ جائے گا؟ دو سال پہلے ہندی کے حمایتوں نے پنجاب سرکار سے یہ بالکل جائز مطالبہ کیا تھا۔ پتروں پر ہندی میں پتے لکھے جانے کا جو نشیدھ ہے وہ اٹھالیا جائے اور ہندی پتر نشٹ نہ کیے جایا کریں، کیونکہ وہاں ہندوؤں کی ایک بڑی سنکھیا ہندی میں ہی پتر دیوہار کرتی ہے، تو اس پر چاروں طرف واویلا مچ گیا تھا کہ اردو کو مٹایا جارہا ہے، اس کی جڑ کھودی جارہی ہے۔ حالانکہ مطالبہ سروتھا (1) نِراپدرَ ریہہ تھا۔ کچھ ہندی سرناموں سے اردو کے پرچار یا وکاس میں کوئی بادھا نہ پڑسکتی تھی۔ آج سارے دیش میں اردو سرنامے لکھے جانے لگیں، تو اس سے اردو کو کوئی بڑا فیض نہ پہنچ جائے گا اور نہ ہندی پتے لکھے جانے سے ہندی ہی مالا مال ہوئی جاتی ہے۔ کیول ان ہندی پریمیوں کے مَنو بھاؤں کے آدر کا پرشن تھا۔ جو دُربھاگیہ وش اردو نہیں پڑھ سکتے وہ مانگ ٹھکرادی گئی، حالانکہ ہندی پریمیوں کی سنکھیا پنجاب میں بھی بیس فیصدی سے کم نہ ہوگی، لیکن وہی لوگ جنھوں نے ہندی کا یہاں وِرودھ کیا، یہ ہرگز نہ برداشت کریں گے، کہ دکشن بھارت میں مسلمانوں کی تعداد شاید دس فی صدی سے زیادہ نہ ہوگی، اردو سرنامے والے پتر پھاڑ کر پھینک دیے جائیں اور برداشت کرنا بھی نہیں چاہیے۔ اردو کیول پرانتیہ بھاشا نہیں ہے مگر اسی طرح ہندی کیول پرانتیہ بھاشا نہیں ہے، اور ان میں سے کسی ایک کو بھی مٹایا نہیں جاسکتا، ان کی اُنتی پرتھک رہ کر بھی سہیوگ میں ہے۔ دونوں کو اپنے اپنے وِکاس اور پھیلاؤ اور سمپنّتا (2) کا سمان اَوسر ملنا چاہیے۔ کیا اردو پریمیوں میں کلپنا کا اتنا اَبھاؤ ہے کہ وہ خود جس حق پر جان دیتے ہیں، وہی دوسروں سے چھین لینا چاہتے ہیں اور اس دکھ اور نراشا اور منستاپ (3) کی کلپنا نہیں کرسکتے، جو ایسی دَشا میں انھیں خود ہوتا ہے؟ یہ تو بالکل انگریزی ریتی ہے کہ جو چیز انگلینڈ کے لیے سدھار سمجھی جائے، وہ ہندستان کے لیے وِش۔

ذرا اس اُدیشیہ پر وچار کرنا چاہیے جسے پورا کرنے کے لیے اس نیتی کا آوشکار کیا گیا ہے۔ سرحدی صوبہ اپنے بالکوں اور بالیکاؤں کو پرانت کی وِیاپک بھاشا میں شکشا دینا چاہتا ہے، جس سے وہ ہندستان

1۔ سروتھا نراپدرَ ریہہ۔ بالکل کمزور　　2۔ سمپنّتا۔ خوش حالی　　3۔ منستاپ۔ انسانی بے چینی

میں اپنا اُچت ستھان پراپت کرسکیں۔ اور اس کے لیے بھن بھن بھاشاؤں میں شکشا دینا اُمت کر ہے۔
سرحدی صوبے میں عام زبان اردو ہے، اس لیے سب کو اردو میں ہی شکشا ملنی چاہیے اور انگریزی کا تو پربھتو(1) ہے ہی، اگر ہر ایک پرانت اسی نیتی کا انوسرن کرنے لگے تو دیش میں ہاہا کار مچ جائے۔ ہندستان کے اکثر صوبوں میں اردو جاننے والوں کی سنکھیا گھٹنے ہے پھر بھی اردو پڑھانے کا بھی جگہ کافی انتظام ہے۔ اور ہونا چاہیے۔ بہار میں تو جہاں کہیں چھ لڑکے بھی اردو پڑھنے کے اِچھک ہوں، وہاں ان کے لیے شکشا کا پربندھ ہوسکتا ہے۔ ہم یہ مانتے ہیں کہ بعض حالتوں میں الپ مت کو بہومت میں ملا دینے کے لیے اور اس پرکار آپس کے بھید بھاؤ کی جڑ کاٹ ڈالنے کے وچار سے جبراً ایسی نیتی کا آشریہ لینا پڑتا ہے، لیکن یہ اسی حالت میں ممکن ہے، جب الپ مت کے پاس اپنی کوئی بھاشا کوئی ساہتیہ یا سنسکرتی نہ ہو۔ سرحدی پرانتوں کے ہندو اس شرینی میں نہیں آسکتے۔ ان کے پاس وہ سب کچھ کافی موجود ہے، جس سے ان کی پرتھک ساماجک ستا مانی جانی چاہیے۔ کئی باتوں میں تو وہ بہومت سے بڑھے ہوئے ہیں۔ شکشا ہی کو لے لیجیے۔ صوبے بھر کے اکتیس میڈل اسکولوں میں انتیس ہندوؤں اور سکھوں کے پربندھ میں ہیں۔ ہندو لڑکیوں کی سنکھیا مسلم بالیکاؤں سے کہیں زیادہ ہے، مڈل کی پرکشا میں چھ سات اردو لڑکیوں کے مقابلے میں ہندو اور سکھ کنیاؤں کی سنکھیا ایک سو انسٹھ تھی۔ ہندو سرکار کو انکم ٹیکس بھی اپنی سنکھیا کے انوپات سے کہیں زیادہ ادا کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں انھیں بہومت میں ملا لینے کی کوئی کوشش بے کار ہے۔ اسی طرح جیسے ہندو بہومت مسلمانوں کو اپنے میں پچا لینا چاہیے، تو یہ اس کی حماقت ہوگی، یدّپی ہم وشیش اُدھیکاروں کے پکش میں نہیں ہیں۔ لیکن جس نیتی پر آج کل بھارت چل رہا ہے اس لحاظ سے تو سرحدی صوبے کے ہندوؤں کو اور سکھوں کو وشیش اُدھیکار ملنے چاہیے۔

ان ساری پرستھیتیوں پر وچار کر کے ہم اسی نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اس نئی نیتی کی پریرنا چاہے اور جن کارنوں سے ہوئی ہو، راشٹر ہت کی سد بھاؤنا(2) ان میں نہیں ہے۔ آرتھک درشٹی بے شک اس نیتی کے لیے ایک عذر پیش کیا جاسکتا ہے، مگر جب تک سرحد کی ہندی جنتا صوبے کا وششٹ(3) انگ ہے تو اس کے سوتوں کو کسی آرتھک نیتی پر ہوم نہیں کیا جانا چاہیے یہ کہنا کہ یہ قدم نیک نیت سے اٹھایا گیا ہے کسی کو دھوکے میں نہیں ڈال سکتا۔

ہماری دشا کتنے اُپہاس(4) کتنی لجا اور کتنی دیا کے یوگیہ ہے۔ ہم تھوڑا سا اُدھیکار پا کر بھی اس کا

1۔ پربھتو۔ بول بالا، شہرت، سبقت 2۔ سد بھاونا۔ خوش فکری 3۔ وششٹ۔ خاص 4۔ اُپہاس۔ مضحکہ خیز

سدپیوگ نہیں کر سکتے۔ وہی ہم جو دوسروں کے پیروں کے نیچے پڑے سسک رہے ہیں۔ اپنی تنگ دلی اور اپنی دور درشتا سے ان لوگوں کو کچلنے سے باز نہیں آتے، جن پر ہمارا قابو ہے، جب تک ہم اس منورتی سے اپنے کو مکت نہ کرلیں گے اور ہم میں ایک دوسرے کے پرتی سدبھاؤنا نہ جائے گی، ہمیں چاہے سوراجیہ ملے، چاہے سورگ، ہمیں غلامی سے نجات نہ ملے گی۔ ہمارے بھاگیہ کے وِدھاتا ہماری اس نوچ کھسوٹ پر جتنے خوش ہوں اور اچھلیں اور کودیں اور شادیانے بجائیں وہ کم ہے۔ کاش، ہم ان کا وہ سن بھاشن سن سکتے، جو پیالوں کے دور کے ساتھ کلب میں ہماری ان کرتیوں پر ہوتے ہیں۔ کیا ہم آشا کریں کہ سرحد کا شکشا وبھاگ اپنی غلطی تسلیم کرے گا، جو مہاتما کا سب سے بڑا اپمان ہے اور اس پالیسی کو زمین کے اندر دفن کردے گا۔ مسلم نیتاؤں سے بھی ہماری یہی پرارتھنا ہے کہ دے اپنے پربھاؤ اور اپنی اُدارتا اور راشٹر ہت کامنا سے کام لے کر قوم کو اس اَنرتھ سے بچائیں۔

دسمبر 1935ء

ہندستان کی قومی زبان

کانپور کے سہوگی ،زمانہ، میں مسٹر سلیم جعفر نے اُکت وشے پر ایک ساہس پورن لیکھ لکھتے ہوئے اَنت میں کہا ہے۔

”اگر ایک زبان کا پیدا کرنا ضروری ہے تو اور نہیں تو ہندو اور مسلمان اسی پر رضامند ہو جائیں کہ دونوں اپنے اپنے بچوں کو ہندی اور اردو دونوں زبانیں مدرسوں میں پڑھوائیں گے ،اور جو مہتو آج انگریزی کو حاصل ہے، اس کی جڑ کاٹ دیں گے، دفتروں کی زبان بدلوا دیں گے، عدالتوں میں فیصلے ملکی زبانوں میں لکھے جائیں گے اور وکیل ملکی زبانوں میں بحث کریں گے، کیونکہ ان باتوں کے بغیر انگریزی کے پربھتو(1) پر آنچ نہیں آسکتی۔

ہندو تو آج بھی لاکھوں کی سنکھیا میں اردو پڑھتے ہیں، لکھتے ہیں اور اس کو اپنی ماتر بھاشا سمجھتے ہیں، مسلمانوں نے شروع میں ہندی کو اپنایا تھا، مگر وہ ہندی کا اکشر دیکھنا بھی گناہ سمجھتے ہیں۔ کیا ہمارے مسلمان دوست اس بات پر راضی ہوں گے کہ ہندی ہائی اسکول تک لازمی قرار دے دی جائے۔ ہمارا یقین ہے ہندوؤں کو ہائی اسکول تک اردو کے لازمی بنائے جانے میں اعتراض نہ ہوگا۔ اگر دونوں زبانیں ہائی اسکول تک لازمی ہو جائیں تو دونوں زبانوں کا وکاس اس ڈھنگ سے ہوگا کہ وہ دن دن ایک دوسرے کے سَمیپ(2) آتی جائیں گی اور ایک دن دونوں بھاشائیں ایک ہو جائیں گی۔ اگر مسلمان اسے منظور کرلیں تو ملکی زبان بھی یہی ہو جائے گی، فیصلے بھی اسی زبان میں لکھے جائیں گے اور وکیل بھی اسی زبان میں بحث کریں گے، جب تک دونوں بھاشاؤں کو سَمیپ نہ لایا جائے گا، انگریزی کا پربھتو بنا رہے گا۔“

ستمبر 1935

1۔ پربھتو۔ سبقت، شہرت، مقبولیت 2۔ سمیپ۔ نزدیک

ہندوستانی اکادمی کا سالانہ جلسہ

ہندستانی اکادمی پریاگ کا سالانہ جلسہ جنوری کے پہلے سپتاہ میں ہونا نشچت ہوا ہے۔ اس اَوسر پر پرانت کے سولیکھک (1) اور وِدوان اِیکتر ہوکر ساہتیہ اور سنسکرتی کے اَنیک وِشوؤں پر وِشواس کریں گے اور لیکھ پڑھیں گے۔ اکادمی نے اب کی اردو وِبھاگ کی صدارت کے لیے دکشن کے ویودردھ (2) اَنوبھوی اور کرم یوگی مولانا عبدالحق کو نمنترت (3) کیا ہے۔ ہندی وِبھاگ کے سبھاپتی مانیہ ڈاکٹر گنگا ناتھ جھا ہوں گے۔ بہار کے یشوی لیکھک، راج نتی وِشارد (4) اور وکتا شری (5) سچد انند سنگھ جلسے کے سبھاپتی چنے گئے ہیں۔ اس طرح اکادمی نے اپنی اَنتر پرانتیتا کا پریچیہ دے دیا ہے۔ ہمارے دیش میں ساہتیہ کی پرانتیہ سنستھائیں تو اَنیک ہیں، پر ابھی تک ایسی کوئی سنستھا نہیں ہے، جو انتر پرانتیہ ساہتیہ سرشٹاؤں کو نمنترت کر کے آدان پردان کا سمبندھ پیدا کرے۔ ہندستانی بھاشا بھارت ورش کی عام بھاشا ہے، اور ہم اکادمی سے شونیہ اَنورودھ کرتے ہیں کہ وہ اس اوسر پر اَنیہ پرانتوں کے ساہتیہ سویوں کو بھی نمنترت کیا کرے۔ اس سے یہی نہیں کہ اکادمی کا یہ اُتسو زیادہ آکرشک ہوجائے گا بلکہ ہندستانی بھاشا اور ساہتیہ کو پرگتی ملے گی، ہندستانی بھاشا کا پربھاؤ بڑھے گا، ہمارا ساہتک وِرشٹی کون پھیلے گا اور ہماری اَنوبھوتیوں کا بھنڈار سمپن ہوگا۔ ساہتیہ کے ایسے کتنے ہی پرشن ہیں جن پر ابھی تک ہم نے کیول ویکتی گت روپ سے وچار کیا ہے۔ ان پر پرسپر (6) کے سنبھاشنوں سے پرکاش پڑے گا اور ہم اپنی بھرانتیوں (7) کا سدھار اور اپنی دھارناؤں (8) کی پشٹی کر سکیں گے۔

دسمبر 1935

1۔ سولیکھک۔ اچھے قلم کار 2۔ ویودردھ انوبھوی۔ ہرفن مولا 3۔ نمنترت۔ مدعو 4۔ وشارد۔ سند ایک طرح کی 5۔ وکتا۔ مقرر 6۔ پرسپر۔ لگاتار 7۔ بھرانتیوں۔ تزلزل انتشار 8۔ دھارناؤں۔ سوچوں، تفکرات

راشٹر لپی

راشٹر لپی سمتی کی سوچنا ئیں سے سے پر پتروں میں چھپتی رہتی ہیں اور ان سے پاٹھکوں کو اس کی پرگتی کی جانکاری ہوتی رہتی ہے۔'ہنس' کے پچھلے انک میں ہم نے شری کاکا کالیلکر کا اس وشے پر ایک رچناتمک لیکھ بھی پرکاشت کیا تھا، دسمبر کی مادھوری میں اسی وشے پر شری ونکٹ راؤ نے ایک مہتو پورن لیکھ چھپوایا ہے، جس میں انھوں نے یہ دکھایا ہے کہ ناگری لپی میں تھوڑے بہت پری ورتن کر دینے سے سوراشٹر لپی کا اُدیشیہ پورا نہ ہوگا۔اس کے لیے تو ایک سرو تھا(1) نئی لپی کی ضرورت ہے، جو کم سے کم میں سیکھی، لکھی اور چھپی جا سکے، انھوں نے ناگری لپی کی جگہ ایک نئی لپی کا آوشکار بھی کیا ہے اور کوئی نئی لپی کا سویکار کرنے کے وروودھ جو کٹھنیاں (2) دی جا سکتی ہیں، ان کا جواب بھی دیا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ ونکٹ راؤ جی کا یہ اُدھوگ تعریف کے لائق ہے، لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ناگری لپی میں تھوڑے ہی پھیر بھار سے وہ بنگلہ، گجراتی، اڑیا، گرومکھی آدی لپیوں کے نکٹ آجاتی ہے۔اور ان پرانتوں میں اگر چھ سات فی صدی آبادی بھی ساکشر مان لی جائے تو بھی لگ بھگ دو کروڑ آدمیوں کا پرشن آجاتا ہے۔جنھیں نئی لپی سیکھنی پڑے گی۔چونکہ تمل تیلگو آدی کا اُدگم (3) بھی براہمی لپی ہے، اس لیے ناگری کو ہم براہمی لپی کے جتنا ہی سمیپ لے جائیں اتنی ہی بھارتیہ لپیوں میں نکٹتا آجائے گی۔اس وشے میں کچھ پرچار اور پروپیگنڈہ ہو بھی چکا ہے۔اور لپی سدھار سمتی کی کوششوں سے اس میں جو کچا ئیاں تھیں ان کے دور ہو جانے کی بھی آشا ہے۔ایسی دشا میں ہم تو کسی نئے آوشکار کا سمرتھن نہیں کر سکتے۔ہمیں تو سمپورن راشٹر کو اپنے ساتھ لے چلنا ہے۔لپی سدھار سمتی نے سنیکت اکشروں (4) کے لیے کچھ نئی ویوستھا کر کے چھاپے کی کٹھنائیاں بھی دور کرنے کی چیشٹا کی ہے، اور شری ہری جی گودل سے ہمیں یہ جان کر ہرش ہوا کہ وہ جو نئے ٹائپ بنوا رہے ہیں ان کی سنکھیا موجودہ پانچ سو کی جگہ ڈیڑھ سو سے زیادہ نہ ہوگی۔چھاپے میں کتنی سودھا ہو جائے گی اس کے ساتھ ہی ان نئے پری ورتنوں کے لیے کسی شکشا کی ضرورت نہیں۔ تھوڑے سے ابھیاس سے ہماری آنکھیں ان کے نئے روپ سے اہمیت (5) ہو جائیں گی۔

جنوری 1936ء

1۔سرو تھا۔پہلے پہل 2۔کٹھنیاں۔مثالیں 3۔اُدگم۔ماخذ،مرکز 4۔سنیکت اکشروں۔مرکب حروف

5۔اہمیت۔معروف،متعارف،آشنا،تجربہ

ہندستانی اکادمی کا وارشک سمّیلن

چار سال کے بعد اب کی بارہ، تیرہ، چودہ، جنوری کو ہندوستانی اکادمی الہ آباد نے پھر اپنا سالانہ جلسہ کیا۔ اس کے سبھاپتی بہار کے پرسدھ نیتا ساہتکار اور ہندستان ''ریویو'' کے یشسوی(1) سمپادک شری سچد انند سنگھ تھے۔ ساہتہ کاروں کا اچھا سمیلن تھا۔ انھیں اردو اور ہندی دو وبھاگوں میں کر دیا گیا تھا۔ اردو وبھاگ کے صدر مولانا عبدالحق صاحب تھے اور ہندی وبھاگ کے صدر ڈاکٹر گنگا ناتھ جھا تھے۔ دونوں وبھاگوں میں کئی اچھے اچھے وِدوتا(2) اور گویشنا(3) اور کھوج سے بھرے ہوئے لیکھ پڑھے گئے، مگر دونوں سمیلنوں کے الگ الگ ہونے کے کارن شروتاؤں کو سارے نبندھوں(4) کو سننے کا اوسر نہ ملا۔ سمترت سجنوں کے ایک جگہ رہنے کا کوئی انتظام ہوسکتا تو آپس میں وچار ونمیہ کے اوسر ملتے اور اس سمیلن کی اُپیوگتا کہیں زیادہ بڑھ جاتی۔ نہیں، سندھیا ہوتے ہی لوگ اپنے اپنے ڈیروں کی راہ لیتے تھے۔ اور دوسرے دن پھر اسی وقت آتے تھے جب جلسہ شروع ہونے والا ہوتا تھا۔ اردو اور ہندی وبھاگ کو الگ الگ کر دینے سے ایک اور ہانی یہ ہوئی کہ اردو اور ہندی کے بیچ میں جو دیوار کھڑی ہوتی جارہی ہے، وہ اور بھی اونچی ہوگئی۔ اگر دونوں سمودائے مل نہیں سکتے تو نہ ملیں، اپنی ڈفلی الگ بجانا چاہتے ہیں، تو بجاتے جائیں، لیکن کیا اس میں بھی کوئی برائی ہے کہ دونوں ایک دوسرے کی سن بھی نہیں سکتے۔ اگر نبندھوں کی چنی ہوئی سنکھیا سمیلت روپ سے پڑھی جاتی، تو پرتھکتا کا بھاؤ تو کچھ نہ کچھ کم ہو ہی جاتا۔ ہمیں تو ان سارے نبندھوں میں مولانا عبدالحق صاحب کا خطبہ ہی سب سے زیادہ وچار پورن جان پڑا۔ ان کے بھاشن میں زور تھا، سپھورتی(5) تھی اور یقین پیدا کرنے والی شکتی تھی۔ آپ نے بہت ٹھیک کہا کہ ابھی تک ساہتیہ اور بھاشا کی اُنتی کے لیے کتنے پریاس کیے گیے، اور کیے جارہے ہیں، ان میں کوئی سامجس(6) نہیں ہے۔

1۔ یشسوی۔ ماہر، قابل، قدرت والا 2۔ ودوتا۔ جانکاری، معلوم افزا 3۔ گویشنا۔ جستجو سے بھرا، تحقیق شدہ
4۔ نبندھ۔ مضمون، انشائیہ 5۔ سپھورتی۔ تیزی 6۔ سامجس۔ ملا ہوا

ہر ایک اپنے اپنے ڈھنگ سے اپنا اپنا کام کرتا ہے، دوسرے کی انوبھوتیوں اور غلطیوں سے لابھ اٹھانے کی چیشٹا نہیں کی جاتی، جو کام ایک کرتا ہے وہی کام دوسرا کرتا ہے۔ اور اس طرح بہت ساری پری شرم اور دھن ویرتھ ہو جاتا ہے۔

سبھا پتی مہودے نے اکادمی کے کیے ہوئے کاموں پر ایک سرسری نظر ڈالتے ہوئے یہ اچھا پرکٹ کی کہ ایسے سمّیلن پرتی ورش ہونا چاہیے۔ اور اس میں بھارت کے انیہ بھاشاؤں کے وِدوانوں کو بھی نمنترت کرنا چاہیے آپ نے ہندی اردو وِواد پر پرکاش ڈالا اور دونوں بہنوں کو سمیپ آنے اور گلے مل جانے کا انورودھ کیا۔ آپ کے شبد یہ ہیں۔

آنریبل رائے راجیشور بلی نے سر ولیم میرس (گورنر سنیکت پرانت) کو ہندستانی اکادمی کو قائم کرنے کی دعوت دیتے ہوئے اپنے بھاشن میں کہا تھا کہ اکادمی ایک ایسی زبان کو ترقی دینے کی کوشش کرے گی، جسے پڑھے لکھے لوگوں کے علاوہ سب سمجھ سکیں گے۔ مجھے اس درشٹکون سے پوری سہانو بھوتی ہے۔

سر ولیم میرس نے شکشا منتری کو جواب دیتے ہوئے کہا۔ ہر ہندی لکھنے والے کا اُدیشیہ یہ ہونا چاہیے کہ مانو وہ مسلمانوں کے پڑھنے کے لیے لکھ رہا ہے، اور اسی طرح ہر اردو لکھنے والے کو یہ خیال رکھنا چاہیے، مانو وہ ہندوؤں کے پڑھنے کے لیے لکھ رہا ہے۔

اُتر بھارت میں یہ وشے ساہتیہ اور بھاشا دونوں ہی اعتبار سے بہت مہتو پورن ہے اور سبھا پتی نے اپنے بھاشن میں اسی سمسیا کو حل کرنے کی چیشٹا کی۔ لیکن پارتھکیہ وادیوں (1) کو ان کا یہ پریتن کچھ رُچی کر نہ لگا اور جلسہ سماپت ہو جانے کے بعد پتروں میں پرتھکتا کے سمرتھن میں بار بار لیکھ لکھے جا رہے ہیں اور یہ سدھ کیا جا رہا ہے کہ اردو اور ہندی اب الگ الگ راستے پر چل کر ایک دوسرے سے اتنی دور نکل گئی ہیں کہ ان کا سمیپ آنا اَسمبھو ہے۔ اور یہ کہ ان کو ملانے کی کوشش دونوں ہی بھاشاؤں کو ملیا میٹ کر دے گی۔ ایکتا وادیوں کو بار بار چنوتی دی جا رہی ہے کہ وہ کوئی ایسی رچنا کر کے دکھا دیں، جس میں ایکتا کا آدرش نبھایا گیا ہو اور وہ قصے کہانی کی پستک نہ ہو، بلکہ کوئی اتہاسک یا وِگیانک یا دارشنک (2) یا آلوچناتمک (3) کیرتی (4) ہو۔ ہم اپنے پرتھکتا وادی بھائیوں سے بڑے ادب کے ساتھ پوچھیں گے کہ اگر ایسی کوئی زبان موجود ہوتی تو اس سنستھا کی ضرورت ہی کیوں پڑتی۔ شری سچید انند سنگھ نے جن

1۔ پارتھکیہ وادی۔ تنہائی پسند 2۔ دارشنک۔ دانشور 3۔ آلوچناتمک۔ تنقیدی 4۔ کیرتی۔ کلام، تخلیق

بھاشنوں کا حوالہ دیا ہے۔ انھیں بھاشنوں سے اب یہ بات کھوج نکالی گئی ہے کہ اکیڈمی کے سنستھا پکوں کی منشا کوئی نئی بھاشا نرمان کرنا نہیں، بلکہ اردو اور ہندی کو پرتھک پرتھک ترقی دینا تھا۔ اور اس سنستھا کا نام، ہندوستانی اکاڈمی، کیول اس لیے رکھ دیا گیا تھا کہ اردو ہندی اکاڈمی کچھ سننے یا لکھنے میں بھلا نہ لگتا تھا۔ ہمارے متروں نے جس پرشرم سے یہ کھوج کی ہے اس کے لیے وہ بدھائی کے پاتر ہیں، لیکن سر ولیم میرس آنربیل راجیشور بلی کے ان بھاؤں میں جو ان کے من میں تھے، ہندستانی اکادمی کے وشے میں کسی طرح کی دُبدھا نہیں معلوم ہوتی۔ وہ دونوں بھاشاؤں کی اس پرگتی سے اسنتشٹ تھے، اور اس کا سدھار کرنے کے لیے ہی اکادمی کی ستھاپنا ہوئی تھی۔ اردو اور ہندی کو پرتھک پرتھک اپنے راستے پر چلانے کے لیے کسی طرح کے سرکاری سہارے کی ضرورت نہ تھی، دونوں بھاشائیں اس کی مدد کے بغیر اُنتی کر رہی ہیں۔

مگر ہم پوچھتے ہیں، اگر سر ولیم میرس اور رائے راجیشور بلی نے اردو ہندی کو پرتھک رکھنے ہی کے لیے اکادمی کی۔ ستھاپنا کی، تو اب ہمارا کرتویہ کیا ہے؟ پرتھکتا کو بڑھانا یا گھٹانا؟ اگر بڑھانے کا نشچیہ کر لیا جائے تو وہ ساہتیہ اور راشٹر دونوں ہی کے لیے اہت کر ہوگا۔ ہمارا آدرش پرتھکتا نہیں، ایکتا ہونا چاہیے۔ اسے مان کر ہمیں آگے اپنے کرتویہ کا فیصلہ کرنا ہوگا۔ اور ملانے کی سب سے پر اثر تدبیر یہ ہے کہ ورنا کیولر فائنل اور ہائی اسکول پرکشا تک اردو اور ہندی دونوں لازمی وشے بنا دیے جائیں، تب آنے والی پیڑھی جس بھاؤ یا وچار کو ویکت کرنے کے لیے جو شبد اُپیوکت سمجھے گی، اس کا ویوہار کرے گی۔ اور ایسے تو ہزاروں شبد ہیں جن کا آج بھی ہم ویوہار کر سکتے ہیں، پر بھاشا چاتری (1) دکھانے کی ہوس ہمیں ان شبدوں کا ویوہار نہیں کرنے دیتی۔ ڈاکٹر تاراچند نے ہندستانی میں جو بھاشن دیا تھا، اس پر بعض لوگوں نے خوب قہقہے مارے تھے، لیکن کاش انھیں کسی ایسے پبلک جلسے میں بولنے کا اوسر ملتا، جس میں ان پڑھ یا کم پڑھ ہندو مسلمان دونوں ہی ہوتے تو انھیں معلوم ہوتا کہ وہی جنتا کی بھاشا ہے۔

فروری 1936ء

1۔ بھاشا چاتری۔ زبان کی چالاکی، مہارت

دلی میں ہندستانی سبھا

ہندوستان میں شاید یہ پہلا موقع تھا کہ آٹھ مارچ کو دہلی کی جامعہ ملیہ میں دہلی کے اردو اور ہندی کے ادیبوں اور ساہتیہ کاروں نے مل کر ایک ہندستانی سبھا کی بنیاد ڈالی، جس کا اُدیشیہ یہ ہوگا کہ وہ دونوں ساہتیوں کو ایک دوسرے کے سمیپ (1) لائے، ان کے ادیبوں میں محبت، ہمدردی، اور ایکتا پیدا کرے، انھیں ایک دوسرے کے وِچاروں اور بھاؤں کو جاننے اور سمجھنے کا موقع دے اور ہندستانی بھاشا کے وِکاس کا آیوجن کرے۔ ایک سے تھا جب علم اور فن کی اتنی اُنتی اور راج نیتی میں اتنی جاگرتی نہ ہونے پر بھی آپس میں بہت کچھ محبت تھی اور ساہتیہ کے جھمیلے میں تو کوئی بھید ہی نہیں تھا۔ مگر زمانے نے کچھ ایسا پلٹا کھایا کہ ہندی ہندوؤں کی زبان ہوگئی اور اردو مسلمانوں کی۔ ہندوؤں نے اردو سے منھ موڑنا شروع کیا، مسلمانوں نے ہندی سے۔ الگ الگ دو کیمپ ہو گئے اور دونوں زبانیں اور ساہتیہ راجنیتی کے چکر میں پڑ گئیں۔ آپس میں من موٹاؤ بڑھنے لگا۔ ہندی پرچار کی کوئی کوشش اردو دائرے میں سندیہہ (2) کی آنکھوں سے دیکھی جانے لگی، اردو پرچار کی ہندی دائرے میں۔ حالانکہ ادب کا راجنیتی سے کوئی سمبندھ نہیں، اس کا وِشے تو انسان ہے اور چاہے اپنے ماتھے پر کوئی لیبل لگائے، وہ انسان ہی ہے۔ مگر یہ راج نیتی کا یگ ہے اور کوئی اُدیوگ ایسا نہیں جس پر راج نیتی سنکیرتا (3) کا رنگ نہ چڑھایا جا سکے، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندی کے بھگت اردو سے کورے ہیں، اور اردو کے بھگت ہندی سے۔ اردو میں جو کچھ لکھا جاتا ہے، وہ اردو پاٹھکوں کو سامنے رکھ، ہندی میں جو کچھ لکھا جاتا ہے ہندی پاٹھکوں کو سامنے رکھ، ہندی لیکھک کیوں یہ سمجھیں کہ اس کے پاٹھکوں میں اردو جاننے والے بھی ہیں، جب وہ جانتا ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ اردو

1۔ سمیپ۔ قریب 2۔ سندیہہ۔ شک 3۔ سنکیرتا۔ چھوٹی ذہنیت

لیکھک اتنا آزاد نہیں ہے، کیونکہ اب بھی پچھلی پیڑھی کے کچھ لوگ باقی ہیں جنھیں اردو اور ہندی دونوں سے ایک سا پریم ہے، کیونکہ وہ انھیں ایک ہی زبان کے دو روپ سمجھتے ہیں، پھر بھی ایسے لوگ تعداد اتنی کم ہیں کہ ادب اور زبان کی پرگتی (1) میں ان کا لحاظ نہیں کیا جا سکتا۔ اس طرح دونوں زبانیں الگ ہوتی جاتی رہی ہیں اور جن سے ہم اپنی زبان میں بے تکلف بات چیت نہ کر سکیں، ان سے دل کیوں کر ملے گا۔ ہندی اور اردو ساہتیہ بدقسمتی سے ایسے زمانے سے گزرے، جب ساہتیہ نے عام زندگی سے ناطہ توڑ سا لیا تھا اور ان کی ساری طاقت ورہ (2) اور ولاپ (3) کے دُکھڑے رونے میں کٹتی تھی یا بہت ہوا تو شراب کی تعریف کی اور دنیا کی انتھا (4) پر فلاسفی بگھاری، لیکن دنیا میں جو ساہتیہ جیتے جاگتے ہیں، انھوں نے قوم کی تاریخ بنائی ہیں، اس کی سنسکرتی بنائی ہے۔ ادیب ہی قوم کا پتھ پردرشک (5) ہوتا ہے۔ اس کا دل پریم کی جیوتی سے بھرا ہوتا ہے۔ اس میں تعصب اور تنگ خیالی کے لیے جگہ نہیں ہوتی۔ آج یودھ واد سے لڑنے والے لوگ ہیں، یہی ادیب ایسی کون سی کرانتی ہے جس کا بیجاروپن (6) ادیبوں نے نہ کیا ہو۔۔ اس سے کیسے انکار ہو سکتا ہے کہ قوم کا ایکی کرن اس کی سنسکرتی کا ایکی کرن ہے اور یہ اُدیشیہ آپس کی دوستی، وِچار ونمیہ سہ ہردیتا سے ہی پورا ہو سکتا ہے۔ بھاشا کے ایکی کرن کا بھی اس کے سوا دوسرا کوئی سادھن نہیں، بول چال کی بھاشا گلیوں اور بازاروں میں بنتی ہے، مگر ساہتیہ اور سنسکرتی کی بھاشا تو وِدوانوں کے سماج کے سامنے پڑھے گا، جس میں ہندی کے لیکھک بھی شریک ہیں، تو وہ ایسی بھاشا لکھنے کی کوشش کرے گا جو ہندی والوں کی سمجھ میں آئے۔ اسی طرح ہندی کا لیکھک اردو کے ادیبوں کی منڈلی میں اپنی بھاشا کو سوبودھ رکھنے پر مجبور ہوگا۔ اور اگر ہماری انیہ یوجناؤں کی طرح اس سبھا کا بھی شیتھلیہ (7) کے ہاتھوں انت نہ ہو گیا، تو کچھ دنوں میں ہم آشا کر سکتے ہیں کہ جیسے دلی میں ہندی اور اردو دونوں ہی کا جنم ہوا، اسی طرح ہندوستانی بھاشا اور شیلی کا وِکاس بھی دلی ہی میں ہوگا۔

1۔ پرگتی۔ ترقی 2۔ ورہ۔ درد 3۔ ولاپ۔ رنج 4۔ انتھا۔ فانی ہونا
5۔ پردرشک۔ ناظر، تماشائی 6۔ بیجاروپن۔ بیج بونا

ابھی تک ہندستانی کے حمایتوں کے راستے میں جو سب سے بڑی مشکل ہے، وہ یہ ہے کہ وہ خود کوئی علمی چیز اس بھاشا میں نہیں لکھ سکتے۔ اگر ہندستانی سبھا کوئی چھوٹی موٹی پتریکا بھی ہندستانی بھاشا میں نکالنے کا پربندھ کر سکے تو وہ قوم کی بہت بڑی خدمت ہوگی اور ان لوگوں کو جو ہندستانی کے سمرتھک تو ہیں، پر ہنسی کے خوف سے اس کا ویوہار نہیں کرتے، کیونکہ ابھی ان کی تعداد بہت ہی تھوڑی ہے، بڑا پروتسا ہن ملے گا۔ ہم سبھا کے منتروں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے جلسوں کی سوچنائیں اخباروں میں چھپایا کریں، تا کہ اوروں کو ان کی کارگزاریوں کا حال معلوم ہوتا رہے۔

اپریل 1936ء

نیر چھیر (مختلف کتابوں پر تبصرے)

قرآن سورہ بقرہ۔ انوواد ک تتھا سمپادک رام چندر ور ماتتھا شری پریم شرن آریہ پرنت۔

شری یُت پنڈت رام چندر آریہ قرآن کے حافظ اور عربی کے وِدّوان ہیں۔ شاید ان کے سہکاری شری پریم شرن جی بھی عربی کے عالم فاضل ہوں گے۔ ان دونوں مہانو بھاؤں نے قرآن کا ہندی انوواد کرنا شروع کیا ہے۔ یہ پُستک کیول ایک سُورہ ہے۔ اس میں عربی عبارت دی گئی ہے۔ اس کے نیچے اس کی ٹیکا 1 بھی کر دی گئی ہے۔ معلوم نہیں ٹیکائیں کس مفسّر کے آدھار پر کی گئی ہیں۔ اس کا نام کہیں نہیں دیا گیا۔ بنا کسی مسلمان یا مستند عالم کی سند کے یہ ٹیکا ویسے ہی مانیہ نہیں ہوسکتی، جیسے ویدوں کی ٹیکا کسی سنسکرتگیا مسلمان دُوارا سمپادِت 2 کی ہوئی۔ ہاں، اس کا ایک شُبھ پھل اوشیہ ہوسکتا ہے اور وہ ہے ہندو مسلمانوں کا ویمنسیہ 3۔ نہ جانے ہمارے یہ بھائی کب سمجھیں گے کہ اسلام دھرم کا جگیاسو 4 قرآن کی وہ ٹیکا دیکھے گا جو مسلمانوں دوارا سمانت اور پرمانت ہو۔ انوواد وں سے تو جھگڑا پیدا ہونے کے سوائے اور کوئی پھل نہیں نکل سکتا۔ کتنو سنسار میں ایسے بھی پرانی ہیں، خاص کر بھارت ورش میں جو دوسروں کے متو کا کھنڈن کرنا ہی جاتیہ سیوا کا مُکھیہ اُپائے سمجھتے ہیں۔

سوامی جی نے ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس کے جھگڑے کی مختصر تاریخ لکھی ہے۔ جھگڑے ہمیشہ ہوتے رہے ہیں۔ ہندوؤں کی بودھوں اور جینیوں سے خوب لڑائیاں ہوئیں۔ مسلمانوں کی بودھوں سے، بودھوں کی بودھوں سے، ہندوؤں کی ہندوؤں سے غرض جاتی گت اور دھرم گت لڑائیاں پرمپرا سے ہوتی چلی آ رہی ہیں۔ مگر کوشش یہ ہونی چاہیے کہ ہم ان جھگڑوں کو بھول جائیں نہ کہ گڑے مردے اُکھاڑ اُکھاڑ کر ورودھی کی آگ اور بھڑکاتے رہیں۔ ہندو مسلمان کے سر پر الزام رکھتا ہے، مسلمان ہندو کے سر دونوں پکشوں کو اپنے پکش کا سمرتھن کرنے کے لیے دلیلیں اور پرمان مل جاتے ہیں اور جھگڑا کبھی طے نہیں ہوتا۔ جب تک ہم دوسروں کے اوگنوں پر پردہ ڈالنا اور گنوں کو دیکھنا نہ سیکھیں گے۔ جب تک ہم اپنے ہردے کو اُدار نہ بنائیں گے، تب تک سدھار کی کوئی آشا نہیں ہوسکتی۔

---

1 ٹیکا۔ تفسیر 2 سمپادت۔ ادارت، ایڈٹ 3 ویمنسیہ۔ بُغض 4 جگیاسو۔ باخبر

اندھا اعتقاد اور خفیہ جہاد۔ لیکھک شری سوامی شردھانند جی۔

اس پُستک میں مسلمانوں کے ایک گپت دھرمک سمپر دائے کا ورتانت 1 آرمبھ سے لے کر اس کے ورتمان سوروپ تک کھوج اور پرمان کے ساتھ لکھا گیا ہے اس گپت سمپر دائے کا نام اسماعیلیہ تھا۔ اس کے بانی حسن بن صباح نام کا ایک شیعہ مسلمان تھا۔ حسن نے اپنے سمپر دائے کو کیسے پھیلایا، اس کے کیا کیا سدّھانت تھے اور کن اُپایوں سے وہ کئی صدیوں تک بڑے بڑے بادشاہوں کو نیچا دکھاتا رہا، یہ ورتانت کسی اُپنیاس سے کم منورنجک نہیں۔ دھرم کے نام پر سنسار میں کیسے اتیاچار ہوتے چلے آئے ہیں، اس کا یہ ایک اچھا اُداہرن ہے۔ جب ہلاکو خاں کے زمانے میں اس سمپر دائے کی جڑ اکھڑ گئی، تو اس کے کچھ بچے بچائے آدمی سندھ آدی استھانوں میں بھاگ آئے۔ سندھ کی کھوج اسی اسماعیلیہ فرقے انویائی 2 ہیں اور ان کے امام سر آغا خاں ہیں۔ ہندوستان میں آنے پر اس فرقے میں کتنے ہی ہندو بھی شامل ہو گئے۔ اب اس فرقے کے نیتاؤں کو یہ آشنکا ہوئی کہ یدی ہندوستان میں مسلمانوں کا راجیہ نہ رہا تو ہندو پھر ہندو دھرم کو ماننے لگیں گے۔ اس لیے اُن مریدوں کو پھنسانے کے لیے نئے نئے دھرم گرنتھوں کی رچنا کی گئی، جس میں ہندوؤں کے پرانوں اور اوتاروں کا بھی ساویش 3 کر دیا گیا۔ اُن گرنتھوں کے نام بھی ہندو دھرم گرنتھوں جیسے رکھ دیئے گئے۔ یہی نہیں آغا خاں بھی ہندو کہلاتے ہیں۔

اسی اسماعیلیہ فرقے کی دیکھا دیکھی یوروپ میں عیسائیوں نے بھی جیسوئٹ نام کا سمپر دائے جاری کیا، جس نے رومن چرچ کی گرتی ہوئی دیوار کو بہت دنوں تک سنبھالا اور اس کے پرچارک پرتگال سے آ کر ہندوستان، چین، جاپان آدی ایشیائی دیشوں میں عیسائی دھرم کا پرچار کرتے رہے۔

لیکن ہم لیکھک کے اس کتھن سے سہمت نہیں ہیں کہ اس پرکار کا اندھ وشواس مسلمانوں اور عیسائیوں ہی تک محدود ہے۔ ہندوؤں میں بھی کئی ایسے مت ہیں۔ جن میں شردّھا کا اس سے کم درپیوگ نہیں کیا گیا، جیسا عیسائیوں یا مسلمانوں میں بعض فرقوں نے کیا اور نہ یہی نرووِاد ہے کہ مسلمانوں کے بھارت میں آنے کے پہلے ہندو دھرم میں ہنسا اور اندھ وشواس کا پتہ نہ تھا۔ پاکھنڈیوں سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ اگر مسلمانوں میں اسماعیلیوں نے اپنے بھکتوں کی آتما پر ادھیکار جمایا۔ اور انھیں انیہ دھرم والوں کی ہتیا کرنے پر آمادہ کیا، تو بھارت ورش میں بھی ایسے کاماندھ 4 گروؤں اور مہنتوں کی کمی نہیں رہی، جو دھرم کی آڑ میں نانا پرکار کے بھرشٹاچار کرتے رہے۔ یہ ماننا پڑے گا کہ ہر ایک دھرم میں بھکتوں کی سرلتا اور شردّھا سے فائدہ اٹھانے والے دھورت رہے ہیں، اب بھی ہیں اور ہندوؤں کو اس سے ساودھان رہنا چاہیے۔

مادھوری: ماگھ 1981

---

1 ورتانت۔ خودنوشت 2 انویائی۔ پیروکار 3 ساویش۔ ملانا، تحلیل کرنا 4 کاماندھ

"مایا"۔ لیکھک پنڈت رام گوپال مشر، ڈپٹی کلکٹر

'یہ ایک روپک 1 ہے۔ ایک مہمان از دیشہ مایا بندھن میں پڑ کر کسی بھانتی نشپھل ہو جاتا ہے، یہی اس منوہر کہانی کا وشے ہے۔ بیچ میں دارشنک وچاروں کا سماویش ملتا ہے۔ بھاشا بہت سرل ہے۔ آدی میں لیکھک مہودے کا چتر ہے۔ اس کے بعد مہاراجہ بلرام پور کا فوٹو بھی ہے۔ لیکھک کا چتر دیکھ کر تو پاٹھک کی اُتسکتا 2 شانت ہوتی ہے، پر مہاراجہ صاحب یہاں کیوں آ بیٹھے، یہ سمجھ میں نہیں آتا۔ سمبھو' ہے، مہاراجہ صاحب گنیوں کے قدر دان ہوں، یا لیکھک مہودے پر ان کی وشیش کرپا ہو۔ بہر حال ان کے فوٹو سے پستک کا مہتو بڑھتا نہیں، کم ہو جاتا ہے۔ کیوں کہ یہاں خوشامد کی بو آتی ہے۔

''چندن بھون'' لیکھک، پنڈت رام گوپال مشر اس میں بھی وے ہی دونوں چتر وراج رہے ہیں، شاید دونوں کے بلاک بنوا لیے گئے تھے، تصویریں زیادہ چھپالی گئی تھیں، اس لیے انھیں دیمکوں سے کھلا دینے کی اپیکشا یہی ہوا کہ ان کا کچھ اُپیوگ ہوا۔ پُستک میں بال وواہ، ورِدھ وِواہ اور بے میل وواہ کے کوپرینام 3 دکھائے گئے ہیں۔ جہیز کی کو پرتھا کا بھی الیکھ کیا گیا ہے۔ کنک کا جیون اس لیے دکھ سے ہو جاتا ہے کہ پتا کے نردھن ہونے کے کارن اس کا وِواہ کرشن مُراری سے نہ ہو سکا۔ سولہ ورش کی بال ودھوا شانتا اس لیے وِش کھالیتی ہے کہ اس کی نو وواہتا 4 وِماتا نے اسے سسرال بھیج دیا۔ شانتا کا چھوٹا بھائی ستیش ہملتا کے پریم میں نیراشیہ کے سوا اور کچھ نہ دیکھ کر گھر سے نکل جاتا ہے اور ہیم کا وواہ کرشن مراری سے ہو جاتا ہے کنتو ہیم کے ہردے پر ستیش کی مہر تھی۔ ہیملتا مشن کی شرن لیتی ہے اور انت کو اسے بھی وِش کھانا پڑتا ہے۔ پُستک کرونا، رس پورن ہے۔ چرتر چترن 5 میں بھی لیکھک کی کوشلتا 6 کا پرچے ملتا ہے۔ بھاشا سرل اور سو بودھ ہے۔ وواہ کی سمسیا کٹھن ہے یوروپ میں پریم کے وِواہ ہوتے ہیں پر تھوڑے ہی دنوں

---

1 روپک۔ تشبیہ 2 اُتسکتا۔ جاننے کی خواہش 3 کوپرینام۔ برا نتیجہ 4 وِماتا۔ سوتیلی ماں
5 چرتر چترن۔ کردار نگاری 6 کوشلتا۔ خوشی کے ساتھ

میں طلاق کی نوبت آتی ہے۔ دھرم ہی ایک ایسا ستمبھ ہے جس کے آدھار پر دیواہک بھون آجیون اٹل رہ سکتا ہے۔

''پشپ کماری'' لیکھک پنڈت ٹیکا رام تیواری، کمل کیشور نے ایک گھور سنکٹ میں پشپ کماری کی رکشا کی ہے۔ پشپ کماری نے اس کشٹ پر تگیا کی کہ تمہارے سوا اور کسی کو نہ دوں گی۔ کچھ دنوں کے اُپرانت 1 ایک مہاتما آتے ہیں اور پشپ کماری کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ یہ اٹھارہ ورش کی اوستھا میں ودھوا ہو جائے گی۔ پشپ کماری کٹھن تپسیا سے بھاگیہ لپی کو انیہ تھا کر دیتی ہے اور کمل کیشور سے اس کا وواہ سانند 2 ہو جاتا ہے۔ پشپ کماری کے بھائی مادھو پرساد کی کرکشا 3 استری للتا ساس سسر سے جھگڑا کر کے الگ ہو جاتی ہے پر بہت کشٹ سہہ کر انت کو پھر اپنے کٹمب سے آملتی ہے۔ کلپنا سے بہت ادھک کام لیا گیا ہے۔ اُپنیاس کیا ہے، معلوم ہوتا ہے، کوئی پنڈت جی کتھا بانچ رہے ہیں۔ وہی شیلی ہے، وہی بھاشا اشدھیاں اتنی ہیں، عبارت اتنی بھدی، واکیہ اتنے بھدے اور اسنگت 4 جس کی کوئی حد نہیں۔

''شیل منی'' یہ بھی پنڈت ٹیکا رام کی کرتی ہے۔ آکھیایکا 5 بُری نہیں ہے۔ پتی ایک ودھوا کے پریم میں پھنس جاتا ہے۔ پتنی اس شوق میں مر جاتی ہے اور مرنے کے بعد سوپن میں پتی کو اُپدیش دیتی ہے۔ پتی کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ وہ اُس ودھوا کو کسی اناتھالیہ میں بھیج دیتا ہے۔

''گوری شنکر'' لیکھک، شری مداری لال گپت پلاٹ میں کوئی نوینتا نہیں اور نہ کوئی چرتر ہی اُلیکھ نیہ ہے۔ پہلے ہی اَدھیائے میں نائک کا گوری سے ملنا انوکھے ڈھنگ سے ہوا ہے۔ گوری حلوا کھانے کے لیے مچل رہی ہے، پیا مجبور ہے پیسے کہاں سے لادے۔ شنکر اسی سمے وہاں اناپاس 6 آجاتا ہے اور گوری کے لیے حلوے کے سامگری لا دیتا ہے۔ ایک یوتی کا حلوے کے لیے ضد کرنا اور ایک اپریچت یوک کے پیسوں سے حلوا کھانے کو تیار ہو جانا ہاسیہ 7 جنک ہے۔ چھوٹی سی تو پستکا ہی ہے، پر وہ بھی آدینت 8 ایسی ہی اسنگت گھٹناؤں سے بھری پڑی ہے۔

مادھوری: 12 مارچ 1924

---

1 اُپرانت۔ بعد میں، آخر میں 2 سانند۔ خوشی سے 3 کرکشا۔ غلط محافظ 4 اسنگت۔ برے ساتھی
5 آکھیایکا۔ تصوراتی کہانی 6 اناپاس۔ اچانک 7 ہاسیہ جنک۔ مضحکہ خیز 8 آدینت۔ شروع سے آخر تک

آدرش بہو۔

شری شیو ناتھ شاستری کی ''مجھلو''، نامک بنگلہ پُستک کا انوواد۔

انوواد ک شری شیو سہائے چتر ویدی۔

مول بنگلہ پستک کے اُنیس سنسکرن 1 ہو چکے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ پُستک کتنے معرکے کی ہے۔ مزہ یہ ہے کہ انوواد ک مہودے نے کیول انوواد ہی نہیں کیا۔ دُکھانت کتھا کو سوکھانت بھی کر دیا ہے۔ اب سدھ ہو گیا کہ کسی منشیہ کو کیول لیکھک کی پُستک کا انوواد کرنے ہی کا ادھیکار نہیں، اس میں من مانا الٹ پھیر کرنے کا اور اس پر بھی پُستک کے مُول کا انوواد کرنے کا ادھیکار ہے۔ ہماری سمجھ میں یہ انوواد ک مہودے کی اَنادھیکار 2 چیشٹا ہے، انھیں اس کا کوئی مجاز نہیں کہ کسی لیکھک کی کیرتی کو اپنی اِچھا سے بھرشٹ کر دیں۔ اور سنیے۔ یہ پُستک ہندی میں پہلی ہی بار انُو وادت ہو کر پرکاشت نہیں ہوئی۔ اس کا پہلا اڈیشن، شاردا کے نام سے پہلے چھپ چکا ہے۔ یہ دوسرا اڈیشن ہے، پر نام بدل گیا ہے۔ شاردا، شاید اچھا نام تھا، اس لیے پھر نام کرن کیا گیا ہے۔ اسے بھی دھو کے دھڑی سمجھنا چاہیے۔

پُستک بالیکاؤں کے لیے اُپیوگی ہے اور اس سے اُن کا منورنجن بھی ہوگا کِنتو انوادک نے اسے سوکھانت کر کے اس پر گھور آگھات 3 کیا ہے معلوم نہیں، اس کتاب میں ایسی کون سی خوبی تھی کہ اس کا بنگلہ سے انوواد کرنا آدشیک سمجھا گیا۔ یدی ہمارے یہاں کے ہندی لیکھک ایسی سادھارن کتھاؤں کی کلپنا بھی نہیں کر سکتے، تو ہماری بھاشا کا ایشور ہی مالک ہے۔ سمبھو ہے، مول پستک 4 میں کوئی خاص بات ہو، انُو واد میں تو کوئی ایسی بات نہیں دکھائی دیتی۔ ہاں، اگر کوئی خوبی ہے تو یہ کہ بھاشا میں جہاں تہاں بنگلہ کی جھلک آگئی ہے، جو بھاشا کی سرستا میں 5 بادھک ہوتی ہے۔

معلوم نہیں پرکاشک مہودے نے اس پُستک کے لیے چتر کس چتر کار سے بنوائے ہیں۔ ہم نے ایسی بھدّی تصویریں کبھی نہیں دیکھی تھی۔ کوِل جاتی کے ساتھ اِتنا کھیشن 1 اَتیاچار آج تک کسی نے نہ کیا

---

1 سنسکرن۔ طباعت 2 انادھیکار چیشٹا۔ غیر اکتیار ہمت 3 گھور آگھات۔ بڑا نقصان
4 مول پُستک۔ اصل کتاب 5 سرستا۔ روانی

ہوگا۔ایسی تصویروں سے تو تصویر کا نہ رہنا ہزار گنا اچھا تھا۔واستو میں ان چتروں نے پُستک کے انیہ باہیہ 2 گنوں کو مٹا دیا ہے۔

''گرہنی گورو'' کلپوں کا سنگرہ انوواد ک، شری کرشن لال ورما سات بنگلہ کلپوں کا انوواد ہے۔ کہانیاں منورنجک اور شکشاپرد ہیں۔کئی کہانیوں میں استریوں کے آدرش چرتر 3 دکھائے گئے ہیں۔پہلی کہانی تو بہت اچھی نہیں، کنتو شیش کہانیاں اُچ کوٹی کی ہیں۔سیوا کا ادھیکار، ہمیں بہت پسند آئی۔ انوواد ک نے بھاشالالیہ 4 کو کہیں ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔پُستک سیٹھ لکشمی چندر جی وید کو سمرپت 5 کی گئی ہے۔شروع میں سیٹھ جی کا چتر اور ان کا سنکشپت 6 جیون چرتر دیا گیا ہے۔ان کے دیے ہوئے دانوں 7 کی ایک تالیکا 8 بھی دی گئی ہے، جو دانوں کے مہتو کو گھٹا دیتی ہے۔پُستک چتر ہے اور چتر سادھارنتہ اچھے ہیں۔

مادھوری: ماگھ 1981

---

1 باہیہ گن۔باہری خصلت، تزئین 2 آدرش چرتر۔قابل تقلید کردار 3 لالتیہ۔چاشنی 4 سمرپت۔انتساب
5 سنکشپت۔مختصراً 6 دانوں۔دی گئی چیزیں، مواد 8 تالیکا۔فہرست

"بھارتیہ شاسن" چوتھا سنسکرن، لیکھک اور پرکاشک، شری بھگوان داس کیلا

اس راجنیتک یگ میں جب کہ پرانی ماتر کے ہردے میں سوراجیہ کی ابھلاشائیں 1 اٹھ رہی ہیں، یہ آوشیک ہی نہیں۔ انیوارییہ 2 ہے کہ ہم اپنے دیش کی شاسن پدھتی سے بھلی بھانتی پریچت ہوں۔ جب تک ہمیں یہ نہ معلوم ہو کہ اس پدھتی میں کیا کیا برائیاں ہیں اُن کے سدھار کی کیا کیا یوجنائیں ہیں اور شاسن کے کن کن انگوں کے پری ورتن سے ہمارا تھیشٹ کلیان 3 ہوگا، ہم سوراجیہ کے آندولن میں پورے اُتساہ سے سنلت نہیں ہو سکتے۔ اس پُستک سے ہمیں اس وشے کی کتنی ہی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔ برٹش سامراجیہ کا شاسن، پارلیمنٹ، پروی کونسل، بھارت سرکار، بھارتیہ ویوستھاپک منڈل، 4 پرانتیہ 5 سرکار، دیسی ریاستیں، بھارتیہ شاسن کے وبھاگ۔ ان سبھی وشیوں کی ویوچنا 6 کی گئی ہے۔ لیکھک نے کیول ان سنستھاؤں کی چرچا ہی نہیں کی، ان کے وشے میں اپنی رائے بھی دے دی ہے۔ انڈیا کونسل سے سادھارنتہ لوگ ان بھگیہ ہیں۔ لیکھک نے اس کا وستار سے ورنن کیا ہے۔ آپ کی یہ رائے ہے کہ انڈیا کونسل کی کوئی ضرورت نہیں۔ جب اُپ نویشوں 7 کے سکریٹری کو کسی کونسل کی ضرورت نہیں، تو بھارت سکریٹری کو چالیس لاکھ وارشک خرچ کر کے ایک کونسل رکھنے کی کیا ضرورت۔ پُستک ان لوگوں کے لیے بہت اُپیوگی ہے، جو راجنیتک میں پرارمبھک 8 گیان پراپت کرنا چاہتے ہیں۔ پنڈت دیا شنکر دُبے جی نے اس کی بھومیکا لکھی ہے۔

"سوادھینتا کے پجاری" لیکھک شری بھودیو ودیالنکار

اس پُستک میں رُوس کے دس پردھان دیش بھکتوں کی ویرگتھا کا سنگرہ 9 کیا گیا ہے۔ ان میں کئی

---

1 ابھلاشا۔ خواہش 2 انیواریہ۔ ضروری 3 تھیشٹ کلیان 4 منڈل۔ گروہ 5 پرانتیہ۔ علاقائی 6 ویوچنا۔ تفصیلی ذکر 7 اُپ نویش۔ باہر سے آنے والے 8 پرارمبھک۔ شروعاتی 9 سنگرہ۔ مجموعہ

استریاں ہیں، کئی راج کمار ہیں، کئی اونچے راجیہ کرمچاری ہیں۔ ان ویروں نے کتنی دلیری سے کڑی سے کڑی یاتنائیں 1 جھیلیں، دیش بھکت کی ویدی 2 پر کتنے پرمکھل وشواس 3 اور ادمیہ اُتساہ 4 سے اپنے کو بلیدان کیا، یہ پڑھ کر ان ویر آتماؤں کے پرتی ہردے میں شرد ھا کی لہریں سی اٹھنے لگتی ہیں۔ سوادھینتا کی دیوی سے وردان پانا کتنا کٹھن ہے اس کا انومان ان چِتروں کے دیکھنے سے ہوسکتا ہے۔ پُستک سچتر ہے۔ تیرہ ہاف ٹون چتر دیے گئے ہیں۔ ورنن شیلی 5 چتا کرشک 6 ہے، اور بعض بعض چِتروں میں تو اُپنیاسوں سے کہیں اُدھک آنند آتا ہے۔

''علم الارض' لیکھک شری تھمن لال گپت

یہ بھوگول کی اردو پُستک ہے۔ یہ لیکھ پہلے لاہور کی وگیانک اُردو پتریکا، روشنی میں نکلے تھے۔ اب کچھ کاٹ چھانٹ کر انھیں پستک کا روپ دے دیا گیا ہے۔ اس میں بھوگول کے اس بھاگ کا ورنن کیا گیا ہے، جو گنِت سے سمبندھ رکھتا ہے۔ پرتھوی کی وارشِک گتی، وایومنڈل پرتھوی کا آکار، سوریہ ریکھا آدی وِشے روچک اور سرل بھاشا میں کھوج کے ساتھ لکھے گئے ہیں ہمارے خیال میں یدی کوئی اسکول اس وِشے کو اردو بھاشا پڑھانے کا نشچیہ کرے، تو اُسے اُپریکت پُستک کے ابھاؤ کی شکایت نہ کرنی پڑے گی۔ اس پُستک میں بھوگول کے اس بھاگ کی وے سبھی باتیں لکھ دی گئی ہیں، جو کورس کی سادھارن انگریزی پُستکوں میں نہیں مل سکتیں۔ جہاں کہیں ضرورت پڑی ہے، لیکھک نے چتروں اور نقشوں سے بھی کام لیا ہے۔ چھپائی اس سے بہت اچھی ہوسکتی تھی۔ اس پُستک میں یہ وشیشتا ہے کہ لیکھک نے اپنے وِشے کو خوب سپشٹ کر کے سمجھایا ہے اور شنکاؤں کا بھی دلیلوں سے سادھان کرنے کی چیشٹا کی ہے، جس میں وہ بہت سپھل ہوئے ہیں۔ اب تک ہم نے ہندی میں ایسی کوئی پستک نہیں دیکھی۔

مادھوری پھاگن 1981

---

1 یاتنا۔ مصیبت، پریشانی 2 ویدی۔ ویدجاننے والا 3 پرمکھل وشواس۔ پورا یقین 4 ادمیہ اُتساہ۔ جواں مردی 5 ورنن شیلی۔ اسلوب بیان 6 چتا کرشک۔ دلکش

"چندرناتھ" لیکھک، شری چندر چٹو پادھیائے، انوو ادک شری بُت بابورام چندرورما۔

یہ پُستک ہندی گرنتھ رتنا کر کا اٹھار ہواں گرنتھ 1 ہے۔ بنگلہ سے انوو ادت 2 ہے۔ شر چندر بنگلہ کے پرسدھ اپنیاس 3 کار ہیں۔ اس چھوٹی سی پستک میں اپنے سماج کا دھیان اس نردیتا کی اور آکرشت کیا ہے، جو کلپنا 4 اور چھوت چھات کے نام پر بنتیہ نئے نئے انیائے 5۔ بتر گھڑھا کرتی ہے۔ پُستک بہت ہی روچک بھاؤ پورن اور اثر ڈالنے والی ہے۔ کرونا 6 جاگرت کرنے میں لیکھک کو پوری سپھلتا ہوئی ہے۔ انوواد بھی بامحاورہ اور سرل ہے۔ پڑھتے وقت یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ انو :ادنہیں، مول پستک ہے۔

"مُکت دھارا" مہاکوی شری رویندر ناتھ ٹھاکر کے بنگلہ ناٹک، مُکت دھارا کا ہندی انوواد انوو ادک، پنڈت دھرمیندر ناتھ شاستری ترک شرومنی، ایم۔اے پروفیسر میرٹھ کالج۔

لیکھک کا نام ہی پُستک کے اُچ کوٹی کی ہونے کی گارنٹی ہے۔ اس میں مہاکوی نے ورتمان سامراجیہ واد اور اس کے دوارا دلت پرادھین جاتیوں کی ویتن کا چتر کھینچا ہے۔ انوو ادک مہودے نے ناٹک کی ایک دسترِت بھومکا بھی لکھ ڈالی ہے۔ جس میں ناٹک کی ساہتیک اور دوارشنک دِرشٹی وویچنا کی گئی ہے۔

"جرمنی اور ترکی میں چودہ ایس ماس" لیکھک، لالہ ہردیال ایم۔اے

لالہ ہردیال ایم۔اے۔ انگریزی کے اچھے لیکھک ہیں اور راجنیتی میں اُگرنیتی 7 کے سمرتھک کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ سودیشی آندولن کے سمے آپ بہت لکھا کرتے تھے۔ اس کے کچھ سمے بعد آپ یوروپ چلے گئے۔ تب سے یوروپ کے بھِنّ بھِنّ دیشوں میں وچرتے رہتے ہیں۔ مہاسمر 8 کے زمانے

1 گرنتھ۔ دیوان، مجموعہ 2 انوودادت۔ ترجمہ شدہ 3 اپنیاس۔ ناول 4 کلپتا۔ داغ، دھبہ
5 انیائے بتر۔ ناانصافی کے طریقے 6 کرونا۔ رحم 7 اُگرنیتی۔ سیاست کا واقف کار 8 مہاسمر۔ جنگ عظیم

میں آپ نے چوالیس مہینے جرمنی اور ترکی میں گزارے۔ اس لیکھ سنگرہ میں انھوں نے انھی دونوں دیشوں کے سمبندھ میں اپنے وچار پرکٹ کیے ہیں۔ اُن کا کہنا ہے کہ جرمنی والے کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتے۔ جرمنوں کا خیال ہے کہ ایشور نے انھیں دنیا پر راجیہ کرنے کے لیے بنایا ہے۔ ان میں دھارک بھاؤں کی گندھ تک نہیں۔ پُستک میں فرانس، انگلینڈ، اِٹلی کو بربر جرمنی سے کہیں سبھیہ، دیالو، نیتی پراین بتایا گیا ہے۔ اسی بھانتی تُرکی کو بھی آپ نے مَنشیتا سے رہت، خلافت کا جھوٹ موٹ ڈنکا بجانے والے، سوارتھی، جھوٹے اور نِردئی بتلایا ہے۔ لالہ جی کا دعویٰ ہے کہ انھوں نے جو کچھ لکھا ہے، اپنے انوبھو سے لکھا ہے، اس لیے ہم اُن کی آلوچناؤں کو متھیا1 تو نہیں کہہ سکتے ہیں کہ جتنے دُرگُن جرمنوں2 میں ہیں، وے سبھی یوروپ کی انیہ جاتیوں میں بھی اسی ماترا میں موجود ہیں۔ سمبھو ہے لالہ جی نے انگلینڈ کو اپنی نیک نیتی کا پریچیہ دینے کے لیے یہ لیکھ لکھے ہوں۔ یدی ایسا ہو تو بڑے ہرش کی بات ہے۔ ہم لالہ جی کا سواگت کرنے کو تیار ہیں۔ ان دیشوں کے سمبندھ میں لالہ جی کے وچار جاننے یوگیہ ہیں ضرور۔ ترک اور جرمن جاتیوں کے سوبھاؤ کا اچھا گیان پراپت ہوتا ہے۔

مادھوری: بیشاکھ 1882

---

1 متھیا۔ توہم، جھوٹ، فرضی 2 دُرگن۔ عیب

"کرتویہ گھات" لیکھک شری دیونارائن دئی ویدی۔

یہ مولک اُپنیاس ہے۔ ہندی میں اتنا اچھا مولک اُپنیاس ہماری نظر سے نہیں گزرا۔ پر بھاشا میں بنگلہ کی جھلک ملتی ہے۔ کہانی اتنی سندر ہے، لیکھک کی شیلی اتنی پیاری ہے، چرتروں کا پردرشن اتنا منوہر ہے کہ جیسے پاٹھک منو بھاؤں کے اُدّیان 1 میں گزر رہا ہو۔ کہیں مانمیہ پتر 2 بھکتی ہے تو کہیں دیپ 3 شِکھا کی بھانتی ہردے میں جلانے والا پُتر پریم۔ چندر کلا کا چرتر تو ہندی سنسار میں ایک اَنوٹھی وَستو ہے۔ اس کے پتی نے اپنے پتا کی آگیا سے شیہ اپنی پہلی اِستری کو تیاگ دیا ہے۔ بے چاری کی تیکتا منورما 4 اپنے پُترِ سوشیل کے ساتھ مایکے میں وِپتی کے دن کاٹ رہی ہے۔ یہ جہیز کے پورے روپے نہ ملنے کا دنڈ ہے۔ چندر کلا اپنی سوت سے جلتی ہے۔ ایک بار وہ اپنے سوتیلے بیٹے کو دیکھ لیتی ہے۔ اِس سے اس کا ہردے اور بھی بیاکل ہو جاتا ہے۔ وہ جانتی ہے کہ پتی کے جہیز پر میرا ادھیکار ہونے پر بھی اس کے ہردے پر منورما ہی راجیہ کر رہی ہے۔ کیوں نہ کرے؟ اس کے پُتر ہیں، وہ انوپم سندری ہے۔ میں ابھاگن ہوں۔ پُتر وہینا پتنی کو پتی کیوں پیار کرے گا۔ اس کے بھاگیہ میں سنتان سُکھ بھوگنا لکھا ہی نہیں۔ اپنی نند کے ایک بالک کو وہ اپنا پُتر بنا کر پالتی ہے، لیکن وہ بھی اُسے دغا دے جاتا ہے۔ سوشِل 5 کی تیجسوی 6 مورتی اس کی آنکھوں میں ناچتی رہتی ہے۔ وہ پتی کو منورما کی ہوا بھی نہیں لگنے دینا چاہتی اسے بھیشن شپتھ 7 دِلا کر پُتر درشن سے بھی ونچت رکھتی ہے، یہاں تک کی دُکھیا منورما انت کو سنسار سے بدا ہو جاتی ہے۔ چندر کلا اس اوسر پر اپنی سوت کے پاس پہنچ جاتی ہے۔ منورما اسے دیکھ کر کہتی ہے۔

بہن چندر کلا! آ بھائی اس انتم سمے میں ایک بار تجھے گلے سے تو لگا لوں، تیرا کوئی اَپرادھ نہیں ہے

---

1 اُدّیان۔ باغیچہ، پھلواری 2 مانمیہ پتر بھکتی۔ باپ کی عزت اور اولیت 3 دیپ شکھا۔ چراغ کی لو
4 تیکتا منورما۔ ممتا کی قربانی 5 سوشِل۔ نرم مزاج 6 تیجسوی۔ پُرنور 7 بھیشن شپتھ۔ بڑی قسم

چندری! نہیں نہیں اس طرح روک کر مجھے دُکھی نہ کر بہن۔ آج میں دھنیہ ہوگئی۔ تیرے اوپر ایشور جانتے ہوں گے کسی دن میں نے ودّویش 1 نہیں کیا آج بھی یہی آشیرواد اپنے ہردے سے دیکھ کر جاتی ہوں، تیرا جیون ساوتری کے سمان پوتر رہے۔

چندری شبد کا پریوگ سن کر منورما اُدھیر ہو جاتی ہے۔ سوت کی وِیتھا پہلے ہی شانت ہو چکی تھی۔ اب پتنی بھکتی کا اُدے ہوتا ہے منورما اپنے پُتر کو اس کی گود میں سونپ دیتی ہے۔ اس بیچ میں پتی مہودے بھی آ پہنچتے ہیں۔ منورما اُسے دیکھتے ہی چلا اُٹھتی ہے۔ سوامی پرانا ناتھ، یہ کہتے ہی اس میں اچانک بَل کا سنچار 2 ہو جاتا ہے، اور وہ پتی کے پیروں پر گر پڑتی ہے۔ پندرہ ورشوں کی ابھلاشا آج مرن شیّا پر پوری ہوتی ہے۔ لُجت پتا استری اور پُتر سے چھما مانگتا ہے۔ اور اس کرون 3 کتھا کا انت ہو جاتا ہے۔

اس اُپنیاس میں مُکھیہ پاتر چار ہیں۔ منورما، سوشیل، راجیند اور چندرکلا۔ منورما کا چرتر بھارتیہ پتنی کا آدرش ہے۔ اس کا پتی پریم اٹل ہے۔ پتی نے اُسے تیاگ دیا ہے، اس کی خبر نہیں لیتا۔ اس کے پاس ایک پتر بھی نہیں بھیجتا۔ پر اُسے وشواس ہے کہ پتی کو اُس سے پریم ہے، وہ پتا کی آگیا سے وِوش ہو کر میری اوہیلنا 4 کر رہا ہے۔ وہ جانتی ہے کہ سوامی کو میرے ویوگ میں گھور پیڑا ہو رہی ہے۔ پُتر ویوگ سے اس کا ہردے پھٹا جا رہا ہے، وہ پتا کی آگیا ماننے کے لیے بھی پتی کے پرتی دِویش یا شردّھا کا بھاؤ نہیں آنے پاتا۔ ایک بار جب سوشیل اپنے پتا کے ویوہار سے دکھی ہو کر ان کی اوپیکشا 5 کرتا ہے۔ تو منورما اس کی بھرتسنا 6 کرتی ہے۔ اس سے اس کے مُکھ سے جو شبد نکلے ہیں، ان میں پتی شردّھا کی پوتر دھارا سی بہنے لگتی ہے۔ چندرکلا کے پرتی بھی اس کے من میں دِویش کا بھاؤ نہیں ہے۔ ذرا سی جلن نہیں۔ وہ اپنی دشا پر دُکھی پرسنتشٹ ہے۔ بھارتیہ ناری کا اس سے بڑھ کر اور کیا آچرن ہو سکتا ہے؟

راجیند رمہاشے ہیں تو انگریزی پڑھے لکھے، لیکن خاصے بدھو ہیں۔ پتا کی آگیا کا پالن کرنا وہ اپنا پرم کرتویہ سمجھتے ہیں۔ اُچت اور انوچت کا وچار رکھتے ہوئے بھی وہ پتا کی ایک اتیَنت انوچت آگیا کے سامنے پھر جھکا دیتے ہیں۔ انھیں اپنی پریہ پتنی کو تیاگ کر دوسرا وواہ کرتے ہوئے سنکوچ نہیں ہوتا۔ چندرکلا سے انھیں پریم نہیں ہے۔ ان کا ہردے منورما اور سوشل کے ویوگ سے تڑپتا رہتا ہے۔ لیکن وہ سوشل کا پتر پا کر بھی اس کا جواب نہیں دیتے، کسی پرکار کی سہایتا نہیں کرتے۔ وہ جانتے تھے کہ اس دشا میں یدی وہ کچھ سہایتا کرنا بھی چاہیں تو مانی منورما اُسے سویکار نہ کرے گی۔ جیسا ہم اوپر لکھ آئے ہیں۔ منورما

---

1 ودّویش۔ دو ہونے کا احساس 2 سنچار۔ جاری 3 کرون۔ لائق رحم 4 اوہیلنا۔ نظر انداز کرنا۔ توہین، بے رخی
5 اوپیکشا۔ خواہش نہ کرنا 6 بھرتسنا۔ ملازمت

سے اس کے انتم سمے میں ان کی بھینٹ ہوتی ہے۔

لیکھک نے سب سے ادھک رچنا کوشل چندر کلا کے چرتر میں دکھایا ہے۔ وہ دھنی ماتا پتا کی لڑکی ہے، راجیندر کا بکھان بھی سن چکی ہے لیکن سوتا ڈاہ کی آگ میں جلنے کی اپیکشا وہ مرجانا ہی اچھا سمجھتی ہے۔ وہ اپنے ماتا پتا کے کانوں میں یہ بات ڈال دیتی ہے۔ لیکن اُس کے پتا کو راجیندر سا دوسرا اور ملنا کٹھن معلوم ہوتا ہے۔ وواہ ہو جاتا ہے۔ سسرال میں آکر چندر کلا کو گیان ہوتا ہے کہ یدیپی کوئی میرا انادر نہیں کرتا پر گھر بھر کا پریم میرے سوت ہی پر ہے۔ یہاں تک کہ اُسے معلوم ہوتا ہے راجیندر بھی اسے پیار نہیں کرتے۔ وہ ایرشیا1 کی اگنی میں جلنے لگتی ہے۔ وہ اکثر اپنے در بھاگیہ پر اکیلے بیٹھ کر رویا کرتی ہے۔ پتی اس کی بڑی خاطر کرتا ہے، مگر آئے دن گھر میں ایسی باتیں ہوتی رہتی ہیں جن سے اسے پتا چلتا ہے کہ یہاں کوئی میرا نہیں، یہاں تک کہ پتی بھی پہلے سوت کے پتی ہیں اس کے بعد میرے۔ کبھی کبھی وہ یہ سوچتی ہے کہ جو اپنی پہلی پرنیہ2 پاتری کو اتنی نردیتا3 سے تیاگ سکتا ہے وہ میرا کیا ہو سکے گا؟ اس مرم ویدنا4 کی دشا میں ایک بار وہ اپنی نند کے گھر کے نیوتے میں جاتی ہے۔ وہاں سوشیل بھی آیا ہوا ہے۔ سوشیل کہیں سے تماشا دیکھ کر آیا ہے اور چندر کلا کو اپنی بوا سمجھ کر اس تماشے کا ذکر کرنے لگتا ہے۔ اس کی پیاری پیاری باتیں سن کر چندر کلا کے شُشک5 وندھیا جیون6 میں اناپاس7 ہی ماترتو کا اُدے ہوا، وہ تُرنت وہاں سے اپنے گھر چلی آئی۔ اُسے سندیہہ ہوا کہ نند نے سوت کو بھی اوشیہ بلایا ہوگا۔ میرے سوامی بھی اوشیہ وہاں گئے ہوں گے۔ اپنی سوت کے وہار کی کلپنا کرکے وہ ویاکل ہوگئی۔ اس کی آنکھوں کے سامنے اُسی لڑکے کی صورت ناچ رہی تھی، معلوم ہوتا تھا، راج پتر کی طرح سوکمار، دیو کمار کی بھانتی سندر لڑکا پاس بیٹھا ہے۔ جب لڑکا اِتنا سندر ہے، تو اس کی ماں نہ جانے کتنی سندر ہوگی؟ اسی وقت راجیندر اپنی بہن کے یہاں جانے کو تیار ہوتے ہیں۔ چندر کلا کو نشچیہ ہو جاتا ہے کہ یہ سوت سے ملنے جا رہے ہیں۔ وہ اُنھیں یہ بھیشن شپتھ دلاتی ہے۔ آج یدی وہاں جاؤ تو اپنے لڑکے کا خون پیو۔

راجیندر مرماہت8 سے ہو کر باہر چلے جاتے ہیں۔ لیکن جب تھوڑی دیر کے بعد چندر کلا کو گیات ہوتا ہے کہ راجیندر رات بھر گھر ہی پر رہے، رات کو بھوجن بھی نہیں کیا تو اس کا سندیہہ دور ہو جاتا ہے۔ لیکھک نے اس ادھر پر چندر کلا کے منو بھاؤ کو جتنی سندرتا سے پرکٹ کیا ہے، اس سے ان کے استری ہردے کے گیان کا اچھا پریچے ملتا ہے۔ اس دن سے شنے شنے9 چندر کلا کی ایرشیا کی آگ ٹھنڈی ہونے

---

1 ایرشیا۔ نفرت 2 پرنی پاتری۔ پیاری، چہیتی 3 نردیتا۔ بےدردی 4 مرم ویدنا۔ دلی تکلیف 5 شُشک۔ سوکھا ہوا 6 وندھیا جیون۔ بانجھ زندگی 7 اناپاس۔ اچانک 8 مرماہت 9 شنے شنے۔ دھیرے دھیرے، وقت بہ وقت

لگتی ہے۔ دو سال کے بعد پھر ساوتری کے گھر جانے کا موقعہ ملتا ہے۔ سوشیل کے وہاں آنے کی آشا ہے۔ چندرکلا اب کی اپنے پتی سے وہاں جانے کا انورودھ کرتی ہے۔ پر وہ نہیں جاتے۔ وہ ہمیشہ شہتھ انھیں بھولی نہیں ہے۔ چندرکلا آتی ہے اور اس کی آنکھیں سوشیل کو چاروں اور ڈھونڈنے لگتی ہیں پر سوشیل وہاں نہیں آیا ہے۔ کچھ دنوں کے بعد سوشیل اپنے پتا کو ایک پتر لکھ کر اپنی کسی پریکشا میں پاس ہونے کی سوچنا دیتا ہے۔ پنڈت جی اس پتر کو کھولتے بھی نہیں۔ چندرکلا اس خط کو پڑھتی اور پتی سے اس کا جواب دینے کا آگرہ کرتی ہے۔ کتنا سوابھاوک پری ورتن ہے۔ پتی اگر پتر اور پری تیکتا استری سے پریم کرتا تو چندرکلا کا کرودھ بڑھتا، دویش کی آگ دہکتی۔ لیکن پتی کا اُن دونوں کے پرتی یہ اَنیائے دیکھ کر چندرکلا کی سہردیتا جاگرت ہو جاتی ہے۔ انت کو وہ خود سوشیل کے پتر کا جواب دیتی اور اُسے الٰہ آباد آکر پڑھنے کا انورودھ کرتی ہے۔ وہ یہیں رہتی تھی۔ سوشیل الٰہ آباد آکر پڑھتا ہے پر اپنے پتا کے گھر نہیں آتا۔ چندرکلا کو اس کے پریاگ آنے کی بات معلوم ہو جاتی ہے۔ وہ اسے گھر پر بلاتی ہے، خود گاڑی میں بیٹھ کر اس کی تلاش کرنے لگتی ہے، پر وہ نہ آتا ہے نہ دکھائی دیتا ہے۔ اسی بیچ میں راجیندر بیمار پڑ جاتے ہیں۔ مانسک 1 ویدنا ہی ان کی بیماری کا کارن ہے۔ ان کی دشا اچھی نہیں ہے۔ یہ وہ چندرکلا نہیں ہے جسے ہم پہلے دیکھ چکے ہیں۔ دویش نے اب سہردیتا اور پریم کو استھان دے دیا ہے۔

سوشیل کے سوبھاؤ میں مان کی ماترا ادھک ہے۔ وہ یوں تو اپنے پتا کو دیکھنے نہیں آتا، لیکن رات کو گھور میگھاچھن 2 اندھکار میں چوروں کی بھانتی اپنے پتا کے کمرے میں جاتا اور اُن کے چرنوں پر سر رکھ کر روتا ہے۔ اس کے آنسوؤں سے چادر بھیگ جاتی ہے۔ آہٹ پاتے ہی وہ پھر نیچے کود کر چلا جاتا ہے۔ مگر اُس کی چوری چھپی نہیں رہتی۔ چندرکلا اور اُس کے پتی دونوں ہی بھانپ جاتے ہیں کہ آگنتک 3 کون تھا۔ راجیندر مہاشے پتا کی آگیا کا اکھر شر پالن کرنے پر تلے ہوئے ہیں، چاہے اس کے لیے اپنے پران ہی کیوں نہ دینے پڑے۔ پستک کے اَنتم دو تین پریچھید جن میں چندرکلا، سوشیل اور راجیندر کے چرتروں کا پورن روپ سے وکاس ہوا، بہت ہی سندر ہیں۔ راجیندر کا تاپ 4 چندرکلا کی گلانی 5 اور سوشیل کی پتر بھکتی 6 کا دگ درشن اتیئنت منوہر ہے۔ ہم پاٹھکوں سے انورودھ کرتے ہیں کہ اس کرون کتھا کو اوشیہ پڑھیں۔ ایسے اپنیاس انھوں نے بہت کم پڑھے ہوں گے۔

مادھوری: 19 فروری 1926

---

1 مانسک ویدنا۔ ذہنی الجھن 2 میگھاچھن۔ ابر آلود جھما جھم بارش 3 آگنتک۔ آنے والا

4 تاپ۔ دکھ درد 5 گلانی۔ پچھتاوا 6 پتر بھکتی۔ باپ کی محبت

"دلچسپ کہانیاں" لیکھک پنڈت رام سوروپ کوشل۔

بالکوں کے لیے چھوٹی چھوٹی کہانیوں کا سنگرہ ہے۔ ہر ایک کہانی کے انت میں اس سے ملنے والی شکشا بھی دی گئی ہے۔ بھاشا سرل اور روچک ہے۔ پر ہماری سمجھ میں شکشا کو پرکٹ کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ لڑکے سویم کہانیوں سے شکشا گرہن کر سکتے ہیں۔ کم سے کم کچھ سوچنا تو پڑتا ہی۔

"چلتا پرزہ" لیکھک، شری گنگا پرشاد چودھری۔

یہ چودھری مہودے کی ان چودہ کہانیوں کا سنگرہ ہے، جو انھوں نے سمے سمے پر لکھی اور پرکاشت کرائی ہیں۔ کہانیاں پرایہ سب مزے دار ہیں۔ چلتا پرزہ، مایا وِنی، موہنی، آدی بہت ہی سندر ہوئی ہیں۔ ہاسیہ 1 رس کی گہری چاشنی کا مزہ سب کہانیوں میں ودّیہ مان 2 ہے۔ بھاشا محاورے دار، بول چال کی ہے۔ پنڈتاؤ بھاشا کہانیوں کے لیے انوکول نہیں ہوتی، چودھری مہاشے نے اس گُر کو خوب سمجھا ہے۔ کہانیوں میں لیکھک کی پرتبھا 3 جھلک رہی ہے۔ ہمیں آشا ہے، آپ اور بھی اچھا لکھیں گے۔ کہیں کہیں ایکادھ شبد بے محاورہ آ گئے ہیں۔ 'خلاصگی'، اب ٹکسال باہر ہے۔ یہ مارواڑی گڑھنت سی معلوم ہوتی ہے۔ آشا ہے لیکھک مہاشے اس کا دھیان رکھیں گے۔ کہیں کہیں تو آپ کا ورنن بہت ہی روچک اور سجیو ہے۔ بہت اچھی چیز ہے۔ مبارک بادی کے لائق۔

مادھوری: فروری 1927

---

1 ہاسیہ رس۔ مزاحیہ مزہ   2 ودّیہ مان۔ معلوم افزا   3 پرتبھا۔ اصلیت، شخصیت

"کرم دیوی" لیکھک، شری پرواسی لال ورما۔

یہ ایک چھوٹا سا منورنجک اِتہاسک اپنیاس ہے، جس میں ستیہ کی اپیکشا کلپنا سے ادھک کام لیا گیا ہے۔ کرم دیوی جالور کے راجہ دُرجے سنگھ کی پتری تھی۔ میواڑ کے یوراج مَل سنگھ سے اس کا پریم ہو گیا تھا۔ پر اِدھر اکبر کی نگاہ بھی کرم دیوی پر پڑ چکی تھی۔ اس نے چھل، کپٹ، وِنے بلاتکار آدی سادھنوں سے اُسے اپنے وَش میں کرنا چاہا پر سپھل نہ ہوا۔ آخر اس نے زہر سے مَل سنگھ کا کام تمام کیا اور کرم دیوی اس کے ساتھ ستی ہوئی۔ اکبر کے چرتر کو بڑی کرورتا سے بگاڑا گیا ہے، پرکھتا 1 منورنجک ہے، بھاشا بہت سندر۔ سنسکرت شبدوں کا پریوگ کچھ کم ہوتا تو پُستک ادھک اپیوگی ہو جاتی۔

"کلیا مُکھی"

لیکھک، پانڈے بیچن شرما 'اُگر'

یہ اُگر جی کی ان کہانیوں کا سنگرہ ہے جو پانچ چھ سال پہلے آج میں نکلی تھیں۔ ایک ایک کہانی سماج کے ایک ایک انگ کا چتر ہے۔ ادھک تر کہانیوں میں ہندو سماج کی بُرائیوں کا کرون وِلاپ ہے۔ پریکشا ہاسیہ 2 کتھا ہے، بہت سندر ہے، بھاشا سجیو اور بھاو مرم 3 سپرشی ہیں۔

"جیوت ہندی" (پرتھم بھاگ) سنگرہ کرتا 4 شری لکشمی چندر کھورانہ

اس سنگرہ میں یہ نوینتا ہے کہ کیول سمکالین رچناؤں کے ہی اَنش لیے گئے ہیں۔ اکثر اسکولی سنگرہوں میں لوگ للو لال اور راجہ شیو پرشاد سے آرمبھ کر کے بابو رادھا کرشن داس تک سماپت کر دیتے ہیں۔ سمکالین 5 لیکھکوں کو چھوتے تک نہیں۔ ایسے سنگرہ کالج کلاسوں کے لیے اُپیکت ہو سکتے ہیں۔ ان کا اُدیشیہ بھاشا کا کرم وکاس دکھانا ہے۔ کنتو بالکوں کو پرچلت بھاشا سے اَپریچت رکھنے کا پھل یہ ہوتا ہے کہ وے کچھ لکھنے بیٹھتے ہیں۔ تو ویاکرن اور محاورے کی غلطیاں کرنے لگتے ہیں۔ اس سنگرہ میں یہ دُوش نہیں ہے۔ بالکوں کے بہت اُپیوگی ہوگا۔ مادھوری ماگھ۔1985

---

1 پرکھتا۔ مبصر، جانچ کرنے والا 2 ہاسیہ کتھا۔ کہانی کی معنویت 3 مرم سپرشی 4 سنگرہ کرتا۔ مرتب
5 سمکالین۔ ہمعصر، ایک زمانے کے

"کنکال" لیکھک ۔ جے شنکر پرساد

اپنی رچناؤں کے اتینت سندر، پھڑکتے ہوئے نام رکھنے کی پرتھا پراچین کال سے چلی آتی ہے۔ کتاب تو ہے سڑیل پر نام اتنا سندر، مانو ساہتیہ کا رتن ہی ہے، پرساد، جی نے اتنا سندر اپنیاس لکھ کر اتنا وبھتسہ 1 نام رکھ دیا کہ پہلے پاٹھک کو ایک پرکار کی اروچی ہو جاتی ہے۔ وہ سمجھنے لگتا ہے کہ اس میں کوئی پیشاچک رہسیہ ہوگا۔ یا کوئی ہتیا کانڈ، لیکن دل پر جبر کرکے جب وہ پستک اٹھاتا ہے اور ایک پَرِچ چھید 2 پڑ جاتا ہے تب اُسے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تو کوئی اونچے درجے کی چیز ہے۔ پُستک ساپت کر لینے پر اس کے سامنے کنکال کا بھیشن درشیہ نہیں، سوربھ سے بھرے ہوئے رمنیک 3 اُدیان 4 کا درشیہ آتا ہے، جو ہردے پر نہ مٹنے والا اثر چھوڑ جاتا ہے، یہ پُرساد جی کا پہلا اُپنیاس ہے۔ پر آج ہندی میں بہت کم ایسے اپنیاس ہیں، جو اس کے سامنے رکھے جا سکے۔ مجھے اب تک آپ سے یہ شکایت تھی کہ آپ کیوں پراچین وبھو کا راگ الاپتے ہیں، ایسی چیزیں کیوں نہیں لکھتے، جن میں ورتمان سمسیاؤں اور گتھیوں کو سُلجھایا گیا ہو۔ نہ جانے کیوں میری یہ دھارنا ہوگئی ہے کہ ہم آج سے دو ہزار ورش پوروکی باتوں اور سمسیاؤں کا چترن سپھلتا کے ساتھ نہیں کر سکتے۔ مجھے یہ اسمبھو سا معلوم ہوتا ہے۔ ہم کو اس زمانے کے رہن سہن آچار وچار کا اتنا الپ گیان ہے کہ قدم قدم پر ٹھوکریں کھانے کی سمبھاونا رہتی ہے۔ ہم کو بہت کچھ کلپنا کا آشرے لینا پڑتا ہے اور کلپنا۔ یتھارتھ کا رُوپ کھڑا کرنے میں بہودھا اسپھل ہوتی ہے۔ شاید یہ میری پریرنا 5 کا پھل ہے کہ پُرساد جی نے اس اپنیاس میں سمکالین سماجک سمسیاؤں کو حل کرنے کی چیشٹا کی ہے اور خوب کی ہے۔ میری پہلی شکایت پر کچھ لوگوں نے مجھے خوب آڑے ہاتھوں لیا تھا، پر اب مجھے وہ کٹھور باتیں بہت پریہ لگ رہی ہیں اگر ایسی ہی دس پانچ لتاڑوں کے بعد ایسی سُندر رستو نکل آئے تو میں آج بھی ان کو سہن کرنے کو تیار ہوں۔ اس اپنیاس کو نکلے چار پانچ مہینے ہوگئے۔ میں چاہتا تھا کہ کوئی مجھ سے یوگیہ تر سجن اس کی آلوچنا کریں۔ میں نے خود کئی متروں سے جن کی آلوچنا شکتی مجھ سے کہیں بڑھی ہوئی ہے۔ اس کی آلوچنا کرنے کی درخواست کی، پر سبھی وعدے کرکے ٹال گئے، اس لیے آج مجھے اس کرتویہ کا پالن خود کرنا پڑا۔ میں سچے ہردے سے کہتا ہوں کہ مجھے اس رچنا میں بڑا آنند ملا کرتیو لیکھک کی کویتا می شیلی میں یدِ پی

1 وبھتسیہ۔ نفرتی 2 پرچ چھید۔ جدائی، باب حد 3 رمنیک۔ خوب صورت 4 اُدیان۔ باغ، پارک
5 پریرنا۔ تحریک

اتی تجبو تا اور مردانا پن نہیں، پر اس کی کسر سوندر یہ اور کوملتا نے پوری کردی ہے۔ درشیہ کے چترن میں نو ینتا ہے دیچیتہ ہے اور ہردے ہے۔ چرتروں میں گہرائی ہے، جان ہے اور ستیہ ہے۔ سبھاشنوں میں وچار ہے، تتھیہ ہے 1 ہے اور چبھنے والے واکیہ ہے۔ منگل کا ہندو آدرشہ واد، وجیہ کا دارشنک جڑواد سوامی جی کا بگلا بھگت پن، کیشوری کی پاکھنڈی دھار مکتا اور نربجیہ ولاستا، سبھی پاٹھک کو مگدھ کر دیتے ہیں۔ گھنٹی کا چرتر بہت ہی سُندر رہوا ہے۔ الہڑپن کے ساتھ جیون پر ایسی ایسی تاتوِک وِرشٹ، یدیپی پڑھنے میں کچھ اسمبھاوک معلوم ہوتی ہے، پر یتھارتھ میں ستیہ ہے۔ وردھوں کا میل جیون کا گن رہسیہ ہے۔ وہ بھی ستی ہے، یمنا بھی ستی ہے، پر دونوں میں کتنا سوکشم انتر ہے۔ ایک کٹھور ہے، دوسری کومل ایک چھاچھ کو گرم دودھ سمجھنے والی، دوسری وِش بھی گرہن کرنے کو تیار۔ مجھے وشواس ہے کہ پرساد جی ایسے اور بھی اُتپن کریں گے اور ہندی بھاشا ان کا یتھوچت سمان کرے گی۔

نومبر 1930

---

1 تتھیہ۔ سچائی

"پرکھ" لیکھک، شری جینیندر کمار جین

جینیندر کمار کی رچنائیں تھوڑے ہی دنوں سے پرکاشت ہونے لگی ہے۔ کچھ کہانیاں تیاگ بھومی میں نکلی، کچھ مادھوری میں دو چار اور ادھر اُدھر نکلی ہوگی اور 'پرکھ' تو ان کا پہلا اپیاس ہے، پر جو کچھ انھوں نے لکھا ہے، بہت ہی سُندر لکھا ہے۔ بھاشا چرتر، چٹکیاں، سبھی اپنے ڈھنگ کی نرالی ہے۔ ان میں سادھارن سی بات کو بھی کچھ اس ڈھنگ سے کہنے کی شکتی ہے، جو تُرنت آکرشت کرتی ہے۔ ان کی بھاشا میں ایک خاص لوچ، ایک خاص انداز ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ ان ریلسٹوں میں نہیں ہیں، جنھیں نگن چتروں میں ہی آنند آتا ہے۔ 'سندر' کو وہ کبھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ 'پرکھ' ہے تو چھوٹی کتاب، پر ہندی میں ایک چیز ہے۔ بھاشا اتنی سجیو، شیلی اتنی آکرشک، چرتر اتنا مارمک کہ چت مگد ہو جاتا ہے، مگر یہ نئی وِواہ پرتھا ہماری سمجھ میں نہیں آئی۔ یدی کٹو اور بہاری کو سیوا برت ہی دھارن کرنا تھا۔ اور ایسا پرتیت ہوتا ہے کہ جیون میں وہ پھر نہ ملے ہوں گے۔ تو وِواہ بندھن کی کیا ضرورت تھی؟ وِواہ واسنا کی چیز نہ ہو، سنتان پیدا کرنے کی چیز نہ ہو، پر سنگیتی کی چیز تو ہے ہی، ایسی گاڑی تو ہے ہی جس کے دو پہیے ہوتے ہیں۔ یدی استری اور پرش کو ایک دوسرے کے پریم، سہارے اور سہانوبھوتی کی ضرورت نہ ہو، تو وِواہ کا نام ہی کون لے۔ کٹو کا چرتر ایک سرل ہوتی، وِدھوا کا چرتر ہے، جس میں وِراگ بھی ہے اور ترشنا 1 بھی، ابھلاشا بھی ہے اور نراشا بھی۔ وِراگ کتنا وینجت 2 ترشنا کتنی دبی ہوئی۔ بہاری میں جوانی کی اُمنگ ہے۔ وہ اُمنگ کا سجیو پُتلا ہے۔ چھتا پس و پیش اور پرینام وہ کبھی سوچتا ہی نہیں۔ کھاتا ہے تو اُمنگ سے، بولتا ہے تو اُمنگ سے، پریم کرتا ہے تو اُمنگ سے۔ اور سنیاس لیتا ہے، تو اُمنگ سے ستیہ پرکاش کا پتن۔ ہم اُسے پتن ہی کہیں گے ایک منسوی یوک کا پتن ہے، جو نانوے کے پھیر میں پڑ جاتا ہے۔ ہمیں وشواس ہے اس رچنا کا آدر ہوگا۔ ہم جینیندر جی کو اس پر بدھائی دیتے ہیں اور کتھا پریموں سے آگرہ کرتے ہیں کہ وہ اسے اوشیہ پڑھیں۔

جینیندر جی سے ہماری تھوڑی دیر کی ملاقات ہے۔ سیدھے سادھے کھدر دھاری آدمی

---

1 ترشنا۔ پیاس 2 وینجت۔ آواز

ہیں، ہردے میں دیش بھکتی کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا، لمبے لمبے سنوارے ہوئے کیش ہیں، نہ آنکھوں پر سُنہری عینک، نہ کوئی ٹیم ٹام چُپ چاپ کام کرنے والے آدمیوں میں ہیں، پورے ستیہ گراہی۔
آج کل گجرات اسپیشل جیل میں جیل جیون پر کوئی اپنیاس لکھنے کی سامگری جمع کر رہے ہیں۔
فروری1931

''شرابی' ٹھیکھک، شری پانڈے بچن شرما 'اُگر'

اُگر جی کی بھاشا میں پرواہ ہے، زور ہے اور اچھوتی ہے۔ ہاں کہیں کہیں کسی بات کو نوین ڈھنگ سے کہنے کے لیے وہ محاورے کا خیال نہیں کرتے۔ مانک اس کتھا کا نائک ہے اور جواہر نائیکا۔ دونوں ہی شرابیوں کے بچے ہیں۔ جواہر کا باپ اسے مار پیٹ کر گھر سے نکال دیتا ہے۔ وہ کندن ویشیا کے جھانسے میں آکر ویشیا ہو جاتی ہے۔ مانک اس سے وِواہ کر کے اس کا اُدھار1 کرتا ہے۔ کتھانک کا کرم کچھ ایسا رکھا گیا ہے کہ سمجھنے میں کٹھنائی پڑتی ہے۔ اس کا بھی وچار نہیں کیا گیا ہے کہ اپنیاس میں کن باتوں کے وِستار کی ضرورت ہے اور کون سی بات دو چار واکیوں میں ہی سماپت کر دینی چاہیے۔ شرابیوں کے چرتر میں اتی شیوکت2 کا بھرم ہو سکتا ہے، مگر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایسے لوگ جیتے جاگتے مل نہیں سکتے۔ اُگر جی پکے یتھارتھ وادی ہیں۔ ان کی رچنا3 یا کور چی کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنے اصلی روپ میں دکھائی دیتی ہے۔ پارس ناتھ کا چرتر ایک شرابی کی سچی تصویر ہے وہ سو بھاو کا اُگر پانچ نہ ہونے پر بھی نشے میں کتنا بڑا لپٹو بن جاتا ہے اور پھر نشا اُترنے پر اسے کتنا پچھتاوا اور گلانی ہوتی ہے اور نشے میں کسی بات کو لے بھاگنے کی کتنی پراورت4 ہوتی ہے، یہ ایک کُشل چتر کار کی کلا کے ساتھ دکھائے گئے ہیں۔ مانک کا چرتر بھی ایک ولاسی یوک کا چرتر ہے، جو جوانی کی اُٹھتی ہوئی اُمنگ میں ہیرا سے پریم کرتا ہے اور جب ہیرا کا دوسرے پُرش سے وِواہ ہو جاتا ہے تو پڑھنا لکھنا چھوڑ کر آوارہ ہو جاتا ہے اور جب اس کا شرابی باپ مر جاتا ہے تو وہ خود اس دُروسن5 میں پڑ کر اپنی منو۔ویتھا6 بھول جاتا ہے اور انت میں جواہر سے وِواہ کر کے سکھی ہوتا ہے۔ اسی جواہر کے گھر میں ہیرا کے پتی کی ہتیا ہو جاتی ہے اور وہ ندی میں ڈوب کر آتم گھات کر لیتی ہے۔
فروری1931

---

1 اُدھار۔نجات 2 اتی شیوکت۔مبالغہ 3۔یتھارتھ وادیتا۔عمل پر اعتقاد رکھنا 4 پراورت۔خواہش
5 دُروسن۔دکھ، درد 6 منو۔ویتھا۔دلی الجھن، پریشانی، درد

''سپنا' لیکھک، سوامی آنند بھکشو سرسوتی

سوامی جی اس کے پہلے 'بھاونا' لکھ کر ساہتیہ میں پرچت ہو چکے ہیں اور جنھوں نے ''بھاونا'' پڑھی ہے، وہ جانتے ہیں، سوامی جی کیسے ساہتیہ کی سرشٹی کررہے ہیں۔ 'سپنا' میں انھوں نے اپنی وِدُشی دھرم سنگنی کی اسمرتی وِدی 1 پر اپنے ہردے کے پھولوں کی ورشا کی ہے۔ آپ نے بھومیکا میں لکھا۔

میں سوچتا ہوں جو سپنے کی طرح گھٹ گیا اور سپنے کی طرح ہی پھر اُجڑ گیا اسی کی بات میں لوگوں کو کیا سناتا پھروں خود بھی کیوں اس کی اِسمرتی پوس پوس کر کٹھن بناؤں؟ یہ بھی میں جانتا ہوں کہ سوپن مٹنے کے لیے ہوتا ہے اور جو لہلہاتا ہے وہ کبھی اُجڑے نہیں تو اس کی سندرتا بھی نشٹ ہو جائے۔ جیون اتنا پریہ اور سرس معلوم ہوتا ہے۔ یہی کارن ہے کہ ان میں اتنا پربل آکرشن ہے۔ میں اسپشٹ انوبھو کرتا ہوں کہ جس ندھی 2 کو میں کھو بیٹھا ہوں، یدی اسے کھونے نہ پاتا، تو اس کی امولیہ تا کو پہچان بھی نہ سکتا۔ میں اسے کھو کر ہی تو پا سکا ہوں۔ اب رہا یہ کہ میں اسے کھونے لٹ جانے کی پیر کو گا گا کر کیوں سہلاتا ہوں اس کا مزہ نہ پوچھیے۔ اسے ہردے والے ہی جان سکتے ہیں۔

سوامی جی کی بھاشا میں دھرم کو اسپرش 3 کرنے کی پربل شکتی ہے، اس میں سنگیت ہے کوملتا اور آویش ہے، اسمرتیاں اتنی پوتر، اتنی منوہر ہے کہ دل پر ہمیشہ کے لیے اثر چھوڑ جاتی ہے۔ جی چاہتا ہے کہ اس کے اُدھرنوں 4 سے پاٹھکوں کا منورنجن کروں۔ ایک ایک پنکتی میں آپ کی پرسادی بھری ہوئی، سچی بھکتی میں ڈوبی ہوئی کویتا کا آنند آئے گا۔ شاید یہی بھکتی تھی، جس نے اور وِسترت ہو کر میرا ئی وانی کو النکرت 5 کیا تھا۔ آدی میں ڈاکٹر شری متی کنتل کماری دیوی کا ایک انگریزی کتھن ہے، جو پڑھنے اور منن کرنے یوگیہ ہے۔ ہم اس پُستک کو ہندی کا اجول رتن سمجھتے ہیں اور آشا کرتے ہیں کہ اس سے کتنے ہی وروگی آتماؤں کا کلیان ہوگا۔

فروری 1931

---

1 اسمرتی وِدی۔ یادوں کی قبر 2 ندھی۔ دولت 3 اسپرش۔ لمس 4 ادھرنوں۔ اقتباسات 5 النکرت۔ آرائش، تزئین

""کمد نی" ملیکھک، شری رویندر ناتھ ٹھاکر، انوواد ک شری دھنیہ کمار جین۔

وشوکوی شری رویندر ناتھ جی کا یہ ایک اپنیاس ہے۔ پہلے، وشال بھارت میں کرمشہ نکلتا رہا ہے۔ اب پُستکا 1 کار پر کاشت ہوا ہے۔ مدھوسودن، جو کتھا نایک ہے، بڑا ہی کرپن، پیسے پر جان دینے والا، کلا 2 بھیمانی اور دھن کو سنسار کی سردوتّم ندھی ماننے والا گرور پروش 3 ہے۔ کمد اُدار سہیہ مئی آتما بھانی، ستی، پرُ دکھ سے وِکل 4 ہو جانے والی، سہانو بھوتی اور کوملتا کی دیوی نائکہ ہے۔ ایسے ایوگیہ جوڑے کا میل نہ سکھکر ہو سکتا ہے، نہ ہوا ہے۔ ایسے پُرش جہاں ہوں گے وہاں یہی بادھائیں کھڑی ہوں گی۔ وہ پتنی کو بھی اپنے جیون ودھان کی کل کا ایک پرزہ سمجھتا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ بھی انیہ پرزوں کی بھانتی اس کے اشاروں پر ناچے اور جب اسے اس اُدیوگ میں سپھلتا نہیں ہوتی، تو وہ اتروتر کٹھو اور اُدوگن ہوتا جاتا ہے۔ ویمنیہ 5 کا انکر تو دونوں کلوں میں پہلے ہی سے موجود ہیں۔ مدھوسودن اور وی پرساد، دو پرتھک سنساروں کے نیواسی ہیں۔ مدھوسودن وی پرساد سے جلتا ہے اور کمد نی کا اپنے پیارے بھائی کو شردھا اور اسنیہ کی دِرشٹی سے دیکھنا اسے اور بھی باولا کر دیتا ہے۔ وہ دمبھ اور شیا سنکیرتا 6 کی مانوسدیہ مورتی ہے۔ ایسے پتی بھی ہوتے ہیں، ہمیں تو اسے سویکار کرنے ہی میں سنکوچ ہوتا ہے۔ پر سنسار میں سبھی طرح کے لوگ ہوتے ہیں اور ایسے پُرشوں کا ہونا بھی سمبھو ہے۔ ہاں ہمارا وشواس ہے کہ ایسے پُرش سنسار میں ادھیک ہوتے تو سنسار نرک تلیہ ہو جاتا اور سبھی گھروں میں وہی کلہ نظر آتا جو اس گھر میں ہوا ہے۔ کمد نی جتنی ہی دیوی ہے، اتنا ہی مدھوسودن پشاچ ہے۔ پہلے ہی رات کو جب کمد نی کو مورچھا آجاتی ہے تو مدھوسودن کہتا ہے۔ میکے سے مورچھا کا ابھیاس کر آئی ہو کیا۔ پر ہمارے یہاں اس کا رواج نہیں۔ تمھیں یہ اپنی نورنگری چال چھوڑنی ہوگی۔

پھر انگوٹھی کی بات آتی ہے۔ کمدُ کے پاس وپیرداس کی دی ہوئی ایک فیروزے کی انگوٹھی ہے۔ مدھوسودن نہیں چاہتا کہ بھائی کی دی ہوئی وستو کو کمُد اتنی پریہ سمجھیں۔ مدھوسودن وہ انگوٹھی اُڑا لیتا ہے اور کہتا ہے۔ ہاں میں نے لی ہے۔ میں نے تو کہہ دیا تھا، اسے تم نہیں رکھ سکتی۔

کمُد کہتی ہے۔ تمھاری چیز تم رکھ سکو گے اور اپنی چیز میں نہیں رکھ سکوں گی؟ اس گھر میں تمھاری الگ

---

1 پستکا کار۔ کتابچہ، کتاب نما　2 کلا بھیمانی۔ فنی شان　3 کرودر۔ کٹر، لالچی
4 وکل۔ ویاکل　5 ویمنیہ۔ تصادم کا بیج　6 سنکیرنتا۔ چھوٹی ذہنیت

سمجھی جانے والی کوئی چیز نہیں ہے۔

'کوئی چیز نہیں؟ تو یہ رہا تمھارا گھر سمبھالو۔

سارانش 1 یہ کہ مدھوسودن کے چرتر میں کہیں کوملتا نہیں کہیں منجتا 2 نہیں وہ کرپتا 3 اور ابھیمان 4 اور گھل 5 سانسارکتا کا گھرنت 6 اوتار ہے۔ آشچریہ ہے، کُمد کی اس آنند یہ رُوپ ماھوری کا اس پر ذرا بھی اثر نہیں پڑتا۔ جہاں بڑے بڑے سمراٹوں کے سر بھی جھک جاتے ہیں، وہاں بھی وہ جیوں تیوں بنا رہتا ہے۔ کیول دو تین بار ہی اس کا دل پسیجتا ہے، پر وہ بھی جب اسے دھوکے سے بتایا جاتا ہے کہ کُمد لکشمی کے گرہ لے کر آئی ہے۔ اس کا من رُوپ سے چنچل ہوتا ہے ضرور مگر اس میں کاموتیجن کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ جتنی بار مدھوسُودن اس سے پریم دکھاتا ہے، کُمد کے ہردے میں کھینچ تان مچتی ہے۔ پتی کا کرودھ تو اس کی سمجھ میں آتا ہے، اس کا پریم سمجھ میں نہیں آتا۔ اس پریم میں کپٹ ہے، سوارتھ ہے، گھمنڈ ہے۔ آتم سمرپن ہے۔ کمدنی کے منو بھاؤں کا انینت جیو چترن سوئم اسی کے شبدوں میں ہوا ہے۔

موتی کی ماں کُمد سے پوچھتی ہے۔ تم کیا سمجھتی ہو کہ جیٹھ جی سے پریم کر ہی نہیں سکتی؟' کر سکتی تھی۔ ہردے میں ایک ایسی چیز بھر لائی تھی کہ جس سے سب باتیں اپنے پسند کر لینا میرے لیے بہت آسان تھا۔ شروع ہی میں تمھارے جیٹھ جی نے اسے توڑ کر چکنا چور کر ڈالا ہے۔ آج سب چیزیں کٹھور ہو کر مجھے ستا رہی ہیں... میں جانتی ہوں، میں جو پتی کو شردھا کے ساتھ آتم سمرپن کر سکی ہوں۔ وہ میرے لیے مہاپاپ ہے، لیکن اس پاپ سے مجھے اتنا ڈر نہیں، جتنا شردھا ہین آتم سمرپن کی گلنی کی یاد کر کے ہوآتی ہے۔

ذرا دیر چپ رہ کر کُمد نے پھر کہا۔ تم بھاگیہ وان ہو بہن' نہ جانے تم نے کتنا پنیہ کیا ہوگا، تبھی تو تم دیور جی کو سمپورن ہردے سے پریم کر سکتی ہو۔ پہلے میں سمجھتی تھی کہ پریم کرنا ہے۔ تبھی استریاں بھی پتیوں سے اپنے آپ ہی پریم کرتی ہوں گی۔ آج دیکھ رہی ہوں کہ پریم کر سکنا ہی سب سے دُرلبھ ہے، وہ تو جنم جنمانتر کی تپسیا سے ہی ہو سکتا ہے۔ اچھا بہن، سچ سچ کہنا، سبھی استریاں کیا پتی کو پریم کرتی ہیں؟

موتی کی ماں ذرا ہنس کر بولی۔ بنا پریم کے بھی اچھی استری بنا جا سکتا ہے، نہیں تو سنسار چلے گا کیسے؟

---

1 سارانش۔ خلاصہ 2 منجتا۔ آدمیت 3 کرپنتا۔ کنجوسی 4 ابھیمان۔ فخر شان
5 گھل سانسارکتا۔ کٹر دنیادار 6 گھرنت۔ لائق نفرت

یہی دلاسا دیتی رہو مجھے، اور کچھ بن سکوں چاہے نہیں، کم سے کم اچھی استری تو بن سکوں۔ پنیہ اسی میں زیادہ ہے، کٹھن تپسیہ تو وہی ہے'۔

'باہر سے اس میں بادھائیں پڑتی ہیں'۔

'انتر سے ان بادھاؤں کو دور کیا جاسکتا ہے۔ میں کر سکوں گی' ہار نہ مانوں گی'۔

یہ ہے ایک ستی ناری کا سدرڑھ سنکلپ۔ پتی کی ساری برائیوں کو بھول کر بھی وہ اچھی استری بننے ہی میں اپنے جیون کی سارتھکتا 1 سمجھتی ہے۔

پستک میں کتنے ہی استھل اتنے مرم اسپرشی ہیں کہ چت مگدھ ہو جاتا ہے۔

اور بھاو دبخنا کا تو پوچھنا ہی کیا۔ ہمارے وچار میں یدی کوی نے مدھوسودن کا چرتر اتنا دربل نہ دکھا کر اس سے کچھ اور سندر دکھایا، تو جیون کی ٹریجڈی اور بھی مارمک 2 ہو جاتی۔ مدھوسودن کو تو ہم ایک اسادھارن لوبھی ویکتی سمجھ کر اس سے گھرنا کرنے لگتے ہیں۔ اور کمدنی کی وڈمبناؤں 3 کا مہتو اس سے بہت کچھ کم ہو جاتا ہے' پر اس میں تو کوئی دورائیں ہو ہی نہیں سکتیں کہ یہ اپنیاس بڑے اونچے درجے کا ہے اور دھنیہ کمار جی نے اپنے پرانجل بھاشا میں اس کا انوواد کر کے ہندی بھاشا کا اپکار کیا ہے۔

''میری ایران یاترا''

لیکھک مہیش پرساد مولوی، عالم، فاضل

جو لوگ انگریزی کے ودوان ہیں۔ وہ انگلینڈ کی سیر کرنے جاتے ہیں۔ مہیش پرساد جی عربی فارسی کے آچاریہ ہیں، ان کے لیے ایران سے زیادہ پریم اور کس دیش سے ہوسکتا تھا۔ یوروپ کی یاترا بہت سوسادھیہ ہے۔ ایران سمیپ ہوتے ہوئے بھی دور ہے، کیوں کہ وہاں یاتریوں کے لیے کوئی سودھا نہیں۔ شاید یہ پہلا ہی یاترا ورتانت 4 ہے۔ جو ہندی میں نکلا ہے۔ یہ اس دلچسپی اور یاترا پریم کا پرمان ہے جو بھارت واسیوں میں اب جاگرت ہونے لگا ہے پستک گیارہ کھنڈوں میں وبھاجت ہے پہلے کھنڈ میں ایران کا سنکشپت ورتانت ہے اور ہمارے وچار سے ضرورت سے زیادہ سنکشپت ہے۔ اس سے زیادہ وستار تو سادھارن بھوگول کی پستکوں میں ملتا ہے اور اس کی کیا اوشیکتا ہے، یہ بتلایا گیا ہے۔ میرے وچار میں اسے پہلا کھنڈ ہونا چاہیے تھا باقی کھنڈ میں بنارس سے کراچی آنے، کراچی سے جہاز پر بیٹھنے اور بھن

---

1 سارتھکتا۔ کامیابی 2 مارمک۔ حساس 3 وڈمبنا۔ مضحکہ خیز 4 ورتانت۔ خودنوشت

بھن ایرانی استھانوں کا ورنن ہے۔ یاترا بڑی منورنجک ہے اور آنے والے یاتریوں کے لیے بڑے کام کی چیز ہے۔ ہاں، ہم اتنا کہیں گے کہ یاترا کی بھاؤنا رُوکھی ہے اور کہیں وہ جگیو تا نہیں ہے، جو یاترا ورتانتوں 1 کا مکھیہ گن ہے۔ پُستک میں کئی ایرانی استھانوں اور نگروں کے چتر ہیں۔ ایران کا سادھارن پر یچے جو ہمیں یہاں ملتا ہے، وہ یہ ہے کہ یہاں کے لوگ بڑے ابھیاگت 2 سیوی، اُدار اور تحمّل ہیں۔ جیون ابھی مہنگا نہیں ہونے پایا ہے۔ سڑکیں خراب ہیں، ریلیں کم موٹر لاریوں کا کرایہ بہت زیادہ ہے۔ جل وایو سواستھیہ وردھک موسم سُہاونا اور ورشیہ منوہر ہیں۔

مارچ 1931

---

5 یاترا اور تانت۔ سفرنامہ   6 ابھیاگت۔ مہمان نوازی

''واتاین'' لیکھک، شری جینندر کمار

یہ جینندر کمار جی کی تیرہ کہانیوں کا سنگرہ ہے۔ جن میں کئی تو پتریکاؤں میں نکل چکی ہیں۔ کئی اس سنگرہ میں پہلی بار نکلی ہیں۔ جینندر جی کی رچناؤں نے ہندی اُپنیاس اور گلپ ساہتیہ کو گورو پردان کر دیا ہے۔ اس سنگرہ کی 'فوٹوگرافی' چلت چت، بھابھی، آدی کئی کہانیاں سنسار کے کسی ساہتیہ کے لیے گروی وستو ہو سکتی ہے۔ ایسا چل چلاپن، ایسی بجیوتا، ایسی سوکتیاں 1 اور کہیں کم دیکھنے میں آتی ہے۔ بیچ، بیچ میں ایسے واکیہ رتن بکھرے ملتے ہیں، جو چت کو مگدھ کر دیتے ہیں۔ دو ایک اُداہرن لیجیے۔

'وہ گھر' جس میں لکھو کے پرانے دن، سکھ کے، ولاس کے، اُلّاس کے دن، اب بھی زندہ تھا، جو لکھو کے سمیپ اس کے باپ کا اس کے ماں کے سمیپ اس کے پتی کا ایک ماتر اوشیش 2 سنسمرتی چنھ 3 تھا، جو ان کے جیون میں گھل مل گیا ہے جس کے کونوں میں بھیتر باہر چاروں طرف مانو اپنی شاکھا پر شاکھائیں پھیلا کر ان کا جیون ورکش پھلا پھولا تھا۔

'سوچا یہ تو دلّی نہیں ہے۔ دلّی کا بازار ہے، جہاں امیری تن کر اپنا پردرشن کرتی ہے اور جہاں غریبی اپنے کو امیری بنانے میں چھپائے شرماتی چلتی ہے۔ وہ جگہ تو دیکھی نہیں، جہاں امیری سڑتی ہے اور غریبی سکُوتی پڑی رہتی ہے۔ وہ گلیاں، جو سپاٹ چکنی نہیں ہے، جو سنکوی اور ٹیڑھی میڑھی ہیں، جیسے شریر کی رکت واہنی نسیں۔

'اور دیور استری کے جیون میں اوشیک وستو ہے ایک دیور چاہیے جس کو اوسر بنا کر ہنسی، کھیل کود اور ونود پرمود کی استری کی چل، سُلبھ آموداتمک 4 ورتیاں کھل کر ترپتی 5 لابھ کریں۔ پتی کے ساتھ استری ایک اُتردایی، بھارواہنی، کرتبو اور آدھیکار کی جھجھوں کے بیچ پرتشٹھت، دھیر، گمبھیر، گرستھن ہے۔

جینندر جی کی چٹکیاں مزے دار ہوتی ہیں۔ وہ نشانے پر سیدھے جا بیٹھتی ہیں، پر آگیات نہیں پہنچاتیں۔ بندوق ہوائی ہے یا سوگندھ کی پچکاری سمجھیے۔ ان کی کلپنا بہودھا ایسی پرمیکش ہو جاتی ہے کہ

---

1 سوکتیاں۔ کہاوتیں 2 ماتر۔ طرف 3 اوشیش سنسمرتی چنھ۔ یادوں کے نقوش 4 آموداتمک۔ لطف اندوز 5 ترپتی لابھ۔ پیاس بجھانا تشنگی دور کرنا

بھاؤں کا چتر سا سامنے کھنچ جاتا ہے۔ جنھیں کہانی کے ساتھ ساتھ ساہتیک رس کا آسوادن 1 کرنا ہو ان کے لیے ان گلپوں 2 میں بہت ملے گا پر نمک کہیں زیادہ نہیں کڑواپن کہیں اتنا نہیں کہ آنکھوں سے پانی بہے، میٹھاس کہیں اتنی اتیادھک نہیں کہ جی اُوب جائیں۔ بال چرتر ورنن کرنے میں جینندر جی اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ ہمیں وشواس ہے جنتا ان رتنوں کا آدر کرے گی۔

ستمبر 1931

---

1 آسوادن۔ لطف اندوز   2 گلپوں۔ جھوٹ، جھوٹی کہانی

''منی گوسوامی'' لیکھک، شری کرپا ناتھ مشر، ایم اے۔

یہ پتریکا کے آکار کا ایک ناٹک ہے جو ہر ایک پرکار سے اپنی اتمتا کو درشت کرتا ہے۔ اس کا آکار پستکیں نہیں، پتریکاؤں کا سا ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ اس آکار کی پستکیں نہیں ہوتیں۔ بہودھا ور ہد گرنتھوں کے موٹے پن کو کم کرنے کے لیے اس آکار میں پستکیں چھاپی جاتی ہیں۔ پر یہ کیول ستر پرشٹھوں کا گرنتھ ہے۔ دوسری نوینتا ہے اس کا سمرپن لیکھک نے یہ رچنا اپنی دھرم پتنی جی کو سمرپت کی ہے۔ ہے بھی اچھا۔ دیا پہلے گھر میں جلا کر تب مندر میں جلاتے ہیں۔ تیسری نوینتا ہے سادھارنتہ پستکوں میں ایک بھومیکا ہوتی ہے۔ یہاں تین بھومیکائیں ہیں بھومیکاؤں میں بھی نوینتا ٹھساٹھس بھری ہوئی ہے آپ نے بہت سچ کہا ہے کہ ہم ناٹکوں کو کیول تماشا سمجھتے ہیں گیان بدھی یا بھاو تو کرش کا اُپکرن 1 نہیں۔ لیکن جب دوسری بھومیکا میں آپ کہتے ہیں۔

ہمارے پراچین ناٹک کار سمسیا پورتی کرنے والے بھے بھیت شرم جیوی تھے انھوں نے کلا میں کسی بھی آتمہ جنت برہمانڈ کی سرشٹی نہیں کی۔ انھوں نے وشو کی گھور چھایا میں اسنان نہیں کیا۔ ان کے ہاتھ چتر شلپی، کمھار کے ہاتھ تھے۔ کلاود 2 یا سرشٹا 3 یا بھگوان کے ہاتھ نہیں، تو ہم ذرا چونک پڑتے ہیں اور بڑی ساودھانی سے بھومیکا بڑھنے لگتے ہیں۔ نہ سندیہہ تینوں بھومیکاؤں میں ساہتیک تتو بھرے پڑے ہیں، جن پر منن کرنے کی ضرورت ہے۔

ناستکتا کی ویدی 4 پر ہی کلا کا جنم ہوتا ہے۔

ہمارے پراچین ناٹک کار کچھ پنڈت تھے کچھ مٹھوں پر تھے۔ سبھی استھول۔ 5 ان کو رچناؤں میں کوئی بھی دارُن چیخ 6 نہیں سن پڑتی، ویتھا 7 ابھیبھوت ہردے کا پرتیچے نہیں ملتا۔

پرتیک منشیہ کا جیون آتمہ پرکاش 8 کا ایک دیرگھ 9 پرواس 10 ہے۔ پتا پتر کو جنم دیتا ہے۔ پتر میں اپنے آپ کو پرکٹ کرنے کے لیے۔

---

1 اُپکرن۔ ہتھیار 2 کلاود، آرٹسٹ، فن کار 3 سرشٹا۔ تخلیق کار 4 ویدی۔ قبر 5 استھول۔ منجمد
6 دارُن۔ دل کو ہلا دینے ولا 7 ویتھا۔ دکھ درد 8 پرکاش۔ روشنی 9 دیرگھ۔ بڑا، گہرا
10 پرواس۔ غریب الوطن

کیا شکنتلا میں دشینت کے دربار میں شکنتلا کا رُودن 1 اور وِلاپ 2 دارُون چیج نہیں ہے؟ مہابھارت کیا ایک مہان ٹریجڈی نہیں ہے؟ گھن سنگرام کے بعد جیون کے اس انت سے بھی بڑھ کر کوئی دارُن چیج ہو سکتی ہے؟

اس میں سندیہہ نہیں، پراچین وِدْوانوں نے ساہتیہ کے شکنجوں میں کس کر مولکتا 3 کو ہانی پہنچائی۔ پر یہ شکنجے سادھارن شرینی کے کلاوِدوں کے لیے ہے سرِشٹا کے لیے پراچین سے میں بھی کوئی شکنجا نہ تھا۔ شکنجے بنتے ہیں سرشٹاؤں ہی کی کیرتیوں سے۔

خیراب مول ناٹک پر آیئے۔ یہ بھی ایک نوین وستو ہے ہم کو ہر ایک نوین وستو سے چڑھ نہیں۔ اسی طرح ہر ایک نوین وستو پر ہم لٹو بھی نہیں ہونا چاہتے۔ ناٹک ایکانکی ہے جس میں چھ درشیہ ہے۔ منی گوسوامی ایک زمیندار ہے۔ ان کے دو لڑکے اور ایک لڑکی ہے۔ تینوں جوان ہیں منی کی استری کا دیہانت ہو چکا ہے پہلے درشیہ میں منی اور کھٹک کی بات چیت ہے۔ کھٹک دوسرے وِواہ کا انورودھ کرتا ہے۔ گوسوامی جی انکشار کھتے ہوئے بھی انت کو راضی ہو جاتے ہیں۔ منی کے بھاؤ کا پریورتن چتر ہے۔ وہ نہیں کر کے بھی ہاں کرتا ہے منی کا بڑا پُتر ویرن بڑا اتساہی، جوشیلا، دیش بھکت ہے۔ جس کے ولایت جانے کی تیاری ہے۔ پر باپ کے وِواہ کی خبر سنتے ہی وہ پاگل ہو جاتا ہے اور انت کو اپنی ہتیا کر لیتا ہے۔ منی کی پتنی تھوڑے ہی دنوں میں اس کے روپے پیسے اُڑا کر اُسے پھٹکار بتا کر چلی جاتی ہے۔ اس مانسک چھوبھ سے وہ بھی انت میں پاگل ہو جاتا ہے۔ مشر جی نے واستو میں آتم جنت برہمانڈ کی سرشٹی کی ہے۔ ویرن کا چرتر ہملیٹ کی چھایا سا معلوم ہوتا ہے مگر اس سرشٹی میں واستو کتا نہیں جانے پائی اور ناٹک کا جو ادیشیہ ہے، وہ بھلی بھانتی پورا ہوتا ہے اس میں گہرائی ہے، پر بھاؤ ہے وِیتھا ہے۔

انت میں ہم یہی کہیں گے کہ 'کلا کی سرشٹ' کے لیے ناستک ہونا آدشیک نہیں۔ اس کے لیے بھاؤں کی گہرائی اور تیورتا کی ہی ضرورت ہے۔ سنسار کے دیاپاروں سے آستک 4 اور ناستک 5 دونوں ہی پربھاوت ہو سکتے ہیں۔

ستمبر 1931

---

1 رُودن۔ رونا 2 وِلاپ۔ نوحہ خوانی 3 مولکتا۔ فطرتی، فطری

4 آستک۔ خداپرست 5 ناستک۔ منکرِ خدا

''آندھی'' لیکھک، شری یت جے شنکر پرساد

یہ پرساد جی کی گیارہ کہانیوں کا سندر سنگرہ ہے۔ پرایہ سبھی کہانیاں بھن بھن پتروں میں چھپ چکیں۔ آندھی، ناری ہردے کی ایک دکھد کتھا ہے، ایسے ہردے کی، جس میں پریم اپنے مولک (1) اور تیجسوی (2) روپ میں پرکٹ ہوا ہے۔ چاریاری (3) بیچنے والی بلوچن یوتی کی کروناویدنا (4) ہردے کو ہلا دیتی ہے۔ مدھوا ایک شرابی کے ہردے کا چترن ہے۔ پرساد جی کی سہردیتا شرابی میں بھی منشیہ کا دیالو ہردے دیکھتی ہے، اس کی اوہیلنا نہیں کرتی۔ یہاں پرتیک کہانی پر کچھ لکھنے کی وشیش ضرورت نہیں۔ پرساد جی کی بھاشا میں پرواہ نہیں، وہ دوڑتی ہوئی نہیں چلتی، اس لیے ہانپ کر شتھل (5) بھی نہیں ہوتی وہ شانت، گمبھیر اور رسی ہے۔ کہیں کہیں تو اس کی بجیوتا جیسے اسپندت (6) ہو جاتی ہے۔ دیکھیے، داسی میں ترک بالا کا ورنن کتنا مارمک الھڑپن، چنچلتا اور ہنسی سے بنی ہوئی وہ ترک بالا سب ہردیوں کے اسنیہہ کے سمیپ تھی۔

ایک راتری کا ورنن دیکھیے۔

''بسنتی سی چاندنی رات اپنی مت والی لہو لتا میں محل کے میناروں اور گمبجوں تھا ورکشوں کی چھایا میں لڑکھڑا رہی ہے، جیسے سونا چاہتی ہو''۔ اس سنگرہ کی سب سے اچھی کہانی 'داسی' ہے جس کی کرونا رو چکتا ہردے پر گہرا اثر چھوڑ جاتی ہے۔

''پیرس کا کُبڑا'' انوواد کرتا شری درگا دت سنگھ (مول لیکھک) وکٹر ہوگو

وکٹر ہوگو، فرانس کا سب سے بڑا ساہتیہ مہارتھی سمجھا جاتا ہے یہ پستک اسی کی ایک فرانسیسی پستک کا انوواد ہے۔ اس لیکھک کی ایک پستک کا انوواد سورگی شری گنیش شنکر ودیارتھی جی نے کیا تھا۔ اس کے سب سے بڑے اپنیاس، لا مزے ربل، کا انوواد یہ پورا کر گئے ہیں، پیرس کا کبڑا، واستو میں ''ناتری دیم'' کا کبڑا ہونا چاہیے تھا۔ شاید انوواد ک مہودے نے ناتری دیم کو اپر سدھ سمجھ کر پیرس کر دیا۔ ہمیں یہ دیکھ کر

1۔ مولک۔ فطری 2۔ تیجسوی۔ چمکیلا 3۔ چاریاری۔ خدمت اور مدد 4۔ کروناویدنا۔ درد وغم
5۔ شتھل۔ ساکت، منجمد 6۔ اسپندت۔ لرزہ طاری ہونے کی حالت

ہرش ہوا کہ یہاں ناموں اور استھانوں کو جیوں کا تیوں رہنے دیا گیا ہے۔ بھارتیہ بنانے کا پریاس نہیں کیا گیا ہے۔ اس طرح کا پریاس جب بھی کیا گیا ہے، اسپھل ہوا ہے کہ کیول نام بدل دینے سے ودیشیتا یا جاتیتا نہیں بدل جاتی۔ اس کی جڑیں اس سے زیادہ گہری ہوتی ہیں پھر ہر ایک وستو کو بھارتیہ بنانے کا پریاس ہی کیوں کیا جائے اس کا ارتھ تو یہی ہوتا ہے کہ بھارتیہ پاٹھکوں کو سنسار کی اور کسی جاتی کی کتھاؤں میں کوئی آنند ہی نہیں آتا۔ ہم اتنے سنکیرن (1) بدّھی ہیں کہ ہمارا ایسا انومان نہیں۔ ہم ودیشی فلموں کو کتنے چاؤ سے دیکھتے ہیں۔ یہاں تک کہ شکشت سماج تو دیشی فلموں کے نام سے ہی چڑھتا ہے۔ اپنے نکٹ کی وستوؤں سے زیادہ پربھاوت ہونا سوبھاوک ہے، لیکن اپنے پتر کو پیار کر کے دوسرے بالکوں سے پریم کیا جا سکتا ہے۔ ہم اس انوواد شیلی کو روکنا چاہتے ہیں، جو ہر ایک ماسٹر پیس کو بھارتیہ بنانے کے پریاس میں سارہین (2) بنا دیتی ہے۔ ''ناتری دیم'' جگت پرسدھ اپنیاس ہے اس کے وشے میں کچھ لکھنا ویرتھ ہے۔ وہ فلم میں بھی آ چکا ہے۔ انوواد جیسا سرس اور سوبودھ ہونا چاہیے تھا، ویسا نہیں جان پڑتا حالاں کہ یہ لکھتے ہوئے ہم ان کٹھنائیوں کی اور سے آنکھیں نہیں بند کر سکتے جو ہندی میں بار بار سامنے آتی رہتی ہے۔ پھر کوئی انوواد کتنا ہی سندر کیوں نہ ہو نقل نقل ہی رہتی ہے پھر ہم تو دربھاگیہ وش سبھی یوروپیہ بھاشاؤں کا انوواد انگریزی انوادوں سے کرتے ہیں۔ تو جو نقل ہو اس سے اصل کے روپ کا کیا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ پھر بھی پیرس کا کبڑا منورنجک اور ساہتیک آنند پردہے۔

نومبر 1931

''مشو۔ سترکاری'' لیکھک، الیکزنڈر ڈیوما

ڈیوما فرانس کا پرسدھ اپنیاس کار ہے۔ یہ پستک اسی کے ایک اپنیاس کا انوواد ہے۔ اس اپنیاس میں فرینچ کرانتی کے سمے کا بڑا سجیو چترن کیا گیا۔ پستک بہت ہی روچک ہے اور انوواد بھی سندر ہوا ہے۔ ساہتیہ منڈل نے اردو کے کیندر دلی میں ہندی پرکاشن کا بھار اٹھایا ہے، یہ ادھوگ پرشنسیہ ہے۔

1۔ سنکیرن۔ منند، سکڑا ہوا، نیچ، چھوٹا 2۔ سارہین۔ بے معنی

''کنوجیا سماج میں بھیانک اتیاچار''۔لیکھک، شری کانتی کرشن شکل۔

اس پستک میں دس کہانیاں دی گئی ہے، جن میں کنوجیا سماج میں ہونے والے سماجک اتیاچاروں کا ورنن کیا گیا ہے۔ سماج میں لڑکیوں کی کتنی دردشا ہوتی ہے، ودھواؤں کا کتنا اپمان کیا جاتا ہے، اور سوارتھی (1) سسر کیسی کیسی لیلائیں رچتے ہیں، اس کا خاصہ بھنڈا پھوڑ کیا گیا ہے۔ کہانیاں بھی جان پڑتی ہیں۔ان میں۔یتھارتھ (2) ہے، درد ہے، من کو اسپرش (3) کرنے کی شکتی ہے ہمیں وشواس ہے۔ لیکھک کو اپنے پریتن میں وشیش سپھلتا ہوگی۔ مشکل یہی ہے کہ یہ پستک ان ہاتھوں میں پہنچے کیسے؟ پہنچے یا نہ پہنچے پر اس میں تو کوئی سندیہہ نہیں کہ ایک ایک کہانی سے لیکھک کی سدبھاؤنا (4) ٹپک رہی ہے۔اس جاتی کے نویوکوں کا کرتویہ ہے کہ وہ اس پستک کا پرچار ادھک سے ادھک کریں۔ایسی رچنا کے لیے ہم شکل جی کو ہردے سے بدھائی دیتے ہیں۔

''مہاپاپ لیکھک''، کاؤنٹ ٹالسٹائے۔

کاؤنٹ ٹالسٹائے کے دو چھوٹے اپنیاسوں کو ایک ساتھ پرکاشت کیا گیا۔''قزاق' اور'' ریوجر سوناٹا''۔ٹالسٹائے کی رچناؤں کے وشے میں کہنا ہی کیا، حالاں کہ وہ کبھی کبھی بھاؤ اور وچاروں کی آلوچنا کرنے میں اتنے مگن ہو جاتے ہیں کہ پاٹھک کا جی اوب جاتا ہے۔ یہ دونوں کہانیاں ٹالسٹائے کی پرسدھ وستوؤں میں ہیں اور انوواد سُلجھی ہوئی سرل بھاشا میں کیا گیا ہے۔

''منتخبات ہندی کلام''۔لیکھک، ڈاکٹر جعفر حسین، پی۔ایچ۔ڈی

ہندی ساہتیہ کے نرمان میں مسلمانوں نے گت کال میں جو کچھ کیا، اس کے رن (5) سے ہندی بھاشا کبھی مُکت نہیں ہوسکتی۔لیکن نئے یگ میں مسلمانوں نے ہندی ساہتیہ سے کیول اداسینتا ہی نہیں، کبھی کبھی دویش (6) کا ویوہار کیا ہے، جو اردو ہندی کے جھگڑے کے کارن اور بھی بڑھ گیا ہے۔آج بہت کم مسلمان ہیں، جو ہندی ساہتیہ سے پریچت ہوں اور اس میں لکھنے والوں کی سنکھیا تو انگلی پر گنی جاسکتی ہے۔

1۔سوارتھی۔خودغرض 2۔یتھارتھ۔رجائیت 3۔اسپرش۔چھونا
4۔سدبھاؤنا۔اچھے احساسات 5۔رن۔قرض 6۔دویش۔بیگانگی، دشمنی

اس لیے ہم ڈاکٹر جعفر حسین صاحب کے کرتگیہ (1) ہیں کہ انھوں نے ایسی ناک دری کے زمانے میں یہ پستک پرکاشت کرکے مسلم سنسار کو ہندی ساہتیہ میں مسلمانوں کا استھان، پر کچھ پرکاش ڈالا ہے۔ ایک دوسرے ادھیائے ہیں، ہندی ساہتیہ کی وشیشتائیں بیان کی گئی ہیں دونوں ہی ادھیاؤں کو پڑھ کر ہم ڈاکٹر صاحب کے وِدّوتا (2) کے تو اتنے قائل نہیں ہوئے پر وہ سہردے اوشیہ ہیں اور انھیں مسلمانوں کی اس ساہتیہ اُپیکشا کا بڑا کھید ہے آپ نے بہت اچھا پرستاؤ کیا ہے ہمارے اسکول میں اگر ہندی اور اردو دونوں ہی لازمی کر دی جائے، تو بھی شکشت جنتا دونوں بھاشاؤں کو سمان روپ سے لکھے گی اور بولے گی۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ کلانتر میں ایک ہندستانی بھاشا کا وکاس ہو جائے گا اور قومی زبان کا پرشن ہمیشہ کے لیے طے ہو جائے گا، اسی آشے کا پرستاؤ ہمارے متر مولوی حمید اللہ نے لیڈر میں کیا تھا۔ اس پتر کی جتنی چرچا ہوئی اس سے وِدِت (3) ہوتا تھا کہ جنتا اُسے سہرش سویکار کرنے کے لیے تیار ہے۔ پر ہمارے شکشا وبھاگ کے کرن دھاروں نے اس پر کچھ وشیش دھیان نہ دیا۔

ان ادھیاؤں کے بعد مول پُستک شروع ہوتی ہے۔ اُسے لیکھک نے چھ بھاگوں میں رکھا ہے پہلے بھاگ میں نیتی ہے، دوسرے میں بھکت اور گیان، تیسرے میں شرنگار، چوتھے میں پھٹکل چھند ہیں اور پانچواں ضمیمہ ہے۔ چھندوں کی ویاکھیا وستار سے کی گئی ہے اور شبدارتھ بھی دیے گئے ہیں۔ ہمارے وچار میں شرنگار رس کا چناؤ اس سے بہت اچھا ہو سکتا تھا اور بعضے دوہوں کا ارتھ بھی گول مال کر دیا گیا ہے۔ پھر بھی لیکھک نے سراہنیہ پریتن (4) کیا ہے۔

دسمبر 1931

1۔ کرتگیہ۔ احسان مند 2۔ وِدّوتا۔ عالم ہونا، ماہر ہونا 3۔ وِدت۔ ظاہر 4۔ پریتن۔ کوشش

"رباعیات عمر خیام" انوادک شری میتھلی شرن جی گپت

فارسی ساہتیہ میں شاید اس سے زیادہ پرسدھ کوئی پستک نہیں ہے، وشیش کر یوروپ میں ان رباعیوں میں کچھ ایسا رس ہے کہ اس سنگرہ کو سنسار ساہتیہ میں بہت اونچا استھان پراپت ہے۔ بنگلہ میں اس کے سندر چتر انوواد پہلے ہی نکل چکے ہیں۔ ہندی میں پربھا، میں گپت جی نے ان رباعیوں کا انوواد شروع کیا تھا۔ اس سے وہ اپورن (1) رہ گیا تھا۔ پرکاش، پستکالیہ نے اب اس انوواد کو پستک کے آکار میں سندر چتروں سہیت بڑی سجاوٹ کے ساتھ پرکاشت کیا ہے۔ شروع میں گپت جی کا کتھن ہے۔ جس میں انھوں نے مول فارسی اور اس کے انگریزی انوواد، دونوں میں سے ایک سے بھی پریچت نہ ہونے پر بھی انوواد کر ڈالنے کے ساہس کا ذکر کیا ہے اور ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ گپت جی کا کاریہ کوشل بھی اس انوواد میں کوئی رس نہ پیدا کر سکا۔ اس کتھن کے بعد شری رائے کرشن داس نے عمر خیام اور ان کی کویتا پر اچھا نبندھ لکھا ہے۔ اس کے بعد مول انوواد ہے۔ خیام کی رباعیوں میں جو وراگ سے (2) انوراگ ہے، جو مستی ہے، وہ انوواد میں نہ آسکی اور نہ آسکتی تھی۔ کوی کی آتمہ کا مول سے آواہن ہو سکتا تھا۔ فٹز جرلڈ کا انوواد بھی سدھ نہیں اس نے جگہ جگہ من مانا انوواد کر ڈالا ہے۔

چتروں میں کئی اچھے ہیں اور کئی وتکھس (3)۔ واستو میں بھاؤں کا چترن ہو ہی نہیں سکتا۔ اس کے لیے تو کویتا ہی ہے۔ راگ راگنیوں کے چتر پراچین شلپیوں نے کھینچے ہیں، پر نتیجہ کچھ نہیں۔ ادرشیہ کو درشیہ اور بھاؤں کو کایک (4) بنانے کا پریتن کبھی سپھل نہیں ہوتا، خیر اس درشٹی سے نہ دیکھ کر بھی ان چتروں میں خیام پن کیول تین چتروں میں آسکا ہے۔ پرشٹھ 50، پرشٹھ 29 اور پرشٹھ 4۔36 اور 40 پرشٹھ کے دونوں چتر تو من میں گلانی اتپن کرتے ہیں۔

دسمبر 1931

1۔ سنکیرن۔ مند، سکڑا ہوا، نیچ، چھوٹا 2۔ دراگ سے: دراگ سے بھرا ہوا، دلچسپ
3۔ وتکھس: بے جان 4۔ کایک: جسمانی

''آروگیہ شاستر'' لیکھک، شری چترسین شاستری

ہندی میں آج کل آروگیہ شاستر (1) سمبندھی پستکوں کی دھوم ہے اور ہونا ہی چاہیے۔ منشیہ کے لیے آروگیہ سے بڑھ کر کوئی وستو نہیں۔ انیہ پستکوں کی اپیکشا اس رچنا میں یہ وشیشتا ہے کہ اس میں پرانی باتوں کے ساتھ نئی باتوں کا سماویش (2) کر دیا گیا ہے اور سواستھیہ کے وشے میں نئی سے نئی تحقیقاتوں کی ویاکھیا بھی کر دی گئی۔ یہ مول روپ سے چکتسا کی پستک نہیں بلکہ اس میں وشیوں کا پرتی پادن کیا گیا ہے جن سے چکتسا کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ چکتسا بھی ہے، مگر کیول اتنی نہیں کہ وہ بھی آروگیہ پراپتی کا ایک سادھن ہے۔ ہیضہ، پلیگ، تپ دق، ملیریا آدی سنکرامک بیماریوں کا وشد روپ سے الیکھ کیا گیا ہے۔ اسنان پر ایک پورا ادھیائے ہے۔ پہلے ادھیائے میں سواستھیہ وگیان ہے۔ دوسرے ادھیائے میں شریر وگیان دیا گیا ہے۔ تیسرا ادھیائے بھی اسی وشے پر ہے۔ چوتھے ادھیائے میں گربھادھان اور پرسو (3) اور پانچویں ادھیائے میں، ششو پالن۔ آگے کے چار ادھیائے اسنان اور بھوجن سے سمبندھ رکھتے ہیں۔ دسویں ادھیائے میں روگ کیٹانوں کا ذکر ہے۔ روگی کی سیوا، آکاسمک (4) اپچار، سوبھاوک چکتسا پر بھی ایک ایک ادھین ہے چوبیسویں ادھیائے میں وبھی چار سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی چرچا کی گئی ہے۔ ایک ادھیائے میں خاص نسخے دیے گئے ہیں۔ سوندریہ وگیان پر بھی ایک ادھیائے ہے۔ گرہ نرمان کلا ہست رکھا وگیان بھی آروگیہ کے سادھن ہیں اور ان پر یوگوں کو بھی استھان دیا گیا ہے۔ پستک چتر ہے، ویایام، سوندریہ، شریر تتو، آکاسمک اپچار سمبندھی سینکڑوں چتر ہیں۔ تیسویں ادھیائے میں ادھیاتمہ (5) تتو بھی دیا گیا ہے۔ کیوں کہ شریر اور آتمہ کا سمبندھ سمجھے بنا آروگیہ پراپت نہیں ہو سکتی۔ سنگرہ بہت سوچ سمجھ کر کیا گیا ہے اور ایسی کوئی بات نہیں رہنے پائی، جس کا آروگیہ سے دور کا سمبندھ بھی ہے۔ کاغذ اچھا اور چھپائی سندر جلد اعلا درجے کی مولیہ ادھک ہے لیکن یہ پستک نہیں، آروگیہ کا پستکالیہ ہے۔ اگر روگوں کے ندان اور چکتسا کا ورنن اور وستار سے ہوتا تو پستک سروانگ پورن ہو جاتی۔ پھر بھی بڑے کام کی چیز ہے بھاشا روچک اور سرل ہے۔

مارچ 1932

1۔ آروگیہ شاستر: علم صحت 2۔ سماویش: انضما، اشتراک 3۔ پرسو: دردزہ
4۔ آکاسمک: وقتی 5۔ آدھیاتمہ تتو: غیر وجودی عنصر

''یوروپ کی کہانیاں'' سنگرہ کرتا، شری گوپال نیوٹیاں

اس سنگرہ میں روس، فرانس، جرمنی، انگلینڈ، اٹلی آدی دیشوں کے کہانی لیکھکوں کی پینتیس سندر کہانیاں دی گئی ہیں۔ یہ کلا بھارت میں یوروپ سے آئی ہے، اس لیے ہمیں یوروپ کی پرگتی کو دیکھتے رہنے کی ضرورت ہے۔ یوروپ کے پرایہ سبھی وکھیات (1) لیکھکوں کی رچنائیں چنی گئی ہیں۔ ٹالسٹائے، چیخوف، ترگنیو، میکسم گورکی، اناتول فرانس، موپاسا، بیلس، ہارڈی، جوکئی آدی لیکھکوں کی کیرتیاں (2) کبھی کبھی پتریکاؤں میں نکلتی رہتی ہیں۔ یہاں سبھی ایک منڈلی میں جمع ہیں اور اپنی اپنی کیرتی سنا رہے ہیں۔ پرایہ سبھی کہانیاں ایسی ہیں کہ پڑھ کر من مگدھ (3) ہو جاتا ہے۔ روسی لیکھکوں میں چیخوف کی ہوڑ، نامک کہانی لاجواب ہے۔ چند ہار، اور کیعا نو بھی اچھی ہے۔ بعض کہانیوں کے اس سنگرہ میں رکھنے کا مرمہ اس کے سوائے اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ وہ ودیش کی ہیں۔ بھومیکا میں کہانی کے وکاس اور گن دوش کا ویوچن کیا گیا ہے اور کہانی کی رچنا پر مولیہ وان وچار پرگٹ کیے گئے ہیں۔ اس کا ایک انش ہم دیتے ہیں۔

پہلے یہ دیکھ لینا چاہیے کہ کتھانک کی رچنا کا آدھار کیا ہو؟ کہانی لکھنے کے لیے ایک ادیشیہ کا ہونا آوشیک ہے۔ کسی ایک گن اتھوا اوگن کی ابھویکتی کو دھیان میں رکھ کر کتھانک کی سرشٹی کرنی چاہیے۔

مارچ 1932

1۔ وکھیات: مشہور 2۔ کرتیاں: تخلیقات 3۔ مگدھ: آسودہ، خوش

''بیس کہانیاں'' سنگرہ کرتا، شری رام چندر ٹنڈن۔

اس سنگرہ میں ہندی کی بیس اچھی اچھی کہانیاں جمع کی گئی ہیں۔ ایک لیکھک کی کیول ایک کہانی لی گئی ہے۔ چناؤ سندر ہے، لیکن مولیہ ادھک۔

''گلپ منجری'' سنگرہ کرتا، شری سدرشن۔

یہ بھی ہندی کے سو پرسدھ (1) گلپ (2) لیکھکوں کی رچناؤں کا سنگرہ ہے۔ کل سترہ کہانیاں ہیں لیکھکوں کا پریچے بھی دیا ہے۔

''کہانی کیسے لکھنی چاہیے'' لیکھک، منشی کنہیالال جی ایم۔اے۔

یہ چونسٹھ پرشٹھوں کی چھوٹی سی پستک ہے اور اس وشے کی کداچت پہلی پستک ہے، کہانی کلا کے وشے میں ایک پستک کی ضرورت ہے اور جہاں کچھ نہیں ہے وہاں یہ پستک نئے لیکھوں کو بہت کچھ لابھ پہنچا سکتی ہے۔ بھومیکا میں منشی جی فرماتے ہیں۔

اس پُستکا میں بہت سی باتیں ایسی ہیں، جو بڑھائی جا سکتی تھیں اور بہت سی ایسی بھی ہیں جو چھوڑ دی جا سکتی تھیں، کنتو پستکا جس روپ میں ہے اُسی روپ میں اس لیے اپستھت (3) کی جا رہی ہے کہ جس میں وِدوان اور انوبھوی لوگ اس کی ترٹیوں (4) کو دیکھ کر ایسی پستک لکھے، جس سے کہانی لیکھک کو ٹھیک ٹھیک شکشا پراپت ہو۔''

تو یہ پُستکا کیول اسی لیے لکھی گئی ہے کہ اس کی ترٹیوں کو دور کرنے کے لیے کوئی دوسری پستک لکھے۔ ہمارے وچار میں لیکھک جب کوئی کتاب لکھنے بیٹھے، تو اس کا یہ دھیہ (5) ہونا چاہیے کہ یتھا شکتی وہ اپنی رچنا کو نردوش بنائے، جان بوجھ کر کوئی کسر نہ چھوڑے۔

1۔ سو پرسدھ: بہت مشہور، ممتاز　2۔ گلپ: کہانی، جھوٹ　3۔ اُپستھت: حاضر، پیش

4۔ ترٹیوں: غلطیوں　5۔ دھیہ: مقصد

خیر پستک میں آٹھ پرچھید (1) پرچھید ہیں۔ کہانی، پلاٹ، چرتر چترن کتھوپ کتھن، کہانی کی رچنا، کلائمکس، شیلی اور کہانی کے وشے میں انیہ وشیش باتیں، پرشٹھ سات پر لیکھک مہودے کہتے ہیں۔ کہانی لکھنے سے اچھی آمدنی ہو سکتی ہے۔ اس سے گیات (2) ہوتا ہے کہ آپ کو ہندی پتروں کا انوبھو نہیں ہے ہندی میں بہت کم ایسے پتر ہیں، جو پرسکار دیتے ہوں۔ دو چار انے گنے لیکھکوں کو سمبھو ہے کچھ پرسکار مل جائے پرسادھارنتہ یہ کہانی لکھنا ابھی ویوسائے (3) کے درجے تک نہیں پہنچا ہے اسکی برلی ہی کوئی پتریکا ہوگی، جو نفع پر چل رہی ہو۔ تو پھر گھاٹے کا پتر نکال کر کوئی پرسکار کیسے دے سکتا ہے۔

ایسا جان پڑتا ہے کہ یہ پستک کئی انگریزی پستکوں کے آدھار پر لکھی گئی ہے کیوں کہ اس میں جگہ جگہ اسمبدّھتا (4) آ گئی ہے۔ پھر بھی اس میں کام کی بہت سی باتیں ہے، جو کہانی لکھنے میں سہایک ہوگی۔

دو ایک چھوٹے چھوٹے ادھرنوں سے یہ بات پرکٹ (5) ہو جائے گی۔ پلاٹ کے لیے سامگری اکثر اکسمات (6) مل جاتی ہے، جیسے کبھی سماچار پتر پڑھنے سے کبھی سادھارن بات چیت سے کبھی اچانک گھٹناؤں کے دیکھنے سے اور کبھی سادھارن انوبھوں سے سمبھو ہے کہ نئے لیکھک کو یہ پلاٹ کی سامگری سادھارن باتوں میں نہ دکھائی دے کنتو پلاٹ ڈھونڈھنے کا ابھیاس اس کو نپن بنا دیتا ہے۔

چرتر۔ چترن کے پرکرن میں آپ لکھتے ہیں۔

پہلی قسم کی کہانی گھٹنا سے ہوتی ہے، جس کی سپھلتا کے لیے آوشیک ہے کہ گھٹنا برابر ہوتی جائے۔ اسی پرکار کی کہانیوں میں چرتر چترن کے لیے بہت کم استھان ملتا ہے۔ دوسری طرح کی کہانی وہ ہے، جس میں آچرن کا چتر کھینچا جاتا ہے اس میں چرتر چترن کا استھان پلاٹ اور گھٹناؤں سے ادھک آوشیک سمجھا جاتا ہے۔ اس کا ارتھ یہ نہیں کہ گھٹناتمک کہانیوں میں چرتر چترن کا بالکل ابھاؤ ہو، یا آچرن سمبندھی کہانیوں میں گھٹنائیں یا پلاٹ نہ ہوں۔ کیوں کہ اچھی کہانیوں میں دونوں باتوں کا ہونا آوشیک ہے۔

مارچ 1932

1۔ پرچھید: باب 2۔ گیات: علم 3۔ ویوسائے: روزگار 4: اسمبدھتا: بے جوڑ
5۔ پرکٹ: ظاہر 6۔ اکسمات: اچانک

"بیلی کرسن رکمنی ری، راٹھور راج، پرتھوی راج ری کہی" انوواد ک۔سورگیہ مہاراج شری جگمال سنگھ جی صاحب۔

راٹھور نریش پرتھوی راج وہی ویر شریشٹھ ہے، جس نے مہارانا پرتاپ کو اس سے اتیجنا سے بھرا ہوا پتر لکھا تھا، جب مہارانا کشٹوں سے تنگ آکر اکبر کی پرادھینتا (1) سویکار کرنے کا وچار کر رہے تھے۔ اس پتر کو پڑھتے ہی مہارانا سنبھل گئے اور انت تک سوادھینتا (2) کا جھنڈا اٹھاتے رہے۔ یہ پتر بھاؤ اور بھاشا اور اوج ادی گنوں کے لیے اتہاسک ساہتیہ میں ایک امولیہ وستو ہے۔ پرتھوی راج مارواڑی بھاشا کے سروشریشٹھ کوی تھے اور کرشن کے پرم بھکت 'بیلی' انھیں کی رچنا ہے۔ سمپادکوں نے اپنے پراک کتھن میں کہا ہے کہ مارواڑی بھاشا میں یہ کویتا کا سروشریشٹھ گرنتھ ہے۔ مارواڑی بھاشا کو ڈنگل کہتے ہیں، مہارانا پرتھوی راج نے ہندی میں بھی کوتیا کی ہے پر ان کی گنتا (3) دوسری شرینی کے کویوں میں ہے، پر سمپادک دمیہ کا دعوا ہے کہ پرتھوی راج چند بردائی سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ 'بیلی' میں کرشن چرتر گایا گیا ہے۔ بھومیکا میں راجستھانی بھاشا کی اتپتی وکاس اور وستار کا وشد ورنن ہے پھر مہارانا پرتھوی راج کا چرتر لکھا گیا ہے اور ان کی رچناؤں کے گن درشائے گئے ہیں 'بیلی' میں کل تین سو چار پدھ ہے۔ ہر ایک پدھ کا بھاوارتھ دیا گیا ہے سادھارن ہندی جاننے والا آدمی ان پدھوں کو نہیں سمجھ سکتا۔ اس لیے ڈنگل کا شبد کوش (4) بھی دیا گیا ہے۔ ایک ادھیائے میں 'بیلی' کے بھنّ بھنّ پاٹھانتروں کو سامنے رکھ دیا گیا ہے سمپادکوں نے جتنے پرشرم اور ودّتا سے اس گرنتھ کا سمپادن کیا ہے، وہ پرشنسیہ ہے۔ پستک کو بودھ گمیہ بنانے کے لیے انھوں نے کوئی بات نہیں چھوڑی، ڈنگل بھی ہندی بھاشا ہی کا ایک روپ ہے اور اس کے شبد کوش تتھا ٹپنیاں بھاشا گیان کے لیے بڑے مہتو کی چیزیں ہیں۔ ہندوستانی اکیڈمی نے اس پستک کو پرکاشت کر کے اپنے ساہتیہ پریم کا پریچے دیا ہے۔ ڈنگل بھاشا سے انبھگ (5) ہونے کے کارن ہم 'بیلی' کے پدھوں کا پورا پورا رساسوادن تو نہیں کر سکے، پر بھاوارتھ کو پڑھ کر یہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ پرتھوی راج میں اسادھارن پرتبھا تھی۔ ہم دو ایک پدھوں سے اس کا اداہرن دیں گے۔

1۔ پرادھینتا: غلامی 2۔ سوادھینتا: آزادی
3۔ گنتا: شمار 4۔ انبھگ: ناواقف

گریشم رتو (1) کا ورنن یوں کیا گیا ہے۔ تب سوریہ نے جگت کے سر پر سے ہوکر مارگ بنایا اور سکھن ورکشوں نے اپنی چھایا جگت کے سر پر کی۔ ندی اور دن بڑھنے لگے۔ سروروں کا جل اور راتری گھٹنے لگی۔ پرتھوی میں کنھورتا اور ہمالیہ میں دربیہ بھاؤ آ گیا۔

ورشا رتو (2) ورنن کا کیول ایک پدھ دیکھیے۔ پرتھوی شری رُکمنی کی بھانتی اور بادل گھن شیام شری کرشن کی بھانتی، گل باہیں ڈال کر ایک ہو رہے ہیں۔ دن اور رات کا بھید نہیں جانا جا سکتا۔ رشی منی گن بھرم میں پڑ کر سندھیہ وندن (3) کرنا بھول گئے۔

1 اپریل 1932

''ڈی ویلرا'' لیکھک شری عمارت شرما۔

سا ما یک پستک ہے اور اچھے سے پر نکلی ہے۔ لینن نے روس کا ادھار کیا۔ اس وقت زار کی شکتی چھن (4) ہو گئی تھی۔ مصطفیٰ کمال نے ٹرکی کا ادھار کیا۔ سلطان یوروپ کا پرانا روگی مشہور تھا۔ لیکن آئی لینڈ کا ادھار کرنے کے لیے ڈی ویلرا کو سنسار کے سب سے شکتی شالی سامراجیہ کا مقابلہ کرنا پڑا اس لیے ہم ڈی ویلرا کو لینن یا مصطفیٰ کمال پاشا سے کم نہیں سمجھتے۔ انگریز سرکار نے آئی لینڈ کا خوب دمن (5) کیا لیکن سن فنرس کا وہی باغی نیتا آج اپنے تیاگ، تجسوتا اور دردھتا سے آئی لینڈ کا بے تاج کا بادشاہ ہے۔ وہاں کی دشا بہت کچھ بھارت سے ملتی ہے اور سامرجیوادیوں کی کوٹ نیتی کی چالیں بھی یہاں اُسی ڈھنگ پر چل رہی تھیں، لیکن ڈیلین، کالنس، پارنیل نے جو سوپن دیکھا تھا اُسے ڈی ویلرا نے پورا کر دکھایا۔ پستک ایک مہان پرش کا چرتر ہے اور اُسے پڑھ کر ہم بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ پستک بڑی ہی روچک ہے، اپنیاس کی طرح، ہاں بھاشا اس سے سرل ہوتی تو اچھا ہوتا۔ ڈی ویلرا کے اتی رکت انیہ آئی رش نیتاؤں کے چتر بھی ہیں۔ آئی لینڈ کا ایک نقشہ دے دیا جاتا تو اس کی اپیوگتا بڑھ جاتی۔ جنھیں دیش پریم کی لگن ہے انھیں اس پستک سے بہت کچھ گیان ہوگا۔

1۔ گریسم رتو: موسم گرما　2 ورشا رتو: موسم برسات　3: سندھیہ وندن: شام کی عبادت
4۔ چھن: منتشر　5۔ دمن: استحصال

''وِپلو'' لیکھک شری رادھاموہن گوکل جی۔

شری رادھاموہن گوکل جی ہندی کے ان گنے ہوئے لیکھکوں میں ہیں، جنھوں نے دھارمک سماجک اور ویتک (1) وشیوں پر سوتنتر وچار کیا ہے اور ان وچاروں کا نڈر ہوکر پالن کیا ہے۔ آپ کے وچاروں میں مولکتا ہے گمبھراانویشن ہے اور آدمی کو قائل کرنے والی سچائی ہے۔ آپ کی بھاشا میں نزاکت اور لوچ کی جگہ سوامی دیانند کی سی درڑھتا اور تیز ہے۔ آپ اس ستر ورش کی اوستھا میں بھی نئے سے نئے وچاروں کا پرتی پادن برنارڈ شا اور ٹرانسکی کی سی نربھیکتا (2) سے کرتے ہیں۔ آپ ذات پات، چھوت، چھات، دھرم سمپرادئے ان سبھی کو سماج کے لیے گھاتک اور ان کی سوابھاوک پرگتی میں بادھک سمجھتے ہیں اور آپ کی دلیلوں کے سامنے سر نہ جھکا دینا کٹھن ہے۔ اٹھائیس ورش کی یوا اوستھا میں جو آدمی استری کے مر جانے پر اس لیے ودھر جیون ویا تیت (3) کرے کہ وہ مر جاتا تو اس کی استری آجیون ویدھویہ کا پالن کرتی، تیاگ سے جیون کا ایسا پوتر اور اونچ آدرش ہے کہ جس کی مثال مشکل سے ملے گی اور اس اوستھا میں بھی آپ کی زندہ دلی نو جوانوں کو لجت کرتی ہے۔ وپلو واستو میں اپنے نام کو چری تارتھ کرتا ہے۔ اس میں مہاتما گوکل جی کے چنے ہوئے لیکھکوں کا سنگرہ کیا گیا ہے اور ارونا جی نے اسے پرکاشت کرکے ہندی کے وچار ساہتیہ میں ایک استمبھ سا کھڑا کر دیا ہے۔ پہلا لیکھ ہے، ایشور کا اہشکار مادھوری میں یہ لیکھ مالا آٹھ سال ہوئے کرمشہ نقلی تھی اور ہندی سنسار میں اس نے ہل چل مچا دی تھی۔ ان دلیلوں کا جواب نہیں ہے اور لیکھ کی شیلی اتنی چل بلی اور ونودے (4) ہے کہ کیا کہنا۔ ''اندھ وشواس'' ''اتہاس کی کسوٹی'' آدی لیکھ پڑھنے اور وچار کرنے یوگیہ ہے۔ لیکھک مہودے پکے بدھی وادا ہیں، وہ کیوں ماننے لگے، لیکن ہم تو یہی کہیں گے کہ آپ کے روپ میں مہاتمہ چارواک نے اوتار لیا ہے۔

''سولہہ کرشی شاستر'' لیکھک ،شری سکھ سمپتی رائے بھنڈاری ایم آر اے ایس۔

ایسی ایک پستک کی بڑی ہی ضرورت تھی اور بھنڈاری جی نے یہ پستک لکھ کر دیش کا اپکار کیا ہے۔ بھارت کسانوں کا دیش ہے۔ اس کا سب کچھ کھیتی پر منحصر ہے۔ سرکار بھی لاکھوں روپے نئے نئے رسرچ (کھوج) پر خرچ کرتی ہے لیکن کھیتی پر اس کا کوئی پرتیکش اثر نہیں ہوتا۔ کھوج ہوتی ہے لیکن اس کا کوئی

1۔ ویتک: منتشر 2 نربھیکتا: بلاخوف

3۔ ویاتیت: بسر، گزارا 4۔ ونودے: پرمزاح

پر چار نہیں ہوتا۔اور وہ ساری محنت سرکاری دفتروں کی الماریوں کی شوبھا بڑھانے کی بھینٹ ہو جاتی ہے۔ لیکھک نے ان کھوجوں کو ایک جلد سنگرہ کر کے اُسے جن سادھارن کے لیے سُلبھ کر دیا ہے زمین کی قسمیں جتائی، کھاد، گیہوں، اُوکھ، آلو، مونگ، مچھلی، افیم، تمباکو، ملّہ، کپاس، چاول اَدی پھلوں کے پیدا کرنے کی ودھی وستار سے لکھی گئی ہے اور نئی سے نئی کھوجوں کا اپیوگی کیا گیا ہے، اس بے کاری کے دنوں میں کھیتی کے سوانو جوانوں کے لیے دوسرا آدھار نہیں ہے ان کے لیے اور ہر ایک کسان کے لیے یہ پستک بڑے کام کی ہے۔ ہاں اس کی قیمت بہت زیادہ ہے۔ ادھک سے ادھک دو روپے ہونا چاہیے تھا، اس لیے کہ یہ ساہتیک ولاس کی وستو نہیں، روٹی کے مسئلے کو حل کرنے والی ضروری چیز ہے اور ارتھ شاستر کے سدّھانتوں کے انوسار ضروری چیزوں پر کر نہ لگنا چاہیے یا بہت کم۔

''انترویدن'' لیکھیکا، شری متی پر وشار تھوتی دیوی۔

ہندی ساہتیہ کے نرمان میں دیویاں جو استھان لیتی جا رہی ہیں، وہ اس کے لیے گورَو (1) کی بات ہے پدیہ رچنا میں تو ان کا استھان مردوں سے جو بھر بھی کم نہیں۔ جہاں بھاؤوں کی کوملتا ہی پردھان وستو ہے، جہاں منو ویدنا (2) ہی کا راجیہ ہے وہاں تو کہنا ہی کیا۔ ایک دو مہینے پہلے تک ہندی سنسار، دیوی پُرشار تھوتی کے نام سے اپریچت سا تھا پر اس، انتر ویدنا کو دیکھ کر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان میں اسادھارن رچنا شکتی تھی۔ اور اپنے کماری جیون میں ہی انھوں نے ایسی آتمانو بھوتی (3) پراپت کی، جو پرَوڑھ کویوں کو بھی گورَو پردان کر سکتی ہے۔ پرکھید ہے کہ یہ کلی جو کھلنی شروع ہوئی تھی کہ توڑ لی گئی، کیول انیس ورش کی اوستھا میں ان کا اوسان ہو گیا۔ یہ ساری کویتائیں سولہ اور انیس سال کی اوستھا میں ہی لکھی گئی ہیں۔ اتنی عمر میں ایسی بھاؤپورن کویتا کرنا سادھارن پرتبھا کا کام نہیں ہے۔ ان کا وواہ شری چندر گپت جی ودّھالنکار سے ہوا تھا، پر یہ ندھی چھ مہینے میں ہی ان سے چھین لی گئی اور ان کے دکھی ہردے کو سانتونا دینے کے لیے جو کچھ شیش رہ گیا، وہ یہی کویتا کا سنگرہ ہے۔ پستک کو ہاتھ میں لیتے ہی ایک چھن کے لے ہاتھ اور ہردے دونوں میں سہرن سی ہو اٹھتی ہے اور ان کویتاؤں میں جو ویدنا (4) ہے وہ شت گن ہو جاتی ہے۔ کیا وہ آتمہ جیون کے بندھنوں سے مکت ہونے کے لیے ہی تڑپ رہی تھی؟

1۔گورو: فخر 2 منو ویدنا: دلی تکلیف

3۔آتمانو بھوتی: اندرونی صلاحیت 4۔ویدنا: دکھ

درگم پتھ پر چل آئی ہو، ہونے کو جرنوں میں لین
گھور نراشا تم میں اب تک تھی آشا کی آبھا شین

جس آتمہ میں یہ تڑپ اور کسک ہو وہ اس آبھا مے سنسار میں کیا آنند پاتی ہمیں آشا ہے، ساہتیہ سنسار اس سنگرہ کا آدر کرے گا۔

جنوری 1933

''بھرتر ہری چرت شرنگار، نیتی اور ویراگیہ شتک'' انوواد ک شری ہری داس جی وید۔

بھرتر ہری کے تینوں شتک سنسکرتی ساہتیہ کے ہی نہیں، بھوساہتیہ کی اپورو رچنائیں ہیں۔ جیون کی ان تینوں اوستھاؤں کا شاید ہی کسی کوی نے اتنا مارمک ہردے اپرشی اور آنکھیں کھولنے والا چترن کیا ہو۔ ہندی میں ان کرتیوں کے انوواد تو پہلے ہی چھپ چکے ہیں۔ لیکن ہری داس جی نے پرتیک شلوک کی ویا کھیا، شلوک کا انگریزی روپانتر اس سے ملتی جلتی ہندی اردو فارسی کویوں کے چھند دے کر اسے سرو سادھارن کے لیے سوبودھ (1) بنا دیا ہے۔ ویاکھیا بڑی پھڑکتی ہوئی، سجیو بھاشا میں کی گئی، جس سے اس کے پڑھنے میں آنند آتا ہے۔ یہ تینوں پستکیں اب تیسری بار پرکاشت ہو رہی ہے۔ اس سے گیات ہوتا ہے کہ ہندی پاٹھکوں نے ان کا کتنا آدر کیا ہے بھرتر ہری کا جیون چرتر بھی دیا ہے۔ مگر اس میں کتنا اتہاس ہے، کتنی کلپنا، اس کا فیصلہ مشکل ہے۔

''ہندی گلستاں'' انوواد ک شری ہری داس جی وید

گلستاں فارسی ساہتیہ کا پرسدھ گرنتھ ہے۔ اتنا سرو پریہ نیتی (2) گرنتھ سنسار ساہتیہ میں مشکل سے ملے گا۔ سنسار کی ایسی کوئی بھاشا نہیں، جس میں اس کا انوواد نہ ہو گیا ہو۔ اس کی بھاشا اتی سرل، سرس اور سجیو ہے اور کتھائیں اتی شکشاپرد (3) اور منورنجک کہ چر کال سے پاٹھیہ پستکوں میں اس کا پرتھم استھان رہا

1۔ سوبودھ: بامعنی 2۔ نیتی گرنتھ: اصول نامہ
3۔ شکشاپرد: سبق آموز

ہے۔ جسے فارسی ساہتیہ سے نام ماتر کا بھی پریچے ہے، اس نے گلستاں اوشیہ پڑھی ہے۔ شیخ سعدی کوی بھی تھا اور ان کتھاؤں کو انھوں نے اپنے چھندوں سے النکرت کران میں جان ڈال دی ہے۔ گلستاں کے سینکڑوں واقعہ اور شعر لوکوکتیوں کا پد پا چکے ہیں۔ ہری جی کے انوواد میں مول کا آنند آتا ہے۔ ہر کتھا کے انت میں اس سے ملنے والی شکشا بھی دے دی گئی ہے۔ اس پستک کی یہ چوتھی آورتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندی میں اس کا کتنا آدر ہے۔ بالکوں کے لیے تو اس کا پڑھنا لازم ہے ہی بوڑھوں کو بھی اس میں بہت کچھ شکشا ملتی ہے۔

''چکتسا چندرودے'' لیکھک، شری ہری داس جی وید۔

اس انوپم گرنتھ کے دو کھنڈوں کی آلوچنا پہلے کسی انک میں کی جا چکی ہے۔ پانچویں بھاگ میں تین کھنڈ ہیں۔ پہلے دو کھنڈ میں وش کا ورنن (1) کیا گیا ہے تیسرے کھنڈ میں استری روگوں کی چکتسا دی گئی ہے۔ اس بھاگ کے انت میں دوائیں بنانے اور سیون کرنے میں جن باتوں کے جاننے کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب وستار سے لکھی گئی ہیں۔ جیسا ہم نے پہلے کہا تھا ہری داس جی نے آیوروید کے انیک گرنتھوں کو متھ کران کا ساران پستکوں میں بھر دیا ہے۔ وشے کا اتنا وشد ورنن کداچت کسی ایک آیوروید گرنتھ میں نہ ملے گا۔ تین سو چالیس پرشٹھ اس وشے پر دیے گئے ہیں۔ ہر پرکار کے زہر کی پہچان اس سے پیدا ہونے والے دوش، اس کی چکتسا، سبھی کچھ تو ہے۔ یہاں تک کہ باؤلے کتے، مکڑی، چھپکلی تک کے زہر کی چکتسا بتائی گئی ہے اور نسخے بھی ادھیکانش پریکشت ہے، جو بڑے مہتو کی بات ہے۔ ان پستکوں کو پڑھ کر آدمی اپنا اور اپنے گھر والوں ہی کا نہیں، گاؤں اور محلے والوں کا بھی بہت کچھ کلیان کر سکتا ہے۔

انڈین پریس لمیٹیڈ پریاگ کی بالوپ یوگی پستکیں ''بالکوں کا وڈیا ساگر''

وڈیا ساگر کے چرتر میں بالکوں کی روچی کی جتنی باتیں ہیں، وہ سب یہاں بڑی سرل بھاشا میں لکھی گئی ہیں۔ لڑکوں کو چرتر سے گیات (2) ہوگا کہ وڈیا ساگر پڑھنے لکھنے میں ہی سب لڑکوں سے تیز نہ

1۔ وش: زہر 2۔ گیات: علم

تھے، کھیل کود میں بھی کوئی لڑکا ان کی برابری نہ کرسکتا تھا۔ وہ ماتا پتا کے کتنے بھکت تھے۔ ایک ادھیائے میں ان کے جیون کی سب شکشا پر گھٹنائیں جمع کردی گئی ہیں۔ سندر بال پوتھی ہے۔ کئی چتر بھی ہیں۔

فروری 1933

"ودھیا کا ہردے" لیکھک ڈاکٹر دھنی رام پریم

ایک ودھیا نے اپنی جیون کتھا لکھی ہے اور اس پر سچائی کا رنگ بھرنے میں پورن روپ سے سپھل ہوئی ہے۔ ایک اچھے مسلمان پریوار کی لڑکی ماتا پتا کے مرجانے کے بعد رشتے کے ایک چچا کلو میاں کے گھر میں آشرے پاتی ہے۔ کلو میاں کا بیٹا احمد، جو بمبئی میں خانسامہ ہے، گھر آتا ہے اور اس لڑکی کو اپنی اور آکرشٹ (1) کرکے اس سے نکاح کرلیتا ہے اور اُسے بمبئی لے جاتا ہے۔ بمبئی میں وہ اپنا پردہ کھول دیتا ہے اور نرپشاچ ودھیا کے دلال کے روپ میں پرکٹ ہوتا ہے۔ آیسو روتی ہے، بگڑتی ہے پر بمبئی میں اس کا کون سہایک ہے؟ وہ اس چکر میں پھنس جاتی ہے۔ احمد پولس کی گولی کا شکار ہوتا ہے، آیسو کو قید کی سزا ہوتی ہے اور باہر نکلنے پر پتن (2) اس کا سواگت کرتا ہے۔ تب سے انت تک یہ دکھیا پریم کا آشرے ڈھوتی رہتی ہے اور جب سپھل ہونے کا اوسر آتا ہے تو سنسار سے ودا ہوجاتی ہے۔ کہانی اتیت کرون اور اس کے ساتھ ہی سُتھارتھ مولک (3) ہے۔ ایک نراشریتا (4) کس طرح اپنی رکشا کرنے کی چیشٹا کرتی ہے اور انت میں اسپھل ہوتی ہے، اس کا ورنن بہت ہی رومانچکاری ہے اسی کے کھ سے سنیے۔

کون ایسا استھان ہے، جہاں پرتشٹھا کے ساتھ جیون کٹ سکے گا؟ کون ایسا ہے جس پر وشواس کرسکوں گی؟ پھر یہ جیون کس لیے؟ کس آشا پر یہ ساری آیو ویاتیت ہوگی؟ اب دو ہی مارگ ہے۔ یا تو چرتر کو ودا کردو، شیل کو کھو دو اور اوروں کی بھانتی سنسار کے مزے لوٹو اور یا پھر اس استھان پر چلو جہاں منشیوں کی درشٹی سے بچ سکو۔

جب دن کی چٹی ودھیا آیسو کے پاس آکر کہتی ہے۔ مجھے اس میں کیا؟ آپ نہیں جانتی۔ آپ نے

1۔ آکرشٹ: متوجہ 2۔ پتن: زوال
3۔ مولک: فطری 4۔ نراشریتا: غیر منحصر، لاوارث

کبھی پتنی ہونے کا سکھ نہیں اٹھایا۔ آپ نے ایک پروش کو پریم کا کیندر بنا کر اس کی پوجا نہیں کی۔ آپ نے استریوں کے اس پنیہ پر بھاؤ میں غوطہ نہیں لگایا، جس میں بہنا ایک اپوروبات ہے پھر آپ ایک استری کے ہردے کے بھاؤں کو کیسے سمجھ سکتی ہیں؟

اس استری کی باتوں نے آیسو کے جیون کی دھارا ہی پلٹ دی۔ یہی ویشیا جو دن کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی تھی، اب کہتی ہے۔

تم اپنی استری سے پیار نہیں کرتے؟ یہ تمہارا بڑا انیائے ہے۔ وہ تمہاری ہے تم اس کے ہو۔ میں اب تک تمہیں دھوکے میں ڈال رہی تھی۔ میں نہ تمہیں پیار کرتی ہوں نہ کر سکتی ہوں، میرے اس چھنک روپ کے پیچھے اپنا سرو ناش نہ کروں۔ نہ کسی اور کے روپ کے پیچھے پڑنا۔ تمہارے گھر میں دیوی ہے۔ اس کی پوجا کرو۔

پستک اتیت روچک ہے اور سماج کے ایک ایسے انگ کی اور ہمارا دھیان کھینچتا ہے۔ جو اپنی نگاہوں میں چاہے جو کچھ ہو، ہماری نگاہوں میں دُکھی ہے کیوں کہ ویوا ہک جیون ہی سماج کا لکشیہ ہے اور شاید ابھی دس بیس سال رہے۔ کئی استھل تو بڑے ہی مارمک ہیں۔ بھاشا میں پرواہ اور رس ہے اور بھاؤ کے چتر بڑے سندر ہیں۔

سندیہہ(1) یہی ہوتا ہے کہ یہ ویشیا اصلی ہے یا نقلی۔ کاش اصلی ویشیائیں ایسی ہوتیں اتنی آسانی سے پریم کے بندھن میں پڑ جانے والی تو سماج کیوں انھیں اتنا ہیہ(2) سمجھتا۔ آیسو اگر اپواد نہیں ہے، تو اس کے لگ بھگ اوشیہ ہے۔

"عیسائی والا" لیکھک شری اننت گوپال شیوڑے

پرکاش ہندو ہے۔ عیسی بیلا جونس عیسائی دونوں ساتھ کالج میں پڑھتے ہیں۔ دونوں میں پریم ہوتا ہے اور گپت روپ سے وواہ ہو جاتا ہے۔ پرکاش کی ماتا شوک سے پران دیتی ہے، پرکاش کا پتا بھی بہت ناراض ہوتا ہے، لیکن جب دمپتی (3) سماج اور راشٹر سیوا میں تن من سے لگ جاتے ہیں اور بعد کو ستیہ گرہ

1۔ سندیہہ: شک 2۔ ہیہ: ہیچ
3۔ دمپتی: رشتۂ ازدواج، شریک حیات

آندولن میں بھاگ لیتے ہیں، تو پتا کا کرودھ شانت ہو جاتا ہے اور وہ اپنے پتر اور پتر ودھو کا سواگت کرتا ہے۔ پستک کا ادیشیہ تو سماجک کرانتی ہے، لیکن ایسی پستک کے لیے جس روچکتا کی آوشیکتا ہے، وہ یہاں کم ہے اور ایسا جان پڑتا ہے کہ بہت جلدی میں لکھ کر سماپت کر دی گئی ہے۔

''مدھوکری'' سمپادک، شری ونود شنکر ویاس۔

اس سنگرہ کا پہلا بھاگ دو تین سال ہوئے نکلا تھا۔ یہ اس کا دوسرا بھاگ ہے اس میں کچھ کہانیاں تو ان لیکھکوں کی ہے، جو پہلے بھاگ میں نہیں آسکتے تھے اور کچھ نئے لیکھکوں کی ہیں۔ کل تیس کہانیاں ہیں اور تیس ہی لیکھک۔ کہانی ساہتیہ کتنی تیزی سے ہندی میں بڑھ رہا ہے، یہ دیکھ کر سنتوش (1) ہوتا ہے۔ کہانیوں میں کرشنا نند جی کی جل دھارا، جیندر کمار جی کی اسپردھا، دھنی رام جی پریم کی بہن شری پدم لال پنالال بخشی کی جنگی، پرتاپ نارائن جی کا آشرواد، سندر کہانیاں ہیں، سردار موہن سنگھ کے 'میرے ماسٹر صاحب' میں سماجک کرانتی کی بھاؤنا پر تیکش ہے۔ شاید سردار صاحب کو ایسی کرانتی دیش کے اُدھار (2) کے لیے آوشیک جان پڑتی ہو۔ ہمیں تو اس میں سروناش (3) ہی کے لچھن دکھتے ہیں۔ ویواہک بندھن کیول من کی اچھا نہیں ہے، اور نہ من کی چنچلتا اور وِدروہ (4) کو پریم کہتے ہیں۔ اگر اس طرح پرتیک استری پروش دوسرے پروش استری کو دیکھ کر ویوہار کرنے لگیں تو ویواہک جیون کا انت ہی ہو جائے۔ ایسی بھرشٹ کہانی لکھ کر سردار صاحب نے کسی کی سیوا نہیں کی۔ راجیشور پرساد سنگھ جی کا انتر دوندھ، بھی -تھارتھ واد (5) کا بگڑا ہوا چتر ہے۔ ہردے نارائن کا ویوہار کہیں ایسا نہیں دکھایا گیا، جس سے اس کی استری کو اس سے اسنتشٹ ہونے کا کوئی کارن ہوتا۔ اس کی آمدنی کم ہے اور وہ استری کو اچھے اچھے اپچار نہیں دے سکتا۔ کیا اتنا اپرادھ ہی استری کے من میں گوپال کے پرتی ایسی بھاؤنا اتپن کرنے کے لیے کافی ہے؟ اگر پروش یا استری اس طرح اپچاروں پر لوٹ پوٹ ہو جانے لگیں، تو غریب پریواروں کے سکھ شانتی کا انت ہی ہو جائے۔ واتسیاین جی کی، امرولری، اپورو ہے، اور ویریشور سنگھ جی کی، وہ بات لاجواب ہے۔ کئی لیکھکوں کی کہانیوں کا چناؤ اس سے اچھا ہو سکتا تھا۔ چندر گپت جی نے ک۔ کھ۔ گ، سے اچھی

1۔ سنتوش: قناعت　2۔ ادھار: نجات　3۔ سروناش: تباہ، برباد

4۔ ودروہ: مخالفت　5۔ -تھارتھ واد: رجائیت پسند

کہانیاں لکھی ہیں اور واچسپتی پاٹھک نے ہنس کے ابھی نند نانک میں کاغذ کی ٹوپی لکھ کر دکھا دیا ہے کہ وہ رانی سے بہت اچھی چیزیں لکھ چکے ہیں۔ رادھیشو پوجن سہائے جی کا 'کہانی کا پلاٹ' وہ تو ایک نرالی چیز ہے کاش بھگ جوگنی کا انت اتنا وتھنس نہ ہوتا۔ دوِج جی کی، وہ تصویر تو کہانی کے مرتیہ لوک سے اڑ کر کلپنا کے سورگ میں جا پہنچی ہے۔

مارچ 1933

''ہندوستانی کوش'' سنگرہکرتا، پنڈت رام نریش جی ترپاٹھی

ترپاٹھی جی نے یہ کوش (1) تیار کر کے ہندی کی ایک بڑی ضرورت پوری کر دی۔ ہندی اور اردو کے بیچ میں ایک تیسری بھاشا بنتی ہے جسے ہندوستانی کہا جا رہا ہے۔ وہ سادھارن بول چال کی بھاشا ہے جس میں ہندی، اردو، فارسی، انگریزی آدی سبھی بھاشاؤں کے شبد ملتے ہیں۔ وہ ہندی اور اردو دونوں کو پلیٹ فارم پر لا کھڑی کرتی ہے۔ ان میں کیول لپی کا بھید رہ گیا ہے۔ اس طرح کا کوئی کوش اب تک موجود نہ تھا۔ جس میں انقلاب، انجمن، معرفت، جلوہ، حیات مستغیث آدی شبدوں کے ارتھ دیے گئے ہوں۔ انگریزی کے شبد ہماری بول چال میں روز بروز بڑھتے جاتے ہیں، اور تھوڑے دنوں میں وے ہندی میں مل جائیں گے۔ جیوت بھاشا کا دھرم ہے کہ ایسے شبدوں کا سواگت (2) کریں نہ کہ ان کے دوار بند کر دے۔ ترپاٹھی جی نے اس ضرورت کو سمجھا ہے اور ان شبدوں کو کوش میں استھان دے کر ان پر ٹکسال کی مہر لگا دی ہے۔ ویگیانک یا دارشنک وشیوں کے پاری بھاشک شبد (3) تو اردو کے الگ ہوں گے اور ہندی کے الگ، لیکن سادھارن قصے، کہانیاں، سماچار پتر اور اسی طرح کی ہزاروں باتیں اگر ہندستانی کا پریوگ کریں تو نسندیہہ (4) بھاشا کا بھید مٹ جائے گا اور شکشت مسلمان یا ہندو کی بول چال میں کوئی دقت نہ ہو، کنتو اردو بھی ہندی شبدوں کا اسی شوق سے سواگت کرنے کو تیار ہے یا نہیں، ہم نہیں کہہ سکتے۔

ستمبر 1933

1۔کوش: لغت، معنی 2۔سواگت: استقبال

3۔پاری بھاشک شبد: توضیحی لفظ 4۔بلاشبہ

''پرکاش کی کرنیں'' لیکھک شری بھولا ناتھ جی

سوامی جی کے اپدیش ہم سنے ہیں۔ ان میں ایک بھکت ہردے کے پلکت کرنے والے اُدگار(1) ہیں، پریم میں ڈوبے ہوئے اور ادھیاتمک (2) آنند میں سنے ہوئے۔ یہ چھوٹی سی پستک آپ کے کچھ لیکھوں کا سنگرہ ہے۔ اس میں بھی ادھیاتمک تتوں پر پرکاش ڈالا گیا ہے۔ ادھیاتمک ایک ایسا وشے ہے، جس سے سادھارن سے سادھارن آدمی بھی کچھ نہ کچھ پریچت ہے۔ ہم اکثر لوگوں کو کہتے سنتے ہیں۔ جو کچھ کرتا ہے۔ ایشور کرتا ہے، سنسار مایا ہے، گھٹ گھٹ میں رام ویاپت ہے، من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا، جہاں شرد ھا ہوگی وہیں بھگوان کے درشن ہوں گے۔ پر یہ گیان پرمپرا گت (3) ہے انوبھوت (4) نہیں، اس لیے ہم مکھ سے ایسے مہان ستیوں کا دیوہار کر کے بھی ان کے انوروپ آچرن نہیں کر سکتے۔ جس نے ان تتوں کو اپنا لیا، وہی گیانی، وہی مہاتما ہے سوامی بھولا ناتھ جی انھیں انوبھوی پرشوں میں ہیں اور اس وشے پر لکھنے اور بولنے کا انھیں ادھیکار ہے۔ سپھلتا کا رہسیہ اس وشے پر لکھتے ہوئے آپ کہتے ہیں۔

ایشور پراپتی کا سب سے سرل مارگ اس کی سنتان، منشیہ ماتر کی سیوا اور انھیں سے پریم ہے اور ہمارے خیال میں یہ ادھیاتمہ کا سار ہے مشکل یہی ہے کہ جب ہم سے کہا جاتا ہے کہ۔

''دن بھر میں جو سکھ دکھ ملے ان سب میں ایشور کی اِچھا کا سنچار سمجھو اور سدا کے لیے اُسے اپنے ہردے مندر میں پرتشٹھت کروں''

تو ترت من میں سندیہہ(5) ہوتا ہے کہ ایشور ہم دکھیوں کے آنسو پوچھنے کے لیے کیول ایک مانوی کلپنا تو نہیں۔ جب ہمارے دکھوں میں بھی ایشور کی اچھائی کا سنچار ہے تو شدکا ہوتی ہے کہ ہم اپنی دشا کو سدھارنے کا پریتن ہی کیوں کریں؟ (اور وہی شدکا اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ جن کا سنسار کے پدارتھوں پر ادھیکار ہے، انھوں نے وپتّا کو شانت کرنے کے لیے اس کلپنا کی سرشٹی کر کے اُسے سموہت کر دیا ہے۔

ستمبر 1933

1۔ادگار: آخری حد، آخری خواہش 2۔ادھیاتمک آنند: غیبی خوشی 3۔پرمپراگت: روایتی طور پر
4۔انوبھوت: 5۔سندیہہ: شک، شبہ

''آتمہ وسرتی'' رچیتا، شری پدم کانت مالوی

پدم کانت جی نے ہندی میں رُباعیاں لکھ کر کویتا پریمیوں کو ایک نئی چیز دینے کی چیشٹا کی ہے مگر غزل یا مسدس یا رباعیوں کے لیے اردو کی زمین جتنی انوکول سدھ ہوئی ہے، شاید ہندی اتنی انوکول نہ ہو۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ اردو کو سیکڑوں استادوں سے مانجے جانے کا گورَو پراپت ہوا ہے، تب جا کر اس میں وہ صفائی آئی ہے۔ پدم کانت جی کی رباعیاں تو گنگا، مدار، یا شراب اور گنگا جل کا مشرن سی معلوم ہوتی ہے۔ ہندی کویتا میں پیالہ اور مدھوشالا اور پنڈت جی ابھی اپریچت سے لگتے ہیں سمکھو ہے، آگے چل کر بھاشا کے منج جانے پر ہندی رباعیوں میں بھی انیس (1) یا رواں (2) کی رباعیوں کا سامزہ آئے ابھی تو وہ بات نہیں آئی۔

''نواب کا ہاتھی'' انوادک، منشی کنہیالال

منشی کنہیالال نے ہندی کو اردو ساہتیہ کے ہاسیہ رس (3) سے خوب پریچت کر دیا ہے۔ اس سنگرہ میں انھوں نے دس اچھی اچھی کہانیوں کا سنگرہ کر دیا ہے، بائسکل، اور انگوٹھی کی مصیبت، وشیش رو چک ہے مگر ایسی کوئی کہانی نہیں ہے، جسے پڑھ کر ہاسیہ سے منورنجن نہ ہو۔

''ساہتیہ سمیکشا'' لیکھک، شری کالی داس کپور

ساہتیہ کالی داس جی کپور ہندی کے سو پریچت (4) آلوچکوں (5) میں ہیں۔ اس پستک میں ان کے آلوچنا سمبندھی لیکھ جو انھوں نے سمے سمے پر پتروں میں پرکاشت کرائے تھے، سنگرہ کر دیے گئے ہیں۔ سیوا سدن، پریما شرم اور رنگ بھومی کی وسترت آلوچنائیں بھی دی گئی ہیں۔ کالی داس جی کی

1۔ انیس: میر ببر علی انیس　　2۔ رواں: پنڈت جگت موہن لال رواں　　3۔ ہاسیہ رس: مزاحیہ رنگ
4۔ سو پریچت: بہت معروف　　5۔ آلچکوں: ناقدوں

آلو چنائیں پکش پات رہت ہوتی ہیں، یہی ان کی خوبی ہے ہندی میں ناٹک اور ابھینے اور ہندی میں اپنیا اس ساہتیہ و چار پورن لیکھ ہیں۔

"مانوشی" لیکھک :شری سیارام شرن گپت

شری سیارام شرن جی کی کویتاؤں میں جو شانتی اور مادھریہ ہی کی پردھانتا رہتی ہے۔ وہی وشیشتا ان کی کہانیوں میں ہے کہیں کہیں نر بہہ چٹکیاں بھی لیتے ہیں۔ بھاؤں میں گہرائی ہے اوشیہ، پر پاٹھک کو وہاں پہنچنے میں کوئی جھٹکا رکوئی ہچکولہ نہیں لگتا، جیسے کسی لفٹ میں بیٹھ کر نیچے اتر گئے۔ روپے کی سادھی پتھ میں سے اور کشٹ کا پرتی دن، بڑی سندر اور مرمہ اسپرشی (1) کہانیاں ہیں۔

"چاند" نو ورشانک

ہند ماسک پتروں میں چاند ہی ایک ایسا پتر ہے جس نے ایک آدرش سامنے رکھ کر سدیو اس کو پورا کرنے کا یتن کیا ہے۔ اس کے آدرش سے بہتوں کو مت بھید ہو سکتا ہے، پر اس نے جو کچھ ستیہ سمجھا ہے، اس کا پرتی پادن کرتا ہے اور پرشنسیہ (2) نربھیکتا (3) سے۔ نومبر سے اس کا نیا ورش آرمبھ ہوتا ہے اور اس سال اس کا نو ورشانک بڑی سج دھج کے ساتھ نکلتا ہے۔ کویتاؤں، کہانیوں اور اس کے وشیش استمبھو کے اتی رکت اس انک میں کئی وچار پورن لیکھ ہیں جن میں پر ورام داس گوڑ کا بھارتیہ پرلوک واد، پنڈت بھی دھر باجپئی کا، ہماری پتت بہنیں، شری کرشن گپت کا سوویت روس، شری ستیہ جیون شرما کا، پراچین بھارت میں گنیکا (4)، تتھا ہندو وواہ کی رسموں میں پریورتن، آدی لیکھ وچار نیہ ہیں باجپئی جی نے جس سنگٹھن کی چرچا کی ہے اس سے ویشیاؤں کا چاہے آرتھک لابھ ہو سکے مگر سماج میں سمان (5) تو تبھی مل سکتا ہے جب ان کے چرتر میں سنیم آ جائے، یدی پھر دے نرنیہ اور گان کو پیشہ بنا کر بھی گرہنی بن کر رہیں۔ ورما جی نے بہت سے پرمان دے کر یہ سدھ کیا ہے کہ پرانے زمانے میں گنیکاؤں کا سماج میں اچھا آدر

1۔ مرم اسپرشی: دل کو چھو لینے والا 2۔ پرشنسیہ: قابل تعریف 3۔ نربھیکتا: نڈر پن
4۔ گنیکا: مغنیہ 5۔ سمان: عزت

تھا۔ آدرسد یوچرتر سے ملتا ہے۔ آج بھی ایسی ویشیائیں موجود ہیں جنھوں نے سنگیت کی اپاسنا کو ہی اپنے جیون کا آدھار بنائے رکھا ہے۔ انادر اور اپمان تو روپ کے بیچنے سے ہوتا ہے۔ اگر آج بھی پراچین گنیکاؤں کی بھانتی ویشیائیں ناچنے گانے کو اپنا مکھیہ کاریہ بنالیں اور کیول پریم ہونے پر کسی ناگرک سے سمبندھ کرلیں اور ایکاچارنی بن کر رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ آج بھی ان کا انادر (1) ہو۔ شری موہن لال جی نے اپنے لیکھ میں دکھایا ہے کہ پرانے سمے میں ہندوؤں کی وواہ پرتھا میں کیا کیا پریورتن ہوئے، پر وواہ کی ورتمان سمسیا کو حل کرنے کی چیشٹا نہیں کی ساج کی یہ بڑی کٹھن سمسیا ہے۔ ہم اندھیرے میں ٹٹول رہے ہیں، پر کوئی مارگ نہیں پاتے۔ ایک اور پرانی بے ہودا رسمیں ہیں، دوسری اور پچھم کی اندھا دندھ نقل ہے اور اس سے پیدا ہونے والے اُپدرو۔

"طوفان"

راشٹروادی ساپتاہک پتر ہے۔ کلکتہ سے رادھا موہن گوکل جی کے سمپادکتو میں نکلا ہے۔ رادھا موہن گوکل جی اس وردھاوستھا میں بھی نوجوانوں کا جوش رکھتے ہیں۔ طوفان میں ہاسیہ، بال، ونود، کہانی آدی منورنجن کی کافی سامگری رہتی ہے۔ گمبھیر اور وچار پورن لیکھ بھی دیے جاتے ہیں۔ سمپادک نے اپنے کاریہ چھیتر کے وشے میں لکھا ہے، طوفان دیکھنے میں کبھی کبھی سنسار کے لیے بہت اہت کر بہت بھیاونا اور آولھنیہ (2) پرتیت (3) ہوتا ہے۔ کنتو واستو میں ایسا پرتیت ہوتا ہے اس کی گرمی، سردی، ترلتا، سرلتا، کٹھورتا آدی میں سے پرتیک گن پرکرتی دیوی کے کسی نہ کسی ادیشیہ سادھن کے نمت ہی ہوتا ہے۔ اسی سے پتر کے نام کی چرتارتھتا سدھ ہوتی ہے۔

"مداری"

ہاسیہ (4) اتمسی رس کا پاکشک (5) پندرہ روزہ پتر ہے۔ پریاگ سے شری بل بھدر پرشاد گپت،

1۔ انادر: بےعزتی　2۔ آولھنیہ: قابل نفرت　3۔ پرتیت: ظاہر، معلوم
4۔ ہاسیہ: ہنسی، مزاح　5۔ پاکشک: حمایتی

رسک کی ایڈیٹری میں پرکاشت ہوتا ہے۔ چار انک نکل چکے ہیں۔ کوتائیں اور گلپیں بھی دیتا ہے۔ ہمیں آشا ہے، مداری ساہتیک گٹ بندیوں سے الگ رہ کر اپنے بندروں کو نچاتا رہے گا۔ ایسے ایک پتر کی ضرورت تھی۔ ہاں، مداری کا کام اتنا آسان نہیں ہوتا کبھی کبھی بندر اُسے کاٹ بھی لیا کرتے ہیں۔ اس لیے بندروں کو نچاتے سے چمکار پچکار کر کام لینا ادھک نراپد ہوگا۔

دسمبر 1933

"ترکی کا مصطفیٰ کمال پاشا" لیکھک، شری شونارائن ٹنڈن

جس ویر آتما نے ترکی کو غلامی، دھرم، پاکھنڈ اور سوئچھارتا (1) سے مُکت کیا، اُسی مصطفیٰ کمال پاشا کا یہ جیون چرتر ہے، جو کئی انگریزی پستکوں کے آدھار پر لکھا گیا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے جس وقت ہوش سنبھالا، ترکی سامراجیہ کا انت ہو چکا تھا۔ ایک اُور گرہ کلا کا بازار گرم تھا، دوسری اُور یوروپین شکتیوں کا آتنک دیش کے بتے شی اُدھار کی کامنا کر رہے تھے۔ نوجوان ترکی پارٹی کی استھاپنا ہو چکی تھی اور وہ پرتیک ملکھیہ استھان میں گپت روپ سے دیش میں نوین جاگرتی (2) پیدا کرنے کا اُدھوگ کر رہی تھی۔ کتنے ہی اُچ راجیہ کرمچاری اس نوجوان پارٹی میں تھے۔ مصطفیٰ کمال کو زمین ایک طرح سے تیار ملی۔ اس کے اوپر کئی بار سندیہہ ہوا، پر ہر بار وہ کرمچاریوں کے سہیوگ سے بچ گیا۔ یوروپیہ مہایدھ میں اُسے اپنی سینک یوگیتا دکھانے کا اوسر ملا۔ اور اُس نے درۂ دانیال میں وِپکشی سیناؤں کو پراست (3) کر کے اپنا سکہ بٹھا دیا۔ پھر اس نے کس طرح انیک بادھاؤں اور کٹھنائیوں میں اپنے پرتبھا پورن ویکتو کا پریچے دیتے ہوئے سلطان کو معزول کیا، کس طرح دیش کو دیش دروہیوں سے مکت کیا، کس طرح راجیہ کو شکتی شالی بنایا، کس طرح سماجک سدھار کیے وہ سارا ورتانت (4) اس پستک میں اتنے منورنجک ڈھنگ سے کیا گیا ہے کہ اپنیاس کا مزہ آتا ہے۔ بھاشا چل بُلی اور منجی ہوتی ہے۔ جیوتی کار کو اپنے نایک میں جو شردھا ہونی لازمی ہے، وہ ایک ایک شبد سے ٹپکتی ہے یدی ادھیاؤں کا اسپشٹ روپ سے ورگی کرن کر دیا جاتا، تو پستک اور بھی اپیوگی ہو جاتی۔ پرارمبھک جیون یوروپیہ یدھ، ترکی کرانتی، اُوی پرتیھیدوں سے ہمیں وشے

1۔ سوئچھارتا: خود پسندی 2۔ نوین جاگرتی: جدید بیداری 3۔ پراست: شکست، زیر
4۔ ورتانت: خودنوشت

کے سمجھنے میں زیادہ سوگمتا ہوتی۔ تر کی کا نقشہ بھی ہونا ضروری تھا۔ ایسے مہان ویکتی کی جیونی ایسی ہونی چاہیے کہ اس کی جیون کتھا کے ساتھ ساتھ دیش کی اتہاسک اور راج نیتک پرگتی پر بھی پڑتا جائے۔ یہ دوش کھٹکتا ہے۔ ہمیں آشا ہے دوسرے ایڈیشن میں یہ کمی دور کردی جائے گی۔

لاہور کی اس وکھیات اردو پتریکا کا یہ نو ورشانک بڑی شان سے نکلا ہے۔ اس میں پرتاپ کے آکار کے دو سوبیس پرشٹھ لیکھ اور درجنوں سادے اور رنگین چتر ہیں اسے دیکھ کر یہ انومان کیا جا سکتا ہے کہ اردو ساہتیہ کتنے ویگ سے اُنتی کر رہا ہے۔ اس میں چھبیس گدھ لیکھ اور چوبیس کویتائیں ہیں۔ گدھ لیکھوں میں آٹھ کہانیاں ہیں پانچ ڈرامے، دس آلوچناتمک نبدھ ہیں اور تین ساہتیک لیکھ ہیں۔ کہانیوں میں دو، ہنس، سے انوودادت ہیں۔ یدّپی نام نہیں دیا گیا۔ حضرت وقار امبالوی کا آخری گیت گرامین جیون کی سُندر پریم کتھا ہے، یدّپی کتھانک میں کوئی نوینتا نہیں۔ ڈراموں میں شری اندر لال داس، کمر کا سوسائٹی کے اجارے دار اِبسین کے Pillars of Society کی شیلی کا منورنجک سماجک چترن ہے، جس سے ہماری ورتمان سوسائٹی کی نیتک (1) اور چرترک (2) دشا پر بہت اچھا پرکاش پڑتا ہے۔ آلوچناتمک بندھنوں میں حضرت کیفی کا ''تاریخ اردو کا مطالعہ'' اور حضرت راشد کا اردو ساہتیہ پر غالب کا اثر بڑے وچار پورن ہیں۔ راشد صاحب نے جتنی یوگیتا سے اپنے وشے کا پرتی پادن کیا ہے اس سے وِدِت (3) ہوتا ہے کہ اردو میں آلوچنا کا آدرش کتنا اونچا اٹھ گیا ہے۔ مرزا عظیم بیگ چغتائی کا بیوی کا خط میاں کے نام ہاسیہ رس پورن (4) لیکھکوں میں سب سے اچھا ہے۔ کویتاؤں میں حضرت حفیظ جالندھری کا درشن پنڈت اندر جیت شرما کا ربھول آئی ری، نئی سرو پریہ شیلی کی رچنائیں ہیں ''باغی سنسار'' اور شکوہ بھی سندر ہے اور بھی کئی کویتائیں بہت اچھی ہیں اس انک کا مولیہ سوا روپیہ ہے۔

1۔ نیتک: اخلاقی 2۔ چرترک دشا: فطری حالت 3۔ ودت: ظاہر

4۔ ہاسیہ رس پورن: پر مزاح

"The New out Look"

یہ انگریزی کا ماسک پتر احمد آباد سے شری گوند لال ڈی: شاہ کی ایڈیٹری میں نکلتا ہے۔ سمپادک منڈل میں شیام کماری نہرو، مرزا احمد سہراب اور کئی انیہ پرتشٹھت نام ہیں۔ جنوری کا یہ انک وشیشانک (1) کے روپ میں نکلتا ہے، جس میں کئی اچھے اچھے وچار پورن لیکھکوں کا سنکلن (2) ہے۔ اس پتر کی وشیشتا یہ ہے کہ اس میں انیہ پردیشوں کے لیکھ بھی دیے جاتے ہیں اور اُسے سروپریہ بنانے کی چیشٹا کی جاتی ہے۔ ادھک تر انھیں سمسیاؤں پر لیکھ لکھے جاتے ہیں، جن پر آج کل سماج میں بہت لکھا پڑھا جا رہا ہے۔

فروری 1936

"تلسی کے چار دل" لیکھک، شری سدگرو شرن اوستھی

اکت پُستک کے لکھنے کا ادیشیہ اس کے لیکھک کے شبدوں میں ہی اس پرکار ہے۔

"یہ بات ہندی کے سبھی پریمیوں کو کھٹکتی ہے کہ ہندی کے سروشریشٹھ کوی گوسوامی تلسی داس جی کی کرتیوں (3) کی پورن اور اچت سمیکشا (4) تھا ان کے پٹھن پاٹھن کی اچت ویوستھا ابھی نہیں ہوئی ہے، کویتا پریمیوں کا دھیان ابھی تک رام چرت مانس تک ہی سمیت رہا ہے۔ مانس کی سینکڑوں ٹیکائیں نکلتی ہیں اور نکل رہی ہیں۔ اس کی سمیکشا بھی وِدوانوں نے کی ہیں۔ انیائے بھاشاؤں میں بھی راماین کی سمیکشائیں دیکھنے میں آتی ہے پرنتو یہ سو بھاگیہ گوسوامی جی کے انیہ گرنتھوں کو پراپت نہیں ہو سکا۔ ویسے پتریکا کی اور کچھ بھکت لوگوں کا دھیان گیا ہے۔ اس کی ایک دو آلوچنائیں اور ٹیکائیں اچھی نکلی ہیں۔ 'کویتاولی' کا بھی ایک دو ٹیکائیں اچھی نکلی ہیں پرنتو اس پر کوئی آلوچنا گرنتھ دیکھنے میں نہیں آیا۔ پھٹکر لیکھکوں میں تو کبھی کبھی گوسوامی سمبندھی سمیکشائیں دکھائی بھی دیتی ہیں۔ پرنتو پستک روپ میں اس دشا میں کوئی پریاس نہیں کیا گیا۔ مجھے اس پرکار کا انوبھو ہے کہ ہندی کی اچھی ماسک پتریکاؤں میں کچھ نئے سمپادک بھی

1۔ وشیشانک: خصوصی شمارہ　　2۔ سنکلن: انتخاب

3۔ کرتیوں: تخلیقات　　4۔ سمیکھا: تفصیلی بیان

گوسوامی تلسی داس جی تتھا کوی سمراٹ سورداس جی کی آلوچناؤں کو چھاپنا پچھڑاپن سمجھتے ہیں۔"

گوسوامی تلسی داس کے سمبندھ میں سب سے اچھا اور سب سے مولک گرنتھ پنڈت رام چندر شکل کا ہی ہے۔ ان کی سمیکشا کسی ایک گرنتھ پر آشرت (1) نہ ہو کر سبھی گرنتھوں پر آشرت ہے۔ پھر بھی 'مانس' پر ہی اس آلوچنا کا دھرا تل ادھک ہے۔ وشوودیالیوں میں اور کالجوں میں ہندی کی اُچ شکشا کی ویوستھا ہو جانے کے کارن گوسوامی تلسی داس کے سمست گرنتھوں کی پورن اور وشد سالوچنائیں دکھائی پڑنی چاہیے تھی۔ پرنتو کاشی کے پروفیسر کو چھوڑ کر انیہ استھانوں کے پروفیسروں کا دھیان بھی اس اور نہیں گیا۔ کچھ لوگوں میں تو اپنی لیکھنی کا پریوگ کرنے میں وکٹ سنکوچ ہے۔

گوسوامی تلسی داس کے سمبندھ میں لوگوں کی جانکاری ادھک بڑھے اور ان کی کرتیوں کے پٹھن پاٹھن میں سہایتا ملے۔ اسی لابھ کو دھیان میں رکھ کر پرستت پستکوں کو لکھا گیا ہے۔ پہلی پستک میں گوسوامی تلسی داس کا ایک سنکشپت جیون ورت دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ کاویہ کلا اور گوسوامی تلسی داس جی کی نجی پریرنا (2) پر ایک لمبا پربندھ بھی دیا گیا ہے۔ اس کے انتر گوسوامی تلسی داس کی چار چھوٹی کرتیوں پر سمیکشائیں ہیں۔ ان کرتیوں کے نام ہیں۔ رام لالا نہچھو، بروے راماین، پاروتی منگل تتھا جانکی منگل۔ ان آلوچناؤں کے پرسنگ میں بہت سی اور جاننے یوگیہ باتیں سملت کر دی گئی ہیں۔ دوسری پستک میں انھیں چاروں پستکوں کے اچت ادھین کے لیے مول پاٹھ کے ساتھ ساتھ شبدارتھ تتھا ٹپیاں دے کر پاٹھ سمجھایا گیا ہے استھان پر تلنا کرنے کے لیے باہر کے پدوں کو اڈرت کیا گیا ہے۔ النکاروں (3) کا بھی کہیں کہیں پرنردیش کر دیا گیا ہے۔

پرسنتا کی بات ہے کہ لیکھک مہودے پرستت پستک کے سبھی ادیشیوں کی پورتی سپھلتا کے ساتھ کر سکے ہیں۔ خاص کر ہندی کے اونچے ساہتیہ کا منن (4) کرنے والے ودیارتھیوں سے تو ہمارا وشیش انورودھ ہے کہ وے اس پُستک کا خوب ادھین کریں۔ یوں تو سروسادھارن کے کام کی یہ ہے ہی۔ اسی پرکار یدی انیہ وِدوان پراچین ساہتیوں پر پرکاش ڈالنے کا پریتن کریں تو ہمارا پورن وشواس ہے کہ نویودک ساہتیوں میں پراچین ساہتیوں کے پرتی ابھی روچی بڑھے اور ان کی بہت کچھ جٹلتا (5) دور ہو جائے۔

مارچ 1936

1۔ آشرت: منحصر　　2۔ پریرنا: تحریک، متاثر ہونا　　3۔ النکار: وجود

4۔ منن: ماتم　　5۔ جٹلتا: پیچیدگی

''ہوائی کہانیاں'' لیکھک ،شری ظہوری بخش

منشی ظہوری بخش بچوں کی کہانیاں لکھنے میں کشل ہیں۔ اس سنگرہ میں آپ کی گیارہ کہانیاں ہیں، بڑی ہی منورنجک ہیں۔ بچوں میں، ادبھت، بھاؤنا بڑی پربل ہوتی ہے اور ساہتیکتا سے وشیش روچی۔ ان سبھی کہانیوں میں یہ دونوں گن موجود ہیں۔ بیچ بیچ میں بچوں کا چرتر نرمان کرنے والی باتیں بھی آتی گئی ہیں۔ مگر وہ اس طرح آئی ہیں کہ کہانی کا انگ بن گئی ہیں۔ بالکوں کے لیے یہ کہانیاں منورنجک بھی ہیں اور بھاؤ پردھی۔ بھاشا بہت ہی صاف اور منجھی ہوئی۔

''سماج کی بات'' لیکھک ،شری آدتیہ کمار

آدتیہ کمار جی نے سماج کا جو چتر کھینچنے کی چیشٹا کی ہے، اس میں وہ سپھل نہیں ہوئے۔ نہ کوئی سجیو چرتر ہے، نہ روچک کتھا اور نہ ہردے کو اسپرش (1) کرنے والے بھاؤ۔ کتھا تو اتنی الجھ گئی ہے کہ قصے کو سمجھنے کے لیے پریاس کرنا پڑتا ہے۔ اتنے چرتروں کے لانے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ ایسا جان پڑتا ہے لیکھک نے دو تین پریواروں کا ورتانت (2) ایک اپنیاس کے روپ میں سنگرہ کر دیا ہے۔ اپنیاس میں ہر ایک چرتر اپنا ایک ویکتتو (3) رکھتا ہے اور اُسی کے وکاس پر کتھا چلتی ہے۔ پاٹھک کو اس کے وکاس میں اُتکنٹھا ہوتی ہے وہ دیکھتا ہے لیکھک میں انوبھوتیوں کی کتنی گہرائی ہے، وہ کن استھلوں پر اپنے رچنا کوشل یا مارمک آلوچناؤں یا منووگیانک رہسیوں سے اُسے مگدھ کرتا ہے۔ اپنیاس میں اگر کوئی گھٹنا ہی ہو تو اُسے بھی اس طرح رکھنا چاہیے کہ اس کا دلچسپیہ پاٹھک کو کھینچے۔ یہ اپنیاس تو کیول وہ سامگری دیتا ہے، جس پر کسی اپنیاس کی کلپنا کی جاسکتی ہے۔

''سہاگ بندی'' لیکھک ،شری گنیش پرشاد دویدی

ادھر کچھ دنوں سے ایکانکی ناٹکوں کی اور روچی بڑھ رہی ہے۔ دویدی کا اس انگ کی وِرتی کرنے

1۔ اسپرش: چھوتا　　2۔ ورتانت: خودنوشت سرگزشت　　3 ویکتتو: انسانیت، شخصیت

والوں میں پرکھا استھان ہے۔ ہم نے ان چھهوں ناٹکوں کو بڑے شوق سے پڑھا اور ہمیں جو سب سے ادھک روچا، وہ، سردسوسمرپن ہے، جو آپ نے ڈاکٹر رویندر ناتھ ٹھاکر کی کسی رچنا کے آدھار پر لکھا ہے۔ شیش پانچوں ناٹکوں میں چار تو ایسے ہیں جس میں کوری بھاوکتا ہے اور ایک شرماجی کچھ وینگیاتمک ہے۔ جس میں ایک شکشت یووتی کے منوبھاؤں کی آلوچنا کی گئی ہے، سہاگ کی بندی میں کالی بابو کی استری اکیلے پن سے دکھی رہتی ہے اور اپنے موسیرے دیور کو دیکھ کر اُسی کی یاد میں کھل کھل کر مرجاتی ہے۔ اکیلے پن کو ہوا بنا کر جو استری ایک یووک کو پہلی بار دیکھ کر اور اس کی مزے دار باتیں سن کر مرنے لگتی ہے اس کا مرجانا ہی اچھا۔ دوسرا ناٹک بھی اسی طرح کی ایک یووتی کا چتر ہے، جو ایک یووک کے پریم میں گھلتی ہے اور آخر ویاکل ہو کر ایک بار دیکھنے آجاتی ہے۔ تیسرے ناٹک میں ارملا اپنے ایک پُرانے پریمی کو ٹھکرا کر ایک زمیں دار سے وواہ کر لیتی ہے۔ پریمی صاحب اُسے دل میں پیار بھی کرتے رہتے ہیں اور اس سے جلتے بھی رہتے ہیں۔ اس کی بیماری کی خبر پا کر بھی وہ اپنے دل کو روکتے ہیں اور جب اس کے گھر پہنچتے ہیں تو وہ مرچکتی ہے۔ شرماجی مزے کی چیز ہے، جس میں ایک یوتی کے منواستھل کی گہرائی میں پہنچنے کا پھل پریاس ہے۔ پانچواں دوسرا اپائے ہی کیا تھا، ایک معمہ سا ہے، نہ یہی پتا چلتا ہے کہ استری کیا چاہتی ہے نہ یہی کہ پروش کیا چاہتا ہے۔ چرتروں میں پہلے ناٹک والا مہاراج بڑا مولک اور سہردے (1) بن گیا ہے۔ کاش دویدی جی ایسے چرتروں کے سرجن میں زیادہ اُروَر (2) ہوتے۔ ناٹکوں میں یا کسی بھی رچنا میں لیکھک کا آئیڈیا اسپشٹ ہونا چاہیے۔ پاٹھک کو اندھی گلی میں لے جا کر چھوڑ دینا پاٹھکوں کو بھرم میں ڈال دینا ہے۔

''مدھوبالا'' رچیتا ہَری بچن

یہ کوی بچن کے گیتوں اور کویتاؤں کا دوسرا سنگرہ ہے جو چھوٹے آکار میں بڑی سج دھج سے چھپا ہے۔ بچن میں اپنی ویکتتو ہے، اپنی شیلی ہیں، اپنے بھاؤ ہے اور اپنی فلاسفی ہے۔ مدھو، مدھوبالا، ساقی آدی بھاؤنائیں ہندی میں انوکھی ہیں۔ یہاں تو سوم رس اور بھنگ کا پرادھانیہ (3) تھا، مگر سوم رس کا ویدک کال میں چاہے جو مہتو رہا ہو اور بھنگ، گانجا، چرس آدی کا سادھو اور رسک منڈلی میں چاہے آج بھی کتنا ہی

1۔ سہردے: دل رُبا 2۔ اُروَر: زرخیز 3۔ پردھانیہ: اولیت

رواج ہو، مگر نشے کی کلپنا ہماری کویتا کے چھیتر میں نہیں گھسنے پائی۔ ہماری مدھیہ کال کی کویتا میں بنسی اور ورنداون کی پکار ہے اور نئی کویتا میں دینا اور مالا اور دھوپ دیپ کی کلپنا کا پرادھانیہ۔ وہ ساکار کی بھکتی تھی یہ نراکار (1) کی اپاسنا ہے اور اس لیے آتمانو بھوتی پورن اور انترمکھی ہے۔ بچن جی کی کویتا میں بھی وہی بھاونائیں ہیں۔ مگر کلپنا ہندی کے لیے سروتھا اچھوتی ہے اور یہ شریہ ان کو ہے کہ انھوں نے فارسی کا یہ تخیل یہاں ایسا کھپایا ہے کہ اس میں بےگانا پن بالکل نہیں رہا۔ اور چوں کہ ہندی میں بھی بلبل اور قفس اور ساقی اور ساگر کے رسک موجود ہے اور کثرت سے موجود ہے۔ ہندی میں یہ چیز پا کر انھوں نے اس کا سواگت کیا۔ فارسی اور اردو کے کویوں نے تو ساقی اور صراحی کو آدھیاتمہ (2) کی چیز بنا ڈالا ہے۔ ان کے لیے شراب دیوی آدیش ہے یا بھگت یا گیان۔ ان کا نشہ وہ دہلتا ہے جو بھگت کی پورنتا ہے۔ پنجڑے میں پھنسی ہوئی بلبل کا باغ میں بنائے ہوئے گھونسلے کی یاد میں تڑپنا منشیہ کے جیون سے اتنا ملتا ہے کہ ہم اس کے دکھ میں شریک ہونے کے لیے مجبور ہیں۔ شراب کی کلپنا بھی جہاں اس دکھ بھرے سنسار سے ورکت کی سوچک ہے، وہاں دھارمک کٹرتا اور سنکیرتا سے وردوہ کا بھی اشارہ کرتی ہے۔ دیکھیے مدھپ بھی کیا کہتا ہے۔

ہم نے چھوڑی کر کی مالا
پوتھی پترا بھو پر ڈالا
مندر مسجد کے بندی گرہ
کو توڑ لیا کر میں پیالا
او دنیا کو آزادی کا
سندیش سنانے ہم آئے

ہمیں آشا ہے، بچن جی کی مکدھو بالا کہیں نراشاواد (3) کی شراب نہ پلائے؟

اپریل 1936

کسک رچیتا" شری ہردے نارائن پانڈے 'ہردیش'

یہ ہردیش جی کی چنی ہوئی کویتاؤں کا سنگرہ ہے۔ ان میں مادھریہ (4) ہے۔ پرساد ہے،

1۔ نراکار: لاوجود 2: آدھیاتمہ: غیبی 3: نراشاواد: قنوطیت پسند

4۔ مادھریہ: مٹھاس

کرونا(1) ہے، تڑپ ہے اور کہیں کہیں کرانتی (2) بھی ہے۔ جیسا ہر دیش جی نے اپنے بھومیکا میں لکھا ہے، کویتا پر یا ساہتیہ کے کسی دوسرے انگ پر بھی اپنے سے کی چھایا پڑے بنا نہیں رہ سکتی۔ ہم جن سماجک اور راج نیتک دشاؤں میں پڑے ہوئے ہیں ان میں کرونا اور کسک کے بھاؤں کی پردھانتا ہو ہی سکتی ہے، مگر ہم سوکوی جنوں سے یہ آشا بھی رکھتے ہیں کہ وہ کیول مرثیہ نہ گائے، حالاں کہ جیون میں مرثیے کا استھان بھی ہے، بلکہ جیون میں اسکھورتی کا سنچار بھی کریں۔ اگر کوی کی رچنا سن کر چیتنا چل دے، یا آشائیں آہت ہو جائیں، تو پھر ان آفتوں سے لڑا کس بل سے جائے۔ اس کسک کے پرواہ میں مشن، کی آما شے جھلک دیکھ کر دل کو ڈھارس ملتا ہے۔

مذھر یوون کی لکھو تصویر

نول آشاؤں کے مدھوماس

بھاؤناؤں کے مردو(3) سنسار

پریم کے کمپت نواچھ(4) واس

پستک میں پانچ منوہر رنگین کو تو پورن چتر ہے، کئی ہاف ٹون چتر، پستک شری سیٹھ کیلاش پتی کی سہانیا کو سمرپت کی گئی ہے۔

''پنکھوڑیاں'' لیکھک، شری پرتھوی ناتھ شرما

یہ شرما جی کی بارہ چھوٹی کہانیوں کا سنگرہ ہے۔ سیدھی سادی منورنجک کہانیاں ہیں۔ جن میں پرتبھا تو کم ہے، پر قلم منجھا ہوا ہے، لیکھک نے دودھ رسوں کی چیزیں لکھی ہیں، پر ان کا پردھان رس کرونا ہے۔ بھکاری کا پریم، دُکھ کی کندرارتھ ں کا سودا، تیاگ اور ممتا، آدی گلپوں (5) میں کرونا کے بھن بھن روپوں کی جھلک ملتی ہے۔ سودیرا کا بھرم، رہسیہ پورن ہے۔ ہاسیہ رس (6) کی کوئی کہانی نہیں۔ معلوم نہیں، شرما جی نے اس غریب کی کیوں اوہیلنا (7) کی۔

1۔کرونا: دکھ، تکلیف 2۔کرانتی: انقلاب 3۔مردو: نرم، نازک 4۔نواچھ: سانس

5۔گلپ: جھوٹ، کہانی، افسانہ، فکشن 6۔ہاسیہ رس: پر مزاح 7۔اوہیلنا: توہین

''بھگ بھد گیتا منظوم یا نسیم عرفاں'' رچیتا شری وشیشور پرشاد منور

منور صاحب اردو کے سدھ ہست کوی ہیں۔ آپ نے والمک رامائن اور ونے پتریکا کا بھی پتھ بدھ انوواد کیا ہے۔ آلوچیہ گرنتھ بھگود گیتا کا اردو پتھ انوواد ہے۔ بھگود گیتا کے کئی منظوم ترجے نکل چکے ہیں۔ ابھی نظر صاحب سوہانوی کا انوواد حال میں پرکاشت ہو چکا ہے، پر گیتا گیان اور ادھیاتمہ کا اپار ساگر ہے اور اُسے جتنا ہی متھو اتنے ہی رتن نکلتے ہیں۔ ان انوواد کی خوبی یہ ہے کہ مول بھاؤں کی پوری طرح رکشا کی گئی ہے۔ ڈاکٹر بھگوان داس جی کے شبدوں میں آپ نے اشلوکوں کا مطلب خوبی سے ادا کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی شاعری کا امرت بھی اس میں بھر دیا ہے۔ ارجن کے منو بھاؤں کا کتنا مرم اسپرشی(1) چترن ہے۔

میدان میں حال ہے میرا غیر
اکھڑے جاتے ہیں خود بخود پیر
پھوڑا سا جگر میں پک رہا ہے
دل چار طرف بھٹک رہا ہے
یہ قتل عزیز و اقربا کیا
اپنے جو ہوں ان کو مارنا کیا
جچتا نہیں اب نگاہ میں کچھ
لذت نہیں اس گناہ میں کچھ
مطلب تیر و تفنگ سے کیا
مل جائے گا فتح جنگ سے کیا؟
راحت کی نہیں مجھے تمنا
ہوں تاج شاہی کا میں نہ جویا
'وشال بھارت' کا راشٹریہ انک

1۔ مرم اسپرشی: دل کو چھو لینے والا

'سہیوگی وشال بھارت' نے بیشاکھ کا انک راشٹریہ انک کے روپ میں نکالا ہے۔ کئی سال ہندی پتریکاؤں کے ویشیشانک دھوم دھام سے نکلے تھے۔ ادھر کچھ دنوں سے شتھلتا (1) آگئی ہے۔ جو ویشیشانک نکلتے بھی ہیں وہ بھی کم سے کم خرچ کر کے وشاشانک نکالنے کا گورَو ماتر لینے کے لیے۔ وشال بھارت کا یہ انک بھی آکار پرکار اور سامگری کے اعتبار سے سادھارن انکوں سے کچھ ہی بڑھ کر ہے۔ پھر بھی راشٹریہ انک نکال کر اس نے ماسک پتریکاؤں کی لاج تو رکھ لی۔ ستان کا پد بابو راجیندر پرساد کے کانگریس کے نیموں کا پریورتن کو دیا گیا ہے جو بہت مناسب ہے۔ اس وشے پر راجیندر بابو سے زیادہ ادھیکاری لیکھک اور کون ہو سکتا تھا۔ دوسرا چھوٹا سا لیکھ بابو رامانند چٹوپادھیائے کے کسی لیکھ کا انوواد ہے۔ تیسرا لیکھ ڈاکٹر رویندر ناتھ کے ایک بڑے ہی وچار اور پانڈتیہ سے بھرے ہوئے لیکھ کا التھا ہے جو بہت دن ہوئے ماڈرن ریویوں میں نکلا تھا، ہمارا سیناپتی میں بابو برج موہن ورما کا چھوٹا سا مگر پربھاؤپورن چتر کھینچا ہے۔ راشٹریہ چیتنا اور دھرم پر چارک بھی اچھا لیکھ ہے۔ کانگریس کے جنم داتا ہوم، ہمارے راشٹریہ شکشک اور ہمارا راشٹریہ کوئی آدی لیکھ بھی پڑھنے یوگیہ ہے۔ ایک لیکھ میں بابو سمپورنانند نے گاندھی واد اور سوشلزم کی تلنا کی ہے۔ پر یہ سبھی لیکھکوں کا چیتن سوروچی اور اپیوگتا کی درشٹی سے کیا گیا ہے۔

"پرتاپ کا کانگریس انک"

'سہیوگی پرتاپ' نے یہ کانگریس انک نکال کر اپنی سجگتا (2) اور سجیوتا کا پریچے دیا ہے۔ ایسے اوسروں پر بھی ہمارے دینک اور سپتاہک پتر اداسین (3) رہتے ہیں، یہ ہماری مردا دلی کے سوائے اور کیا ہے۔ 'پرتاپ' کے اس انک کا پہلا لیکھ راشٹرپتی جواہر لال ہے۔ جس میں پنڈت بال کرشن شرما نے پنڈت جواہر لال نہرو کا چرتر وستار کے ساتھ اور پریم اور شردھا سے بھرے ہوئے رنگ میں لکھا ہے۔ اور پنڈت جواہر لال کا چرتر پچھلے پندرہ ورشوں کا سنہاؤلوکن (4) ہے، مگر یہ سنہاؤلوکن ہی نہیں شردھانجلی ہے جس میں بہت کچھ آتمہ کتھاتمک اور اس لیے بڑا ہی روچک اور پربھاؤپورن ہے 'ہاتھی کی پھانسی' سورگیہ گنیش شنکر ودیارتھی کی رچی ہوئی ایک ہاسیہ رس کی مزے دار کہانی ہیں، جس سے پتا چلتا ہے کہ ودیارتھی جی اس رنگ میں کشل تھے۔ بابو سمپورنانند کا کانگریس اور سامراجیہ شاہی، شری کرشنا دت پالی وال جی کا

1۔ شتھلتا: انجماد، ساکت   2۔ سجگتا: بیداری
3۔ اداسین: مایوسی   3۔ سنہاؤلوکن:

سنیکت پرانت کی کسان سمسیا، آدی لیکھ بھی پڑھنے یوگیہ ہیں لیکن اس انک میں شری نوین جی کا دن گمن بالکل بے موقع معلوم ہوتا ہے۔ اسے تو کسی ساہتیک ماسک پتریکا میں چھپنا چاہیے تھا۔

مکھ پرشٹھ پر پنڈت جواہر لال جی کا رنگین چتر ہے۔ اور راشٹریہ نیتاؤں کے چتر بھی ہیں۔ لیکن دس پانچ اچھے کارٹون ہو جاتے، تو رنگ اور چوکھا ہو جاتا۔

''پربھات'' کا بے کاری انک

ہم نے کہیں پڑھا تھا کہ جب سے مندی کا زور ہوا ہے انگلینڈ میں پُستکوں کی بکری بڑھ گئی ہے۔ اس کا کارن شاید یہی ہو سکتا ہے کہ ویاپاریوں کو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنے کی اپیکشا منورنجک پستکیں پڑھنے کا مشغلہ زیادہ پسند ہے۔ وہاں کی مندی کا ارتھ یہ ہے کہ اب پہلے کا سا اندھا دُھند نفع نہیں ہوتا۔ اس کے خلاف ہندوستان کی مندی کا ارتھ یہ ہے کہ یہاں روٹیوں کا ٹھکانا بھی نہیں۔ پھر کتابیں کون پڑھے۔ خالی پیٹ تو بھگوذ بھجن بھی نہیں ہوتا، ساہتیہ اپاسنا (1) تو دور کی بات ہے۔ پھر بھی بلیا کے سہیوگی پربھات نے بے کاری انک نکال کر ساہس (2) کا کام کیا ہے۔ پہلا لیکھ ہے بے کاری کی وکٹ سمسیا جس میں بے کاری کے کارنوں کی میمانسا کی گئی ہے اور اس کا علاج بتایا گیا ہے۔ دوسرا لیکھ شری شیتلا سہائے جی کا بھارت میں بے کاری ہے آپ کا یہ خیال ٹھیک ہے کہ جب تک آرتھک شاسن کی آرتھک نیتی میں کچھ استھرتا نہ ہو سکی اور بھی کسی پرکار کی آرتھک اُنتی کی سمبھاؤنا نہیں ہے۔ شری پرشورام کا بے کار ساہتیک شری بابا رادھو داس کا بے کاری، شری بھگوتی چرن ورما کا بے کاری اتھوا اکرمنیتا، شری دیا شنکر دوبے کا وشکشتوں کی بے کاری اور اُسے دور کرنے کے اپائے، سارگر بھت لیکھ ہے جس میں اس وشے پر ہر ایک پہلو سے وچار کیا گیا ہے۔ ان کے اَتی رکت اور بھی انیک لیکھ کویتائیں اور کہانیاں ہیں جن سے یہ انک سنگرہ نیہ بن گیا ہے۔

مئی 1936

1۔ ساہتیہ اپاسنا: ادبی ورد 2۔ ساہس: ہمت

"واجد علی شاہ" لیکھک، شری شیتلا سہائے اور شری شری پت سہائے

لکھنؤ کے رنگیلے نواب واجد علی شاہ جیسا ولاسی (1) راجا بہت کم ہوا ہوگا۔ تھے تو اودھ راجیہ کے سوامی، لیکن گانے بجانے اور ناچنے اور روشے بھوگ کے سوا انھیں ریاست سے کوئی مطلب نہ تھا۔ ان کے ولاسے جیون کی سیکڑوں کتھائیں آج بھی بچے بچے کی زبان پر ہیں۔ نرتیہ اور سنگیت اور ابھینے میں ان کا ثانی نہ تھا، کوی بھی اچھے تھے مگر ان کلاؤں کو آتم اُنتی کا سادھن نہ بنا کر انھوں نے انھیں کام کیڑا کا سادھن بنایا اور اس میں ایسے لپت ہوئے کہ راجیہ بھی کھویا اور انگریزی سرکار کے قیدی ہو کر کلکتہ میں مرے۔ اس پستک میں انھیں رنگیلے واجد علی شاہ کے جیون کی کچھ منورنجک کتھائیں دی گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ کے محل میں ایک سو پچیس بیگمیں تھیں۔ جن میں ساٹھ کے تو نام دیے گئے ہیں۔ ان میں ترکی، ارمینیا فرانس، اٹلی تک کی یووتیاں بھی تھیں۔ جو لونڈی مہری روپ وتی ہوئی اور بادشاہ کی اس پر نگاہ پڑی کہ وہ محل میں داخل کر لی گئی۔ بادشاہ کے مصاحب ادھک تر گویے، طبلیے اور میراثی تھے جو پرجا کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے تھے۔ اور بادشاہ کو اپنے عیش سے کام تھا۔ سارے راجیہ کا دھن کھچ کھچ کر لکھنؤ آتا تھا اور عیاشی میں اڑتا تھا۔ اس کے ساتھ ہی بادشاہ صاحب متھیا وادی (2) بھی پرلے سرے کے تھے۔ پریوں کے سمراٹ سے بھینٹ، سے ان کے پریت (3) بھے کا اچھا پریچے ملتا ہے۔ پستک بڑی روچک ہے اور سجیو بھاشا میں لکھی گئی ہے۔ اوپر واجد علی شاہ کا ایک چتر بھی ہے۔

"بھارت کا کہانی ساہتیہ" سنگرہ کرتا و سمپادک، ڈاکٹر دھنی رام جی

بھارتیہ ساہتیوں کے سنگٹھن اور پرچار کا جو کام بھارتیہ ساہتیہ پریشد نے اٹھایا ہے اس کا یہ شبھ پھل ہے کہ بھارت کے پرانتیہ (4) ساہتیوں میں لوگوں کی روچی ہو گئی ہے اور پرسپر آدان پردان کی گتی تیز ہو گئی ہے۔ جو رچنائیں اپنے پرانتیہ بھاشا میں کیول پرانت کی چار دیواری میں بند رہتی وہ ہندی میں آکر راشٹر کی سمپتی ہوتی جا رہی ہے۔ دکشن بھاشاؤں کی کئی کہانیاں، جو ہنس میں نکلی گجراتی اردو مراٹھی آدی میں

1۔ ولاسی: عیاش 2۔ متھیا وادی: توہم پرست

3۔ پریت بھے: شیطانی خوف 4۔ پرانتیہ: علاقائی، صوبائی

انو وادت ہوئی۔ یہ پستک بھی اُسی ساہتیک پریرنا (1) کا پھل ہے اس میں ہندی، بنگلہ، مراٹھی، گجراتی، اُردو، کناڈی، تیلگو، تامل کی دس کہانیاں سنگرہت ہیں۔ گلپ لیکھکوں کی سوچی کہہ رہی ہے کہ اس میں بہت سے نام چھوٹ گئے ہیں۔ اس کا کارن یہی ہوگا کہ پستک کو اس سے بڑا کرنا سنگرہ کرتا کو منظور نہ تھا ان دو سو پتروں میں اس سے اچھا سنگرہ ہونا مشکل تھا۔ ہاں، اردو کہانیوں کے وشے میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ چناؤ اتنا سندر نہیں ہوا۔ پھر بھی پستک سنگرہ کرنے یوگیہ ہے۔

''مت والی میرا'' لیکھک، شری تُلسی رام شرما دنیش

اس پستک میں میرا کا جیون چرتر سمبھاشن کے روپ میں، گانوں کے ساتھ لکھا گیا ہے بھاوک (2) پرانیوں کے لیے اچھی چیز ہے۔ شری شانتی بائی رانی والا نے اس کی ایک ہزار پرتیاں ساہتیہ نوراگیوں کو مفت دینے کی پرشنشیہ اُدارتا کی ہے۔ میرا کا جو چرتر کیودنتیوں کے روپ میں موجود ہے، اسی کا آشے لیا گیا ہے۔ کاش دنیش جی نے بھگت کا آدرن ہٹا کر یتھارتھ (3) پر کچھ پرکاش ڈالا ہوتا۔ یہ سچ ہے کہ میرا کا چرتر رومانس ہے، اتنا سندر کہ سبھی اس سے مگدھ ہو جاتے ہیں۔ کسی نے میرا کو یتھارتھ روپ میں لانے کی چیشٹا نہیں کی، لیکن کبھی نہ کبھی تو یہ کام کسی کو کرنا ہی پڑے گا۔

''سداچار، شِشٹاچار اور سواستھیہ'' رچیتا شری بھائی دیال جین

کون نہیں چاہتا کہ اس کے لڑکوں کا چرتر اور سواستھیہ بلوان ہو۔ اس چھوٹی سی پُستک میں چرتر سمبندھی وشیوں پر چھوٹے چھوٹے پرسنگ سرل بھاشا میں دیے گئے ہیں، مگر پستک جس شیلی میں لکھی گئی ہے اس میں وہ بالکوں کے سوادھیائے (4) کی چیز نہیں رہی۔ ایسے گوڑھ وشے انھیں روچی کر نہیں ہو سکتے۔ ہاں، یووکوں کے لیے پستک بڑی اپیوگی ہے۔

''میرا پداولی'' سمپادیکا، شری متی وشنو کماری شری واستو، منجو ہندی کے بھگت کویوں میں پدوں کے لالتیہ (5) اور تلینتا میں میرا کا استھان بہت اونچا ہے، ان کے رہسیہ (6) نے اور رومانی جیون نے بھی

1۔ ساہتیک پریرنا: ادبی تحریک 2 بھاؤک: حساس، جذباتی 3۔ یتھارتھ: عملی

4۔ سوادھیائے: مطالعہ، باب 5۔ لالتیہ: لالچی 6۔ رہسیہ ے: راز دار

ان کے پدوں کو بھی اور آ کرشن بنا دیا ہے۔ان پدوں کا یہ سٹیک اور پرمانک سنسکرن ساہتیہ پریمیوں کے لیے آدر کی چیز ہے میرا کے وشے میں اب تک جو کھوج ہو چکی ہے سمپادیکا نے ان کو پڑھا ہے اور دویک بدھی سے کام لے کر اتہاس کو کیودنیتوں سے پرتھک کرنے کی چیشٹا کی ہے۔ہم یہ نہیں مان سکتے کہ میرا جیسی وچارشیل استری، بھگت میں اپنے کو اتنا بھول گئی ہوگی کہ پتی سے اُسے ورکت ہوگئی ہوگی اور ویمنسیہ(1) اتنا بڑھا ہوگا کہ پتی نے اُسے زہر کا پیالہ پینے کو بھیجا ہوگا اور وہ پی گئی ہوگی۔جیون کا سامنجسیہ(2) تو یہ ہے کہ من کی سبھی ورتیاں اپنے اپنے استھان پر رہیں۔کسی دیوی دیوتا کی بھگت ہو جانے کا یہ آشے نہیں کہ ہم اپنے پریوارک کرتویہ بھول جائیں۔یہ بھگت نہیں، پاگل پن ہے۔سمپادیکا جی نے لکھا ہے۔

''جان پڑتا ہے کہ یہ دنت کتھا سامپردایکتا کے رنگ کو وشیش پردھانتا دینے کے لیے گڑھی گئی ہے۔اتھوا یہ سب گھٹنائیں کنور بھوج راج (میرا کے پتی) کی مرتیوں کے بعد گھٹت ہوئی ہوں... سمبھو ہے میرا کے ساتھ بھی پتی کے ابھاؤ میں ان کے کٹمبیوں نے من مانا اتیاچار کیا ہو''۔

پستک میں میرا بائی کی جیونی ان کی کویتا اور بھاشا اور میرا کی کویتا میں ویوہت(3) شبدوں کی ودیچنا(4) کی گئی ہے۔اس سنگرہ میں کل دو سو ایک پد ہیں۔فٹ نوٹ میں شبدارتھ دیے گئے ہیں۔اس طرح یہ پستک ساہتیہ کے ودّیارتھیوں کے لیے بہت اپیوگی ہوگئی ہے۔

''پریم دیپکا'' سمپادک، رائے بہادر لالہ سیتارام

یہ بُندیل کھنڈی بھاشا کا ایک تین سو سال کا پُرانا گرنتھ ہے۔رچیتا ہیں، اکھر اننیہ، وشے ہے کرشن لیلا لالہ سیتارام جی نے اس پُرانے گرنتھ کا پاٹھ سدّھ کر کے پرکاشت کرایا ہے۔اس عمر میں آپ کا یہ ساہتیہ نوراگ دیکھ کر ہم چکت رہ جاتے ہیں۔گرنتھ میں وودھ چھندوں کا پریوگ ہوا ہے اور کویتا میں رس بھی ہے اور لوچ بھی۔

1۔ویمنسیہ: حیوانیت، شیطانیت　　2۔سامنجسیہ: اشتراک، میل ملاپ

3۔ویوہت: استعمال شدہ　　4۔ودیچنا: ذکر

"سامیہ واد کا لکھ"

اس پستک میں شری سمپورن نند آچاریہ نریندر دیو جی یا شری پرکاش بابو جے پرکاش نارائن آدی کے سامیہ وادی (1) وچاروں کا سنگرہ کیا گیا ہے۔ کچھ وشے یہ ہیں۔ سماج وادی سماج کی کچھ وشیشتائیں سوادھینتا سنگرام اور سماج وادی فاشزم کا واستو کتا سوروپ کیا بڑی بڑی مشینوں کی ضرورت نہیں ہے آدی سامیہ واد آج کل وچار کا مکھیہ وشے ہے اور ہمیں یہ معلوم ہونے لگا ہے کہ دیش کا اُدّھار کسی نہ کسی روپ میں سماج واد کے ہاتھوں ہوگا۔ ہاں اتنا کہنا آوشیک ہے، جیسا پنڈت جواہر لال جی نے بار بار کہا ہے کہ ہمارے سامنے ورتمان سمسیا دیش کی سوادھینتا ہے جب تک سامراجیہ واد کا ودھونس (2) نہ ہوگا، سامیہ واد کی گاڑی آگے نہ چلے گی۔ پستک سا جک ہے۔

"مدرا" لیکھک، شری تیج نرائن کاک

شری تیج نرائن جی ہندی کے کشل گدھ کاویہ لیکھک ہیں۔ گدھ کاویہ کی وشیشتا ہے اس کی کوملتا، اس کے بھاؤ کی گہرائی اور منور رہسیوں کے اندر بیٹھنے کی شکتی۔ آپ کے گدھ کاویوں میں یہ سبھی گن موجود ہیں۔ اس سنگرہ کی بھومیکا ڈاکٹر رام پرساد ترپاٹھی نے لکھی ہے اور ہندی ساہتیہ میں گدھ کاویہ کے نام سے تیج نارائن جی نے ہندی گدھ کاویوں کا آلوچناتمک اتہاس لکھا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندی میں ساہتیہ کا یہ انگ کتنا سمپن (3) ہے۔ ہمیں اس سے یہ بھی پتا چلا کہ شری رائے کرشن داس جی نے اور سویم تیج نارائن جی نے اپنے بھاؤں کو پدھ میں لکھنے کے لیے زور مارا، مگر اسپھل (4) رہے۔ اس سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ جن میں کاویہ شکتی کا ابھاؤ ہے وے ووش (5) ہوکر گدھ گیت لکھ کر چت شانت کر لیتے ہیں۔ ہمارا خیال ہے، یدیپی ہمیں اس وشے میں کچھ کہنے کا ادھیکار نہیں کہ گدھ گیت سوتنتر دستو ہے اور کوئی

1۔ سامیہ وادی: مساوات پسند 2۔ ودھونس: خاتمہ 3۔ سمپن: خوش، ہرا بھرا
4۔ اَسپھل: ناکامیاب 5۔ ووش: مجبور

جو کچھ پدّیوں میں نہیں کہہ پاتا وہ گدھ گیتوں میں کہتا ہے، نہیں شری رویندر ناتھ ٹھاکر جیسے مہان کوی نے گدھ گیت کیوں لکھے ہوتے۔ دونوں میں انتر ہے۔ کویتا بھاؤنا پردھان رچنا ہے، گدھ گیت انوبھوتی پردھان۔ ہم گدھ گیت میں کیول بھاوکتا پا کر سنتشٹ نہیں ہوتے سویم تیج نرائن جی کی رچناؤں میں انوبھوتوں کی کمی نہیں ہے، حالاں کہ اگر بھاوکتا کی ماترا کچھ کم اور انوبھوتیوں کی ماترا کچھ زیادہ ہوتی تو ان کا مولیہ اور بڑھ جاتا۔

جون1936

مولانا حسرت موہانی

اگر تمھیں کرانتی کی تصویر دیکھنی ہو، جیتی جاگتی، بولتی چالتی تصویر، اپنی ساری وبھوتی (1) ساری کلا کے ساتھ، تو مولانا حسرت موہانی کو دیکھو۔ تمھیں گیات (2) ہوگا کہ کرانتی کے رُوپ اور تھو میں کوئی سا درشیہ (3) نہیں ہوتا۔ لیکن کیا تھا؟ بالکل سادھارن مزدور، جیسا روس کے کسی گاؤں میں دیکھ سکتے ہو۔ چہرے پر تیز اور پرتبھا (4) اور سنگرام کا نام نہیں۔ گاندھی کو دیکھو اس سے زیادہ غریب، سرل، دیہاتی صورت اور کس کی ہوگی؟ بس ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی مزدور ابھی کام کرکے لوٹا ہے۔ حسرت کے چہرے پر بھی وہ نمرتا (5) ہے، وہی دینتا ہے (6) پر اس کے اندر کرانتی کا اتھاہ سمندر لہریں مار رہا ہے ٹھگنا قد، استھولتا کی اور جھکی ہوئی سُو گٹھت دیہہ، سانولا رنگ، چہرے پر چیچک کے داغ، کھچڑی داڑھی، فیشن اور نمائش سے کوسوں دور، تیاگ اور نگرہ کی مورتی، جسے روئیدار گدلے اور کھدر سے سوابھاوک پریم ہے۔ علی گڑھ کے ٹھاٹ باٹ، رنگ ڈھنگ کا جادو کبھی ان پر نہیں چلا۔ ہم نشچے نہیں کہہ سکتے پر ہم نے انھیں فیشن کے خلاف کمر کسے تلوار کھینچ پایا۔ مسلمانوں میں شاید حسرت ہی وہ بزرگ ہیں جنھوں نے آج سے پندرہ ورش پہلے بھارت کی پوری آزدی کی کلپنا کی اور آج تک اسی پر قائم ہیں۔ پہلے پہل وہ سورگیہ مہاتما تِلک کے انویایی (7) ہوئے۔ نرم راج نیتی میں ان کی گرم طبیعت کے لیے کوئی کھینچاؤ، کوئی روچی نہ تھی۔ تھوڑے ہی دنوں میں وہ اپنے گرو سے بھی چار قدم اور آگے بڑھ گئے اور اس سمے پورن سُوراج (8) کا ڈنکا بجایا جب کانگریس کا گرم سے گرم نیتا بھی پورن سوراج کا نام لیتے کانپتا تھا۔ اس زمانے میں حسرت کا کوئی ساتھی نہ تھا۔ لوگ انھیں جھکّی سمجھتے تھے، پر وہ شیر اپنی دھن کا پکا تھا۔ اپنے لکشیہ سے اس نے کبھی منہ نہیں موڑا۔ نہرو رپورٹ نے بہت سے مسلمانوں کو کانگریس سے الگ کر دیا۔ پوری آزادی کا دیوانہ

1۔ وبھوتی: صلاحیت　2۔ گیات: علم　3۔ سادرشیہ: سہانا منظر
4۔ پرتبھا: صلاحیت　5۔ نمرتا: سنجیدگی　6۔ دینتا: غریبی
7۔ انویائی: پیروکار　8۔ پورن سوراج: پوری آزادی

حسرت بھی اس رپورٹ کا دشمن ہو گیا۔ مولانا کے وچاروں میں اس وقت ہنداؤں سے ورودھ کی جھلک آنے لگی تھی۔ ان کے ہندو متروں کے سمجھ میں ان کی یہ نیتی نہ آتی تھی۔ وے سمجھنے لگے، ان پر بھی نوکر شاہی کا جادو چل گیا؛ پر اب ودت (1) ہوا کہ مولانا اپنے مارگ سے ذرا بھی وچلت (2) نہیں ہوئے تھے۔ نہرو رپورٹ کا آدرش تھا ڈومے نین اسٹیٹ۔ مولانا خوب جانتے تھے کہ جب تک بھارت کی لگام انگریزوں کے ہاتھ میں رہے گی، ہماری شاشن ویوستھا کتنی ہی نردوش کیوں نہ ہو، اس کا سنچالن اس پرکار کیا جاسکتا ہے، بھن بھن جاتیوں اور مذہبوں کو اس بھانتی لڑایا جاسکتا ہے کہ نوکر شاہی کا ہمیشہ بول بالا رہے۔ اس لیے جیوں ہی کانگریس نے پورن سوراج کا پرستاؤ سویکار کیا، مولانا حسرت سنگرام (3) میں کود پڑے۔ انھوں نے ہندو مسلم سمجھوتے کی پرتیکشا نہیں کی کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ ورتمان دشاؤں میں کوئی سمجھوتا ہونا اَسمبھو ہے۔ یہ سنگرام کا سمے ہے، سمجھوتے کا سمے بعد کو آئے گا۔ جبکہ وِجے پراپت ہو جائے گی۔ کتنے ہی بنے ہوئے لوگ جو کانگریس کا ورودھ اس لیے کرتے تھے کہ یہ تو ڈومینین اسٹیٹ کو اپنا اسٹ بنائے ہوئے ہے اور ہم سوادھینتا کے اپاسک (4) ہیں، کانگریس کا کیوں ساتھ دیں، وہ لوگ آج سمجھوتے کا بہانہ نکال کر جاتی کی آنکھوں میں دھول جھونکنا اور اپنی شان بنائے رکھنا چاہتے ہیں؛ پر قوم انہیں خوب سمجھ رہی ہے اور سب ان کے پنجے میں آنے والی نہیں۔

مولانا حسرت کا سمست جیون ہی ورت ہے۔ اوروں کی طرح انھوں نے قانون پڑھ کر دھن کمانے کی اِچھا نہیں کی، سرکاری نوکری کے لیے کبھی سرکاری چوکھٹ پر ناک نہیں رگڑی۔ ڈگری لینے کے بعد ہی انھوں نے 'اردوئے معلیٰ' نامک ساہتیک پتریکا علی گڑھ سے نکالی اور ایک مدت تک اسے چلاتے رہے۔ جب وہ جیل چلے گئے تو پتریکا بند ہو گئی۔ کچھ دنوں سے آپ نے مستقل نام کا دینک پتر نکالا ہے اور اسی کو چلا رہے ہیں۔ اردوئے معلیٰ کے دو آشرے تھے۔ ساہتیہ اور راجنیتی۔ اس کے ساہتیک بھاگ میں جتنی سوروچی اور مولکتا (5) ہوتی تھی، اس کے راجنیتک بھاگ میں اُتنے ہی نربھیکتا اور اُدارتا۔ اُردو ساہتیہ کے اتہاس میں مولانا نے جو کام کیا ہے وہ چِر استھائی (6) رہے گا۔

مولانا حسرت اُردو کے خاص کوی ہیں اور اُردو کویوں میں ان کا استھان سب سے اونچا نہیں، تو کسی سے کم بھی نہیں۔ جاگیرتی کے بھاؤ تو آپ کے کلام میں جتنے ملیں کے اردو کے کسی کوی کے کلام میں نہیں مل سکتے اردو کویتا کے پرانے رنگ کو نبھاتے ہوئے انھوں نے نئی امنگیں اور اُدگاروں کو اس میں ایسا

1۔ ودت: ظاہر 2۔ وچلت: بے راہ 3۔ سنگرام: لڑائی
4۔ اُپاسک: پیروکار، پرستار 5۔ مولکتا: فطری پن 6۔ چِر استھائی: ناقابل تردید

بھرا ہے کہ ان میں ان کا کلام اپنے رنگ میں نرالا ہے۔ پریم کے رہسیہ جتنی خوبی سے آپ نے دکھائے ہیں جتنی مارمکتا سے اس کا چترن کیا ہے۔ ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ اردو کے کسی کوی نے بھی نہیں کیا۔ اور شبد یوجنا تو آپ کا حصہ ہے۔ اس میں کوئی آپ کا ثانی نہیں۔ آپ کے شعروں میں کتنے ایسے شعر ہیں، جن میں دہرے ارتھ نکلتے ہیں۔ سادھارن طور پر دیکھیے، تو وہ معمولی شرنگار کا شعر ہے۔ لیکن ذرا غور سے پڑھیے تو آپ کو اس میں ایک دوسرا ہی سماں دکھائی دے گا۔ اس میں آزادی کے دیوانے کی تڑپ ہے نالہ ہے، فریاد ہے۔ اردو کے پراچین ساہتیہ کی اتنی کھوج بھی کسی نے کم ہی کی ہوگی۔ آج اردو کے پرانے کویوں سے جو اردو کی جنتا کو اتنی دلچسپی ہے، اس کا سہرا حسرت ہی کے سر ہے۔

1921ء کے اسہیوگ آندولن میں کانپور میں سودیشی کپڑوں کی ایک دُکان خلافت اسٹور، کے نام سے کھلی تھی۔ حسرت اس کے منیجر تھے۔ اُسی دُکان سے ملا ہوا سودیشی وستروں کا بھنڈار تھا۔ بھنڈار میں بجلی کی روشنی اور پنکھے تھے، مگر خلافت اسٹور میں ان تکلفات کا گزر نہ تھا۔ راشٹر کا یہ سیوک تاڑ کی ایک پنکھیاں لیے بیٹھا رہتا اور جب گرمی بہت ستاتی تو اُسے جھل لیتا تھا۔ یہ ان کی سادگی پسند یا مشکل پسند پرکرتی (1) کی ایک چھوٹی سی مثال ہے۔ امیری کے چونچلوں سے انھیں گھرنا ہے۔ جس دل میں آزادی کی لگن سمائی ہوئی ہو اُسے ٹیم ٹام سے کیا مطلب۔ آزادی پہلے دل سے شروع ہوتی ہے اور دل کی آزادی یہی تیاگ یہی نگرہ (2) ہے جو اپنی ضرورتوں کا غلام نہیں وہ ہمیشہ آزاد ہے۔ جو لوگ دکھاوے اور ٹھاٹ کے غلام ہو کر آزادی کی رٹ لگاتے ہیں، وہ آزادی کو بدنام کرتے ہیں۔

ایک بار کانپور کے ڈی۔ اے۔ وی کالج میں اس پرستاؤ پر بحث ہوئی۔ سوراجیہ چھوٹی چھوٹی قسطوں میں لیا جانا چاہیے۔ ڈیبیٹ انگریزی میں تھی۔ ڈاکٹر دیوان چندر پردھان تھے۔ حسرت بھی موجود تھے۔ شاید آپ کو انگریزی بولنے کا ابھیاس نہیں ہے۔ کانگریس کے کتنے ہی انیہ لیڈروں کے بھانتی انگریزی میں بات کرنا آپ اپنے لیے شان کی بات نہیں سمجھتے۔ آپ منچ پر گئے اور دو چار واکیہ بول کر چلے آئے، پر ان تھوڑے سے شبدوں میں آپ ایک پورا ویاکھیان دے آئے۔

کسی اگلے انک میں ہم مولانا حسرت کی کاویہ کلا کی چرچا کریں گے۔

مئی 1930ء

1۔ پرکرتی: قدرت، فطرت 2۔ نگرہ: پابندی، روک، قربانی

کرم ویرودّیارتھی جی

کانپور کے اس ہتیا کانڈ میں راشٹر کو سب سے بھینکر جو چھتی (1) پہنچی ہے وہ ودّیارتھی جی کی شہادت ہے۔ لٹا ہوا دھن پھر آ جائے گا، اجڑے ہوئے گھر پر آباد ہو جائیں گے۔ ماتاؤں کی گود میں پھر بچّے کھیلیں گے، پر وہ کرم ویر بھارت سے صدیوں کے لیے اٹھ گیا، ودّیارتھی جی کے جیون کی سرلتا اور پوِترتا ساتوِک (2) تھی۔ ہم یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ ہماری ان سے گھنشٹھتا (3) تھی، پر سال میں دو تین بار ہمیں ان کے درشنوں کا سوبھاگیہ اوشیہ ہو جاتا تھا اور ان کے درشنوں سے آتما پر آشچر وادکا سا جو اثر پڑتا تھا، اَکتھنیہ (4) ہے سوارتھ (5) چنتا نے کبھی ان کی آتما کو ملین نہیں کیا۔ ان کا سمست جیون یگیہ ہے تھا۔ اور کداچت ایشور کی اِچھا تھی کہ ان کی مرتیو اس یگ کی پورن ہوتی ہو۔ اس دورُوہ کی ایک یا دو دن پہلے لکھنؤ کانگریس کمیٹی کے دفتر میں ہمیں ان کے درشن ہوئے تھے۔ ان کے جیل سے لوٹنے کے بعد میں ان سے مل نہ سکا تھا۔ کتنے تپاک سے گلے ملے۔ ونود (6) مہان آتماؤں کا استھائی گن ہے۔ ان کی سیدھی بات میں بھی ونود کی کچھ نہ کچھ ماترا ہوتی ہے۔ اپنے جیل جیون کی ایک گھٹنا ہنس ہنس کر سنانے لگے۔ وکٹر ہوگوں پر ان کی بڑی شردھا تھی۔ 'نائنٹی تھری' کا انوواد وے پہلے کر چکے تھے۔ اب کی جیل میں ہوگوں کے جگت پرسدھ (7) گرنتھ 'لیسمر یبل' کا انھوں نے انوواد کیا تھا۔ بولے، کوئی پندرہ سو پرشٹھ ہوں گے۔ آپ کا پریس چھاپنا چاہے تو میں دے سکتا ہوں۔

یہ تو ان کا ونود ماتر تھا۔ کون جانتا کہ یہ ان کے اَنتم درشن ہے۔ اس سے تو کراچی جانے کی بات چیت ہو رہی تھی۔

ودّیارتھی جی نے دیش میں جاتی سمان اور یش (8) پراپت کیا، وہ ان کی سیوا کا پرساد تھا۔ وہ بہت

1۔ چھتی: نقصان   2۔ ساتوک: سچائی کی خصوصیت سے بھرا ہوا   3۔ گھنشٹھتا: قربت
4۔ اکتھنیہ: بیان سے باہر   5۔ سوارتھ: خودغرضی   6۔ ونود: خوشی، تفریح   7
۔ جگت پرسدھ: عالمی شہرت یافتہ   8۔ یش: طاقت، شہرت

بڑے ودّوان نہ تھے، بڑی بڑی اپادھیاں نہ پراپت کی تھی، مگر ہردے میں سیوا کی ایسی لگن تھی، جس نے ان کی لیکھنی کواوج، ان کی بھاشا کو، ابھی روتی ان کی وانی کو پربھاؤ اور ویکتیو کو گورو پردان کر دیا تھا۔ ان کی آتما نشکپٹ (1) اور نربھیک تھی۔ راجنیتک سمسیاؤں پر وہ جتنے ساہس سے اپنی سمتی پرکٹ کرتے تھے۔ اس نے ہمارے سمپادکیہ جیون میں امر سمرتیاں (2) چھوڑی ہیں۔ اتیاچار کے وروودھ ان کی تلوار سدیو میان سے باہر رہتی تھی 'پرتاپ' نے اپنے بیس ورش کے جیون میں جتنی بادھاؤں پر سپھلتا کے ساتھ وجے پائی وہ ودیارتھی جی کے سد ساہس، نیائے نشٹھا اور کرتویہ پریم کا اتول پرمان ہے۔

ہندو مسلم ایکتا کے وہ اننیہ بھگت تھے۔ ودیارتھی جی ان راشٹر سیویوں میں سے تھے جنھوں نے سامپردایکتا (3) کو کبھی اپنے پاس نہیں آنے دیا۔ یہ ان کے راشٹریہ جیون کا مول سدّھانت تھا۔ ہم یہ انومان کر سکتے ہیں کہ کانپور میں جب یہ آگ بھڑکی، تو ان کی آتمہ کو کتنا آگھات پہنچا۔ شہر میں ہاہا کار مچا ہوا تھا۔ شہر کے نیتا کرتویہ بھرشٹ (4) سے اپنے اپنے گھروں میں بیٹھے تھے۔ ہندو اور مسلمان ایک دوسرے پر امانوشک اتیاچار (5) کر رہے تھے پر یہ کرم ویر اپنے پرانوں کی ہتھیلی پر لیے پیڑت پریواروں کو سورکشت استھانوں پر پہنچانا آہتوں کی سیوا اور انایوں کی سہایتا کرتا پھرتا تھا۔ ہت چنتک گن سمجھاتے تھے، پر جس کے جیون کا مول آدھار اتی نردیتا سے پیروں تلے روندا جا رہا ہو، اُسے ایسی چتاونی کی کیا پرواہ ہو سکتی تھی۔ دھرم جیسی پوتر وستو بھی ملین آتماؤں میں جا کر اتنا بھینکر روپ دھارن کر لیتی ہے۔ دھرم جس کا اُدّیشیہ ہے منشیہ کو ستیہ کی اُور لے جانا، اس کی پرلوک بدّھی (6) کو شکتی دینا وہی مانو یہ دربلتاؤں سے کلوشت ہو کر آج ہنسک جنتو کے رُوپ میں پرکٹ ہو رہا ہے۔ وہ دھرماندھتا جو ایسی پوتر آتماؤں کے رکت سے اپنا ہاتھ رنگتی ہے۔ اس کی کن شبدوں میں نندا کی جائے۔ انھی لوگوں کے ہاتھوں یہ انرتھ ہوا جن کی رکشا کے لیے وہ نکلے ہوئے تھے۔ دھرماندھتا تیری بلیہاری ہے۔ تو شترو اور متر کا بھی وویک (7) نہیں رکھتی۔

آج اس کرم ویر کی مرتیو نے ہمارے راشٹریہ جیون میں ایسا استھان خالی کر دیا ہے، جن کی پورتی ہونا کٹھن ہے۔

مارچ 1931ء

1۔ نشکپٹ: بے کینہ
2۔ امر سمرتیاں: لافانی نقوش، انمٹ یادیں
3۔ سامپردایکتا: فرقہ واریت
4۔ بھرشٹ: بدچلن
5۔ امانوشک اتیاچار: غیر انسانی ظلم
6۔ پرلوک بدھی: آخرت کا علم، عقل
7۔ وویک: امتیاز

پنڈت پدم سنگھ جی شرما کا سورگواس

کون جانتا تھا کہ ہندی ساہتیہ کا یہ سوریہ اپنے ساہتیک جیون کے مدھیان (1) میں ہی یوں است (2) ہو جائے گا۔ پوجیہ شرما جی ان دھن کے پورے منشیوں میں تھے، جو کبھی بوڑھے نہیں ہوتے۔ جن کے وچار سے کے ساتھ پروڑھ، انت اور اُدار ہوتے جاتے ہیں۔ ادھر آپ نے کئی ایسے معرکہ کے لیکھ لکھے جن سے سدھ ہوا کہ آپ کی اوستھا کچھ بھی ہو، آپ کے قلم میں جوانی کے اوج سے بھی بڑا اوج ہے۔ وشال بھارت، میں ہندوستانی اکادمی دُوارا پُرکاشت مسٹر عبداللہ یوسف کی آپ نے جو ودّتا پورن آلوچنا لکھی تھی اس نے بڑے بڑے دِگّج اہمیہ پروفیسروں کو آپ کا لوہا منوا دیا۔ آپ کی اکال مَرتیو سے ہندی ساہتیہ کا ایک استمبھ اٹھ گیا۔ آج ہم چاروں اور نگاہ دوڑاتے ہیں اور ہمیں کوئی ایسا آدمی نہیں دکھتا، جو سولیکھک ہونے کے ساتھ ہی اتنا پرکانڈ ودّوان (3) بھی ہو۔ آپ میں نُوین اور پراچین کا ابھوت پُورو میل ہو گیا تھا۔ کیا سنسکرتی، کیا ہندی، کیا اردو، کیا فارسی، آپ ان سبھی ساہتیوں کے گیا تا تھے۔ اکبر مرحوم کے تو آپ عاشق ہی کہے جا سکتے ہیں۔ میں نے آپ کی زبان سے اکبر کی سیکڑوں سوکتیاں (4) سنی ہیں آپ ان پر مست ہو جاتے تھے۔ ہندی میں آپ ایک خاص شیلی کے جنم داتا ہیں جس میں چُلبلا پن ہے، شوخی ہے، پرواہ ہے اور اس کے ساتھ ہی گمبھیر بھی۔ ان کا پنڈتیہ ان کے قابو میں ہے۔ وہ اس پر شہسوار کی بھانتی سوار ہوتے ہیں۔ اس کی لگام ڈھیلی نہیں کرتے، اُسے بھکنے نہیں دیتے۔ سوکتیوں کے آپ بھنڈار تھے اور اس میں تو کلام ہی نہیں کہ کاویہ شاستر کے آپ مرمگیہ (5) تھے۔ ان کے ستسئی (6) سنہار پر کچھ مہانو بھاؤں کو یہ اعتراض ہے کہ اس کی چٹکیاں ضرورت سے زیادہ تیز ہے۔ چٹکیاں نہیں ہے بلکہ برچھیوں کی چوٹیں ہیں۔ کہیں کہیں تو بم گولے ہیں، لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ آلوچیہ پشتک اس آدمی کے قلم سے نکلی تھی، جو ودّیا وار دھی کا اُپادھی دھاری تھا، تو ہمیں شرما جی کی کٹوتا سوابھاوک سی لگنے لگتی ہے۔ شرما جی کی

1۔ مدھیان: وسط، بیچ، درمیان — 2۔ است: غروب — 3۔ پرکانڈ ودّوان: ماہر علم

4۔ سوکتیاں: اشعار، کلام — 5۔ مرمگیہ: ماہر فن — 6۔ ستسئی: ساتویں صدی

نئے لیکھک میں ان غلطیوں کو ضرور چھما کر دیتے جو پُرانا کھلاڑی بچھو کا منتر نہ جانتے ہوئے، سانپ کے منہ میں انگلی ڈالے، اس کے دس ساہس کو شرما جی جیسا زبھیک آلوچک کیسے چھما کر دیتا اور ستسئی سنہار کی بھومیکا تو ہندی ساہتیہ کا رتن ہے۔ شرما جی جتنے بڑے ساہتیہ سیوی تھے، اس سے کہیں بڑے منشیہ تھے۔ آپ سے مل جل کر کبھی جی نہیں بھرتا تھا۔ نئے لیکھکوں کو آپ وہ پروتساہن (1) دیتے تھے، جو ماتا آپ نے لشٹے بالک کو دیتی ہے۔ میرے اوپر تو ان کی اسیم (2) کرپا تھی۔ 'سیوا سدن' اپنیاس چھیتر میں میرا پہلا پریاس تھا۔ شرما جی نے جس طرح دل کھول کر اس کی داد دی، وہ میں بھول نہیں سکتا۔ اس سے ان کی کٹھور آلوچنا نے میرا انت کر دیا ہوتا۔ اس کے بعد جب جب مجھے ان سے ملنے کا سواوسر ملا، اس طرح ٹوٹ کر گلے لگاتے تھے، کہ چت ان کے اس سوجنیہ پر پلکت ہو اٹھتا تھا۔ سرل جیون اور ایسے وچار کی ایسی مثال مشکل سے ملے گی۔ ہمیں وشواس ہے کہ ہندی سنسار اس مہارتھی کی کوئی ایسی یادگار بنائے گا۔ جس سے معلوم ہو کہ ہندی والے گنیوں (3) کا سمان کرنا جانتے ہیں۔ ورنہ شرما جی کے اسمارک تو ان کی وہ رچنائیں ہیں جو چرکال تک انہیں امر رکھے گی۔

مئی/1932ء

1۔ پروتساہن: ہمت افزائی
2۔ اَسیم: بے حد، لامحدود، بے کراں
2۔ گنیوں: ماہر فن

ڈاکٹر اینی بیسنٹ کی چھیاسویں جینتی

ڈاکٹر اینی بیسنٹ نے جنم سے آیرش (1) ہوکر بھارت کے لیے کچھ کیا ہے، وہ مہاتما گاندھی کے سوا شاید ہی کسی نے کیا ہو۔ بھارت میں ہوم رول کا بیج پہلے پہل انھوں نے بویا اور اس کے لیے آسادھرن تیاگ کا پریچے دیا۔ ان کے جیون کا سب سے بڑا کام وشو بندھتو کا وہ بھاؤ ہے، جس کو انھوں نے نیا جیون پردان کیا ہے۔ ان کے ادمیہ (2) پرشرم کو دیکھ کر اچھے اچھے دنگ رہ جاتے ہیں۔ کئی کئی پتروں کا سمپادن، پستکوں کی رچنا، دیش ودیش میں پرچار ارتھ پھرمن، یہ سبھی کام وہ ایک ساتھ کرتی تھیں۔ یوروپ میں کئی ساماجک پرشنوں کے وشے میں جو کچھ جاگرت ہوئی ہے، اس میں ڈاکٹر اینی بیسنٹ کا بھاگ کسی سے کم نہیں ہے۔ آج ان کا سنسار میں جتنا سمان ہے اتنا کسی بھی جیوت ویکتی کا نہیں ہے۔ ہندو سنسکرت اور شاستروں کو تو ان کے ہاتھوں جو پروتساہن ملا ہے، وہ چرستھائی (3) رہے گا۔ بھارت کے کتنے ہی استھانوں میں ان کی چھیاسویں جینتی منائی گئی۔ ہم بھی اس اوسر پر اپنی شردّھانجلی ان کی سیوا میں ارپت کرتے ہیں۔

12 اکتوبر 1932ء

1۔ آیرش: جزیرہ کا باشندہ

2: ادمیہ پرشرم: انسانی جدوجہد، کوشش

2۔ چرستھائی: ناقابل تردید

روس کا بھاگیہ ودھاتا

لینن کی مرتیو کے پشچات اس کے کتنے ہی ساتھیوں نے، جن میں ٹراٹسکی، جنوویف، کارمیف بخارن آدی جیسے پرمھاشالی اور سویوگ ویکتی تھے، روس کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لینے کی چیشٹا کی، پر ایک ایسے اپرچت ویکتی کے کارن، جس کا نام اس سے تک سننے میں بھی نہیں آیا تھا، ان سب کو ایک ایک کر کے نکال کر باہر کیا، اور سویم اس کا بھاگیہ ودھاتا بن گیا۔ اس ویکتی کا نام اسٹالین ہے اور اس کے سمبندھ میں وبھن دیشوں کے پتروں میں طرح طرح کی باتیں چھپا کرتی ہیں۔ کچھ دن ہوئے اس کے ایک بھوت پوروسیکریٹری نے پیرس سے نکلنے والے ایک بولشیوک ورودھ پتر میں اس کا ورنا تمک پر بچے پرکاشت کرایا تھا۔ یدپی اسے پڑھنے سے تُرنت ہی پرتیت (1) ہو جاتا ہے کہ یہ لیکھ کسی ویکتی ایسے کا لکھا ہے، جس کے سوارتھ کو اسٹیلن کے کارن دھکا پہونچا ہے، تو بھی اس سے اسٹیلن کی ایسی کتنی ہی وشیشتاؤں کا پتا لگتا ہے، جو لیکھک کی درشٹی میں بڑی اسمجھا اور اُشکھمت ہونے کی سوچک ہیں۔ بھارت واسیوں کی درشٹی میں وے ایک سچے تپسوی کے گن گنی جاتی ہیں۔ لیکھن نے اسٹالین اور اس کے ساتھیوں کو ادھیکانش وشیوں میں ایوگیہ بتلایا ہے۔ پر اس کے پربندھ سے اس کی جو انو پم اُنتی ہو رہی ہے، اُسے دیکھتے ہوئے ان باتوں میں کچھ سچائی نہیں جان پڑتی۔ نیچے ہم اس لیکھ کا کچھ انش دیتے ہیں جس سے پاٹھک سویم اس سمبندھ میں نرنے (2) کر سکیں گے۔

اسٹالین ایسا ویکتی ہے، جس نے سمست مانویہ آکانکشاؤں کو ہر درجے تک گھٹا دیا ہے۔ ایک ماتر پردھانتا کی اسیم پیاس نے اس کا پیچھا نہیں چھوڑا ہے۔ وہ ایک تیاگی کی بھانتی کریملین ان کے دو چھوٹے چھوٹے کمروں میں، جن میں جار کے سمے محل کے نوکر رہا کرتے تھے، رہتا ہے، پر یہ سدھ ہے کہ وہ شاید کبھی کسی پرکار کا آمود پرمود کرتا ہے۔ کبھی کسی پرکار کی فضول خرچی نہیں کرتا، کبھی سرکاری رقم سے ایک پیسہ

1۔ پرتیت: ظاہر　　2۔ نرنے: فیصلہ

بھی اپنے لیے نہیں لیتا۔ اس کے لیے کھیلوں اور دل بہلاؤ کا استتو (1) ہی نہیں ہے۔ اپنی استری کے سوائے وہ سنسار کی استری کی طرف آنکھ نہیں اٹھاتا۔ جب کوئی ویکتی پرتھم بار اس سے ملتا ہے، تو ایسا پرتیت ہوتا ہے کہ وہ سیدھا سادا اپنے اوپر قبضہ رکھنے والا، متھماشی اور بہت چتر ویکتی ہے پر جب اس کا وشیش پریچے پراپت ہوتا ہے تو پتا لگتا ہے کہ وہ بالکل سنسکرتی وہین (2) ویکتی ہے۔ جیسے جیسے اس سے آپ کی گھنشٹتا بڑھتی جائے گی۔ آپ کا آشچریہ بڑھتا جائے گا۔ اس میں راجنیتک سمسیاؤں کو سمجھ سکنے کی بدھی نہیں ہے اُسے ارتھ شاشتر (3) اور آئے ویئے کا کچھ بھی گیان نہیں۔ ودیشی بھاشاؤں سے تو وہ انجان ہے ہی، روسی ساہتیہ کا بھی اُسے گیان نہیں۔ وہ ہنسی مذاق کرنا نہیں جانتا۔ اپنے ادھیکسٹ کرمچاریوں اور کٹمب والوں کے ساتھ وہ بڑی نرنکوشتا اور اجڈتا کا ویوہار کرتا ہے۔ وہ اپنے بھید کو بہت چھپا کر رکھتا ہے اور بڑا چالاک تتھا ہنسا کا بھاؤ رکھنے والا منشیہ ہے۔ وہ اپنی گپت یوجناؤں کو کسی پر پرکٹ نہیں کرتا۔ دراصل وہ بنا آوشیکتا کے بولتا ہی نہیں اور پرایہ مون (4) رہا کرتا ہے۔

31 اکتوبر 1932ء

1۔ استتو: وجود 2۔ سنسکرتی وہین: غیر مہذب 3۔ ارتھ شاستر: علم معاشیات
4۔ مون: خاموش

سر علی امام کی سورگ یاترا

سر علی امام کے اٹھ جانے سے بہار کا وہ سپوت اٹھ گیا، جس پر بہار کو ہی نہیں، بھارت کو گرو تھا۔ سنسار میں جتنی وبھوتیاں (1) ہیں، وہ سبھی ان کے حصے میں پرچور ماترا میں پڑی تھیں۔ ایک زمانے وہ مسلم لیگ میں تھے، لیکن ادھر کئی سال سے وہ پکے راشٹروادی ہو گئے تھے اور لکھنؤ کے مسلم سمیلن کی صدارت کی تھی۔ آپ گول میز میں بھی شریک ہوئے تھے، پر اسوستھ (2) رہنے کے کارن اس میں پر تکھ بھاگ نہ لے سکے۔ وڈمبنا یہی ہے کہ ابھی آپ کے پتا مولوی امداد امام صاحب جیوت ہیں۔ اس اوسر پر، جب کہ دیش ایکتا کے لیے مارگ ڈھونڈ رہا ہے، سر علی امام کی موت دیش کے لیے وجر گھات سے کم نہیں۔

7 نومبر 1932ء

1۔ وبھوتیاں: صلاحیتیں   2۔ اَسوستھ: غیر صحت مند

مسٹر تھامس باٹا

مسٹر تھامس باٹا سنسار میں جوتے کے سب سے بڑے ویاپاری تھے۔ انھوں نے کروڑوں کی سمپتی چھوڑی ہے اور اب ان کی جگہ ان کے بھائی مسٹر جان اس کارخانے میں ادھیکش ہوئے ہیں۔ تھامس باٹا نے یہ وشال سمپتی اپنے ہی ادھوگ اور پرشرم سے پراپت کی تھی اور یدیپی وہ ویکتی واد(1) کے سمرتھک تھے، پر ان کا ویکتی واد سمشٹ کو پیروں سے کچل کر نہیں ان کے سہوگ پر آدھارت تھا۔ وہ اپنے کارخانے کے مزدوروں کو بھی نفع میں بھاگ دے کر انھیں ایک پرکار سے ساجھی دار بنا لیتے تھے۔ یہی کارن ہے کہ مزدور ان کے کارخانوں کو اپنا سمجھتے تھے اور جی توڑ کر کام کرتے تھے۔ مسٹر باٹا کا جیون آدرش کہا جا سکتا ہے۔ وہ خود انیہ مزدوروں کی بھانتی کارخانے سے بہت تھوڑا باری شرمک (2) لے لیا کرتے تھے، حالاں کہ کام اوروں سے کئی گناہ زیادہ کرتے تھے۔ ان کے گھر کا خرچ بھی ہزار پونڈ سالانہ سے ادھیک نہ تھا۔ اپنی ودھوا استری کو بھی انھوں نے کیول اتنی ہی رقم ترکے میں دی ہے جس سے ان کی گزر ہو جائے۔ لڑکوں کے لیے سمپتی بنانا ان کے جیون کا اُدّیشیہ نہ تھا۔ ان رقموں سے کئی گنی رقم انھوں نے مزدوروں کے لیے ویایام شالا (3) اور ونود گرہ (4) بنانے کے لیے چھوڑی ہے۔ کہتے ہیں کہ جیکوس لوویکیاں میں، جہاں ان کا ہیڈ آفس تھا، ان کا مزدوروں اور جنتا پر اتنا اثر تھا کہ میونسپلٹی کے بیالیس ممبروں میں اکتالیس کیول ان کے بھیجے ہوئے تھے۔ اگر ایسی پونجی پتی ہوں، تو کمیونزم کے لیے کہاں استھان رہ جاتا ہے۔ یہ تو پونجی پتیوں کی اندھی سوارتھ پرتا ہے، جو کمیونزم کا پوشن کرتی ہے۔

7 نومبر 1932ء

1۔ ویکتی واد: انفرادیت پسند، شخصیت پرست
2۔ شرمک: مزدوری
3۔ ویایام شالا: ورزش خانہ
4۔ ونود گرہ: تفریح خانہ

شری یت سہگل کا پدتیاگ

ہمیں اس سماچار سے بڑا کھید ہوا کہ گیارہ ورش تک 'چاند' دوارا سماج کی سیوا کرنے کے بعد مسٹر سہگل کو چاند سے سمبندھ توڑنا پڑا۔ مسٹر سہگل میں اسے دوش سمجھئے یا گن، کہ دبنے کی عادت نہیں ہے۔ اپنے آتم سمان (1) کی رکشا کے لیے وہ بڑے سے بڑے نقصان کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ اگر وہ اپنی آتما کو کچھ لچکدار بنا سکتے تو ان کے مارگ میں کوئی بادھا نہ کھڑی ہوتی۔ لیکن اس نیتی کو انھوں نے ہمیشہ ہیہ (2) سمجھا اور اس کا پرایشچت (3) آج انھیں اس روپ میں کرنا پڑ رہا ہے۔ ان دس برسوں میں مسٹر سہگل نے دکھا دیا کہ سچی لگن اور اکاگرتا (4) سے کام کیا جائے تو پتر کار بھی سپھل ہو سکتے ہیں۔ بھارت ورش میں کداچت 'چاند' ہی ایسا ماسک پتر ہے، جس کی گراہک سنکھیا سولہ ہزار تک پہنچی۔ مسٹر سہگل نے بھارتیہ مہیلاؤں کی جاگرتی کا لکش اپنے سامنے رکھا تھا اور انھوں نے اپنے اڈیش میں جتنی سپھلتا ملی ہے، اتنی بہت کم کسی کو نصیب ہوتی ہے۔ انھیں یہ دیکھ کر کتنا آنند ہو رہا ہوگا کہ بورڈوں اور کونسلوں میں مہیلاؤں کا نرواچن ہونے لگا، ودیالیوں میں ان کی سنکھیا بڑھتی جاتی ہے، پردہ اب آخری سانس لے رہا ہے اور بھارتی مہیلا سمیلن نے ودواہ وچھید اور سنتان نگرہ کا پرستاؤ سویکار کر لیا ہے۔ ان کے پدتیاگ سے چاہے چاند دیا پارک روپ سے سپھل ہو جائے لیکن، مسٹر سہگل کے ویکتتو کی جو چھاپ چاند کے ایک ایک پرشٹھ پر رہتی تھی۔ اور جس نے ہی اُسے یہ سروپریتا پردان کر رکھی تھی، رہ سکے گی یا نہیں، کہا نہیں جا سکتا۔ اب چاند ٹھوس ویاپارک نیتی پر چلے گا پر ہمیں اس نیتی کی سپھلتا میں سندیہہ ہے۔ ہم یہاں اور زیادہ نہ لکھ کر مسٹر سہگل کے اس وکتویہ کا ایک انش دیتے ہیں جو انھوں نے اس سمبندھ میں پرکاشت کیا ہے۔

میں نے اس سنستھا کو ویاپارک درشٹی سے جنم نہیں دیا تھا۔ میرا ایک ماتر لکشیہ دیش تتھا سماج کی سیوا

1۔ آتم سمان: ذاتی وقار
2۔ ہیہ: ہیچ
3۔ پرایشچت: محاسبہ
4۔ اکاگرتا: بیداری، دل جمعی

کرنا تھا اور مجھے اس بات کا سنتوش (1) ہے کہ پچھلے لگ بھگ گیارہ ورشوں میں میں نے اپنے اس ورت کا ایمانداری سے پالن کیا ہے۔ پر اس سمے میں سنستھا کا ایک ماتر سوامی تھا۔ میری یتی میں ہستکشیپ کرنے کا کسی کو ادھیکار نہیں تھا۔ میں نے جو چاہا کیا اور اپنے ساہس کے کارن لاکھوں روپیہ سواہا بھی کر دیئے۔ پر گت ورش سے، بھوشیہ میں اور بھی جو کھوں ایوم ویاپک سیوا کرنے کی بھاؤناؤں سے پریرت (2) ہو کر، میں نے سنستھا کو ایک لمیٹڈ کمپنی کا روپ دیا۔ میرا انومان تھا کہ دیش میں ایسے ویکتیوں کی کمی نہیں ہے، جو نہ سوارتھ بھاؤ سے کمپنی کے حصے خرید کر اس پونیت (3) کاریہ میں سنستھا کی سہایتا کریں گے، پر مجھے پچھلے ایک ورش کے انوبھو نے یہ بتلا دیا ہے کہ یہ میرا بھرم تھا۔ پونجی پتیوں کی منوورتی آج بھی ویسا ہی ٹھوس ایوم اولھیہ ہے، جیسی آج سے سو ورش پور و تھی۔ کوئی جو کھم اٹھانے کو تیار نہیں ہے۔ کمپنی کے ڈائریکٹر بھوشیہ میں جس ویاپارک نیتی سے سنستھا کا سنچالن کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے میرا گھورمت بھید ہے۔ اس پرکار کے معاملوں میں سمجھوتا ہو بھی نہیں سکتا۔ آتما کی پکار کے سامنے اپنا سروسو بلیدان کر دینا ہی ایک ایسی وصیت ہے جو مجھے باپ دادا سے ملی ہے اور میں بھی انت تک اس کی رکشا کرنے کا پکشپاتی رہا ہوں۔

آخر میں یہی نتیجہ ہوا کہ ڈائریکٹران ورتمان پرستھتی سے تبھی مقابلہ کر سکتے ہیں، جب کہ مسٹر سہگل سنستھا سے الگ ہو جائیں اور اس بہومت کے سامنے انھیں سر جھکانا پڑا۔

جنوری 1933ء

1۔ سنتوش: قناعت　2۔ پریرت: متاثر
3۔ پونیت: ثواب آمیز

بدھائیاں

ہم دیوی سو بھدرا کماری چوہان کو ساہتیہ سمیلن دوارا اور بھائی جینندر کمار کو ہندستانی اکادمی دوارا پورسکرت ہونے پر ہردے سے بدھائی دیتے ہیں۔ پانچ سو روپیہ کوئی بڑی رقم نہیں ہے، پر بدھائی دیتے اس بات کی ہیں کہ ودّجّوں نے ان کے کمال کو سویکار کیا۔ دونوں ہی پستکیں دیوی جی کی بکھرے موتی اور جینندر جی کی 'پرکھ' اس سمان کے یوگیہ تھی۔ 'بکھرے موتی' ناری ہردے کا پرتی بمب ہے۔ ناری ہردے کی ساری ابھیلاشاؤں (1) اور جاگرتیوں (2) کا آئینہ۔ 'پرکھ' انت پریرنا اور دارشنک سنکوچ کا سنگھرش ہے۔ اتنا ہردے کو مسوسنے والا، اتنا سوچھند اور نشکپٹ (3) جیسے بندھنوں میں جکڑی ہوئی آتما کی پکار ہو۔

ودھی کی کتنی کور لیلا ہے کہ ادھر تو یہ پرشکار ملا، ادھر ان کا سال بھر کا ہنستا کھیلتا بچہ پرلوک سدھارا۔ اب کس منہ سے کہیں کہ متروں کی دعوت کرو۔ ودھی کو اگر اس آدر کا مولیہ لینا تھا، تو وہ بنا آدر ہی کے بھلے تھے۔ بدھائی تو دی ہے، پر روتی ہوئی آنکھوں سے۔

جنوری 1933ء

1۔ ابھلاشا: خواہش　　2۔ جاگرتی: بیداری

3۔ نشکپٹ: بے کینہ: کدورت سے خالی

اَبھِنندن

شردھیہ (1) کے پرتی شردھا کا پردرشن کرنا ایک بہت بڑا سماجک کرتویہ ہے جو سماج جتنی ہی تتپرتا (2) اور سچائی کے ساتھ اس کرتویہ کا پالن کرتا ہے، وہ اتنا ہی جیو اور سمردھ (3) شالی بنا رہتا ہے۔ جہاں اس بھاؤ کا ابھاؤ ہے وہیں وِدویش، وگرہ اور وناش بھی بستا ہے جہاں اس کا پرسار ہے وہیں اسنیہہ اور سوجنیہ کی سرِشٹھ ہوا کرتی ہے اور منگل سِدھا کی وَرشٹی بھی۔ پرساد وہیں بٹتا ہے جہاں پوجا ہوتی ہے، بڑے لوگوں کی سنکھیا وہیں بڑھتی ہے جہاں بڑپّن کے سچے پارکھی رہتے ہیں۔ اسی لیے وِیر پوجا کی پرتھا کو ہم سنسار کی سمست مانگلِک (4) پرتھاؤں سے بڑھ کر مانتے ہیں۔ یہی پرتھا ہمارے اُوتار واد کی بھتی ہے۔ دھرم، ساہتیہ، راجنیتی چاہے جسے لے لیجیے۔ ان میں سے پرتیک کے کاریہ چھیتر میں اسی پرتھا کے دُوارا پریرنا شکتی کا پراُدربھاؤ اور پُرسار کیا جاتا ہے۔ بدھ عیسیٰ اور محمد کی پوجا کر کے ہم اپنے آپ کو اُپکرت کرتے ہیں، مہاتما گاندھی لینن اور موسولینی کا آدر کر کے ہم سویم سادرت ہوتے ہیں، 'تلسی' روِندر، شکسپیر، روے رولاں اور شاں کی لوک وِدھائنی ستا کو سوِیکار کر کے ہم اپنے آپ کو بڑا بناتے ہیں۔ جو ہم سے بڑے ہیں جنھوں نے ہم کو بنایا ہے ان کے چرنوں پر شردھانجلی چڑھا کر ہی ہم وہ وردان پراپت کر سکتے ہیں۔ جو ہماری جیون جیوتی کو سدیو جگائے رہے۔ ات ایوا اپنے پرم پوجنیہ آچاریہ دِویدی جی کی اس سترہوئیں ورش گانٹھ کے اوسر پر آج ہندی جگت کا اُلّاس دیکھ کر ہمیں اتیَنت ہرش ہو رہا ہے۔ یہ اُلّاس ہمارے بھوشیہ کی اُنّتا کا گھوتک ہے۔ آدھونِک ہندی کی شری وردھی کرنے والے اس تپسوی آچاریہ کی یہ ابھیرتھنا اس بات کی سوچنا دے رہی ہے کہ ہم ہندی والے بھی اب اپنے آپ کو پہچان سکنے کی چھمتا کے نکٹ آپہنچے ہیں۔ ہم میں سب باتیں ہیں، پہلے ہی سے چلی آرہی ہے۔ ابھاؤ کیول اسی بات

1۔ شردھیہ: شوقین

2۔ تتپرتا: مستعدی، ہوشیاری

3 سمردھ: خوش حال

4۔ مانگلِک: پرمسرت

کا ہے کہ ہم اپنے گھر کے لوگوں کا سچا آدر کرنا نہیں جانتے یا جان بوجھ کر نہیں کرتے۔ اداسینتا (1) اور اپیکشا کا یہ روگ بڑا ہی وگھاتک ہے۔ یہ نہ ہوتا تو ابھی تک ہندی میں انتر راشٹریہ پرتشٹھا کے انیک لیکھک اور کوی پیدا ہو چکے ہوتے۔ ویکتتو بنایا جاتا ہے۔ سویم نہیں بنتا ہے لوکا کانکشا ہی ویکتتو کی مہما پرتشٹھت کرتی ہے۔ ہمارے آچاریہ دویدی جی اس کے پرتیکش پرمان ہیں۔ اپنی نہ سوارتھ ساہتیک سادھنا سے انھوں نے جس واتاورن کی سرشٹی (2) کی اس کے بھیتر سے اسی لوکا کانشکا کا پرادر بھاؤ ہوا اور یہی آج کے ہمارے اتنے بڑے آہلاد کا کارن بنی۔ اس پرکار کی آنکشاؤں کا ہمارے بیچ جتنا ہی ادھک پرسار ہوگا ہم اتنی ہی جلدی اپنے آپ کو سمونت (3) بنا سکیں گے۔ آتم کلیان کا سب سے بڑھ کر سرل اور سندر اپائے ہے۔ آتمار پن۔ آج سارا ہندی جگت اپنے آپ کو آچاریہ دویدی جی کے چرنوں پر ارپت کردینے کے لیے لاات ہو اٹھا ہے یہ اس کے سو بھاگیہ کا سب سے بڑا لچھن ہے۔ ہم ہندی والے آج ان کے چرنوں پر پوجا پشپ کی طرح پڑے رہنا چاہتے ہیں۔ ہمارا آج کا دن کیول اسی کام میں آئے، یہی ہماری کامنا ہے۔ کیوں؟ کیول اس لیے کہ آج ہم جو کچھ بھی ہیں انھیں کے بنائے ہوئے ہیں۔ یدی پنڈت مہاویر پرسادا جی دویدی نہ ہوتے تو ابھی بے چاری ہندی کوسوں پیچھے ہوتی۔ سمونت کی اس سیما تک آنے کا اسے اوسر ہی نہیں ملتا۔ انھوں نے ہمارے لیے پتھ بھی بنایا اور پتھ پردرشک کا بھی کام کیا۔ ہمارے اوپر ان کا بھاری رن ہے۔ اور ان کے چرنوں پر جھک کر ہی ہم اسے سویکار کرسکتے ہیں۔ کسی انیہ پرکار سے نہیں۔

اس پونیت اوسر کا بھنن بھنن روپ سے اپیوگ کیا جارہا ہے۔ کاشی ناگری پرچارنی سبھا آچاریہ کے کرکملوں پر ابھی نندن گرنتھ رکھ دی ہے۔ پریاگ میں کچھ لوگ دویدی میلا کا آیوجن کررہے ہیں۔ ہمارے ہردے میں بھی شردھا ہے، پر ہم سادھن ہین ہیں۔ ات ایو ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے، اسی کو سب کچھ مان کر ہم اپنے اس چھوٹے سے ماسک پتر 'ہنس' کا ابھی نندن نکال کر ہی اپنے آپ کو پری تشٹ (4) کرلینا چاہتے ہیں۔

پر اس ابھی نندن انک کے سمپادک کے ناطے ہم کیا کہیں سمجھ میں نہیں آتا۔ ہمارا ہردے تو کرتگتا کے بھاؤ سے اتنا بھرا ہوا ہے کہ اس کے بھیتر وانی ودھان کے لیے کوئی استھان ہی نہیں دکھائی دیتا۔ ہم ہندی والوں پر آچاریہ دویدی جی کے اپکاروں کا بوجھ لدا ہوا ہے۔ ہم کچھ لولیں تو بولیں کیسے؟ ہمارے لیے انھوں نے وہ تپسیا کی ہے، جو ہندی ساہتیہ کی دنیا میں بے جوڑ ہی کہی جائے گی۔ کسی نے ہمارے لیے اتنا

1۔ اداسینتا: مایوسی
2۔ سرشٹی: تعمیر
3۔ سمونت: ترقی یافتہ
4۔ پری تشٹ: مطمئن، خوش

نہیں کیا جتنا انھوں نے۔ وے ہندی کے سرل سندر روپ کے ودھایک بنے۔ ہندی ساہتیہ میں وشوساہتیہ کے اتموتم (1) اُپکرنوں کا انھوں نے ساویش کیا، درجنوں کوی، لیکھک اور سمپادک بنائے جس میں کچھ پرتبھا دیکھی اسی کو اپنا لیا اور اس کے دوارا ماتر بھاشا کی سچی سیوا کرائی۔ ہندی کے لیے انھوں نے اپنا تن، من، دھن سب کچھ ارپن کر دیا ہماری اپستھت اپلبدھی انھیں کے تیاگ کا پرنیام ہے۔

دویدی جی کا ویکتتو بڑا ہی پربھاؤ شالی ہے۔ مکھ منڈل پر درشٹی ڈالتے ہی یہ بات اسپشٹ معلوم ہو جاتی ہے کہ ان میں رچناتمک شکتی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ وے سچے یگ پرورتک ہیں، ان میں کرانتی لے آنے کی ودیھن چھمتا ہے انت للاٹ گھنی بھویں، رعب دار مونچھیں، رس بھری گمبھیر آنکھیں اور جلد گمبھیر وانی ان کی وشیشتا گیا پت کرتی ہے اور دیکھنے سے ایسا معلوم پڑتا ہے مانو کسی ایسے ویکتی کے پاس ہے جو ہمارے لیے ہمارے بیچ بھیجا گیا ہے جو سب طرح سے ہمارا ہی ہے۔ سو بھاؤ سے اتینت ورڑھ پرتگیہ اور ہردے سے پرم کومل، وے ہمارے اپنے ہیں، اس بات کو ہندی جگت اسی دن مان گیا تھا۔ جب وے سرسوتی میں تھے۔ ان دنوں وے ہم سب کو پتا کی طرح شاست کیا کرتے تھے اور ماتا کی طرح پیار۔ وے ہمیں ہماری غلطیوں پر پھٹکارتے تھے، انھیں پریم پوروک سدھار دیتے تھے اور ہماری سپھلتا پر ہمیں پریم کے مودک (2) بھی کھلاتے تھے۔ انھوں نے ٹھونک ٹھونک کر ہمیں سدھارا۔ پچکار پچکار کر ٹھیک راستے پر چڑھایا اور اتساہ دے دے کر آگے بڑھایا۔ ان سب کے بدلے آج ہم ان کا جتنا بھی ستکار کریں (3) تھوڑا ہے۔ یدی آج وے بنگالی ہوتے، تو بنگال کے وشوودیالیہ انھیں ڈی۔ ایل۔ ٹی آدی سمانت پدویوں سے وبھوشت کر کے اپنا گورو سمجھتے۔ پر ہمارے پرانت کے اَور اور وشوودیالیہ کی تو بات ہی کیا ہمارا اپنا ہندو وشوودیالیہ جس کے پران سویم مہاتما مالویہ جی ہیں، کبھی اس پرکار کا گورو انوبھو کرے گا یا نہیں، کہہ نہیں سکتے۔ اتنا ہی کہنے کی اچھا ہوتی ہے کہ اسے ایسا کرنا چاہیے۔

'ہنس' کا یہ ابھی نندنانک کیسا ہو پایا ہے اس کے سمبندھ میں ہمیں کچھ کہنے کا ادھیکار نہیں، اتنا ہی نویدن کر دیا چاہتے ہیں کہ یہ شردھیہ دویدی جی کے پرتی ہماری آنترک شردّھا کا ونمر نویدن ماتر ہے۔ اور ہم سے اتنا بھی نہیں بن پڑتا۔ یدی ہمارے کرپالو لیکھک اور کوی ہماری

1۔ اتموتم: بہترین 2۔ مودک: لڈو

3۔ ستکار: عزت

سہایتا نہ کرتے۔ اپنی ساہتیک سنسکرتی کی رکشا کے لیے ہم سے سے پر اس پرکار کے ابھی نندناتمک ساہتیہ کی مہتا (1) سویکار کرتے ہوئے آچاریہ دویدی جی کی دگھایو کے لیے پرماتما سے پرارتھنا کرتے ہیں اور اس بات کی کامنا کرتے ہیں۔ دویدی جی کی لگائی ہوئی یہ بیل چرکال تک پھولتی پھلتی رہے۔

اپریل1933ء

1۔مہتا: عظمت

دوتج جی کو بدھائی

دوتج جی نے اب ہندو وشوودیالیہ سے ہندی میں بڑے گورو کے ساتھ ایم اے کی ڈگری لی۔ آپ پرتھم شرینی میں اتیرن (1) ہوئے۔ انگریزی میں آپ پہلے ہی ایم اے ہو چکے تھے۔ بھاؤ کتا (2) کے ساگر میں ڈبکیاں لگانے والا کوی اور کلپنا کے آکاش میں اڑنے والا گلپ (3) کار اور چرتر لیکھک پریکشا بھون میں بیٹھ کر ایسی اسادھارن سپھلتا پراپت کرلے۔ یہ سادھارن بات نہیں ہے۔ پریکشائیں تو رٹوؤں کے لیے ہیں اور اس چھیتر میں ہم نے پرتبھا والوں کو رٹوؤں سے نیچا دیکھتے پایا ہے۔ کوی کو پریکشا سے کیا پریوجن۔ کلپنا والوں کو بھاشا وگیان اور بھاشا کے پراچین اتہاس سے کیا پریوجن (4)، لیکن 'دوتج' نے یہ پالا جیت کر ثابت کردیا کہ وہ اگر آج ساگ بھاجی کی دوکان کھول کر بیٹھ جائیں تو وہاں بھی سپھل ہوسکتے ہیں۔ ہم اس سپھلتا پر آپ کو ہردے سے بدھائی دیتے ہیں۔

مئی 1933ء

1۔ اتیرن: کامیاب:
3۔ بھاؤ کتا: حساسیت، جذباتیت
3۔ گلپ کار: فکشن نگار، افسانہ نویس
4۔ پریوجن: مقابلہ

شری راہل سانکریتیاین جی

راہل جی کداچت وہ پہلے بھارتیہ بودھ سنیاسی ہیں۔ جنھوں نے تین ورش تبت میں رہ کر پالی کا گیان پراپت کیا اور وہاں سے جودھ ساہتیہ کے لگ بھگ دس ہزار پراچین پستکیں لے کر بھارت لوٹے۔ آپ نے وے سب پستکیں پٹنہ میوزیم کو بھینٹ کر دیں۔ ایسا ساہس، ایسی پرتبھا، ایسا ادھیہ وسائے بہت کم کسی نے پایا ہوگا۔ اعظم گڑھ کے ایک گرام میں ایک سادھارن براہمن کل میں آپ کا جنم ہوا۔ آپ نے ہندی مڈل پاس کیا۔ اور کچھ دن نوکری کی تلاش میں رہے۔ اسی بیچ میں آپ کو بودھ دھرم سے پریم ہوگیا اور آپ نے اس کی دیکشا لے لی(1)۔ آپ کی بدھی اتنی پرکھر ہے کہ تھوڑے ہی دنوں میں آپ نے سنسکرتی، پالی، انگریزی، بنگلہ، فرنچ آدی بھاشاؤں کا گیان پراپت کرلیا اور پراتتو کے پرکانڈ پنڈت ہوگئے۔ پھر تو سورگیہ شری دھرم پال جی سے آپ کا پریچے ہوگیا۔ اور آپ کی پرتبھا اور وِدوتا کے کارن سبھی آپ کا سمان کرنے لگے۔ دھرم پال جی ہی کی پریرنا(2) سے آپ نے تبت کی بھیشن یاترا کی۔ تبت میں باہر والوں کا کتنا بہشکار کیا جاتا ہے۔ یہ سبھی جانتے ہیں۔ پر راہل جی نے تبت بھاشا پر ایسا ادھیکار کرلیا کہ آپ تبت کے ہی سمجھے جانے لگے اور پھر تو آپ کی ہر ایک سنگر ہالیہ، ہر ایک بہار میں رسائی ہوگئی۔ آپ نے وہاں بودھ دھرم کا خوب ادھین کیا اور ہزاروں پستکیں سنگرہ کی۔ وہ سارا ساہتیہ آپ نے یہاں آکر پٹنہ میوزیم کو بھینٹ کردیا، جیسا ہم پہلے کہہ چکے ہیں آپ نے اس کے بعد کیلاش کی یاترا کی۔ پھر بودھ دھرم کا پرچار کرنے کے لیے انگلینڈ اور یوروپ کے انیہ دیشوں کی یاترا کی۔ تھوڑے دن ہوئے آپ نے 'بدھ چریا' نامک پستک لکھی ہے جو بھگوان بدھ کا پرمانک جیون چرتر ہے۔ ہرش کی بات ہے کہ اس ورش ناگری پرچارنی سبھا کاشی نے آپ کو اس پستک کی رچنا کے لیے پاری توشک دے کر آپ کا سمّان کیا۔ کئی مہینے ہوئے آپ نے بھاگل پور سے نکلنے والی ہندی پتریکا گنگا کے پراتتو انک کا سمپادن کیا تھا۔ اور اس

1۔ دیکشا: تعلیم　　2۔ پریرنا: تحریک

میں آپ کے کئی پری پورن لیکھ پرکاشت ہوئے تھے۔ آپ ہی کے پرشرم سے پرتوانک (1) اتنا سپھل ہوا۔ اب آپ تبت کی دوسری یاترا کرنے کا وچار کر رہے ہیں اور آپ ادھر سے لداخ، کاشغر آدی استھانوں میں بودھ دھرم کی اتیہاسک کھوج کرنے جائیں گے۔ آپ اونچے ڈیل کے، بلشٹھ، تیجسوی (2) سومیہ پرش ہیں۔ بڑے ہی ملن سار اور ونودشیل (3)، یوروپ کے کسی ویکتی نے یہ تبت یاترا کی ہوتی تو ساری دنیا میں اس کا پرو پیگنڈہ ہوتا۔ پر بھارت میں آج بھی ایسے دھرم ویر پڑے ہوئے ہیں جو یگارتھ بدھی سے بڑے کام کر کے بھی اس کا ڈھنڈورا نہیں کرتے۔ ہماری ہاردک کامنا ہے کہ آپ کی یہ نئی یاترا سپھل ہو اور آپ اپنا یاترا ورتانت (4) لکھ کر ہمارے یووکوں کے سامنے ساہسکتا (5) اور لگن کا آدرش رکھیں۔

مئی 1933ء

1۔ پرتوانک: آثار قدیمہ　　2۔ تیجسوی: چمکیلا　　3۔ ونودشیل: پُر مزاح

4۔ یاترا ورتانت: سفرنامہ، خودنوشت　　5۔ ساہسکتا: باہمت

شردھانجلی

آج ہم ہندی ساہتیہ کے امرتپسوی (1)، پوجیہ آچاریہ پنڈت مہاویر پرساد جی دویدی کی سترہویں ورش گانٹھ (2) کے پونیت اوسر (3) پر اپنی شرندھانجلی (4) ارپن کرتے ہیں۔نوین ہندی ساہتیہ کے نرماتاؤں میں ان کی کیرتی ہمیشہ چمکتی رہے گی اور اس مارگ کے پتھکوں کو جیون اور آشا پردان کرتی رہے گی۔

دویدی جی کا جیون ساہتیہ اور سادھنا اور تپ کا جیون ہے۔ساہتیہ ہی ان کا سروسو تھا۔ان کی چنتا اور کلپنا اور آکانکشا اور ونود سب کا سروت ایک تھا۔اور وہ ساہتیہ ہے۔ساہتیہ ان کے لیے کیرتی کا سادھن نہ تھا اور دھن کا تو ہو ہی کیا سکتا تھا۔پنڈتیہ پردرشن بھی ان کی منوورتی (5) نہ تھی۔ان کے ہردے میں اس کی جڑیں اتنی ہی گہری تھیں۔جتنی ہماری جیون میں سوارتھ اور ممتو کی ہوتی ہیں۔ان کا سوارتھ بھی یہی تھا اور پرمارتھ بھی یہی تھا۔

اور جہاں ویکتتو ہے، وہاں شیلی بھی ہے۔شیلی بھیتر کی آتما کا باہیہ روپ ہے۔اس شیلی میں کتنا سمجھوتا ہے، کتنا پرساد ہے، کتنا اوج ہے، کتنا سلجھاؤ ہے۔اس میں رسکوں کا بانکا پن نہیں، پنڈتوں کا گامبھیریہ نہیں، گیانیوں کا شُشکتا نہیں۔ایک سیدھے سادے اداروبکتی کی بجیوتا ہے۔

ساہتیہ کی لگن کا کتنا اونچا آدرش ہے کہاں سے کیا لیں اور اسے کس طرح اچھے سے اچھے روپ میں سنسار کو دیں، یہی دھن ہے۔جن ہت کا کوئی انگ ان سے نہیں چھوٹا جہاں کوئی اپیوگی چیز دیکھی، چاہے وہ پراتتو سے سمبندھ رکھتی ہو، یا درشن سے، یا بھاشا وگیان سے، یا پراکرتک درشیوں سے، اسے پاٹھکوں کے لیے سنکلن (6) کرنا ان کا کرتویہ تھا۔وہ چیز کو پڑھ کر سویم آنندت ہوتے تھے، اس کا رس پاٹھکوں کو چکھانا

1۔امرتپسوی: لافانی عبادت　　2ورش گانٹھ: یوم پیدائش　　3۔پونیت اوسر: موقع ثواب

4۔شردھانجلی: خراج عقیدت　　5۔منوورتی: اندرونی صلاحیت　　6۔سنکلن: انتخاب

ایک لازمی بات تھی۔ 'سرسوتی' کی فائل اٹھا کر دویدی جی کی سمپادکی ٹپنیاں دیکھیے، وودھ گیان کا بھنڈار ہے۔ ایسا کوئی وشے نہیں، جس پر دویدی جی نے نہ لکھا ہو، گہرے سے گہرے تاتوک وویچنا اور سادھارن سے سادھارن دنت کتھائیں تک آپ کو ان میں ملیں گی، اور آپ اس ویکتی کے گان وستار پر چکت ہو جائیں گے۔

اور یہ کام کسی ودّیا اور گیان کے کیندر میں بیٹھ کر نہیں، ایک گاؤں کی اکانت کٹیا میں ہوتا تھا۔ ساہتیہ کی وہ چھٹا اسی کٹیا سے نکل کر ہندی سنسار کو آلوکت (1) کر دیتی تھی۔ آج ہندی میں کون ایسا ودّوان سمپادک ہے، جو اپنے کام کو۔ تھارتھ بدھی سے کرتا ہو، جو ہر ایک لیکھ کو آدھو پانت پڑھتا ہو، اس کی بھاشا کا پرشکار کرتا ہو، ایک چتر کلاکار کی بھانتی پتھر کے ایک ٹکڑے کو بولتی ہوئی مورتی بنا دیتا ہو۔ ہماری کئی کہانیاں ''سرسوتی'' میں دویدی جی کے سمپادن کال میں نکلی۔ جب وہ چھپ جاتی تھی۔ اور میں اصل سے ملاتا تھا۔ تو معلوم ہوتا تھا، اس کا کتنا روپانتر ہوا ہے۔ میری ایک کہانی ''پنچ پرمیشور'' ہے۔ میں نے جس سے دویدی جی کی سیوا میں بھیجا، اس کا نام ''پنچوں میں ایشور'' تھا۔ چھپنے پر دیکھا تو ''پنچ پرمیشور'' ہو گیا تھا۔ ذرا سے پریورتن سے وہ نام کیسے چمک اٹھا۔

دویدی جی ساہتیہ کے سچے پارکھی ہیں۔ جہاں گن دیکھتے تھے، بڑی ادارتا سے اس کا آدر کرتے تھے۔ ان کے پروتساہن نے ہی ہندی کو کئی ایسے کوی اور لیکھک دیئے جنھوں نے ہندی کا نام روشن کیا۔ انیہ بھاشاؤں میں بھی کوئی اچھی چیز دیکھ کر وہ مگدھ (2) ہو جاتے ہیں۔ اردو میں سیّد سجاد حیدر اچھے لیکھک ہیں۔ انھوں نے ایک بھاورتمک چیز ''حضرت دل کی کہانی'' لکھی تھی۔ دویدی جی نے ''سرسوتی'' میں اس لیکھ کی مکت کنٹھ (3) سے پرشنسا کی اور اسے اڈھرت کیا۔

دویدی جی برہمن ہیں، لیکن دان لینے والے براہمن نہیں، دان دینے والے براہمن۔ ساہتیہ کی سیوا میں جو کچھ لتا پتا، پوتھی۔ پشتک، سنگرہ کیا تھا، وہ سب کا سب لوک سیوا کی بھینٹ کر دیا۔ ساہتیہ کے پجاریوں میں یہ بھاؤ کہاں؟ انیہ پجاریوں کی بھانتی یہ پجاری بھی دل کا تنگ ہوتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ ساہتیہ کا پجاری انیہ پجاریوں کی بھانتی بھاگیہ شالی نہیں ہوتا۔ ارتھ چنتا میں جسے نیند نہ آتی ہو۔ اس سے ادرتا کی آشا رکھنا، وایو گولے سے چھٹ پٹاتے ہوئے آدمی سے گانا سننے کی آشا رکھنا ہے۔ کبھی مایا کے درشن بھی ہوئے تو وہ اس سے اتنے زور سے چپٹا ہے، کہ پران نکل جانے پر ہی اس کے ہاتھ ڈھیلے ہو سکتے ہیں۔ وہ ایک

1۔ آلوکت: عالم گیر
2۔ مگدھ: آسودہ، خوش
3۔ مکت کنٹھ: آزادانہ حلق
4۔ پراکرتی: فطرت، قدرت

پیسے بھی دے تو اسے لاکھ روپے سمجھو۔ دویدی جی نے تو سب کچھ دے دیا۔ اور ان کے شِشٹاچار کا کیا کہنا۔ وہ پراکرتی کے نیموں کے بھانتی اٹل ہیں۔ آج پتر لکھو، تیسرے دن کسی نہ کسی ڈاک سے جواب آئے گا۔ ہاں، لیٹر بکس میں کوئی تیزاب ڈال دے، تو دوسری بات ہے۔ وہ بے دلی سے، آدھے من سے، کوئی کام نہیں کرتے۔ ان کی کایا سوستھ (1) نہ ہو پر من سوستھ ہے۔

انھوں نے مولک رچنائیں نہ کی ہوں، لیکن مولک رچنتا پیدا کر دیئے ان کا گورو اس میں ہے کہ انھوں نے اپنی لیکھنی سے ہندی کی نیو ڈالی اور اس میں گیان کا وستار کیا اور آج ہندی سنسار آپ کے اپکاروں کو یاد کر کے آپ کے چرنوں پر شرندھانجلی چڑھا رہا ہے۔ اور ایشور سے پرارتھنا کرتا ہے کہ ابھی بہت دنوں تک آپ کی دیکھ ریکھ اس پر رہے، کہ آپ نے اس کا من میں جو نقشہ بنایا تھا، ہندی بھون اس نقشے کے ٹھیک ٹھیک انوکول بن رہا ہے، یا نہیں۔

مئی 1933ء

1۔ سوستھ: صحت یاب

راجہ رام موہن رائے

راجہ رام موہن رائے کا سورگواس (1) ہوئے سو سال پورے ہو گئے اور دیش میں ان کی یادگار منانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ ہم بھی ان کی اسمرتی (2) میں اپنی شردھا (3) کے پشپ (4) چڑھاتے ہیں۔ راجہ رام موہن رائے بھارت کے ہی نہیں، سنسار کے مہان پروشوں میں ہیں اور جب سچا سارو دیشک اتہاس لکھا جائے گا، تو سنسار کے پروشوں میں ان کا نام بھی لیا جائے گا۔ بھارت میں جو آج دھارمک، سماجک، راجنیتک اور ساہتیک جاگرتی ہے، ان کا سوتر پات (5) راجا رام موہن رائے نے ہی کیا۔ ہمارے راشٹریہ جیون کے ہر ایک انگ پر ان کے مہان ویکتتو کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ ہم انھیں نوین بھارت کا جنم داتا کہہ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر ٹیگور کے شبدوں میں وہ اس صدی کے مہان پتھ نرماتا تھے، جنھوں نے ان بادھاؤں کو ہمارے راستے سے ہٹا دیا جو ہماری پرگتی کو روکے ہوئے تھی۔ اور ہمیں سنسار۔ ویاپی سہیوگ اور مانوتا (6) کے اس نو یگ میں سملت کر دیا۔ ایسے مہان ویکتیوں کی کیرتی اپنی امرتا سے ہم میں جیون کا سنچار کرتی ہے اور ہماری کامنا ہے کہ ان کا آدرش اننت کال تک ہماری آنکھوں کے سامنے بنا رہے۔

ستمبر 1933ء

1۔ سورگواس: انتقال، جنت نشیں　2۔ اسمرتی: یاد　3 سردھا: شوق
4۔ پشپ: پھول　4۔ سوتر پات: لڑی میں پرونا　5۔ مانوتا: انسانیت

مسز اینی بیسنٹ کا سور گواس

مسز اینی بیسنٹ کی مرتیو کا سماچار پڑھ کر ہمیں دکھ نہیں ہوا، کیوں کہ وہ اس اوستھا کو پراپت ہو چکی تھی۔ جب انھیں وشرام کی سخت ضرورت تھی۔ ان کا اوسان اتنا ہی سوابھاوک تھا جتنا کسی بالک کا وکاس ہوتا ہے۔ سنسار میں بہت کم پرانی ہیں جن کے جیون میں کرم یوگ کا ایسا آدرش ملتا ہو۔ ستیہ کو گرہن کرنے میں انھوں نے روڑھیوں کی کبھی پرواہ نہ کی۔ جب انھیں عیسائی دھرم سے اسنتوش (1) ہوا تو انھوں نے استیہ کی کھوج میں اپنے پرانے ناتے توڑ دیئے۔ انت میں کرم سدھانت نے ان کی ایشور وہی آتما کو شانت کیا اور ان کا شیش جیون میں سدھانت کے پرچار میں ویاتیت (2) ہوا۔ ان میں کام کرنے کی ادبھت شکتی تھی۔ وہ اکیلی جتنا کام کر سکتی تھیں، وہ شاید ایک درجن منشیوں سے بھی نہ ہوتا۔ ایک ساتھ دینک سپتاہک اور ماسک پتروں کا نکالنا، دھرم اور درشن پر امر گرنتھوں کی رچنا کرنا، برابر ستیہ کے پرچار کے لیے ویاکھیان دیتے رہنا اور تھیوسوفیکل سوسائٹی جیسی سنستھا کا سنچارن کرنا اور اس کے ساتھ ہی بھارت کے سوادھینتا سنگرام (3) میں بھی پرمکھ بھاگ لینا، انھیں تپسوی آتما کا کام تھا۔ آج وشال ہندو وشوودیالیہ ہے، اس کا ہندو کالج کے روپ میں مسز بیسنٹ نے ہی بیجا روپن کیا تھا۔ ان کے دو ایک سدھانتوں سے ہمیں مت بھید تھا پر انھوں نے جس بات کو ستیہ سمجھ لیا اس کے پرتی پادن میں کسی ورودھ کی چنتا نہیں کی اور ان کی وکتر تو شکتی تو ادوتیہ (4) تھی وہ اس شتابدی کی سب سے یشوی (5) مہیلا تھی۔ اور ہمیں وشواش ہے کہ ان کی مثال بہت دنوں تک اسنکھیہ (6) استری پروشوں کو ساتوک ادھوگ کا آدیش دیتی رہے گی۔

25 ستمبر 1933ء

1۔ اسنتوش: بے صبری — 2۔ ویاتیت: گزر، بسر — 3۔ سنگرام: لڑائی

4۔ ادوتیہ: لاثانی — 5۔ یشوی: طاقت ور، شہرت یافتہ — 6۔ اسنکھیہ: بے شمار

مرتیو پروجے

ایک سچے دیش بھگت کے لیے جس اچھی سے اچھی موت کی کلپنا کی جا سکتی ہے، وہی موت شری وٹھل بھائی پٹیل کو ملی۔ ماتر بھومی سے ہزاروں کوس پر، جہاں اپنا کوئی نہیں، دہیہ زخموں سے چور، شترو دل اپنی پوری شکتی سے وار کرتا ہوا، پر وہی تیور، وہی گرجن، وہی ادمیہ تیز جو مشکلوں کو تچھ سمجھتا تھا۔ یہ موت نہیں ہے موت پر وجے، بڑی شاندار، بڑی اتہاسک، بڑی شکتی دائنی، اور وہ کیا شبد تھے، جو انت سے اس سچے راج پوت کے مکھ سے نکلے۔ میرے دیش بندھوؤں کی اور سنسار بھر کے ہتے شیوں کو میرا آشرواد دو۔ جیون لیلا سماپت کرنے کے پہلے میں بھارت کی آزادی کے لیے پرارتھنا کر رہا ہوں۔ کیا یہ مرنے والے کے شبد ہیں؟ کہیں نراشا (1) نہیں، کہیں پراجے (2) کا چہن نہیں۔ ایک ایک شبد میں ایک وجے آتما کی امنگ بھری ہوئی ہے۔ اس نے انت سے تک تلوار ہاتھ سے نہیں چھوڑی۔ اس وقت بھی قدم پیچھے نہ ہٹایا، جب وہ میدان میں اکیلا تھا۔ کون کہتا ہے کہ وہ مر گیا؟ اس نے موت پر وجے پائی۔ اس کے آشرواد میں منتر ہے، امرتیو کا پرساد ہے۔ ایسے ویر نہیں مرتے، مرتے ہیں ہم اور آپ۔ سوارتھوں کے داس۔ پیٹ کے غلام، ہمت کے کچے۔

کیا ان کا جیون ورتانت (3) کہیں؟ کیا اسمبلی کی ان کی وہ مردانہ آواز آپ کے کانوں میں نہیں آ رہی ہے؟ کیا ان کی وہ رولنگ، آپ کو بھول گئی؟ کیا اسمبلی کی وہ صدارت پھولوں کی شیا تھی؟ دفتری شاشن نے کیا کیا ہتھ کنڈے نہیں کھیلے، کون کون سی کوٹ نیتی نہیں چلی۔ لیکن آپ نے کبھی ان کے ماتھے پر بل دیکھا؟ وہ راشٹریہ سمان کا رکشک (4) تھا۔ اس کی آنکھوں کے سامنے سرو شکتی مان سرکار کی مجال نہ تھی کہ وہ راشٹریہ سمان پر اپنا اگھات کر سکے۔ کیا آپ کو وہ امر شبد بھول گئے، انھوں نے صدارت سے استعفا

1۔ نراشا: ناامیدی
2۔ پراجے: ہار
3۔ ورتانت: سرگزشت، خودنوشت
4۔ رکشک: محافظ

دیتے سے لارڈ اروِن سے کہے تھے۔ میں نے کرسی کے مان اور ادھیکار کو وسترت (1) کرنے کی نرنتر چیشٹا کی ہے، ایک سنگٹھت اور سبل (2) نوکرشاہی کے وِرودھ، اور مجھے وشواش ہے کہ میں بہت کچھ سپھل ہوا ہوں۔ ان کے جیون کا خلاصہ کیول ایک شبد میں بتا دوں وہ شبد ہے، سنگرام، ان کا جیون آدی سے انت تک ایک لمبا سنگرام تھا، جو نہ تران مانگتا تھا۔ نہ تران (3) دیتا تھا۔ انھوں نے سمجھوتا کرنا سیکھا ہی نہ تھا۔ اپنے جنم سدھ سوتوں کے ساتھ کیسا سمجھوتا؟ آج کچھ نہ ملے، کل کچھ نہ ملے، پر کبھی تو ملے گا جب لیں گے تب پورا لیں گے۔ اس میں رتی بھر کمی نہیں کر سکتے۔ یہ ان کا دھیہ تھا۔ سمجھوتا وہ کرتے ہیں، جنھیں اپنے پکش میں وشواش نہیں ہوتا، جو سے دیکھ کر اپنی نیتی استھر کرتے ہیں۔ انہیں اپنے پکش میں اکھنڈ وشواش تھا۔ وہ بات کیا بھلائی جا سکتی ہے۔ جب سر سوریندر ناتھ جی کی پریرنا سے اسمبلی نے مارٹ فورڈ سودھاؤں پر گورنمنٹ کو بدھائی دی تھی۔ اس وقت اکیلے مسٹر پٹیل تھے جس نے ایک کے الپ مت سے اس پرستاؤ کا ورودھ کیا تھا۔ ان کے جیون میں یدی کوئی لالسہ تھی، تو وہ سوراجیہ تھا۔ یہی ان کا شوک تھا یہی ان کا نشہ تھا اور یہی ان کا تپ تھا اور وہ بھیڑ کے ساتھ چلنے والے آدمی نہ تھے۔ جب 1930ء میں کانگریس کے سبھی ممبروں نے اسمبلی سے ودالی، مسٹر پٹیل نے اپنے پد پر استھر رہ کر اپنے وچار سواتنتر کا پریچے دیا تھا۔ ہاں جب انھوں نے سرکار کی نیت اور نیتی دیکھ لی اور ادھر سے نراش ہو گئے تو صدارت کو لات ماردی اور راشٹر کے ساتھ اس کے سنگرام میں شریک ہو گئے۔ رشیوں کی سی ان کی تیجسوی (4) مورتی، ان کا وہ بھوت تیز مستک، ان کی وہ بزرگانہ داڑھی ان کی وہ منسوی پرتبھا (5) اور ان کے وہ آہت واکیہ کیا کبھی وسمرت ہو سکتے ہیں۔ ہاں ہاں، وہ اپنے شبدوں پر مخمل کا غلاف نہ چڑھاتے تھے۔ وہ مہاتما نہ تھے وہ ٹیڑھے کو ٹیڑھا کہہ سکتے تھے ان کے پہلو میں درد ڈوبا ہوا دل تھا جو آہت ہونے پر روتا تھا۔ چنگھاڑ مار کر جو اپمانت (6) ہونے پر آویش میں آجاتا تھا ٹھیک ہے، ان کے شبدوں میں زہر ہوتا تھا۔ ہم تو کہتے ہیں۔ ان میں جوالا ہوتی تھی۔ اور کیا جلتے ہوئے ہردے سے آپ شیتل گان کی آشا رکھتے ہیں۔ ذرا اس مہان آتما کا اُتسرگ دیکھیے۔ وہ عمر کا بوجھ وہ جیرن سواستھیہ، وہ گھاتک روگ کا پرکوپ، اور امریکہ کی وہ کٹھن یاترا۔ ہلنے کی شکتی نہیں، یمراج کا ومان آچکا ہے۔ پر سوادیش موہ کو ہردے سے لگائے ہوئے ہیں۔ اب بھی وہ مایا انھیں نہیں چھوڑتی۔ کتنا اکشیہ انوراگ ہے۔ انتم شبد جو ان کے مکھ سے نکلتا ہے وہ سوراجیہ ہے۔

1۔ وسترت: وسیع　　2۔ سبل: طاقت ور　　3۔ تران: تھکاوٹ

4۔ تیجسوی: چمکیلا　　5۔ منسوی پرتبھا: انسانی صلاحیت　　6۔ اپمانت: بے عزت

یہی سوراجیہ ان کے جیون کا سوپن تھا، اسی کے لیے جیے اسی کے لیے مرے۔ اسی پر اپنا سب کچھ قربان کیا۔ یہ بیٹے بیٹی کا موہ نہیں ہے، وہ دھن سمپدا کا موہ نہیں ہے جس کے بندھن ڈھیلے پڑ جائے، یہ سودیش کا پریم ہے جو آتما کے انو انو میں ویاپت ہو گیا ہے، اور اگر آتما امر ہے تو وہ پریم بھی امر رہے گا اور شاید سورگ کی سوکھد شانتی میں بھی یہ پریم، یہ مایا انھیں تڑپاتی رہے گی اور ان کے سوکشم نیتر اپنے اس ابھاگے دیش کی اور لگے رہیں گے جس پر انھوں نے اپنا سرو سووار دیا۔

30 اکتوبر 1933

شری رنگ سوامی آینگر کی شوک جنک مرتیو

تمل کے پرمکھ دینک پتر 'سودیش مترم' کے یشوی سمپادک شری رنگ سوامی آینگر کی مرتیو سے ایک ایسا ویکتی اٹھ گیا جو راجنیتک گتھیوں کو سلجھانے میں ادوئی تیہ (1) تھا۔ اور جو کچھ ستیہ سمجھتا تھا اُسے پرکٹ (2) کرنے میں سنسنکوچ یا ادھیکار سے لیش ماتر (3) بھی بھے بھیت نہ ہوتا تھا۔ آپ پہلے مدراس کے پرسدھ انگریزی دینک پتر 'ہندو' کے سمپادک رہے، پھر آپ نے اپنا تمل پتر 'سودیش مترم' نکالا اور اپنی پرتبھا اور اوج سے اس پد پر پہنچا دیا کہ وہ بڑے سے بڑے پربھاؤشالی انگریزی پتروں سے بھی زیادہ آدر سے پڑھا جاتا تھا۔ بھاشا کے پتروں میں جتنا سمان 'سودیش مترم' کو ملا اتنا شاید کسی انیہ بھاشا کے پتر کو نہیں پراپت ہوا۔ آپ کچھ دنوں کانگریس کے جنرل سکریٹری رہے تھے اور سوراجیہ پارٹی کے نرمان کرتاؤں میں آپ بھی تھے۔ سورگیہ پنڈت موتی لال نہرو اور سی آر داس آپ کو اپنا داہنا ہاتھ سمجھتے تھے۔ دوسری گول میز سبھا میں آپ بھی سملت ہوئے تھے اور اس وقت آپ کا وچار یہ تھا کہ کانگریس کو نئی ویوستھا (4) سے دور نہ رہنا چاہیے، کیونکہ اس سے لابھ کی جگہ بہت بڑی ہانی ہوگی۔ آپ کی مرتیو سے راشٹر کو چھتی پہنچی ہے، اس کا انومان ان شبدوں سے ہوسکتا ہے جو مہاتما گاندھی نے شوک پرکٹ کرتے ہوئے لکھے ہیں۔

12 فروری 1934ء

1۔ ادوئی تیہ: لاثانی

2۔ پرکٹ: ظاہر

3۔ لیش ماتر: ذرہ برابر

4۔ ویوستھا: انتظام

راجہ سر موتی چند کا سور گواس

راجہ سر موتی چند کے اٹھ جانے سے کاشی کو چھتی (1) پہنچی ہے، وہ مشکل سے پوری ہوگی۔ آپ بڑے دانی، پرو پکاری (2) اور سہر دے (3) دیکتی تھے۔ آپ کی اوستھا ابھی کل اٹھاون سال کی تھی۔ آپ کا سواستھیہ بھی بُرا نہ تھا۔ مگر پچھلے سال آپ پر لقوے کا جو آکرمن ہوا تھا، اس نے انت میں آپ کی جان ہی لے کر چھوڑی۔ کئی سال پہلے آپ تین سیشن تک اسمبلی کے ممبر رہے، اور ہندو وشو ودیالیہ تھا انیہ سارو جنِک کاموں میں آپ کو بڑی دلچسپی تھی۔ دیش کے اودھوگِک اُدّار (4) کے لیے آپ برابر پریتن کرتے رہے اور کاشی کا کاٹن مل آپ ہی کی یادگار ہے۔

26 مارچ 1934ء

1۔ چھتی: نقصان

2۔ پرو پکاری: رحم و کرم کرنے والا

3۔ سہر دے: دیالو

4۔ اودھوگک اُدّار: روزگار سے نجات

سورگیہ پنڈت بدری ناتھ بھٹ

پنڈت بدری ناتھ بھٹ آج اس سنسار میں نہیں ہیں بیمار تو وہ دو ڈھائی سال سے تھے، لیکن جس آدمی کے پور پور میں جان داری بھری ہوئی ہو، جو روگ شیّا (1) پر پڑا ہوا بھی ہنستا اور ہنساتا رہا ہو، جس کے سمیپ جاتے ہی مرجھایا ہوا من لہلہا اٹھتا ہو، جو مانو اپنے وانی اور اسنیہہ (2) سے جیون بکھیرتا رہا ہو، وہ موت کے اتنے سمیپ ہے، یہ ہم نہ سمجھتے تھے۔ سال بھر سے اُدھک ہوا۔ ہم نے لکھنؤ میں ان کے درشن کئے تھے۔ آرام کرسی پر لیٹے ہوئے تھے۔ دیہہ چھین (3) ہو گئی تھی چہرے پر زردی چھائی ہوئی، آنکھوں کے نیچے گڈھے پڑے ہوئے، اودھ سوکھے ہوئے، لیکن بیماری آتمہ تک نہ پہنچ سکی تھی باتوں میں تب بھی وہی شوخی وہی زندہ دلی تھی۔ اپنی بیماری کا ذکر کرتے رہے، مگر اس میں اسادھیہ (4) روگی کی ذرا شایا کرونا نہ تھی، نہ وہ موہ، نہ وہ حسرت، بلکہ ایک جیون سے بھرے ہوئے ہردے کا چہل اور ونود تھا، جو مانو مرتیو کو سامنے کھڑی دیکھ کر بھی نہ شنک (5) بھاؤ سے کہہ رہا تھا۔ جب مروں گا تب مر جاؤں گا، مرنے کے پہلے نہیں مر سکتا۔ ہاسیہ (6) کے سرشٹا (7) بہودھا بڑے گمبھیر اور روکھے ہوتے ہیں۔ بھٹ جی کا من بھی ہاسیہ سے تھا اور تن بھی۔ لطیفوں اور چٹکلوں کے تو مانو وہ بھنڈار تھے۔ اور منشیہ کی کمزوریوں کی ایک نگاہ میں پہچان لیتے تھے اپنے جیون کے دُکھ پرسنگوں کو بھی جو ونود کے رنگ میں رنگ سکتا ہو۔ یہ صفت بھٹ جی ہی میں تھی۔ دوسرے اپنی وِجے کو جتنے آنند سے بیان کر سکتے ہیں، اتنے ہی آنند سے وہ اپنی پراجے کی چرچا کرتے تھے۔ ہاسیہ کی اس کھان میں جو چیز جاتی تھی، ونود بن جاتی تھی۔ ہندی پریمی سجنوں کے ویوہار کے انھیں کئی بار کڑ دے انوبھو ہوئے تھے، اور ہندی پریمی سجن، ان کے لطیفوں میں بار بار نئے نئے روپ میں آتے رہتے تھے۔ کھید یہی ہے کہ ان کے ناٹکوں کے سوا اس کی ہاسیہ رچنا کہیں سنگرہ نہیں ہوئی۔ انھوں نے

1۔ روگ شیّا: بستر علالت 2۔ اسنیہہ: پریم، محبت 3 چھین: کمزور، لاغر 4۔ اسادھیہ نا قابل برداشت
5۔ بہ شنک: بلاشبہ 6۔ ہاسیہ: ہنسی، مزاح 7۔ سرشٹا: تخلیق کار

کئی پتروں میں بہمت روپ سے ساہتیک ونود کے استمبھ کی پورتی کی اس میں راجنتک و یگ بھی ہوتا تھا، کٹا کش بھی، چٹکیاں بھی، گدگدیاں بھی۔ اگر ان میں سے رتنوں کو چھانٹ لیا جائے تو ہاسیہ کا بڑا ہی روچک سنگرہ تیار ہو جائے 'گول مال کارنی' سبھا کی رپورٹ اور مسٹر کی ڈائری، میں آج بھی منورنجن کی بہت سامگری مل سکتی ہے۔

بھٹ جی متاہاری تھے، مت دیئی تھے، یمی تھے، اسپشٹ وادی تھے، ویوہار میں کھرے تھے ان میں کہیں بھی وہ نفاست اور نزاکت نہ تھی، جو ہم ادیمان کویوں میں دیکھتے ہیں وہ سیلانی پن نہ تھا، جو ساہتیکوں کی وشیشتا سمجھی جاتی ہے۔ انھوں نے دنیا دیکھی تھی، دنیا کی کٹھنائیوں کا سامنا کیا تھا اور ان پر وجے پائی تھی، ان پھولوں میں نہ تھے، جو ہوا کے ایک جھونکے سے مرجھا جاتے ہیں وہ منشیہ پہلے تھے، کوی ڈرامسٹ اور ہاسیہ کار پیچھے۔ ان کی بھاوکتا (1) کبھی سنیم سے باہر نہ جاتی تھی۔ وہ ان لوگوں میں نہ تھے جو اس بات پر گرو کرتے ہیں کہ ان کے پاس کوڑی کفن کو نہیں ہے، جو حتروں کی مہمانی جیون بتا کر بے فکری کا دم بھرتے ہیں۔ وہ سویم اپنا بھوجن پکاتے تھے پیسے کی جگہ دھیلا خرچ کرتے تھے اور حساب صاف رکھتے تھے۔ بڑی بڑی کٹھنائیاں جھیلیں، پر کسی کا احسان نہیں لیا۔ انھیں کوئی وبیسن نہ تھا (ساہتیک ویکتیوں کے لیے کوئی نہ کوئی ویسن پال لینا آج کل آئین میں داخل ہے) ان کی کلپنا لکڑی ٹیکتی ہوئی نہ چلتی تھی، ان میں جو اوج تھا اور سنیم تھا، اسی سے رچنا شکتی (2) اتپن ہوتی تھی۔ اُسی طرح جیسے بھوبل سے دیا اور چھما اتپن ہوتی ہے۔

بھٹ جی مولکتا (3) کے پجاری تھے اور جو کچھ لکھا مولک لکھا۔ بنگلہ انوواد وں سے انھیں گھرنا تھی۔ ہندی میں جو نراشاواد کا زور ہے اس کی ذمہ داری وہ بنگلہ ساہتیہ کے سر رکھتے تھے۔ وہ خود ویر بھکت تھے۔ بنگالی ناٹک کاروں کے بوررش پر درشن کا خوب مذاق اڑاتے تھے۔ پراچین کویوں کے نگن شرنگار ورنن کو بھی وہ ہندی ساہتیہ کا کلنک سمجھتے تھے اور یہ ان کے ساہتیک پریاس کا ایک سروت تھا۔

بھٹ جی نے جیون میں ایک ہی کام رومانٹک ڈھنگ سے کیا اور یہ اپنا وواہ تھا۔ جس دیوی سے ان کا پریم تھا، اس سے ونش پرمپرا کی ذرا بھی پرواہ نہ کر کے انھوں نے چپکے سے وواہ کر لیا۔ حتروں کو خبر تک نہ دی۔ اس کی خبر اس وقت تک ملی، جب آپ کا گھر آباد ہو چکا تھا، اس لیے ڈولی چھینک کر دعوت لینے کا اوسر بھی حتروں کے ہاتھ سے جاتا رہا۔ کئی دن بعد متروں کے پاس مٹھائی بھی نہ پہنچی۔ ایک دن

1۔ بھاوکتا: حساسیت، جذباتیت　　2۔ رچنا شکتی: تخلیقی صلاحیت

3۔ مولکتا: نطری پن

راستے میں ان سے ہماری ملاقات ہوئی۔ ہنس کر بولے۔ تجی آپ کی مٹھائی رکھی ہوئی ہے۔ آدمی آپ کا مکان تلاش کر کے چلا آتا ہے، گلی، مکان، سب، کچھ بتا دیتا ہوں، پر اسے کچھ پتا نہیں چلتا۔ اب میں خود ہی لے کر آؤں گا۔ آخر ہم نے بے حیائی کی اور ان کے گھر جا کر مٹھائی کھائی۔

وہی زندہ دل، بلشٹ، سیلمی، پرتھما شالی ویکت عین جوانی میں اکال مرتیو کا گراس بن گیا، جب ساہتیہ کو اس کی پروڑھ پرتبھا سے بہت کچھ آشائیں بندھ رہی تھیں۔ آج بھی ان سے اچھے کوی، ان سے اچھے ناٹک کار اور ان سے اچھے ہاسیہ لیکھک موجود ہیں، لیکن ایسی ونود شیلتا، ایسی اُبلتی ہوئی پرسنتا، ایسی اچھلتی ہوئی خوش مزاجی ہمیں کہیں نظر نہیں آتی۔ بھٹ جی اس میدان میں اکیلے تھے۔ ان کی یاد بہت دنوں آئے گی اور ہردے میں ان کا جو استھان تھا وہ بہت دنوں خالی رہے گا۔

14 مئی 1934ء

سورگیہ پنڈت چندر شیکھر شاستری

ابھی گت سپتاہ پریاگ میں پنڈت شیکھر شاستری کا سورگواس ہوگیا۔ شاستری جی سنسکرتی کے وِدّوان ہوتے ہوئے بھی ہندی کے بڑے حمایتی اور سیوک تھے۔ بہت ورشوں سے آپ ہندی کی سیوا کرتے آرہے تھے کئی ورشوں پورو آپ نے سنسکرت، شاردا، ناٹک اچ کوٹی کی پتریکا نکالی تھی پر وہ ادھک ورش نہ چل سکی۔ ساہتیہ سے آپ کو بڑا انوراگ (1) تھا، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ ساہتیہ۔ سیوا کرنا آپ کا ایک ویسن (2) ہی تھا۔ دس بارہ ورشوں پورو آپ نے، سماج، ناٹک ایک ہندی پتر بھی نکالا تھا، پر ہندی کا دربھاگیہ کہ وہ بھی نہ چل سکا۔ پٹنا کی شکشا کے سمپادن و بھاگ سے بھی آپ کا سمبندھ رہا ہے۔ آپ نے انیک گرنتھوں کا نرمان کیا ہے۔ ساہتیہ سمیلن کی سیوا آپ بڑے نانسوارتھ بھاؤ سے کرتے رہے ہیں۔ آپ کا سارا جیون ساہتیہ کی سیوا کرتے ہی بیتا۔ ادھر ایک بہت بڑا آیوجن آپ نے کیا تھا۔ چتر اور سمپورن سٹیک ہندی مہابھارت پرکاشن کرنے کا۔ کچھ کھنڈ پرکاشت ہو بھی چکے تھے کہ آپ چل بسے۔ ہم شاستری جی کے سوپتر شری پرپھل چندر اوجھا اور ان کے پریوار سے سمویدنا پرکٹ کرتے اور آشا رکھتے ہیں کہ وے شاستری جی کے شیش کاریہ کو اسی یوگیتہ اور اتساہ سے پورن کرنے کا پریتن کریں گے۔

جولائی 1934ء

1۔ انوراگ: لگاؤ، محبت　　2۔ ویسن: مشغلہ

سورگیہ میڈم کیوری

گت سپتاہ سنسار پرسدھ ریڈیم کی آوشکرتی (1) میڈم میری کیوری کا سورگواس ہوگیا۔اس میں سندیہہ نہیں، کہ جگت کے ودّوانوں، خاص کر دیگیانکوں کے لیے یہ سماچار مہان دکھدائی ہوگا۔آپ کا ریڈیم کا آوشکار وشو کے اتہاس میں ایک مہان کاریہ ہے۔ریڈیم سے سادھارانتہ اب سب لوگ تھوڑے بہت پریچت (2) ہوگئے ہیں۔ یہ سنسار میں سب سے مولیہ وان دھاتو ہے اور بہت ہی کم تعداد میں پائی جاتی ہے کہا جاتا ہے کہ دو سوٹن سے بھی ادھک کچی دھاتو کے شودھن کرنے پر کیول ایک گرام ریڈیم پراپت ہوسکتا ہے اور اس ایک گرام ریڈیم کا مولیہ دولاکھ روپیہ ہوتا ہے۔اس سے خیال کیا جاسکتا ہے کہ سنسار میں اس سے مولیہ وان دھاتو اور کوئی نہیں ہے۔1896ء میں بیک وے ریل نے پنا کم کے ریڈیو ایکٹیوگنوں کا گیان پراپت کیا۔میڈم کیوری نے بھی اپنے پتی کے ساتھ اس تو پر انوسندھان آرمبھ کردیا۔ آسٹرین سرکار کے دوارا جج بلینڈ نا مک پنا کم کی ایک ٹن کچی دھاتو، انہیں انوسندھان کے لیے پراپت ہوئی۔آپ نے اپنے ٹوٹے جھوپڑے میں اپنا کاریہ آرمبھ کردیا۔آج وہ ٹوٹا جھوپڑا ویگیانیکوں کی درشٹی میں بڑا مہتو پورن ہے۔

میڈم کیوری نے کئی پستکیں بھی لکھی ہیں۔ 1903ء میں آپ کو بھوتک ویگیان وشے کا نوبل پرسکار (3) ملا تھا۔ رائل سوسائٹی نے پدک سے اور پیرس وشوودیالیہ نے ڈاکٹر کی اپادھی سے آپ کو سمانت کیا تھا۔ 1904ء میں آپ کے پتی مسٹر کیوری کی مرتیو ہوئی اور 1934ء میں اسی سپتاہ میں میڈم کیوری بھی سورگ واسی ہوگئی۔یدّ پی آپ اس سے سنسار میں نہیں ہیں۔ پر اس میں سندیہہ نہیں کہ آپ کا یش (4) سدا سرودا امر رہے گا۔

جولائی 1934ء

1۔آوشکرتی: موجد

2۔پریچت: متعارف

3۔پرسکار:

4۔یش: طاقت، شہرت

ڈاکٹر ہیرالال کا سورگ واس

کٹنی (سی پی) کے ڈاکٹر ہیرالال جی سی پی کے مولیہ دان موتی کی طرح آبھا والے (1) ویکتی تھے۔ لگ بھگ پچاس ورشوں سے آپ ہندی ساہتیہ کی سیوا کرتے آرہے تھے۔ انگریزی کے آپ پرانے گریجویٹ اور سنسکرت، پالی اور پراکرت کے پرکانڈ وِدوان تھے۔ سادھارن سی نوکری سے آپ ڈپٹی کمشنر کے پد تک پہنچے تھے اور اسی اوسر میں آپ نے اتہاس اور پراتو سمبندھی کھوجوں کے دوارا اپنے کو کافی وکھیات کر لیا تھا۔

یوں کہنا چاہئے کہ اتہاس پراتو کے چھیتر میں آپ بھارت کے ایک گنے چنے انتر راشٹریہ کھیاتی پراپت مہان ویکتی تھے۔ کاشی ناگری پرچارنی سبھا تھا انیک ہندی سنستھاؤں سے آپ کا سمبندھ تھا۔ کاشی ناگری پرچارنی سبھا کے تو آپ ورشوں سبھا پتی بھی رہے تھے۔ دو ورشوں پورو پٹنا میں ہونے والی اورینٹل کانفرنس کے آپ سبھا پتی بنائے گئے تھے۔ اور ابھی ابھی آپ وشو پراتو پریشد میں بھارت کے پرتی ندھی کی حیثیت سے بھیجے گئے تھے۔ آپ بڑے ہی سرل اور ادار تھے۔

ابھیمان (2) آپ میں ذرا بھی نہیں تھا۔ آپ نے آجنم ہندی ساہتیہ کی سیوا کی، پر کھید کہ ہندوستانیوں نے آپ کا یتھارتھ سمان نہ کیا۔ ناگ پور وشو ودیالیہ نے تو اب جا کر کہیں انہیں ڈی۔ ایل۔ ٹی کی اپادھی سے وبھوشت کر کے شاید اپنے کو آکشیپ (3) سے مکت کیا تھا۔ پر ڈاکٹر صاحب کا ویکتتو اور کاریہ ہی ایسا زبردست تھا کہ بنا مانگے انہیں دیش اور ودیش سے مہان یش مل گیا تھا۔ آپ نے سی پی کئی ضلعوں کے اتہاس سمبندھی، ساگر سروج، دموہ دیپک، جبل پور جیوتی

1۔ آبھا: صلاحیت　　2۔ ابھیمان: وقار، غرور، فخر

3۔ آکشیپ: موردِ الزام ٹھہرانا

آدی کئی مہتو پورن پیش کش بھی لکھی تھی ۔ ہندی اور دیش کا دربھاگیہ ہے کہ 19 ؍اگست کو آپ کا سورگ واس ہوگیا۔ ہم آپ کے پریوار کے سچے ہردے سے سمویدنا پرکٹ کرتے ہیں ۔

ستمبر 1934ء

کالا کانکر نریش کا سورگواس

ساہتیہ چھیتر میں تو کالا کانکر کا نام پچاسوں ورشوں کے پورو ہی چمک اٹھا تھا پر ادھر وہ راشٹریہ چھیتر میں بھی جگمگانے لگا تھا۔ کالا کانکر ورتمان نریس شری اودیش سنگھ جی نے اپنے کو پورن راشٹروادی اور کانگریس بھگت بنا کر یو پی کے تعلق داروگ میں اچ پد پراپت کرلیا تھا۔ کالا کانکر کا مہا تما جی کے پدارپن دوارا آپ ہی نے سرو پرتھم پاون بنایا تھا۔ آپ نے اپنے پریوار بھر کا ہی رنگ ایک دم بدل دیا تھا۔ آپ بڑے اتساہی، دیش بھگت اور نربھیک (1) ویکتی تھے۔ سائمن کمیشن کا بائیکاٹ کرنے میں آپ نے بڑا زوردار کام کیا تھا اور پھل سوروپ آپ کو انیک کشٹ اٹھانے پڑے تھے۔ کھید کی بات ہے کہ ایسے آدرش دیش بھگت نریش کا، جو اپنے کو ایک سویم سیوک سمجھتا تھا، تاریخ 20 ستمبر کے پراتہ کال سورگ واس ہوگیا۔ ہم آپ کے پریوار کے ساتھ سمویدنا (2) پرکٹ کرتے اور ایشور سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ ان کی آتما کو شانتی پردان کریں۔

ستمبر 1934ء

1۔ نربھیک: نڈر　　2۔ سمویدنا: دکھ، درد

شردّھانجلی

کاشی کے اس اُوتاری مہاپُرش، بھارتیندو، نے وکرم سنوت 1907 میں جنم لیا۔ اور سن 1941 کے ماگھ ماس کی کرشنا ششٹھی کو پنیہ لوک کا پریان کیا تھا۔ چونتیس ورش اور کچھ مہینوں کے الپ جیون میں اس نے ہندی کو جنم دے کر اس کی جو سیوا سوشروسا کی، اس کی جو شری، سنوردھنا کی، اُسے تو وہ نہیں دیکھ سکا۔ پر آج پچاس ورشوں کے بعد، ہندی کے بھکت اور سیوک اُسے دیکھ دیکھ کر نہال ہو رہے ہیں۔ واستو میں ہندی کے ودھی ودھان (1) سے 'بھارتیندو' نے اوتار لیا تھا اور اوتاری مہاپرشوں کی طرح ہی الپ کال (2) میں وہ بہت کچھ کر کے ولین (3) ہو گیا۔ آج کون ہے ان کا سمکش ؟ کوئی ہوگا، اس کی کسے خبر۔ کچھ بتروں نے انیہ بھاشا جگت میں ان کے سمکالین کرنے پر، بھارتیندو، کا پرکھر پرکاش تو الگ ہی ایک وششٹ چکا چوندھ پھیلاتا نظر آتا ہے۔ انیہ بھاشا ساہتیہ ودھاتاؤں نے اپنے جیون کے پچاس ساٹھ یا ستر ورشوں کے کال میں جو کاریہ کیا، اس سے کہیں ادھک اور وڈھی وڈّھ، ہمارے بھارتیندو، نے سترہ اٹھارہ ورشوں میں کر دکھایا۔ اس کی چتر مکھ پرتبھا ادھین شیل ویکتیوں کے ہردے آنند وبھور کر دیتی ہے۔

بھارتیندو، واستو میں ایک مہان پروش تھا۔ اس کے سچے ہردے میں جہاں راجا کے پرتی پریم تھا، وردشا گرست اپنے دیش واسیوں کے بھی سچی سہانو بھوتی اور سچا درد تھا۔ مہان کوی ہوتے ہوئے بھی اس نے گنی کویوں کو ایک ایک شبد کے لیے ایک ایک اشرفی تک بھینٹ کی۔ وہ سچا گن گراہی تھا۔ رس رنگ میں پرَ پلاوت رہتے ہوئے، انتر کا دیا جلاتے ہوئے بھی اس نے غریب بھوکوں کو شریر کے وستر تک اتار کر دان کر دئے۔ وہ سچا دانی تھا۔ آج سے ساٹھ سالوں پور وہی اس نے اس دیش کا دھن ودیش جاتے

1۔ ودھی ودھان: اصول و قانون

2۔ اُلپ کال: مختصر زمانہ، مختصر عرصہ

3۔ ولین: غائب، پوشیدہ

دیکھ کر ہردے کے آنسو بہائے تھے اور کہا تھا دیے دھن و دیش چلی جات ہے اتی خواری، وہ سچا دیش بھکت تھا۔ سماج ہت سادھن میں جاتی برادری والوں کا اور شاسکوں کی پول کھول کر گورنمنٹ کا کوپ بھاجن ہونے کی اس نے ذرا بھی پرواہ نہ کی اور کشٹوں کا بڑے ساہس سے سامنا کیا۔ ایسا تھا وہ بھارتیندو۔

پرم پرسنتا کی بات ہے کہ آج پچاس ورشوں کے بعد ہندی کے سیوکوں نے اس مہان وبھوتی کا اردھ شتابدی اتسو منانے کا آیوجن کیا ہے اور سبھی اپنے اپنے ہردے کی شرد ھانجلی ارپن کر رہے ہیں۔ ہم بھی سب کے ساتھ، سادر شردھانجلی ارپن کرتے ہوئے ایشور سے پرارتھی ہیں کہ ایک بار، پھر ایک بار، اسے اس لوک میں بھیج کر اپنی آتمجا ہندی کو دیکھ لینے کا اوسر دے کہ پچاس ورشوں میں وہ کیسی پھلی پھولی اور راشٹریہ بھاشا کا روپ دھارن کر چکی ہے۔

جنوری 1935ء

سورگیہ سوریہ ناتھ تکرو

گت 31 / دسمبر کو 10 / بجے دن میں سوریہ ناتھ تکرو کا سورگ واس ہو گیا۔ کسے معلوم تھا کہ ڈبل نمونیا کے پرہار سے وہ دیو یہ دیہہ (1) والا پرتبھا شالی یووک کیول پچیس ورشوں کی الپ آیو (۲) میں ہی یوں اکسمات کچل دیا جائے گا۔ ویسے تو دنیا میں نیتیہ ہی جیو جنم لیتے اور لے ہو جاتے ہیں، پر جس کے دوارا بھوشیت میں ہندی کی ادبھت سیوا ہونے کی آشا تھی۔ اس یووک کے ندھن پر بھلا کس ہندی پریمی کو دکھ نہ ہوگا۔ جس نے اسے گھنے لچھے دار بالوں سے یکت شیر کی طرح گردن اٹھائے دہاڑتے ہوئے دیکھا ہو، وہ بھلا جیون بھر اسے کیسے بھول سکتا ہے۔ وہ مستانہ جیوٹ والا یووک جب دروازے پر پہنچ کر دہاڑتا تھا، تب اٹکھیلیاں کرتی ہوئی کلپنائیں ان کے مکھ کی اور کیندرت ہو جاتی تھیں۔ وہ بڑا ہی ہسوڑ یووک تھا۔ جب تک وہ بیٹھتا، سماں بندھا رہتا تھا۔ وہ دل کھول کر نرودند ہو کر وارتالاپ کرتا تھا۔ اس کے ویکتتو میں جادو تھا۔ اسے پڑھنے لکھنے کا بڑا شوق تھا۔ کوئی بھی اچھی نئی کتاب نکلتی، تو سب سے پہلے خرید کر وہی پڑھتا۔ وہ اچھا لیکھک تھا اور کوئی بھی انگریزی پتروں میں بھی وہ لیکھ لکھا کرتا تھا۔ ایم۔ اے کر کے ایل۔ ایل۔ بی کی تیاری کر چکا تھا۔ ہاسیہ رساتمک لکھنے کی اس کی خاص پرورتی تھی۔ سامائک پرسنگوں پر وہ بڑے اچھے وینگیہ (3) لکھا کرتا تھا، بڑی اچھی چٹکیاں لیا کرتا تھا۔ ادھین کرتے ہوئے، گیان وردھنی باتوں کا سنگرہ کرنے میں اسے بڑی دلچسپی تھی۔ بڑا اچھا سنگرہ اس نے کر رکھا تھا۔ ہم نے جب، ہنس، کا، سودیشانک نکالا تو اس نے سودیش کے سمبندھ، شیر شک والی، سنت، کے نام سے سات پرشٹھوں کی ایسی سامگری دی، جو اُمت سے تک پریئزم کرنے اور اینک گرنتھوں کے ہزاروں پشٹھوں کا ادھین کرنے سے ہی پراپت ہو سکتی ہے۔ بات چیت کرنے میں ہنسی مذاق میں بڑا کشل، بڑا حاضر جواب۔ اس کے سنسرگ سے

1۔ دیو یہ دیہہ: دیو قامت
2۔ الپ آیو: مختصر عمر
3۔ وینگیہ: طنز

واتاورن مست ہو جاتا تھا۔ ایسے دل کش یودک کے ندھن سے سچ مچ دل کو گہرا دکھ ہوا۔ آنکھیں نم ہو گئیں۔ جیون میں اس کی یاد ہمیشہ تازی بنی رہے گی۔ ایسے سے اس کے پریوار والوں کے دکھ کا کیسے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ایشور انھیں یہ دکھ سہہ لینے کی شکتی دے۔ ہم اس سورگیہ کے پریوار کے نکٹ آتمک سمویدنا پرکٹ کرتے ہیں۔

جنوری 1935ء

۱

سورگیہ مولانا حالی کی شتابدی جینتی

سورگیہ مولانا حالی (خواجہ الطاف حسین) اردو ساہتیہ کے یگ پرورتکوں (1) میں ہیں اور گت سپتاہ ان کے جنم استھان پانی پت میں ان کی جینتی جس سمارودہ (2) سے منائی گئی وہ ان کی شان کے سردتھا یوگیہ تھی۔ سبھاپتی کے آسن کو ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال نے سوشوبھیت (3) کیا تھا اور بھارت کے پرتیک پرانت سے بھکتوں نے آکر اپنی شردھانجلی ان کی اسمرتی (4) کی بھینٹ کی۔ ان میں نواب بھی تھے۔ رئیس بھی تھے، ساہتیہ کے اُپاسک بھی تھے۔ علی گڑھ اور عثمانیہ وشو ودیالیوں نے بھی اپنے پرتی ندھی (5) بھیجے تھے۔ نظام حیدرآباد کا پرتی ندھی بھی آیا تھا۔ پانی پت میں ایک حالی مسلم ہائی اسکول ہے۔ ایک کنیا پاٹھ شالا کھولنے کا نشچے بھی کیا اور نواب صاحب بھوپال نے بیس ہزار روپے پردان کیے انیہ سجنوں نے بھی دس ہزار چندہ دیا۔

مولانا حالی اردو ساہتیہ میں نو یگ (6) کے پرورتک ہیں اردو شاعری کو النکاروں اور کرتم بھاؤں اور ورہ کے پچڑوں سے مکت کر کے اس میں جاگرتی پیدا کرنے والی بھاؤنائیں بھریں۔ آپ کا مسدس، اردو ساہتیہ کا سب سے پرسدھ کاویہ گرنتھ ہے، جس میں مولانا حالی نے مسلم راشٹریہ کے اتھان اور پتن کا ورتانت (7) اوج اور پرساد سے بھری ہوئی شیلی میں بیان کیا ہے۔ پہلے آپ غزلیں کہتے تھے پر اسے ویرتھ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ گدھ ساہتیہ میں بھی آپ کا استھان اتنا اونچا ہے۔ آپ نے سرسید احمد کا جیون چرتروں، کی بنیاد ڈالی۔ اردو ساہتیہ میں آلوچنا کے جنم داتا بھی مولانا حالی ہی ہیں۔ آپ کی شیلی گمبھیر، وچار پورن ہوتی ہے اور کٹھن سے کٹھن وشے کی بھی آپ ایسی ویاکھیا کرتے ہیں کہ وہ سگم ہو جاتا ہے ساہتیک نیتک اور دارشنک (8) وشیوں پر آپ نے کتنے ہی نبندھ لکھے، جو اردو ساہتیہ کا گورو بڑھاتے ہیں مولانا

1۔ یگ پرورتک: زمانہ ساز 2۔ سمارودہ: تقریب 3۔ سوشوبھیت: آراستہ 4۔ اسمرتی: یاد
5۔ پرتی ندھی: نمائندہ 6۔ نو یگ: زمانۂ جدید 7۔ ورتانت: خودنوشت، سرگزشت 8۔ دارشنک: فلسفی، دانشور

حالی سرسید احمد کے گھنشٹھ متروں میں تھے اور علی گڑھ یونیورسٹی کی استھاپنا میں ان کا پورن سہیوگ تھا۔ ہم بھی آپ کی اسمرتی میں اپنی شردھانجلی ارپن کرتے ہیں۔ قوم ایسے ہی کویوں اور وچارکوں سے بنتی ہے اور ہمیں یہ دیکھ کر گرو ہوتا ہے کہ اردو کے بھکت اپنے مہارتھیوں کا سمان کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ اس سماروہ میں ہندو ساہتیہ کار بھی شریک ہوئے تھے۔ ساہتیہ ایک ایسا کھیتر ہے، جہاں پنتھک بھید بھاؤ کے لیے استھان نہیں۔

نومبر 1935ء

مسٹر کپلنگ کا سورگواس

انگلینڈ کے مشہور ساہتیہ کار روڈیارڈ کپلنگ کا سورگواس ہوگیا۔ آپ کا جنم بھارت میں ہوا تھا۔ آپ کے پتا بمبئی کے آرٹ اسکول میں ادھیاپک تھے۔ روڈیارڈ کپلنگ نے یہیں شکشا پائی۔ یہیں انگریزی پتروں میں لکھنا شروع کیا اور کھیاتی پا جانے کے بعد ولایت چلے گئے۔ ان کی بھاشا میں پرواہ(1) تھا۔ وِچاروں میں پروڑھتا(2) تھی۔ اور ان کی سرجن شکتی اپورو(3) تھی۔ ان کی رچناؤں میں 'جنگل بک' کم اور فوجی کہانیاں امر ہیں۔ فوجی جیون کے جتنے یتھارتھ(4) چتر انھوں نے کھینچے، انگریزی میں بہت کم کسی نے کھینچے ہوں گے۔ آپ سامراجیہ واد کے انتیہ بھکت تھے اور آپ کے مت میں پچھم انت تک پورو پر بھوتو جمائے رکھنے کے لیے آیا تھا، پر اس مت کو سویکار نہ کرتے ہوئے بھی اس میں کوئی سندیہہ نہیں ہے کہ وہ اونچے درجے کے کلاکار تھے اور آگے چل کر شاید انھیں اپنی غلطی نظر بھی آنے لگی تھی۔

فروری 1936ء

1۔ پرواہ: روانی، فصاحت
2۔ پروڑھتا: اعلیٰ تعلیم یافتہ عورت
3۔ اپورو: جدید
4۔ یتھارتھ چتر: عملی تصویر

سمراٹ جارج پنچم کا سورگا روہن

کے اس انشٹ (1) کی شنکا تھی کہ سمراٹ جارج پنچم کا اتنے آکسمِک روپ سے سورگواس ہو جائے گا۔ مرتیو تو سنسار کا دُھرو ستیہ ہے جس نے جنم لیا ہے۔ وہ مرے گا ہی، پر سمراٹ کا انت اتنا نکٹ ہے، اس کی تو کلپنا تک نہ کی جا سکتی تھی۔ ویدھ شاسن میں جو کچھ کرتا ہے۔ منتری منڈل کرتا ہے، پر اگیات (2) روپ سے راجا کا دباؤ پڑنا انیواریہ ہے۔ یہ کون نہیں جانتا کہ دُکھی بھارت پر ان کی وشیش درشٹی رہتی تھی۔ آپ کے لیے آپ کا سامراجیہ کیول ایک مانچتر نہ تھا۔ بلکہ سجیو وستو تھا۔ جس سے آپ بھلی بھانتی پریچت تھے۔ آپ 1904ء میں بھارت آئے اور یہاں سے جا کر آپ نے انگلینڈ میں جو بھاشن دیا تھا اس میں بھارت کے پرتی سہانو بھوتی (3) کی پریرنا کی تھی۔ اسی طرح دلّی دربار کے شبھ اوسر پر بھی آپ نے بھارت کے لیے سانتونا بھرے اُتساہ بڑھانے والے شبد کہے۔ آج آپ کی مرتیو سے بھارت کو اپنے ایک سچے ہتیشی اٹھ جانے کا شاک (4) ہو رہا ہے۔ آپ کا راجیہ کال اپنی سو کیرتی کے لیے بہت دنوں تک یاد رہے گا۔

فروری 1936ء

1۔ انشٹ:
2۔ اگیات: نامعلوم
3۔ سہانو بھوتی: ہمدردی
4۔ شاک: افسوس

حضرت راشد الخیری کا سورگواس

حضرت راشد الخیر ی کے سورگواس سے اردو ساہتیہ میں ایسا استھان خالی ہوگیا، جس کی پورتی مشکل سے ہوگی۔ آپ ان لیکھکوں میں تھے، جو سماج میں انیائے نہیں دیکھ سکتے اور ہمیشہ اس کے خلاف جہاد کرتے رہے ہیں۔ آپ نے اپنی ساری پرتبھا (1) مسلم مہیلاؤں کی وکالت کی بھینٹ کر دی۔ آپ کی لیکھنی سے کرونا (2) کی دھارا سی بہتی تھی۔ مہیلا جیون اور ان کے منو بھاؤں کا آپ نے گہرا ادھین کیا تھا اور جب اپنے پاتروں کو کرونا کتھا کہتے تھے، تو اس وےتھا (3) کا چتر سا کھینچ دیتے تھے۔ آپ نے سینکڑوں پستکیں لکھی ہیں اور جو جن پریتا آپ کو پراپت ہوئی، وہ پرلے ہی کسی کو ملی ہوگی۔ آپ کی شیلی سروتھا انوٹھی ہے۔ بہتوں نے اس کی نقل کی ہے پر کوئی سپھل نہ ہوا۔ اس میں آپ کا ویکتتو (4) آئینے کی طرح جھلکتا ہے دلّی کی پیاری زبان لکھنے والے آپ کے بعد اب اور کوئی نظر نہیں آتا ایشور آپ کو سورگ پردان کرے۔

مارچ 1936ء

1۔ پرتبھا: صلاحیت
2۔ کرونا: دکھ، درد
3۔ وےتھا: تکلیف
4۔ ویکتتو: شخصیت

شری متی کملا نہرو کا سور گواس

جس وقت شری کملا نہرو کے سور گواس کی خبر اخباروں میں نکلی، تو ایسا کون آدمی تھا، جو اخبار کو پٹک کر، سر پر ہاتھ رکھ کر کئی منٹ تک مرماہت کی سی دشا میں کھو نہ گیا ہو۔ یہ کیول راشٹر کی ویر سیویکا کی مرتیو نہ تھی، اپنی ہی بہن یا ماتا کی مرتیو تھی۔ اس سوکشم میں دیہہ میں کتنی سادھنا شکتی تھی جس نے کبھی تیاگ کو تیاگ اور خطرے کو خطرہ نہ سمجھا اور کٹھن سے کٹھن یاتنائیں (1) ہنس کر جھیلی۔ یہ آپ کے اس پریم کی وبھوتی تھی۔ جس نے سارے دیش کو اپنے اندر سمیٹ لیا تھا۔ تیاگ اور ساہس پریم ہی کے بھن روپ تو ہیں جس میں پریم قابل نہیں وہ راشٹر پر اپنے کو ہوم کیسے کر سکتا ہے۔ جس وقت آپ یہاں سے یوروپ گئیں تو ہمیں آشا تھی آپ وہاں سے سوستھ ہو کر لوٹیں گی۔ آپ کی حالت کچھ کچھ سنبھلنے کی خبریں بھی آئی تھیں۔ پنڈت جواہر لال نہرو جی جب بے ڈن وائلر سے لندن آئے، تو ہم نے سمجھا، اب کوئی خطرہ نہیں رہا، مگر ہماری آشائیں جھوٹی نکلیں اور آپ راشٹر کے سامنے ویر ناری کا امر آدرش رکھ کر پرستھان کر گئیں۔ ہمیں پنڈت جواہر لال سے اس ماتم میں دلی ہمدردی ہے، جن کا تپسوی، کشور کرتو یہ کا ابھیست (3) جیون بھی اس سونے پن کو شاید ہی مٹا سکے۔

اپریل 1936ء

1۔ یاتنائیں: سزائیں
2۔ امر آدرش: لافانی نمونہ ملقوش
3۔ ابھیست: معروف

شری میتھلی شرن سورن جینتی

شری میتھلی شرن جی نے ہندی ساہتیہ کی جو سیوا کی ہے اتنی شاید کسی ویکتی نے نہیں کی۔ ہندی کے نوین پدھیہ (1)۔ ساہتیہ میں سے ان کی وبھوتیوں (2) کو نکال ڈالیے تو وہ کیول پھٹ کر کویتاؤں کا سنگرہ ماتر رہ جاتا ہے۔ مہا کاویوں کا اُدی سے ہی ساہتیہ میں سراوچ استھان رہا ہے۔ سنسار ساہتیہ میں آج بھی جن گرنتھوں کا سب سے زیادہ آدر ہے وہ مہا کاویہ ہی ہے اور گپت جی نے ایک دو نہیں، قریب۔ قریب ایک درجن مہا کاویوں کی رچنا کر ڈالی ہے۔ کسی بھی ساہتیہ میں یہ گورَو دو ہی چار کوی سرانوں کو ملا ہوگا۔ آپ کی رچناؤں کا روپ تو پُرانے آدرشوں کے انوکول (3) ہی ہے۔ مگر ان میں نئے یگ کا اسپندن (4) ہے اور جاگرتی ہے آپ کے رچے ہوئے چرتر آدرش ہوتے ہوئے بھی مانو ہے تلسی داس کے چرتروں کی بھانتی دیوتا یا واکشش نہیں۔ رسوں کو ویکت کرنے میں اور ان کے پرواہ میں پاٹھک کو بہا لے جانے میں گپت جی کو کمال ہے۔ آپ اس سے پچاسویں سال میں ہیں۔ آگامی شراون شکلا یانے 21 جولائی 1936 کو آپ پچاس پورے کر کے اکیانویں ورش میں پدار پن کریں گے۔ شری بال کرشن جی شرما، نوین، نے ناگپور کے کوی۔ سمیلن میں اپنا سدارتی بھاشن دیتے ہوئے یہ پرستاؤ کیا تھا کہ ہندی ساہتیہ پریمیوں کو اس دن گپت جی کی سورن جینتی کا اتسو منانا چاہیے کہ ہم اس پرستاؤ کا ہردے سے سمرتھن (5) کرتے ہیں۔ آپ نے اتسو منانے کے دو روپ بتائے ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس تتھی کو ہندی کے پرکھ ساہتیہ سیوی گپت جی کے نواس استھان چرگاؤں میں جمع ہو کر انھیں بدھائی دیں۔ دوسرا یہ کہ سبھی بڑے بڑے شہروں میں سبھائیں کی جائیں اور گپت جی کی ساہتیہ سیواؤں کی چرچا ہو اور ان کے دیرگھ جیون کی کامنا کی جائے ایک تیسرا پرستاؤ شری یت رام چندر جی ٹنڈن، سمپادک، ہندوستانی، الہ آباد کا ہے

1۔ نوین پدھیہ: جدید نظم، جدید شاعری — 2۔ وبھوتی: صلاحیت

3: انوکول: موافق — 4۔ اسپندن: لرزہ، لرزش — 5۔ سمرتھن: حمایت

کہ اس جینتی کے اتسو میں گپت جی کی سمپورن رچناؤں کا ایک اسٹینڈرڈ ایڈیشن نکالا جائے مگر ابھی تو گپت جی پچاسویں سال میں ہی ہیں۔ ابھی انھیں کم سے کم ستر تک جینا ہے، یعنی سابھیک جیون جینا ہے۔ اس لیے یہ ایڈیشن تو پھر بھی ادھورا ہی رہے گا۔ ہاں نوین جی کے دونوں پرستاؤ دیوہارک ہیں اور ادسر کے انوکول ہیں، مگر ہم اتنا نویدن کر دینا چاہتے ہیں کہ اگر کوئی ساہتیہ سیوی چرگاؤں نہ پہنچ کر کیول پتر دوارا بدھائی بھینٹ کردیں تو اُسے بھی وہی یش ملے، جو وہاں اپستھت ہونے والوں کو ملے گا۔

جون 1936ء

ڈاکٹر ایم اے انصاری کا سورگواس

ڈاکٹر انصاری کے سورگ واس سے راشٹر کو جو چھتی پہنچی ہے، اس کی پورتی مشکل ہے۔ آپ کا جیون تیاگ اور ادمیہ اُتساہ (1) کا آدرش تھا۔ ہتاش (2) ہونا آپ نے کبھی جانا ہی نہیں۔ آپ جتنے یوگیہ جنرل تھے۔ اتنے ہی یوگیہ سینک بھی تھے۔ قومی کام کے سامنے آپ نے نہ دھن کی پرواہ کی نہ سواستھیہ کی۔ ادھر آپ کا سواستھیہ کچھ دنوں سے خراب ہو رہا تھا، مگر وہ آشنکا تو ہو ہی نہیں سکتی کہ آپ کا انت اتنا نکٹ ہے۔ شوک!

جون 1936ء

1۔ اُدمیہ اُتساہ: انسانی اُمنگ

2۔ ہتاش: پست ہمت، مایوس، مغموم

نیائے کا پرشن

جوری ٹرائل

خون یا فوجداری کے مقدموں میں جوری کی پنچ کی صلاح لینا، ایک پراچین پرتھا (1) ہے، پر آج کل بھارت کی عدالتوں میں اس پرتھا کو جوروپ دیا گیا ہے، وہ بھارت کے لیے نیا ہے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے یہاں کے نیایالیوں میں جوری کا اتنا آدر نہیں ہوتا۔ اس کے لیے کئی ایسی اسویدھائیں ہیں جس سے پرتی دن ناگرک اس پد پرتشٹھت (2) کیے جانے سے بہانے بازی کر کے کام نہیں کرنا چاہتے۔ جوری کو جتنا بھتا ملتا ہے، وہ اس کی ہانی کو دیکھتے ہوئے اتنا کم ہوتا کہ ادھیکانش لوگ جوری میں بلائے جانے کے نام سے ہی کانپ اُٹھتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ بھارت میں جوری پرتھا وشیش سپھل نہیں ہو رہی ہے۔

پھر بھی یہ کہنا کہ یہاں کے جوری نش پکش نہیں ہوتے ان کی نیت خراب ہوتی ہے ان پر وشواش نہیں کیا جاسکتا اتیادی، یہاں کے دیش واسیوں کے چرتر پر ہی دوش لگانا ہے اور ہمیں دُکھ ہے کہ پٹنہ ہائی کورٹ کے سمانت (3) ججوں نے کیول ایک مقدمے کی گتی دیکھ کر اتنی کڑی تتھا ذمہ داری بات کہہ ڈالی۔ یہاں کے ایک گاؤں میں ایک گوالہ عام راستے سے اپنا بیل لیے جا رہا تھا۔ گاؤں کے کچھ زمیندار یا دھنی کاشت کاروں نے اُسے کھلا بیل لے جانے سے منع کیا۔ کیوں کہ اس میں فصل چر لیے جانے کا بھے تھا گوالے نے اپنے ادھیکار کو چھوڑ کر اُسویکار کیا۔ بات بڑھ گئی۔ معاملہ دورہ جج کے اجلاس پر آیا۔ نو سے سات جوریوں نے بھی یکسوں کو نرپرادھ پایا۔ دورہ جج نے معاملہ پٹنہ ہائی کورٹ میں بھیج دیا۔ وہاں کئی کو پھانسی لگی یا کالے پانی کی سزا ملی۔

1۔ پرتھا: رسم　　2۔ پرتشٹھت: مدعو

3۔ سمانت: عزت یافتہ، لائق احترام

مقدمہ بہار کا ہے، اتہ پوری رپورٹ ہمارے پاس نہیں ہے۔ پر عدالتی باریکیوں پر کچھ لکھنا ہی ویرتھ (1) ہے ابھی حال میں الہ آباد ہائی کورٹ نے مرزاپور کے دنگے کے وشے میں جو فیصلہ سنایا ہے اس سے یہ اسپشٹ ہو جاتا ہے کہ ذرا سی بھول سے قانون بڑی ہانی کر سکتا ہے۔ اتہ ایو دورہ جج کی ہی رائے ٹھیک ہے، یا پٹنہ ہائی کورٹ کا نرنے ٹھیک ہے۔ یہ قانون داں جانیں، ہمارے ہردے میں دونوں کے لیے سمان آدر ہے۔ پر اس وشے میں جوری کی رائے کو ''پکش پات پورن'' مان لینا، انھیں بے ایمان سا سمجھ لینا تھا اس اداہرن سے یہ صلاح دے بیٹھنا کہ بھارت میں جوری پرتھا غلط ثابت ہو رہی ہے، بڑی کڑوی بات ہے۔ شاید ضرورت سے زیادہ ہے اور ہماری سمتی میں ہائی کورٹ کے آدرنیہ ججوں نے سوچے بھارت کے لیے ایک بھیشن لانچھن لگایا ہے۔

بھارتیوں کی آیوگیتا (2) پر مانت کرتے رہنا ہر طرح سے اس کی غلط راستے پر چلنے والا، نیتک درشٹی سے بھرشٹ سدھ کرنا یہ ''اسٹیٹس مین'' ایسے پتروں کے لیے بڑا ہی روچی کر کاریہ ہے اور ہمیں یہ دیکھ کر آشچریہ نہیں ہوا کہ اپنے چھ فروری کے انک میں ''اسٹیٹس مین'' نے اسی پر ایک اگر لیکھ تک لکھا ہے اور لکھنے کے جوش میں ہائی کورٹ دوارا سدھ اپرادھیوں کو ''نیچ'' لکھا ہے ''لچا'' (رفینس) کا پریوگ شاید ہائی کورٹ کے نرنے کی مہتہ دکھلانے اور جوریوں کے چرتر بل کی ہینتا دکھلانے کے لیے کیا گیا ہے۔ انگلینڈ ایسے آدرش دیشو[illegible]ی جوری دوارا مقدمے کرانے کے وشے میں وواد (3) اٹھ چکا ہے۔ ہمیں یہ بھی گیات (4[illegible]یاں ابھی تک بھارت[illegible]یں گھٹنائیں ہوتی ہیں۔ کیا ''اسٹیٹس مین'' وہی باتیں انگلینڈ کے لیے بھی [illegible] تیار ہے۔ بھارت تو [illegible]ت، مورکھ، چرترہین (5) ہے ہی پر یدی اس سے کہیں بھیشن آروپ ہم [illegible]سکوں کی جاتی پر کرتے، تو یہ ہماری نیچتا یا قانون کے لحاظ کے پاس سمجھا جاتا۔ پر ہمیں معلوم ہے کہ [illegible]ٹش چرتر کے دوشن ہیں تو بھوشن بھی۔ اسی طرح بھارتیہ چرتر کے بھی اور دوشن کی اپیکشا بھوشن ادھک [illegible]۔

13 فروری 1933ء

1۔ ویرتھ: بیکار، رائگاں
2۔ آیوگیتا: نااہلیت
3۔ وواد: اختلاف
4۔ گیات: علم
5۔ چرترہین: بدچلن، غیر مہذب

بنارس کی اندھیری کچہریاں

اور جگہوں کا تو ہمیں انوبھو نہیں۔ پر بنارس کے آن ریری منصفوں کے اجلاس میں جو مقدمہ ایک بار گیا، بس سمجھ لیجیے کہ چار چھ مہینے کے لیے چھٹی ہو گئی۔ روز دونوں فریق والے اجلاس کے دوار پر جوتیاں چٹکاتے ہیں۔ مقدمہ پیش ہوتا ہے اور مشکل سے آدھ گھنٹے کی کار یہ وائی کے بعد دوسرے دن کے لیے ملتوی کر دیا جاتا ہے۔ دس دس پانچ پانچ روپے کے معاملوں کی پیروی میں سیکڑوں کا وارا نیارا ہو جاتا ہے۔ روز گواہوں کی سواری اور جل پان کا خرچ اور وکیل کا محنتانہ چاہیے۔ شاید سرکار نے ان آن ریری منصفوں کو اسی لیے بنایا ہے کہ ان کے اجلاس میں جو ایک بار پھنس جائے وہ پھر زندگی بھر کے لیے کان پکڑ لے اور بھول کر بھی کچہری کے احاطے میں نہ جائے۔ ان بھلے آدمیوں کو نہ جانے اتنی موٹی سی بات کیوں نہیں سوجھتی کہ ان کی اس ڈھیل سے مقدمے والوں کو کتنی تکلیف، کتنی پریشانی ہوتی ہے۔ اپنا سارا کاروبار چھوڑ کر کچہری میں پڑے رہنا اور ایک دو دن نہیں، مہینوں، اس طرح تو شیطان بھی نہیں گھلاتا۔ ہمیں یاد ہے خفیفا میں ایسے معاملے دس دس منٹ میں طے ہو جایا کرتے تھے۔ ان اندھیری اجلاسوں میں وکیلوں کی تو چاندی ہے۔ یہاں دن بھر ٹکے سے بھینٹ نہ ہوتی تھی۔ وہاں اگر کوئی مقدمہ مہینہ بھر بھی چلا تو اچھی خاصی رقم ہاتھ آ گئی یہ آن ریری منصف اپنی اَیوگیتا کے کارن خود تو سوچ سمجھ سکتے نہیں، سوارتھی (1) وکیلوں کی من مانی کرتے ہیں۔ پہلے تو آن ریری مجسٹریٹوں کا ہی رونا تھا اب ان کے بڑے بھائی آن ریری منصف بھی پیدا ہوئے۔ جو بہت سی باتوں میں ان سے بھی بڑھے ہوئے ہیں ہمارے ایک دوست کہتے ہیں کہ ایک معمولی مار پیٹ کا مقدمہ یہیں کی اندھیری اجلاس میں نو مہینے چلا۔ اور دونوں فریقوں کے ایک ایک ہزار بگڑ گئے، تب صلح ہوئی اسی طرح کے اور بھی بہت سے معاملے سننے میں آئے ہیں ایک صاحب تو چار بجے تک تاش کھیلتے ہیں۔ ادھر نیم کے پیڑ کے نیچے مقدمے والے اور ان کے وکیل پڑے اونگھا کرتے ہیں۔

1۔ سوارتھی

کہیں چار بجے منصف صاحب آہستہ سے اجلاس پر جاتے ہیں اور آدھ گھنٹہ بیٹھ کر پھر اندر داخل ہو جاتے ہیں۔ فریقین تباہ ہوں، ان کی بلا سے اور ہے بھی ٹھیک۔ انھیں جب وتن نہیں ملتا، تو کیوں تن دہی سے کام کریں۔ سرکار نے انھیں بے کار بھرنے کے لیے نامزد کر دیا ہے بے کار بھرتے ہیں۔ دھلوے میں کبھی کبھی افسروں سے ہاتھ ملانے کا سوادسرل جاتا ہے۔ کیا ہم آشا کریں کہ کاشی کے نیائے وبھاگ کے ادھیکاری اس اندھیر کی اور دھیان دیں گے؟ آن ریری منصف بنانا ہی ہے، تو ایسوں کو بنایئے جو کچھ دماغ رکھتے ہوں۔ نکمے منصف بنا کر جنتا کا گلا کیوں پھندے میں ڈالتے ہیں۔

5/جون 1933ء

نیائے میں وِلمب انیائے ہے

جسٹس ینگ کے لاہور ہائی کورٹ میں چیف جج کا چارج لیتے ہوئے کہا کہ انگریزی کے میگنا کارٹا کی ایک شرط یہ تھی کہ ہم نیائے میں ولمب (1) نہ کریں گے، جو انیائے کے تُلیہ (2) ہے۔ آپ نے کہا کہ انگلینڈ میں تو ابھی تک اس شرط کی پابندی ہوتی چلی جاتی ہے۔ لیکن بھارت میں اُسے عدالتیں بھول گئی ہیں اور آج ایک طرح سے عدالتوں میں انیائے ہی ہوتا ہے کیوں کہ نیائے اتنی دیر میں ہوتا ہے کہ وہ انیائے کے سمان ہو جاتا ہے۔ اکثر آٹھ آٹھ سال میں اپیلوں کا نمبر آتا ہے۔ ججوں کی سنکھیا تو بڑھائی نہیں جاسکتی۔ اس لیے مسٹر ینگ کی رائے ہے کہ عدالتوں کی چھٹیاں گھٹا دینی چاہیے، تاکہ کام بقایہ نہ رہے۔ آپ کے خیال میں ہولی میں، دسہرہ، بڑا دن، ایسٹر، عید اور محرم یہی چھٹیاں کافی ہیں۔ آپ نے بہت ہی ٹھیک کہا کہ جب دھارمک ویاپاری سال میں اس کی آدھی چھٹیاں بھی نہیں مناتے تو کیا وکیل اور جج ان سے زیادہ دھارمک ہیں جو سال میں چھ مہینے دھرموتسو (3) ہی منایا کریں۔ جسٹس ینگ نے ایک بڑے ہی مہتو کا پرشن اُٹھایا ہے اور یدی اُن کے ادھوگ سے عدالتوں کی تعطیلیں کم ہوں گی اور نیائے کی گتی (4) تیز ہوگی، تو ان کا نام امر ہو جائے گا کیوں کہ اب تک یہاں شکشا اور عدالت یہ دونوں وبھاگ کیول چین کی بنسی بجانے کے لیے ہیں۔ لمبی لمبی تعطیلوں میں آنریبل جج صاحبان یوروپ کی سیر کو نکلتے ہیں۔ مفت میں ویتن ملے تو کام کیوں کیا جائے؟

14 مئی 1934ء

1۔ ولمب: تاخیر، دیر　2۔ تُلیہ: ہم پلہ، برابر　3۔ دھرموتسو: مذہبی تیوہار، جشن

4۔ گتی: رفتار، چال　5۔ ویتن: تنخواہ

انگریزی نیائے پرمپرا

سر شادی لال نے لاہور کی چیف جج کا پد تیاگ کرتے سے انگریزی نیائے پرمپرا (1) پر بڑا روچک بھاشن دیا اور انگریزی عدالتوں کی مثالیں پیش کیں۔ وہاں نیائے وبھاگ گورنمنٹ سے بالکل الگ ہے۔ بھارت میں بھی اسی آدرش پر عدالتوں کی استھاپنا ہوئی ہے لیکن یہاں وہ آزادی کہاں؟ اگر عدالت نے گورنمنٹ کی نیتی کے ورودھ (2) کوئی فیصلہ کیا، تو اس کا پھل اسے جلد ہی ملے گا۔ سر شادی لال نے ججوں کے لیے یہی سب سے شریشٹھ مارگ بتلایا کہ وے بھی ہانی لابھ کا وچار نہ کر کے سدیو نیائے کی رکشا کریں اور گورنمنٹ اس کا جو دنڈ یا پرسکار دے اُسے چپ چاپ سویکار کر لیں۔

لیکن ججوں کے دل میں یہ بات سمائے گی اس میں سندیہہ (3) ہے۔

14 مئی 1934ء

1۔ پرمپرا: رسم و رواج
2۔ ورودھ: برخلاف
3 سندیہہ: شبہ

عدالتوں میں دھوتی

ہماری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ عدالتوں میں دھوتی کا کیوں بہشکار (1) کیا جاتا ہے؟ گاندھی ٹوپی تو خیر راشٹریتا کا چنہ ہے، لیکن دھوتی تو سبھی پہنتے ہیں، یہاں تک کہ مسلمان بھی گھر پر اکثر تہہ بند ہی باندھتے ہیں لیکن پھر بھی عدالتوں میں دھوتی پہننا عدالتوں کا اپمان (2) کرنا ہے۔ کیا دھوتی سے دیہہ نیچے کا بھاگ کھلا رہتا ہے؟ دھوتی تو اکثر ایڑی تک لٹکتی ہے۔ اور اگر اونچی بھی رہے تو کیا وہ اس جانگھیے سے بھی اونچی ہوتی ہے جو لڑائی کے بعد سے اتنا پرچلت (3) ہو گیا ہے کہ حکام اجلاس پر بھی اُسے پہنتے ہیں۔ اس جانگھیے سے تو آدمی جانگھ تک کھلی رہتی ہے، دھوتی کو تو اگر کفنی کے روپ میں بھی پہنا جائے تو وہ گھٹنے سے تھوڑی ہی اوپر رہتی ہے پھر دھوتی پہننا کیوں جرم سمجھا جاتا ہے؟ کوئی کوئی صاحب بہادر تو دھوتی دیکھتے ہی جامے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ وکیل یا ڈاکٹر یا دیاپاری انگریزوں کو تو دھوتیوں سے چڑھ نہیں ہے، وہاں لوگ بے دھڑک دھوتی پہنے جاتے ہیں۔ دھوتی کی ممانعت کیول عدالتوں کے لیے ہے۔ بمبئی اور مدراس میں تو اکثر ہندو جج بھی دھوتی ہی پہنتے ہیں۔ پھر کیا دھوتی اسی پرانت میں آکر اپمان کی وستو ہو جاتی ہے؟ کیا اس سے بھی یہاں سوادھینتا (4) کی گندھ آتی ہے۔

31 اکتوبر 1932ء

1۔ بہشکار: مخالف
2۔ اَپمان: بے عزت
3۔ پرچلت: رائج
4۔ سوادھینتا: آزادی

سن یکت پرانت میں پھلوں کی کاشت

بیس پچیس سال پہلے پھل کیول منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائے جاتے تھے۔ ان کے پوشک گنوں سے جنتا میں بڑی انبھگتا (1) تھی۔ ورت میں بھی ان کا ویوہار دودھ کھوئے کی چیزوں کے بعد کیول من بہلاؤ کے لیے کرلیا جاتا تھا۔ رئیس لوگ اپنے باغیچوں میں پھل پیدا کرتے تھے پر کیول شوق کے لیے پھلوں کا کوئی ویوسائک مہتو نہ تھا اس لیے کہ جنتا میں ان کی مانگ نہ تھی۔ لکھنؤ کے خربوزے اور آم پریاگ کے امرود، کاشی کے لنگڑے ضرور مشہور تھے۔ پر ان سوادھیس لوگ ہی اٹھاتے تھے۔ گاؤں میں ہر کسان کے پاس دس پانچ پیڑ آم، مہوا کٹھل آدی ہوتے تھے اور وہ ہر سال میں دو چار دن ان چیزوں کا سواد لے لیا کرتا تھا۔ ان سے اس کے جیون کی کوئی آوشیکتا نہ پوری ہوتی تھی۔ ایسا برلا ہی کوئی پھل ہے، جس میں اوگن نہ بتائے جاتے ہوں۔ امرود اور بیر سے کھانسی آتی تھی آم گرمی کرتا تھا۔ کیلے بخار پیدا کرتے تھے، شریفہ بلغم لاتے تھے۔ پر اس طرف پھلوں کا بھوجن مولیہ بہت بڑھ گیا ہے۔ اس پرانت میں ناگ پور سے لاکھوں روپیہ کے سنترے، بہار کے آم، بمبئی اور کولکتہ کے کیلے، پشاور کے انار، کشمیر کے سیب آکر کھپ جاتے ہیں۔ پھر بھی ابھی تک پھلوں کی کاشت کی اور نہ شکشت جنتا کا دھیان ہے، نہ زمینداروں کا۔ اس ویوسائے کے لیے بہت بڑی پونجی کی ضرورت نہیں۔ جس کے پاس دو چار ایکڑ زمین تھوڑا سا ہے اور دو چار سو روپیہ ہیں وہ اسے مزے سے کرسکتا ہے۔ ان چیزوں کے لیے بازار کھوجنے کہیں جانا نہیں ہے بازار بنا بنایا ہے۔ مال کے آنے کی دیر ہے۔ منڈی تیزی کا اثر بھی اس پر بہت کم پڑتا ہے۔ اس وشے کا ساہتیہ بھی کرشی وبھاگ (2) سے آسانی سے مل سکتا ہے۔ یدی کوئی سجن اس وشے پر کچھ لکھنا چاہے تو ہم دھنیواد کے ساتھ اُسے پرکاشت کریں گے۔

1۔ انبھگتا: ناواقفیت
2۔ کرشی وبھاگ: محکمۂ کاشت کاری

ہم پریتن (1) کررہے ہیں کہ اس وشے پر جاگرن، میں ایک لیکھ مالا کرم سے پرکاشت کریں۔ جو مہانو بھاؤ ہمیں اس وشے کی اپیوگی پستکوں کا نام بتا کر یا کچھ لکھ کر سہایتا دیں گے ہم ان کے انوگرہت ہوں گے۔

7 نومبر 1932ء

1۔ پریتن: کوشش

کارنولوں میں جوا

کارنولوں کا مکھیہ ادیشیہ جنتا کے لیے سوستھ منو ونود (1) کی سامگری پہچانا ہے۔ لیکن ہمیں دُکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ کاشی میں آج کا جو کارنول آئے ہوئے ہیں، وہاں جوے کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ دو چار اینگلو اِنڈیا یا عیسائی یووتیوں یووکوں کو آکرشت (2) کرنے کے لیے بیٹھا دی جاتی ہیں اور طرح طرح کے جوے کھلائے جاتے ہیں۔ کہیں چوڑی ہے کہیں تیر کا نشانہ ہے کہیں کچھ اس سے کتنی کرو چی پھیلتی ہے اور کو پرورتیوں (3) کو کتنی اتیجنا ملتی ہے۔ اس کا انومان کرنا کٹھن ہے۔ معمولی جوا کھیلنے والوں پر پولس کے دھاوے ہوا کرتے ہیں۔ حالاں کہ وے گپت استھان میں گپت روپ سے کھیلتے ہیں لیکن یہاں دن دہاڑے جوا ہوتا ہے، پر کوئی نہیں بولتا۔ اس میں کیا رہسیہ ہے، یہ سمجھ میں نہیں آتا کیا ادھیکاریوں کو اس جوے کی خبر نہیں ہوتی؟ ہم نے تو کئی بار پولس کے کرمچاریوں کو جوا کھیلتے دیکھا ہے اُچ پد ادھیکاری بھی اکثر کارنولوں کی سیر کرنے جاتے ہیں پر کسی نے کچھ آپتی (4) کی ہو ایسا کبھی سننے میں نہیں آیا۔ ہمارا ادھیکاریوں سے انورودھ ہے کہ وہ کارنولوں پر کڑی نگاہ رکھیں جس سے انھیں زہر پھیلانے کا اوسر نہ ملے۔

7 نومبر 1932ء

1۔ منو ونود: دل تفریح　　2۔ آکرشت: متوجہ

3۔ کو پرورتی: بری رسم　　4۔ آپتی: اعتراض

جوے کا یگ: 1

یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ پُرانے زمانے میں جوے کا رواج نہ تھا کیوں کہ پانڈووں نے کوروؤں کے ساتھ جوا کھیلا تھا۔ نل بھی پکے جواری تھے اور پُرانے ناٹکوں میں بھی جوے کا ذکر آیا ہے پر یہاں جوا کھیلنا بُرا ضرور سمجھا جاتا تھا۔ دیوالی کے ایک دن آگے اور پیچھے لوگوں پر جوے کا بھوت سوار ہو جایا کرتا تھا۔ لیکن ورتمان یگ میں تو جوا جیون کے ہر پہلو میں اس طرح گھس گیا ہے کہ اسے جوے کا یگ کہیے تو انوچت نہ ہوگا۔ بازار میں صابن، تیل، سگریٹ، دنت منجن کچھ خریدنے جایئے، آپ کو دام کے بدلے میں کیول سودا ہی نہ ملے گا، انعام کا پرلوبھن بھی ملے گا۔ اس لیے آپ ضرورت نہ رہنے پر بھی اس جوے میں اپنی تقدیر آزمانے کے لیے یہ چیز خرید لیتے ہیں۔ لاٹری اور گھڑ دوڑ کو چھوڑیے وہ تو پرانی چیز ہوگئی اب تو ساہتیہ میں بھی جوے کا دور ہے آپ پستکیں خریدیے۔ پُستک کے اتی رکت آپ کو انعام بھی ملے گا۔ کارنیول والے اس طرح کا پرلوبھن (1) دیتے ہی تھے، اب سودیشی پردرشنیوں (2 میں بھی لکی ٹکٹ رکھے جاتے ہیں اور جن کے نام وے ٹکٹ پڑ جاتے ہیں، انھیں انعام ملتا ہے سماچار والے کیوں چوکنے لگے، انھوں نے پرتی یوگتا پُرسکار نکال لیا اور سنا ہے۔ انگلینڈ کے بعضے اخبار ایک یا دو لاکھ پونڈ ہفتے وار انعام دے رہے ہیں۔ غلام ہندوستان کے لیے تو کوئی چیز یوروپ سے آجانی چاہیے وہ آنکھیں مونڈ کر اس کا سواگت (3) کرنے کو تیار ہے۔ آج ایک انگریزی پتر میں بھاگیہ شالی ویکتیوں کے نام چھپے ہیں۔ جنھوں نے کوپرن دنت منجن خریدا تھا۔ اس لیے جنھیں بے کاری ستا رہی ہے وے لپک کر کوپرن ٹوتھ پیسٹ خرید کر اپنے بھاگیہ کی پریکشا کریں۔ واہ رے پچھم کی سبھیتا تو نے مانوتا کے لیے تو کہیں جگہ ہی نہیں رکھی۔ چاروں طرف (4) تکرشٹ دیوسا یکتا کا راج ہے۔ سنتے ہیں ہمارے بڑے بڑے مارواڑی سجن جو آج بھارت کے نیتا

1۔ پرلوبھن: لالچ
2۔ پردرشنی: نمائش، میلہ
3۔ سُواگت: استقبال
4۔ نکرشٹ

کھلا رہے ہیں، سٹے بازی کی بدولت کروڑ پتی بن گئے۔آج کل تو دھن پجتا ہے۔آپ کسی طرح دھن کے پر بھو بن جائیے۔ دِوالا نکال کر، جعلی نوٹ چلا کر یا نقلی دستاویز بنا کر اس سے مطلب نہیں۔آپ کے پاس دھن ہونا چاہیے۔آپ کا چاروں طرف آدر ہوگا، سب آپ کے سامنے گھٹنے ٹیکیں گے۔ جو ساج سدھار کے دیوانے ہیں وے بھی آپ کے دوار پر حاضری دیں گے۔ کیوں کہ آپ کے پاس دھن ہے آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ خوب جوا کھیلیے، خوب شراب پیجیے، خوب دوسری عورتوں کو گھوریے اور اپنی شادی نہ کیجیے اور دن میں دو چار درجن ڈبے سگریٹ کے پھونک ڈالیے۔ بس آپ اوّل درجے کے جینٹل مین ہیں، اس میں جو شک کرے وہ کافر۔

25 دسمبر 1933ء

جوے کا یگ: 2

لوبھ (1) کو جب پر لگ جاتے ہیں، تب وہ جوا ہو جاتا ہے۔ یوں کبھی بھی اس کا زور کم نہیں رہا۔ دھرم نے اپنی ساری دَیوِک (2) اور آدھیا تمک (3) شکتی لگا کر بھی اس کا زور نہیں گھٹا پایا۔ نیتی کے وچارکوں نے سدیو اس کے وِرودّھ (4) جہاد کیا۔ لیکن اس کا زور سمے کے ساتھ بڑھتا ہی چلا جاتا ہے اور اب تو وہ ہوائی جہاز پر اڑ رہا ہے۔ جدھر دیکھیے ادھر اسی کا دور دورہ ہے۔ ویاپار میں جوا ویوہار میں جوا، رتووں میں جوا، منورنجن میں جوا، غرض آج کا سنسار جوامے ہو گیا۔ دھرم میں اس کا پرویش بہت پہلے ہو چکا تھا۔ اب ساہتیہ پر بھی اس نے قدم بڑھایا ہے۔ پہیلیوں اور شبد جالوں کی دھوم ہے۔ پتروں اور پستکوں پر نمبر ڈالے جاتے ہیں اور دو چار چنے ہوئے نمبروں پر انعام رکھ دیا جاتا ہے جس کے پاس اس نمبر کا پتر پہنچ جائے، وہ ایک نشچت رقم پا جاتا ہے۔ اس بے کاری اور سرد بازاری کے زمانے میں بس یہی روزگار دھڑلے سے چل رہا ہے۔ دردرتا (5) کے ہاتھوں میں ستائے ہوئے لاکھوں آدمی اس تنکے کے سہارے کی آشا میں اپنے اشرفیوں کے سمان پیسوں کا خون کرتے ہیں اور اپنی قسمت ٹھوک کر رہ جاتے ہیں۔ ان پتروں اور پستکوں کے پرکاشکوں کو اپنی بکری کے لیے ایسا پرلوبھن دیتے ہوئے ذرا بھی شرم نہیں آتی۔ کیوں کہ ویاپار، ویاپار ہے اور اس کا کام ہے جیسے بھی ہو جنتا کی جیب سے روپے نکال لینا۔ ان پرکاشکوں کو معلوم ہے کہ وے جو چیزیں جنتا کو دے رہے ہیں وے لچر ہیں۔ اور ان کا ساہتیک مہتو کچھ نہیں ہے۔ اس لیے وہ جنتا کی لوبھ بھاونا کو اُتّیجت (6) کر کے اپنا مطلب گانٹھتے ہیں۔ واہ رے یوروپ تیری غلامی ہمیں نہ جانے پتن کی کس گہرائی تک لے جائے گی۔ اور مزہ یہ ہے کہ یہ پتن اپنے ہتھکنڈوں کی صفائی بھی دیتے ہیں اور بڑے زوروں کے ساتھ۔

مارچ 1935ء

1۔ لوبھ: لالچ　2۔ دَیوک: دیو سے متعلق　3۔ آدھیا تمک شکتی: غیبی طاقت
4۔ وِرُدّھ: خلاف　5۔ دَردرتا: حیوانیت　6۔ اُتّیجت: جذباتی، برانگیختہ

نگروں میں دُرگھٹنائیں

یوں تو جہاں آمد و رفت بہت ہوتی ہے، وہاں ہمیشہ ہی درگھٹنائیں ہوتی ہیں۔ لیکن جب سے بڑے بڑے نگروں میں ٹرام اور ٹیکسیوں کی ورِدّھی ہوئی ہے، ایسی درگھٹنائیں دن دن بڑھتی جاتی ہیں۔ کہیں اکیلے تانگے موٹروں سے ٹکرا جاتے ہیں، کہیں کوئی ٹرام گاڑیوں کی لپیٹ میں آ جاتا ہے۔ یہ بھی نئی سبھیتا کے ہزاروں پرسادوں میں سے ایک ہے۔ لندن نیو یارک آدی مہان نگروں کا تو کہنا ہی کیا دلی جیسے نگر میں جس کی آبادی تیس لاکھ سے ادھک نہیں پڑتی سپتاہ سات آدمی کے حساب سے ان طوفانی سواریوں کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں۔ پیدل چلنے والوں کے لیے وہاں سڑک کے دونوں اور پٹری بنی ہوئی ہے اور اگر لوگ ان پٹریوں ہی پر چلیں تو ایسی درگھٹناؤں کی سمبھاؤنا کم ہو جائے۔ دلی کے پولس ادھیکاری نے دلی میونسپلٹی سے اس وشے میں لکھا پڑھی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پٹریوں پر جو خوانچے والے اور دوکانداروں نے قبضہ کر لیا ہے اس سے جنتا کے لیے اس کے سوا کوئی اپائے ہی نہیں رہ جاتا کہ وے سڑکوں پر نہ چلے اتایو میونسپلٹی کو چاہیے کہ وہ پٹریوں پر سے دوکان اٹھوا لیں، اٹھوا پولس کانسٹیبل کا مارگ میں کھڑا ہونا بے کار ہو جاتا ہے۔ ہماری سمجھ میں پولس ادھیکاری کا آدیش سروتھا نیائے سنگت تھا اور جنتا کی پران رکشا میں نگر کے پتاؤں کو پولس سے سہیوگ کرنا چاہیے تھا، لیکن میونسپلٹی نے اس آدیش کو شاید پولس کی مداخلت بے جا سمجھا اور اُسے ووِاد (1) کا وشے بنا لیا۔ نہ سندیہہ (2) پٹریوں پر سے دوکانیں اٹھا دینے میں میونسپلٹی کی آمدنی میں کچھ کمی ہوگی اور دوکان دار بھی اسے شاید نہ پسند کریں گے۔ اور اس لیے ان ممبروں کو دوبارہ ان ویاپاریوں سے ووٹ ملنا کٹھن ہو جائے گا، لیکن جہاں پران رکشا کا پرشن آ جاتا ہے، وہاں روپے کا یا سوارتھ کا استھان گون ہو جانا چاہیے۔

1۔ ووِاد: اختلاف   2۔ سندیہہ: شبہ

میونسپلٹی کیول اس لیے نہیں ہے کہ اپنی ذمہ داریوں کو نہ سمجھنے والے مہانو بھاؤں کی میراث بنی رہے۔ اس کا پروان کرتو یہ جنتا کی سیوا ہے اور جو لوگ اس ذمہ داری کو نہیں سمجھتے، انھیں میونسپلٹی میں جانے کی ضرورت نہیں۔

14 نومبر 1932ء

خوب پھل کھاؤ

ولایت اور انیہ پچھمی دیشوں میں ان دنوں ''پھل کھاؤ'' آندولن (1) چل رہا ہے۔ وگیان نے سدّھ کر دیا ہے کہ پھلوں میں جتنے پوشک پدارتھ اور روگ ناشک درویہ ہیں، اتنے بھوجن کی اور کسی سامگری (2) میں نہیں ہے۔ مندا گنی کی وشا میں تو پھلاہار آوشیک ہو ہی جاتا ہے، سادھارن اوستھاؤں میں بھی ہمارے سواستھیہ پر پھلاہار کا بہت ہی اچھا اثر ہوتا ہے۔ ہم ایسے کئی سجنوں کو جانتے ہیں، جو ان پچاسے میں اسمرتھ ہیں اور پھلوں کے آہار پر رہ کر کڑی سے کڑی مانسک اور شاریرک محنت کر سکتے ہیں۔ گھی، مکھن اور مانس مچھلی کھانے والے آدمیوں میں چربی ادھک ہو جاتی ہے، جو واستو میں روگ ہے۔ ایسے آدمی کوئی کڑا پریشرم (3) نہیں کر سکتے۔ پھلاہار سے دیہہ میں سُکرتی، چُستی اور مستعدی بڑھتی ہے اور وگیان ویتاؤں کے متانوسار (4) پھلاہار سے منشیہ دیرگھ جیون بھی ہو جاتا ہے۔ مشکل یہی ہے کہ پھلاہار ان سے مہنگا پڑتا ہے اور سادھارن آدمی اُس کا ویوہار نہیں کر سکتا، اگر ہمارے زمیندار پھلوں کی کھیتی پر زیادہ دھیان دیں تو وے دیش کے ساتھ بڑا اپکار کریں۔ اناج کے لیے جتنی محنت کی ضرورت ہوتی ہے، اتنی پھلوں میں نہیں ہوتی، اور کم اپجاؤ زمین میں بھی جہاں اناج پیدا نہیں ہو سکتا، پھل پیدا ہو سکتے ہیں۔

12 دسمبر 1932ء

1۔ آندولن: تحریک

2۔ سامگری: سامان، مواد

3۔ پریشرم: کوشش

4۔ متانوسار: رائے کے مطابق

پچھمی ویایام کا پاگل پن

آل انڈیا میڈیکل کانفرنس میں سبھاپتی میجر ایم جی نائڈو نے ڈاکٹروں کے سامنے سیوا اور روگ نوارن کا جو کاریہ کرم اپستھت (1) کیا یدی ڈاکٹر سمودائے اس پر عمل کریں تو دیش میں روگ کا بڑھتا ہوا آتنک بہت کچھ شانت ہو جائے۔ مگر یہاں تو ایسے ڈاکٹر ہیں، جو فیس پہلے لیتے ہیں، مریض سے بات پیچھے کرتے ہیں۔ ان کے پڑوس میں ایک غریب مریض پڑا کراہ رہا ہے، اس کی انھیں پرواہ نہیں ہوتی۔ ڈاکٹروں میں جب تک تیاگ کی بھاؤنا نہ ہو، ان کی ذات سے غریبوں کا کیا اپکار ہو سکتا ہے۔ میجر نائڈو نے بہت سچ کہا کہ بھارت شہروں میں نہیں گاؤں میں ہے، جہاں کوئی ڈاکٹر نہیں پہنچتا۔ مگر ہمارے یشوی ڈاکٹر دیہاتوں کی اور بھی کچھ کرپا کرنے لگیں تو کیا کہنا۔ آپ نے ویایام (2) کی چرچا کرتے ہوئے کہا۔

پچھمی ویایام کا خبط دن دن بڑھتا جا رہا ہے بھارتیہ ویایام سے لوگ اُداسین (3) ہوتے جاتے ہیں۔ جو تاتو ک درشٹی سے اگر زیادہ نہیں تو اتنے کلیان کاری اوشیہ ہے جتنے پچھمی ویایام۔ مجھے وشواس ہے کہ اگر کسی یووک کو پراچین ویایام کا ابھیاس، پراچین نیموں اور ادیشوں کے انوسار کرایا جائے تو اس سے کم لابھ نہ ہوگا، جتنا پچھمی ویایام سے ہوتا ہے۔ بھارتیہ پرنالی یہاں کے پرانیوں کے لیے ادھک انوکول ہے، اس کے ساتھ ہی کتنا کم خرچ۔ دیشیہ کھیل کہیں بھی کھیلے جا سکتے ہیں۔ بنا کسی اڑچن کے اور بہت کم خرچ میں۔ جمناسٹک کے اوزار اگر یہی کے بنے ہوں، تو بھی سو روپے اور دو سو روپے کے بیچ خرچ ہو جائیں گے۔ کرکٹ کا ایک بیٹ بیس روپیہ میں آتا ہے اور ٹینس کا ایک ریکٹ تیس روپے میں پھر کرکٹ ہاکی، فٹ بال اور انیہ کھیل ہیں جن کے لیے اچھے میدان، اچھے سامان اور خاص طرح کے جوتوں کی ضرورت ہے۔ ان کا مقابلہ ہندوستانی کھیلوں سے کیجیے جو آج کل کے بالکوں کے لیے کہانی ماتر رہ گئے

1۔ اُپستھت: حاضر، پیش
2۔ ویایام: ورزش
3۔ اُداسین: مایوس

ہیں۔ یہاں تک کہ کشتی کا رواج بھی دن دن کم ہوتا جاتا ہے اور اس کی جگہ گھونسے بازی کا رواج بڑھتا جاتا ہے۔ دیشیہ کھیلوں اور کسرتوں کو لپت نہ ہونے دینا چاہیے۔ ہاں، جن کے پاس سادھن ہے وے پچھمی کھیل بھی کھیل سکتے ہیں۔

ہمارے اسکول میں کبڈی، گلی ڈنڈا، لکھنی آدی کھیلوں کا بڑی آسانی سے پرچار کیا جاسکتا ہے، لیکن کسی کا ادھر دھیان نہیں ہے۔ یہاں تو اسکول والے لڑکوں سے تین روپیہ سالانہ چندہ لے کر چندم کھرندم کرڈالتے ہیں، بہت کیا تو دس بیس لڑکوں کو ابھیاس کر کے میچوں میں بھیج دیا۔ نہ اتنے میدان ہیں نہ اتنے سامان کہ ہر ایک لڑکے کو کھیل میں شریک کیا جاسکے۔ یہ بھی مانسک داستا کا ایک روپ ہے۔ اپنی کوئی چیز اچھی نہیں۔ باہر کی سبھی چیزیں اچھی ہاں، آج پچھم والے بھارتیہ کھیلوں کا ویوہار کرنے لگیں تو یہاں کے لوگوں کی آنکھیں کھلیں۔

2 جنوری 1933ء

موٹر ویوسائے

ایک وشیش کمیٹی نے اس بات کی جانچ کی ہے کہ سرکاری ریلوے وبھاگ کو موٹر ٹریفک دوارا کتنی ہانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اس کمیٹی کی رپورٹ کے بعد اب سرکار نے بڑی کونسل میں یہ پرستاؤ پاس کرالیا ہے کہ ریلوے کی اور سے موٹریں بھی دوڑائی جاویں، جس سے ان کا گھاٹا برابر ہو جائے۔ یدپی ہماری سمتی (1) میں راجیہ دوارا جتنے ویوسائے اپنے ہاتھ میں لیے جاسکے۔ اچھا ہے، پر ریلوے وبھاگ سرکاری وبھاگ پوری طرح سے نہیں ہے۔ دوسرے ریلوے وبھاگ میں سارے نوکروں کو اتنی زیادہ موٹی تنخواہیں ملتی ہیں کہ اس کو گھاٹا ہونا ہی چاہیے اور وہی گھاٹا غریب جنتا پر کرایہ بڑھا کر پورا کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سرکار دوارا پالت ریلوے کی کرایا۔ محصول مال بھیجنے کا بھاڑا، ایسی نتی سے بنایا گیا ہے کہ دیس کا بھیتری ویاپاری بہت کچھ ان کے کارن چوپٹ ہے، اور اب انھیں موٹر چلانے کا ادھیکار دینے کا مطلب ہے ریلوے کمپنیوں کی ولایتی خرید کو اور بھی اُتساہ دینا۔ اب وے موٹریں بھی لندن سے منگاویں گی، یہاں کے کچھ موٹر ویوسائی (2) بھوکوں مریں گے، ولایتی ویاپاری کو مال بیچنے کا نیا موقع ملے گا۔

20 فروری 1933ء

1۔ سمتی: رائے　　　2 ویوسایے: روزگار

ٹہری اور بدری ناتھ کا مندر

27 مارچ کو رائے بہادر وکرماجیت سنگھ کے پرشن کے اتر میں سرکار نے ایک سوچی بتائی ہے جس سے یہ پرکٹ (1) ہوتا ہے کہ اس سے دیش کی ادھیکانش ذمہ دار سنستھائیں یہ چاہتی ہیں کہ بدری ناتھ جی کا مندر ٹہری ریاست کے ہاتھ میں چلا جاوے۔ ہمارے سہیوگی ''بھارت'' میں اس وشے میں کئی سندر لیکھ پرکاشت ہو چکے ہیں۔ یکت پرانتیہ کونسل کے بھوت پوروا پادھیکش شری یت مکندی لال نے اپنے سوچنا پورن لیکھ میں یہ دکھلایا تھا کہ ہندوؤں کے اتنے پوتر تیرتھ کو ایک مہنت کے ہاتھ رہنے دینا نتانت انوچت ہے۔ گڑھوال کے پنڈت جیوتش شرن رتوری کے لیکھ سے یہ پرکٹ ہوا تھا کہ ٹہری راجیہ ہی کا مندر کے پربندھ میں ادھیکار نہ ہونے پر بھی اُسی کے دان سے مندر کا پوشن ہوتا ہے۔ اسی لیے شری بھارت دھرم مہامنڈل، کاشی، امبالا، سناتن سبھا، امبالا، بنگال دھرم مہامنڈل، کولکتہ، دیوپریاگ کے پنچ پنڈہ، بدری ناتھ، پنجاب پرانتیہ مہاویردل سمیلن، لائل پُر، سناتن دھرم، چری والا، دلی، سناتن دھرم پرتی ندھی سبھا، احمد آباد اتیادی سنستھاؤں نے ایک سور سے اس کا سمرتھن کیا ہے کہ مندر راجیہ کو مل جاوے۔ اس کے ورودھیوں کی سنکھیا کم ہے اور اتنی مہتو پورن نہیں ہے۔ سرکار نے اس وشے کو جولائی کی کونسل کی بیٹھک کے بعد طے کرنے کا نشچے کیا ہے۔

ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہمارا کوئی بھی مندر یا سنستھائیں جنتا کی رکشا یا دیکھ ریکھ سے نکل جاویں پر کسی ایک مہنت یا ''راول'' کے ہاتھ میں ہندو جگت کے سروچ تیرتھوں میں سے ایک استھان رہنے دینا نتانت انوچت (2) پرتیت ہوتا ہے۔ مندر ٹہری راجیہ کا ہے۔ یہ نشچت سا ہے۔ اَت ایو آشا ہے سرکار اس وشے کی پوری جانچ کرا کر اچت نرنیے کرے گی۔ یہ مندر سموچے بھارت کے لیے مہتو کا ہے۔

3 اپریل 1933ء

1۔ پرکٹ: ظاہر

2۔ انُوچت: غیر مناسب

ہماری سنستھاؤں میں ویکتی گت دویش

بھارت میں ایسی بِرلی ہی کوئی سنستھا ہوگی جس کے پرکھ سچا لکوں میں دویش نہ ہو۔ مت بھید ہونا بُری بات نہیں۔ لیکن جب یہ مت بھید (1) دویش (2) کا روپ لے لیتا ہے تو اوچتیہ کا اُسے دھیان نہیں رہتا۔ تب وہ ویکتی گت آکشیپ کرنے لگتا ہے اور اپنے پرتی دوندی (3) کو جنتا کی نگاہوں میں گرانے یا اُسے تباہ کر دینے کے لیے چھوٹے آکشیپ کرنے سے بھی وہ نہیں جھجکتا۔ اگر اس کا پرتی دوندی اُسے ملا کر جنتا کو اُلٹے چھرے سے مونڈتا تو اس کی آتما کو ذرا بھی چوٹ نہ لگتی۔ یہ تو اس کی آنترک اِچھا ہی تھی لیکن پرتی دوندی اس کو الگ ہٹا کر خود کھا رہا ہے، تو وہ کیسے صبر کر جائے۔ تب وہ دھرماتما بن جاتا ہے، بڑا سا تلک لگاتا ہے، سداچار کا سوانگ بھرتا ہے اور پبلک کو دھوکہ دے کر اپنے دشمن کو مار بھگانے میں سپھل ہو جاتا ہے، لیکن شکتی ہاتھ میں آتے ہی وہ خود وہی سب کچھ بلکہ اس سے بھی کچھ ادھک کرنے لگتا ہے جو اس کے شتروؤں نے کیا تھا اس لیے جب کسی بورڈ یا سبھا یا لیگ میں ہم کسی مہانو بھاؤ کو ورتمان کارکرتاؤں کے وروُدھ زہر اُگلتے دیکھیں تو ہمیں ان سے ستَرک (4) رہنا چاہیے۔

3 اپریل 1933ء

1۔ مت بھید: اختلاف
2۔ دویش: بیگانگی، دشمنی
3۔ پرتی دوندی: حریف
4۔ ستَرک: چوکنّا

ماؤنٹ ایورسٹ کی چڑھائی

مہینوں کی تیاری کے بعد آخر انگریزی ہوابازوں نے ایورسٹ کی چوٹی کے درشن کر ہی لیے۔ منڈلی تین جہازوں میں بیٹھی اور پینتیس ہزار فٹ کی اونچائی پر چڑھ کر اس نے ایورسٹ کی چوٹی کے چکر لگائے۔ وہاں کتنی ٹھنڈ تھی اس کا انومان اسی سے کیا جا سکتا ہے کہ شونیہ بندو (1) سے چالیس درجے نیچے تاپمان (2) تھا مگر ہوائی جہازوں پر بیٹھ کر ایورسٹ کی چڑھائی کا کیا مہتو آپ وہاں اتر تو سکے نہیں کیول برف سے ڈھکا ایک میدان دیکھا ہوگا۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ کشتی کا فیصلہ گولیوں سے ہو جائے یہ تو کوئی کشتی نہ ہوئی۔ کشتی میں ہم داؤں پیچ دیکھنا چاہتے ہیں پہلوانوں کا دم دیکھنا چاہتے ہیں، ان کی چستی اور پھرتی دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہ کیا کہ پیٹ سے ایک گولی چلا دی۔ اور معاملہ ختم اس طرح تو سینکیا پہلوان بھی رستم ہند کو زمین پر سلا سکتا ہے۔ جب چڑھنے والوں کی منڈلی راستے کی کٹھنائیوں پر وجے پاتی ایورسٹ پر پہنچتی تب ہم اس کی تعریف کرتے لیکن یوروپ سے مبارک باد کے تار دنا دن آ رہے ہیں اور خوشیاں منائی جا رہی ہیں۔ ہم تو یہی کہیں گے کہ ابھی تک ڈھولا گری ویسا ہی اجیہ ہے اور گردن اٹھائے ان تچھ (3) منشیوں کے دُسّاہس (4) پر ہنس رہا ہے۔

10 اپریل 1933ء

1۔ شونیہ بندو:

2۔ تاپمان: درجہ حرارت

۔ تچھ: ہیچ، کمینہ، پاجی

4۔ دُسّاہس: بیکار ہمت، پست ہمت

شری پران ناتھ ودّیالنکار کی ادو بھُت کھوج

شری پران ناتھ جی ان منشیوں میں ہیں جو کٹھنائیوں اور بادھاؤں سے بھے بھیت نہیں ہوتے۔ آپ نے موہن جوداڑو اور ہڑپا میں پائے گئے شیلا لیکھوں اور لپیوں (1) سے یہ بات سدّھ کی ہے کہ آریوں نے مصر کی چتر لپی سے اپنی ورن مالا نہیں نکالی جیسا سادھارنتہ بھرم ہے اور جیسا پچھم کے وِدّوان کہتے ہیں۔ آج کے پانچ چھ ہزار ورش پہلے شیو اپاسنا (2) پردھان تھی اور موہن جوداڑوں میں جو لپی پراپت ہوئی ہے وہ اُسی اپاسنا کی کریاؤں اور بھاؤں سے نکلتی ہے اور یہی لپی پچھم میں پائی جانے والی پراچین لپی سے بہت کچھ ملتی جلتی ہے۔ سائی پرس اور کریٹ آدی دیپوں میں اُسی طرح کے لوگ پائے گئے ہیں۔ اس سے پران ناتھ جی اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ پچھمی لپی بھی اُسی شیو اپاسنا والے چہنوں سے نکلتی ہے اور آج کے پانچ چھ ہزار ورشوں پوران پچھمی استھانوں میں بھی شیو اپاسنا ہی پردھان تھی۔ اس سے چندر اپاسنا بھی ہوتی تھی اور سنگھ، سنائی، سائی پرس آدی نام اس بات کے پرمان ہیں کہ ان، یا چندرو پاسنا سے ان کا گھنشٹ سمبندھ ہے۔ ہمیں وشواس ہے جب یہ کھوج پوری ہو جائے گی تو اس سے اتہاس کے ایک مہتو پورن وشے میں بہت کچھ پری شودھ (3) کرنا پڑے گا۔

اپریل 1933ء

1۔ لپی: رسم خط

2۔ اُپاسنا: پوجا، پرستش

3۔ پری شودھ: اچھی طرح صاف کرنا

گنگا سمّیلن

ہردوار ایسے پوتر تیرتھ (1) میں نالیوں کا پرنالوں کا، سب کا اِکتر مل (2) گنگا جی میں گرتا ہے۔
پنیہ سلیلا کو اس پرکار دوشت (3) ہونے سے بچانے کے لیے بہت دنوں سے چیشٹا (4) کی جا رہی ہے۔
شری وجے راگھو اچاریہ نے اس کی ایک بڑی سندر یوجنا بنائی ہے جس پر وچار کرنے کے لیے ہردوار میں
گنگا سمّیلن ہو رہا ہے، جس میں سرکاری پرتی ندھی بھی سنلت ہوں گے۔

ہری دوار کے بعد کاشی ہی ایسا سروچ پوتر نگر ہے، جہاں نگر بھر کا مل گنگا جی میں گرتا ہے۔ یہاں کی
بورڈ نے کئی بار چیشٹا کر گنگا جی کو سدھ کرنا چاہا پر سرکار نے کوئی سہایتا نہ دی۔ ہم ہندوؤں کے تیرتھ کو
بھرشٹ کرنے میں اس کا بھی دوش ہے۔ کیا وہ کاشی کی اُور بھی دھیان دینے کی کرپا کرے گی؟

17 اپریل 1933ء

1۔ تیرتھ: عبادت گاہ　　2۔ اِکتر مل: مجموعی آلودگی

3۔ دُوشت: آلودہ　　4۔ چیشٹا: ہمت

بھارت کے کوڑھی

دن پرتی دن و دیشوں میں بھی کوڑھ کا روگ گھٹتا جا رہا ہے اور اچت نیترن سے یہ بھیشن سنکرامک روگ پھیلنے نہیں پا رہا ہے۔ پر ابھاگے بھارت میں یہ بیماری بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ کوڑھی ہو کر شریر کا گل گل کر گر جانا، بڑی یاتنا(1) اور پیڑی کے ساتھ ورشا، جاڑا، دھوپ کا کشٹ سہنا۔ یہ سب ایک اکتھ کہانی ہے جسے لکھنے سے رومانچ ہو آوے گا۔ ہرش(2) کا وشے ہے کہ اس دشا میں بھی کچھ کام شروع ہو گیا ہے۔ ابھی 13 اپریل کو کلکتہ میں برٹش سامراجیہ کوڑھ نوارک (3) سنگھ کی بھارتیہ کونسل کی بیٹھک ہوئی تھی۔ راشٹر پریشد کے کوڑھ کمیشن کی آگیا کے انوسار یہ کمیٹی بھی وسترت (4) کاریہ پرارمبھ کرنے کی یوجنا بنا رہی ہیں۔ کمیٹی پرانتیہ شاکھائیں استھاپت کرنا چاہتی ہیں جس میں سبھی مانیہ سارو جنک سنستھاؤں کے پرتی ندھی ہوں گے۔ کوڑھیوں کے لیے استھان استھان پر اسپتال کھلیں گے۔ کوڑھیوں کی دشا کی جانچ کے لیے کمیشن نیکت ہوگا۔ کوڑھیوں کے بچوں کی دیکھ ریکھ کا بھی پربندھ ہوگا۔

آشا ہے یہ سب کاریہ جنتا کے سہوگ سے ہوگا اور جنتا بھی اُدارتا پوروک سہایتا کرے گی۔ اس سے بڑھ کر اور کوئی ادار کاریہ نہیں ہو سکتا۔

1۔ یاتنا: سزا
2۔ ہرش: خوشی
3۔ نوارک: دافع، روکنے والا
4۔ وسترت: وسیع

کاشی میں پوسٹ مینوں کی کانفرنس

کاشی میں پوسٹ مینوں کی سبھا ہوگی۔ اس نے جو پرستاؤ سویکرت (1) کیے ان میں سرکار سے انورودھ کیا گیا ہے کہ اس وبھاگ میں چالیس روپے سے کم ویتن پانے والوں کے ویتن میں کفایتی کٹوتی نہ کی جائے اور پوسٹ مینوں کی سنکھیا کم نہ کی جائے۔ سرکار کے جتنے بھی وبھاگ ہیں ان میں جنتا کا اپکار سب سے ادھک اسی وبھاگ سے ہوتا ہے۔ پر جہاں پولس وبھاگ میں کم ویتن پانے والوں کے ساتھ سرکار نے اوارتا کا ویوہار کیا ہے۔ پوسٹ مینوں کے ساتھ کسی طرح کی رعایت نہیں کی گئی۔ ان کی جگہیں برابر توڑی جارہی ہیں جس سے بچے ہوئے آدمیوں پر کام کا بھار پہلے سے کہیں ادھک ہوگیا ہے۔ کام بڑھ جانے پر بھی ان کا ویتن کاٹا جارہا ہے۔ سرکار کا کہنا ہے کہ اس وبھاگ میں آمدنی کم ہوگئی ہے اس لیے آدمیوں کا ویتن گھٹا کر اور ان کی جگہیں توڑ کر یہ کمی پوری کی جائے گی۔ لیکن ہم اس وبھاگ کو کمانے والا وبھاگ نہیں سمجھتے، نہ یہ اچت (2) ہے کہ اُسے بھی سرکاری ویوسائے (3) کا ایک انگ سمجھ لیا جائے۔ اس وبھاگ کو پرجاہت کا ہی انگ سمجھنا چاہیے۔ اُسی طرح جیسے چکتسا یا شکشا وبھاگ ہے۔ اس میں اتنی کمی کر دینا کہ جنتا کو کشٹ ہونے لگے کسی طرح نیائے نہیں کہا جا سکتا۔ سبھا نے ڈاک کا در گھٹانے کا بھی انورودھ کیا ہے۔ ہمارا بھی وچار ہے کہ یدی پتر، منی آڈر، رجسٹری آدی کا در پورووت (4) کر دیا جائے تو آمدنی بڑھ سکتی ہے۔ آج کل تو پتر لکھنا بڑی خرچیلی کر دیا ہے اور کتنے ہی لوگوں نے تو پتروں کی سنکھیا گھٹاتے گھٹاتے شونیہ تک پہنچا دی ہے۔ جب یہ نیتی سپھل نہیں ہوسکی تو سرکار کیوں اس میں پری ورتن نہیں کرتی، اس کا کارن کون جان سکتا ہے۔

24 اپریل 1933ء

1۔ سویکرت: قبول
2۔ اُچت: مناسب
3۔ ویوسائے: روزگار
4۔ پورووت: سابقہ، پہلے کی طرح

بی این ڈبلو ریلوے

ہمارے پاس کئی سنواد داتاؤں کے پتر آئے ہیں جن سے گیات ہوتا ہے کہ یکت پرانت کے اتیت اُرور(1) بھاگ میں دوڑنے والی اس ریلوے کمپنی کی ٹرینیں بہت گندی رہتی ہیں۔ گرمی کے دنوں میں ڈبے میں مکھی کا بھن بھنانا، شوچالیہ کا گندہ رہنا، کسی ڈبے میں کوڑے کا ڈھیر لگا ہے تو کسی میں پھلوں کے چھلکوں کا۔ یہ سب سادھارن باتیں ہیں یدیّ اس میں ہم بھارتیوں کا بھی بہت کچھ دوش ہے۔ ہم جس استھان پر بیٹھتے ہیں اُسی کو گندہ کرنے میں اپنی صفائی سمجھتے ہیں پر سواستھیہ کے وچار سے ریلوے کمپنی کو ان باتوں کا وشیش دھیان رکھنا چاہیے اس کمپنی کے اسٹیشن بھی ای آئی آر کے سمان صاف نہیں رہتے۔ کمپنی کو کافی آیے(2) ہے اور اُسے چاہیے کہ وہ اپنے یہاں ایک وشیش سواستھیہ و بھاگ کھولے۔ اُسے سینیٹری اِنسپکٹر رکھ کر یاتریوں کی اس شکایت کو دور کر دینا چاہیے۔

1 مئی 1933ء

1۔ اُرور: زرخیز　　2۔ آیے: آمدنی

وِدیشی کپڑے پر کانگریس کی مہر

تین سال پہلے کانگریس نے بجاجوں کے ولایتی کپڑے کی گانٹھوں پر مہر لگائی تھی تب چھ مہینے کی بات تھی۔ پر وہ مہر آج تک نہیں کھلی، کیوں کہ ابھی تک سوراجیہ اتنی ہی دور ہے جتنا آج کے تین سال پہلے تھا تو پھر کیا ان گانٹھوں کی مہر کبھی کھلے گی نہیں؟ گانٹھیں یونہی بندھی بندھی سڑ جائیں گی۔ نتیجہ کیا ہو رہا ہے؟ بجاج بندھی ہوئی گانٹھیں مسلمان دوکان داروں کے ہاتھ اونے پونے بیچ کر اپنا مال کھپا رہے ہیں۔ یہ تو نہیں دیکھا جاتا کہ مال بندھا بندھا سڑ جائے پھر جب کپڑے کا ویاپاری دیکھتا ہے کہ نکٹ بھوشیہ (1) میں بھی گانٹھوں کے کھلنے کی آشا نہیں، تو وہ ادھیر ہو جاتا ہے۔ جب چوری چھپے مال کی کھپت ہو رہی ہے، تو ہماری سمجھ میں نہیں آتا گانٹھیں کیوں نہیں کھول دی جاتیں۔ ایسے کتنے ہی کانگریس میں ہے جو اس نیتی (2) کو انیتی سمجھتے ہیں اور گانٹھوں کی مہر بندی سے کوئی فائدہ نہیں سمجھتے لیکن ڈسپلن قایم رکھنے کے بھے سے کچھ نہیں کہہ سکتے۔ ہمیں آشا ہے کانگریس کے نیتا اس سمسیا پر وچار کریں گے اور جس بندھن سے اب ہانی کے سوا کسی لابھ کی آشا نہیں اُسے اٹھا لینے میں سدساہس (3) سے کام لیں گے۔

1 مئی 1933ء

1۔ نکٹ بھوشیہ: مستقبل
2۔ نیتی: اصول
3۔ سدساہس: بلند ہمت

صابن کی دیکھ ریکھ

آج کل سیکڑوں طرح کے صابن بازار میں آ گئے ہیں جنتا کے پاس سوگندھ (1) کے سوا صابن کے گن دوش جانچنے کا کوئی سادھن نہیں ہے۔ خراب صابن سے بہت سے روگ پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ہمیں یہ جان کر ہرش (2) ہوا کہ سرکار صابن کی جانچ کرنے کے لیے شگھر کوئی قدم اٹھانے والی ہے۔

1۔ سوگندھ: خوشبو　　2۔ ہرش: خوشی

رِن کے لیے قید کی سزا

قانون میں جہاں اور سینکڑوں انیتی (1) بھری ہوئی ہیں، وہاں ایک یہ بھی ہے کہ آج کوئی مہاجن کسی اسامی کو قرض کی علت میں جیل بھیج سکتا ہے۔ کچھ رکاوٹیں پیدا کی گئی ہیں ضرور پر ابھی یہ دھارا موجود ہے۔ سرکار نے اس پرشن پر وچار کرنے کے لیے ایک کمیٹی قایم کی تھی جس نے اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے دیکھنا چاہیے اس کا کیا فیصلہ ہوتا ہے۔

1 مئی 1933ء

1۔ انیتی: غیر اصولی

پھلوں کی کھیتی کیسے بڑھائی جائے

ہرش کی بات ہے کہ نوکرشاہی کا دھیان پھلوں کی کھیتی کی اُور گیا اور لکھنؤ میں راجا صاحب جہاں گیر آباد کے سبھاپتتو (1) میں ایک بورڈ کی استھاپنا (2) ہوئی ہے جو پھل پیدا کرنے والوں کو صلاح اور سہایتا (3) دے گا۔ ادھر بمبئی سے آموں کا باہر جانا شروع ہوا ہے۔ بمبئی کے گورنر نے خود جہاز پر آکر پھلوں کا پیکنگ دیکھا اور بڑی دلچسپی دکھائی۔ مگر ہمیں بھے ہے کہیں یہ ادھوگ (4) بھی ٹائیں ٹائیں فش ہو کر نہ رہ جائے۔

1 مئی 1933ء

1۔ سبھاپتتو: صدارت
2۔ استھاپنا: قیام
3۔ سہایتا: مدد
4۔ اُدھوگ: روزگار

وگیاپن کلا

بھارت میں ابھی پتر کار کلا کا وکاس ہی سادھارن ہوا ہے، تو وگیاپن کلا کے وشے میں کیا کہا جائے؟ ہمارے سماچار پتروں میں ادھیکانش (1) وگیاپن بڑے بھدّے ڈھنگ کے کورو چی پورن تتھا نیرس (2) ہوتے ہیں۔ یدی وگیاپن کی چیز نہیں بکتی تو وہ سماچار پتر کو دوش دیتا ہے۔ اپنا دوش اُسے کیا معلوم؟ ہرش ہے کہ ان باتوں کی اور ہمارے دیش واسیوں کا بھی دھیان آکرشٹ (3) ہو رہا ہے۔ لکھنؤ میں لاٹش روڈ پر ایک اتساہی سجن نے الیکٹرو ایڈورٹائزنگ ایجنسی نام سے ایک کمپنی کھولی ہے جو کیول دوسروں کا وگیاپن ہی بنائے گی۔ ان سنستھا کے بنائے کچھ وگیاپن ہم نے سماچار پتروں میں چھپے دیکھے ہیں۔ اس کے سنچالک مسٹر سیٹھ کا ایک لیکھ دینک ورتمان میں بھی پڑھا تھا ان باتوں سے یہ سدھ ہوتا ہے کہ انھیں اپنی کلا کا واستوک گیان ہے۔ آشا ہے یہ سنستھا اُنتی کرے گی اور وگیاپک لوگ اس سنستھا سے لابھ اٹھاویں گے۔

14 مئی 1933ء

1۔ ادھیکانش: بیشتر، زیادہ تر
2۔ نیرس: بے مزہ
3۔ آکرشٹ: متوجہ

بے کاری کا سواستھیہ پر پربھاؤ

یوروپ اور امریکہ میں بے کاری کی سنکھیا نشچت (1) کی جا سکتی ہے۔ بے کاروں کو گزارے کے لیے راشٹر کی اور سے ورتّی (2) ملتی ہے جس سے کم سے کم بھوجن مل جاتا ہے پھر بھی وہاں اس بے کاری کا سواستھیہ پر بُرا اثر پڑ رہا ہے۔ امریکہ میں کتنے ہی پریوار کیول آلو کھا کر دن کاٹ رہے ہیں۔ ایک نگر میں بھوک سے دربل بالکوں کی سنکھیا بڑھ کر ساٹھ پرتی سینکڑے ہو گئی ہے۔ ایک دوسرے مدرسے میں سو میں نناوے چھاتروں کا وزن اوسط سے کم تھا۔ پھل سوروپ (3) چھے روگ کا زور بڑھ رہا ہے۔ راشٹر سنگھ نے اس سمسیا پر وچار پرکٹ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ راشٹروں نے کفایت کی دھن میں اگر بے کاروں کی ورتّی میں کمی کی یا سواستھیہ وبھاگ میں کانٹ چھانٹ کی گئی تو اس کا بڑا بھینکر پرنام ہوگا۔ اس بے کاری کا شریر پر ہی بُرا اثر نہیں پڑ رہا ہے۔ برٹش، جرمن اور امریکن جاتیوں میں اس کا منووگیانک (4) اثر اور بھی بُرا پڑا ہے۔ آوشیکتاؤں کے پورے نہ ہونے سے جو گلانی اتپن ہوتی ہے۔ وہ راج نیتک پرتھتیوں کو دوشت کر رہی ہے اور ایسی سنستھائیں بڑھتی جاتی ہیں، جن کا ادیشیہ (5) کرانتی ہے۔ یوروپ میں جب یہ حال ہے تو بھارت کا انومان کیجیے، جہاں سو میں پچاس آدمی اوشیہ ہی بے کار ہیں اور انھیں ورتّی کے نام پر مٹھی بھر چنا بھی میسر نہیں۔

14 مئی 1933ء

1۔ نشچت: متعین 2۔ ورتی: وظیفہ 3۔ پھل سوروپ: انجام کار

4۔ منووگیانک: علم نفسیات سے متعلق 5۔ ادیشیہ: مقصد

بھیشن دُرگھٹنا

بھدوہی کے سمیپ (1)، ای۔ آئی۔ آر لائن پر منگل وار کو جو بھیشن درگھٹنا ہوئی ہے اس کا حال پڑھ کر ایسا کون ہے جس کے رونگٹے نہ کھڑے ہو جائیں اور وہ کانپ نہ اُٹھے۔ ایک لاری جس میں تینتیس آدمی تھے پنجاب میل سے ٹکرا گئی۔ گاڑی آ رہی تھی، لیکن موڑ پر کا پھاٹک کھلا ہوا تھا۔ لاری والے نے آگے پیچھے کچھ نہ دیکھا جیسی ان کی عادت ہے اندھا دھند گاڑی چھوڑ دیتے ہیں۔ لاری لائن پر ہی تھی کہ میل آ گیا۔ پھر اس ٹکر کی تو کیول کلپنا کی جا سکتی ہے۔ اٹھارہ آدمی تو وہیں بُری طرح پس گئے۔ جو بچے ہیں ان کی دشا بھی نازک ہے کئی لاشیں تو ریل کے انجن سے چمٹی ہوئی دور تک چلی گئیں جب گاڑی رُکی تو نیچے گریں۔ لاری تو چور چور ہو گئی۔ آدمیوں کے چھاتے جوتے آدی سو سو گز پر جا گرے۔ پوری بارات تھی۔ گمٹی والا پکڑا گیا ہے اُسے جو سزا چاہو دو یہ اُمولیہ جانیں تو اب نہیں ملنے کی۔ بارات جس گاؤں میں جا رہی تھی۔ وہاں اس کے سواگت (2) کی تیاریاں ہوتی ہوں گی۔ گمٹی والے کا اپرادھ تو ہے ہی، لیکن لاری کا ڈرائیور بھی آنکھیں بند کر کے گاڑی چلاتا تھا اور بٹھا رکھے تھے تینتیس آدمی۔ معلوم ہوتا ہے لاری کا آدھا بھاگ لائن پار کر چکا ہے۔ تب ٹکر لگی ہے، کیوں کہ ڈرائیور ابھی زندہ ہے۔

12 جون 1933ء

1۔ سمیپ: قریب　　　2۔ سُواگت: استقبال

پندرہ دنوں میں مکّی کی فصل

جرمنی کے ایک وگیانک نے ایک ایسا چمتکارک منتر کھوج نکالا ہے، جس سے مکّہ اورانیہ چیزیں جو سادھارنتیہ تین چار مہینوں میں تیار ہوتی ہیں کیول پندرہ دنوں میں تیار کی جاسکتی ہیں اوراناج زیادہ موٹا، زیادہ پوشک (1)، زیادہ سوادشٹ (2) ہوتا ہے۔ سنا جاتا ہے کہ اس نے بہت سے وگیانکوں کے سامنے اپنا آوشکار (3) سدھ بھی کر دیا ہے۔ یہ نہیں معلوم ہوا ہے کہ خرچ میں پہلے سے کتنی وردھی ہوگی اس آوشکار کا سارا مہتو اس کے سستے پن میں ہے اگر اس کسوٹی پر وہ پورا اتر جائے، تب تو سنسار میں بھوجن کی سمسیا ہی نہ رہے گی۔ غریب بھارت بھی دونوں جون ڈٹ کر بھوجن کرے گا۔ بھگوان کرے وہ وگیانک جلد اپنے پریوگ کا پرچار کرے۔

28 جون 1933ء

1۔ پوشک: مقوی، طاقت سے بھرا ہوا 2۔ سوادشٹ: مزے دار

3۔ آوشکار: ایجاد

انگریزی سماچار پتروں کا پرچار

انگلینڈ کے دینکوں (1) میں ڈیلی میل کا پرچار سب سے ادھک ہے ارتھات ساڑھے سترہ لاکھ اور ٹائمس کا سب سے کم ارتھات سوا لاکھ ہفتہ واروں (2) میں نیوز آف دی ورلڈ، کا پرچار ساڑھے تینتیس لاکھ ہے اور سنڈے ریفری کا سب سے کم ارتھات ایک لاکھ۔

28 جون 1933ء

1۔ دینک: روزنامہ 2۔ ساپتاہک: ہفتہ وار

ایوریسٹ کی وجے

آخر ایوریسٹ کی وجے کرنے والوں کو منہ کی کھانی پڑی اور وہ آج بھی اجیہ (1) کھڑا ہے۔ ہوائی جہازوں پر اس کے شگھر (2) کا چکر لگاتا تو گولی سے کشتی لڑنا ہے۔ ساری دنیا اس منڈلی کی اور آنکھیں لگائے ہوئے تھی، جو اس پر چڑھ رہے تھے۔ اُسے نیچے دیکھنا پڑا۔ کچھ تو ورشا پہلے شروع ہوگئی کچھ آدمیوں کے بیمار ہو جانے کے کارن ان ویروں کو نیچے آنا پڑا۔ سمبھو ہے اگلے ورش یہ لوگ پھر آئیں۔ یوروپین جاتیوں کی یہی ادمیہ ساہ سکتا (3) ہے، جس نے انھیں سنسار کا سوامی بنا دیا ہے۔

3 جولائی 1933ء

1۔ اجیہ: غیر فاتح

2۔ شگھر: جلدی

3۔ آدمیہ ساہ ساکتا: انسانی ہمت

بات کا بتنگڑ

پچھلے دنوں ایسا ہوا کہ ہائی اسکول سرٹی فیکٹ کے نتیجے "لیڈر" سے پہلے "پایونیر" میں چھپ گئے۔ پایونیر والوں نے چاہے جو چال چلی ہو، لیڈر سے بازی مار لے گئے۔ وہی نتیجہ لیڈر میں ایک دن پیچھے نکلا۔ ہوسکتا ہے اس میں پکش پات (1) ہوا ہو۔ ہم مان لیتے ہیں کہ کچھ پکش پات ہوا، لیکن اس ذرا سی بات کا اتنا تومار باندھنا اور کاؤنسل کے روپے پیسے کو ویرتھ (2) کے تو تو میں میں نشٹ کرنا کون سی راشٹر کی سیوا ہے، یہ ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ دوستوں کے ساتھ تھوڑی بہت رعایت کون نہیں کرتا۔ یہ ایک مانسوی دُربلتا ہے جس سے بڑے سے بڑا آدمی بھی خالی نہیں۔ یہ آشا کرنا کہ شکشا وبھاگ کے سارے آدمی دیوتا ہیں اپنے خلل دماغ کا پرتیچے دینا ہے۔ ایک بات ہوگئی چلو قصہ ختم ہوا۔ اب بار بار اُسی راز کے چرخے کو چلائے جانا اور جہاں اپنے مطلب کی بات آجائے اس کے لیے زمین آسمان کے قلابے ملانا اور کونسل میں ہیہ (3) سوارتھ کے لیے چلّ پو مچانا ایک اونچے درجے کے ذمہ دار آدمی کو شوبھا نہیں دیتا۔ اس طرح کا واد ویواد تو نیچے درجے کے آدمیوں میں ہوا کرتا ہے۔ کونسل کے لیے اس سے بھی اس ویرتھ کے پرشنوتر سے زیادہ مہتو کے کام پڑے ہوئے ہیں۔ یہی بات ہے جنھوں نے کونسلوں کو ڈیبٹنگ کلب بنا رکھا ہے۔

10 جولائی 1933ء

1۔ پکش پات: بے جا حمایت، تعصب　　2۔ ویرتھ: بیکار، رائگاں

3۔ ہیہ: ہیچ

رِشوت کی گرم بازاری

سدھار ہوئے ،کونسل بنے ،تھوڑے بہت ادھیکاری بھی ملے اونچے پدوں پر بھارت والوں کی سنکھیا بھی بڑھی ، ویتن بھی بڑھے پر بھارت کی کچہریوں ، عدالتوں میں رشوت جیوں کی تیوں جاری ہے بلکہ اور بھی بڑھ گئی ہے۔ کوئی کتنا ہی سچا اور بے گناہ کیوں نہ ہو عدالت میں رشوت دیے بغیر اس کی کوئی سنوائی نہیں ہو سکتی ۔ یہ بات نہیں ہے کہ حکام اس رہسیہ (1) کو نہ جانتے ہوں۔ ان میں سے کتنے ہی تو سویم نیچے پدوں سے انتی کرتے کرتے اس پد تک پہنچے ہیں لیکن یا تو وے کچھ کر نہیں سکتے یا ملاحظہ اور مروّت کے کارن کچھ کہہ نہیں سکتے اور یا ان کے اہل کار اس لوٹ میں کسی نہ کسی روپ میں ان کا حصہ بھی رکھ دیتے ہیں ۔ اِسی کارن بہت سے بھلے لوگ نقصان اٹھا کر اور انیائے سہہ کر بھی عدالت نہیں جاتے ۔ سوچتے ہیں جتنا اپمان اور نقصان ہوا اُس سے کہیں ادھک کچہری میں سہنا پڑے گا اس لیے کیوں نہ چپ ہو کر بیٹھ رہو۔ ضلع اور میونسپل بورڈ میں تو بڑے کھید اور لجا سے کہنا پڑتا ہے۔ دشا اور بھی خراب ہو گئی ہے۔ جب ضلع کا حاکم چیرمین ہوتا تھا تب تو اہل کاروں کو شاید کچھ بھے ہوتا رہا ہو۔ اب ممبروں کے راجیہ میں تو کوئی ان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا۔ دن دہاڑے لوٹ ہوتی ہے کھلے خزانے ہوتی ہے پر کوئی پوچھنے والا نہیں ۔ غریب مقدمے والے وہاں اپنی وپتی (2) لے کر جاتے ہیں ، سدھار کرنے نہیں جاتے کہ رشوت مانگنے والوں میں لڑائی کریں۔ ان کی چٹیاں اہل کاروں کے پاؤں کے نیچے دبی رہتی ہے اور بنا عملوں کی پوجا کیے نہیں نکل سکتی ۔ جسے دو چار بار کچہری جانے کی ضرورت پڑی ۔ بس سمجھ لو کہ اس کا نیتک (3) پتن ہو گیا۔ اور یہ عملے اکثر اچھے پڑھے لکھے لوگ ہوتے ہیں کتنے ہی تو گریجویٹ

1۔ رہسیہ: راز　　　2۔ وپتی: اعتراض

3۔ نیتک پتن: اخلاقی زوال

ہوتے ہیں، پر روپیوں کی چھنکار کے سامنے ساری وِدّیا اور بھدرتا دھری رہ جاتی ہے اور لوگ نردیتا(1) سے اپنے غریب بھائیوں کا خون چوسنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔

31 جولائی 1933ء

1۔ نردیتا

ہماری خرچیلی عادتیں

وشال بھارت کے اگست کے انک میں ڈاکٹر پی سی رائے نے آج کل کے چھاتروں کو خرچیلی عادتوں پر ایک وچار پورن لیکھ لکھا ہے اور بتایا ہے کہ اس طرح کی شوقینی ان کے بھوشیہ کو کتنا چھتاے(1) بنا رہی ہے۔ آج کل کسی ودّیالیہ میں بھی ایک چھاتر کا ماسک و ے(2) پینتالیس روپے سے کم نہیں ہے۔ لاہور اور بمبئی میں تو سو روپے کے لگ بھگ پڑ جاتا ہے۔ کئی سال پہلے جب یونیورسٹی سے نکلتے ہی اچھی جگہ مل جانے کی آشا ہوتی تھی چھاتروں کی فیشن پرستی کسی حد تک چھمیہ(3) تھی۔ لیکن اب جب کہ پرتھم شرینی کے چھاتروں کے لیے بھی گھر بیٹھے رہنے کے سوا نکٹ بھوشیہ میں اور کوئی آشا نہیں ہے، فیشن کی اپاسنا کسی حالت میں بھی چھمیہ نہیں ہے۔ یہ ستیہ ہے کہ جس کے پاس سادھن ہے اُسے ادھیکار ہے کہ جتنا چاہے خرچ کرے اور جس طرح چاہے رہے، لیکن اگر اس میں کچھ سہانو بھوتی(4) ہو اور وہ دیکھے کہ وہ اپنی ولاس بھگت سے سادھن ہین چھاتروں میں کتنی نراشا، کتنا اسنتوش اور کتنی ایرشیا(5) اور جلن پیدا کر رہا ہے، تو شاید وہ ہفتے میں تین دن سنیما دیکھنے پر زیادہ آگرہ نہ کرے اور کیا اس سمپن چھاتر کو جو روپیہ ملتے ہیں وہ اس کے ماتا پتا کے پاس بھی اتنی ہی آسانی سے چلے آتے ہیں، جتنی آسانی سے وہ خرچ کرتا ہے ایسے بھاگوانوں کی سنکھیا بہت ہی تھوڑی ہے، جن کے ابھی واوکوں کو ان کا خرچیلا پن بُرا نہ لگتا ہو۔ ادھک تر سنکھیا تو ایسوں ہی کی ہے، جن کی سپھلتا اپنا سواستھیہ کھو کر آنکھیں پھوڑ کر، تیاگ سے جیون بتا کر ملتی ہے۔ ہمارا منچلا یونیورسٹی اسٹوڈنٹ جب ایک روپیہ کی سیٹ پر سنیما ہال میں جا بیٹھتا ہے یا اوولٹین کا ایک ڈبہ اور نوتھ پیسٹ کی ایک شیشی خرید کر گھر آتا ہے اور بازار کی سیر میں روپیہ بیس آنے کیول ریسٹروں میں بیٹھ کر چاٹ کھانے میں اڑا دیتا تو اسے کبھی خیال آتا ہے کہ ان دو تین

1۔ چھتاے: دے   2۔ وے: خرچ   3۔ چھمیہ: قابل معاف

4۔ سہانو بھوتی: ہمدردی

روپیوں کے لیے اس کے گھر والوں کو اپنی کتنی ضرورتیں دبانی پڑی ہوں گی۔ اگر ایسا خیال نہیں آتا تو اس کے سوا کیا کہا جائے کہ وہ آتم سیوی (1) اور سوارتھی ہے۔

لیکن آتم سیوا چاہے کسی چھاتر کے گھر والوں کو نہ اکھڑے اور وے اپنے لاڈلے بیٹے کے لیے ہر ایک طرح کا کشٹ خوشی سے اُٹھانے کے لیے تیار ہوں اور ایسا کون باپ ہے جو اپنی سنتان کے لیے ادھک سے ادھک تیاگ کرنے میں آنند نہ پاتا ہو۔ پر یہ عادت چھاتروں کے لیے سویم اس سے کہیں وناشک (2) ہے۔ اس کے سامجک پہلو کو بھی چھوڑیے حالاں کہ پھوس کی جھونپڑی کے پاس پھلجھڑیاں چھوڑنا بڑا بھینکر ونود (3) ہے اور تھوڑے سے بھاگیہ والوں کی شوقینی بہت سے بھاگیہ ہینوں کے لیے گھاتک ہو سکتی ہے۔ پر اسے جانے دیجیے یہ سوچیے کہ ان عادتوں کا سویم اپنے بھوشیہ پر کیا اثر پڑے گا؟ ماں باپ تو ہمیشہ سنبھالنے کے لیے بیٹھے نہ رہیں گے۔ نتیجہ یہی ہوگا کہ یا تو آپ گھر کی بچی بچائی سمپتی کا صفایا کریں گے، یا سن دگدھ سادھنوں سے کام لیں گے۔ کہیں نوکر ہو گئے تو رشوتیں شروع ہوں گی یا غبن کی نوبت پہنچے گی۔ ویاپار کیا تو تھوڑے دنوں میں پونجی ہی نفع بن جائے گی اور اگر بے کار رہنا پڑا، تو آتم ہتیہ (4) کے سوا اور کوئی اولمب ہی نہیں رہ جائے گا۔ جیون کا اسٹینڈرڈ اونچا رکھنے کا ارتھ یہ نہیں ہے کہ اپنے سامرتھیہ سے باہر خرچ کیا جائے۔ پر اسٹینڈرڈ اونچا رکھنے کا ارتھ ہے کہ تھوڑے سے آدمیوں پر اُدھ پتیہ (5) ہو اور وے انھیں لوٹ کر اپنا گھر بھرتے ہوں۔ فرانس، انگلینڈ، امریکہ کو ایشیا اور افریقہ دو مہادیپ ایسے مل گئے، جس سے دو صدیوں تک انھوں نے جیون کا اسٹینڈرڈ خوب اونچا کیا۔ پر مندی کے پہلے ہی حملے میں سبھی کے ہوش ٹھکانے آ گئے، اور جس دن یہ دونوں مہادیپ سچیت ہو جائیں گے۔ ان مہان راشٹروں کے ویبھوں کا انت ہو جائے گا۔ تب وہی کھیتی اور وہی چھوٹے چھوٹے کارخانے رہ جائیں گے جو اپنی ضرورت کی چیزیں بنائیں گے۔ سنسار کا ویاپار ہاتھ سے نکل جائے گا۔ ابھی سے وہ سمسیا ان کے سامنے کھڑی ہو گئی ہے، اور شستر سمیلن اور ارتھ سمیلن آدی اسی بچکنا کے نتیجے ہیں ہمارا تو خیال ہے کہ اپنی ضرورتوں کو ہم جتنا ہی بڑھاتے ہیں، اتنا ہی پرکرتی جیون سے دور ہوتے ہیں اور اتنا ہی سے کی پرگتی کے پرتی کول جاتے ہیں۔ سنسار بڑی تیزی سے سمشٹ وادکی اور جارہا ہے، جس میں اونچ نیچ شکشت اور اشکشت کا بھید نہ رہے گا۔ آج شکشت اور سنسکرت سماج نے اپنے کو جس قلعے میں بند کر رکھا ہے، اس کی دیواریں ٹوٹ جائیں گی اور چاہے کرانتی سے ہو، یا شانتی سے مانوستا کا آدرش آ کر رہے گا

1۔ آتم سیوی: ذاتی خیال رکھنے والا
2۔ وناشک: قاتل
3۔ ونود: تفریح
4۔ آتم ہتیہ: خودکشی
5۔ آدھ پتیہ: اختیار، اجارہ داری

اس وقت وہی جاتیاں وہی سماج اور ویکتی جیوت رہیں گے جو ان نئی پرستھیوں کا سواگت کریں گے۔ وشیش سویدھاؤں، وشیش سادھنوں میں پلے ہوئے پرانی اس سنگرام میں مٹ جائیں گے۔ ہمارے چھاتروں اور ودیالیوں کے سامنے یہ پرشن کھڑا گھور کر دیکھ رہا ہے پر وے آنکھیں بند کر کے اس کے استتو کو بھول جانے کی چیشٹا کر رہے ہیں۔ فیسیں بڑھتی جاتی ہیں چھاترالیوں کے خرچ بڑھتے جاتے ہیں اور ویکتیوں کی آمدنیاں گھٹتی جاتی ہیں۔ یہ اوستھا کتنے دنوں چل سکیں گی۔ آج نہیں تو کل یونیورسٹیوں کے سامنے یہ مسئلہ آئے گا اور چوں کہ اب شکشا کا آرتھک مہتو بہت کم ہوگیا ہے، کیول اس کا سانسکرتک مولیہ ہی باقی رہ گیا ہے، اس لیے اوشیہ ہی ایسے ودیالیہ اتپن ہو جائیں گے جو سے کے ادھک انوکول ہوں گے اور تب ورتمان ودیالیوں کو بھی ووش (1) ہو کر سے کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پڑیں گے۔ دور درشتا (2) کہہ رہی ہے کہ ابھی سے چیت جانے میں کشل ہے۔

اگست 1933ء

1۔ ووش: مجبور 2۔ دور درشتا: دور اندیشی

بھیشن ناؤ دُرگھٹنا

کاشی میں گت سپتاہ میں جو بھیشن ناؤ دُرگھٹنا ہوئی اور جس میں بائیس آدمی جل مگن (1) ہو گئے، اس پر پبلک کو اور ہمارے ویوستھاپکوں کو اس درشٹی سے وچار کرنے کی ضرورت ہے کہ ایسی دُرگھٹنائیں کن کارنوں سے ہوتی ہیں اور ان کی روک کیسے کی جا سکتی ہے۔ دیہاتی لوگ جلد سے جلد شہر کی منڈیوں میں پہنچ کر اپنا سودا بیچنے کی دھن میں اس بات کا وچار نہیں کرتے کہ ناؤ پر کافی آدمیوں کی گنجائش ہے یا نہیں۔ ملاح بھی پیسے کے بوجھ سے انھیں روکنے کی چیشٹا نہیں کر سکتا۔ نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ ایسی وارداتیں آئے دن ہوتی رہتی ہیں سرکار دوارا یدی ہر ایک ناؤ پر بٹھائے جانے والے یاتریوں کی سنکھیا نیت (2) کر دی جائے، تو شاید ملاح اس سے زیادہ سواریوں کو نہ بٹھائے اور سواریاں بھی سمجھ جائیں کہ اس سے زیادہ سواریوں کو بیٹھنے سے خطرہ ہے۔ یدی ہر ایک ناؤ پر تھمبوں کا پربندھن کیا جا سکے جس کا دائتو (3) ناؤ کے ٹھیکے دار پر رکھا جائے، تو شاید جنتا کا کلیان ہو سکے۔ ہمیں آشا ہے کہ ضلعے کے ادھیکاری ورگ اس وشے پر وچار کر کے کوئی ایسی ویوستھا کریں گے جس سے اتنی جانوں کی ہانی نہ ہو۔ بنارس پر شاید گرہ آیا ہوا ہے ابھی لاری والی واردات کی چوٹ بھولنے نہ پائی تھی کہ یہ دوسری چوٹ لگی۔

13 اگست 1933ء

1۔ جل مگن: غرق آب، آب آلود 2۔ نیت: متعین، محدود

3۔ دائتو: فریضہ

نیا ریلوے بورڈ

سرکار نے بھارت کے لیے جو نیا ریلوے بورڈ نرمان کیا ہے اس کے لیے ہم بھارت واسیوں کو سرکار کو کوئی دھنیواد(1) دینا چاہیے۔ چلو، بوجھ سر سے ٹلا نہیں لاکھوں میل کی ریلیں، لاکھوں گاڑیاں، لاکھوں کرمچاری، کروڑوں کا حساب کتاب، یہ سب جھن جھٹ کون پالتا۔ یہ نیا ریلوے گاڑیوں کا پربندھ(2) کردے وہ کام تو انگریز ہی کرسکتا ہے، پورا انگریز نہ ہو، آدھا سہی، تہائی سہی، پر کچھ نہ کچھ انگریزی خون اس میں اوشیہ ہونا چاہیے۔ اور جہاں انگریزوں کا معاملہ ہے وہاں کسی طرح کا دباؤ، کسی طرح کی نگرانی، کسی طرح کی قید ان کا ایمان ہے ان سے کوئی غلطی ہو ہی نہیں سکتی۔ اس ریلوے بورڈ کے نرنے میں لیجس لیٹو اسمبلی کو کسی طرح کا دخل نہ رہے گا۔ بورڈ کو ادھیکار ہوگا کہ جسے چاہے رکھے۔ جسے چاہے نکالے، جتنا کرایہ چاہے بڑھائے، مسافروں کو چاہے جتنا کشٹ ہو، اسمبلی کو بولنے کا حق نہ ہوگا۔ بورڈ ذمہ دار آدمیوں کا ہوگا۔ وے انگریزی نیتی (3) کے پکے سمرتھک (4) ہوں گے۔ اور یہ کون نہیں جانتا کہ انگریزی نیتی سنسار میں سب سے سپھل ہے۔

12 اگست 1933ء

1۔ دھنیواد: مبارک باد
2۔ پربندھ: انتظام
3۔ نیتی: اصول
4۔ سمرتھک: حمایتی

مدّھیہ پرانت میں آبکارا سے آمدنی

کبھی دردرتا (1) سے بھی کچھ اپکار (2) ہو جاتا ہے۔ اور اس اپکار کا سب سے تازہ ثبوت مدھیہ پرانت کے آبکاری و بھاگ کی نئی رپورٹ دیکھنے سے مل جاتا ہے 1925ء میں اس محکمے میں سرکار کی جتنی آمدنی ہوئی تھی، اس سے ایک کروڑ روپیہ کم یعنی پانچ ہزار سات سو تینتالیس لاکھ روپیہ کی آمدنی اس سال ہوئی۔ یہ بھی اس دشا میں جب سرکار نے ایک نئے چھیتر میں بھی ٹھرّے کی بکری کی اجازت دے دی تھی۔ اودشیہ اس کا کارن دَرِدرتا ہے، پر یہ سنتوش (3) کی بات ہوگی، یدی جن دَرِدروں نے اس ویسن (4) کو چھوڑ دیا ہے، وے اِسے پھر سے نہ اپنا دیں۔

آب کاری کے معاملے میں اس سال سب سے ادھک مقدمے چلائے گئے۔ یعنی چھ ہزار آٹھ سو چھیانوے۔ آشا ہے مدھیہ پرانت کی سرکار اسی درڑھتا سے کام لے گی۔

28 اگست 1933ء

1۔ دَردرتا: حیوانیت

2۔ اُپکار: رحم، کرم

3۔ سنتوش: قناعت

4۔ ویسن: مصروفیت، مشغلہ

کاشی میں بجلی

یکت پرانتیہ کونسل کے سدسیہ تھا میونسپل شاسن میں روچی رکھنے والے راج نیتکوں کا وشواس ہے کہ نہ جانے کیوں ہمارے پرانت (1) کی سرکار کے لیے مارٹن کمپنی بڑی لاڈلی ہے۔ یہ وشیش پریم یا کرپا چھپائے نہیں چھپتی۔ پرکٹ (2) ہی ہو جاتی ہے۔ کاشی کو بھی اس کا تھوڑا بہت انوبھو ہے۔ ہمیں ان دنوں کا اسمرن (3) ہے جب سوراجی بورڈ کاشی میں بجلی کی روشنی چالو کرنا چاہتا تھا۔ کاشی وشوودیالیہ کا پرستاؤ تھا کہ بنارس کو بجلی سپلائی کرنے کا کام اُسے دیا جائے۔ مارٹن کمپنی یہ ادھیکار اپنے لیے چاہتی تھی، پر سوراجی بورڈ کا یہ وچار تھا کہ کاشی وشوودیالیہ کاشی کے لیے ایک گورو کی وستو ہے۔ یدی کاشی سے اس کی سہایتا ہو سکے تو اتی اتم ہو۔ ساتھ ہی بورڈ کا یہ بھی انومان تھا کہ یدی کاشی میں بجلی کی روشنی دینے کا کام کاشی وشوودیالیہ کے ہاتھ میں ہوگا تو بورڈ بھی اپنے لیے ادھک سے ادھک سویدھا پراپت کر سکے گی تھا نگر کو بھی سستے میں بجلی کا پرکاش مل جائے گا۔ سستے مہنگے کا وچار کیول امیروں کی درشٹی سے ہی نہیں سب کے ہت میں ہوتا ہے۔ کاشی میں بجلی لگ جانے سے کیول امیر ہی نہیں غریب بھی کافی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

استو، سوراجی بورڈ کی چیشٹا بے کار گئی۔ بورڈ کی شو بھیچھا میں سرکار نے ایسے بادھاؤں کی سرشٹی کی کہ مجبوراً مارٹن کمپنی کو ٹھیکا دینا پڑا۔ اُسی ٹھیکے کے پرنیام سوروپ کاشی میں الیکٹرک سپلائی کمپنی کی استھاپنا ہوئی ہے جس نے سچ پوچھیے تو لوٹ مچا رکھی ہے۔ اس نگر سے یہ کمپنی کتنا کما رہی ہے، یہ نیچے کی تالیکا سے گیات ہو جائے گا۔

اُردھ ورش کی سماپتی پر کتنے استھان پر بجلی لگی یونٹ بکا آمدنی:

1۔ پرانت: علاقہ، صوبہ　　2۔ پرکٹ: ظاہر

3۔ اسمرن: یاد

	استھان پر بجلی لگی	یونٹ بکا	آمدنی:
31 دسمبر 1931ء	1645	19,92,334	2,19,795 روپیہ
30 جون 1932ء	1854	20,73,371	2,27,355 روپیہ
31 دسمبر 1931ء	2045	22,12,822	2,46,002 روپیہ

اس میں سے اڑتالیس ہزار چار سو ستاون روپے پونے تین آنے ڈی پریسیشن فنڈ میں نرمان کے سے جو پونجی لگائی گئی تھی اس کا سود پر ارمبھک دیے (1) اور دلالی مدے تیس ہزار روپے دیے کیا۔ عام خرچ پندرہ ہزار ایک سو پچاس روپے ساڑھے تین آنے ہوا۔ رن (2) پر سود اور جمع مدے سترہ ہزار دو سو گیارہ روپے سوا دو آنے، بجلی پیدا کرنے میں اکیاون ہزار دو سو تیس روپے ساڑھے تیرہ آنا، مرمت وغیرہ میں انیس ہزار پانچ سو اڑسٹھ روپے نو آنے، کرائے میں تیس ہزار دو سو سترہ روپے سوا بارہ آنے کل دیے ہوا۔ یہ حساب 31 دسمبر 1933ء تک کا ہے۔ اس کے علاوہ اس ارد ھ وارشک کے لیے چونتیس ہزار ایک سو تیس روپے ساڑھے نو آنے بیلنس ہے۔ اتی رکت فیس بہتر روپیہ تھا پچھلے ورش کا بیلنس سات ہزار چھ سو تین روپے سوا دس آنے ماتر ہے۔ یعنی کل ملا کر دو لاکھ چھیالیس ہزار چوہتر روپے ساڑھے چودہ آنا۔ پاٹھک اس حساب کی سمیکشا کریں تو انھیں پتا چلے گا کہ مارٹن کمپنی کاشی سے کتنی زبردست آمدنی کر رہی ہے۔ اور اس آمدنی کا کارن کیا ہے۔ پایونیر میں پچیس نومبر 1932 کو پرکاشت ایک لیکھ کے انوسار اس کمپنی کا بجلی پیدا کرنے میں فی یونٹ چار پائی ماتر کا دیے ہوتا ہے، پر میونسپل سنستھاؤں کو ساڑھے نو پائی پرتی یونٹ دی جاتی ہے۔ نجی اُپ بھوگیوں کو آٹھ آنا پرتی یونٹ کے حساب سے دیا جاتا ہے، یعنی میونسپل سنستھاؤں سے پرتی یونٹ ساڑھے پانچ پائی تھا نجی طور پر لینے والوں سے سات آنہ آٹھ پائی منافع میں پراپت ہوتا ہے۔ کاشی ایسے نگر سے اتنی رقم وصول کب تک کی جا سکتی ہے، یہ کہنا کٹھن ہے یہ بجلی کے پریمیوں کی ہی دربلتا ہے کہ ایک کمپنی نگر بھر کو اس طرح کنگال بنا رہی ہے۔

ہمارا یہ کتھن اتی شیوت نہیں ہے۔ دلّی میں چار آنا پرتی یونٹ (بارہ پرتی شت کی چھوٹ کے ساتھ بھی) دینا پڑتا ہے۔ کولکتہ میں ڈھائی آنا در ہے۔ لکھنؤ میں پانچ پائی، الہ آباد میں دو پائی، آگرہ میں ساڑھے پانچ پائی، بریلی میں نو پائی، کان پور میں پونے دو پائی، مسوری میں ایک پائی۔ نینی تال میں کیول آدھا پائی بجلی کا اتپادن دیے ہیں۔ کاشی کا چار پائی ہے۔ اس حساب سے دیکھنے پر بھی کاشی کا خرچہ کہیں

1۔ دیے: خرچ   2۔ رن: قرض

ھک بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

رہ گئی در کی بات کاشی اس وشے میں کسی بھی دھنی ودیشی دیش سے آگے ہے۔ انگلینڈ، جرمنی، فرانس، سوئٹزرلینڈ، اٹلی، امریکہ اور جاپان میں نو پائی کی در سے ہی بجلی پراپت ہو جاتی ہے۔

ہم ہی نہیں کہتے کہ ہماری نظر میں بجلی کا ریٹ بہت ادھک ہے کانپور کو بجلی دینے والے میسس یک سدرلینڈ اینڈ کمپنی نے یکت پرانت کے وانجیہ منڈل کے ایک پرمکھ سدسیہ کو ایک پتر میں لکھا ہے کہ کاشی کا ریٹ، اتیادھک ہے۔ اسی پرشن پر وچار کرنے کے لیے وگت شنیوار کو کاشی کے پرمکھ بجلی اپ بھوگیوں کی ایک سبھا ہوئی تھی سمبھوتا یہ نشچے کیا جا رہا ہے کہ یدی کمپنی سیدھے سے نہ مانے تو پہلی نومبر سے بجلی لینا ہی بند کر دیا جائے۔ اس پرکار ستیہ گرہ یدی سا موہک روپ سے ہو سکے تو مارٹن کمپنی کو نیچا دکھانا سرل ہے۔ پر اس میں قانونی اڑچنیں بھی ہوں گی۔ کچھ لوگ سال بھر کا کانٹریکٹ، کر چکے ہیں۔ کچھ اوشیہ ہی سرکاری پنتھو ہوں گے۔ کچھ اپ بھوگ سرکاری کاریالیوں میں ہوتا ہوگا اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اب میونسپلٹی سرکاری ہے۔ اس کا ایکزیکیٹو افسر ایک تحصیل دار ہے پردھان افسر اتی رکت (1) مجسٹریٹ ہے۔ ات ایوان سے کیسے آشا کی جائے کہ جنتا کے لوک پریہ (2) بننے کی چیشٹا کریں گے۔ ان سے کیسے آشا کی جا سکتی ہے کہ ہمارے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر اپنے دیش کو ایک کمپنی کی لوٹ سے بچا لیں گے۔

پھر بھی ہمیں ناگریکوں کو پریتن کرنا چاہیے اس وشے میں آندولن کرنے کے لیے ایک کمیٹی قائم ہو گئی ہے۔ اس کے ادھیکش ہیں شری سرن شنکر ماتھر ایڈووکیٹ اُپ منتری ہیں بنارس انڈسٹریز کے شری سنگھ داس بی اے۔ بجلی اس سمیتہ کا ایک آوشیک انگ ہے اور اس کا اُپ یوگ ہونا اوشیمبھاوی ہے۔ بجلی کے پنکھے سے گرمی میں بڑی سہایتا ملتی ہے۔ بنارس کمپنی کو کاشی سے ادھک چار آنا پرتی یونٹ لینا چاہیے اِس میں پرکاش تتھا پنکھے کے لیے پچیس پرتی شت مجرا کر دینا چاہیے۔ موٹر تتھا گرم کرنے کے لیے ایک آنا پرتی یونٹ لینا کافی ہوگا۔

مارٹن کمپنی کو کتنا لابھ ہے یہ پرتیکش ہے اوشیہ اس کے بدلے انگریز مالکوں کو اونچے پدوں پر پرایہ سبھی انگریز یا ودیشی افسروں کو موٹی تنخواہیں ملتی ہیں۔ تتھا بھارتیوں کا اتنا ہی لابھ ہوتا ہے کتنا ولایتی کپڑے بیچنے پر بھارت کے چھوٹے دوکان داروں کو ہوتا ہوگا۔ کاشی میں کمپنی کے پربندھ میں ہمارا کوئی ہاتھ نہیں

1۔ اتی رکت: اضافی   2۔ لوک پریہ: مقبول عام

ہے۔ الہ آباد میں بجلی کمپنی میں میونسپلٹی بورڈ کے دو سدسیہ شامل کیے جاتے ہیں۔ پر یہاں چاہے جو ہو، ہمیں کچھ پتا بھی نہیں چلتا۔ ایسی دشا میں ہم کو اس بات کا سولہوں آنا حق ہے کہ یا تو اپنے نگر کے لیے ریٹ سویم طے کریں یا کمپنی سے ناطہ توڑ دیں۔

4 ستمبر 1933ء

تمباکو پینے پر سزا

پریاگ کے ضلع مجسٹریٹ نے ایک فرمان نکالا ہے کہ کلکٹری میں جو آدمی تمباکو پیتا پایا جائے گا، اس کو سزا دی جائے گی۔ شاید صاحب بہادر خود سگار یا سگریٹ سے شوق نہیں کرتے ہم تمباکو کے پریمی نہیں ہیں۔ اور آج کل اس بُری عادت سے جتنی ہانیاں (1) پیدا ہو رہی ہیں۔ ان سے بھی بے خبر نہیں لیکن اس جُرم کو ہم سزا دینے کے لائق نہیں سمجھتے۔ جب ایک آدمی جیب کے ڈھائی آنے خرچ کر کے قینچی کی ایک ڈبیاں خریدتا ہے تو کیا اس کو کافی سزا نہیں مل جاتی؟ مگر یہ حکم موجودہ ضلع ادھیکش کے بعد بھی رہ سکے گا اس میں سندیہہ (2) ہے۔ بہت ممکن ہے کہ ان کے اترادھیکاری (3) صاحب سگاروں کے ایسے وِدرُوہی نہ ہوں۔ یہ کھڑے کھڑے دھوئیں اڑانے کی تہذیب تو ہم نے صاحب بہادروں سے ہی سیکھی ہے اور آج ہمارے کتنے ہی فیشنبل دوست پاسنگ شو کے ایک دو ٹن روز پی ڈالتے ہیں یہ تو کوئی انصاف نہیں کہ شراب منہ لگ جانے پر اس کا پینا جُرم قرار دیا جائے۔ ہمیں آشا ہے تمباکو کے پریمی ڈپوٹیشن لے کر مسٹر بشپ کی سیوا میں جائیں گے اور ان سے کہیں گے۔

چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی۔

18 ستمبر 1933ء

1۔ ہانیاں: نقصانات

2۔ سندیہہ: شبہ

3۔ اُترادھیکاری: وارث، جانشیں

کلپنا کی اڑان

ساچار پتروں کو اس سے زیادہ مزا اور کسی بات میں نہیں آتا کہ انھیں کوئی سن سنی پیدا کرنے والے پرسنگ (1) کو موٹے موٹے اچھروں میں چھاپنے کا اوسر ملے۔ ان دنوں پنڈت جواہر لال جی اور مہاتما جی میں جو بات چیت ہوئی اور ان دونوں مہانو بھاؤں نے اپنے اپنے جو بیان پرکاشت کیے اس میں ہمارے کتنے سہیوگیوں کو دونوں نیتاؤں میں مت بھید کا بھوت نظر آیا۔ پھر کیا تھا کلپنا (2) نے اپنا کام شروع کر دیا۔ کسی سجن نے لکھا ان دونوں نیتاؤں میں بہت پرانا مت بھید ہے۔ پر پنڈت جواہر لال جی مہاتما جی کا پرکٹ روپ سے ورودھ نہیں کرنا چاہتے تھے۔ اب وہ اپنا الگ دل بنائیں گے جو بالکل آرتھک (3) پرشنوں پر نردھارت ہوگا۔ کسی نے اس سے بھی آگے بڑھ کر پنڈت جواہر لال جی کو اُپدیش دے ڈالا۔ اور شاید وے اپنے دل میں خوش ہو رہے ہوں گے کہ دونوں مہانو بھاؤں میں ذرا چل جائے تو ساچاروں میں ذرا تیزی پیدا ہو جائے۔ اور پنڈت جواہر لال جی بار بار کہتے ہیں کہ مہاتما جی سے ان کا کوئی مت بھید نہیں ہے اور وہ اپنے کو مہاتما جی کا ایک سینک ماتر سمجھتے ہیں۔ آشا ہے پنڈت جی کے پچھلے بیان سے اس پرکار کی کلپناؤں کا انت ہو جائے گا۔

25 ستمبر 1933ء

1۔ پرسنگ: لگاؤ، رشتہ
2۔ کلپنا: تصور
3۔ آرتھک: معاشی

کاشی میں کمشنروں کی جوڑی

سہوگی ''آج'' کو یہ دیکھ کر بڑا آشچر یہ ہوا کہ کاشی میں ایک چھوڑ دو دو کمشنر کیسے اور کیوں آگئے؟ آپ کو یہ پوچھنے کا کیا حق ہے؟ آپ تین میں ہیں کہ تیرہ میں۔ سرکار سروشکتی مان(1) ہے، وہ چاہے تو اسی کاشی میں ایک درجن کمشنر رکھ کر دکھلا دے۔ آپ جوڑی دیکھ کر ہی چکرا گئے۔ پھر آپ نے دیکھا نہیں، ایک خالص کمشنر ہے دوسرا ''ایڈیشنل'' کمشنر۔ ایڈیشنل کو آپ کچھ سمجھتے ہی نہیں۔ آپ اسسٹنٹ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر اور بھانتی بھانتی کے کمشنروں کو دیکھ کر بھی ایک ''ایڈیشنل'' سے گھبرا گئے۔ ''کٹ'' کلرکوں اور چپراسیوں کے لیے ہیں۔

13 اکتوبر 1933ء

1۔ سروشکتی مان: بڑی طاقت

غازی پور کا دنگل

پورب کے لوگ اپنے کو پچھم والوں سے کچھ نیچا سمجھتے ہیں۔ جو بنگالی دو چار سال سنیکت پرانت (1) میں رہ لیتا ہے وہ کم سے کم پشوبل (2) میں اپنے کو 'دیش، والوں سے شریسٹھ سمجھنے لگتا ہے۔ کہیں پنجاب میں رہنے کا اوسر مل جائے، تو کہنا ہی کیا۔ اس کی دھاک جم جاتی ہے۔ پچھم والے پورب والوں کو بھات خور اور نہ جانے کن کن اپادھیوں سے وبھوشت (3) کیا کرتے ہیں۔ شاید کچھ برادریوں میں لڑکیوں کی شادی پچھم دشا میں ہی کی جاسکتی ہے، چاہے دس پانچ میل کا ہی انتر کیوں نہ ہو۔ پنجاب کے پہلوانوں کا اس پرانت کے پہلوانوں پر کچھ ایسا رُعب چھا گیا ہے کہ سہسا کوئی پنجابیوں سے لڑنے کا ساہس نہیں کرتا۔ لیکن غازی پور میں ابھی حال میں جو دنگل ہوا ہے اس میں ادھکتر کشتیاں پورب والوں نے ماری اور لاہور، امرتسر آدی استھانوں کے پہلوانوں کو نیچا دیکھنا پڑا۔ شکتی کسی کی میراث نہیں۔ جہاں سادھنا (4) ہوگی، وہیں شکتی ہوگی۔ روٹی دال اور بھات دال کا کوئی سوال نہیں۔ جاپان کے لوگ بھات کھاتے ہیں، لیکن سنسار کے کسی جاتی کے ویروں سے کم نہیں ہیں ہمارے گورکھے بھی دال بھات کھاتے ہیں۔ اس ترائی میں اور ہوتا ہی کیا ہے، پر تیز اور ساہس میں کسی جاٹ یا پٹھان سے پیچھے نہیں ہوتے۔ ایسے ہی دو چار دنگلوں میں پورب کے لوگ بازی مارلے جائیں تو پچھم کی دھاک ٹوٹ جائے۔

30 اکتوبر 1933ء

1۔ سنیکت پرانت: مشترکہ صوبہ
2۔ پشوبل: حیوانی طاقت
3۔ وبھوشت: ملوث، لباس آراستہ
4۔ سادھنا: تپسیا، عبادت، ورد

دس سال کی قید

سرکار اپنے نوکروں کو پچپن سال میں نکال دیتی ہے مگر ہائی کورٹ کے جج ساٹھ سال تک عدالت کی کرسی کو سوشوبھت (1) کر سکتے ہیں۔ یہ بھید کیوں؟ کیا معمولی ڈپٹی مجسٹریٹ یا کلرک پچپن ہی میں ہوش حواس کھو بیٹھتا ہے اور جج لوگ کسی گپت آشرواد (2) سے ساٹھ سال تک ہوش حواس قایم رکھتے ہیں؟ یا ہائی کورٹ کے ججوں کے لیے ہوش حواس کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی اور وے کیول کرسی توڑنے کے لیے رکھے جاتے ہیں؟ اب پریاگ وشوودیالیہ نے بھی یہ پرستاؤ کیا ہے کہ ساٹھ سال سے اوپر کوئی آدمی وائس چانسلر نہ رہے۔ اگر ساٹھ سال تک آدمی ہائی کورٹ کا جج رہ سکتا ہے، تو نہ سندیہ پچھتر سال کی عمر تک وائس چانسلری کر سکتا ہے۔

27 نومبر 1933ء

1۔ سوشوبھت: آراستہ　　2۔ آشرواد: دعا

پریاگ میں مادکتا کی وردّھی

پریاگ کی ضلع نشا کمیٹی نے ضلع میں انیس مادک وستوؤں (1) کی دوکانیں بند کر دی ہیں مگر نگر نشہ کمیٹی سے نشہ وبھاگ کا یہ نقصان نہ دیکھا گیا۔ اس نے شہر میں ترنت چار دوکانیں کھول دیں۔ دیہات کو انیس دوکانوں میں جو کچھ کمی ہوئی اس کی پورتی (2) شہر کی چار دوکانوں سے ہو جائے گی۔ اگر اس طرح یہ کمی نہ پوری ہو تو کمیٹی کو چاہیے کہ اس کے لیے نئے نئے آیوجن کرے۔ جیسے سگریٹ والے ڈبّوں میں ٹکٹ رکھ دیتے ہیں اُسی طرح افیم اور چرس کی پڑیوں میں یا شراب کی بوتلوں میں ٹکٹ رکھ دیے جائیں۔ انعام کے لالچ سے ہزاروں ٹیٹو طر کنٹھی تو ڑ کر کلوریے میں نہ پہنچ جائیں تو ہمارا ذمہ۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ ہر ایک کلوریے میں نشے بازوں کا رکارڈ رکھا جائے۔ جو سب سے بڑا پیکو ہو اسے کسی طرح کا سرکاری خطاب یا سمّان کا کوئی دوسرا لچھن پردان کر دیا جائے۔ پھر دیکھیے اس وبھاگ میں کتنی آمدنی بڑھتی ہے۔

4 دسمبر 1933ء

1۔ مادک وستو: نشہ آور چیز

2۔ پورتی: بھرپائی

آتش بازیوں کا گھاتک پرنام

شب برات گزرنے پانچ دن ہو گئے پر ابھی تک پٹاخے چھوٹ رہے ہیں اور کبھی کبھی ہوائیاں اور چھچھوندرے بھی نظر آ جاتی ہیں۔ ہولی میں بھی ہفتوں تک لوگوں پر آتش بازیوں کا نشہ سوار رہتا ہے۔ ہر سال کئی لاکھ روپے بارود میں اُڑ جاتے ہیں روپے تک ہی بات رہتی تو غنیمت تھی۔ کتنوں ہی کی جان بھی جاتی ہے۔ ابھی سماچار پتروں میں کئی ضلعے سے آتش بازی کے گھاتک پرنام کی خبریں آئی ہیں اور کئی دنوں اس طرح کی خبریں آتی رہیں گی۔ مگر سماج کے نیتاؤں نے اس دوشت پرتھا (1) کو روکنے کا پریتن (3) نہیں کیا کئی سال ہوئے دلی میں مسلم نیتاؤں نے آتش بازیوں کے وِرودھ بڑا آندولن کیا تھا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دو تین سال تک اس میں کچھ کمی ہوئی، لیکن اب پھر وہی حال ہے۔ لدھیانے میں تو ایک پورا پریوار ہی ختم ہو گیا۔

11 دسمبر 1933ء

1۔ دُوست پرتھا: آلودہ رسم

2۔ پریتن: کوشش

بے کاری کے کرشمے

خبر ہے کہ الہ آباد میں اب کی مادک وستوؤں کی دوکانوں کے ٹھیکے کے امیدواروں میں کئی گریجویٹ اور کئی ایم۔اے پاس لوگ بھی ہیں۔ انھی دوکانوں پر تھوڑے دن پہلے کانگریس نے پکیٹنگ کی تھی اور کتنے ہی یووک اس جرم میں جیل بھیجے گئے تھے ان دوکانوں کی بولی بولنے والے نہ ملتے تھے اور آج شکشت یووک ان دوکانوں کے ٹھیکے کے لیے کنویسنگ (1) کر رہے ہیں۔ اس میں کھید یا آشچریہ کی کیا بات ہے شکشت یووک آب کاری کے افسر نہیں ہیں، جن کا کرتویہ ہی یہ ہے کہ نشے کی بکری بڑھائیں شکشت یووک راشٹریہ آندولن (2) کو کچلنے میں کیا سرکار کے ساتھ نہ تھے؟ اگر شکشت ورگ میں ویویک (3) جاگ اُٹھے؟ تو سنسار سورگ ہو جائے۔ ابھی تو یہ حال ہے کہ شکشت سماج راشٹر کو Exploit کرنے میں مست ہے دوسری بات یہ ہے کہ راشٹر میں Exploit کیے جانے کی سامرتھیہ (4) ہی نہ رہے۔

25 دسمبر 1933ء

1۔ کنویسنگ: پرچار، تشہیر
2۔ آندولن: تحریک
3۔ ویویک: امتیاز، اختلاف
4۔ سامرتھیہ: صلاحیت، اہلیت

سماجک نینترن کی ضرورت ہے یا نہیں

ادھر دو تین مہینے سے سہوگی لیڈر میں ایک بڑا منورنجک وواد (1) چل رہا ہے شاید اکتوبر کے مہینے میں سماچار چھپا تھا کہ اندور راج نے ایک ایسا قانون جاری کیا ہے کہ باراتوں اور اتسووں میں پچاس سے زیادہ مہمانوں کو بلانا دنڈنیہ سمجھا جائے۔ اس پر کاشی کے وِدّوان میتا بابو شری پرکاش جی نے لیڈر میں ایک پتر لکھ کر اس قانون کا ورودھ کیا۔ ان کے خیال میں سماجک جیون میں اس طرح کا نینترن اناوشیک (2) اور کشٹ پد (3) ہے غریبوں کو جیون میں آنند منانے کے اتنے کم اوسر ملتے ہیں کہ شادی وواہ میں بھی یہ بادھا ڈال دی گئی تو جیون بالکل ہی شُشک نرانند ہو جائے گا۔ اس پر کاشی کے ہی ایک ادی مان لیکھک شری پچھی کانت جھانے اندوری قانون کا سمرتھن کرتے ہوئے لکھا کہ غریبوں کو ان کی ہی ادوردرشتا (4) سے بچانا راج کا دھرم ہے اور اندور نے یہ قانون جاری کر کے اپنی پرجا کا بڑا اپکار کیا ہے۔ بابو شری پرکاش جی نے پھر اس کا پرتیوتر دیا ہے اور اس میں اپنے پوروکتھن کا سمرتھن کرتے ہوئے لکھا ہے کہ امیروں کو اس وقت تو کفایت کا خیال نہیں آتا جب وہ اپنی دعوتوں اور پارٹیوں میں ہزاروں خرچ کر کے قرض دار ہو جاتے ہیں، تو غریب ہی کے ساتھ کیوں یہ قانون برتا جائے۔

پرشن یہ ہے کہ سماجک نینترن کی آوشیکتا ہے یا نہیں؟ یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ آدرش شاسن وہی ہے جس میں راج کی اور سے کم سے کم بندھن رہے جنتا امیروں ہی کی نقل کرتی ہے اگر دھن وان لوگ اس طرح کا اپ ویے نہ کریں گے تو غریبوں کو بھی اپنا گھر پھونک کر تماشا دیکھنے کی ہوس نہ ہو۔ ہم تو اسی سدّھانت پر انیوار یہ شکشا کا بھی ورودھ کرتے ہیں۔ بجائے اس کے کہ جنتا پر یہ کڑا پرتی بندھ لگا

1۔ وواد: اختلاف
2۔ اناوشیک: غیر ضروری
3۔ کشٹ پد: تکلیف دہ
4۔ ادوردرشتا: غیر دوراندیشی

کر انھیں کفایت کا سبق دیا جائے، یہ کہیں اچھا ہے کہ جاتی کے اگوا خود کفایت کا آدرش سامنے رکھیں۔ جب تک دھنی لوگ دھوم دھام کے موہ میں پڑے رہیں گے جنتا پر کڑا بندھن لگا کر انھیں دور درشی نہیں بنایا جا سکتا۔

25 دسمبر 1933ء

پیرس میں بھیشن درگھٹنا

خبر ہے کہ فرانس کی راجدھانی پیرس میں ایک بہت بڑی ریلوے درگھٹنا ہوگئی۔ ایک گاڑی ساٹھ میل کی چال سے آرہی تھی کہ ایک اسٹیشن پر وہ ایک کھڑی مسافر گاڑی سے ٹکرا گئی۔ دونوں گاڑیاں بھری ہوئی تھیں۔ بڑے دن کا اتسو منانے کے لیے لوگ اپنے یامتروں کے گھر جارہے تھے بڑا زبردست ٹکر تھا۔ ایک سو اسّی سے اوپر تو وہیں مر گئے اور تین سو سے اوپر زخمی ہوئے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ فرانس میں ریلوں کا پربندھ کچھ گڑبڑ ہے۔ تبھی تو ایک ٹکر میں اتنی جانوں کی چھتی (1) ہوئی۔ کیا ہی اچھا ہو کہ بھارت کا ریلوے بورڈ اپنے ہاتھ میں وہاں کا پربندھ لے لے اور انھیں سکھا دے کہ یوں ٹرافک کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ یہاں گاڑیاں لڑتی ہیں سہی، لیکن کچھ اس خوبی سے لڑتی ہے کہ دو چار آدمیوں کو معمولی کھرونچیں لگ کر رہ جاتے ہیں، مرے بھی تو دو چار مر گئے۔ یہ نہیں کہ ایک ٹکر میں پانچ سو سے زیادہ چل بسے۔ اس معاملے سے اسبھیہ (1) بھارت یوروپ کو ابھی کچھ دن سکھا سکتا ہے۔

1 جنوری 1934ء

1۔ چھتی: نقصان　　　2۔ اسبھیہ: غیر مہذب

ایم۔ سی۔ سی۔ کی دھوم

آج سارے دیش میں ایم۔ سی۔ سی کی دھوم ہے۔ کھلاڑیوں کا ناگرک سواگت کیا جارہا ہے، ایڈریس دیے جارہے ہیں اور کہا جارہا ہے کہ بھارت کے سوراجیہ کا پرشن کرکٹ کے میدان میں حل ہوگا۔ جس اُتساہ (1) سے ہمارے راجے اور مہاراجے اور ملوں کے سوامی اور بڑے بڑے لوگ اس پروپیگنڈا میں چپٹے ہوئے ہیں اُس سے اس وشے میں ذرا بھی سندیہہ نہیں رہ گیا کہ بس اب کی میچ جیتے اور سوراجیہ ملا۔ ہاکی میں ہندوستانیوں نے ساری دنیا کو جیتا، سوراجیہ کی ایک منزل پوری ہوئی۔ پولو میں جیت کر ہم دوسرے منزل پر جاپہنچے۔ تیراکی میں اوّل آکر تیسری منزل مار لی۔ فٹ بال میں پہلے سے ہمارا سکہ بیٹھا ہوا ہے۔ آج سماچار آیا ہے کہ ٹینس میں آسٹریلیا والوں کو ہم نے نیچا دکھا دیا۔ چوتھی منزل بھی پوری ہوگئی بس کرکٹ میں جیتنے کی دیر ہے۔ جیتے اور پورن سوراجیہ ملا۔ اور جیت تو ہوتی بمبئی ہی میں، لیکن اس الیون میں شریک ہونے کے لیے کیول کھلاڑی ہونا کافی نہیں۔ آپ اچھے کھلاڑی ہیں تو کیا بیٹھ رہیے۔ یہاں جس پر ادھیکاریوں کی کرپا ہے، وہ الیون میں لیا جاتا ہے۔ سنا ہے وائس رائے صاحب کو کرکٹ سے بڑا پریم ہے۔ جوانی میں اچھے کرکٹر تھے۔ اب کھیل تو نہیں سکتے مگر آنکھوں سے دیکھ تو سکتے ہیں اور جس چیز میں حضور وائس رائے کو دلچسپی ہو اس میں ہمارے راجوں، مہاراجوں، نوابوں اور دھن والوں کو نشہ ہو جائے تو کوئی آشچریہ نہیں۔ حضور وائس رائے اگر پرنس دیپ سنگھ سے خوش ہوتے، تو شاید وہ بھی آدر کے ساتھ بلائے جاتے، لیکن نہیں، انھیں کرکٹ سے کیا مطلب۔ یہاں تو پکا کھلاڑی وہ ہے، جسے ادھیکاری لوگ نام زد کریں۔ بھارت کی اور سے وائس رائے بدھائی دیتے ہیں، بھارت کا پرتی ندھتو (2) ادھیکاریوں ہی کے ہاتھ میں ہے۔ پھر کرکٹ کے جھمیلے میں کیوں نہ نرواچن ادھیکاران کے ہاتھ رہے۔

1۔ اُتساہ: امنگ　　　2۔ پرتی ندھتو: نمائندگی

اس دھوم دھام اور ٹیم ٹام کا یہی رسیہ ہے ریل نے کنسشن دے دیے، ایکسپریس گاڑیاں دوڑ رہی ہیں، تماشائی لوگ تھیلیاں لیے کلکتہ بھاگے جا رہے ہیں۔

اور ادھر غل مچایا جا رہا ہے کہ مندی ہے اور سستی ہے۔ مندی اور سستی ہے مزدوری گھٹانے کے لیے نوکروں کا ویتن کاٹنے کے لیے ایسے معاملوں میں ہمیشہ تیزی رہتی ہے۔

1 جنوری 1934ء

ایم۔سی۔سی۔کی جے

کہتے ہیں کہ فرنچ کانتی کے پہلے جنتا تو بھوکوں مرتی تھی اور ان کے شاسک اور زمین دار اور مہاجن ناٹک اور رتیہ میں رت رہتے تھے، وہی درشیہ(1) آج ہم بھارت میں دیکھ رہے ہیں۔ دیہاتوں میں ہاہا کار مچا ہوا ہے۔ شہروں میں گل چھرّے اڑ رہے ہیں کہیں ایم سی سی کی دھوم ہے، کہیں ہوائی جہازوں کے میلے کی۔ بڑی بے دردی سے روپیہ اڑ رہے ہیں۔ کاشی کے اس کرکٹ میچ میں کم سے کم پانچ ہزار آدمی تماشا دیکھ رہے تھے۔ کم سے کم پچیس ہزار روپے کیول ٹکٹوں سے وصول ہوئے اور دیا کس نے؟ انھیں بابوں اور امیروں نے جن سے شاید کسی راشٹریہ کام کے لیے کوڑی نہ مل سکے۔ خوب تماشے دیکھے جاوے، خوب مزے اڑائے جاوے۔ یہ دنیا ہے۔ کون کسی کے دکھ سے دکھی ہوتا ہے یہ سر پھروں کا کام ہے۔ سنسار ان کا ہے جو موج کرتے ہیں شہر کے اندیشوں سے مرنے والے ابھاگے قاضی کو مرنا ہی چاہیے۔ دیا امیروں کا چونچلا ہے اس کی ہمیں ضرورت نہیں۔ نیائے کے آنے میں دیر ہے تب تک چین کیے جاوے سنا اس میچ میں دیے نگرم ٹیم جیت گئی۔ بس اب سوراجیہ (2) ملنے میں دیری نہیں ہے۔

15 جنوری 1934ء

1۔ درشیہ: منظر

2۔ سوراجیہ: آزاد حکومت

سی پی سرکار کی ستر کتا

سی پی کے ہوم ممبر ایک ہندوستانی جنٹلمین ہیں۔ مہاتما جی ابھی جب اس پرانت میں دورہ کر رہے تھے تو آپ نے ایک سرکلر نکالا تھا کہ سرکاری نوکروں کو اس آندولن (1) میں بھاگ نہ لینا چاہیے۔ بالکل ٹھیک سنکرامک (2) بیماریوں میں باہر والوں کو چھوت لگ جانے کا زیادہ بھے رہتا ہے۔

29 جنوری 1934ء

1۔ آندولن: تحریک

2۔ سنکرامک: جاں کاہ، جان لیوا

بینکروں کی فریاد

اورکوئی مانے یا نہ مانے بینک والوں نے تو گورنر کو ڈکٹیٹر مان ہی لیا۔ کرشکوں کے ادھار کا جو بل کونسل میں منظور ہوا ہے، وہ بینک والوں کو کئی کارنوں سے روچی (1) کر نہیں ہے۔ ہم بھی بل کو نردوش نہیں سمجھتے۔ اس میں کسانوں کے ساتھ جتنی رعایت ہونی چاہیے تھی اس سے بہت زیادہ کر دی گئی ہے۔ یوں کہو کہ اس سے وشیش کر زمینداروں کا ہی فائدہ ہوگا لیکن بینکروں کو کونسل کے ممبروں سے فریاد کرنا چاہیے تھا۔ یا سمبھو ہے، انھوں نے فریاد کی ہو اور ممبروں پر کچھ اثر نہ ہوا ہو، لیکن جب ممبروں پر کوئی اثر نہیں ہوا، تو گورنر پر کوئی اثر ہونے کی بہت ہی کم سمبھاؤنا ہے اور اگر اثر ہو بھی جائے، تو ہم پنچایت کے فیصلے کی اپیل ایسے اجلاس میں کرنے کے خلاف ہیں جو ٹرنکش (2) ہے بینک والوں نے سمجھا ہوگا جب ایک کی خوشامد کرنے سے کام نکل سکتا ہے، تو بہتوں کی خوشامد کیوں کی جائے، لیکن یہ نیتی جن تنتر کے انوکول نہیں ہے جنتا کے ہت کے لیے اگر امیروں کو کچھ کشٹ اور ہانی بھی ہو تو وہ سہنی چاہیے۔ جن تنتر کا یہ سدھانت ہے۔

26 مارچ 1934ء

1۔ روچی کر: پرکشش

2۔ ٹرنکش

ڈاکٹر بھی سن رکشن چاہتے ہیں

جرمنی سے نکلے ہوئے یہودی ڈاکٹر بھارت آ رہے ہیں۔ ابھی تک تو بھارت کے مریض علاج کرانے کے لیے جرمنی جایا کرتے تھے۔ اب جرمن ڈاکٹر خود یہاں آ رہے ہیں۔ اس سے ہمیں خوش ہونا چاہیے تھا مگر ہمارے ڈاکٹروں کو سن شے(1) ہو رہا ہے کہ کہیں یہ ڈاکٹر یہاں والوں کا روزگار نہ چھین لیں۔ ہم سمجھتے ہیں مریض کسی ڈاکٹر کے پاس اس لیے نہیں جاتا کہ وہ ہندوستانی ہے یا ہندو یا کسی انیہ جاتی کا۔ وہ صرف اس ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے، جس پر اُسے وشواس ہو، جو اُسے اچھا کر سکے۔ اگر ہمارے ڈاکٹر چاہتے ہیں کہ ان کا مولیہ(2) بنا رہے، جس پر اُسے وشواس ہو، جو اُسے اچھا کر سکے۔ تو انھیں اپنے وشے کا پورا گیان پراپت کرنا چاہیے اور اپنی فیس بھی ایسی رکھنی چاہیے، جو معمولی آدمی کی پہنچ کے باہر نہ ہو۔ کولکتے میں اچھے ڈاکٹر کے ایک بجٹ کی فیس بتیس روپیہ سے کم نہیں ہے، اگر جرمن ڈاکٹروں کے آنے سے یہ لوٹ کم ہو جائے، تو ہم ان کا سواگت(3) کریں گے۔ سن رکشن(3) کی یہ ہوا دیکھیں ہمیں کہاں کہاں لے جاتی ہے۔

26 مارچ 1934ء

1۔ سن شے: شکی مزاج

2۔ مولیہ: قیمت، اہمیت

3۔ سواگت: استقبال

4۔ سن رکشن: حفاظت

کورٹ شپ

پریاگ میں اگر وال مہیلا مہا سبھا کی سبھا نیتری جی نے سماج کی ویواہک کوریتیوں (1) کو دور کرنے کے لیے کورٹ شپ کی بات کہی۔ لیکن کورٹ شپ سویم تو ایک خرچیلی وستو ہے۔ کاروں کی سیر اور ریسٹران کی دعوتیں اور آئے دن نئے نئے اپہار (2)، یہ کیا ماں باپ کے لیے ہلکے ٹیکس ہوں گے اور روکھی سوکھی کورٹ شپ مرو بھومی میں پڑے ہوئے بیج کی بھانتی شاید ہی انکورت ہوں پھلنا پھولنا تو دور کی بات ہے۔

16 اپریل 1934ء

1۔ کوریتیوں: بری رسم

2۔ اپہار: تحفہ

ڈاکوؤں کی دھوم

ڈاکوؤں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے اب تو چالیس پچاس کی پوری سشتر (1) فوجیں ڈاکے مارنے لگیں۔ گاؤں والے بندوق کی آواز سنتے ہی دم سادھ لیتے ہیں۔ ڈاکوؤں کا گاؤں پر پورا راجیہ ہو جاتا ہے۔ ان کی اچھا ہے جو چیز چاہے لے جائے جو چیز چاہے چھوڑ دیں، کس کی مجال ہے کہ چوں کر سکے۔ اگر گاؤں والوں کو پڑوس کا حق ادا کرنے کی سوجھ گئی تو دس پانچ وہیں شہید ہو گئے۔ ڈاکو مزے سے جس طرح گاتے بجاتے آئے تھے، اُسی طرح ہنستے کھیلتے چلے گئے۔ تیسرے دن پولس تحقیقات کرنے پہنچی اور یہ مانی ہوئی بات ہے کہ ڈاکو آس پاس کے گاؤں کے لوگ ہی رہے ہوں گے۔ ممکن ہے دو چار اس گاؤں کے آدمی بھی ان میں ملے رہے ہوں گے۔ یہ کون نہیں جانتا کہ گاؤں والوں کے سہیوگ (2) کے بغیر ڈاکے نہیں پڑ سکتے۔ اس لیے دو چار گاؤں کے بھلے آدمی دس پانچ پڑوس کے گاؤں کے معتبر آدمی ہی ڈاکے میں شریک ہوئے ثبوت کی کیا کمی۔ ان ابھاگوں نے اگر داروغہ جی کو پرسن (3) کر دیا تو جان بچ گئی نہیں چکی پیسنی پڑی۔ روز یہاں تماشا ہوتا ہے، مگر کسی کو پرواہ نہیں۔ سرکار کو پولس کا کام ہے سرکار کے شتروؤں کو پکڑنا اور مٹانا۔ پرجا کی رکشا سرکار کی پولس کیوں کریں؟ پرجا کی رکشا پرجا کی پولس کرے گی جو اہنت بھوشیہ میں بنے گی۔ پرجا کا دھرم ہے سرکار کو ٹیکس اور کرایہ ادا کرنا۔ سرکار کا دھرم ہے کر لینا (4)، اپنی رکشا کرنا۔ پرجا کے پرتی سرکار کا اور کیا دھرم ہو سکتا ہے لاکھوں آدمی یوں ہی گردن توڑ اور جگر مروڑ بخار سے مرتے ہیں دو چار سو آدمی ڈاکوؤں کے ہاتھوں شہید ہو جائیں تو کیا غم۔ پرجا کے ہاتھ میں شستر بھلا کیسے دیا جا سکتا ہے۔ چاہے یکیاں دیلی کا ایسا آدیش نہیں ہے۔

30 اپریل 1934ء

1۔ سشتر: مسلح
2۔ سہیوگ: مدد
3۔ پرسن: خوش
4۔ کر: ٹیکس، جزیہ

انگریزی اوشدھیوں کا بل پوروک پرچار

کان پور کے حاکم ضلع صاحب نے بورڈ کو اس لیے کراری پھٹکار بتائی ہے کہ بورڈ نے اپنے روگ نوارک ڈنڈ کو اوشدھالیہ (1)، مطب اور ہومیو پیتھک دواخانے کھولنے میں خرچ کیا ہے اور اس کے ڈنڈ سوروپ وہ اس فنڈ کو پرجا سے وصول کرنا نہیں چاہتے۔ صاحب الوپیتھک اوشدھیوں کے خاص طور پر پریمی معلوم ہوتے ہیں۔ ہم بھی مانتے ہیں کہ بہت سی بیماریوں میں الوپیتھک دوائیں تیر کی طرح نشانے پر جا بیٹھتی ہیں، مگر یہ کسی طرح نہیں مان سکتے کہ آیورویدک، یونانی یا ہومیو پیتھک کی دوائیں بالکل بے کار ہیں۔ آج بھی کتنے مریض ایلوپیتھک دواؤں سے اپنی دیہہ کو وشاکت (2) کرنے کے بعد نراش ہو کر آیوروید یا طب کی شرن آتے ہیں اور اچھے ہو جاتے ہیں۔ ایسے انگریز بھی موجود ہیں جو آیورویدک اور طب کی دواؤں پر پورا وشواس رکھتے ہیں اور اکثر ڈاکٹر بھی آیورویدک اوشدھیوں کا ویوہار کرتے ہیں اور ہومیو پیتھک تو مانو کسی دیوتا کا آشرواد ہے، جس کی رائی بھر گولیوں میں وہ تاثیر ہے جو ایلوپیتھک کی بوتلوں میں بھی نہیں اور سستے پن کے لحاظ سے تو وہ بھارت جیسے دردر دیش کے لیے خاص طور پر انوکول ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر آشچریہ ہوا کہ آج بھی ایسے تنگ خیال انگریز پڑے ہوئے ہیں، جو اتنا نہیں سمجھتے کہ بھارت والوں کے لیے بھارت میں پیدا ہونے والی اوشدھیاں جتنی فائدہ مند ہو سکتی ہیں اتنی ودیشی ایلوپیتھک دوائیں نہیں ہو سکتی اور کتنے ہی نشٹھاوان لوگ تو ایلوپیتھک سے اس لیے گھرنا کرتے ہیں کہ اس میں شراب ہی نہیں، گائے اور سور تک کی چربی بھی ملی ہوتی ہے۔ مانا کہ روگی کو اس طرح کے دچار کرنا مناسب نہیں لیکن یہ کہاں کا انصاف ہے کہ وہ حاکم ضلع ہی کیوں نہ ہو جنتا کو ایک خاص طرح کی دواؤں کا سیون کرنے کے لیے مجبور کرے۔ کیا اوشدھیوں کے بارے میں بھی ہمیں آزادی نہیں؟

7 مئی 1934ء

1۔ اوشدھالیہ: دوسائل خانہ　　2۔ وشاکت: ناتواں، کمزور

پتروں میں اُدھوری خبریں

دینک اخباروں میں کبھی کبھی ایسی خبریں چھپتی ہیں کہ جنتا میں اس سے بڑی غلط فہمی پیدا ہو جاتی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے، خبریں دینے والے ایجنٹ کسی کارن سے جان بوجھ کر ادھوری خبریں بھیجتے ہیں۔ مثلاً چمپارن میں ابھی یہ خبر چھپی کہ مسلمانوں نے ہندوؤں کی دو سو پچاس گائیں چھین لیں۔ جنھیں ان کے سوامی چراگاہوں کی اور لیے جا رہے تھے اور جب انھوں نے اپنی گائے مانگی تو انھیں مارا پیٹا اس پر بیس ہزار ہندو جمع ہو گئے، ادھر پانچ ہزار مسلمان بھی جمع ہوئے پولس کو پتا لگا۔ اس نے آکر ہندوؤں پر گولیاں چلائی اور بہتوں کو پکڑ لیا۔ خبر صاف کہہ رہی ہے کہ مسلمانوں کی زیادتی ہے اور کوئی کتنا ہی ادار ہندو کیوں نہ ہو وہ یہ کبھی پسند نہ کرے گا کہ مسلمان یا کوئی اور ان گایوں کو چھین لے یہ تو ڈاکہ ہے راہ زنی ہے اور جب بے چارے ہندو اس بات پر بگڑ کر ایکتر ہوتے ہیں، تو ان کے ساتھ کتنا بڑا اتیاچار کیا جاتا ہے۔ ایسی خبروں سے خواہ مخواہ ساmپردایک (1) بھاؤنائیں پربل ہوتی ہیں اور ہندو سمجھنے لگتا ہے کہ جب ہمارے ہی اوپر چاروں طرف سے وار پڑتا ہے تو پھر ہمیں بھی لڑ مرنا چاہیے۔ مگر واستو (2) میں بات کچھ اور تھی۔ مسلمانوں کی گائیں بھی چر رہی تھیں۔ اور جب یہ ریوڑ اس گاؤں میں پہنچا تو دونوں جھنڈ ایک میں مل گئے۔ ہندوؤں نے اپنے ریوڑ کو الگ کرنا چاہا پر سنبھو ہے اس میں دو ایک گائے مسلمانوں کی بھی رہ گئی ہو۔ اس پر دونوں میں جھگڑا ہو گیا۔ مسلمانوں نے ریوڑ کو روک دیا۔ اور کہا جب تک ہمارا تصفیہ نہ ہو جائے گا، ہم گایوں کو نہ جانے دیں گے اس پر بات بڑھ گئی۔ اتنا اسپشٹ (3) کہہ دینے سے خبر میں وہ مسلم زیادتی کا پہلو غائب ہو جاتا ہے۔ اور معمولی مویشیوں کا جھگڑا رہ جاتا ہے، جیسا آئے دن دیہاتوں میں ہوتا رہتا ہے۔

14 مئی 1934ء

1۔ سامپردایک: فرقہ واریت
2۔ واستو: حقیقت
3۔ اسپشٹ: ظاہر، صاف، واضح

بات چیت کرنے کی کلا

بات چیت کرنا اتنا آسان نہیں ہے، جتنا ہم سمجھتے ہیں۔ یوں معمولی سوال جواب تو سبھی کر لیتے ہیں، اپنا دُکھ بھی رو لیتے ہیں، اُسی طرح، جیسے سبھی تھوڑا بہت گا کر اپنا من پرسن (1) کر لیتے ہیں، لیکن جس طرح گانے کی کلا کچھ اور ہے اور اُسے سیکھنے کی ضرورت ہے، اُسی طرح بات چیت کرنے کی بھی ایک کلا ہے جو کچھ لوگوں میں تو ایشوردت (2) ہوتی ہے اور کچھ لوگوں کو ابھیاس (3) سے آتی ہے اور جو آج اگیات (4) کارنوں سے لُپت (5) ہوتی جا رہی ہے آج دو چار ہزار سو شکشت آدمیوں میں ایک ہی دو ایسے نکلیں گے، جو اپنے سمبھاشن سے کسی سماج یا منڈلی کا منورنجن کر سکتے ہوں اپنی لیاقت کا سکہ جما سکتے ہوں یا اپنے پکش کا سمرتھن کر سکتے ہوں۔ اور دوچتر بات یہ ہے کہ پڑھے لکھے اور ودّوان لوگ اس کلا سے جتنے شونیہ (6) دیکھے جاتے ہیں اتنے اشکشت اور گرامین لوگ نہیں۔

کسی گاڑی میں دو پڑھے لکھے سجّن ہزار دو ہزار میل کی یاترا ساتھ کریں گے پر ایک دوسرے سے سلام کلام بھی نہ کریں گے۔ ایک اپنا اخبار پڑھتا رہے گا، دوسرا اپنے اپنیاس میں ڈوبا رہے گا۔ اس سے الٹے دو گرامین جیوں ہی گاڑی میں بیٹھے کہ ان میں چلم بازی شروع ہو جاتی ہے، پھر کھیتی باڑی کا ذکر چھڑ جاتا ہے، پھر معاملے مقدمے کی چرچا ہونے لگتی ہے، زمیندار نے کیسے اُسے بے دخل کیا یا ساہوکار نے کیسے سود در سود لگا کر پچاس کے دو سو پچاس روپے کر لیے اور اُس کی ساری جائداد نیلام کرا لی۔ جب تک یاترا سماپت نہ ہو گی، ان کی زبان بند نہ ہو گی۔ سمجھو ہے وے گانا شروع کر دیں۔ چلتے چلاتے ان میں ایک سد بھاؤ (7) پیدا ہو جاتا ہے۔ یہاں ہمارے بابو صاحب اپنی جگہ پر بیٹھے اپنے دوسرے مسافر بھائی

1۔ پرسن: خوش 2۔ ایشوردت: خدائی دین 3۔ ابھیاس: مشق

4۔ اگیات: نامعلوم 5۔ لُپت: غائب، پوشیدہ 6۔ شونیہ: صفر

7۔ سد بھاؤ: ہم خیالی، اپنائیت

کو گھری آلو چنا کی آنکھوں سے دیکھ کر رہ جاتے ہیں۔ آپ ایک گرامین کے ساتھ لمبی سے لمبی یاترا ہنستے ہوئے کر سکتے ہیں، لیکن بابو صاحب کے ساتھ آپ چھوٹی یاترا کر کے اوب بھی جاتے ہیں اس گرامین کے جیون میں کچھ رس ہے، کچھ اتساہ ہے کچھ آشاوادتا (1) ہے، کچھ بالکوں کا سا کوتہل ہے کچھ اپنی وپتی پر ہنسنے کی سامرتھیہ (2) ہے۔ لیکن مسٹر یا بابو صاحب اپنے آپ میں سمٹ کر مانو ساری دنیا سے روٹھ گئے ہیں ایسا کیوں ہوتا ہے، سمجھ میں نہیں آتا۔

لیکن گرامینوں میں بھی یہ کلا تنزل پر ہے پرانے زمانے میں نائی سمبھاشن کلا میں جنم ہی سے نپن ہوتا تھا، اُسی طرح جیسے دھوبی جنم ہی سے کویتا کی کلا میں سدھ ہوتا ہے۔ الف لیلا میں نائیوں دوارا کہی گئی کئی کہانیاں ہیں اور یہ وشیشتا کچھ ایرانی یا عربی حجاموں ہی میں نہ تھی۔ ہمارے یہاں بھی نائی پکا بتونی ہوتا تھا۔ بڑا حاضر جواب جن کا دماغ لوکوتیوں اور چٹکلوں کی خوان ہوتا تھا۔ گاؤں میں ناؤں ٹھاکروں کی ہزاروں کتھائیں آج بھی پر چلت ہیں، لیکن نائیوں میں بھی اب اس کلا کا لوپ ہوتا جا رہا ہے۔ اب تو وہ محرمی صورت لیے آتا ہے۔ چپ چاپ بال بناتا ہے، اور پیسے لے کر چلا جاتا ہے۔

نائیوں میں تو اس کلا کے مٹنے کا کارن دیہاتوں کی بدحالی اور سادھارن جنتا کی غریبی ہو سکتی ہے۔ جن کے پاس پیسے ہیں، وے اب اپنے ہاتھوں اپنی داڑھی صاف کر لیتے ہیں۔ کہیں چھٹے مہینے انھیں بال کٹوانے کے لیے نائی کی ضرورت پڑتی ہے اور دیہاتوں میں کسان آپ ہی دانے کے محتاج ہے، نائی کا پیٹ کہاں سے بھرے۔ جب کسان کے بکھاروں میں اناج اور گائے بھیسوں کے تھنوں میں دودھ بھرا ہوتا تھا، تب نائی، ٹھاکر مونچھوں پر تاؤ دیتے تھے اور بھرا ہوا پیٹ اچھلتے ہوئے جھرنے کی طرح قیلولے کرتا تھا، آنند بڑھانے والی بھاونائیں من میں اٹھتی تھیں۔ اور چٹکلوں کے روپ میں نکلتی تھی۔ جہاں کسان باقی اور بیاج کے بھنور میں ڈوبتا اتراتا ہو اور اس کے بچے بھوک سے بلبلاتے ہوں، وہاں ہنسنے ہنسانے کی کسے سوجھتی ہے۔

شکست لوگوں میں جورو کھاپن اور اداسینتا (3) آگئی ہے اس کا کارن شاید آج کل کی شکشا پرنالی ہے پہلے ساہتیہ ہی مکھیہ پاٹھیہ وشے تھا ہم بڑے بڑے کویوں کی سوکتیاں (4) یاد کر لیا کرتے تھے۔ سو بھاشنوں کا ایک خزانہ ہمارے دماغ میں جمع ہو جاتا تھا۔ اور کنٹھستھ ہونے کے کارن اوسر پڑنے پر ہم سمبھاشن میں اس کا ویوہار کرتے تھے۔ اب بالیہ وستھا میں جو قصے کہانیاں یا انیہ پاٹھ پڑھائے جاتے ہیں،

1۔ آشاوادتا: رجائیت پسندی　　2۔ سامرتھیہ: اہل، لائق

3۔ اداسینتا: مایوسی　　4۔ سوکتیاں: اشعار، کلام

ان میں سو بھاشنوں کا نام بھی نہیں ہوتا۔ اور جب اونچی ککشاؤں میں کلاسک پڑھنے کا سمے آتا ہے تو اس کے لیے پاٹھیہ کرم میں اتنا کم سے ہوتا ہے کہ کیول اس کا ارتھ سمجھ لینا ہی کافی سمجھا جاتا ہے۔ رٹنت کی کسے فرصت ہے۔ اچھے سمبھاشن کے لیے اچھی اسمرن (1) شکتی کا ہونا آوشیک ہے اور یہ شکتی آج کل لپیکشا کی درشٹی سے دیکھی جاتی ہے۔ بڑے بڑے ودوانوں سے کہیں کہ شیکسپیر کی دو چار سوکتیاں سنائیے تو وے کیول مسکرا کر رہ جائیں گے۔ غریب کو کچھ یاد ہو تب تو سنائے۔ ایک کارن یہ بھی ہے کہ ہم نے جنتا میں ملنا جلنا ترک کر دیا ہے جہاں بھاؤنائیں اپنے مولک (2) اور پراکرتک (3) روپ میں نواس کرتی ہیں جب تک آپ کو ہزار پانچ سو شعر اور کویتا یاد ہے، سو دو سو چٹکلے دو چار سو سبھاست اور سوکتیاں یاد نہ ہوں۔ آپ منورنجن سن بھاشن نہیں کر سکتے۔ کسی کی اسپیچ سنے جائیے اگر وہ کیول فلاسفی بگھار رہا ہے یا بڑی اوجسونی بھاشا پر سنتھیوں پر اپنا مت پرکٹ کر رہا ہے، تو آپ بہت جلد اوب جائیں گے، لیکن اگر وہ بیچ بیچ میں اپنے کتھنوں کو ونود (4) بھرے چٹکلوں اور لطیفوں سے النکرت کرتا جاتا ہے تو آپ انت تک مگدھ بیٹھے رہیں گے۔ ایک لطیفے سے سارے سنبھاشن میں جان سی پڑ جاتی ہے۔ سینکڑوں دلیلیں ایک طرف اور ایک چٹیل شو بھاشت ایک طرف۔ وہ پرتی دوندی کو نیر وتر کر دیتا ہے۔ اس کے جواب میں اس کی زبان نہیں کھلتی۔ اس کا پکش کتنا ہی پربل ہو۔ پر سو بھاشنوں میں کچھ ایسا جادو ہوتا ہے کہ مانو وہ ایک پھونک سے دلیلوں کو اڑا دیتا ہے۔ مولانا محمد علی مرحوم جن دنوں انگریزی، کام ریڈ، نام کا پتا تک پتر لکھا کرتے تھے تو ان کے لیکھوں کا ہر ایک پیراگراف غالب کے شعروں سے النکرت ہوتا تھا اور اس سے راج نیتی کے روکھے وشے میں بھی رس آ جاتا تھا۔ ان کے اس طرح کے لیکھ لاجواب ہوتے تھے اور بڑی روچی سے پڑھے جاتے تھے مولانا محمد علی کو غالب کا پورا، دیوان، کراٹھ تھا اور شعروں کو وہ کچھ اس طرح چپکا دیا کرتے تھے کہ معلوم ہوتا تھا غالب نے وہ شعر اسی اوسر کے لیے کہا ہو۔ سوہگیہ اکبر کی وینگوکتیاں بھی دندان شکن ہیں۔ اتنی بجھو اور چلبلی کہ اگر ہم اپنی بات چیت میں موقع پر ان کا ویوہار کر سکیں، تو سننے والوں کو پھڑکا دیں۔ کبیر اور تلسی، رحیم، گردھر آدی کی رچنائیں سو بھاشتوں سے بھری پڑی ہیں، مگر انگریزی اسکولوں میں ہندی ساہتیہ ایک گون وشے ہے، اور جن لوگوں نے ان مہا کویوں کو کیول اسکولوں میں پڑھا ہے، وے شاید ہی ان کی سوکتیوں کو یاد رکھ سکتے ہوں۔ لطیفوں کی کوئی اچھی پستک ہندی میں ہماری نظر سے نہیں

1۔ اسمرن شکتی: قوت یادداشت
2۔ مولک: فطری
3۔ پراکرتک: قدرتی، فطری
4۔ ونود: تفریح

گزری۔ بیربل، اکبر اور خسرو کے نام سے جو لطیفے پرچلت ہیں ان میں ادھیکانش گندے اور کورو جی پورن ہے اگر کوئی سجن لطیفوں کو سنگرہ کرسکیں، تو ساہتیہ کا اپکار کریں۔ سماج میں وارتا (1) کشل ویکتی کا کتنا سمان اور پربھاؤ ہوتا ہے یہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ ایسا آدمی کسی منڈلی میں پہنچ جاتا ہے تو ترنت سب کا دھیان اپنی اور کھینچ لیتا ہے اور منڈلی پر مانو اُس کا اُدھپتیہ ہو جاتا ہے۔ ہاں موقع دیکھ کر ہی زبان کھولنا چاہیے اور اُسی وشے میں بولنے کا ساہس کرنا چاہیے جس کا ہمیں کچھ انوبھو یا گیان ہے۔ مون (2) کی بڑی پرشنسا کی گئی ہے، لیکن اس کا یہ ارتھ نہیں کہ ہم موقع آنے پر بھی منھ بند کیے بیٹھے رہیں۔ ہاں اگر ہمارے پاس کہنے کو کچھ نہیں ہے تو مون رہنا ہی اچت ہے۔ مون سے کم سے کم ہماری مورکھتا (3) کا پردہ تو ڈھکا رہتا ہے۔ ہم تو کہتے ہیں۔ ہمارے ٹھوٹھے پن کے لیے بڑی حد تک ہماری اَیوگیتا ہی ذمہ داری ہے۔ اگر ہمارے اسٹاک میں لوکوکتیوں اور لطیفوں کا ابھاؤ نہ ہو، تو ہم ٹھوٹھے بیٹھے ہی نہیں رہ سکتے۔ جسے ناچنا آتا ہے وہ اوسر پڑنے پر بنا ناچے رہ ہی نہیں سکتا۔ اگر اُسے ناچنے کا اوسر نہ ملے، تو وہ من میں بہت دکھی ہوگا اور بھاؤ بھنگیوں سے اپنا اسنتوش (4) پرکٹ کرے گا۔ جو اچھے وکتا ہیں، وے کسی سمیلن میں چپ بیٹھ ہی نہیں سکتے۔ ان کی جیبھ کھجلانے لگتی ہے۔ اور وے بار بار سلپ لکھ لکھ کر سبھاپتی سے بولنے کی انومتی لے کر ہی رہتے ہیں۔ جن غریبوں کو بولنے کی شکتی یا ابھیاس نہیں ہے، وے تو بار بار کہنے پر بھی منچ پر نہیں آتے، مناتے رہتے ہیں کہ یہ بلا میرے سر نہ آجائے۔

لگ بھگ ایک مہینہ ہوا ہماری ملاقات ایک ایسے سجن سے ہوئی، جن کی واچالتا دیکھ کر ہم دنگ رہ گئے۔ لطیفوں اور سبھاشتوں کا ایک سوتا تھا، جو ابلتا چلا آتا تھا۔ ایسا کوئی وشے نہ تھا جس پر ان کی اپنی ایک سوتنتر رائے نہ ہو۔ اور جس کا سمرتھن وہ قائل کر دینے والے ڈھنگ سے نہ کرسکیں۔ کئی بار یہ جانتے ہوئے بھی کہ ان کا کتھن بھرم مولک ہے ان کی واچالتا سے لاجواب ہو گئے۔ اپنے پکش میں ایک مارمک لطیفہ کہہ کر وہ قہقہہ مارتے تھے۔ اور اس کے ساتھ میدان مار لیتے تھے۔ وہ جانتے تھے۔ اس فیصلے کے خلاف میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ انھوں نے کتنے لطیفے کہیں۔ اس وقت سب تو یاد نہیں آتے، لیکن دو چار یاد ہیں، انھیں میں پاٹھکوں کے منورنجن کے لیے یہاں دیتا ہوں اور ان سے انورودھ کرتا ہوں کہ وہ اپنے دماغ کو ایسے لطیفوں سے جتنا سشستر کرسکیں، کرلیں۔ اس سے وے اپنے ہی دکھوں پر نہیں، دوسرے کے دکھوں پر بھی پرہار (5) کرسکیں گے اور اپنے شردھالوؤں کا دائرہ پھیلا سکیں گے۔

1۔ وارتا کشل: ماہر کلام 2۔ مون: خاموش 3۔ مورکھتا: بے وقوفی

4۔ اسنتوش: بے صبری 5۔ پرہار: حملہ

(1) دکھنی افریقہ میں ایک بار ایک سرکاری کرمچاری جن گننا کے سلسلے میں ایک جھونپڑی کے سامنے پہنچا، جہاں کئی بچے کھیل رہے تھے۔ اس نے آواز دی، تو اس کے جواب میں ایک حبشن باہر نکل آئی۔ کاغذوں کی خانہ پری کرنے کے لیے کرمچاری نے پوچھا۔ تمہارا شوہر کیا کام کرتا ہے؟

حبشن نے جواب دیا۔ وہ کیا کرے گا۔ اُسے مرے تو بیس سال ہو چکے ہیں

تو یہ بچے کس کے ہیں؟

'میرے ہیں'

لیکن تم تو کہتی ہو کہ تمہارے شوہر کو مرے بیس سال ہو گئے؟ ہاں، وہ مر گیا ہے، لیکن میں تو ابھی زندہ ہوں۔

(2) ایک تیلی نے اپنے بیل کے گلے میں گھنٹی باندھ رکھی تھی۔ ایک سجن نے پوچھا۔ کیوں شاہ جی، بیل کی گردن میں گھنٹی کیوں باندھ رکھی ہے؟

تیلی نے جواب دیا۔ اس لیے کہ بیل چلتا رہتا ہے تو گھنٹی بجتی رہتی ہے۔ میں کوئی دوسرا کام بھی کرتا رہتا ہوں، تو مجھے معلوم رہتا ہے کہ بیل چل رہا ہے، کھڑا نہیں ہو گیا۔

لیکن اگر بیل کھڑا ہو کر سر ہلاتا رہے؟

'مہاشے' میرا بیل اتنا سمجھدار نہیں ہے۔

(3) ایک حساب داں نے دریا کی گہرائی کا انوپات نکال کر گھر والوں سے کہا۔ پانی تھوڑا ہے کوئی ڈر نہیں، ہم اسے پار کر لیں گے لیکن جب گھر کے سب لوگ مدھیہ دھارا میں پہنچتے ہی اس کی آنکھوں کے سامنے ڈوب گئے۔ تو وہ پھر کنارے پر پہنچے اور پھر انوپات نکالا وہی جواب نکالا جو پہلے تھا، تو بولے۔ ابھی جیوں کا تیوں، کنواں ڈوب کیوں؟

(4) ایک افیم چی پنک میں راہ میں پڑا ہوا تھا۔ ایک پھکڑ نے اس کے سر کی پگڑی اتار لی اور اس کی جگہ تھوڑی سی روئی رکھ دی۔ افیم چی جب پنک سے جاگا تو پگڑی سنبھالنے کے لیے سر کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ پگڑی کی جگہ روئی اس کے ہاتھ آئی تو بولا۔ کمبخت، دھن کی گئی کاتی گئی۔ بنی گئی، پگڑی بنی۔ اتنا سب کچھ ہو چکنے کے بعد پھر روئی کی روئی۔

(5) ایک بار مسٹر ہربرٹ اسپنسر کہیں سیر کرنے جا رہے تھے۔ آپ انگلینڈ کے بہت بڑے فلاسفر ہو گزرے ہیں۔ راستے میں آپ کو ایک سو سال کی بڑھیا نظر پڑی ہربرٹ اسپنسر کو مذاق کی سوجھی، بولے میڈم، دنیا میں تمھارا کوئی پریمی بھی ہے؟ بڑھیا نے چھوٹتے ہوئے جواب دیا۔ بیٹا، میرے پریمی تو سب

سورگ سدھارے، بس ایک تم جیتے بچے ہو۔ فلاسفر صاحب ایسے چھپے کہ بھاگتے ہی بنا۔

(6) ترکی کے پرسدھ پردھان منتری عصمت پاشا جب لوجانا کی کانفرنس میں سیوری کی سندھ کو بدلوانے کے لیے آئے تو آپ کا سامنا لارڈ کرزن سے ہوا۔ لارڈ کرزن کی اکو تو مشہور ہے۔ آپ نے اس گھمنڈ میں کہ وہ دنیا کے سب سے شکتی سمپن (1) سامراجیہ کے پرتی ندھی (2) ہیں۔ ترکی پرتی ندھیوں پر رعب جمانے کے لیے راشٹر وادی ترکوں پر خوب حملے کیے۔ لارڈ کرزن کا یہ ڈھنگ دیکھ کر عصمت پاشا نے ایسا منھ بنالیا، مانو لارڈ کرزن بول ہی نہیں رہے ہیں۔ جب لارڈ کرزن ڈیڑھ دو گھنٹے تک ڈینگیں مار کر بیٹھ گئے تو غازی عصمت پاشا چونک کر اٹھ کھڑے ہوئے اور کان پر ہاتھ رکھ کر بولے۔ کیا آپ ترکی کے وشے میں کچھ کہہ رہے ہیں۔ میں نے تو کچھ سنا ہی نہیں دوسرے وچاروں میں ڈوبا ہوا تھا۔ لارڈ کرزن پر گھڑوں پانی پڑ گیا۔

دسمبر 1934ء

1۔ شکتی سمپن: طاقت سے بھرپور

2۔ پرتی ندھی: نمائندہ

وشی کرن کا نیا روپ

ہمارے رتی شاستر میں وشی کرن (1) کا ایک وشیش مہتو ہے۔ ایسی ہر ایک پستک میں آپ کو وشی کرن کی ودھی اور منتر اور اس کی کریائیں سب سے بڑی تفصیل کے ساتھ ملیں گی۔ جنتا کا ان پر وشواس بھی ہے اور ہزاروں پریمی جن ایکانت میں بیٹھ کر ان کریاؤں کو سدھ کیا کرتے ہیں۔ یوروپ میں بھی اب وشی کرن کا پرچار ہونے لگا ہے۔ لیکن نئی پدھتی کے انوسار ہر ایک کام وہاں ویوستھت، سنگھٹت اور ودیا پارک ریتی سے کیا جاتا ہے۔ وشی کرن بھی اس کا اپواد نہ تھا۔ ایک مہاشے نے اس نے ایک اسکول بھی کھول لیا۔ اور اچھی فیس لے کر ششیوں کو اس کے سبق بھی دینے لگے۔ ہاں سبق پتروں دوارا دیے جاتے تھے۔ پرچار اتنا بڑھا کہ بہت جلد ششیوں کی سنکھیا بارہ ہزار سے اوپر پہنچ گئی۔ شکشک مہودے کیول باون پاٹھوں میں ششیہ میں ایسی یوگیتا پیدا کر دینے کا ذمہ لیتے تھے کہ اس کے پریمی یا پریمیکا اس سے ملنے کے لیے آتر (2) ہو اٹھیں۔ جدھر وہ تاک دے، اس پر اس کا جادو چل جائے۔ اس ودیا پیٹھ کا یہ نتیجہ ہوا کہ ساری دنیا سے پتر دیوہار ہونے لگا اور ایک ہزار سے ادھک چھاتر یہ کلا سیکھنے لگے۔ جب فن آ گیا، تو اس کی آزمائش بھی ہونی ہی چاہیے۔ یووک اور یووتیاں شکار کی کھوج میں گھومنے لگیں۔ آخر بھید کھل گیا اور شکشک مہودے گرفتار ہوئے اور ان کے اوپر مقدمہ چلایا گیا۔ ابھی یوگ یہ تھا کہ یہ لوگ یووکوں کو دُشچرترتا (3) کا پاٹھ پڑھاتے ہیں، جس سے گھروں کی بربادی کے سوا اور کوئی نتیجہ نہیں۔ یہ ودیالیہ پیرس میں تھا، مگر اس کا پرچار بیس بھن بھن بھاشاؤں میں ہوتا تھا۔ مزہ یہ ہے کہ بہودھا یہ وشی کرن ودھی کیول منورنجن کے لیے سیکھی جاتی تھی۔

1۔ وشی کرن: بس میں کرنا، ماتحت کرنے کا عمل
2۔ آتر: بے چین
3۔ دُشچرترتا: بدچلنی

اتیت بھارت کے اپاسکوں (1) کو یوروپ کی اس نقالی پر شاید اس پُرانی کلا کو پھر جگانے کی دھن سوار ہو، کیوں کہ یوروپ بھلا بُرا جو کچھ کرے، ہم اس کے پیچھے چلنے کو تیار ہیں۔

فروری 1935ء

1۔ اُپاسکوں: پیروکاروں، پرستاروں

ہنس، کتھا

کچھ اپنے وشے میں

'ہنس' کا ایک ورش سماپت ہوگیا۔ ہم اس کے بارہ انک نکال سکے، اس کی بدھائی ہمیں دوسرے دیں، یا نہ دیں۔ ہم سویم اپنے آپ کو دیے لیتے ہیں۔ جن ادیشوں (1) کے ساتھ وہ چھیتر میں اترا تھا۔ انھیں ہم نے کہاں تک پورا کیا، اس کا نرنے پاٹھک کریں۔ ہم تو یہی کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے اپنی اور سے کوئی ڈھیلا پن نہیں کیا۔ ہمیں آرتھک ہانی (2) بھی ہوئی، راج نیتک (3) دنڈ بھی بھوگنا پڑا، پر ہم نے ہمت نہ ہاری۔ ہم اپنی تروٹیوں (4) کو جانتے ہیں اور یتھا شکتی ان کے دور کرنے کی چیشٹا کر رہے ہیں۔ کچھ سجنوں کی صلاح ہے کہ ہنس میں آدی سے انت تک کہانیوں کے سوا اور کچھ نہ ہو۔ یہ پردھان روپ سے کہانیوں کی پتریکا نہ رہ کر پورن روپ سے ہو جائے۔ کچھ سجن ملکتا۔ منجوشا اور اس کی ٹپنیوں کو قایم رکھنا چاہتے ہیں۔ اور پتریکا کو ایکانگی نہیں بنانا چاہتے۔ ہم خود ابھی تک کچھ نشچے نہیں کر سکے۔ ہم اپنے پریمی پاٹھکوں سے انورودھ کرتے ہیں کہ وہ اس وشے میں اپنی سمتی پردان کر کے ہمارے پتھ کو نشچت کر دیں۔ ہمیں اس کا کھید بھی ہے کہ وہ اس وشے میں اپنی سمتی (5) پردان کر کے ہمارے پتھ کو نشچت کر دیں۔ ہمیں اس کا کھید بھی ہے کہ ہم مولک (6) کہانیوں کی سنکھیا اور ادھک نہ بڑھا سکے۔ ہم اپنے نو جوان دوستوں سے آشا کرتے ہیں کہ وہ اپنے سے رکت (7) اور اُتساہ (8) سے ساہتیہ کے اس انگ کی پورتی کریں گے۔ ہم ہر ایک نئے لیکھک کو پروتساہت (9) کرنے کو تتپر ہیں۔ ہاں یہ اوشیہ چاہتے ہیں کہ جو سجن اس میدان میں آئیں وہ ایک آدرش لے کر آئیں اور ساہتیہ رچنا کو بچوں کا کھیل نہ سمجھیں پچھم والوں کے

1۔ اُدیشوں: مقاصد 2۔ آرتھک ہانی: معاشی خسارہ 3۔ راج نیتک: سیاسی

4۔ تروٹیوں: غلطیوں 5۔ سمتی: رائے 6۔ مولک: فطری

7۔ رکت: خون 8۔ اُتساہ: امنگ 9۔ پروتساہت: ہمت افزا

پر بھاؤ میں آکر ہم لوگ بھی سرنگار (1) پردھان کہانیاں لکھنے ہی میں کلا کا وکاس سمجھتے ہیں۔ کچھ لوگ جیون کے نگن چتروں کو کھینچنا ہی ساہتیہ کا دھیہ سمجھ بیٹھے ہیں، کنتو مانو جیون میں ایسے انیک بھاؤ ہیں۔ جن کا پاٹھک پر اس سے کہیں اچھا اثر پڑسکتا ہے۔ موٹی بات اتنی ہی ہے کہ جو کچھ لکھا جائے، آتمہ سے اور آتمہ کے لیے لکھا جائے۔

پاٹھکوں سے کسی پرکار کی سہایتا مانگنا، ہم اپنا ادھیکار نہیں سمجھتے۔ ہم جب ساہتیہ چھیتر میں آئے تھے تو پاٹھکوں سے پوچھ کر نہ آئے تھے ہمیں ساہتیہ میں ایک مشن پورا کرنا تھا، اُسے پورا کرنے کا پرتن کررہے ہیں۔ پاٹھکوں کو یدی ہمارے ادیشیوں سے سہانو بھوتی (2) ہے، تو وہ سویم ہماری سہایتا کریں گے اگر نہیں، تو ہمارا کہنا ویرتھ (3) ہے۔ ہم نے اپنے سامنے جو آدرش رکھا ہے وہ ہمارا اُتساہ بڑھاتے رہنے کے لیے کافی ہے۔ ہم گھاٹے نفع کے قائل نہیں، جسے ایشور نے جس یوگیہ بنایا ہو، اس کرتویہ کو پالن کرنا اس کا دھرم ہے اور دھرم ویوسائے کی وستو نہیں۔

جون 1931ء

1۔ شرنگار: آرائش

2۔ سہانو بھوتی: ہمدردی

3۔ ویرتھ: بیکار

بھارتیہ ساہتیہ کا سنگٹھن

حال میں شری کنہیالال جی منشی نے اس پرشن پر انگریزی پتروں میں ایکل وچار پورن لیکھ لکھا ہے جس میں آپ نے یہ دکھانے کی چیشٹا کی ہے کہ انتر پرانتیہ (1) ساہتیوں کا راشٹری سنگٹھن کس پرکار اور کس روپ میں کیا جانا چاہیے ہم اس کا سونتنز انوواد دیتے ہیں۔

ادھر کچھ سمے سے ان سبھی پرانتوں میں ساہتیک جاگرتی (2) اتپن ہو رہی ہے جن کے پاس اپنی اپنی وشیش بھاشائیں ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہر ایک پرانت میں چھوٹی چھوٹی ساہتیک سنستھائیں پیدا ہو گئی ہیں اور وے سب پرانتیہ ساہتیہ پریشدوں کا انگ بن گئی ہیں کنتو سادھارنتا یہ سنستھائیں اپنے الگ الگ راستے پر چل رہی ہیں۔ ان میں کوئی پارس پرک آدان پردان نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ انگلینڈ کی ساہتیک اور سانسکرتک کرتیوں کے وشیوں میں ہمارا جتنا گیان ہے، اُتنا اپنے پڑوسی پرانتوں کے ساہتیہ کے وشے میں نہیں ہے اس پرانت کے باہر ایسے کم لوگ ہیں، جنھیں اُدیمان لیکھکوں کی شیلی اور کلا یا اس کی ساہتیک دھاراؤں کا کچھ گیان ہو۔ جن پرانتوں میں ہندی نہیں بولی جاتی، وہاں کچھ لوگ تُلسی یا سورداس کے نام سے بھلے ہی پریچت ہوں۔ لیکن وے ساہتیک ادھوگ سے اپریچت ہیں، جو آج ہندی میں ہو رہا ہے۔ بنگلہ ساہتیہ کا ہمیں جو کچھ پریچے ہے وہ کیول ڈاکٹر رویندر ناتھ ٹیگور کی رچناؤں کا ہے۔ گجراتی ساہتیہ کے وشے میں ہم جو کچھ جانتے ہیں وہ مہاتما جی کی آتمہ کتھا کے انگریزی انوواد دوارا ہے۔ نوین گجرات نے جس رومانٹ سذم (آنند لکشی) ساہتیہ کا وکاس کیا ہے وہ انیہ پرانت والوں کے لیے ایک مُہر بند کتاب ہے۔ کرناٹک، تامل ناڈ، آندھرا، کیرل آدی پرانتوں میں جس نئے ساہتیہ کا نرمان ہو رہا ہے۔ اس کا گوداوری کے اتر کے نواسیوں کو کچھ بھی گیان نہیں ہے۔

لیکن ورتمان ساہتیہ پر راشٹر بھاؤنا کا آدھپتیہ (3) ہے اور آگے بھی رہے گا سبھی پرانتیہ کرتیاں

1۔ انتر پرانتیہ: بین الریاستی، بین صوبائی　2۔ جاگرتی: بیداری　3۔ آدھپتیہ: اختیار، اجارہ داری

ایک وشال راشٹریہ ایکتا کی اور اُتروتر (1) بڑھتی جارہی ہیں اور اگر بھارت کو اپنی راشٹریۃ سمپورن رتی سے پراپت کرنا ہے، تو ایک راشٹریہ ساہتیک سنگھ بھارت کے لیے آوشیک ہے، جس میں ہر ایک پرانت اپنا سہیوگ پردان کرے، لیکن ایسا سنگھ کیول ہندی کے مادھیم دوارا ہی سمبھو ہے جس میں سبھی صوبوں کے ساہتکار (2) سنگٹھت روپ سے ہاردک سہیوگ دیں۔ ایسا ہونے پر ہی ہم پرانتیہ ساہتیہ پریشدوں کے سنگھ کی استھاپنا کرسکیں گے، جو واستو میں اکھل بھارتیہ ساہتیہ پریشد ہوگی۔ سن 1925ء سے جب کہ گجراتی ساہتیہ پریشد میں سکریہ بھاگ لینے گیا تھا، یہ وچار میرے من میں پشٹ ہوتا گیا ہے۔

گت اپریل میں مہاتما گاندھی کی ادھیکشتا میں جو ہندی ساہتیہ سمیلن ہوا، اس میں یہ یوجنا سویکار کر لی گئی۔ انیہ ساہتیک ویکتیوں کے ساتھ اس وشے پر میری جو بات چیت ہوئی اس میں مجھے معلوم ہوا کہ بہتوں کے من میں اسی طرح کے وچار اٹھ رہے ہیں اور اب اس دشا میں پریتن (3) کرنے کا سمے آپہنچا ہے۔ سویم مہاتما جی نے بھی ہندی مادھیم دوارا بھنن بھنن پرانتیہ بھاشاؤں کے پرتی ندھیوں کو اکتر (4) کرنے کی آیوجنا کو کاریہ روپ میں لانے میں پتھ پردرشک (5) بننا سویکار کیا۔ سادھارن روپ سے یہ پرتیت ہوا کہ یدی اس طرح کی کوئی آیوجنا سپھل ہو جائے۔ تو پھر کسی نہ کسی روپ میں ایک انتر پرانتیہ ساہتیک سنستھا آہی جائے گی۔ اس سمیلن نے یہ پرستاؤ سویکار کیا۔

دیش کے بھنن بھنن پرانتوں کے ساہتیہ سیویوں میں پارسپرک سمبندھ استھاپت کرنے اور ہندی بھاشا کے اتکرانتی کے کاریہ میں ان لوگوں کا سہیوگ پراپت کرنے کے وچار سے یہ سمیلن نمن لکھت سجنوں کی ایک سمتی قایم کرتا ہے اور آوشیکتا ہونے پر انھیں ادھک سدسیہ بنالینے کا ادھیکار بھی دیتا ہے۔

(1) شری یت کنہیاں لال مانک لال منشی

(2) شری ہری ہر شرما

(3) پنڈت گردھر شرما

اکت سمتی نئے سدسیوں کا چناؤ کرے گی اور آرمبھک کاریہ ہوجانے کے بعد اپنا کام شروع کردے گی۔

سب سے پہلے پرانتیہ ساہتیوں میں سمپتا لانے کے لیے یہ سوچا گیا کہ یا تو ہندی کے کسی ورتمان

1۔ اُتروتر: لگاتار، سلسلہ وار　2۔ ساہتکار: ادیب　3۔ پریتن: کوشش
4۔ اِکتر: جمع　5۔ پتھ پردرشک: رہنما

ماسک پتر کا اپیوگ کیا جائے، یا ایک نیا پتر نکالا جائے، جس میں پرتیک پرانتیہ ساہتیہ کے لیے کچھ استھان سورکشت رہے۔ پرانتیہ وِدْوان اس کے لیے لیکھ لکھیں، جو ہندی میں روپانترت ہوکر پرکاشت کیے جاویں اس پرکار اس پتر میں پرتی ماس یہ وشے رہیں گے۔

(1) بھِن بھِن پرانت کی ساہتیک تتھا سانسکرتک گھٹناؤں پر سنکشپت ٹِپّنیاں۔

(2) پرانتیہ ساہتیوں کے وکاس کا سنکشپت اِتہاس، جس میں آدھونک ساہتیوں کی انتی تتھا ان میں پیدا ہونے والے راشٹریہ بھاؤ کی اور وِشیش دھیان۔

(3) وِبھِن پرانتیہ بھاشاؤں میں نرمان ہونے والے بھاؤ گیت۔

(4) پرانتیہ ساہتیہ میں لکھی جانے والی اُچ شرینی کی لگھو کتھائیں (کہانیاں)

(5) اپنیاس (کرمشا)

(6) پرانتیہ لوک ساہتیہ کا پریچے۔

(7) ایکانکی ناٹک

(8) پرانتیہ لوک ساہتیہ کے پرمکھ کویوں ایوم سولیکھوں کے دسترت شبد چتر تتھا ان کی کلاکرتیوں کی ساہتیک آلوچنائیں۔

(9) وِبھِن بھاشاؤں کے پرمکھ ساہتیکوں کے وِہنگم شبد چتر۔

(10) وِبھِن پرانتوں کی ساہتیک ایوم سانسکرتک تُلنا۔

(11) بھِن بھِن بھاشاؤں میں پرکاشت ہونے والی پُستکوں کی ساہتیک سالوچنا۔

(12) وِبھِن پرانتیہ بھاشاؤں کے پتروں میں پرکاشت ہونے والے سامایک ساہتیہ کے اوترن تتھا ان کے ہندی انوواد۔

(13) وِدیشی ساہتیہ سمبندھی سنکشپت ٹِپّنیاں۔

(14) پرانتیہ بھاشاؤں میں پرکاشت آدرش اپنیاسوں کا مرانوواد۔

(15) راشٹرلپی سمبندھی چرچا۔

سنکشپتہ یہ ماسک پتر آج کل محسوس ہونے والی ایک اکھل بھارتیہ ساہتیک مُکھ پتر کی آوشیکتا کی پورتی کرے گا اس کاریہ کو سپھل بنانے کے لیے وِبھِن پرانتوں کے مُکھیہ ساہتیہ سیویوں، ساہتیہ پریشدوں تتھا انیہ ساہتیک سمیتیوں اور خاص کر راشٹروادی سماچار پتروں کے سہیوگ کی نتانت (1) آوشیکتا ہے۔ اس

1۔نتانت: تنہا، اکیلا

آیوجن کو مکمل بنانے کے لیے پہلے خوب زمین تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ اور ہر ایک پرانت میں کچھ ایسے ساہتیہ سیویوں کی ضرورت ہے جنھیں اس ادیشیہ میں درڑھ آستھا (1) ہو۔ اتا اس پتر کے دوارا میں دیش کی ان ساہتیہ پریشدوں، سامجک سنستھاؤں تتھا ان ساہتیہ سیویوں سے سہوگ کے لیے آگرہ اور انونے کرتا ہوں، جو اس کاریہ سے پریم رکھتے ہوں۔

بھوتکال میں آریہ سنسکرتی کی لگی ہوئی لگن نے پرانتیہ (2) سیماؤں کو مٹا کر بھاشا اور لپی کا بھید ہوتے ہوئے بھی سامجک اور سانسکرتک ایکتا پرستھاپت کرنے کی بھرسک کوشش کی تھی۔ ورتمان سنسکرتی سے سادھنوں کی جو سرلتائیں ملتی ہیں، اور راشٹری بھاؤنا راج نیتک جیون میں جو پران سنچار کر رہی ہیں اس کا پرنام شگھر ہی سانسکرتک ایکتا پرستھاپت کرنے میں اوشیہ ہوگا اور دس بیس ورش کی الپ اودھی میں ہی ہم لوگ دیکھیں گے کہ ورڈھی سالینی راشٹر بھاشا کا ادے اور پرانتیہ ساہتیوں کا پارسپرک سنگٹھن ہو چکا ہے۔ جس میں ہر ایک پرانت نے اپنے سروتکرشٹ (3) ہجن کی بھینٹ دی ہے۔

جولائی 1935ء

1۔ درڑھ آستھا: مضبوط امنگ

2۔ پرانتیہ: علاقائی، صوبائی، ریاستی

3۔ سروتکرشٹ: سب سے عمدہ

'ہنس' نئے روپ میں

راشٹر بھاشا کی ورتمان جاگرتی (1) کے بعد اگر راشٹر ساہتیہ کے سمن وے (2) کے مہتو پر کچھ لکھیں تو یہ اس جاگرتی کا اپمان ہوگا۔ جن اُپکرنوں سے راشٹر بنتا ہے، ان میں بھاشا اور ساہتیہ کا استھان کتنا اونچا ہے یہ ہم سبھی جانتے ہیں۔ ہندی کو اس کی ویا پکتا (3) اور سرلتا کے کارن راشٹر نے اپنی بھاشا سویکار کرلیا۔ اور اٹھارہ ورشوں سے سمپورن دیش میں اس کے پرچار کا آیوجن سپھلتا کے ساتھ ہو رہا ہے اور اب سے آگیا ہے کہ ہم اپنا قدم آگے بڑھائیں اور راشٹر بھاشا کے پرچار نے جو بھومی تیار کردی ہے، اس میں بھارتیہ راشٹر ساہتیہ کا باغ لگائیں۔ یہ بھاؤنا کتنے ہی سجنوں کے من میں کئی سال سے اٹھ رہی تھی، پر اُسے کاریہ روپ میں لانے کے لیے جس پتھ پردرشک (4) کی ضرورت تھی وہ نہ ملا۔ اس ورش اندور ہندی ساہتیہ سمیلن میں۔ جس کے سبھاپتی مہاتما گاندھی تھے۔ اس آشے کا پرستاؤ منظور ہوا اور جن پوتر ہاتھوں سے اٹھارہ ورش پہلے راشٹر بھاشا پرچار کا آیوجن ہوا تھا۔ انھی ہاتھوں سے بھارت کے پرانتیہ ساہتیوں کے سمن وے کا آیوجن بھی ہوا جیون اور سنسکرتی کے انیہ سبھی وبھاگوں میں اکھل بھارتیہ سنستھائیں موجود ہیں، لیکن بھاشاؤں کے بھید کے کارن ابھی تک اکھل بھارت کی کوئی ساہتیک سنستھا نہیں ہے۔ بھاشا بھید کی درگم کھائی کو پار کرنے کے بعد ہمارا راستہ صاف ہوگیا اور وہ اوسر آگیا ہے کہ ہم ساہتیک سمن وے کا کام شروع کردیں۔

اس ادیشیہ کی پورتی کے لیے پہلی آدشیکتا ایک ایسے ماسک پتر کی ہے۔ جس میں سبھی پرانتیہ مہارتھیوں کے لیکھ پرکاشت ہوں اور بھاشاؤں میں وہ آدان پردان ہونے لگے، جس سے راشٹر ساہتیہ کو پروتساہن اور پرگتی ملے۔ اسی طرح ساہتیہ میں وہ راشٹری منوورتی اتپن ہوگی۔ جس سے آگے چل کر راشٹری ساہتیہ

1۔ جاگرتی: بیداری

2۔ سمن وے: میل ملاپ، اشتراک

3۔ ویا پکتا: وسعت

4۔ پتھ پردرشک: رہنما

پریشد کا دکاس ہوگا۔

اتایو ہم نے نشچے کیا ہے کہ آگامی اکتوبر سے ہندی کے سوپرسدھ ماسک پتر ہنس کو اس نئے روپ میں پرکاشت کیا جائے۔ ہنس اب ایک لمیٹیڈ کمپنی دوارا پربندھت روپ میں نکلے گا، جو اسی ادیشہ سے بنائی گئی ہے۔ اس میں پرتی ماس سو پرشٹھ ہوں گے اور اس کا وارشک مولیہ پانچ روپے ہوگا۔ پرانتی ودوانوں اور سولیکھکوں سے لیکھ پراپت کرنا، انھیں ہندی روپ میں لانا، ساہتیہ کے پرتیک انگ کی پورتی کا پریتن کرنا محنت کا کام بھی ہے اور خرچ کا بھی۔ دس بارہ پرانتیہ ساہتیوں کے لیکھکوں کا انوواد کرنے کے لیے ہمیں یوگیہ انوواداکوں کا پربندھ کرنا پڑا ہے۔ اور کئی سجنوں نے تو تیاگ بھاؤ سے ہماری سہایتا کرنے کا وچن دیا ہے۔ پرتیک پرانت میں راشٹر ساہتیہ کے پریمیوں نے اس ادھوگ کا جس اُتساہ سے سواگت کیا ہے، وہ ہمارے لیے بہت آشا جنک ہے ہمیں وشواس ہے کہ راشٹر کے سولیکھکوں اور پاٹھک دونوں ہی اپنے سہوگ سے ہمیں پروتساہن دیں گے۔ تبھی وہ اداسینتا اور اُروچی (1) دور ہوگی جو ایک پرانت کو دوسرے پرانت کے ساہتیہ سے ہیں۔ ہمیں ہرش ہے کہ ہمیں سمپادن کاریہ میں گجرات کے پرمکھ ساہتکار شری یُت کنہیالال منشی کا سہوگ پراپت ہوگیا ہے، جو اس وچار کے جنم داتا کہے جاسکتے ہیں۔

کاریہ کتنا مہتو پورن ہے یہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ ہم تو اس بھوشیہ کی کلپنا کرتے ہیں۔ جب بھارت کے سوکھیات لیکھکوں کی رچنائیں بھارت کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک چاؤ سے پڑھی جائے گی اور سمپورن دیش ان پر گرو کرے گا تبھی ہمارے ساہتیہ کو سنسار کے ساہتیہ سماج میں اور آدر کا استھان ملے گا اور سنسار کے سانسکرتک وکاس میں اس کا بھی بھاگ ہوگا۔

جس پتریکا کے نرمان میں سمپورن بھارت کی ساہتیک پرتبھا یوگ دے گی، وہ کس کوٹی کی ہوگی، اس کا انومان کیا جاسکتا ہے۔

ہم یہاں اس شنکا کا نوادن (2) کر دینا اچت سمجھتے ہیں جو دربھاگیہ سے کچھ سجنوں کے من میں اتپن ہوئی ہے۔ یوں تو چاروں طرف ہماری یوجنا کا سواگت ہی ہوا ہے پر کچھ ایسے مہانو بھاؤ بھی ہیں جن کا کتھن ہے کہ جب ہم انگریزی بھاشا کے مادھیم سے اپنا کام چلا سکتے ہیں تو ہمیں راشٹر بھاشا سیکھنے کی کیا ضرورت ہے ان کا خیال ہے کہ راشٹر ساہتیہ کا سوانگ کیول ہندی کو انیہ پرانتیہ بھاشاؤں پر اپنا ادھپتیہ جمانے کے لیے کھڑا کیا گیا ہے ہم بڑی غرتا سے نویدن کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارا ابھی پرایہ پرانتیہ بھاشاؤں

1۔ اُروچی: غیر دلچسپی　　2۔ نوادن: انسداد

کو چھتی (1) پہنچاتا نہیں۔ بلکہ ان کے سہیوگ سے راشٹر ساہتیہ کا نرمان (2) کرنا ہے۔ جس ڈال پر بیٹھے ہوں اُسی کی جڑ میں کلہاڑی مار کر ہم اپنی مورکھتا ہی کا پریچے دے سکتے ہیں۔ ہاں ہم یہ اوشیہ سویکار کرتے ہیں کہ ہم راشٹر کے پرتیک ویکتی کے لیے راشٹر بھاشا کا گیان آوشیک سمجھتے ہیں، انیتھا وہ راشٹر بھاشا ہی کیسی ہوگی۔ کنتو اس سے تو بھاشاؤں کو چھتی پہنچنے کی کوئی سمبھاؤنا نہیں۔ ان کا جو چھیتر ہے، وہ تو بنا ہی رہے گا، ہاں ان کے پرتبھا شالی لیکھکوں کے لیے لیش پراپتی (3) کا چھیتر اور وسترت ہو جائے گا۔ اگر اس سے اس بھاشا کو چھتی پہنچتی ہے تو اُسے لابھ کیسے پہنچے اس کا انومان ہم نہیں کر سکتے۔ رہی انگریزوں کے پکش پاتیوں کی بات، ان سے ہم اس کے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں کہ اب تک راشٹر کے اربوں روپیہ خرچ کر کے ہم سو میں ایک آدمی کو بھی انگریزی پڑھنے اور سمجھنے کے یوگیہ نہیں بنا سکے اور سمپورن راشٹر کو انگریزی پڑھانے کے لیے جتنے دھن کی ضرورت ہے وہ اس کنگال دیش کی سامرتھیہ (4) کے باہر ہے۔

جولائی 1935ء

1۔ چھتی: نقصان

2۔ نرمان: تعمیر

3۔ لیش پراپتی: شہرت یابی

4۔ سامرتھیہ: اہل، لائق، اختیار

'ہنس' کانیا روپ

آج کے چھ سال پہلے جب ہنس کا جنم ہوا تبھی سے اس نے بھارت کی انیہ بھاشاؤں کی ماسک پرگتی سے اپنے پاٹھکوں کو پریچت کرانے کا پریتن کیا ہے۔ یدپی سادھنوں کے ابھاؤ سے اسے ادشیہ میں اچھت (1) سپھلتا نہیں مل سکتی۔ پر یہ ادشیہ ہمیشہ اس کے سامنے رہا۔ کوئی راشٹر کیول اس لیے راشٹر نہیں ہوتا کہ وہ ایک راجیہ کے انترگت ہے بلکہ اس لیے بھی کہ اس میں سانسکرتک ایکتا اور دیڑھتا ہے۔ لپی بھاشا اور ساہتیہ سنسکرتی کا مکھیہ انگ ہیں۔ لپی کا پرشن تو راشٹر نے طے کر دیا اور ناگری لپی راشٹر کی لپی استھر ہوگئی ہے بھاشا وشے میں بھی اب کوئی مت بھید نہیں رہا۔ ہندوستانی ہماری راشٹر بھاشا استھر ہوگئی ہے اب ساہتیہ کو بھی ہم پرانتیتا کے سنکوچت (2) چھیتر سے نکال کر راشٹریتا کے ورہد چھیتر میں لا کر سانسکرتک ایکتا میں جو کسر تھی، اُسے پورا کر دینا چاہتے ہیں۔ وہ آدھیاتمکتا اور بودھک دھارا، جو اس سے سمپورن راشٹر میں سمان روپ سے پرواہت ہو رہی ہے۔ بھاشا بھید کے کارن اورودھ ہو کر رہ جاتی ہے اور سمپورن راشٹر کو اس کے جل سندھا سے لابھا (3) نوت ہونے کا اوسر نہیں ملتا۔ اگر بھارت کو اپنی راشٹریتا سمپورن ریتی سے پراپت کرنا ہے تو اُسے بھارتیہ ساہتیہ کا سنگٹھن اور پرچار کرنا ہوگا۔ اس مہتو پورن کاریہ کا بھار ہنس نے اپنے اوپر لیا ہے۔ ارا کتوبر سے ہنس بھارتیہ ساہتیہ کے مکھ پتر کے روپ میں نکلے گا اس میں ایک سو بارہ پرشٹھ ہوں گے اور اس کا وارشک مولیہ چھ روپیہ اور اردھ وارشک تین روپیہ آٹھ آنے ہوگا۔ اس کا سمپادن شری یت کنہیالال منشی اور میرے ہاتھوں ہوگا۔ ہم پریتن کر رہے ہیں کہ بھارت کے سبھی سوکھیات ساہتکاروں کا سہیوگ پراپت کریں۔ مہاتما گاندھی نے ہمیں آشرواد دیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ کام انھیں کی پریرنا سے اٹھایا گیا ہے۔ ہنس کے پرکاشن کے لیے بمبئی میں ایک لمیٹڈ کمپنی بنائی گئی ہے اور اب وہی

1۔ اچھت: پسندیدہ　　　2۔ سنکوچت: تنگ

3۔ لابھانوت: مستفید

اس کا پرکاشن کرے گی۔ ہنس پوروت ہنس کاریالیہ بنارس سے نکلے گا۔ اس کا ایک کاریالیہ ایک سو گیارہ اسیپ لینڈ روڈ بمبئی میں بھی ہے۔ ہم نے یہ آیوجن کیول راشٹر بھاشا اور راشٹر ساہتیہ کی سیوا کے ادیشیہ سے کیا ہے ہمارا کوئی ویاپارک سوارتھ اس میں نہیں ہے ات ایو ہم اپنے پریمی پاٹھکوں سے یہ آشا رکھتے ہیں کہ جیسے اب تک انھوں نے ہنس کو اپنایا ہے۔ اُسی بھانتی اس کو اپنائے رہیں گے اور کیول ڈھائی روپیہ کی مولیہ ورِدھی کے کارن اس سے ومکھ نہ ہوں گے۔ اس وردھ کاریہ کے دیکھتے ہوئے یہ مولیہ وردھی کچھ بھی نہیں ہے۔ انومان کیجیے کہ کناڈی، تمل، تیلگو، بنگلہ، مراٹھی، گجراتی، اردو آدی بھاشاؤں کی سامگری ہندی میں اُپستھت کرنے کے لیے ہمیں کتنا ویے اور کتنا ادھوگ کرنا پڑا ہے اور آگے پڑے گا۔ آپ ہنس کے دوارا سمپورن بھارت کے ساہتیہ سے پریچت ہو جائیں گے۔ پرانتیہ ساہتیوں میں جو کچھ شریشٹھ اور سندر ہے وہ آپ کو ہنس دوارا پراپت ہو جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ پوروت ہندی ساہتیہ کی انوٹھی رچنائیں بھی آپ کو بھینٹ کرتا رہے گا۔ کیا یہ کھید کی بات نہیں ہے کہ ابھی تک ہم پرانتیہ ساہتیوں کی پرگتی اور ان کی مول دھاراؤں سے بے خبر ہیں؟ پُرانے بنگالی ساہتیہ سے ہم بہت کچھ پریچت ہیں۔ لیکن اس کے سامپرتک گتی کا ہمیں کچھ پتا نہیں ہے۔ دکشن بھارت کے ساہتیہ سے تو ہم سروتھا (1) انبھگ ہیں۔ جب بھارت ایک راشٹر ہے، ہندی راشٹر لپی ہے، تو بھارتیہ ساہتیہ میں جو کچھ بھی نکلے، وہ راشٹر ساہتیہ ہے۔ تبھی ہمارے ساہتیک درشٹ کون کا وکاس ہوگا، تبھی ہم ساہتیہ کو راشٹریہ ماپ دنڈ سے ناپیں گے، تبھی ہمارے ساہتیک آدرش اونچے ہوں گے۔ آپ ہنس کے گراہک بن کر راشٹر ساہتیہ کے پرتی اپنے کرتویہ کی اِتی شری نہ سمجھیں۔ یتھا سادھیہ (2) ہنس کے پرچار کا ادھوگ بھی کریں۔ اور اس سانسکرتک یگ میں سہیوگ دینے کا یش لے۔ جب انیہ بھاشا۔ بھاشی جن راشٹر بھاشا کے پرتی اتنا اتساہ دکھا رہے ہیں اور ہنس کے پرکاشن کے لیے دھن کا آیوجن کر رہے ہیں اور انیہ بھاشاؤں کے پشٹوی (3) لیکھک ہنس کے ساتھ ادارتا پورن سہیوگ کر رہے ہیں، تو کیا ہمارے پاٹھک، جو اتنے دنوں ہنس کے گراہک رہ کر اپنے ساہتیہ پریم کا پریچے دیتے رہے ہیں، اب اپنے راشٹر ساہتیہ پریم سے ہمیں پروتساہن نہ دیں گے؟ ہمارے جن مانیہ سہیوگیوں نے اس وچار کے پرچار میں ہماری سہایتا کی ہے، ان کے ہم ہردے سے انوگرہت (4) ہیں۔

اگست ستمبر 1935ء

1۔ سروتھا: پہلے پہل
2۔ یتھا سادھیہ: حتی الوسع
3۔ پشٹوی: ماہر فن
3۔ انوگرہت: احسان مند

بھارتیہ ساہتیہ کے سنگٹھن کی ایک آلوچنا

ہنس کے پاٹھکوں کو گیات ہوگا کہ گت ماس شری یت کنہیالال منشی نے بھارتیہ ساہتیہ کا سنگٹھن، نامک ایک پمفلیٹ پرکاشت کیا تھا۔ جس میں انھوں نے ہندی میں ایک ایسے پتر کی آوشیکتا بتلائی تھی اور اس کے لیے اسکیم بھی پیش کی تھی جس میں پرانتیہ ساہتیوں کے وشے میں ہندی میں پرانتیہ ودّوانوں کے لیکھ پرکاشت کیے جائیں اور ہندی کے مادھیم سے ایک ایسا مجھیتر تیار کیا جائے، جس کے دوارا بھن بھن پرانت تتھا ہندی کے پاٹھکوں کو انیہ پرانتوں کے ساہتیہ سے پریچے ہو جائے اور راشٹر کے بھن ساہتیوں میں جو شریشٹھ (1) کرتیاں (2) نکلے، وہ کیول اس پرانت کے اندر نہ رہ کر سمپورن راشٹر تک پہنچ سکیں۔ ہمارے متر شری یت چندر گپت جی ودیالنکار نے اگست کے وشال بھارت میں ایک وچار پورن لیکھ لکھ کر یہ شنکائیں پرکٹ کی ہیں۔

(1) جن ساہتیکوں کی رچنائیں اس پتر میں چھپیں گی۔ انھیں بھی ٹھیک طور سے گیات نہیں ہوگا کہ ان کی رچنا کا ہندی میں انودت ہو کر کیا روپ بن گیا ہے ات ایو پروپ کار کو بھاؤنا سے کسی کے لحاظ میں آکر اتھوا اور کسی پریرنا سے انیہ پرانتوں کے ساہتیک اس پتر کے لیے لیکھ چاہے بھلے بھیج دیں، تتھاپی انھیں اس پتر سے کوئی زندہ دلچسپی نہیں رہ سکتی۔ پرنیام یہ ہوگا کہ پتر بہت شگھر دوسرے درجے کا اور کچھ سے کے بعد تیسرے درجے کا بن جائے گا۔

(2) ہندی جگت کو اس پتر سے انیہ پرانتیہ بھاشاؤں کی رچناؤں کا سکنڈ ہینڈ آسوادن اوشیہ مل جائے گا پرنتو اس کے دوارا انیہ پرانتوں کی جنتا کو سمپورن راشٹر کے ساہتیکوں کا پریچے کس پرکار مل سکے گا۔

(3) اس وشے کا اکیلا ایک پتر کیا کرلے گا، یہ تو پرچار کا ساکاریہ ہے اور اس درشٹی سے تو یہ اچھا رہے گا کہ ہندی کے سمپورن پتروں تتھا پتریکاؤں میں، ہندی ہی کیوں، سمپورن بھارت ورش کی سبھی پتر،

1۔ شریشٹھ: اعلیٰ 2۔ کرتیاں: تخلیقات

پتر یکاؤں میں یہ بھاؤنا بھرنے کا پریتن کیا جائے کہ وے انیہ پرانتوں کو رچناؤں سے بھی اپنے پاٹھکوں کو پریچت کرانے کا ادھکتم پریتن کریں۔

(4) انت میں آپ نے راشٹریہ ساہتیہ پریشد کی ضرورت بتلائی ہے اور اس پر زور دیا ہے کہ پہلے وہ پریشد بنایا جائے اور ایسا پتر اُسی پریشد کی اور سے پورن ساہتیکوں بن کر نکلے۔

ہمیں چندر گپت جی کی یہ آلوچنا پڑھ کر خوشی ہوئی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دو چار وان لوگ اس پرشن پر وچار کر رہے ہیں، جو آنکھیں بند کر کے کسی بات کو سویکار کر لینے سے، یا صاف اداسین ہو جانے سے کہیں اچھا ہے۔ ہم بھائی چندر گپت جی کی شنکاؤں (1) کا مہتو سمجھتے ہوئے بھی یہ نویدن کرتے ہیں۔

(1) ہم جن ساہتیکوں کے لیکھ پرکاشت کریں گے وہ سیدھے انھیں سے ہنس کے لیے پراپت کیے جائیں گے اور یہ پریتن کریں گے کہ وے خود اپنے لیکھکوں کے انوواد کرا کے یا سویم ہندی میں لکھ کر (اگر انھوں نے ہندی کا گیان پراپت کرلیا ہے) بھیجیں اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوئیں تب ہم ان کے لیکھکوں کے انوواد کرائیں گے۔ ہم یہ پریتن کریں گے کہ ان کے تازے لیکھ ہی ہمیں ملیں اور ہمارے لیے خاص طور پر لکھے گئے ہوں۔ کوئی وجہ نہیں ہے کہ جب وے اپنی بھاشا کے پتروں کو لیکھ دیتے ہیں، تو ہنس کو نہ دیں، جو ان کے لیکھ کو سمپورن بھارت میں پہنچانے کا ارادہ رکھتا ہے ہمارا تو خیال ہے کہ بنگلہ، مراٹھی آدی سمپنّ بھاشاؤں کے سو لیکھکوں بھی اسے کبھی ناپسند نہ کریں گے کہ ان کے لیکھک ایسے پتر میں چھپے جو بھی بھاشاؤں کی جنتا کے پاس پہنچنے کا آدرش اپنے سامنے رکھتا ہے اور اس کو پورا کرنے کے لیے پریتن (2) شیل ہے۔ ہندی لیکھکوں ہی کو لیجیے۔ بھائی چندر گپت جی کو اگر یہ وشواس ہو جائے کہ اموپتر یکا میں اپنا لیکھ بھیجنے سے وہ سمپورن بھارت کے راشٹر بھاشا پریمیوں کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا تو ہمیں وشواس ہے، وہ اُسی پتر میں لکھیں گے۔ ایسی دشا میں ہمیں تو کوئی کارن نہیں معلوم ہوتا کہ ہنس کو شریشٹھ سامگری نہ ملے اور وہ تیسرے درجے کا پتر ہو کر رہ جائے۔

(2) ہندی جگت کو جب انگریزی فرینچ یا یوروپ کی انیہ بھاشاؤں کی سکنڈ ہینڈ نہیں، تھرڈ اور فورتھ اور ففتھ ہینڈ سامگری (3) گراہیہ ہو سکتی ہے تو ہمارا خیال ہے کہ انیہ بھارتیہ بھاشاؤں کی سکنڈ ہینڈ سامگری بھی گراہیہ ہو سکتی ہے لیکن جب ہم وہ سامگری سویم لیکھک سے لیں گے اور یہ آگرہ کریں گے کہ وہ ہنس کے لیے ہی لکھی گئی ہو، تو وہ سامگری سکنڈ ہینڈ نہ ہو کر فرسٹ ہینڈ ہی ہوگی۔ اور ایک پرانت کے نواسیوں

1۔ شنکاؤں: شبہات 2۔ پریتن شیل: جدو جہد پر آمادہ

3۔ سامگری: سامان، مواد

کے لیے دوسرے پرانت کے ساہتیہ کا پریچے پانے کی اگر اچھا ہوگی۔ تو ہنس ان کی سیوا کے لیے تیار ہی ہے ابھی اگر ایک گجراتی پاٹھک (1) تیلگو ساہتیہ کے وشے میں کچھ جاننا چاہے، تو اس کا اُس کے پاس کوئی سادھن نہیں ہے۔ ہنس کے پرکاشت ہو جانے پر اس کی یہ اچھا بڑی آسانی سے پوری ہو جائے گی۔ اس طرح ہنس کے دوارا سبھی پرانتوں کے ساہتیہ پریمیوں کو انیہ پرانتیہ ساہتیوں سے پریچے ملنا بہت آسان ہو جائے گا۔

(3) ہمارے بھائی سمپورن بھارت کے پتر، پتریکاؤں میں جس پرکار کی بھاؤنا بھرنے کا پریتن کرنا چاہتے ہیں، ہنس وہی پریتن ہے۔ سبھی پتر کلپ چھاپتے ہیں اس لیے کوئی پتر شدھ گلپوں ہی کا نہ ہو، یہ تو ان کا ابھی پرایہ نہیں ہو سکتا۔ راجنیتک لیکھک سبھی پتریکاؤں میں انیہ وشیوں کے ساتھ دیے جاتے ہیں، لیکن ایسے پتر بھی تو ہیں جو راجنیتک اور کیول راجنیتک لیکھ ہی چھاپتے ہیں۔ اس ادریشیہ کا ایک پتر جاری کرکے ہم سبھی پرانتیہ ساہتیوں کو ایک دوسرے کے سمیپ کر دینا چاہتے ہیں اور ہمارے تُچھ (2) وچار میں راشٹر ساہتیہ کی یہی بنیاد ہو سکتی ہے۔

انت میں ہم یہ نویدن کرنا چاہتے ہیں کہ راشٹر ساہتیہ پریشد استھاپت کرنے کا وچار بھی ہمارے من میں ہے اور یہ پتر اُسی پریشد کے لیے زمین تیار کرے گا۔ پہلے ہماری ساہتیک ابھی روچی (3) میں راشٹریتا کا وکاس تو ہو، پھر پریشد بنتے کتنی دیر لگتی ہے۔ ہنس کی صلاح کاری سمیتی میں سبھی پرانتیہ بھاشاؤں کے پرتی ندھی رکھے گئے ہیں اور ہمیں آشا ہے شگھر ہی وہ بورڈ بن جائے گا۔ ہم چندر گپت جی کو اور سمست ساہتیہ پریمیوں کو وشواس دلاتے ہیں کہ ہنس سدھ ساہتیک پتر ہوگا، جیسا اس میں رہنے والے استھموں کی سوچی سے صاف ظاہر ہے۔ اس کا پردھان کاریہ ہے۔ ساہتیہ سیوا اور پرچار بھی ساہتیہ سیوا کا ایک انگ ہے، اس سے کون انکار کرے گا۔ ہم بھائی چندر گپت سے پرارتھنا کریں گے کہ اس شبھ کاریہ میں سہیوگ دیں۔ ادریشیہ ہمارا اور ان کا ایک ہے، کیول سادھنوں میں انتر ہے اور سبھی بڑے کام پہلے سکھ سوپن سے شروع ہوتے ہیں۔ اگر سکھ سوپن دیکھنے والے نہ ہوتے، تو سنسار مرو بھومی ہو کر رہ جاتا۔

اگست، ستمبر 1935ء

1۔ پاٹھک: قاری
2۔ تُچھ: ہیچ، پوچ، کمینہ، ذلیل
3۔ ابھی روچی: دلچسپی (گہری)

شری منشی گلاب رائے ایم۔اے۔ کا پتر

ہنس کا یہ کاریہ کتنا مہتو پورن ہے، اس سمبندھ میں ہمارے پاس کئی پتر آئے ہیں۔ پر شری نت منشی گلاب رائے کا پتر وشیش مہتو رکھتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں کیول اس آیوجن کی پرشنسا ہی نہیں ہے بلکہ بھاری کاریہ کرم کے وشے میں کچھ سمتی (1) بھی پردان کی ہے جو ہر پرکار سے انومودنیہ (2) ہے اور ہمیں آگے چل کر وشیش روپ سے سہایتا دے گی۔ آپ لکھتے ہیں۔

یہ کاریہ بڑے مہتو کا ہے اور وچار روپ سے تو بہت دنوں سے چلا آتا ہے، کنتو ابھی تک اس سمبندھ میں کوئی کاریہ نہیں ہوا تھا۔ اب بڑے ہرش کی بات ہے کہ اس کے کاریہ روپ میں پرنت (3) ہونے میں پہلا قدم رکھا گیا ہے اس کا شرے وشیش کر شری کنہیالال جی منشی ہی کو ہے۔ ویسے جن لوگوں نے اس یوجنا میں سہیوگ دیا ہے وے بھی دھنیہ واد کے پاتر ہیں۔

یدی ہم اس بات کا گورو لینا چاہتے ہیں کہ ہم بھی کچھ مولک کاریہ کریں اور سنسار کے گیان بھنڈار میں کچھ ورِدھی کر دوسرے دیشوں کا رِن چکا دیں، تو پرسپر سہکاریتا (4) کے بنا کام نہیں چل سکتا۔ یوروپ بھر میں پاری بھاشک شبد پرایہ ایک سے ہیں کنتو بھارت ورش میں ایک پرانت میں بھی پاری بھاشک شبد ایک نہیں ہیں۔ پرتیک لیکھک اپنی ڈیڑھ چاول کی کھچڑی الگ پکاتا ہے۔ اتہاس کی پورتی کے لیے یہ جاننا پرماوشیک ہے کہ دوسرے پرانت کے اتہاسکوں نے اپنے اپنے پرانت کے اتہاس کے وشے میں کیا کھوج کی ہے، کیوں کہ اتہاس کی بہت کچھ سامگری ساہتیہ اور جن شرتیوں میں رہا کرتی ہے۔ اس کاریہ کو سوچارو روپ سے چلانے کے لیے کچھ پرارمبھک کاریہ کرنے کی آوشیکتا ہے۔ اس کاریہ کے سمبندھ میں پرایہ لوگوں نے بھی بہت کچھ سوچا ہوگا، میں نے جو دو ایک باتیں سوچی ہیں وے آپ سے نویدن کرتا ہوں۔

1۔ سمتی: رائے

2۔ انومودنیہ: خوش کن

3۔ پرنت: تبدیلی

4۔ سہکاریتا: امداد باہمی

(1) پرانتیہ ساہتیوں کی ایک وشے وار، انوکرمنیکا تیار کرانا۔ اس میں یہ بتلایا جائے کہ ایک ایک وشے پر کس کس پرانت میں کون کون سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔

(2) بھن پرانتوں کے لیکھکوں کی سوچی اس میں یہ رہے کہ کون کون لیکھک کس کس وشے میں روچی رکھتے ہیں۔

(3) پرتیک پرانت میں پریشد کی اور سے ایک ایک پتریکا رہے، جس میں ہندی لپی کا ویوہار ہو بھاشا چاہے پرانتی ہی رہے یدی اس پرانت کی کسی پتر یا پتریکا میں کوئی مہتوپورن لیکھ ہو۔ تو اس کی سوچنا اور اس کا تھوڑا سا ساررہا کرے۔ بھن بھن پرانت کے پتر، پتریکاؤں کے پرسپر پری ورتن کا بھی پربندھ رہے۔

(4) ہندی ساہتیہ سمیلن کے ساتھ ہی اتھوا انیہ کسی اوسر پر انتر پرانتیہ (1) ساہتیہ پریشد ہوا کرے۔

(5) انتر پرانتیہ لیکھکوں کے پرسپر پتر ویوہار کا سوبھیتا کرایا جائے۔

(6) پاری بھاشک شبدوں کے ایکی کرن کے لیے ایک کمیٹی بنے جس میں بھن بھن پرانتوں کے اور بھن بھن وشیوں کے وشیشگیہ رہے۔

(7) بھن بھن ساہتیہ سمیلوں میں انیہ پرانت کے لوگ بھی آمنترت (2) کیے جایا کریں اور ان کے لابھارتھ ان سمیلوں میں بھی ایک یا دو وکھیان ہندی میں ہوا کریں۔ آشا ہے کہ اپنی یوجنا بناتے سمے آپ لوگ ان باتوں کا بھی دھیان رکھیں گے۔

اگست، ستمبر 1935ء

1۔ انتر پرانتیہ: بین صوبائی، علاقائی، ریاستی　　2۔ آمنترت: مدعو

پروفیسر سلون لیوی کا سورگ واس

فرانس کے سودکھیات آچاریہ پروفیسر سلون لیوی کے سورگ واس سے آریہ سنسکرتی اور درشن کے ایسے مرمگ (1) کا استھان سونا ہو گیا، جو جلد پورا نہ ہو سکے گا آپ پُراتو (2) کے پرکانڈ پنڈت تھے۔ اور سنسکرت کے بھی پورے ودّوان تھے۔ اس کے ساتھ ہی آپ بڑے ہی ادار، دیالو اور سرل پرکرتی کے منشیہ تھے، جو ودّوانوں میں بہت کم پائی جاتی ہے۔ پیرس میں بھارتیہ ودّیارتھیوں کو آپ ہر طرح کی سہایتا دیتے رہتے تھے۔ آپ کچھ دنوں کے لیے بول پور کے شانتی نکیتن میں بھی آکر رہے تھے۔ آپ نے فرنچ بھاشا میں بھارتیہ سنسکرتی، درشن اور پُراتو پر کئی پرمانک گرنتھ لکھے ہیں۔ آپ کے بہو بھاشاودھونے کا یہ حال تھا کہ سنسار کی شاید ہی ایسی سو سنسکرت بھاشا ہو، جس کا آپ کو گیان نہ ہو۔ آپ کا مردو (3) سو بھاؤ اور یووکوں کے پرتی سرل اسنیہہ دیکھ کر پراچین کال کے آچاریوں کی یاد تازی ہو جاتی تھی۔ کتنے ہی چھاتروں کی وہ دھن سے بھی سہایتا کرتے تھے۔ مصیبت اور ظلم کے ستائے ہوئے پرانیوں کے لیے آپ کی سہانوبھوتی صدیوں کرپاشیل (4) رہتی تھی۔

جنوری 1936ء

1۔ مرمگ: راز دان
2۔ پُراتو: آچار قدیمہ
3۔ مردو: نرم، نازک
3۔ کرپاشیل: احسان مند

نیایالے اور پولیس

ہمارے نیایالوں میں آئے دن پولیس کے ہتھکنڈوں کی کڑی آلوچنائیں ہوتی رہتی ہیں، نیایالیوں میں پولیس جو چالیس چلتی ہے اس کی کتنی ہی بار قلعی کھل چکی ہے، پر ہماری سرکار ہائی کورٹوں کی بالکل پرواہ نہیں کرتی اور پولیس اتنی بے ڈھنگی رفتار سے چلی جارہی ہے۔ ہم نے ایسا کبھی نہیں سنا کہ جھوٹے مقدمے چلانے اور جھوٹی رپورٹ لکھنے کے جرم میں کبھی پولیس وبھاگ سے جواب طلب کیا گیا ہو۔ الٹے پولیس وبھاگ کی سالانہ رپورٹوں میں انسپکٹر جنرل صاحبان ہائی کورٹ کے ججوں کی نیتی پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور طرح طرح کے حیلوں اور دلیلوں سے پولیس کے ہتھکنڈوں کی صفائی پیش کرتے ہیں۔ جس راشٹر میں نیایالے اتنے کمزور ہوں کہ شاسن کو ان کی پرواہ نہ ہو، وہاں نیائے پرہسن (1) ماتر ہے۔ جب تک پربندھ (2) وبھاگ نیایالوں کے ساتھ سہیوگ نہیں کرتا اور پولیس کو بھی جھوٹے مقدمے بنانے اور نرپرادھوں کو پھنسانے کے لیے اس طرح دنڈ نہیں دیتا۔ جیسے سادھارن اپرادھیوں کو، اس وقت تک پرجا کے لیے کہیں تران نہیں۔

(جاگرن 28 مئی 1934ء)

1۔ مذاق 2 انتظامیہ

ہندو مسلم پرشن

ہندو مسلم ایکے کا پرشن کتنا مہتو پورن (1) ہے، اس کے کہنے کی ضرورت نہیں۔ ہم سبھی جانتے ہیں اور سبھی سویکار کرتے ہیں۔ پوجیہ مہاتما گاندھی نے سوتر روپ میں کہہ دیا ہے کہ ہندو مسلم ایکے ہی سوراجیہ ہے۔ اور اس ستیہ کو ویکت کرنے کے لیے اس سے اُتم شبد نہیں مل سکتے۔ جیسا ہی یہ ہمالین Himalayan (مہان) ستیہ ہے، ویسا ہی ہمالین Himalayan (مہان) یہ واکیہ ہے۔ ات ایو (2) ہم سبھی پرانیوں کا، جنھیں دیش سے کچھ انوراگ (3) ہے۔ کرتو یہ ہے کہ یتھاشکتی کوئی ایسا کام نہ کریں۔ نہ کوئی ایسی بات کہیں جس سے ایکے میں بادھا پڑنے کا بھے ہو۔ کاش، ہم اتنے سوارتھ پرائن (4) نہ ہوتے تو آج یہ پرشن اتنا جٹل، اتنا دُرگم، (5) اتنا اسادھیہ نہ ہوتا۔ کسی کو اپنے پتر کے گراہکوں کی سنکھیا بڑھانی ہے، کسی کو اپنے لڑکے کے لیے نوکری تلاش کرنی ہے۔ کسی کو نام ہی کی دھن ہے۔ کوئی گورانگ پربھوؤں کی نظروں میں اپنا رسوخ جمانا چاہتا ہے۔ کوئی ویوسائک (6) اُنتی کے لیے یہ حیلہ نکالتا ہے۔ سب سوارتھ ہی کی مایا۔ ہم اپنے تُچھ (7) سوارتھ کے لیے راشٹریہ ادھار (8) کے اس مہان یگیہ (9) میں وگھن (10) ڈال رہے ہیں جو نام دھاری مہان پُرش ذرا ذرا سی بات پر ذرا ذرا سے جھگڑے پر اپنی جاتی کے پرورتک (11) بن جاتے ہیں، وہ یدی شانت چت سے وچار کریں گے تو انھیں گیات ہو جائے گا کہ اس ویمنسیہ (12) کا کتنا الزام ان کے سر ہے۔ اس سے تو کہیں اچھا ہوتا کہ وہ سجن تھوڑی دیر کے لیے جاتی سیوا سے منہ پھیر لیتے' تھوڑی دیر کے لیے جاتی کو جہنم میں چلے جانے دیتے' بھول جاتے کہ ہماری جاتی کا ہراس (13) ہو رہا ہے اگر کوئی ہندو ہندوؤں کو سمجھاتا ہے تو وہ جے چند اور وبھیشن (14) کہا جاتا ہے۔ کوئی مسلمان مسلمانوں کو سمجھاتا ہے تو کافر اور غدار کہا جاتا ہے۔ چن چن کر

1۔اہم 2۔چنانچہ 3۔محبت 4۔خودغرض 5۔دشوارگذار 6۔کاروباری 7۔سطحی 8۔فلاح و بہبود
9۔پوجا۔قربانی 10۔خلل 11۔سرپرست 12۔دشمنی۔نفاق 13۔انحطاط 14۔مثالی نام

چوٹ کرنے والی باتیں کہی جاتی ہیں اور شاباشی لوٹی جاتی ہے۔ مہاتما جی نے اس وِشے میں اپنے وچاروں کو ضرورت سے زیادہ تِکشن (1) شبدوں میں پرکٹ کیا تو بجائے اس کے کہ لوگ اس سے کچھ اپدیش (2) گرہن کرتے، انھیں پر حملہ کرنے لگے۔

کسی نے سوچا کہ مہاتما جی نے کتنا جل کر، کتنے مان سِک (3) کشٹ (4) سے دِتھت (5) ہو کر یہ اُپر یہ ستیہ (6) قلم سے نکالا! مہاتما جی ہندو ہیں، اور ہندوؤں ہی کو سمجھانے کا انھیں ادھیکار (7) ہے۔ اسی بھانتی (8) علی برادارن مسلمان ہیں اور مسلمانوں کو سمجھانے کا انھیں کو ادھیکار ہے۔ پر آج ایک طرف مہاتما جی پر بوچھاریں پڑ رہی ہیں، اور دوسری طرف علی بندھوؤں پر۔ اب وہ شوکت علی نہیں رہے جو انجمن خدائے کعبہ کے نرماتا تھے۔ اُکت (9) مولانا نے بہت ٹھیک کہا تھا کہ ان جھگڑوں سے ہم یہ ثابت کر رہے ہیں کہ ہم غلام ہی بنے رہنا چاہتے ہیں۔

اس ویمنسیہ (10) کے کارن دھرم کی کتنی چھیچھالیدر ہو رہی ہے کہ اس کے خیال ہی سے شرم آتی ہے۔ وہ بری ساعت تھی، جب ہندوؤں کو شدھی کی دھن سوار ہوئی۔ دس پانچ ہزار نو مسلم سندِگدھ (11) روپ سے شدھ کیا ہوئے کہ راشٹریتا پر کٹھارآگھات، (12) بلکہ وجرگھات (13) ہو گیا۔ شدھی ایک دھارمک کاریہ کو ادھارمک ریتی سے کرنے کا ابھینے (14) تھا۔ مسلمان برابر ہندوؤں کو شدھ کرتے چلے آتے ہیں۔ ان کی تبلیغ اَدِرت (15) روپ سے ہوتی چلی آتی ہے پر کسی کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ کون کب شدھ ہو گیا۔ ہاں، جب دسویں سال جن گننا ہوتی ہے۔ تو گیات (16) ہوتا ہے کہ ہمارے کتنے آدمی کام آئے۔ ہندوؤں نے دس پانچ ہزار آدمیوں کو شدھ کرنے میں طوفان برپا کر دیا۔ کیول (17) اسی لیے کہ یہ کام کرنے کا نہ یہ طریقہ تھا، نہ یہ موقع۔ اب ہمارے دونوں پکشوں (18) کے نچلے تخن اپنے اپنے شکار پھنسانے میں تلّیں (19) ہیں۔ کوئی بھرشٹ (20) مسلمان کسی ہندو استری کے پیچھے اپنا دھرم تیاگ کرنے پر تیار ہو جاتا ہے۔ تو اس کا جلوس نکلتا ہے اور اس کا نام ستیہ ورت (21) رکھا جاتا ہے ہم دو چار ایسے مہاشیوں (22) کو جانتے ہیں جو مسلمانوں کو شدھ کرنے کے لیے استری کا پرلوبھن (23) دینے میں سنکوچ (24) نہیں کرتے، اور مسلمان تو داعیِ اسلام کا انوسرن (25) کر ہی رہے ہیں، ودھواؤں پر

1۔ تیکھا۔ تیز 2۔ نصیحت 3۔ ذہنی 4۔ دکھ۔ درد۔ پریشانی 5۔ دکھی 6۔ کڑوا سچ 7۔ حق 8۔ طرح 9۔ اوپر 10۔ دشمنی۔ نفاق 11۔ مشکوک۔ مشتبہ 12۔ گہری چوٹ 13۔ تیشہ زنی 14۔ اداکاری 15۔ رُکا ہوا 16۔ جانکاری 17۔ صرف 18۔ حامیوں 19۔ ہمتک۔ مشغول 20۔ راگندہ 21۔ ایک نام 22۔ حضرات 23۔ لالچ 24۔ جھجک 25۔ پیروی

خوب ہاتھ صاف کیا جا رہا ہے اور یہ سب دھارمک انوارگ (1) سے نہیں، بلکہ اپنے پرتی دوندی (2) کو نیچا دکھانے کے لیے اور جیسا ہمیشہ سے ہوتا آتا ہے اس میدان میں بازی مسلمانوں کے ہاتھ ہے۔ مسلمانوں میں ہندوؤں سے کچھ ادھک غنڈاپن ہوتا ہے۔ اس کا کارن تو بابو بھگوان داس جیسا تتوانویشی (3) ہی نکال سکتا ہے، پر ہمارا جہاں تک خیال ہے، ہندوؤں میں بال وواہ (4) کی پرتھا (5) کا آدھکیہ (6) اور مسلمانوں میں اوواہت پرشوں کی کثرت ہی غنڈاپن کے کم وبیش ہونے کا مکھیہ کارن ہے۔ جس اوستھا (7) میں مسلمان غنڈا ہوتا ہے، اس اوستھا میں ہندو تین بچوں کا باپ ہو جاتا ہے۔ وہ بے چارا کیا کھا کے غنڈاپن کرے گا؟ پھر ہندوستان کے مسلمان، وشیش کر (8) وہ جو غنڈے ہوتے ہیں۔ نو مسلم ہیں اور نو مسلم خاندانی مسلمانوں سے کہیں زیادہ ادنڈ (9) ہے۔ اسی بھانتی (10) جیسے کوئی سناتنی ہندو آریہ سماج میں پرویش کرتے ہی ایک نئے جوش کا انوبھو کرنے لگتا ہے اگر اسی طرح اپنی سنکھیا اور اپنا پربھتو (11) بڑھانے کے لیے نوچ کھسوٹ ہوتی رہی تو پھر بھارت کا ادھار ہو چکا۔ مزا تو یہ ہے کہ شدھی بازوں کے سر میں یہ سودا سمایا ہوا ہے کہ ہم سارے ہندستان کے مسلمانوں اور مسلمان ہی نہیں انیہ (12) سبھی دھرم اولمبیوں کو بھی شدھ کر لیں گے۔ اس کو بدھی (13) کا نوارن (14) بھگوان ہی کر سکتے ہیں۔ اس دیوش (15) پرینام اگر مسلمانوں کے لیے ہانیکر ہے تو ہندوؤں کے لیے گھاتک (16) ہے۔ ہماری سنکھیا (17) ادھک (18) ہے اور سوراجیہ (19) سے لابھ بھی ہمارا ہی ادھک ہوگا، اور کچھ نہ سہی تو راج بھیک (20) بدھی کا تو آدیش (21) ماننا ہی پڑے گا! سوراجیہ کا ادیشیہ (22) ہے اپنی شکشا کا، اپنے دھرم کا، اپنی سبھیتا (23) کا پنر جیون (24) اور پنہ سنسکار۔ اس کے اتیرکت (25) سوراجیہ اور کچھ نہیں ہے۔ مسلمانوں کی سبھیتا کی رکشا کرنے کے لیے مصر، ترکی، کابل موجود ہیں۔ ہندوؤں کی سبھیتا کی رکشا کرنے والی کوئی جاتی نہیں۔ ایسی دشا میں یدی مسلمان سوراجیہ کی پراپتی (26) میں ہندوؤں کے سہایک ہو رہے ہیں تو یہ ہندوؤں کے سوبھاگیہ (27) کی بات ہے۔ لیکن ہم ان کے وشواس کی ذرا بھی قدر نہ کر کے ابھی سے آنے والے سوراجیہ کی بانگی دکھانے پر آمادہ ہیں۔ اگر مسلمانوں کی ہمدردی ہمارے ہاتھوں سے نکل جاتی ہے تو یہ کس کا قصور ہے؟ ہماری ورتمان

1۔محبت 2۔حریف 3۔تجزیہ نگار 4۔بچپن کی شادی 5۔رسم ورواج 6۔کثرت مزیادتی 7۔حالت 8۔خاص کر 9۔سرکش 10۔طرح 11۔اقتدار 12۔دوسرے 13۔خراب ذہن 14۔ازالہ 15۔کینہ۔حسد۔بغض۔دشمنی 16۔خطرناک 17۔تعداد 18۔بہت 19۔حکومت۔خودمختاری 20۔سیاست 21۔حکم 22۔مقصد 23۔تہذیب 24۔دوبارہ 25۔علاوہ 26۔حاصل 27۔خوش قسمتی 28۔موجودہ 29۔صاحب فکر 30۔مشکوک

(28) نیتی نے کتنے ہی وچارشیل (29) مسلمانوں کو ہم سے سشنک (30) کردیا اور اب وے سوراجیہ کے نام سے کانپتے ہیں۔ اگر اب بھی کچھ مسلمان سجن ہمارا ساتھ دے رہے ہیں تو یہ مہاتما گاندھی کے وشواس (1) پر۔ سات کروڑ مسلمان اپنے کو 23 کروڑ ہندوؤں کے ہاتھوں میں سونپ دیتے ہیں، کیا یہ چھوٹی بات ہے؟ وہ ہندوؤں کے آدھکیہ (2) سے بھے بھیت (3) نہیں ہوتے، ادھر ہم ہیں کہ مسلمانوں سے چونکتے ہیں اور یہاں تک سوچنے لگے ہیں کابل یا ترکی ہندستان پر حملہ کریں گے تو مسلمان ان لوگوں کے ساتھ ہو جائیں گے اس آتمک (4) دُربلتا کی بھی حد ہے! سوراجیہ کے انترگت (5) مسلمانوں کی استھتی (6) جیتے جیتے بیٹے یا لاڈلی بیگم کی نہ رہے گی۔ انگریزوں نے سدیو (7) انھیں ہندوؤں پر ترجیح دی ہے۔ پرتیک (8) اَوسر (9) پر انگریزوں نے مسلمانوں ہی کو آگے بڑھایا ہے۔ کیا یہ دیکھنا کٹھن ہے کہ سوراجیہ سنگرام میں ادھک مسلمان آتم تیاگ (10) کر رہے ہیں اور ہم اپنی ادوردرشیتا سے انھیں اپنا شترو (11) بنائے لیتے ہیں؟ آیئے دیکھیں، اس ویمنسہ (12) کا کارن کیا ہے۔ گڑے مردے اکھاڑنے کی ضرورت نہیں۔ اگر ایک طرف اورنگ زیب ہے تو دوسری طرف چھترپتی شیواجی ہیں۔ ورتمان (13) مسیاؤں (14) پر ہی درشٹی (15) کو سیمت رکھنا ہمارے لیے اُچت ہوگا۔ سرکاری نوکریاں، کونسلوں کی ممبری، اردو ہندی سنگم، گو ودھ (16) اور دھارمک ایمان، (17) یہی مکھیہ کارن معلوم ہوتے ہیں۔ کونسلوں کی جو دَشا ہے اور ان کے دوارا دیش کا جو اُپکار ہو سکتا ہے۔ وہ ہم آنکھوں دیکھ رہے ہیں۔ ان میں اُستھان کی کمی بیشی اتنی گرو نہیں ہے کہ اس کے پیچھے ہم راشٹریہ اُدھار سمبھاونا (18) کو تچھ (19) سمجھ لیں Game is not worth the candle والی کہاوت یہاں چری تارتھ ہوتی ہے۔ لیپی سنگرام میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ سمھاوک وشاؤں نے سرکاری پکشپات (20) کو نرمول (21) کردیا۔ ہندی دفتری زبان نہ ہونے پر بھی اُتروا تر (22) اُنتی کر رہی ہے۔ اردو سرکاری آشرے (23) پانے پر بھی گرتی چلی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اب وہ ہندی سے مورچا لینے کے یوگیہ بھی نہیں رہی۔ گو ودھ کے وِشے میں بھی مسلمانوں کا وِرودھ (24) بہت کچھ ٹھنڈا ہو چلا تھا، اور اگر بیچ میں ایک تیسرا دل للکارنے والا نہ ہوتا تو اب تک شانت ہو گیا ہوتا۔ مسلمانوں نے ہی ثابت کیا تھا کہ ٹیپو سلطان نے گو ودھ کا نشیدھ (25) کردیا تھا۔ اکبر کے راجیہ کال میں گو ودھ کا نشیدھ ہونا بھی ایک مسلمان وِدوان کی کھوج

1۔ یقین 2۔ کثرت 3۔ ڈرا ہوا 4۔ روحانی 5۔ تحت 6۔ حالت 7۔ ہمیشہ 8۔ علامت 9۔ موقع 10۔ اپنی قربانی
11۔ دشمن 12۔ دشمنی 13۔ موجودہ 14۔ مسائل 15۔ نظریہ 16۔ گائے کا قتل 17۔ بے غرضی 18۔ امکان
19۔ ہلکی ادنیٰ 20۔ جانب داری 21۔ بے بنیاد 22۔ مسلسل 23۔ سہارا، پناہ 24۔ مخالفت 25۔ ممنوع، ممنوعہ

تھی۔ امیر کامل نے گوودھ کی مناہی کر ہی دی ہے۔ وہاں تو اتنی اُدارتا دکھلائی جا رہی ہے اور یہاں ہندو لوگ بورڈوں میں اپنی بہو سنکھیا(1) کے بل پر گوودھ بند کرانے کے لیے قانونی ویوستھائیں(2) کرنے لگے۔ ایک مسلمان ہی نے 'البقر' نام کا پتر نکالا تھا جس کا اُدیش ہی گورکشا(3) تھا۔ یہاں تک کہ مولویوں نے گوہتیا کے وروودھ فتوے دینے شروع کر دیئے تھے۔ بہت سمبھو(4) تھا کہ اگر ہندوؤں نے مہاتماجی کے دکھائے ہوئے مارگ کو چھوڑ نہ دیا ہوتا، تو تھوڑے دنوں میں گوکشی اپنی موت مر جاتی۔ مولانا شوکت علی نے صاف کہہ دیا تھا کہ اگر اب بھی مسلمان گوودھ کر رہے ہیں تو اسی لیے کہ انھیں اس کی پریرنا(5) دی جا رہی ہے اور جب تک یہ پریرنا ملتی رہے گی۔ گوہتیہ بند نہیں ہو سکتی۔ پھر ہندو ہی گورکشا کے لیے کیا پریتن کر رہے ہیں کہ مسلمان ان کی نیک نیتی کے قائل ہوتے؟ مسلمان سمجھتے ہیں کہ ہندوؤں نے کیول ہمیں نیچا دکھانے کے لیے اس پرشن کو اٹھا رکھا ہے اور اسی دشا میں سمبھوتہ(6) وے لوگ اپنے مانے ادھیکار(7) کا تیاگ(8) نہیں کرنا چاہتے اور یہی حال رہا تو شاید گوہتیا کبھی بند ہی نہ ہوگی۔ ادھر ہم کوئی کام شدھ ہردے(9) سے کریں تو انیواریۃ(10) اس کا اثر پڑتا ہے جہاں راج نیتک پرتی دوندتا(11) سے کوئی کام کیا گیا، وہیں اس پر لوگوں کو سندیہہ(12) ہوا۔ بہت کم ایسے ہندو ہیں۔ وشیش کر(13) ان لوگوں میں جو گوہتیا کے سب سے بڑے وردودھی ہیں، جنھوں نے کبھی گائے پالی ہو، یا گوشالہ میں چندہ دیتے ہوں یا کبھی کسی گائے کو ایک روٹی یا ایک گٹھا چارا کھلایا ہو۔ ایسے لوگ جب گوہتیا پر واویلے مچاتے ہیں تو کیوں نہ مسلمانوں کو سندیہہ ہو؟ ہمیں اس وشے میں بھاؤ(14) کی جگہ بُدھی(15) سے کام لینا چاہئے۔ گو کتنی ہی پوتر(16) ہو۔ لیکن منش کی تلنا نہیں کر سکتی۔ مسلمان کتنے ہی گئے گزرے ہوں، پھر بھی آدمی ہیں۔ کیا اندھیر ہے کہ ہم اپنے کھانے کے برتنوں میں کتے کو گراس کھلاتے ہیں، لیکن کسی مسلمان کو پانی پلانا ہو تو کلہڑ تلاش کرتے ہیں!!! کتے کے مکھ کا اسپرش(17) مانجنے سے صاف ہو جاتا ہے۔ لیکن مسلمان کے مکھ کا اسپرش اَمٹ ہے۔ کیا ایسی استھتی میں بھی ہم آشا کر سکتے ہیں کہ کوئی آتما بھائی(18) مسلمان ہم سے بھائی چارے کا برتاؤ کرے گا۔

اب رہا دھارمک اپمان! ہم کو شکایت ہے کہ مسلمان ہمارے دھرم کی توہین کرتے ہیں، مسلمان یہی آکشیپ(19) ہندوؤں پر لگاتے ہیں۔ کسی دھرم کا اپمان کرنا، چاہے ہندو دھرم کا یا اسلام کا، نیچ اور

1۔ کثیر تعداد 2۔ حالات 3۔ گائے کی حفاظت 4۔ ممکن 5۔ تحریک۔ ترغیب 6۔ ممکن ہے 7۔ حق 8۔ چھوڑنا۔ قربانی 9۔ صاف دل 10۔ لازمی طور پر 11۔ حریفانہ 12۔ شک 13۔ خاص کر 14۔ جذبہ 15۔ عقل 16۔ پاک 17۔ لمس 18۔ رحم دل 19۔ الزام تراشی

گھرنت(1) کار یہ ہے۔کوئی سمجھدار آدمی کسی دھرم کی نندا نہ کرے گا۔ اس میں کون سی شان گھٹ جاتی ہے، اگر ہم باجے بجاتے ہوئے کسی بڑی مسجد کے سامنے سے گزریں تو ایک شن (2) کے لیے باجا بند کر دیں۔ اگر مسلمان باجے بجاتے ہوئے مندروں کے سامنے سے آتے ہیں تو جانے دو۔ آپ کی سہردیتا(3) انھیں سو ینگ(4) لجت کر کے آپ کے دھرم کا آدر کرنے کو بادھیہ(5) کرے گی۔

ان سب کارنوں(6) میں کوئی بھی ایسا بلوان کارن نہیں ہے۔ جس کے لیے ہم آپس میں لڑ مریں۔ مگر یہاں تو سبھی چھوٹے بڑے نیتا بنا چاہتے ہیں۔ مت ورودھ(7) کو بھڑکانا جاتیہ ہیرو (Hero) بننے کا سب سے سہل نسخہ ہے، کنتو یہ دھرم کی رکشا نہیں ہے۔ جیسا محمد علی نے کہا ہے، اس معاملے میں سماچار پتروں کے سمپادکوں(8) پر سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔ وہ راشٹریہ(9) سینا کے نایک ہیں۔ قوم کو پار لگانا یا ڈبا دینا دونوں ہی ان کے ہاتھ میں ہیں۔ شانت وچار سے کام لینے کی کبھی اتنی ضرورت نہ تھی، جتنی کہ آج ہے۔ انھیں قلم سے ایک ایک شبد نکالتے ہوئے یہ سوچنا چاہیے کہ اس لیے پرسپر ورودھ(10) تو نہ بڑھے گا۔ آدیش،(11) اُدگار، اپمان(12) سے یوں ڈریے، جیسے سانپ سے، کیول بدھی، گمبھیر بدھی سے کام لیجیے۔ شدھ راشٹریتا کی اسپریٹ کا تیاگ دینا ہمارے ورودھ کو بہت کچھ مٹا دے گا۔ ہمارے ایک پروڑھ(14) وچار کے متر، جو برابر مسلمانوں کے ہمدرد رہے۔ مولانا محمد علی کے مکھ سے وہ اچھا سک(15) واکیہ سن کر، جس کا مہاتما گاندھی نے سُونیگ(16) سمرتھن کیا۔ مسلمانوں کے کٹر ورودھی ہو گئے۔ مولانا کے شبدوں کا آشے(17) کیا تھا، اس کے پہلے وہ کتنے ادسروں پر کیسے وچار پرکٹ(18) کر چکے تھے، ان کی Spirit کیا تھی، اس کا ذرا بھی وچار نہ کیا۔ بس لینا لینا کر کے دوڑ پڑے کہ مولانا نے مہاتما کا گھور اپمان کیا۔ راشٹریتا(19) کے لیے سہشنوتا(20) لازمی چیز ہے۔ بات کا بتنگڑ بھی ہو سکتا ہے اور بتنگا بھی۔ بتنگڑ نہ بنایئے۔ شدھی اور سنگٹھن اور مہادیر دل اور بال کی کھال نکالنے سے سمسیا دن دونی جٹل ہوتی جائے گی۔ یہ راشٹریہ نرمان(21) کا مارگ نہیں ہے۔ یہ پتن کا مارگ ہے۔ جب دُویش(22) کی آگ دلوں میں دہک رہی ہو تو پریم کہاں سے آئے؟

یہ ہمارے اِتہاس(23) میں وہ نازک سے آ گیا ہے، جب ذرا سی غلطی، ذرا سی چوک، ذرا سا

1۔نفرت 2۔لمحہ 3۔نیک دلی 4۔خود 5۔رکاوٹ 6۔وجوہات 7۔اختلاف رائے 8۔مدیروں 9۔قوم۔ملک 10۔باہمی اختلاف 11۔غصہ 12۔اہانت 13۔اپمان 14۔جوش 14۔نکتہ چیں 15۔بالغ۔پختہ 16۔تاریخی 17۔خود۔ 18۔منشا۔مطلب 19۔ظاہر 20۔قومیت 21۔تحمل۔بردباری 22۔قوم کی تشکیل 23۔کینہ۔حسد۔تاریخ

آنکھوں کا جھپک جانا، ہمیں صدیوں پیچھے دھکیل لے جائے گا۔ یہ شانت او چلت (1) رہنے کا سمے ہے Pan Islamism دھوکے کی ٹٹی ہے۔ جو انگریزوں نے ہندوؤں کو بھڑ کانے کے لیے کھڑی کی ہے۔ اس کے سوا اس کا اور کوئی استو (2) نہیں ہے۔ ان چکموں میں نہ آیئے۔ بس۔ سو بات کی ایک بات ہے کہ سہردیتا (3) ہی سہردیتا اتپن (4) کر سکتی ہے۔ ہند و تبلیغ کی آگ کو بھڑکا کر کبھی پیش نہیں پا سکتے۔ کیونکہ ہندو عورتوں کو بھگا لے جانے، زبردستی نکاح پڑھا لینے اور ایسے ہی دوسرے ہتھکنڈوں میں وے کشل (5) نہیں ہیں۔ ابھی بہت دن باقی ہیں۔ جب ہمارا سماج سنگھٹن (6) ان گھناؤں (7) کی سمبھاونا (8) کا انت کردے گا۔ ایشور نہ کرے کہ ہمیں اپنے دھرم پرچار کے لیے غنڈے پن کی شرن (9) لینی پڑے۔ وہ دن آریہ دھرم، کے ماتم کا دن ہوگا۔ مسلمانوں میں بھی بہت کم ذمہ دار آدمی ایسے ہوں گے۔ جنھوں نے مولانا حسن نظامی کا ترسکار (10) نہ کیا ہو۔ غنڈے بڑے کام کی چیز ہیں۔ ان کا اپنا ہی گھر ڈھانے میں دُراپیوگ (11) نہ کیجیے۔ لیکن اگر ایسا اوسر (12) آپڑے کہ ہماری مہیلاؤں کی بے آبروئی ہو رہی ہو تو اس وقت پران پن (13) سے ان کی رکشا (14) کرنی چاہیے۔ ساہس (15) بھی سہردیتا کا انگ ہے۔ کائر کبھی سہردیہ ہو ہی نہیں سکتا۔ چاروں سے رکشا کرنے کے لیے اپنے گھر کو سرکشت (16) رکھنے کی ضرورت ہے۔ ہم کو وشواس ہے کہ مسلمانوں میں ایسے بھاؤ کے آدمی موجود ہیں، جنھیں ان دُشٹ کرتوتوں (17) سے اتنی ہی گھرنا ہو سکتی ہے۔ جتنی کہ کسی ہندو کو۔ ایسے دُشٹ گھاتوں سے اپنی رکشا کے لیے ہم جو کریں گے اس میں سمجھدار مسلمان ہمارا ساتھ دیں گے لڑنتوں کے اکھاڑوں سے ہماری رکشا نہیں ہوگی۔ ہماری رکشا ہوگی اپنی منوورتیوں (18) کو سوارتھ سے ہٹا کر مریادا رکشا میں پرورتت (19) کرنے سے۔ ہم دھن کے داس ہو گئے ہیں۔ دھن کے آگے ہماری درشٹی میں بہو بیٹوں کی لاج کا بھی کوئی مُولیہ نہیں۔ اسی دھن پپا (20) نے ہمیں کائر، بھیرو اکرمنیہ (21) بنا رکھا ہے۔ جب تک ہمارے چت (22) کی یہ ورتی (23) رہے گی۔ ایک کیا، سو مہاویر دل بھی ہمیں دُشٹوں سے نہیں بچا سکتے۔

(پرتاپ، کان پور، کرشن اشٹمی، سنوت، 1981، ستمبر 1924)

1۔ غیر متحرک۔ ساکن 2۔ وجود 3۔ نیک دلی 4۔ پیدا 5۔ لائق 6۔ تنظیم 7۔ حادثوں۔ واقعوں
8۔ امکان 9۔ پناہ 10۔ توہین۔ اہانت 11۔ بے جا استعمال 12۔ موقع 13۔ جان دے کر 14۔ حفاظت
15۔ حوصلہ 16۔ محفوظ 17۔ بدعملوں 18۔ ذہنی رویہ 19۔ مائل۔ راغب 20۔ سرمائے کی لالچ
21۔ ناکارہ۔ نکما 22۔ دل 23۔ رجحان۔ رویہ

ہندی رنگ منچ

ایک سے تھا، جب بھارت ورش میں ناٹیہ کلا(1) کی بڑی اُنتی تھی۔ یہ ہم اس سے کی بات کہہ رہے ہیں، جب یہاں سنسکرت کا پورا پرچار تھا، اور اُتر رام چرت، 'ابھگیان شکنتلا' جیسے ناٹک کھیلے جاتے تھے۔ ادھک تر اتہاسکیہ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ انیہ کلاؤں کی بھانتی ناٹیہ کلا کی جنم بھومی بھی یہی بھارت بھومی ہے۔ ناٹک کے پرتھم آچاریہ کوئی بھرت منی کو بتاتا ہے، کوئی لوکش کو۔ شنکر، ناردا اور ہنومان کو تو سبھی ایک سور (2) سے مانتے آتے ہیں۔ خیر ادھر کئی شتابدیوں سے اور باتوں کے ادھ پتن (3) کے ساتھ ساتھ اس ساہتیہ کا بھی ادھہ پتن ہونا پرارمبھ ہوا۔ سنسکرت کا تو ذکر ہی کیا۔ چند بردائی کے سمبندھ میں کوئی الیکھ . یوگیہ ناٹک نہیں نکلا۔ مسلمانی شاسن کے انت میں اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے شاسن کے پرارمبھ (4) میں، سمندر پار سے یہ لہر نئے روپ میں یہاں آئی۔ بھارت کے در بھاگیہ سے اب تک یہاں پرانتیہ (5) بھاشائیں چل رہی ہیں۔ انھیں بھاشاؤں میں ناٹک کھیلے جانے پرارمبھ ہوئے۔ مہاراشٹر تتھا بنگال والوں نے اس میں یتھیشٹ 6 اُنتی کی۔ پر وہ اُنتی کہلائی مراٹھی رنگ منچ اور بنگیہ رنگ منچ ہی کے روپ میں، ہندی کے روپ میں نہیں۔ گجراتی ناٹک والوں نے بھی اپنی بھاشا کے ناٹکوں کی بھر مار کی، پھر کتنے اچھے ناٹک نکالے، جن کو ادل بدل کر آج کل کے کتنے ہی ہندی ناٹک کار ہندی میں لا رہے ہیں اور اپنے لیے اتنا بڑا پریشرم (7) کرنے کے کارن مہاکوی (8) سمجھ رہے ہیں۔ برسوں تک بے چاری ہندی کا، اردو کی یمنا سے مل کر وہ روپانتر (9) رہا کہ یہ پہچاننا کٹھن ہو گیا کہ اس تریوینی میں کالندی کا نیل جل کتنا اور گنگا کا سوکش شویت (10) کتنا ہے۔

1۔ڈرامائی فن 2۔آواز 3۔منزلی 4۔شروعات 5۔علاقائی 6۔حسب خواہش 7۔محنت
8۔شاعر عظیم 9۔منتقل۔تبدیل 10۔صاف شفاف

گھوم پھر کر ویوسائے(1) کرنے والی کمپنیوں کے بنانے میں پارسی جاتی نے ادھر اُدھر بھارت کی اور اپنا قدم بڑھایا۔ ان دنوں ادھر نہ ناٹک تھے۔ نہ ناٹک کار، گانوں کی پردھانتا(2) تھی، اور تھی اوٹ پٹانگ اردو زبان میں لکھے ہوئے اندر سبھا، ہوائی مجلس جیسے عشقیہ ناٹکوں کی۔ ہم اگر بھولے نہیں ہیں تو ہندی ناٹکوں کا شری گنیش(3) کرنے کا شرے(4) سب سے پہلے سوا نام دھنیہ بھارتیندو بابو ہرش چندر کو پراپت(5) ہوا۔ پرنتو اس کے بعد 'پرچیور کلب' ہی تک کھل کر رہ گئے۔ کسی ووسائے کمپنی کے رنگ منچ پر نہیں پہنچے۔ بھلا ہو منشی ویناٹیک پرساد جی 'طالب' بنارسی کا کہ انھوں نے ان دنوں کی وکھیات،(6) بائی والا وکٹوریہ، کمپنی کو ہرش چندر، رامائن، کنک تارا، بھرت پری آدی ہندی کے ڈرامے سب سے پہلے لکھ کر دیے اور کھلوائے۔ اس خوبی کے ساتھ انھوں نے ان ناٹکوں میں ہندی دی بھی کہ اردو ہندی کے سمشرن(8) میں، ہندی کی چاشنی کا آنند بھی ناٹک پریمی جنتا کو پراپت ہوا۔ اور ناٹک بھی پاس ہو گئے۔ پھر کوئی تھوڑے ہی ورشوں کے بعد بیتاب جی 'مہابھارت' پرش جی سورداس، اسٹیج پر آگیا۔ یدیپی ان ناٹکوں کی بھاشا بھی اردو ہندی مشرت(9) تھی۔ اور ان کا کتھانک تھا ان کے بھاؤ، گجراتی کے ستی دروپتی، اور 'ولومنگل' کے روپانتر تھے۔ تھاپی اس میں سندیہہ نہیں کہ ان ناٹکوں کو بڑا مان ملا اور پارسی کمپنیوں کے مالکوں کو یہ انوبھو ہوا کہ ہندی ناٹک نکالنے چاہیے۔ ان دنوں کے اردو ناٹک زہریلی سانپ، اور خوبصورت بلا، آدی کو جب ہم دیکھتے ہیں تو اتنا نسنکوچ(10) کہ سکتے ہیں کہ پرایہ اس شرینی(11) کے سمست ناٹکوں میں گانے ہندی بھاشائیں ہی زیادہ تر لکھے اور گائے گئے ہیں۔ یہ نہیں سمجھ میں آتا کہ ایسا کیوں ہوا یا تو گانوں کے بول بنانے والوں کی یہ کمزوری تھی یا ہندی کے بولوں پر گانے بنائے جانے میں جو مٹھاس تھی، اسی کے کارن زبردستی اسے وہ پد پراپت ہو گیا۔ اس کے بعد رادھے شیام جی کا 'ویر ابھیمنیو' آیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس سے پہلے ہندی کا کوئی ناٹک پارسی کمپنیوں کے اسٹیج پر نہیں آیا۔ اس ناٹک کا ہاسیہ والا بھاگ (کامک) بھی بڑا شکشا پرت(12) اور اشلیلتا(13) سے رہت(14) تھا۔ یہ اس زمانے میں پہلی بار اسٹیج پر آیا جس زمانے میں کتنے ہی اردو کے ناٹک کاروں نے، ایسے ایسے گندے کامک اسٹیج پر پہنچائے تھے کہ ماتاؤں اور بہنوں کو تھیٹر میں لے جاتے ہوئے بھی لجا آتی تھی۔ ماتا کو استری، اور استری کو ماتا کہلانا تو ان دنوں کے کچھ اردو ناٹک کاروں کا مانو دھرم ہو رہا تھا۔ خیر 'ویر ابھیمنیو' کو پورن سپھلتا ملی۔ مہاتما مالویہ جی تک نے اسے دیکھا اور پرشنسا کی۔ اتنا ہی نہیں جنتا نے بھی اسے اتنا

1۔ بازار 2۔ اہمیت 3۔ بسم اللہ۔ ابتدا 4۔ سرتھنیہ۔ حمایت کے لائق 5۔ سہرا 6۔ حاصل
7۔ مشہور 8۔ ترکیب آمیزش 9۔ ملا ہوا 10۔ بے جھجک 11۔ صنف۔ قطار 12۔ تعلیم یافتہ 13۔ عریانیت
14۔ عاری۔ خالی

آدر دیا، جتنا آدر اس سے پہلے کے پارسی کمپنیوں کے کسی ناٹک کو نہیں پراپت ہوا تھا۔ ارتھات (1) پنجاب یونیورسٹی نے اسے کرم شہ، (2) ہندی بھوشن، اور انٹرمیڈیٹ کلاس، کورس کی پستکوں میں پڑھائے جانے کے لیے چنا۔ اب تو ہندی کی کشوراوستھا (3) ان کمپنیوں میں پرارمبھ ہوگئی۔ ادھر بابو ہری کرشن جی جوہر کے ''پتی بھکتی'' 'ویر بھارت اور شیدا جی کا '' نل دمنتی'' آدی اسٹیج پر پہنچے۔ اتساہ (4) یہاں تک بڑھا کہ ہندی ناٹکوں کو پردھانتا کا پد دینے کے لیے میرٹھ سے ایک لمیٹیڈ کمپنی 'ویاکل بھارت' کے نام سے بن گئی۔ نسند یہہ (5) اس کمپنی کا 'بدھ دیو' بڑا اسندر اور بڑا اتم (6) ناٹک تھا۔ کھید (7) ہے کہ ویوستھا (8) ٹھیک نہ ہونے کے کارن یہ کمپنی لیکوڈیشن میں آگئی اور اس کے پرم پروین (9) اور وِدوان ناٹک کار 'ویاکل' جی کا بھی اکال ہی دیہاوسان (10) ہوگیا۔ یدی وے آج ہوتے، تو ان سے ہندی کو بڑی آشائیں تھیں۔ 'ویاکل بھارت' ہی میں رہ کر 'ورمالا' کے پرسدھ (11) لیکھک پنت جی کو ناٹک لکھنے کا شوق ہوا۔ پرنتو کھید ہے کہ انھوں نے اسٹیج کا ناٹک نہ لکھ کر ساہتیہ کا (پاٹھیہ) ناٹک لکھا۔ ہماری ان سے پرارتھنا (12) ہے کہ وہ اب اسٹیج کے لیے ناٹک لکھیں، انھیں اس کا انوبھو (13) بھی ہے۔ ان سے ہمیں اس کی بہت آشائیں ہیں۔ انھیں دنوں کاٹھیاواڑ سے آئی ہوئی 'سوروجے' نے اپنے کمپرن ناٹک ہندی ہی میں آکر کھیلے۔ رادھے شیام جی نے 'ویر ابھمنیو' کے بعد جو ناٹک 'شرون کمار' لکھا تھا، وہ اسی کمپنی کو دیا تھا۔ شرون کمار کے بعد بھی کئی ناٹک انھوں نے اس کمپنی کو دیے تھے۔ کھید ہے کہ آج وہ کمپنی بھی نہیں رہی اس سے الیکھ یوگیہ (14) یہ کمپنیاں ہیں جن میں ہندی کے ناٹک کھیلے جارہے ہیں، اور جن سے ہندی پریمیوں کو اور بھی اچھے ناٹکوں کی آشا ہے۔ کلکتے کی کرنتھین، جس کے مالک چرکھاری مہاراج ہیں اور جس کے ناٹک کار آغا حشر ہیں۔ مدن تھیٹر کی پارسی الفریڈ، جس کے پہلے سورگیہ (15) کاوس جی مالک تھے۔ اور جس میں اس سے جوہر جی، شیدا جی ناٹک کار ہیں۔ سنا ہے کہ بیتاب جی بھی پھر اس کمپنی کے لیے کوئی ہندی ناٹک دے رہے ہیں۔ تیسری کمپنی ہے 'نیو الفریڈ' جو 35 ورش سے چل رہی ہے، اور جس کے بھارت پرسدھ (16) نٹ اور ڈائریکٹر مسٹر سوراب جی اوگرا ہیں۔ یدیپی (17) اب وہ ریٹائرڈ ہوگئے ہیں۔ تتھاپی (18) وہ اس کمپنی کا گورو اتنا بڑھا گئے ہیں کہ آج بھی اس کا نام جنتا میں بڑے آدر کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ اس کمپنی کے مالک ہیں مسٹر مہروان جی، مسٹر پنک شاہ اور مسٹر فرام روز۔ ایک چوتھی کمپنی بھی

1۔ یعنی 2۔ بالترتیب 3۔ کم سنی 4۔ خوشی 5۔ بے شک 6۔ اعلیٰ 7۔ افسوس 8۔ نظام 9۔ ممتاز شخصیت 10۔ انتقال 11۔ مشہور 12۔ التجا 13۔ تجربہ 14۔ قابل ذکر 15۔ مرحوم۔ آنجہانی 16۔ مشہور و معروف 17۔ اگرچہ 18۔ پھر بھی

ہے اور وہ حشر جی کی کہلاتی ہے کچھ دن پہلے اس کا نام 'گریٹ شکسپئر کمپنی' تھا۔ پرنتو اب کئی ماس سے 'گریٹ الفریڈ' رکھا گیا ہے۔ بھگوان ہی جانے کہ یہ 'الفریڈ' نام تین تین کمپنیوں کے ساتھ کیوں ہے۔ سورگیہ مسٹر الفریڈ کی آتما کو تو اس سے ہرش ہوتا ہی ہوگا۔ اور چاہے کسی کو ہو یا نہ ہو۔

ہاں، تو نیو 'الفریڈ' کمپنی کے ہم نے کتنے ہی ناٹک سوئنگ (1) دیکھے ہیں۔ ہماری رائے ہے کہ اس سے ہندی ناٹکوں کی درشٹی (2) ہی سے نہیں، اسٹیج کی درشٹی سے بھی یہ کمپنی آدرش ہے۔ شری نت رادھے شیام جی، جن کے ناٹک اس کمپنی میں کھیلے جاتے ہیں۔ اور مسٹر سوراب جی اوگرا کے ریٹائر ہو جانے کے بعد جو سُم ہی اس میں اپنے ناٹک اسٹیج کر رہے ہیں۔ نسند یہہ (3) سپھلتا (4) پراپت کر رہے ہیں۔ 'ویر ابھیمنیو' کا ذکر تو اوپر آ ہی چکا ہے۔ اس کے اتیرکت (5) رادھے شیام جی کے پرہلاد، پریورتن، مشرقی حور، آدی سب ورگ (6) ایک سے ایک اُتم ہیں۔ ان ناٹکوں میں آدرش ہے۔ شکشا (7) ہے۔ پوترتا (8) ہے۔ اور ہے اُوج۔ جن کا وشیش (9) پریچیہ (10) ہم پھر کبھی دیں گے۔ آج تو رادھے شیام جی کے 'شری کرشن اوتار' اور اس کے دوسرے بھاگ 'رکمنی منگل' کا ذکر کرتے ہیں۔

'شری کرشن اوتار' کا پرارمبھ ناٹک کار نے اس پرکار کیا ہے کہ کنس کہ اتیاچاروں سے جب پرتھوی کانپ رہی تھی، سنسار تراہی تراہی (11) کر رہا تھا، تب دیورشی نارد، شیر ساگر میں بھگوان وشنو کو اس کے لیے مجبور کر دیتے ہیں کہ وہ دھرم سنستھاپنا تھارہ، اوتار لیں۔ نارد کا بھگوان وشنو سے وارتالاپ (12) بڑا ہی اُوج پورن، پربھاوشالی اور دل کو ہلا دینے والا ہے۔ ادھر تو نارد بھگوان کو اوتار لینے کے لیے مجبور کرتے ہیں۔ اور ادھر اس وچار سے کہ '' اتیاچار (13) جتنی جلدی سیما پر پہنچ جائے گا۔ اتنی ہی جلدی بھگوان مرتیولوک (14) میں اوتیرن 15 ہوں گے'' کنس کے ظلم کو بڑھاتے ہیں۔ تیسری اور کنس کے ظلم سے جب متھرا واسی اتیجت (16) ہوتے ہیں، تو انھیں شانتی کا پاٹھ پڑھاتے ہیں۔ ایک ہی چرتر (17) میں یہ تین طرح کا چترن (18) بڑا ہی سندر ہے۔ اور بڑا ہی انوکھا ہے۔ یہ نارد کا پارٹ کرنے والے مہاشیہ بھی اپنے پارٹ کو خوب ہی ادا کرتے ہیں، نارد کے بعد یوگ مایا کا پارٹ ہے۔ یوگ مایا کے پارٹ میں لیکھک نے ان سب باتوں کو لا کر رکھ دیا ہے، جن کا سمبندھ گپت سنسار سے ہے۔ یہ پارٹ بھی سوابھاوک (19) ہوتا ہے۔ اس پارٹ میں جو گانے رکھے گئے ہیں، وے تو ایک نئی جان ناٹک میں پیدا کر دیتے

1۔ خود 2۔ نظریہ 3۔ بلاشبہ 4۔ کامیابی 5۔ علاوہ 6۔ درجہ 7۔ تعلیم 8۔ پاکی 9۔ خاص 10۔ تعارف 11۔ بچاؤ 12۔ تبادلہ خیال 13۔ ظلم 14۔ عالم فنا 15۔ بعوت 16۔ مشتعل 17۔ کردار 18۔ عکاسی 19۔ فطری

ہیں۔ انھیں گایا بھی اچھے ڈھنگ سے جاتا ہے۔ اس کے اپرانت (1) پہلا انک بھگوان شری کرشن کے جنم پر سماپت ہوتا ہے۔ دوسرے انک میں بالک شری کرشن اسٹیج پر آتے ہیں اور کرمشہ انک سماپت تک گوچارن، کلیہ مردن۔ گوردھن دھارن اور راس منڈل آدی لیلاؤں کا وگ درشن (2) کرایا جاتا ہے۔ مالک شری کرشن کی ان بال لیلاؤں کا کیا اڈیش ہے کس لیلا میں کیا مرم ہے۔ اسے لیکھک نے بڑی اچھی طرح دکھلایا ہے۔

اس انک میں کوئی تیس چھوٹے چھوٹے مالک کام کرتے ہیں۔ جن میں شری کرشن، من سکھا اور شری داما کے پارٹ سرلھنیہ (3) ہیں۔ رادھا کا پارٹ کرنے والا بالک تو اپنے نام کا جواب نہیں رکھتا۔ رادھا اور کرشن کا پریم سمبندھ کتنا پوتر ہے، یہ بڑی اچھی طرح اس میں دکھلایا گیا ہے۔ کہیں بھی نام ماتر کو بھی اشلیلتا اور بری بھاونا درشکوں کے ہردے میں نہیں آنے پاتی۔ بلکہ اس پرم پریم کا بڑا ہی پاون روپ سامنے آکر کھڑا ہو جاتا ہے۔ کدمب کے نیچے گوپ کوپیوں کے ساتھ کھڑی ہوئی ینگل چھوی کے درشیہ کا اولوکن کیجیے۔ یہ دوسرے انک کا دوسرا سین ہماری رائے میں اس ناٹک کا سروتم سین ہے۔ تیسرے انک میں کنس ودھ ہے۔ پہلا انک راج نیتی سے پورن ہے۔ دوسرا بھکتوں کی نس نس میں بھکتی کا سروت بہا دینے والا ہے اور تیسرا ادریتا کا بجیو چتر (4) سامنے لاکر رکھ دیتا ہے۔ جیسا کہ 'کنس ودھ، کے چتر کو دیکھ کر آپ کلپنا کر سکیں گے۔ اس چتر میں آئے ہوئے نٹ واسودیو، بلرام، دیوکی اور اگرسین سبھی اپنے اپنے پارٹ خوب ادا کرتے ہیں۔ سین سینری تو اتنی اچھی دکھائی جاتی ہے کہ دیکھنے والوں کا کہنا ہے کہ اب تک ایسی نہیں دیکھی۔ یہاں پر کمپنی کے پینٹر مسٹر واسودیو ونکر کی پرشنسا (5) کیے بنا نہیں رہا جاتا۔ نسند یہہ چھوٹی سی عمر ہی میں آپ نے اس آرٹ میں کمال حاصل کرلیا ہے۔ ناچ بھی اپنے اپنے استھان پر اچھے ہیں، جنھیں تیار کرنے میں کمپنی کے ناچ ماسٹر شری بیت نرمد اشنکر نے یتھارتھ میں پری شرم کیا ہے۔ پوشاکیں بھی ٹھیک ہیں۔ سب ملا کر اسٹیج اتنا سجا ہوا رہتا ہے کہ درشک (6) بارمبار (7) دیکھ دیکھ کر بھی نہیں اگھاتے۔ ہم نے سیم اس وشے کا اس سے اچھا ناٹک کہیں نہیں دیکھا۔

شری کرشن اوتار نے جب سمست (8) پنجاب اور سنیکت پرانت (9) میں اپنی دھوم مچا دی، تو رادھے شیام جی نے 'رکمنی منگل' کے نام سے اس پاون چرتر کا دوسرا بھاگ اسٹیج کیا۔ نسند یہہ یہ دوسرا بھاگ پہلے بھاگ سے بہت بڑھا چڑھا ہے۔ بھاشا کی درشٹی (10) سے، بھاؤں (11) کی درشٹی سے، چرتر چترن (12) کی درشٹی سے، ناچ اور گانوں کی درشٹی سے اس نے پہلے بھاگ کو بھلا دیا ہے۔ ہماری سمتی (13)

1۔ علاوہ 2۔ رہنمائی 3۔ قابل ستائش 4۔ جاندار تصویر 5۔ تعریف 6۔ ناظرین 7۔ لگاتار
8۔ پورے 9۔ صوبۂ متحدہ 10۔ نظریہ 11۔ اداؤں 12۔ کردارنگاری 13۔ خیال

ہے کہ جنھوں نے یہ ناٹک نہیں دیکھے ہیں۔ وے پہلی بار دوسرا بھاگ نہ دیکھ کر پہلا بھاگ دیکھیں۔ پہلا بھاگ دیکھ کر دے جب آشچر اونت (1) رہ جائیں گے، تب دوسرا بھاگ انھیں وہ آنند دے گا کہ جو پہلے بھاگ کے آنند کو بھلا دینے والا ہوگا۔ اس دوسرے بھاگ میں جراسندھ سے یدھ، کال یون کا بھسم ہونا، رکمنی کا شری کرشن کے پرتی پریم اور انت میں رکمنی ہرن تھا پر دشمن کا شمر اسر کو مار کر دواریکا میں آنا دکھایا جاتا ہے۔ رادھا کرشن کا واستوک (2) ناطہ کیا ہے، یہ اتم سین کے ایک ٹھیٹولی والے درشیہ (3) میں بڑی ہی یوگیتا (4) سے انکت کیا گیا ہے۔ شری کرشن آوتار میں جسے نارد چرتر (5) لیکھنی کی درشٹی سے بڑا یوگیتا پورن ہے۔ اسی پرکار اس میں رکمنی کی بھابھی رکم کی استری سلیکھا، کا چرتر بڑا ہی پربھاؤ شالی (6) ہے۔ اور وہ سب کوی کی کلپنا، کوی کی پرتبھا اور کوی کی اپنی اُپج ہے۔ اس 'رکمنی منگل' میں تو سلیکھا ہی کا چرتر کیا۔ جس چرتر کو بھی لیکھک نے لکھا ہے، خوب ہی لکھا ہے۔ اس میں سب سے اچھا پارٹ رکم کا، شری کرشن کا، رکمنی کا، سلیکھا کا اور رکمنی کی ماتا پربھا کا ہوتا ہے، نارد، یوگ مایا اور رادھا کا پارٹ کرنے والے وہی نٹ اس میں بھی پارٹ کرتے ہیں، جو 'شری کرشن اوتار' میں کرتے ہیں۔ اس دوسرے بھاگ میں ہم سب سے اچھے کئی درشیہ دیکھتے ہیں، ایک تو رادھا اُدھو کے سمبندھ کا، دوسرا بھیشم کے دربار کا، تیسرا رکمنی رُکمی اور پربھا کے سمواد والا، چوتھا شیشو پال، کے دولہا ویش والا، پانچواں رکمنی ہرن والا درشہ دکھایا گیا ہے۔ اس دوسرے بھاگیہ کی سینری بھی بڑی اتم ہے۔ اس میں ڈریسن بھی بڑی اچھی اور لیکلٹ (7) ہیں۔ ناچ بھی اچھے ہیں۔ سب سے اچھا ناچ، ناٹک کے سنسار میں پہلی بار اسٹیج پر آنے والا، سنسکرت کے بولوں کا ناچ ہے۔ اس ناچ میں 24 لڑکے کام کرتے ہیں۔ اب تک سنسکرت بولوں کا ناچ کسی کمپنی میں نہیں نکالا۔ آگے اس دوسرے بھاگ کے گانے پہلے بھاگ سے بہت آگے بڑھے ہوئے ہیں، اور ان کی طرزیں بھی بڑی ہی اچھی ہیں۔ ہماری رائے میں ایسے گانے کسی کمپنی میں اور کسی ناٹک میں اب تک نہیں آئے۔

پنڈت رادھے شیام جی سُیم بھی ایک بڑے اچھے نٹ ہیں۔ کارن کہ انھوں نے اپنی ساری عمر کتھاؤں (8) کے کہنے میں بتائی ہے۔ ات ایو (9) یدی وہ اسٹیج پر سُیم پارٹ کرنے لگیں۔ تب تو سنیکت پرانت کو بھی اس بات کا گرو (10) ہو جائے کہ ہمارے یہاں بھی ایک گریش، شیشر بابو یا دانی بابو جیسا نٹ ہے۔ پنڈت رادھے شیام جی گانے میں اور طرز بنانے میں تو کوشل ہیں ہی۔ اردو کا 'مشرقی حور' لکھ کر آپ نے اردو ناٹیہ جگت (11) میں بھی ایک کرانتی پیدا کی ہے۔ ہم نے پنڈت جی کا چتر بھی اس لیکھ میں، بڑی شردھا (12) کے ساتھ دیا ہے۔

1۔ تعجب حیرت 2۔ حقیقی 3۔ منظر 4۔ ہنرمندی 5۔ کردار 6۔ ثر انگیز 7۔ مندرجہ بالا 8۔ کہانیوں 9۔ چنانچہ 10۔ فخر 11۔ ڈرامائی دنیا 12۔ عقیدت

پنڈت رادھے شیام جی کا 'چار کرشنہ (1) سمپورن (2) شری کرشن چرتر کو اسٹیج کر دینے کا ہے۔ بھگوان شری کرشن انھیں سپھل پریاس کریں۔ یہ بھی سنا ہے کہ تین چار ورش سے وہ 'ستی پاروتی' نام کا بھی ایک ناٹک اسی کمپنی کے لیے لکھ رہے ہیں۔ جو آدھے سے زیادہ لکھا جا چکا ہے۔ اور جس کی بابت یہ سننے میں آیا ہے کہ ایسا ناٹک آج تک نہ کہیں لکھا گیا ہے اور نہ اسٹیج ہی ہوا ہے۔

(مادھوری، ورش 8، کھنڈ 1، سنکھیا 6، دسمبر 1921ء ناٹک پریمی، کے نام سے پرکاشت)

1۔ سلسلہ وار 2۔ مکمل

'چاند' کا مارواڑی انک

مہاشے سدرشن جی کا یہ نوٹ ہمیں اس سے ملا جب ہم 'سُمیم' 'چاند' کے وشے میں اپنے وچار پرکٹ (1) کرنے جا رہے تھے، مگر سدرشن جی نے ہمارے بھاؤں کو اتنے زوردار اور مرم اسپرشی (2) شبدوں میں ویکت کر دیا ہے کہ اب ہمیں کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ چاند نے ستی پریاس کے سدھار کا بیڑا اٹھایا ہے۔ کہہ نہیں سکتے سدھار سے ہمارے سامنے پیش کرتا ہے یا روسی، یا امریکن، یا اس نے خود کوئی نمونہ ایجاد کیا ہے۔ ہماری سمجھ میں تو ایسا بھرشٹ (3) ساہتیہ سنسار کی کسی بھاشا میں نہیں ہے۔ گندی چیزیں بکتی خوب ہیں۔ اس میں سندیہہ نہیں۔ کوئی اسے پسند نہ کرے، ہر ایک بار پڑھنا اوشیہ چاہتا ہے۔ بھانڈوں کی گندی گالیاں سننے اور ان پر ہنسنے کے لیے لوگ بے دریغ روپیے خرچ کرتے ہیں۔ یہ من کی ایک پرورتی ہے۔ شراب کی طرف کیوں من لپکتا ہے؟ ہم جانتے ہیں کہ یہ اچھی چیز نہیں، پھر بھی شوق سے پیتے ہیں۔ 'چاند' کے سُیوگیہ (4) سمپادک کے من کی اسی پرورتی سے اپنا مطلب گانٹھنے کی ترکیب نکالتی ہے۔ کہہ نہیں سکتے اسے کہاں تک پھلنا ہو رہی ہے۔ سنتے ہیں، اس کی گراہک سنکھیا 15000 ہو گئی ہے۔ کسی سرکاری ایڈیٹر نے اس کی تصدیق بھی کی ہے۔ پھر بھلا سندیہہ کی کہاں گنجائش ہے؟ مگر اس پر بھی 1000 روپیے ماہوار کا گھاٹا ہو رہا ہے۔ شاید سہگل صاحب کو کوئی دفینہ مل گیا ہوگا۔ یا سمھو 5 ہے قاروں کا خزانہ یا پارس پتھر ہاتھ لگ گیا ہو۔ جبھی تو اتنی بڑی ہانی ہر مہینہ اٹھا رہے ہیں۔ اور یہ سب ہندو استریوں کے اُدھار کے لیے! ان کی دورا وستھا (6) دیکھ کر آپ رکت (7) کے آنسو روتے رہتے ہیں۔ آپ انھیں کامی پرشوں (8) کے حملوں سے بچانے کے لیے ہی تو کاماسکت نریشوں کی کام لیلا کے نگن چتر کھینچتے رہتے ہیں۔ مہیلاؤں کو راجہ صاحب کی گیلری اور مٹھوں کے جوڑ کا حال سنا کر آپ ان کے سدھار اور سنسکار کی کچھ کم کوشش کر رہے ہیں! خیر!

1۔ظاہر 2۔دل کو چھونے والا 3۔بدعنوان 4۔لائق ترین 5۔ممکن 6۔حالت زار 7۔خون 8۔نفس پرستوں

’چاند‘ نے پٹے اور کشل ویپاریوں کی بھانتی بکری کے سدھانت کو سروپری 1 سمجھا ہے۔ چیز بکنی چاہیے، اس سے کسی کی ہانی ہوتی ہے تو ہماری بلا سے! مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں، ہمیں اپنے حلوے مانڈے سے مطلب ہے۔ ادھر ہم سے کئی مہیلاؤں نے ’چاند‘ کی اس کلست پرورتی (2) کی شکایت کی، پھر بھی ’چاند‘ کے کاریالیہ (3) میں ایسے پتروں کا تانتا لگا رہتا ہے جن میں ایسے ہی لیکھوں کا آدیش کیا جاتا ہے۔ ہم تو جنتا سے یہی کہیں گے کہ یدی وہ استری سماج کا اپکار (4) چاہتی ہے، تو اسے ’چاند‘ کا بہشکار (5) کرنا چاہیے۔ ایسے ساہتیہ سے سماج کو جو ہانی ہو رہی ہے۔ اس کا انومان کرنا کٹھن ہے۔ اگر ’ماترمندر‘ میں بھی اسی نیتی کا پالن کیا گیا، تو استریوں کا ایشور ہی مالک ہے۔ ایسی منوورتی (6) کا آدمی ماترمندر جیسی سنستھا کا سنچالک ہو۔ یہ سماج کا دربھاگیہ ہے

(’مادھوری‘ ورش 8، کھنڈ 1، سنکھیا 6، دسمبر 1921ء)

1۔ سب سے پہلے 2۔ ذلیل حرکتوں 3۔ دفتر 4۔ احسان 5۔ بائیکاٹ 6۔ ذہنی رجحان

یووک کون ہے؟

بزرگی کی پہچان بدھی ہے، عمر نہیں۔ بوڑھے بے وقوف بھی ہوتے ہیں۔ اسی طرح جوانی کی پہچان عمر نہیں کچھ اور ہے۔ ہم اسے جوان نہیں کہتے، جس کی عمر 18 سے 25 ورش تک ہو۔ جو سر سے پاؤں تک فیشن میں سجا ہو۔ ولاستا (1) کا داس، ضرورتوں کا غلام، سوارتھ کے لیے گدھے کو باپ کہنے پر تیار ہو وہ نہ جوان ہے نہ بوڑھا، وہ مرتک (2) ہے جس سے نہ جاتی کا اپکار، نہ دیش کا بھلا ہو سکتا ہے۔

ہم جوان اسے کہتے ہیں، جو 20 کا ہو۔ چاہے چار بیس کا۔ پر ہو ہمت کا دھنی، دل کا مرد آن پر مر جائے پر کسی کا احسان نہ لے۔ سر کٹا دے۔ پر جھکا دے نہیں، آفتوں سے گھبرا کے نہیں بلکہ ان میں کود پڑے، چھ مہینے کا سکم مارگ نہ چل کر چھ دن کا جان جوکھم مارگ پکڑے، ندی کے کنارے ناؤ کے انتظار میں کھڑا نہ ہو۔ بلکہ اچھلتی لہروں پر سوار ہو جائے، نہیں، ناؤ سامنے دیکھ کر بھی اسے ٹھکرا دے اور اگمیہ جل راشی (5) میں کود پڑے، پرواہ اگر پورب کی اور ہو تو پچھم کا رخ کرے، کٹھنائیاں نہ ہو تو ان کی سرشٹی (6) کرے۔ جو سنتوش (7) سمجھے۔ وشرام (8) کو وش (9) کا پیالہ۔ جسے سنگھرش میں وجے کا آنند پراپت ہو۔ ادھوگ میں سا بھیلہ کا الاّس۔

یووک وہ ہے، جو اپنے اوپر اسیم وشواس (10) رکھتا ہو۔ جو اکیلا چنا ہو کر بھی بھاڑ کو پھوڑ ڈالنے کی ہمت رکھے۔ جو اپاسنا (11) کرے تو شکتی کی، آرادھنا (12) کرے تو اسھورتی کی جس کی ناڑیوں میں رکت کی جگہ آکانشا (13) ہو، ہردے میں پران کی جگہ اشانتی۔ جو روڑیوں (14) کا شترو اور پری

1۔حیاتی 2۔پاٹھیہ کرم۔تعلیم و تدریس 3۔الیکھنیہ۔قابل ذکر 4۔مرا ہوا 5۔نا قابل رسائی پانی کا بہاؤ 6۔پیدا کرنا 7۔تشفی 8۔آرام۔سکون 9۔زہر 10۔یقین کامل 11۔عبادت 12۔پرستش 13۔خواہش 14۔رسوں

پانی کا ناشک ہو۔ جو پاکھنڈ (1) کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ جائے اور جب تک اس کا نام و نشان مٹا دے، چین نہ لے۔

یووک وہ ہے جس پر سدیو (2) کوئی نہ کوئی دھن سوار رہتی ہے۔ اگر آج بھنگ پینے پر آئے تو اتنی پی کہ سر پیر کی سدھی نہیں۔ سونے پر آئے تو دوپہر دن کی خبر کی۔ کھیلنے پر آئے تو رات آنکھوں میں کٹ گئی۔ ہنسنے پر آئے، تو چھتیں ہل گئیں۔ پڑھنے پر آئے تو بھور ہو گیا۔ کسی سے دوستی کی تو چرم سیما تک کی وہ جو کام کرتا ہے۔ اتساہ (3) سے، امنگ سے، دل و جان سے، بے دلی سے، دُبدھے (4) میں پڑ کر وہ کوئی کام نہیں کرتا۔

یووک وہ ہے جسے کل کی چنتا نہیں ستاتی، جو آج میں مگن رہتا ہے۔ 'کل' کو کل پر چھوڑتا ہے۔ جس کے جیون میں سبھی دن 'آج' ہیں، کل کا کہیں استِتو (5) نہیں۔ جس کے جیون کا سار ہے۔ امنگ! امنگ! امنگ!

آیسے یووک کو ہم پرنام کرتے ہیں۔

('یووک' فروری 1921ء)

1۔ ڈھونگی 2۔ ہمیشہ 3۔ جوش و خروش 4۔ تذبذب 5۔ وجود

ورتمان یورپین ڈرامہ

یوں تو ورتمان (1) اپیو گیتاواد (2) کے سدھانت نے یورپین ساہتیہ کے ہر ایک وبھاگ (3) پر اثر ڈالا ہے، لیکن ناٹک پر اس کا جتنا اثر پڑا ہے کداچت (4) اور کسی انگ پر نہیں پڑا۔ انگلینڈ کے سب سے شریشٹھ (5) ناٹک کار برناڈ شاہ مہودے ہیں۔ آپ نے کسی مت کے پرچار، کسی نہ کسی سماجک ویوستھا (6) کے سدھار اور کسی نہ کسی واد کے اسپشٹی کرن (7) کی چیشٹا (8) کی ہے۔ کسی میں وواہک پرتھا (9) کی کٹھر آلوچنا (10) ہے، تو کسی میں جنتاواد کا پرچار کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ انگریزی لیکھن ودھی (11) کی اسوابھاوکتا (12) بھی ان کے تیوراکشیوں (13) سے نہیں بچی ہے۔ ان کا ناٹک بہودھا ایک ہی انک کے ہیں۔ یہاں تک کہ کئی میں تو درشہ بھی ایک ہی ہے۔ بھارت ورش میں ایسے ناٹک تچھ (14) سمجھے جائیں گے۔ گائن، سینری، پردے اور ٹھاٹھ باٹ پر پران دینے والی بھارتیہ جنتا کو ان ناٹکوں میں مزانہ آئے گا۔ لیکن انگلینڈ میں شا کے ڈرامے بڑی سپھلتا کے ساتھ کھیلے جاتے ہیں۔ ان کی ساری خوبی کیول پاتروں کے واک چاترییہ، ونگیہ، (15) سکتی (16) اور وچاروں کی مولکتا، (17) نوینتا (18) تتھا پربھاؤ اتپادکتا میں ہے۔ برناڈ شاہ ونگیہ تتھا تیور کٹاکش کا راجہ ہے۔ اس کے وچاروں میں اتنی مَولکتا ہوتی ہے کہ ایک ایک واکیہ شروتاؤں (19) کے چت میں وچار ترنگیں آندولت کر دیتا ہے۔ وہ کسی کے ساتھ رعایت نہیں کرتا، سبھی پر پھبتیاں کستا ہے۔ کوئی پرتھا کتنی ہی پراچین اور سمانت کیوں نہ ہو، یدی اس کی کسوٹی پر پوری نہیں اترتی تو وہ اس کی ذرا بھی پروا نہیں کرتا، لیکن اس کے ونگیہ نردیتا (20) سے خالی ہوتے ہیں۔ ان میں شششٹھا (21) اور سہانوبھوتی (22) چھپی رہتی ہے۔ فرانس کے ناٹک کار بریو بھی

1۔موجودہ حال 2۔افادیت پسندی 3۔شعبہ 4۔کسی بھی 5۔اول۔سرفہرست 6۔معاشرتی نظام
7۔وضاحت 8۔کوشش 9۔شادیانہ رسم ورواج 10۔سخت تنقید 11۔طریقہ مضمون نویسی 12۔غیر فطری
13۔تیکھے الزام 14۔سطحی 15۔طنز 16۔مقولہ 17۔بنیاد 18۔نیاپن 19۔سامعین 20۔بے رحمی
21۔تہذیب 22۔ہمدردی

اپیوگیتا کے پجاری ہیں۔ برناڈ شا بریو کے پرم بھکت ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مولیر کے بعد بریو کے برابر کوئی ناٹک کار نہیں ہوا۔ بریو رنگ منچ کو کیول منورنجن اور ولاس (1) کا سادھن بنانا نہیں چاہتا۔ اس کی نگاہ میں اس کا مہتیہ کہیں اونچا ہے۔ بریو کا کہنا ہے کہ ناٹک کاروں کے لیے یہ بات لجا جنک ہے کہ وے کیول آموو پرمود (2) کے سادھن بنیں۔ وہ ناٹک کاروں کو اپدیشک (3) کا اُچ استھان دلانا چاہتا ہے۔ ہمارے وچار میں اس کا کتھن بہت کچھ وچارنیہ (4) ہے۔

یورپ کا تیسرا ناٹک کار، ابسین ہے۔ سمست (5) یورپ میں اس کے ناٹکوں کی دھوم ہے۔ ابسین کی سب سے پرسدھ رچنا 'ڈال ہاؤس' ہے۔ اس میں استریوں کی پرادھینتا (6) کا دِگ درشن کرایا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اب سر وانگ (7) سندر ناٹک شیکسپئر کے بعد پھر نہیں لکھا گیا۔ اس کی دوسری رچنا 'گھوسٹس' کا استھان بہت اونچا ہے۔ یورپ کی سبھی بھاشاؤں میں اس کا انوواد ہو چکا ہے۔ ابسن بھی برناڈ شا اور بریو کی بھانتی اپدیشوادی (8) ہے۔ وہ اپنے وچاروں کا پرچار کرنے کے ایسے اتّم سادھن کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہتا ہے۔

سمبھو ہے کہ ان مہانو بھاؤں (9) کے ناٹکوں میں جنتا کو بہت آنند نہ آتا ہو، لیکن سبھیہ سماج میں ودوجنوں (10) میں ان ناٹکوں کا بڑا استھان ہے۔ راشٹروں اور جاتیوں کی باگ ڈور یہی سماج اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ 'ابسن' کے یہاں ونگیہ اور کٹاکش (11) نہیں ہے۔ اس کی آلوچنا تیور نہیں ہوتی، اس کے پاتروں میں اتنی سبھاوکتا (12) اور گھٹناؤں میں اتنی یتھارتھتا (13) ہوتی ہے کہ وہ یورپ کا سرو پردھان (14) ناٹک کار مانا جاتا ہے۔

اس میں سندیہہ نہیں کہ ناٹک ہو یا کاویہ اپنیاس (15) ہو یا گلپ (16) جب اس میں کسی مت کا پرتیپادن کیا جاتا ہے تو اس کی سرستا (17) میں بادھا پڑ جاتی ہے، مانو سدھا کے نرمل پرواہ میں گدلا کیچڑ مل گیا ہو۔ لیکن ہمارا وچار ہے کہ مت پردھان رچنائیں بھی کشل ہاتھوں میں اپنی سرستا کو بہت اکشنہ رکھ سکتی ہیں۔ آخر ایسی رچنائیں کیوں اروچیکر ہو جاتی ہیں؟ کیول اسی لیے کہ ان میں لیکھک کو اپنے مت کا سمپادن کرنے کے لیے بہودھا ستیہ (18) کی ہتیا کرنی پڑتی ہے۔ اس کے پاتر اور گھٹنائیں سویکشا (19) سے نہیں چلتے، اب معلوم ہوتا ہے کہ وے بیڑیوں میں جکڑے ہوتے ہیں۔ بس اسی اسوبھاوکتا (20) کے کارن ایسی رچنائیں نیرس ہو جاتی ہیں۔ پرکشل لیکھک اس بات کا دھیان رکھے گا کہ کاویہ آنند کی کلپنا اس

1۔عیاشی 2۔تفریح۔دل لگی 3۔ناصح 4۔قابل غور 5۔پورے 6۔اہمیت 7۔سراپا 8۔نصیحت پسند 9۔معزز 10۔عالموں 11۔طنز 12۔فطری پن 13۔حقیقت پسندی 14۔سب سے اہم 15۔شعری ناول 16۔حکایت 17۔سہل 18۔بہت سارے سچ 19۔اپنی خواہش 20۔غیر فطری پن

ڈھنگ سے کی جائے، پاتروں کے چترن اس طرح ہوں معلوم ہو کہ وے سویکشا سے اپنے اپنے کام کر رہے ہیں۔ کوئی مت وشیش (1) انھیں سنچالت (2) نہیں کر رہا ہے، بلکہ ان کے منو بھاؤ آپ ہی آپ انھیں سُبھاوک استھتی (3) کی اُور لیے جا رہے ہیں؛ اور یہ کام آسادھیہ (4) بھی نہیں ہے۔ اِبسین کے سبھی ناٹک اپدیش پردھان (5) ہیں، لیکن ان کی سرستا (6) یا سُبھاوکتا (7) میں ذرا بھی کمی نہیں ہونے پائی ہے۔ برناڈ شا کے یہاں گھٹنائیں تو نہیں ہوتیں، لیکن اس کے پاتروں کا سمبھاشن (8) اتنا سندر اور سجیو (9) ہوتا ہے کہ درشکوں (10) کو شاید ہی یہ خیال آتا ہو کہ ان کو کوئی اپدیش دیا ہے۔

فرینچ کرانتی کے پہلے جب یورپ اسی ندرا (11) میں مگن تھا، جس میں اس سے کا بھارت، تو مانو جیون ہی ساہتیہ کا مکھیہ وشے تھا۔ روسو نے اتہاس میں جو کرانتی پیدا کی، اس سے کہیں ادھک بڑی کرانتی ساہتیہ کے چھیتر میں پیدا کر دی۔ اس سے مانو جیون کی آلوچنا کرنا ہی ساہتیہ کا مکھیہ وشے تھا۔ اس آلوچنا کے دوارا جیووں کے رہسیوں کا ادگھاٹن ہوتا تھا۔ پریم' بھکتی' دویش' دمبھ آدی مولک بھاؤوں کی وِچترتا اَنَنت کی جاتی تھی۔ آدرش چرتروں کا چترن کیا جاتا تھا۔ منشیہ کو سنسار بتی سننے میں آنند آتا تھا، جو پرم سو بھاوک ہے۔ کرانتی نے مانو جیون میں نئی نئی سمسیائیں اُپستھت کر دیں۔ ساماجک اتیاچاروں کی اُور لوگوں کا دھیان کبھی اتنے ویگ سے آکرشت نہ ہوا تھا۔ چھوٹے بڑے کا بھید' دھنیوں کی سوارتھ پرتا' دینوں کی پرادھینتا آدی سمسیاؤں پر منشیہ نے کبھی اتنی سودیوستھت ریتی سے وچار نہ کیا تھا۔ اُس کرانتی نے کتنی ہی پرمپراگت سمسیاؤں کی جڑیں ہلا دیں' کتنی ہی روڑھیوں کا سرو ناش کر دیا۔ سوارتھ نے دینوں کو دبائے رکھنے کے لیے جو نیم بنا رکھے تھے ان کی کرترمتا کا پرادافاش ہو گیا، تھا' ویکتی' کی پردھانتا سویکار کی جانے لگی۔ شکشا میں سدھار کی آیوجنائیں ہونے لگیں' استریوں کے پرتی لوگوں کے وچاروں میں پریورتن ہونے لگا۔ ان سمسیاؤں کے سامنے مانو جیون کی آلوچنا بھی کون معلوم ہونے لگی۔ جیسے کوئی وگیانک اپنی پریوگ شالا میں نتیہ نئی نئی کھوج کیا کرتا ہے اسی بھانتی ساہتیہ کاروں نے بھی سماج میں رام راجیہ اپستھت کرنے کے لیے نئے نئے ودھانوں کا سمپادن کرنا شروع کیا۔ کسی کو معلوم ہونے لگا کہ استریوں کی پَرادھینتا ہی ورتمان وشمتا کا مکھیہ کارن ہے۔ کسی کی سمجھ میں ویوسائے کی پرادھینتا ہی مکھ ساماجیہ کے مارگ میں بادھک پائی گئی۔ سبھی لوگ اپنے اپنے وچار کے انوسار نئے نئے اُپائے سوچنے لگے' اور چونکہ ناٹکوں دوارا اپنے وچاروں کو جنتا کے سامنے بڑے پربھاوجنک روپ میں لایا جا سکتا ہے' اس لیے رنگ منچ پر ہی لیکھکوں کی سدھار ورِتی کا اثر سب سے ادھک آنے لگا۔

('ساہتیہ سالوچک' اپریل 1925)

1۔ اہم خیال 2 ۔ چلانا 3 ۔ فطری حالت 4 ۔ ناقابل عمل 5 نصیحت آور 6 ۔ آسان۔ سہل 7۔ فطری پن
8۔ مکالمہ 9 ۔ جاندار 10 ۔ ناظرین 11۔ نیند

ہنس کی نیتی

کہتے ہیں جب شری رام چندر سمندر پر پُل باندھ رہے تھے اس وقت وہاں چھوٹے چھوٹے پشو پکشیوں نے مٹی لالا کر سمندر کے پاٹنے میں مدد دی تھی۔ اس سمے دیش میں اس سے کہیں وِکٹ سنگرام چھڑا ہوا تھا۔ بھارت نے شانتی نے سمر کی بھیری بجادی ہے۔ 'ہنس' بھی مانسر دور کی شانتی چھوڑ کر اپنی ننھی سی چونچ میں چٹکی بھر مٹی لیے ہوئے سمندر پاٹنے آزادی کی جنگ میں یوگ دینے چلا ہے۔ سمندر کا دستار دیکھ کر اس کی ہمت چھوٹ رہی ہے' لیکن سنگھ شکتی نے اس کا دل مضبوط کر دیا ہے۔ سمندر پاٹنے کے پہلے ہی اس کی جیون لیلا سماپت ہو جائے گی' یا وہ انت تک میدان میں ڈٹا رہے گا' یہ تو کوئی جیوتشی ہی جانے۔ پر ہمیں ایسا وشواس ہے کہ 'ہنس' کی لگن اتنی کچی نہ ہوگی۔ یہ تو ہوئی اس کی راجنیتی۔ ساہتیہ اور سماج میں یہ ان گنوں کا پرتیچے دے گا جو پرمپرا نے اسے پردان کر دیے ہیں۔

('ہنس' مارچ 1930)

"ڈومینین اور سوراجیہ"

نہ ڈومینین مانگنے سے ملے گا نہ سوراجیہ۔ جو شکتی ڈومینین چھین کر لے سکتی ہے، وہ سوراجیہ بھی لے سکتی ہے، انگلینڈ کے لیے دونوں سمان ہیں۔ ڈومینین اسٹیٹس میں گول میز کانفرنس کا الجھاوا ہے؛ اس لیے وہ بھارت کو اس الجھاوے میں ڈال کر بھارت پر بہت دنوں تک راجیہ کر سکتا ہے۔ پھر اس میں قسطوں کی گنجائش ہے اور قسطوں کی اُودھی (1) ایک ہزار درشوں تک بڑھائی جا سکتی ہے۔ اس لیے انگلینڈ کا ڈومینین اسٹیٹس کے نام سے نہ گھبرانا سمجھ میں آتا ہے۔ سوراجیہ میں قسطوں کی گنجائش نہیں۔ نہ گول میز کا الجھاوا ہے؛ اس لیے وہ سوراجیہ کے نام سے کانوں پر ہاتھ رکھتا ہے لیکن ہمارے ہی بھائیوں میں اس پرشن پر کیوں مت بھید ہے، اس کا رہسیہ آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا۔ وہ اتنے بے سمجھ تو ہیں نہیں کہ انگلینڈ کی اس چال کو نہ سمجھتے ہوں۔ انومان یہی ہوتا ہے کہ اس چال کو سمجھ کر بھی وہ ڈومینین کے پکش میں ہیں تو اس کا کچھ اور آشے ہے۔ ڈومینین پکش کو غور سے دیکھیے تو اس میں ہمارے راجے مہاراجے، ہمارے زمیندار، ہمارے دھنی تانی بھائی ہی زیادہ نظر آتے ہیں۔ کیا اس کا یہ کارن ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کو سوراجیہ کی دشا میں انھیں بہت کچھ دب کر رہنا پڑے گا؟ سوراجیہ میں مزدوروں اور کسانوں کی آواز اتنی نربل نہیں رہے گی؟ کیا یہ لوگ اس آواز کے بھے سے تھرتھرا رہے ہیں؟ ہمیں تو ایسا ہی جان پڑتا ہے۔ وہ اپنے دل میں سمجھتے رہے ہیں کہ ان کے ابھیوں کی رکشا انگریزی شاسن ہی سے ہو سکتی ہے، سوراجیہ کبھی انھیں غریبوں کو کچلنے اور ان کا رکت چوسنے نہ دے گا۔ ڈومینین کا ارتھ ان کے لیے یہی ہے کہ دو چار گورنریاں، دو چار بڑے بڑے پد انھیں اور مل جائیں گے۔ ان کا ڈومینین اسٹیٹ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ تعلقہ دار اور راجے اسی طرح غریبوں کو چوستے چلے جائیں گے۔ سوراجیہ غریبوں کی آواز ہے، ڈومینین غریبوں کی کمائی پر موٹے ہونے والوں کی۔ سمجھوتے ابھی امیروں کی آواز کچھ دن اور غریبوں کو دبائے رکھے۔ غریبوں کے صبر کا پیالہ اب بھر گیا ہے۔ انگلینڈ کو اگر اپنا روزگار پیارا ہے؛ اگر اپنے مزدوروں کی پران رکشا (2) کرنی ہے، تو

1۔ وقفہ 2۔ جان کی حفاظت

اسے غریبوں کی آواز کو ٹھکرانا نہیں چاہیے ورنہ بھارت کے راجوں اور شکتی شالی سماج کے اونچے عہدے داروں کے سنبھالے کا اس کا روزگار نہ سنبھلے گا۔ جب ایک بار غریب سمجھ جائیں کہ انگلینڈ ان کا دشمن ہے تو پھر انگلینڈ کی خیریت نہیں۔ انگلینڈ اپنی سنگٹھت شکتی سے ان کا سنگٹھت ہونا روک سکتا ہے لیکن بہت دنوں تک نہیں۔

(ہنس، مارچ 1930)

جیل سدھار

جس طرح کسی ویکتی کے چرتر کا اندازہ اس کے متروں کو دیکھ کر کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کسی راجیہ کی سوویوستھا کا اندازہ اس کے جیلوں کی دشا سے ہوسکتا ہے۔ روس کی جیل بھارت کے جیلوں کو دیکھتے سورگ ہیں۔ یہاں تک کہ ایران جیسے دیش کے جیل بھی بہت کچھ سدھر چکے ہیں۔ ہمارے جیلوں کی دشا جتنی خراب ہے؛ شاید سنسار میں اس بات میں کوئی اس کا ثانی نہ ملے گا۔ جتیندر ناتھ روس کے اتسرگ (1) کا کچھ پھل اس سدھار کے روپ میں نکلا ہے جو ابھی کیے گئے ہیں؛ مگر قیدیوں کا کئی درجوں میں وبھاجت کیا جانا اور ہر ایک گٹکشا کے ساتھ الگ الگ ویوہار کرنا، ان برائیوں کی دوا نہیں ہے۔ جیل ایسے ہونے چاہیے کی قیدی اس میں سے من اور وچار میں کچھ سدھر کر نکلے۔ یہ نہیں کہ اس کے پتن کی کریا وہاں جا کر اور بھی پوری ہو جائے۔ اس سدھار سے یہ پھل نہ ہوگا، ہاں جو دھنی ہیں، انھیں وہاں کچھ آرام ہو جائے گا۔ غریب کی سب جگہ موت ہے؛ جیل میں بھی۔ معلوم نہیں؛ ایشور کے گھر بھی یہی بھید بھاؤ ہے یا اس سے کچھ اچھی دشا ہے۔

1۔ ایثار، قربانی

جاپان کے لوگ لمبے ہو رہے ہیں

ہندوستان کے لوگ دن دن دربل ہوتے جاتے ہیں۔ لیکن جاپان کے ایک پتر نے لکھا ہے جاپانیوں کا ڈیل دھیرے دھیرے اونچا ہو رہا ہے۔ بلاشبہ تو وہ پہلے بھی ہوتے تھے، لیکن اب وہ اونچے بھی ہو رہے ہیں۔ اس کا کارن ہے رہن سہن میں سدھار۔ اب وہ پہلے سے اچھا اور پشٹی کارک (1) بھوجن پاتے ہیں؛ زیادہ صاف اور ہوادار گھروں میں رہتے ہیں؛ آرتھک چنتاؤں کا بھار بھی ہو گیا ہے۔ جہاں اسی فی سیکڑے آدمی آدھے پیٹ بھوجن بھی نہیں پاتے، وے کیا بڑھیں گے اور کیا موٹائیں گے؟ شاید سو ورش کے بعد ہندستانیوں کی کہانی رہ جائے گی۔

(مارچ 1930 ہنس)

1۔ مقوی

پہلے ہندستانی' پھر اور کچھ

ہندو تو ہمیشہ سے یہی رٹ لگاتے چلے آ رہے ہیں، لیکن مسلمان اس آواز میں شریک نہ تھے۔ بیچ میں ایک بار محمد علی یا شاید ان کے بڑے بھائی صاحب نے یہ آواز منہ سے نکالنے کا ساہس کیا تھا، مگر تھوڑے دنوں کے بعد انھوں نے پھر پہلو بدلا، اور پہلے مسلمان پھر اور کچھ کا نعرہ بلند کیا۔ پھر کیا تھا، مسلم دَل میں ان کا جتنا سمّان کم ہو گیا تھا، اس سے کئی گنا زیادہ مل گیا۔ آج اگر کوئی مسلمان پہلے ہندستانی ہونے کا دعویٰ کرے تو اس پر چاروں طرف سے بوچھاریں ہونے لگیں گی۔ 'پہلے مسلمان' بن کر دھرماندھ جنتا کی نگاہ میں گورو پراپت کر لینا تو آسان ہے پر اس کا مسلمانوں کی منووِرتی پر جو برا اثر پڑتا ہے، وہ دیش ہت کے لیے گھاتک ہے۔ مسلمان کسی پرشن پر راشٹر کی آنکھوں سے نہیں دیکھتا، وہ اسے مسلم آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ وہ اگر کوئی پرشن پوچھتا ہے تو، مسلم درشٹی سے، کسی بات کا وِرودھ کرتا ہے تو وہ مسلم درشٹی سے۔ لاکھوں مسلمان باڑھ اور سوکھے کے کارن تباہ ہو رہے ہیں' ان کی طرف کسی مسلمان ممبر کی نگاہ نہیں جاتی۔ آج تک کوئی ایسا مسلم سنگٹھن نہیں بنا جو مسلم جنتا کی سانسارک دشا کو سدھارنے کا پریتن کرتا۔ ہاں ان کی دھارمک منووِرتی (1) سے فائدہ اٹھانے والوں کی کمی نہیں ہے۔ مہاتما گاندھی کھدر کا پرچار کس کے لیے کر رہے ہیں۔ اس سے مسلمان جولاہوں کا فائدہ اگر ہندو کوریوں سے زیادہ نہیں تو' کم بھی نہیں ہے۔ لیکن جہاں اس شہر کے چھوٹے سے چھوٹے شہر نے مہاتما جی کو تھیلیاں بھینٹ کیں، علی گڑھ نے کیول سوکھا ایڈریس دینا ہی کافی سمجھا۔ یہ مسلم منووِرتی ہے۔ دیکھنا چاہیے، سرتیج بہادر سپرو سرو دَل سمیلن کو سپھل بنانے میں کہاں تک سپھل ہوتے ہیں۔ ہماری آشا تو نوجوان مسلمانوں کا منہ تاک رہی ہے۔ اسلامیہ کالج لاہور میں، جہاں ادھیکانش مسلمان چھاتر تھے، سوادھینتا کا پرستاؤ مسلمان نیتاؤں کے وِرودھ پر بھی پاس ہو گیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کی ہوا کا رخ کدھر ہے۔

(ہنس مارچ 1930)

1۔ ذہنیت

سنگرام میں ساہتیہ

گھور سنکٹ میں پڑنے پر ہی آدمی کی اونچی سے اونچی کٹھور سے کٹھور اور پوتر سے پوتر منو ورتیوں کا وکاس ہوتا ہے۔ سادھارن دشا میں منشیہ کا جیون بھی سادھارن ہوتا ہے۔ وہ بھوجن کرتا ہے، سوتا ہے، ہنستا ہے ونود کا آنند اٹھاتا ہے۔ اسادھارن دشا میں اس کا جیون بھی اسادھارن ہو جاتا ہے۔ اور پرستھتیوں پر وجے پانے، یا وردودھی کارنوں سے اپنی آتم رکشا کرنے کے لیے اسے اپنے چھپے ہوئے منھ استروں کو باہر نکالنا پڑتا ہے۔ آتم تیاگ اور بلیدان کے، دھیریہ اور ساہس کے، اُدارتا اور وشالتا کے جوہر اسی وقت کھلتے ہیں، جب ہم بادھاؤں سے گھر جاتے ہیں، جب دیش میں کوئی پہلو یا سنگرام ہوتا ہے تو جہاں وہ چاروں طرف ہاہا کار مچا دیتا ہے وہاں اس میں ویوُدر لکھگنوں کا سنسکار بھی کر دیتا ہے، اور ساہتیہ کیا ہے؟ ہماری انترتم منو ورتیوں کے وکاس کا اتہاس۔ اس لیے یہ کہنا انوچت نہیں ہے کہ ساہتیہ کا وکاس سنگرام ہی میں ہوتا ہے سنسار ساہتیہ کے اُجول سے اُجول رتنوں کو لے لو، ان کی سرشٹی یا تو کسی سنگرام کال میں ہوئی ہے یا کسی سنگرام سے سمبندھ رکھتی ہے۔

روس اور جاپان کے یدھ میں آتم بلیدان کے جلیلے اداہرن ملتے ہیں، وے اور کہاں ملیں گے؟ یوروپین یدھ میں بھی سادھارن منشیوں نے ایسے ایسے ویلکشن کام کر دکھائے، جن پر ہم آج بھی دانتوں میں انگلی دباتے ہیں۔ ہمارا سوادھینتا سنگرام بھی ایسے اداہرنوں سے خالی نہیں ہے۔ یدپی ہمارے سماچار پتروں کی زبانیں بند ہیں اور دیش میں جو کچھ ہو رہا ہے ہمیں اس کی خبر نہیں ہونے پاتی، پھر بھی کبھی کبھی تیاگ اور سیوا، شوریہ اور رونے کے ایسے ایسے اداہرن مل جاتے ہیں، جن پر ہم چکت ہو جاتے ہیں۔ ایسی ہی دو ایک گھٹنائیں ہم آج اپنے پاٹھکوں کو سناتے ہیں۔

ایک نگر میں کچھ رمنیاں کپڑے کی دکانوں پر پہرا لگائے کھڑی تھیں، ودیشی کپڑوں کے بریمی دکانوں پر آتے تھے؛ پر ان رمنیوں کو دیکھ کر ہٹ جاتے تھے۔ شام کا وقت تھا، کچھ اندھیرا ہو چلا تھا، اسی

وقت ایک آدمی ایک دکان کے سامنے آکر کپڑے خریدنے کے لیے آگرہ کرنے لگا۔ ایک رَمنی نے اس سے جا کر کہا۔ ''مہاشے میں آپ سے پراتھنا کرتی ہوں کی آپ ولائتی کپڑا نہ خریدیں''۔

گراہک نے اس رَمنی کو رِسک نیتروں سے دیکھ کر کہا۔ ''اگر تم میری ایک بات سویکار کرلو تو میں قسم کھاتا ہوں کبھی ولائتی کپڑا نہ خریدوں گا''۔

رَمنی نے کچھ سشنک ہوکر اس کی طرف دیکھا اور بولی'' کیا آگیا ہے''؟ گراہک لمپٹ تھا۔ مسکرا کر بولا۔ بس مجھے ایک بوسہ دے دو''۔

رَمنی کا مکھ اردن درن ہو گیا، لجّا سے نہیں کرودھ سے۔ دوسری دکانوں پر اور کتنے ہی والنٹیر کھڑے تھے۔ اگر وہ ذرا سا اشارہ کر دیتی، تو اس لمپٹ کی دھجیاں اڑ جاتیں؛ پر رمنی ونے کی اپار شکتی سے پریچت تھی۔ اس نے سجل نیتروں (1) سے کہا۔'' اگر آپ کی یہی اِکشا ہے، تو لے لیجیے۔ مگر ودیشی کپڑا نہ خریدیۓ''۔ گراہک پراست ہو گیا وہ اسی وقت اس رمنی کے چرنوں پر گر پڑا اور پرن (2) کیا کہ کبھی ولائتی وستر نہ لوں گا۔ چھما پرارتھنا کی اور لجّت تھا سنسکرت ہوکر چلا گیا۔

ایک دوسرے نگر کی ایک اور گھٹنا سنیے۔ یہ بھی کپڑے کی دکان اور پیکٹینگ ہی کی گھٹنا ہے۔ ایک دوراگرہی مسلمان کی دکان پر ز دروں کا پیکٹینگ ہو رہا تھا سہسا ایک مسلمان سجّن اپنے کمار پتر کے ساتھ کپڑا خریدنے آئے۔ ستیاگرہیوں نے ہاتھ جوڑے، پیروں پڑے، دکان کے سامنے لیٹ گئے؛ پر خریدار پر کوئی اثر نہ ہوا۔ وہ لیٹے ہوئے سیم سیوکوں کو روندتا ہوا دکان میں چلا گیا۔ کپڑے لے کر نکلا تو پھر والنٹیر وں کو راستے میں لیٹے پایا۔ اس نے کرودھ میں آکر ایک سیم سیوک کے ایک ٹھوکر لگائی، سیم سیوک کے سر سے خون نکل آیا۔ پھر بھی وہ اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ کمار پتر دکان کے زینے پر کھڑا یہ تماشا دیکھ رہا تھا۔ اس کا بال درشیہ یہ امانوشِک ویوہار سہن نہ کر سکا۔ اس نے پتا سے کہا۔'' بابا آپ کپڑے لوٹا دیجیے''۔

باپ نے کہا۔ لوٹا دوں۔ میں ان سکھوں کی چھاتی پر سے نکل جاؤں''۔

''نہیں آپ لوٹا دیجیے''۔

تمھیں کیا ہو گیا ہے؟ بھلا لیے ہوے کپڑے لوٹا دوں''۔

''جی ہاں''۔

''یہ کبھی نہیں ہو سکتا''۔

''تو پھر میری چھاتی پر پیر رکھ کر جائیے''۔

1۔ آنسوؤں سے لبریز آنکھ 2 ۔ عہد، عزم

یہ کہتا ہوا وہ بالک اپنے پتا کے سامنے لیٹ گیا۔ پتا نے تُرنت بالک کو اٹھا کر چھاتی سے لگا لیا اور کپڑے لوٹا کر چلا گیا۔

تیسری گھٹنا کانپور نگر کی ہے، ایک مہاشے اپنے پُتر کو سیم سیوک نہ بننے دیتے تھے۔ پُتر کے من میں دیش سیوا کا اسیم اُتساہ تھا۔ پر ماتا پتا کی اوگیا نہ کر سکتا تھا۔ ایک طرف دیش پریم تھا، دوسری طرف ماتا پتا کی بھکتی۔ یہ انتر دوند اس کے لیے ایک دن اسہیہ ہو اُٹھا۔ اس نے گھر والوں سے تو کچھ نہ کہا، جا کر ریل کی پٹری پر لیٹ گیا۔ ذرا دیر میں ایک گاڑی آئی اور اس کی ہڈیوں تک کو چور چور کر گئی۔

چوتھی گھٹنا ایک دوسرے نگر کی ہے۔ مندروں پر سُیم سیوک کا پہرا تھا۔ سُیم سیوک جس کو ولائتی کپڑے پہنے دیکھتے تھے اسے مندر میں نہ جانے دیتے تھے، اس کے سامنے لیٹ جاتے تھے۔ کہیں کہیں استریاں بھی پہرا دے رہی تھیں، اچانک ایک استری کھدر کی ساڑی پہنے مندر کے دوار پر آ کر کھڑی ہو گئی۔ وہ کانگریس کی سُیم سیوکا نہ تھی نہ اس کے آنچل میں ستیاگرہ کا بلا ہی تھا۔ وہ مندر کے دوار کے سمیپ کھڑی تماشا دیکھ رہی تھی اور سُیم سیوکائیں ودیشی وستر دھاریوں سے انوے و نے کرتی تھیں، ستیہ گرہ کرتی تھیں؛ پر وہ استری سب سے الگ چپ چاپ کھڑی تھی۔ اسے آئے کوئی گھنٹہ بھر ہوا ہوگا کہ سڑک پر ایک فٹن آ کر کھڑی ہوئی اور اس میں سے ایک مہاشے سندر مہین ریشمی پاڑھ کی دھوتی پہنے نکلے۔ یہ تھے رائے بہادر ہیرا مل، شہر کے سب سے بڑے رئیس، آنریری مجسٹریٹ، سرکار کے پرم راج بھکت اور شہر کی امن سبھا کے پردھان۔ نگر میں ان سے بڑھ کر کانگریس کا درودھی نہ تھا۔ پجاری جی نے لپک کر ان کا سواگت کیا اور انھیں گاڑی سے اتارا، سیم سیوکاؤں کی ہمت نہ پڑی کہ انھیں روک لیں۔ وہ ان کے بیچ سے ہوتے ہوئے دوار پر آئے اور اندر جانا ہی چاہتے تھے کہ وہ کھدر دھاری رمنی آ کر ان کے سامنے کھڑی ہو گئی اور گمبھیر سور میں بولی۔ ''آپ یہ کپڑے پہن کر اندر نہیں جا سکتے''۔

''تم مجھے نہیں روک سکتی''۔

''تو میری چھاتی پر پاؤں رکھ کر جایئے گا''

یہ کہتی ہوئی وہ مندر کے دوار پر بیٹھ گئی۔

''تم مجھے بدنام کرنا چاہتی ہو''۔

''نہیں میں آپ کے منہ کا کلنک مٹانا چاہتی ہوں''۔

میں کہتا ہوں ہٹ جاؤ، پتی کا ورودھ کرنا استریوں کا دھرم نہیں ہے۔ تم کیا انرتھ کر رہی ہو، یہ تم نہیں سمجھ سکتیں''۔

میں یہاں آپ کی پتنی نہیں ہوں۔ دیش کی سیویکا ہوں۔ یہاں میرا کرتو یہ یہی ہے جو میں کر رہی ہوں۔ گھر میں میرا دھرم آپ کی آگیاؤں کو ماننا تھا۔ یہاں میرا دھرم دیش کی آگیا کو ماننا ہے۔

ہیرا لال جی نے دھمکی بھی دی، بنتیں بھی کیں؛ پر رمنی دوار سے نہ ہٹی۔ آخر پتی کو لجت ہو کر لوٹنا پڑا۔ اسی دن ان کا سودیشی سنسکار ہوا۔

پانچویں گھٹنا ان گڑھوالی ویروں کی ہے جنھوں نے پیشاور کے ستیہ گرہیوں پر گولی چلانے سے انکار کر دیا۔ شاید ہماری سرکار کو پہلی بار راشٹریہ آندولن کی مہتا کا بودھ ہوا۔ وے گورکھے جنھیں ہم لوگ پشو سمجھتے تھے، جن کی راج بھکتی پر سرکار کو اٹل وشواس تھا، جن میں راشٹریہ بھاؤں کی جاگرتی کی کوئی کلپنا بھی نہ کر سکتا تھا۔ انھیں گورکھے یودھاؤں نے نشستر ستیاگرہیوں پر گولی چلانے سے انکار کر دیا۔ انھیں خوب معلوم تھا کہ اس کا نتیجہ کورٹ مارشل ہوگا، ہمیں کالا پانی بھیجا جائے گا۔ پھانسیاں دی جائیں گی، شاید گولی ماروی جائے۔ پر یہ جانتے ہوئے بھی انھوں نے گولی چلانے سے انکار کیا۔ کتنا آسان تھا گولی چلا دینا۔ رائفل کے گھوڑے کو دبا دینے کی دیر تھی؛ پر دھرم نے ان کی انگلیوں کو باندھ دیا تھا۔ دھرم کی ویدی پر اتنے بڑے بلیدان کا اُداہرن (1) سنسار کے اتیہاس میں بہت کم ملے گا۔

(ہنس جولائی 1930)

1۔ مثال

''ساہتیک اُداسینتا''

ہندی ساہتیہ میں آج کل جو شتھِلتا سی چھائی ہوئی ہے اسے دیکھ کر ساہتیہ پریمیوں کو ہتاش ہونا پڑتا ہے۔ آج ہندی میں ایک بھی ایسا سپھل پرکاشک نہیں جو سال بھر میں دو چار سے ادھک پُستکیں نکال سکتا ہو۔ پرتیک پرکاشک کے کاریالیہ میں ہست لِکھت پُستکوں کا ڈھیر لگا پڑا ہے؛ پر پرکاشکوں کو ساہس نہیں ہوتا کہ انھیں پرکاشت کر دیں۔ دو چار انے گنے لیکھکوں کی پستکیں ہی چھپتی ہیں: پر وہاں بھی پُستکوں کی نِکاسی نہیں ہوتی۔ دو ہزار کا ایڈیشن بکتے بکتے کم سے کم تین سال لگ جاتے ہیں۔ ادھیکانش پستکوں کی تو دس سال میں اگر دو ہزار پرتیاں نکل جائیں تو غنیمت سمجھی جاتی ہے۔ جب پستکوں کی بکری کا یہ حال ہے تو پرکاشک پُرسکار کہاں سے دیں اور دیں بھی تو وہ پتر پُشپ سے ادھک نہیں ہوسکتا، پتر پشپ سے لیکھک کو کیا سنتوس ہوسکتا ہے۔ کیونکہ وہ بھی آدمی ہے، اور اس کی بھی ضرورتیں ہوتی ہی ہیں۔ اس کا پھل یہ ہے کی لیکھک الگ اُتساہ ہین ہوتے جاتے ہیں اور ساہتیہ کی جو اُنّتی ہونی چاہیے وہ نہیں ہونے پاتی۔ لیکھک کو اچھا پُرسکار ملنے کی آشا ہو تو وہ تن من سے رچنا میں پرَورت ہوسکتا ہے؛ اور پرکاشک کو یدی اچھی بکری کی آشا ہو تو وہ روپیے لگانے کو بھی تیار ہیں۔ لیکن سارا دارومدار پُستک کی بکری پر ہے، اور جب تک ہندی پاٹھک پستکیں خریدنا اپنا کرتویہ نہ سمجھنے لگیں گے یہ شیتھلتا جیوں کی تیوں بنی رہے گی۔ کتنے کھید کی بات ہے کہ بڑی بڑی آمدنی رکھنے والے سجن بھی ہندی کی پُستک مانگ کر پڑھنے میں سنکوچ نہیں کرتے۔ شاید وے ہندی پستکیں پڑھنا ہی ہندی پر کوئی احسان سمجھتے ہیں، اس دشے میں اردو والے کیا کر رہے ہیں، اس کی چرچا ہم یہاں کر دینا چاہتے ہیں۔ لاہور میں، جو اردو کا کیندر ہے، کچھ لوگوں نے ایک سمتی بنائی ہے، اور اس کا کام ہے شہر شہر اور قصبے قصبے گھوم کر پاٹھکوں سے اپنی آے کا شتانش اردو پُستکیں خریدنے میں خرچ کرنے کا انورودھ کرنا۔ پاٹھک جو پُستک چاہے اپنی روچی کے انوسار خریدے؛ پر خریدے ضرور۔ پاٹھکوں سے ایک پرتگیا کرائی جاتی ہے اور سنتے ہیں کی سمتی کو اس سدّ دیوگ میں خاصی سپھلتا ہو

رہی ہے۔ بہت سے پاٹھک تو کیول اس لیے پستکیں نہیں خریدتے کہ انھیں خبر ہی نہیں کون کون سی اچھی پستکیں نکلتی ہیں۔ ان کا اس طرف دھیان ہی نہیں جاتا۔ ضرورت کی چیزیں تو انھیں جھک مار کر لینی پڑتی ہیں۔ استری لڑکے بھی آگرہ کرتے ہیں؛ لیکن پستکوں کے لیے ایسا آگرہ ابھی نہیں ہوتا، کیول پاٹھیہ پُستکیں تو خرید لی جاتی ہیں۔ مگر جب سمیتی نے پبلک کا دھیان اس اُور کھینچا، تو لوگ بڑے ہرش سے اس کے ساتھ سہیوگ کرنے کو تیار ہو گئے۔ کتنے ہی سجنوں نے تو پستکوں کے چناؤ کا بھار بھی سمیتی کے سر رکھ دیا۔ جس کی وارشک آے بارہ سو روپے ہے وہ سال بھر میں بارہ روپے کی پُستک خریدنے کا یدی پرَن (1) کرے تو ہمیں وشواس ہے، کہ تھوڑے ہی دنوں میں ہندی ساہتیہ کا بڑا اکلیان ہو سکتا ہے۔ ایسے سجن کی کمی نہیں ہے، کیول ساہتیہ پریمیوں کو ان کے کرتویہ کی یاد دلانے کی ضرورت ہے۔ اگر اردو میں ایسی سمیتی بن سکتی ہے تو ہندی میں بھی اوشیہ بن سکتی ہے۔ اگر ہماری ہندی سبھائیں اس طرف دھیان دیں، تو ساہتیہ کا بہت اُپکار ہو سکتا ہے۔

(فروری 1939)

1۔ تہیہ

اردو کے وِشیشا نک

اردو پتر یکاؤں میں بھی اب وشیشا نک نکالنے کی پرتھا چل پڑی ہے۔ نیرنگ خیال، سرتی، رہنمائے تعلیم، آدمی نے سندر، پتر وشیشا نک نکالے ہیں، رہنمائے تعلیم کا وشیشا نک تو اتنا وِرہدا کار ہے کہ کداچت ہی بھارت کی کسی بھاشا میں اتنا بھاری بھرکم انک نکلا ہوگا۔ اس میں لگ بھگ 800 پرشٹھ اور دوسوسے اوپر چتر ہیں۔ ہندستانی اکیڈمی نے بھی 'ہندستانی' نام سے ایک ترماہی رسالہ نکالنا شروع کیا ہے اور ہمارے متر شری سدرشن نے بھی 'چندن' نام سے ایک چتر پتریکا نکالی ہے، اس کے اپرانت ''ستارہ'' ''فلمستان'' آدی پتریکائیں بھی نکلنے لگی ہیں جن کا سمبندھ وشیش کر سنیما سے ہے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے 'ہندی میں ابھی تک فلم سمبندھی کوئی پتریکا نہیں نکلی ہے۔ اس وچار سے اردو نے ہندی سے بازی مارلی ہے۔ یدیپی ان فلمی پتریکاؤں میں ابھی تک کوئی اُچ کوٹی (1) کی نہیں ہے۔ پر جب کاریہ آرمبھ ہو گیا ہے، تو ایک دن پورا بھی ہو جائے گا۔ ہندی میں تو ایسا شیتھلیہ دکھائی دے رہا ہے، جسے دیکھ کر ہتوتساہت ہونا پڑتا ہے۔

(ہنس۔فروری۔1939)

1۔ اعلیٰ معیار کا

''روسی ساہتیہ اور ہندی''

اپنیاس اور گلپ کے چھیتر میں، جوگدیہ ساہتیہ کے مکھیہ انگ ہیں سمست سنسار نے روس کا لوہا مان لیا ہے، اور فرانس کے سوا اور کوئی ایسا راشٹر نہیں ہے جو اس وشے میں روس کا مقابلہ کر سکے۔ فرانس میں بال ژراک، اناتولے فرانس، روماں رولاں، موپاساں آدی سنسار پرسدھ نام ہیں۔ تو روس میں ٹالسٹائے، میکسم گورکی، ترگینیو، چیخوف، داستاوسکی آدی بھی اتنے ہی پرسِدھ ہیں، اور سنسار کے کسی بھی ساہتیہ میں اتنے اتول نکشتروں کا سموہ مشکل سے ملے گا۔ ایک سے تھا کہ ہندی میں رونالڈ کے اپنیاسوں کی دھوم تھی۔ ہندی اور اردو دونوں ہی رونالڈ کی پستکوں کا انوادکر کے اپنے کو دھنیہ سمجھ رہے تھے، ڈیکنس تھیکرے، لیمب رسکن آدی کو کسی نے پوچھا تک نہیں، پر اب جنتا کی روچی بدل گئی ہے اور یدیپی اب بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں ہے جو چوری' زنا اور ڈاکہ آدی کے ورتانت میں آنند پاتے ہیں، لیکن ساہتیہ کی روچی میں کچھ پرشکار اوشیہ ہوا ہے اور روسی ساہتیہ سے لوگوں کو کچھ روچی ہوگئی ہے، آج چیخوف کی کہانیاں پتروں میں بڑے آدر سے استھان پاتی ہیں اور کئی بڑے بڑے روسی اپنیاسوں کا انوواد ہو چکا ہے۔ ٹالسٹائے کا تو شاید کوئی بڑا اپنیاس ایسا نہیں رہا، جس کا انوواد نہ ہو گیا ہو، گورکی کی کم سے کم دو پستکوں کا انوواد نکل چکا ہے۔ ترگینیو کے ''فادر اینڈ سن'' کا ''پتا اور پتر'' کے نام سے ابھی حال ہی میں دلّی سے انوواد پرکاشت ہوا۔ ٹالسٹائے کی ''انّا'' کا انوواد کاشی سے پرکاشت ہوا ہے، دستادسکی کی ایک پستک کا انوواد نکل چکا ہے،، اس درمیان انگریزی یا فرنچ ساہتیہ کی کداچت ایک بھی پستک کا انوواد نہیں ہوا۔ جن لیکھکوں نے روس کو اس مارگ پر لگایا جس پر چل کر آج وہ دکھی سنسار کے لیے آدرش بنا ہوا ہے' ان کی رچنائیں کیوں نہ آدر پائیں۔

(ہنس مئی 1933)

پنڈت بنارسی داس جی کے دو پتر

سرسوتی کے یشسوی (1) سمپادک ٹھاکر شری ناتھ سنگھ نے جس وکتی کا نقلی اور فرضی انٹرویو چھاپ کر انھیں بدنام کرنے کی کوشش کی تھی، انھیں پنڈت بنارسی داس جی کے دو پتر یہاں پرکاشت کیے جا رہے ہیں، جن سے پاٹھک انومان کر سکیں گے کہ چترویدی جی اسی روپ رنگ کے آدمی ہیں، جیسا سرسوتی کے انٹرویو کلا سِدھانت چوڑامنی ٹھاکر شری ناتھ سنگھ نے دکھانے کی چیشٹا کی ہے یا کچھ اور۔ یہ پتر چترویدی جی نے پریاگ کے پنڈت سندرلال کے پاس سرسوتی کا وہ یادگاری لیکھ پڑھنے کے بعد لکھے تھے۔ یہ پتر فرضی یا نقلی نہیں ہیں، ہم ٹھاکر صاحب کو اس کا وشواس دلاتے ہیں۔ پاٹھک دیکھیں گے کہ ان پتروں میں کہیں کٹوتا یا کرودھ کا یا پرتی ہنسا (2) کا ایک شبد نہیں ہے۔ چترویدی جی کی سرل، نچی دویش ریت آتما ان کے ایک ایک شبد میں پرسکھوٹت ہو رہی ہے۔ نہیں کہا جا سکتا، اگر چترویدی جی کی جگہ ہمارے ٹھاکر صاحب ہوتے، تو کیسے پتر لکھتے؟ ہاں ہم اس کا کچھ انومان کر سکتے ہیں۔ ٹھکرائی کی ٹھسک کے ساتھ برہم تیج کا سنیوگ خدا جانے کیا غضب ڈھاتا؟ خیریت یہی ہوئی کہ چترویدی چترویدی ہیں اور ٹھاکر صاحب ٹھاکر۔ ہمیں آشا ہے، بنارسی داس جی ان پتروں کو چھاپنے کے لیے ہمیں کوئی بہت کڑا دنڈ نہ دیں گے۔ شری ناتھ سنگھ جی کی طرح کی باتیں تو ہم برداشت کر سکتے ہیں۔ لیکن چوبے جی کو اچھا پورن (3) بھوجن کرانا ہمارے من کی بات نہیں، کیونکہ ٹھاکر صاحب کو یہ سن کر پرسن ہونا چاہیے کہ ہماری آرتھک دشا اتنی اچھی نہیں ہے جتنی چترویدی جی کی۔

(یہاں چترویدی جی کے خط نہیں کیے گئے ہیں)

(ہنس ستمبر 1933)

1۔ نامور 2۔ بدلا 3۔ من پسند

روماں رولاں کی کلا

روماں روماں فرانس کے ان ساہتیہ سرشٹاؤں میں ہیں، جنھوں نے ساہتیہ کے پرایہ سبھی انگوں کو اپنی رچناؤں سے النکرت کیا ہے اور اپنیاس ساہتیہ میں تو وہ وکٹر ہیوگو اور ٹالسٹائے کے ہی سمکلکش (1) ہیں۔ ان کے پرسدھ اپنیاس ''جان کرسٹوفر'' کے وشے میں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایک کلاکار کی آتما کا اس سے سندر چتر اپنیاس ساہتیہ میں نہیں ہے۔ روماں رولاں آتما اور ہردے کے رہسیوں کو ویکت کرنے میں سدھ ہست (2) ہیں۔ ان کے یہاں وچتر گھٹنائیں نہیں ہوتیں، اسادھارن اور آدرش چرتر نہیں ہوتے۔ ان کے اپنیاس جیون کتھا ماتر ہوتے ہیں جن میں ہم نایک کو بھن بھن، پر روز آنے والی پرستھتیوں میں سکھ اور دکھ، میتری اور دویش، نندا اور پرشنسا، تیاگ اور سوارتھ کے بیچ سے گزرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ اسی طرح مانو ہم سیم انھیں دشاؤں میں گزر رہے ہوں۔ ایک ہی چرتر نئی نئی وشاؤں میں پڑ کر اس طرح سوبھاوک روپ میں ہمارے سامنے آتا ہے کہ ہم کو اس میں لیس ماتر بھی اسنگتی معلوم نہیں ہوتی۔ اس میں سندیہہ نہیں کہ ''انٹرپریٹیشن'' کی کلا میں ان کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ اس اپنیاس میں دو ہزار سے اوپر پرشٹھ ہیں۔ اس میں سیکڑوں ہی گون پاتر (3) آئے ہیں پر ہر ایک کا اپنا الگ ویکتتو ہے۔ لیکھک ان کی منوورتیوں اور منوبھاؤں کی تہہ میں جا کر ایسے ایسے چمکتے رتن نکال نکال لاتا ہے کہ ہم مگدھ بھی ہو جاتے ہیں اور چکت بھی۔ آپ نے کرسٹوفر کے مکھ سے ایک جگہ ساہتیہ کے وشے میں یہ وچار پرکٹ کیے ہیں۔

''آج کل کے لیکھک انوکھے چرتروں کے ورنن میں اپنی شکتی نشٹ کرتے ہیں انھوں نے سیم اپنے کو جیون سے پرتھک کر لیا ہے۔ ان کو چھوڑ دو اور وہاں جاؤ جہاں استری پرش رہتے ہیں۔ روز کا جیون روز ملنے والے منشیوں کو دکھاؤ۔ وہ جیون گہرے سمندر سے بھی گہرا اور پرشست (4) ہے۔ ہم میں جو سب سے تچھ (5) ہے، اس کی آتما بھی اننت (6) ہے۔ یہ اننت پرتیک منشیہ میں ہے، جو اپنے میں سیدھا سادا

1۔ ہم پلہ 2۔ قادر۔ ماہر 3۔ ذیلی کردار 4۔ ہموار 5۔ حقیر 6۔ لامحدود

منشیہ سمجھتا ہے۔ پریمی میں، اس ناری میں جو بشو جنم کے بقول گورب کا مُلیہ پر شو ویدنا سے چکاتی ہے۔ ہر ایک استری اور ہر ایک پُرش میں، جو آگیات بلیدانوں میں اپنا جیون ویتیت کرتے ہیں، یہ جیون کی دھارا ہے، جو پرانوں میں پرواہت (1) ہوتی ہے، گھومتی ہے، چکر لگاتی ہے۔ انھیں سیدھے سادے منشیوں کی سیدھی سادی کتھا لکھو، ان کے آنے والے دنوں اور راتوں کے سکھد کاویہ (2) کی رچنا کرو۔ جیون کا وکاس جیسا سرل ہوتا ہے، ویسی ہی سرل تمھاری کتھا ہونی چاہیے، شبدوں اور اکشروں اور سکشم دیا کھیانوں (3) پر سے مت نشٹ کرو، جو ورتمان کلا کاروں کی شکتی کا دروپیوگ کر رہی ہے۔ تم سروسادھارن (4) کے لیے لکھتے ہو، سروسادھارن کی بھاشا میں لکھو۔ شبدوں میں اچھے برے شسٹ (5) اور بازاری کا بھید نہیں ہے؛ نہ شیلی میں سومیہ (6) اور اسومیہ کا بھید ہے۔ ہاں ایسے شبد اور ایسی شیلیاں اوشیہ ہیں جو ان بھاؤں کو نہیں کھولتیں، جو وہ کھولنا چاہتی ہیں۔ جو کچھ لکھو ایک چت ہو کر لکھو، وہی لکھو جو تم سوچتے ہو۔ وہی کہو جو تمھارے من کو لگتا ہے۔ اپنے ہردے کے سامنجسیہ (7) کو اپنی رچناؤں میں ورشاؤ۔ شیلی ہی آتما ہے"۔

ان تھوڑے سے شبدوں میں روماں رولاں نے اپنی کلا کا سارا رہسیہ بھر دیا ہے۔ اس کی رچناؤں کو پڑھیے۔ کہیں وہ اچھل کود، وہ توڑ مروڑ، نوینتا پیدا کرنے کا وہ چیشٹ پریتن نہیں ہے، جو اکثر کلا کار کیا کرتے ہیں۔ وِدوانوں نے ساہتیہ کلا کے جو سدھانت بنا رکھے ہیں یہاں ان کی کہیں گندھ بھی نہیں ہے۔ وہ اس لیے نہیں لکھتا کہ اس سے پاٹھک کا منورنجن ہو۔ اس کی کلا کا اُدیشیہ کیول منو رہسیہ کو سمجھانا ہے۔ جس طرح وہ سیم منشیوں کو دیکھتا ہے، منشیوں کو سمجھاتا ہے۔ وہ آشاوادی ہے، منشیہ کے بھوشیہ میں اسے اٹل وشواس ہے۔ سنسار کی ساری وپتیوں کا مول یہ ہے کہ منشیہ منشیہ کو سمجھتا نہیں یا سمجھنے کی چیشٹا نہیں کرتا؛ اس لیے دویش، وِرودھ اور ویمنسیہ (8) ہے۔ وہ یتھارتھ وادی اوشیہ ہے؛ لیکن اس کا یتھارتھ واد گندی نالیوں میں نہیں رہتا۔ اس کی اُدار آتما کسی وستو کو اس کے کلوسیٹ روپ میں نہیں دیکھتی۔ وہ کسی کا اپہاس نہیں کرتا، کسی کا مذاق نہیں اڑاتا، کسی کو ہیے نہیں سمجھتا۔ مانو ہردے اس کے لیے سمجھنے کی وستو ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ اسے انیائے دیکھ کر کرودھ نہیں آتا۔ اس نے ایک جگہ لکھا ہے۔ "مانو سماج کی برائیوں کو دور کرنے کی چیشٹا پرانی ماتر کا کرتویہ ہے۔ جسے انیائے کو دیکھ کر کرودھ نہیں آتا، وہ یہی نہیں کہ کلا کار نہیں ہے، بلکہ وہ منشیہ بھی نہیں ہے"۔

1۔ بہنا 2۔ شاعری 3۔ تقریر 4۔ عوام 5۔ معیاری 6۔ لطیف 7۔ تعلق 8۔ دشمنی

لیکن انیائے سے سنگرام کرنے کی اس کی نیتی کچھ اور ہے۔ وہ منشیہ کو سمجھنے کی چیشٹا کرتا ہے۔ اس انیائے بھاونا کے ادگم (1) تک پہنچنا چاہتا ہے اور اس طرح مانو آتما میں پرواہ لے کر اس کی سنکیر نتاؤں (2) کو دور کر کے سمنوے کرنا ہی اس کی کلا ہے۔

سوانتہ سکھائے والی منورتی کلا کے وکاس کے لیے اُتم سمجھی جاتی ہے۔ ہم پرایہ کہا کرتے ہیں کہ اموک ویکتی جو کچھ لکھتا ہے، وہ شوقیہ لکھتا ہے۔ وہ اپنی کلا پر اپنی جیویکا کا بھار نہیں ڈالتا۔ جس کلا پر جیویکا کا بھار ہو، وہ اس لیے دوشِت سمجھی جاتی ہے کہ کلاکار کو جن روچی کے پیچھے چلنا پڑتا ہے۔ من اور مستشک پر زور ڈال کر کچھ لکھا تو کیا لکھا! کلا تو وہی ہے جو سوچھند (3) ہو۔ ردماں رولاں کا مت اس کے دیڈ ودھ ہے۔ وہ کہتا ہے، ''جس کلا پر جیویکا کا بھار نہیں' وہ کیول شوق ہے، کیول ویسن ہے، جو منشیہ اپنی بیکاری کا سمے کاٹنے کے لیے کیا کرتا ہے۔ یہ کیول منورنجن ہے، دماغ کی تھکن مٹانے کے لیے جیون کی مکھیہ وستو کچھ اور ہے: مگر سچے کلاکار کی کلا ہی اس کا جیون ہے۔ اسی میں وہ اپنی سمپورن آتما سے مرتا ہے، لپٹتا ہے، ابھاو کی اتیجنا کے بغیر کلا میں تیورتا کہاں سے آئے گی؟ ویسن کھلونے بنا سکتا ہے: کٹھو مورتیوں کا نرمان کرنا اس کلاکار کا کام ہے' جس کی سمپورن آتما اس کے کام میں ہو'۔

سانکیتکتا (SUGGESTIVENESS) کلا کی جان سمجھی جاتی ہے اور اس کا سدپیوگ کیا جائے، تو اس سے کلا ادھِک مرم گراہی ہو جاتی ہے۔ پاٹھک یہ نہیں چاہتا کہ جو باتیں وہ خود آسانی سے کلپنا کر سکتا ہے، وے اسے بتائی جائیں، لیکن روماں رولاں کی کلا سب کچھ اسپشٹ کرتی چلتی ہے، ہاں اس کا اسپشٹی کرن اس درجے کا ہوتا ہے کہ پاٹھک کو اس میں بھی وچار اور بدھی سے کام لینے کا کافی اوسر مل جاتا ہے۔ وہ پاٹھک کے سامنے پہیلیاں نہیں رکھنا چاہتا۔ اس کی کلا کا اڈیشیہ منوورتیوں (4) کو سمجھنا ہے۔ جیسا اس نے خود سمجھا ہے اسے وہ پاٹھک کے سنمکھ رکھ دیتا ہے اور پاٹھک کو ترنت یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ لیکھک نے اس کا سمے نشٹ نہیں کیا۔

اور بیچ بیچ میں جیون اور سماج اور کلا اور آتما اور انیک وشیوں پر رومیں رولاں جو بھاونائیں پرکٹ کرتا ہے، ان پر جو پرکاش ڈالتا ہے، وہ تو ادبھوت ہے، انوپم ہے۔ ہم اس کی سکتیوں (5) کو پڑھتے ہیں، تو وچاروں میں ڈوب جاتے ہیں، اپنے کو بھول جاتے ہیں۔ اور یہ ساہتیہ کا سب سے بڑا آنند ہے، اگر یہ شکتیاں جمع کی جائیں، تو اچھی خاصی کتاب بن سکتی ہے۔ اس میں انوبھو کا اینا گہرا رہسیہ بھرا ہوا ہے کہ ہمیں لیکھک کا اڈیشیہ کیول اپنا رچنا کوشل دکھانا نہیں ہے، وے منورہسیوں کی کنجیاں ہیں، جو ایک

1۔ جڑ 2۔ تنگ ذہنی 3۔ آزاد 4۔ ذہنیت 5۔ مقولہ

واکیہ میں سارا اندھکار، ساری الجھن دور کر دیتی ہے،

آنند سے بھی ہمارا جی بھر جاتا ہے، جب سوارتھ آنند ہی جیون کا مکھیہ اڈیشیہ ہو جاتا ہے تو جیون نرودیشیہ ہو جاتا ہے۔

سپھلتا میں ایک ہی دَیوی گن ہے۔ وہ منشیہ میں کچھ کرنے کی شکتی پیدا کر دیتی ہے"۔

"سوشیلا استریوں میں بھی کبھی کبھی ایک بھاونا ہوتی ہے جو اپنی شکتی کی پریکشا لینے اور اس کے آگے جانے کی پریرنا کرتی ہے"۔

آتما کا سب سے مدھ سنگیت سوجنیہ ہے۔

ہنس۔ مارچ 1934

سماچار پتروں کے مفت خور پاٹھک

جہاں وودیش سے نکلنے والے پتروں کے لاکھوں گراہک ہوتے ہیں وہاں ہمارے اچھے سے اچھے بھارتیہ پتر کے گراہکوں کی سنکھیا کچھ ہزاروں سے ادھک نہیں ہوتی، یہ ایک وچارنیہ بات ہے۔ جاپان کا ہی ایک اُداہرن لیجیے۔ یہ تو سب کو معلوم ہے کہ جاپان بھارت ورش کا اشٹمانش (1) ہی ہے، پھر بھی جہاں بھارت سے کل 3500 پتر پرکاشت ہوتے ہیں، وہاں جاپان سے 4500، اور وہ 4500 بھی ایسے پتر ہیں جن کے پرکاشن کی سنکھیا ہزاروں نہیں، لاکھوں کی ہے۔ ''اوساکا مینیچی'' نام کا ایک دینک پتر ہے اس کے کاریالیہ کی عمارت ہی تینتیس لاکھ روپے کی ہے۔ اوساکا اوساہی اور توکیو نیچی نامک دو پتر بھی اسی کوٹی کے ہیں۔ ایک ایک پتر کے کاریالیہ میں دو تین ہزار تک آدمی کام کرتے ہیں، اور ان کا جال سنسار بھر میں پھیلا ہوا ہے۔ جس پتر کے کاریالیہ میں چار چھ سو آدمی کام کرتے ہیں؛ اس کی تو وہاں کوئی گنا ہی نہیں ہوتی۔ کئی پتر تو وہاں ایسے ہیں جو پچاس لاکھ تک چھاپے جاتے ہیں اور ان میں جن کے آٹھ آٹھ سنسکرن نکلتے ہیں اور جن کے وِترن کرنے کے لیے ہوائی جہازوں سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ ہے جاپانی پتروں کا ویبھو (2) اور اس ویبھو کا کارن وہاں کی شکچھت جنتا کا پٹھن پریم اور سہیوگ۔ وہاں کے پرتیک پانچ آدمیوں میں ایک آدمی اخبار پڑھنے والا اوشیہ ملے گا۔ پونجی پتی سے لے کر مزدور تک، بوڑھے سے لے کر چھوٹے بچے تک، سب پتروں کو سیم خرید کر پڑھتے ہیں۔ فرصت کے سمے کو وہ لوگ بیکار کے ہنسی مذاق، کھلواڑ یا گالی گلوج میں نہیں' اخباروں کو پڑھنے میں بتاتے ہیں۔ جس پرکار وے اپنی شاریرک بھوک کے لیے اَن کو آوشیک سمجھتے ہیں، اسی پرکار وے اپنی آتما کی بھوک کے لیے پتروں کو خرید کر پڑھنا ضروری سمجھتے ہیں۔ انھوں نے پتروں کو پڑھنا اپنا ایک اٹل نیم بنا رکھا ہے۔ جو منشیہ جس روچی کا ہوتا ہے،

1۔ آٹھواں حصہ 2۔ شان وشوکت

اپنے روچی کے پتر کا گراہک بن جاتا ہے اور اس پتر سے اپنا گیان وردھن اور منورنجن کرتا ہے۔ وہاں کے لوگ پتروں کو خرید کر پڑھتے ہیں۔ کہیں سے مانگ کر نہیں لاتے، وے دوسروں کے اخبار کو جوٹھن سمجھتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ وہاں کے پتروں کے گراہک کی سنکھیا پچاس لاکھ تک ہے۔ جب ہم یہ سماچار پڑھتے ہیں اور بھارتیہ سماچار پتروں کے طرف درشٹی پات (1) کرتے ہیں تو دانتوں تلے انگلی دبانے لگتے ہیں۔ کہتے ہیں ودیش کے لوگ پتر نکالنا جانتے ہیں۔ وے لوگ شکچھا میں اور سبھی باتوں میں ہم سے آگے بڑھے ہوئے ہیں۔ ان کے پاس پیسہ ہے۔ یہ سبھی باتیں صحیح ہو سکتی ہیں کنتو بھارتیہ پتروں کی پرکاشن سنکھیا نہ بڑھنے کا کیول یہی کارن نہیں ہے کہ بھارتیہ وِدوان پتر نکالنا نہیں جانتے، وے شکچھا میں پچھڑے ہوئے ہیں اور پتروں کو خریدنے کے لیے بھارتیہ جنتا کے پاس پیسہ نہیں ہے۔ یہ دلیلیں کچھ انشوں میں ٹھیک ہو بھی سکتی ہیں، پر بھارتیہ پتروں کے نہ پنپنے کا ایک اور بھی پربل کارن ہے۔

ہمارے یہاں ایسے لاکھوں منشیہ ہیں؛ جو پیسے والے ہیں جن کی آرتھک استھتی اچھی ہے، جو شکچھت ہیں اور پتروں کے پڑھتے رہنے کا شوق بھی ہے، پر وے لوگ مفت خور ہیں۔ پتروں کے لیے پیسہ خرچ کرنا وہ لوگ پاپ سمجھتے ہیں۔ یا تو پتروں کو کھوج کھاج کر اپنے متروں اور پریچت لوگوں کے یہاں سے لے آئیں گے، یا لائبریریوں سے جا کر دیکھ آئیں گے، لیکن ان کے لیے پیسہ کبھی نہ خرچ کریں گے۔ سوچتے ہیں، جب تکڑم بازی سے ہی کام چل جاتا ہے تو ویرتھ پیسہ کون خرچ کرے۔ یہ دشا ایسے لوگوں کی ہے جو ہزاروں کا ویوسائے کرتے ہیں اور بیاہ شادی یا اُوسر موسر میں اندھے ہو کر دھن ویے کرتے رہتے ہیں یہ لوگ بیڑی اور سگریٹ میں، پان اور تمباکو میں، ناٹک اور سینما میں، لاٹری اور جوئے میں، چائے اور کافی میں، اور دودھ پرکار کے دُروِیسنوں (2) میں اپنی آمدنی کا بہت بڑا حصہ پھونک سکتے ہیں، کنتو پتروں کے لیے ایک پائی بھی خرچ کر سکتے۔ جیبھ میں سواد کے لیے بازاروں میں میٹھی اور نمکین چیزوں پر یہ لوگ روپے خرچ کر سکتے ہیں پر پتروں کو بھول کر بھی نہیں خرید سکتے۔ اس کے وپریت خریدنے والوں کو مُورکھ سمجھتے ہیں، یدیپی انھیں کے جوٹھن سے ان کا کام چلتا ہے۔ اگر بہت ہمت کی تو کسی لائبریری کے ممبر بن گئے اور لائبریرین کو اپنی میٹھی باتوں میں پھنسا کر نیم کے وِرودھ انیک پستکیں اور پتر پڑھنے کے لیے لے گئے اور بھاگیہ وش کسی لیکھک سے پریچے ہو گیا، یا اپنی تکڑم سے کسی پتر سمپادک کو سادھ لیا تو پھر کہنا ہی کیا، قارون کا خزانہ انھیں مل گیا۔ اس پرکار یہ لوگ اپنا مطلب نکال لیتے ہیں۔ اس سے آگے بڑھنا یہ لوگ مُورکھتا سمجھتے ہیں، بھارتیہ پتروں کے پرتی ان لوگوں کے پریم، کرتویہ

1۔ نظر ڈالنا 2۔ غلط عادت۔ غلط شوق

پالن اور سہانو بھوتی کا یہ کتنا سندر اداہرن ہے۔ کیا ایسا سندر اُداہرن آپ کو سنسار کے کسی بھی دیش میں مل سکے گا۔ دھنیہ ہیں یہ لوگ، اور دھنیہ ہے اپنی بھاشا کے پرتی ان کا انوراگ۔ (1) ان لوگوں کو یہ دُروِرتی (2) بھارتیہ پتروں کے جیون کو سدیو سنکٹ میں ڈالے رہتی ہے۔ یہ لوگ ذرا بھی نہیں سوچتے کہ یہ پرورتی سماچار پتروں کے لیے کتنی بھیانک اور ہانی کارک سِدّھ ہو سکتی ہے۔ ان کی اس پرورتی کے کارن ہی بھارتیہ پتر پنپنے نہیں پاتے۔ جہاں ودیشی پتروں کی نجی عمارتیں لاکھوں روپے کی ہوتی ہیں اور ان کے کاریالیہ میں ہزاروں آدمی کام کرتے ہیں، وہاں ہمارے بھارتیہ پتروں کے کاریالیہ کرایے کے سادھارن یا ٹوٹے پھوٹے مکانوں میں ہوتے ہیں اور کہیں کہیں تو ان میں کام کرنے والے منشیوں کی سنکھیا ایک درجن بھی نہیں ہوتی ہے۔ نام ماتر کے لیے کچھ اِنے گنے پتر ہی ایسے ہیں جن کے کاریالیہ میں کام کرنے والے دو سو کے لگ بھگ یا کچھ ہی ادھک ہوں۔ ایسے لوگوں کی کرپا کے کارن ہی بھارتیہ پتروں کا یہ حال ہے، کہیں کہیں تو بے چارہ ایک ہی آدمی سمپادک، مدرک، بہوستھاپک، پرکاشک، اور پروف ریڈر ہے۔ سنسار کے لیے یہ بات نئی اور آشچریہ جنک ہے۔ یہ سب ان بھارتیہ مفت خور پاٹھکوں کی کوورتی کا ہی پرینام ہے، لیکن اب ان مفت خوروں کو اپنی بھاشا کے ساتھ انیائے کرنے والوں کو کچھ لجّا آنی چاہیے۔ انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ وے لوگ بھارتیہ پتروں کا گلا گھونٹ رہے ہیں اور انھیں سنسار کے اپہاس (3) اور ویَنگیہ (4) کی ایک وستو بنا رہے ہیں۔ جب کہ یہ لوگ بڑی بڑی رقمیں ویرتھ (5) کے کاموں میں پھونک سکتے ہیں، تو کوئی کارن نہیں کہ یہ اپنے دیش کے پتروں کے لیے چھوٹی سی رقم خرچ کرکے ان کے پرانوں کی رکچھا نہ کرسکیں۔

(ہنس۔ جون 1934)

1۔محبت 2۔غلط عادت 3۔مضحکہ اڑانا۔ مذاق 4۔طنز 5۔بیکار

لیکھک منڈل

پریاگ کے شری ستیہ جیون جی ورمانے کچھ سَمے سے پتروں میں لیکھک منڈل قائم کرنے کے لیے کافی لکھاپڑھی کررکھی تھی۔ انیک وِدوانوں نے بھی اس وشے میں اپنے وچار ویکت کیے تھے۔ ابھی پچھلے سپتاہ ہی ستیہ جیون ورمانے لیکھک منڈل کے کاریہ چھیتر کے وشے میں بھی ایک لیکھ لکھ کر پرکاش ڈالا تھا، پر اسی بیچ اخباروں میں پڑھا کہ اِٹاوہ میں اکھل بھارت ورشیہ لیکھک منڈل قائم ہوگیا ہے۔ آشچریہ! یہ بھی ایک پشوّیسا(1) کا اداہرن ہے۔ پریاگ سے اس کا پریتن آرمبھ ہوا، اور ابھی اس کے کاریہ چھیتر پر وچار ہو ہی رہا تھا کہ لیکھک منڈل قائم ہوگیا۔ سِدھانتِک روپ سے وچار کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ اس پرکار اچانک اکھل بھارتیہ لیکھک سنگھ قائم کرکے کوئی ادھِک عقل مندی کا کام نہیں کیا گیا۔ اس کے معنی تو یہی ہیں کہ جس کاریہ کو پریاگ کے ہندی پریمیوں نے اٹھایا تھا، اسے بیچ ہی میں اِٹاوہ کے کچھ سجّنوں نے ہتھیا کر سارا ایش اپنے سر لے لینا چاہا ہے۔ جس لیکھک سنگھ کے لیے مہینوں سے آندولن ہو رہا تھا' اس کو اس پرکار ایک جگہ چار چھ ویکتی اکھٹا ہوکر قائم کرلیں۔ یہ کیسی بات ہے؟ جب وہ اکھل بھارتیہ ہے تو اس کا بہت بڑا روپ ہے اور اسے اکھل بھارتیہ آیوجن کرکے، ادھیکادھِک پرمکھ ویکتیوں کے ہاتھوں استھاپت ہونا چاہیے تھا۔

(ہنس۔ اگست 1934)

1۔ نام ونمود کی خواہش

"گراہکوں سے"

ہنس کے چوتھے ورش کا یہ گیارھواں انک (1) ہے۔ بھارواں انک 15 ستمبر تک تیار ہوکر روانہ کردیا جائے گا۔ اتیو جن کا وارشک مولیہ 12 ویں انک سے سماپت ہو جاتا ہے، "ہنس" کے ان پریمی گراہکوں سے نویدن ہے کہ وے آگامی ورش کے لیے 12 واں انک پہنچتے ہی ساڑھے تین روپیہ منی آرڈر دوارا بھیج دیں۔ اس سے ہم کو وی پی بھیجنے کے جھنجھٹ سے بچنے کا اوسر ملے گا اور ان کے بھی چار آنے بچ جائیں گے۔

کسی وِشیس کارن وش جو سجن آگامی 5 ویں ورش سے گراہک نہ رہنا چاہتے ہوں، وے کرپا کرکے اپنے کسی متر کو گراہک بنادیں، یا جو ایسا بھی نہ کرسکتے ہوں، وے آگامی انک کے پہنچتے ہی ہمیں سوچت کردیں، تاکہ ہم ان کی سیوا میں وی پی بھیجنے کی ویوستھا نہ کریں۔ جن سجنوں کی اور سے روپیہ یا کوئی سوچنا نہ ملے گی، ان کی سیوا میں وی پی بھیجا جائے گا اور آشا ہے، وے اسے دھیان رکھ کر گرہن کرنے کی کرپا کریں گے، انیتھا ان کی ذرا سی اساودھانی سے، ہماری پرتی گراہک 1 روپیہ کی ہانی سہج ہی ہو جائے گی۔ ہمیں پورن وشواش ہے کہ ہمارے گراہک ہمیں ہانی میں نہ ڈالیں گے۔

(ہنس۔ اگست 1934)

1۔ شمارہ

بھرم نیوارن

کچھ سماچار پتروں میں سماچار پڑھ کر 'ہنس' کے گت اُنک میں، اٹاوہ میں لیکھک سنگھ قائم ہونے پر ٹپنی لکھتے ہوئے ہم نے اپنے وچار ویکت کیے تھے۔اس کے اُتر میں اِٹاوہ سے شری پریم نرائن جی اگروال جی نے ایک پتر لکھ کر اسے بھرم بتلایا ہے۔آپ کا کہنا ہے کہ ہندی پتروں میں یہ آندولن دیکھ کر کہ لیکھک سنگھ شِگھر ہی کھلے گا، ایک سماچار یُونائیٹڈ پریس آف انڈیا کو بھیجا اور اس میں لکھا کہ ہندی لیکھک سنگھ کے سنگٹھن کا پریتن کیا جارہا ہے اور جو سمبھوتہ شِگھر ہی ہو جائے گا، اس کا کاریالیہ پریاگ میں رہے گا۔اس میں یہ نہیں لکھا تھا کہ اِٹاوہ میں کھول دیا گیا ہے یا کھلے گا۔بات کیول یہ تھی کہ یہ سماچار اِٹاوہ سے بھیجا گیا تھا اور سماچار کے اوپر اِٹاوہ لکھ دیا گیا تھا، کچھ تو لکھنا ہی چاہیے تھا کہ معلوم ہو کہ 'یونائیٹڈ پریس' کو کس استھان سے یہ سماچار ملا ہے؛ اس لیے میں نے اٹاوہ لکھ دیا تھا۔سماچار کے شبد تو مجھے ٹھیک ٹھیک یاد نہیں، پر اتنا اچھی طرح معلوم ہے کہ اس میں یہ نہیں لکھا تھا کہ سنگھ اِٹاوہ میں کھل گیا ہے، میرے وچار سے سمپادک کی غلطی سے یہ جڑ گیا ہوگا۔

استو، پرسنتا(1) کی بات ہے کہ وہ سماچار غلط ثابت ہو گیا۔

(ہنس۔ستمبر 1934)

1۔خوشی

''نوشکتی کا سواگت''

ابھی ابھی تین چار سپتاہ سے شری دیوبرت جی کے سمپادن اور پرکاشن میں نوشکتی نام کی ایک چتر ساپتاہک پتریکا نکلنے لگی ہے۔ پتریکا پورن راشٹریہ ہے اور اسے بہار کے گاندھی بابو راجندر پرساد جی تھا انیہ پرتشٹھت ویکتیوں کا سہیوگ پراپت ہے، اور پرسنتا کی بات ہے کہ وہ آرمبھ ہی سے بڑے پیمانے پر نکلی ہے۔ نکلنے کے پُوروہی اس پر بھی ضمانت کا وار ہوا تھا اور وہ جمع کر دی گئی۔ پتر کے سمپادک شری دیو برت جی ''پرتاپ'' کے پرتاپی سمپادک سورگیہ ودیارتھی کا برسوں سہیوگ پراپت کر کے سمپادن میں دکشتا پراپت کر چکے ہیں، اتیوان کے ہاتھ سے ہوا کار یہ سندر ہی ہونا چاہیے۔ ہمیں پرم سنتوش ہے کہ 'نوشکتی' کے ابھی تک کے تینوں اَنک ایک سے ایک اچھے اور پرتیک ہندی پریمی کے یہاں پرشرے پانے کے یوگیہ ہے۔ شری دیو برت جی کو ان کے اس مہان اڈیوگ کے لیے ہم بدھائی دیتے اور نوشکتی کا ہردے سے سواگت کرتے ہیں۔

(ہنس۔ ستمبر 1934)

ودیارتھی اَسمارک سمیتی کی اپیل

کانپور کی لجاجنک دُرگھٹناؤں میں اپنی بلی دینے والے امر شہید سورگیہ گنیش شنکر جی کے اسمارک کے لیے ایک اسمارک سمیتی گٹھت ہوئی ہے اور اس نے ایک اپیل پرکاشت کر کے ایک لاکھ روپیے کی یاچنا(1) کی ہے۔ جیسا کہ مہاتما جی نے شری بال کرشن شرما کو ایک پتر میں لکھا ہے کہ اب تک ودیارتھی جی کے اسمارک کے لیے پُورن دربیہ اکٹھا نہیں ہو سکا ہے۔ یہ ہم سب کے لیے شرم کی بات ہے۔ ہم آشا کرتے ہیں کہ پرتیک ہندی پریمی دیش بھکت، دیش کے اس تیجو میے رتن اَمر دھرم ویر کے اسمارک کے لیے اپنے نجی ویئے سے بچا کر بھی شگھر ہی سہایتا دے گا اور اپنے کرتویہ کو پورن کرے گا۔

(ہنس ستمبر 1934)

---

1 گزارش

جڑواد اور آتم واد

وِدوانوں کی دنیا میں آج کل آستِک اور ناستِک کا پرانا جھگڑا پھر اٹھ کھڑا ہوا ہے۔ یہ جھگڑا کبھی شانت ہونے والا تو ہے نہیں، ہاں اس کے روپ بدلتے رہتے ہیں۔ آج کے پچاس سال پہلے جب وگیان نے اتنی ترقی نہ کی تھی اور سنسار میں بجلی اور بھاپ اور بھانتی بھانتی کے یَنتروں کی سرِشٹی (1) ہونے لگی تو سوبھاوتہہ منشیہ کو اپنے بل اور بدھی پر گرو ہونے لگا اور اننت سے جو انیشوَرواد یا جڑواد چلا آرہا ہے، اسے بہت کچھ پشٹی ملی۔ وِدوانوں نے ہمیشہ ایشور کے اَستو میں سندیہہ کیا ہے۔ جب پرکرتی کا کوئی رہسیہ ان کی چھوٹی سی عقل کے سلجھائے نہیں سلجھتا تو انھیں ایشور کی یاد آتی ہے اور جیوں ہی وگیان نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور اس رہسیہ کو سلجھا دیا۔ تو وِدوانوں کا ابھیمانی (2) من ترنت ایشور سے بغاوت کر بیٹھتا ہے، یا ان کی وہ پرانی بغاوت پھر تازی ہو جاتی ہے۔ جب بھاپ اور بجلی جیسی چیزیں آدمی نے بنا ڈالیں، تو وہ یہ کیوں نہ سمجھ لے کہ یہ چھوٹی سی پرتھوی اور سوریہ آدی بھی اتنے مہان وشے نہیں ہیں جس کے لیے ایشور کی ضرورت ماننی پڑے؟ جڑواد نے ترنت دماغ لڑایا اور سرِشٹی کی سمسیا حل کر ڈالی۔ پرمانوواد کا جھنڈا لہرانے لگا۔ پرایہہ سبھی وِدوانوں نے اس جھنڈے کے سامنے سر جھکا دیا۔

لیکن ادھر وگیان نے جو عقل کو چوندھیا دینے والی اُنتی (3) کی ہے اور منشیہ کو معلوم ہوا ہے کہ یہ نئے ایشور کے کرشمے سرِشٹی کی مہانتا کے سامنے کوئی چیز نہیں ہے اور اس گہرائی میں جتنا ہی اترتے ہیں اتنی ہی اس کی اننتتا (4) اور وِشالتا بھی گہری ہو جاتی ہے، تب سے وِدوانوں کا ابھیمان کچھ ٹھنڈا پڑنے لگا ہے۔ انھیں اسپشٹ (5) نظر آنے لگا ہے کہ جڑواد سے سرِشٹی کی ساری گتھیاں نہیں سلجھتیں، بلکہ جتنی سلجھانا چاہو اتنی ہی اور الجھتی جاتی ہیں، تو کم سے کم کچھ دنوں کے لیے جڑواد کا جھنڈا نیچا ہو ہی گیا۔ جب آئن اسٹائن سے کوئی بڑا وِدوان آکر آئن اسٹائن کے سِدھانت کو متھیا (6) سِدھ کر دے گا تو سمجھو ہے

1۔ تخلیق 2۔ فخر 3۔ ترقی 4۔ لامحدود 5۔ واضح۔ صاف 6غلط

کہ جڑ واد پھر تال ٹھونکنے لگے اور یہ جھگڑا ہمیشہ چلتا رہے گا۔ جن کی ان جھگڑوں میں پڑے رہنے سے دیہک (1) اور پاریوارک ضرورتیں پوری ہو جاتی ہیں ان کے لیے بڑا اچھا مشغلہ ہے۔ ہمارے لیے ایشور کا استتو منوانے کو اکیلی یہ پرتھوی کافی تھی۔ آج کل کا کھگول جب تین کروڑ ایسے ہی وشال سوریہ پریوار کا پتہ لگا چکا اور بیس لاکھ سوریہ تو دور بینوں سے نظر آنے لگے ہیں اور یہ انت پہلے سے کئی لاکھ یا کروڑ گنا انت ہو گیا ہے اور الکڑان اور طرح طرح کی اَدبھت کرنیں ہمارے سامنے آگئی ہیں تو ہماری عقل کا گھن چکر ہو جانا بالکل سوبھاوک ہے، جو لوگ اس پرانی سرشٹی کو سمپ سمجھ کر ایشور کو ذرا اپنے سے بڑا مستشک سمجھ رہے تھے' ان کے لیے نئے نئے پنڈ سموہوں کا نکلنا اور نئے نئے رہسیوں (2) کا پرکٹ ہونا ضرور خطرے کی بات ہے، اور دس پانچ سال تک انھیں خاموشی سے مہان آتما کو سویکار کر لینا چاہیے۔

ہمارے جیسے سادھارن کوٹی کے منشیوں کے لیے تو ایشور کا استتو کبھی وواد کا وشے ہو ہی نہیں سکتا۔ وواد کا وشے کیول یہ ہے کہ وہ دنیاوی معاملوں میں کچھ دلچسپی لیتا ہے یا نہیں۔ ایک دَل تو کہتا ہے اور اس دَل میں بڑے بڑے لوگ شامل ہیں کہ بنا اس کی مرضی کے پتّی بھی نہیں ہلتی اور وہ سکھ دکھ' جیون مرن، سورگ نرک کی ویوستھا کرتا رہتا ہے اور ایک انوتر دائی راجا کی بھانتی سنسار پر شاسن کرتا ہے۔ کیا مجال کہ کوئی کسی بھائی کا یا جیو کو کشٹ دے کر بچ جائے، اسے دنڈ ملے گا اور اوشیہ ملے گا۔ اس جنم میں نہ ملا نہ سہی، اگلے جنم میں پائی پائی چکا لی جائے گی۔ دوسرا دَل کہتا ہے کہ نہیں ایشور نے سنسار کو بنا کر اسے پُورن سوراجیہ دے دیا ہے، منشیہ جو چاہے کرے، اسے مطلب نہیں۔ اس نے جو نیم بنا دیا ہے' ان کی پکڑ میں آجائے گا تو تتکال مزہ چکھنا پڑے گا اور قاعدے کے اندر چلے جاؤ تو اس کی فوج اور اس کے منتری سانس بھی نہ لیں گے۔ ایک دَل دوسرے دل پر امانوشک اتیاچار کرے، ایشور سے کوئی مطلب نہیں، اس نے قانون بنا دیا ہے کہ جو شکتی سنگرہ کرے گا' وہ بلوان ہوگا۔ اور بلوان ہمیشہ نربلوں پر شاسن کرتا ہے۔ شکتی کیسے سنگرہ کی جاتی ہے اس کے سادھن منشیہ نے انوبھو سے پراپت کیے ہیں۔ کچھ شاستر اور وگیان سے سیکھا ہے جو پرو شارتھی اور کرمنیہ ہیں، ان کی وِجے ہے اور جو دربل ہیں ان کی ہار۔ ایشور کو اس میں کوئی دخل نہیں، منشیہ لاکھ پرارتھنا کرے' لاکھ استوتی گائے' لاکھ جپ تپ کرے' کوئی فائدہ نہیں۔ یہاں ایک راشٹر یا سماج' دوسرے راشٹر یا سماج کو پیس کر پی جائے' ایشور کی بلا سے! اور یہ نرسنگھ اونہہ بھوآب کا ہے ناہیں سُونت ہماری تیز والی باتیں کیول اپنی پنو سکتا (3) کی دلیلیں ہیں ہم نے تو موٹی سی بات سمجھ لی ہے کہ ایشور روم روم میں، اڑواڑ و میں ویاپت ہے مگر اسی طرح جیسے ہماری دیہہ میں پران ہے۔ اس کا کام کیول شکتی اور جیون دیتا ہے۔ اس شکتی سے ہم جو کام چاہیں لیں، یہ ہماری اِچھا پر ہے، یہ منشیہ کی حماقت یا

ابھیمان ہے کہ وہ اپنے کو انیہ جیووں سے اونچا سمجھتا ہے۔ ورکش اور کھٹمل بھی جیو ہیں، ورکش کو ہم لگاتے ہیں' لگ جاتا ہے: کاٹتے ہیں کٹ جاتا ہے، کھٹمل ہمیں کاٹتا ہے، ہم اسے مارتے ہیں: ہمیں نہ کاٹنے تو ہمیں اس سے کوئی مطلب نہیں، اپنے پڑار ہے، ایشور کو جس طرح پودھوں اور کھٹملوں کے مرنے جینے سے کوئی مطلب نہیں، اسی طرح منشیہ روپی کیٹوں سے بھی اسے کوئی پریوجن نہیں۔ آپس میں کٹو مرؤ سمشٹی کی اپاسنا کرو۔ چاہے ویشٹی کی، گئو کی پوجا کرو یا ہتیا کرو، ایشور کو اس سے کوئی پریوجن نہیں۔ منشیہ کی بھلائی یا برائی کی پرکھ اس کی ساماجک یا اَساماجک کرتیوں میں ہے۔ جس کام سے منشیہ سماج کو چھتی پہنچتی ہے: وہ پاپ ہے۔ جس سے اس کا اُپکار ہوتا ہے وہ پُنیہ ہے۔ ساماجک اپکار یا اپکار سے پرے ہمارے کسی کاریہ کا کوئی مہتو نہیں ہے اور مانو جیون کا اتہاس آدمی سے اسی ساماجک اپکار کی مریادا باندھتا چلا آیا ہے، بھنّ بھنّ سماجوں اور شرینیوں میں یہ مریادا بھی بھنّ ہے۔ ایک سماج پرائی چیز کی طرف آنکھ اٹھانا بھی برا سمجھتا ہے، دوسرا سماج کوئی چیز دام دے کر خریدنا پاپ خیال کرتا ہے۔ ایک سماج کھٹمل کے پیچھے منشیہ کو قتل کرنے پر تیار ہے: دوسرا سماج پشوؤں کے شکار کو منورنجن سمجھتا ہے۔ ابھی بہت دن نہیں گزرے اور آج بھی سنسار کے بعض حصوں میں دھرم کیول گٹ بندی کا نام ہے جس سے منشیوں کا ایک سَموہ لوک اور پرلوک کی ساری اچھی چیزیں اپنے ہی لیے ریزرو کر لیتا ہے اور کسی دوسرے سموہ کو اس میں اس وقت تک حصہ نہیں دیتا جب تک وہ اپنا دل چھوڑ کر اس کے دل میں نہ آملے، دھرم کے پیچھے کیا کیا اتیاچار ہوتے ہیں، کون نہیں جانتا۔ آج کل دھرم کا وہ مہتو نہیں ہے۔ وہ پد اب بیوپار کو مل گیا ہے اور اس بیوپار کے لیے آج راشٹروں اور جاتیوں میں کیسا سنگھرش ہو رہا ہے۔ وہ ہم دیکھ ہی رہے ہیں۔ ایشور کو ان سارے جھگڑوں سے کوئی مطلب نہیں ہے، چاہے کوئی رام کو بیسوں کلا کا اوتار مانے یا گاندھی کو' ایشور کو پرواہ نہیں۔ اُپاسنا اور بھکتی یہ سب اپنی منووِرتیوں کی چیزیں ہیں، ایشور کو ہماری بھکتی اور اپاسنا سے کوئی مطلب نہیں ہے۔ ہم وِرت رکھتے ہیں تو اس سے ہماری پاچن شکتی ٹھیک ہو سکتی ہے، اور ہم سماج کے لیے زیادہ اپیوگی ہو سکتے ہیں۔ اس ارتھ میں تو ضرور ورت پُنیہ ہے لیکن بھگوان جی اس سے پرسنّ ہو کر، یا لاکھ بار رام کی رٹ لگانے سے، ہمارا سنکٹ ہرلیں گے یہ بالکل غلط بات ہے۔ ہم سنسار کی ایک پردھان جات ہیں لیکن اکرمنیہ (1) اور اس لیے پرادھین۔(2) اگر ایشور اپنے بھکتوں کی حمایت کرتا' تو آج مندروں، دیوالیوں اور مسجدوں کی یہ تپو بھومی کیوں اس دشا میں ہوتی؟

لیکن ہم شاید بھول رہے ہیں۔ بھگوان اپنے بھکتوں کو دکھی دیکھ کر ہی پرسنّ ہوتا ہے، کیونکہ اس کا سوارتھ ہمارے دکھی رہنے میں ہے۔ سکھی رہ کر کون بھگوان کو یاد کرتا ہے۔ دکھ میں تو سمرن سب کریں سکھ میں کریں نا کوئے۔ (ہنس اکتوبر 1934)

1۔ کاہل 2۔ غلام

لیکھک سنگھ

لیکھک سنگھ کے وشے میں ''ہنس'' میں و گپتی نکل چکی ہے اور ساہتیہ سیویوں تھا پاٹھکوں کو یہ جان کر ہرش ہوگا کہ لیکھکوں نے سنگھ کا کھلے دل سے سواگت کیا، اور لگ بھگ ساٹھ سجن اس کے سدسیہ بن چکے ہیں۔ چاروں طرف سے آشا جنک پتر آ رہے ہیں مگر ابھی تک یہ نشچت نہیں کیا جا سکا کہ سنگھ کا مکھیہ کام کیا ہوگا۔ سینو جک مہودے نے اپنے پرارمبھک پتر میں سنگھ کے کچھ اُدیشیوں کا ذکر کیا ہے، اور جو لوگ سنگھ میں شامل ہوئے ہیں، وے ان اُدیشیوں سے سہمت ہیں۔ اس میں سندیہہ نہیں، لیکن وے اصول کاریہ بن کر کیا روپ دھارن کریں گے، اس وشے میں کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ سنگھ لیکھکوں کے سُوتووں (1) کی رکشا کرے گا، لیکن کیسے؟ کچھ سجنوں کا وچار ہے کہ لیکھک سنگھ اسی طرح لیکھکوں کے ہِتوں اور ادھیکاروں کی رکشا کرے، جیسے کہ مزدور سنگھ اپنے سدسیوں کی رکشا کرتے ہیں؛ کیونکہ لیکھک بھی مزدور ہی ہے، یدیپی وہ ہتھوڑے اور بسولے سے کام نہ کر کے قلم سے کام کرتے ہیں۔ اور لیکھک کو پرکاشکوں کی لوٹ سے بچائے اور یہی اس کا مکھیہ کام ہو۔ کچھ انیہ سجنوں کا مت ہے کہ لیکھک سنگھ کو پونجی کھڑی کر کے ایک وشال سہکاری پرکاشن سنستھا بنانا چاہیے جس سے وہ لیکھک کو اس کی مزدوری کی زیادہ سے زیادہ اجرت دے سکے۔ خود کیول نام ماتر کا نفع لے لے، وہ بھی کیول کاریالے کے کرم چاریوں کے ویتن اور کاریالیہ کے دوسرے کاموں کے لیے سمبھو ہے۔ اسی طرح کے اور پرستاؤ (2) بھی لوگوں کے من میں ہوں۔ ایسی دشا میں یہ اُچت جان پڑتا ہے کہ سنگھ کے کاریہ کرم کو نشچت کرنے کے لیے بھی سدسیوں کو کسی کیندر میں نمترت کیا جائے اور وہاں سب ملکھوں کی تجویزیں سننے اور ان پر وچار کرنے کے بعد کوئی رائے قائم کی جائے اور تب اس نتیجے کو کاریہ روپ میں لانے کے لیے ایک کاریہ کاری سمیتی بنائی جائے۔ اس سمّیلن میں پرتیک سدسیوں کو اپنے پرستاؤ پیش کرنے اور اس کا سمرتھن کرانے کا ادھیکار ہوگا اور جو کچھ ہوگا بہومت سے ہوگا۔ اس لیے کسی کو شکایت کا موقع نہ ہوگا۔ ہم ات اوشیہ نویدن کر دینا چاہتے ہیں کہ موجودہ حالات

1۔ حقوق 2۔ تجویز

ایسے نہیں ہیں کہ پرکاشکوں کو لیکھکوں کے ساتھ زیادہ نیائے گت ویوہار کرنے پر مجبور کیا جا سکے۔ ساہتیہ کا پرکاشن کرنے والے پرکاشکوں کی واستوِک دشا کا جنھیں انو بھو ہے وہ یہ سویکار کریں گے کہ اس سمے ایک بھی ایسا ساہتیہ گرنتھ پرکاشک نہیں ہے جو نفع سے کام کر رہا ہو۔ جو پرکاشک دھرم گرنتھوں یا پاٹھیہ پستکوں کا بیوپار کرتے ہیں ان کی دشا اتنی بری نہیں ہے؛ کچھ تو خاصا لابھ اٹھا رہے ہیں لیکن جو لوگ ملکھیا ساہتیہ گرنتھ ہی نکال رہے ہیں وے پرایہہ بڑی مشکل سے اپنی لاگت نکال پاتے ہیں، کارن ہے سادھارن جنتا کی ساہتیک اروچی۔ جب پرکاشک کو یہی وِشواس نہیں کہ کسی پُستک کی کاغذ اور چھپائی کی لاگت بھی نکلے گی یا نہیں تو وہ لیکھکوں کو پرسکار یا رائلٹی کیسے دے سکے گا؟ نتیجہ یہ ہوگا کہ پرکاشکوں کو اپنے کاروبار چلانے کے لیے سڑیل پستکیں نکالنی ہوں گی اور اچھے لیکھکوں کی پستکیں کوئی پرکاشک نہیں ملنے کے کارن پڑی رہ جائیں گی۔ ساہتیک رچناؤں کا پرکاشن پرایہہ بند سا ہے۔ پرکاشک نئی پستکیں چھاپتے ڈرتے ہیں؛ اور نئے لیکھکوں کے لیے تو دوار ہی بند ہے، اس لیے پہلے ایسی پرستھتی تو پیدا ہو کہ پرکاشک کو پرکاشن سے نفعے کی آشا ہو، ہندی 20 کروڑ لوگوں کی بھاشا ہو کر بھی گجراتی، مراٹھی یا بنگلہ کے برابر پستکوں کا پرچار نہیں کر سکتی، اگر نفع کی آشا ہو تو پرکاشک بڑی خوشی سے روپے لگائے گا اور تبھی لیکھکوں کے لیے کچھ کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے ابھی تو سنگھ کو یہی سوچنا پڑے گا کہ جنتا میں ساہتیہ کی روچی کیسے بڑھائی جائے اور کس ڈھنگ کی پستکیں تیار کی جائیں جو جنتا کو اپنی اور کھینچ سکیں اتیو سنگھ کو ساہتیک پرگتی پر بیمتر رکھنے کی چیشٹا کرنی پڑے گی۔ اس سے جو سنستھائیں ہیں جیسے ناگری پرچارنی سبھا، ہندی ساہتیہ سمیلن یا ہندستانی اکیڈمی، ان کے کام میں سنگھ کو ہستکشیپ (1) کرنے کی ضرورت نہیں۔ ناگری پرچارنی سبھا اب وشیش کر پرانے کویوں کی اور ان کی رچناؤں کی کھوج کر رہی ہے۔ وہ ساہتیک پراتو سے ملتی جلتی چیز ہے۔ سمیلن کو پریکشاؤں سے وشیش دلچسپی ہے اور ہندستانی اکیڈمی ایک سرکاری سنستھا (2) ہے، جہاں پروفیسروں کا راج ہے، اور جہاں سادھارن ساہتیہ سیویوں کے لیے استھان نہیں۔ سنگھ کا کاریہ چھیتر ان سے الگ اور ایسا ہونا چاہیے جس سے ساہتیہ اور اس کے پجاری دونوں کی سیوا ہو سکے۔

(ہنس، دسمبر 1934)

1۔ مداخلت 2۔ تنظیم

چھما یاچنا

اس ماس میں پریس کے انیک کرمچاری بیمار ہو گئے، مشین مین، ٹریڈل مین اور انیک سہایک کرمچاری جو خاص کام کرنے والے تھے، کام پر نہیں آ سکے۔ کئی دنوں کاریہ بند سا رہا۔ ہم مجبور ہیں اسی کارن اس ماس کے انک میں اتینت ولمب ہو گیا، جس کا ہمیں کھید (1) ہے، اور ہم اپنے گراہکوں سے اس کے لیے چھمایاچنا (2) کرتے ہیں۔ آگامی فروری کا انک ہم نے ابھی سے چھپوانا آرمبھ کر دیا ہے اور آشا ہے، 15 فروری سے پوروہی گراہکوں کی سیوا میں بھیج دیا جائے گا۔ آگے کے انک-تھا سے پہنچتے رہیں گے۔

(ہنس، جنوری۔ 1935)

دومہتوپورن کانفرنس

بڑے ہرش کی بات ہے کہ ایشیا کی جاتیاں بھی جیون کے پرشنوں کو حل کرنے کے لیے اب سارو بھومک (3) ریتی سے پریتن (4) کر رہی ہے۔ کاشی میں آل ایشیا شکشا سمیلن اور لاہور میں، آل ایشیا مہیلا سمیلن۔ دونوں ہی اس نئی جاگرتی کے منگل مے لکشن ہیں۔ ایشور سے ہماری پرارتھنا ہے کہ یہ پربھات ایک نئے یگ کا پرورتک ہو، جو یوروپی سنگھرش کی نیتی پر نہ چل کر سہیوگ، شانتی اور ماتر بھاؤ کی سرشٹی کرے۔

(ہنس جنوری 1935)

1۔ افسوس 2۔ معذرت خواہ 3۔ خود مختارانہ 4۔ کوشش

ساہتیہ میں اونچے وِچار کی آوشیکتا

روس میں حال میں ساہتیہ کاروں میں ایک بڑے مزے کی بحث چھڑی تھی، وِشے تھا ساہتیہ کا ادیشیہ کیا ہے؟ لوگ اپنی اپنی گا رہے تھے۔ کوئی کہتا تھا۔ ساہتیہ ستیہ کی کھوج کا نام ہے۔ کوئی ساہتیہ کو سندر کی کھوج کہتا تھا۔ کوئی کہتا تھا۔ وہ جیون کی آلوچنا ہے۔ کوئی اسے جیون کا چترن ماتر بتلاتا تھا۔ آخر جب یہ جھگڑا طے نہیں ہوا تو صلاح ہوئی کہ کسی گنوار سے پوچھا جائے کہ وہ ساہتیہ کو کیا سمجھتا ہے۔ آخر یہ جتھا مزدور کی کھوج میں نکلا۔ دور نہ جانا پڑا، چند ہی قدموں پر ایک مزدور کندھے پر پھاوڑا رکھے، پسینے میں تر آتا ہوا دکھائی دیا۔ ایک ساہتیہ مہارتھی نے اس سے پوچھا۔ کیوں بھائی، تم ساہتیہ کس لیے پڑھتے ہو؟ مزدور نے ان ودجنوں کی اور وِسمے کی درشٹی سے دیکھا، ایسی موٹی سی بات بھی ان لوگوں کو نہیں معلوم۔ دیکھنے میں تو سبھی پڑھے لکھے لگتے ہیں۔ سمجھا شاید یہ لوگ اس کا مذاق اڑا رہے ہیں، بنا کچھ جواب دیے آگے بڑھا۔ ترنت پھر وہی پرشن ہوا۔ کیوں بھائی تم ساہتیہ کس لیے پڑھتے ہو؟

مزدور نے اس بار کچھ جواب دینا آوشیک سمجھا۔ کہیں یہ لوگ اس کی پریکشا نہ لے رہے ہوں۔ تیار چھاتر کی بھانتی تتپرتا سے بولا۔ جیون کی سچی وِدھی جاننے کے لیے۔ اس اتر نے وِواد کو سماپت کر دیا۔ ساہتیہ کا اُدیشیہ جیون کے آدرش کو اپستھت کرنا ہے جسے پڑھ کر ہم جیون میں قدم قدم پر آنے والی کٹھنائیوں کا سامنا کر سکیں۔ اگر ساہتیہ سے جیون کا صحیح راستہ نہ ملے تو ایسے ساہتیہ سے لابھ ہی کیا؟ جیون کی آلوچنا کیجیے۔ چاہے چتر کھینچیے، آرٹ کے لیے لکھیے چاہے ایشور کے لیے منورہسیہ دکھایئے، چاہے وِشو ویاپی ستیہ کی تلاش کیجیے۔ اگر اس میں ہمیں جیون کا سچا مارگ نہیں ملتا، تو اس رچنا سے ہمارا کوئی فائدہ نہیں۔ ساہتیہ نہ چترن کا نام ہے نہ اچھے شبدوں کو چن کر سجا دینے کا، نہ النکاروں سے وانی کو شوبھایمان بنا دینے کا، اونچے اور پوتر وچار ہی ساہتیہ کی جان ہیں۔

ہنس فروری 1935

جاپان میں پُستکوں کا پرچار

مسٹر گلن شا نے جاپانی ساہتیہ کے ایک گرنتھ انگریزی بھاشا میں انوواد کیے ہیں۔ آپ نے حساب لگایا ہے کہ جاپان اس سے سنسار میں سب سے ادھک پُستکیں پرکاشت کرنے والا دیش ہے۔ جاپان کے بعد سوویت روس، جرمنی، فرانس، انگلینڈ، پولینڈ اور سینیکت راشٹر امریکہ کا کرم سے نمبر آتا ہے۔ جاپان کی آبادی امریکہ کی آدھی سے زیادہ نہیں، پر ہر سال وہ امریکہ سے دوگنی کتابیں چھاپتا ہے۔

اس سے جاپانی ساہتیہ کی روچی راشٹریتا کی اور وشیش روپ سے ہو رہی ہے، اتہاس، ساہتیہ، دھرم، یدھ نیتی آدی بھی انگوں میں یہی پرورتی دکھائی دیتی ہے۔ وشیش اُلیکھنیہ بات یہ ہے کہ بودھ دھرم وشے کی اُور ریکا یک لوگوں میں بڑی دلچسپی ہو گئی ہے۔ حالانکہ یہ کسی دھارمک انوراگ کا نتیجہ نہیں، کیول راشٹر آندولن کا ہی ایک بھاگ ہے۔

گت ورش جاپان میں 10000 سے زیادہ پستکیں نکلیں۔ ان میں 2700 شکشا وشیک، 2500 ساہتیہ، 1900 ارتھ نیتی، 200 پاٹھیہ، اور 1000 گرہ پربندھ وشے کی تھیں۔ شکشا وشیک پُستکوں کی سنکھیا ہی سب سے زیادہ تھی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے جاپان اپنے راشٹر کے نرمان میں کتنا اُدیوگ شیل ہے۔ کیونکہ شکشا ہی راشٹر کی جڑ ہے۔ گرہ پربندھ کی اور بھی ان کا دھیان کتنا زیادہ ہے! بھارت میں تو اس وشے کی پستکیں نکلتی ہی نہیں اور نکلتی بھی ہیں تو بکتی نہیں۔ اس وشے میں بھی کچھ نئی بات کہی جا سکتی ہے۔ کچھ نئی انوبھوتیاں سنگرہ کی جا سکتی ہیں۔ یہ شاید ہم سمجھو نہیں سمجھتے۔ جو گھر سمپن کہلاتے ہیں، ان میں بھی پہنچ جایئے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ایک ہزار ماہوار خرچ کر کے بھی یہ لوگ رہنا نہیں جانتے۔ نہ کوئی بجٹ ہے، نہ کوئی ویوستھا اٹل پٹو خرچ ہو رہا ہے۔ ضروری چیزوں کی اُور کسی کا دھیان نہیں ہے۔ بنا ضرورت کی چیزیں ڈھیروں پڑی ہوئی ہیں۔ کپڑے کیڑے کھا رہے ہیں، فرنیچر میں دیمک لگ رہی ہے، کتابوں میں نمی کے کارن پھپھوندی لگ گئی ہے۔ کسی کی نگاہ ان باتوں کی طرف نہیں جاتی،

نوکروں کا ویتن نہیں دیا جاتا۔مگر کپڑے بے ضرورت بھی خرید لیے جاتے ہیں۔ یہ کُو دیو سمتھا اس لیے ہے کہ اس وِشے میں ہم اُداسین ہیں۔

جاپان کے ادھیکانش ساہتیہ کار ٹوکیو میں رہتے ہیں، ان میں چھ سو سے ادھِک ایسے ہیں جن کا نام جاپان بھر میں پرسدھ ہیں، مگر جاپان میں لیکھکوں کو زیادہ پرسکار نہیں ملتا۔

جاپان میں ساہتیہ کی رچنا کے بھِنّ بھِنّ آدرش ہیں۔کوئی اسکول جن سادھارن کی روچی کی پُرتی کرنا ہی اپنا دھییے مانتا ہے، تیشو بنگی اسکول سب سے پرسدھ ہے۔ یہ لوگ پرانی کتھاؤں کو نئی شیلی میں لکھ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ وشو ودیالیوں میں بھی اسی رنگ کے انویاہی ادھِک ہیں وہ ساہتیہ کے لیے لکھیے ہمارا دھییے ساہتیہ کی سیوا ہے۔ان کا آدرش ہے۔کلا کلا کے لیے۔

ایک تیسرا دل ہے جو کیول دارشنِک وِشیوں کا ہی بھون ہے۔ یہ لوگ اپنی گلپوں کے پلاٹ بھی درشن اور وِگیان کے تتوؤں سے بناتے ہیں۔ان کے چرتر بھی پرایہ واستوِک جیون سے لیے جاتے ہیں۔

(ہنس فروری1935)

سنیما اور جیون

سنیما کا پرچار دن دن بڑھ رہا ہے۔ کیول انگلینڈ میں دو کروڑ درشک پرتی سپتاہ سنیما دیکھنے جاتے ہیں۔ اس لیے پرتیک راشٹر کا فرض ہو گیا ہے کہ وہ سنیما کی پرگتی پر کڑی نگاہ رکھے اسے کیول دھن لیٹروں کے ہی ہاتھ میں نہ چھوڑ دے۔ ویوسائے کا نیم ہے کہ جنتا میں جو مال زیادہ کھپے، اس کی تیاری میں لگے۔ اگر جنتا کو تاڑی شراب سے رُدچی ہے تو وہ تاڑی شراب کی دکانیں کھولے گا اور خوب دھن کمائے گا۔ اسے اس سے پریوجن نہیں کہ تاڑی شراب سے جنتا کو کتنی، دیہک، آتمِک، چارترک، آرتھک اور پاریوارک ہانی پہنچتی ہے، اس کے جیون کا اُدیشیہ تو دھن ہے اور دھن کمانے کا کوئی بھی سادھن وہ نہیں چھوڑ سکتا۔ یہ کام اپدیشکوں اور سنتوں کا ہے کہ وہ جنتا میں سنیم اور شدھ کا پرچار کریں۔ ویوسائے تو ویوسائے ہے۔ ''بزنس از بزنس'' یہ واکیہ سبھی کی زبان پر رہتا ہے۔ اس کا ارتھ یہی ہے کہ کاروبار میں دھرم اور ادھرم اوچت اور انوچت کا وچار نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اس کا وچار کرنا بیوقوفی ہے۔

اس میں دو دوانوں کو مت بھید ہو سکتا ہے کہ آدمی کا پوُرو پورُش بندر ہے یا بھالو؛ لیکن اس میں تو سبھی سہمت ہوں گے کہ آدمی میں دیوِ کتا بھی ہے اور پاشوکتا بھی۔ اگر آدمی ایک وقت میں کسی کی ہتیا کر سکتا ہے تو دوسرے اوسر پر کسی کی رکشا میں اپنے پران کا ہوم بھی کر سکتا ہے۔ آدی کال سے ساہتیہ کا ادیہ اور کلاؤں کا یہی دھیے رہا ہے کہ آدمی میں جو پشتو ہے اس کا دمن کرکے اس میں جو دیوتو ہے اس کو جگایا جائے۔ اس میں جو نمن بھاونائیں ہیں، ان کو دبا کر یا مٹا کر کومل اور سندر ورتیوں کو سچیت کیا جائے۔ ساہتیہ اور کا دیہ میں بھی ایسے سمے آتے ہیں اور آتے رہتے ہیں، جب سندر کا پکش نربل ہو جاتا ہے اور وہ اسندر، وبھتس اور دُرواسن کا راگ الاپنے لگتا ہے۔ لیکن جب ایسا سمے آتا ہے تو اسے پتن کا یگ کہتے ہیں۔ اُدیشیہ سے ساہتیہ اور کلا میں کیول مانو جیون کی نقل کرنے کو بہت اونچا استھان دیا جاتا اور آدرشوں کی رچنا کرنی پڑتی ہے۔ آدرش واد کا دھیے یہی ہے کہ وہ سندر اور پوتر کی رچنا کر کے منشیہ میں جو کومل اور اونچی بھاونائیں ہیں

انھیں پُشٹ کرے اور جیون کے سنسکاروں سے من اور ہردے میں جو گرد اور میل جم رہا ہو، اسے صاف کر دیں۔ کسی ساہتیہ کی مہتا کی جانچ یہی ہے کہ اس میں آدرش چرتروں کی سرشٹی ہو۔ ہم سب دُربل جیو ہیں، چھوٹے چھوٹے پرلوبھنوں میں پڑ کر ہم وچلِت (1) ہو جاتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے سنکٹوں کے سامنے سر جھکا دیتے ہیں۔ اور جب ہمیں اپنی ساہتیہ میں ایسے چرتر مل جاتے ہیں جو پرلوبھنوں کو پیروں تلے روندتے اور کٹھنائیوں کو دھکیلتے ہوئے نکل جاتے ہیں تو ہمیں ان سے پریم ہو جاتا ہے۔ ہم میں ساہس کا جاگرن ہوتا ہے اور ہمیں اپنے جیون کا مارگ مل جاتا ہے۔

اگر سینما اسی آدرش کو سامنے رکھ کر اپنے چتروں کی سرشٹی کرتا، تو وہ آج سنسار کی سب سے بلوان سنچالک شکتی ہوتا مگر کھید ہے کہ اسے کورا ویوسائے بنا کر اسے ہم نے کلا کے اونچے آسن سے کھینچ کر تاڑی یا شراب کی دکان کی سطح تک پہنچا دیا ہے اور یہی کارن ہے کہ اب سَروتر یہ آندولن ہونے لگا ہے کہ سینما پر نیَنتر ن رکھا جائے اور اسے منشیہ کی پشوتاؤں کو اتیجنا دینے کی کُو پرورتی سے روکا جائے۔

جس زمانے میں بمبئی میں کانگریس کا جلسہ تھا، سینما ہال ادھیکانش میں خالی رہتے تھے اور ان دنوں جو چتر دکھائے گئے ان میں گھاٹا ہی رہا۔ اس کا کارن اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ جنتا کے وِشے میں جو خیال ہے کہ وہ مار کاٹ اور سنسنی پیدا کرنے والی اور شور و غل سے بھری ہوئی تصویروں کو ہی پسند کرتی ہے، وہ بھرم ہے۔ جنتا پریم اور تیاگ اُتھواہتر تا اور کرونا سے بھری ہوئی تصویروں کو اور بھی روچی سے دیکھنا چاہتی ہے؛ مگر ہمارے سینما والوں نے پولیس والوں کی منووِرتی سے کام لے کر یہ سمجھ لیا ہے کہ کیول بھدّے مسخرے پن اور بھرتی اور بلاتکار اور سوفِٹ کی اونچائی سے کودنے، جھوٹ موٹھ ٹین کی تلوار چلانے میں ہی جنتا کو آنند آتا ہے، اور کچھ تھوڑا سا آلنگن اور چمبن تو مانو سینما کے لیے اتنا ہی ضروری ہے جتنا دیہہ کے لیے آنکھ۔ بے شک عوام وِرتا دیکھنا چاہتی ہے، پریم کے درشیوں (2) سے بھی جنتا کو روچی (3) ہے، لیکن یہ خیال کرنا کہ آلنگن اور چمبن کے بغیر پریم کا پردرشن ہو ہی نہیں سکتا، اور کیول نقلی تلوار چلانا ہی جواں مردی ہے، اور بِنا ضرورت گیتوں کا لانا سوروچی ہے، اور من اور کرم کی ہنسا میں ہی جنتا کو آنند آتا ہے منوگیان کا بالکل غلط انومان ہے۔ کہا جاتا ہے کہ شیکسپیر کے شبدوں میں، جنتا ابودھ بالک ہے اور وہ جن باتوں پر ایکانت میں بیٹھ کر گھرنا کرتی ہے؛ یا جن گھٹناؤں کو انہونی سمجھتی ہے، پر سینما ہال میں بیٹھ کر اُلّاسن (4) سے تالیاں بجاتی ہے۔ اس کتھن میں ستیہ ہے۔ ساموہک (5) منوگیان کی یہ ویشیشتا ہی پسند کرتی ہے۔ اسے چما چاٹی اور بلاتکار میں ہی مزہ آتا ہے، تو کیا اس کی انھیں آدشیکتاؤں کو

1۔ منحرف 2۔ تصویر 3۔ پسند 4۔ خوشی 5۔ اجتماعی

مضبوط بنانا ہمارا کام ہے؟ دیوسائے کو بھی دیش اور سماج کے کلیان کے سامنے جھکنا پڑتا ہے۔ سودیشی آندولن کے سمے میں کس کی ہمت تھی جو 'بزنس از بزنس' کی دہائی دیتا؟ بزنس سے اگر سماج کا ہت ہوتا ہے، تو ٹھیک ہے، ورنہ ایسے بزنس میں آگ لگا دینی چاہیے۔ سینما اگر ہمارے جیون کو سوستھیہ (1) آنند دے سکے، تو اسے زندہ رہنے کا حق ہے۔ اگر وہ ہمارے چھدر منو ویگوں (2) کو اُکساتا ہے، ہم میں بزدلپنا، ڈھرنا اور کڑ روچی کو بڑھاتا ہے، اور ہمیں پشوتا کی اور لے جاتا ہے، تو جتنی جلد اس کا نشان مٹ جائے، اتنا ہی اچھا۔

اور اب یہ بات دھیرے دھیرے سمجھ میں آنے لگی ہے کہ ارد ھ نگن تصویریں دکھا کر اور ننگے ناچوں کو پردرشن کر کے جنتا کو لوٹنا اتنا آسان نہیں رہا۔ ایسی تصویریں اب عام طور پر ناپسند کی جاتی ہیں اور یہ بھی کچھ دنوں جنتا کی بگڑی ہوئی روچی آدرش چتروں کو سپھل نہ ہونے دے گی لیکن پرتی کریا بہت جلد ہونے والی ہے اور جن مت اب سینما میں سچے اور سنسکرت جیون کا پرتی بمب دیکھنا چاہتا ہے۔ راجاؤں کے ولاس سے جیون اور ان کی عیاشیوں اور لڑائیوں سے کسی کو پریم نہیں رہا۔

ہنس مارچ 1935

1۔ صحت مند 2۔ پست ذہنیت

پریم وِشیک گلپوں سے اَرُچی

جنتا کے ساہتیک روچی کے وِشے میں بک سیلروں سے اچھی جانکاری شاید ہی کسی کو ہوتی ہو۔اور لوگ عقل کے گھوڑے دوڑاتے ہیں، بک سیلر کو اس کا پرتیکش انوبھو ہوتا ہے۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے، ایک ساچار پتر نے کئی بڑے بڑے بک سیلروں سے پوچھا تھا کہ آج کل آپ لوگوں کے یہاں کس وِشے کی پستکوں کی زیادہ مانگ ہے؟ اس کا بک سیلروں نے جو اُتر دیا اس کا سارانش یوں ہے۔

''جہاں تک پستکوں کی بکری کا سوال ہے، کلپنا ساہتیہ بڑی آسانی سے پرتھم استھان لے لیتا ہے۔ کہانیوں کے سنگرہ، اپنیاس، ناٹک اور کئی وکھیات لیکھکوں کے نبندھ۔ یہ سب اسی شرینی میں آ جاتے ہیں۔ لیکن پریم وشیک اور شرنگار پورن رچناؤں کی اب اتنی کھپت نہیں رہی جتنی کئی سال پہلے تھی۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ پریم کتھاؤں اور کاموتیجک (1) وشیوں میں لوگوں کی دلچسپی کم ہوتی جا رہی ہے؟ نہیں۔ پریم اور کام سمبندھی ساہتیہ میں لوگوں کی روچی بڑھ رہی ہے۔ ہاں اب جنتا کو کیول بھاوکتا اور وکلتا سے سنتوش نہیں ہوتا۔ پریم اور وِواہ آدی کا وہ واستوِک اور تاتوِیک گیان (2) پراپت کرنا چاہتی ہے۔ اور اس طرح کے ساہتیہ کی مانگ بڑھ رہی ہے۔ اپنیاسوں میں بھی سیکس سمبندھی سمسیاؤں کی چرچا کیول وِرہ اور ملن تک نہیں رہتی، گرہستی اور وِواہ پر ایک نوین اور وچار پورن ڈھنگ سے وِچار کیا جانے لگا ہے۔ پریم کی مدھر کلپناؤں سے ہٹ کر وِواہ، گھر اور نر ناری کے اصل جیون کی اور جن روچی کا اوِھک جھکاؤ ہوا ہے۔ جنتا کیول کوتا نہیں چاہتی، گمبھیر وچار اور وگیانک پرکاش چاہتی ہے۔ ونود پورن ساہتیہ اور رومانچ کاری جاسوسی کہانیوں کی اور جنتا کا پریم جیوں کا تیوں بنا ہوا ہے۔ پی جی ووڈ ہاؤس اور تھارن اسمتھ کی ہاسیہ کتھاؤں کا بہت اچھا پرچار ہے۔ عام طور پر جو یہ خیال ہے کہ اونچی شرینی کے لوگوں میں گھاسلیٹی ساہتیہ اور رزکت اور ہتیا سے بھری ہوئی کتھاؤں کا وِشیس پرچار ہے۔ کم سے کم ہندستان میں اس کی پُشٹی نہیں ہوتی''۔

(ہنس۔اپریل 1935)

1۔جنسی جذبے ابھارنے والا 2۔حقیقی علم

''رُچی کی وِبھِنّتا''

اس وِشے میں پُستک وِکریتاؤں نے بڑے مہو کی جو باتیں کی ہیں' ان سے بھِنّ بھِنّ شرینیوں اور جاتیوں کی ساہتیک پرورتی کا ٹھیک پتہ چل جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ استریوں کو سرس ساہتیہ سے خاص پریم ہے، اور مردوں کو گمبھیر ساہتیہ سے۔ نئے پستکالیوں میں نئے نئے اپنیاسوں ہی کی پردھانتا ہوتی ہے اور یہ پُستکالیوں کے گراہک اَدھِک تر پُرش ہوتے ہیں اور ان میں بھِنّ بھِنّ وِشیوں کی پستکیں سنگرہ کی جاتی ہیں۔ ہندستانی اور یورپین مہیلاؤں کی روچی میں بھی بڑا انتر ہے۔ یہاں کی دیویاں اُپیوگی استریوں کی پُستکیں پڑھتی ہیں، جیسے پاک شاستر کتھا کہانی، شرنگار اور فیشن کی پُستکوں سے زیادہ پریم رکھتی ہیں۔ دونوں جاتیوں کے منشیوں کی روچی میں بھی انتر ہے، یورپیوں کو معمولی طور سے کتھا ادھِک پریہ ہے، ہندستانیوں کو ارتھ شاستر، جیون چرترنیتی، وگیان آدی وشیوں سے زیادہ پریم ہے۔ کچھ نویختا کے پرم بھکت یووکوں کو چھوڑ کر ہندستانیوں میں شاید ہی کوئی اپنیاس مول لیتا ہو۔

یورپین استری پرشوں کا قصہ کہانی سے پریم ہونا اس کا پرمان ہے کہ دے سمپنّ ہیں اور انھیں اب اپیوگی وِشیوں کی آوشیکتا نہیں رہی، جس کے سامنے سے جیون کا پُرشن اتنا چِنتا جنک ہے۔ وہ کیوں نہ پریم اور وِلاس کی کتھائیں پڑھ کر من بہلائے! یہ دیکھ کر کہ ہندستانیوں کو گمبھیر وشیوں میں ادھِک روچی ہے، یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہماری روچی اب پَروڑھ ہورہی ہے۔ لیکن ہندی کے پرکاشکوں سے پوچھا جائے تو شاید وہ کچھ اور ہی کہیں۔ ہندی میں گمبھیر ساہتیہ کی پستکیں بہت کم بِکتی ہیں' اس کا کارن یہی ہوسکتا ہے کہ جنھیں گمبھیر ساہتیہ سے پریم ہے، وے انگریزی پستکیں خریدتے ہیں۔ کتھا کہانیاں کچھ زیادہ بِک جاتی ہیں، شاید اس لیے کہ بھارتیہ جیون کا چترن ہمیں انگریزی پستکوں میں نہیں ملتا، اتھوا کوئی ہمارے ہندی اپنیاسوں اور کہانیوں کے لیے کسی وِشیش یوگیتا کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی، جس کے ہاتھ میں قلم ہے وہی اپنیاس لکھ سکتا ہے، لیکن درشن ارتھ شاستر یا اتہاسِک ویوچن پر قلم اٹھانے کے لیے وِدّوتا چاہیے، اور جو لوگ وِدوان ہیں، وے انگریزی میں لکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں کیونکہ انگریزی کا چھیتر وستر ت ہے۔ وہاں لیش بھی ادھِک ملتا ہے اور دھن بھی۔

(ہنس اپریل، 1935)

گرامیہ گیتوں میں سماج کا چتر

پرتیک سماج میں دھرم اور آچرن کی رکشا جتنی گرامیہ ساہتیہ اور گرامیہ گیتوں دوارا ہوتی ہے، اتنی کداچت اور کسی سادھن سے نہیں ہوتی۔ ہماری پرانی کہاوتیں اور لوکوکیاں آج بھی ہم میں سے 99 فیصدی منشیوں کے لیے جیون مارگ کے دیپک کے سمان ہیں۔ اپنے ویوہاروں میں ہم انھیں آدرشوں سے پرکاش لیتے ہیں۔ اگر ہمارے گرامیہ گیت، گرامیہ کتھائیں اور لوکوکتیاں ہمیں سوارتھ، انوداراتا اور نرممتا کا اپدیش دیتی ہیں تو ان کا ہمارے جیون ویوہاروں پر ویسا ہی اثر پڑنا سوبھاوک ہے۔ اس درشٹی سے جب ہم اپنے گرامیہ گیتوں کی پریکشا کرتے ہیں، تو ہمیں یہ دیکھ کر کھید ہوتا ہے کہ ان میں پرایہ ویمنسیہ، ایرشیا، دویش اور پرپنچ ہی کی شکشا دی گئی ہے۔ ساس جہاں آتی ہے وہاں اسے پشاچنی کے روپ میں ہی دیکھتے ہیں، جو بات چیت میں بہو کو طعنے دیتی ہے، گالیاں سناتی ہے، یہاں تک کہ بہو کو نی سنتان (1) رہنے پر اسے بانجھن کہہ کر اس کا ترسکار کرتی ہے، نند کا روپ تو اور بھی کٹھور ہے۔ شاید یہ کوئی ایسا گرامیہ گیت ہو، جس سے نند اور بھاوج میں پریم اور سوہارد کا پتہ چلتا ہو۔ نند کو بھاوج سے نہ جانے کیوں جانی دشمنی رہتی ہے۔ وہ بھاوج کا کھانا، پینا، ہنسنا بولنا کچھ نہیں دیکھ سکتی اور ہمیشہ ادھڑے کھوج کھوج کر اسے جلاتی رہتی ہے۔ دیورانیاں' جیٹھانیوں اور گوتیوں نے تو مانو اس کا انشٹ کرنے کے لیے قسم کھا رکھی ہے۔ وے اس کے پتر وتی ہونے پر جلتی ہیں، اور اسے بھی پتر جنم کا یا اپنی سودشا کا کیول اسی لیے آنند آتا ہے کہ اس سے دیورانیاں، جیٹھانیوں اور گوتیوں کا گھمنڈ ٹوٹے گا۔ اس کا پتی بھی اس سے پریم تو کرتا ہے مگر جب سنتان ہونے میں دیر ہوتی ہے تو کوسنے لگتا ہے۔ جو گیت جنم' منڈن، دواہ بھی اتسووں میں گائے جاتے ہیں، اور پرتیک چھوٹے بڑے گھروں میں گائے جاتے ہیں، ان میں اکثر سماج اور گھر کے یہی چتر دکھائے جاتے ہیں، اور اس کا ہمارے گھر اور جیون پر اپرتیکش روپ سے اثر پڑنا سوبھاوک ہے۔ جب لڑکی میں بات سمجھنے کی شکتی آجاتی ہے، تبھی اسے نند کے نام سے گھرنا ہونے لگتی ہے۔ نند سے اسے کسی طرح کی سہانو بھوتی سہایتا یا سہیوگ کی آشا نہیں ہوتی۔ وہ من میں ایشور سے مناتی ہے کہ اس کا سابقہ کسی نند سے نہ پڑے۔ سسرال جاتے سمے اسے سب سے بڑی چنتا یہی ہوتی ہے کہ وہاں اسے دُشٹا نند کے

وِرشن ہوں گے جو اس کے لیے چھری تیز کیے بیٹھی ہے۔ جب من میں ایسی بھاونائیں بھری ہوئی ہیں تو نند کی اُور سے کوئی چھوٹی سی شکایت ہو جانے پر بھی بھاوج اسے اپنی بیرن سمجھ لیتی ہے اور دونوں میں وہ جلن شروع ہو جاتی ہے جو کبھی شانت نہیں ہوتی۔ آج ہمارے گھروں میں ایسی بہت کم مثالیں ملیں گی جہاں نند بھاوج میں پریم ہو۔ ساس اور بہو میں جو من مٹاو پرایہ دیکھنے میں آتا ہے اس کا سوتر بھی انھیں گیتوں میں ملتا ہے، اور یہ بھاو اس وقت دل میں جم جاتے ہیں جب ہردے کومل اور گرہن شیل ہوتا ہے اور ان پتھر کی لکیروں کو مٹانا کٹھن ہوتا ہے۔ اس طرح کے گیت ایک طرح سے دلوں میں کٹوتا اور جلن کی بارود جمع کر دیتے ہیں جو کیول ایک چنگاری کے پڑ جانے سے بھڑک اٹھتی ہے۔ یووتی وَدھو کو سسرال میں چاروں طرف دشمن ہی دشمن نظر آتے ہیں، جو مانو اپنے اپنے ہتھیار تیز کیے اس پر گھات لگائے بیٹھے ہیں۔ پھر کیوں نہ ہمارے گھروں میں اشانتی اور کلہہ ہو! بہو سکھ نیند سوئی ہے۔ ساس اور نند دونوں تڑپ تڑپ کر بولتی ہیں۔ بہو، تجھے کیا گمان ہو گیا ہے جو سکھ نیند سو رہی ہے؟ بھوجی ہمیشہ 'بوکی' وِش بول کر بجوا میں سال' یعنی ایسے ایسے تیکھے بچن بولتی ہے جو ہردے میں شول (2) پیدا کر دیتے ہیں۔ ''نندیا'' ہمیشہ وِش بولے۔ ایک گیت میں سیتا اور اس کی نند پانی بھرنے کے لیے جاتی ہیں، نند بھاوج سے کہتی ہے۔ راون کی تصویر کھینچ کر دکھادے۔ بھاوج کہتی ہے۔ رام سن پائیں گے، تو میرے پران ہی لے لیں گے۔ نند قسم کھاتی ہے کہ وہ بھیا سے یہ بات نہیں کہے گی۔ بھاوج جھکسے میں آ جاتی ہے اور راون کی تصویر کھینچتی ہے۔ چتر آدھا ہی بن پایا ہے کہ رام آ جاتے ہیں۔ سیتا چتر کو آنچل سے چھپا لیتی ہے۔ اس پر نند اپنے وچن کا ذرا بھی لحاظ نہیں کرتی اور بھائی سے کہہ دیتی ہے کہ یہ تو 'رونا اور سیپں' جو راون تمھارا بَیری ہے اسی کی یہاں تصویر بنائی جاتی ہے۔ ایسی عورت کیا گھر میں رکھنے یوگیہ ہے؟ رام طرح طرح کے حیلے کرتے ہیں پر نند رام کے پیچھے پڑ جاتی ہے۔ آخر ہار کر رام سیتا کو گھر سے نکال دیتے ہیں۔ نند کا ایسا کمینے دیکھ کر کسی بھاوج کو اس سے گھرنا نہ ہو جائے گی؟

مگر اس کے ساتھ ہی گرامیہ گیتوں میں استری پرشوں کے پریم، ساس، سسر کے آدر، پتی پتنی کے وِرت اور تیاگ کے بھی ایسے منوہر چتر ن ملتے ہیں کہ چت مگدھ ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی ایسی یکتی ہوتی جس سے وِش اور سدھا کو الگ الگ کیا جا سکتا اور ہم وِش کو اگنی کی بھینٹ کر کے سدھا کا پان کرتے تو سماج کا کتنا کلیان ہوتا۔

(ہنس، اپریل 1935)

1۔ ہمدردی 2۔ کانٹا

ساہتیہ کی نئی پرورِتی

جس طرح سنسکرتی کے اور سبھی انگوں میں یورپ ہمارا پتھ پردرشک ہے، اسی طرح ساہتیہ میں بھی ہم اسی کے پدچنہوں پر چلنے کے آدی ہو گئے ہیں۔ یورپ آج کل نگنتا کی اُور جا رہا ہے، وہی نگنتا جو اس کے پہناوے ہیں: اس کے منورنجنوں میں: اس کے روپ پردرشنوں میں نظر آتی ہے۔ اس کے ساہتیہ میں بھی دیاپت ہو رہی ہے۔ وہ بھولا جا رہا ہے کہ کلا سنیم اور سنکیت میں ہے۔ وہی بات جو سنکیتوں اور رہسیوں کے آکار میں کویتا بن جاتی ہے، اپنے اسپشٹ یا نگن روپ میں وبھتس ہو جاتی ہے وہ ننگے چتر اور مورتیاں بنانا کلا کا چمتکار سمجھتا ہے۔ وہ بھول جاتا ہے کہ وہی کاجل جو آنکھوں کو شوبھا پردان کرتا ہے، اگر منہ پر پوت دیا جائے تو روپ کو وِکرت(1) کر دیتا ہے، مٹھائی اسی وقت تک اچھی لگتی ہے جب تک وہ منہ میٹھا کرنے کے لیے کھائی جائے۔ اگر وہ منہ میں ٹھوس دی جائے تو ہمیں اس سے اروچی ہو جائے گی۔ اُوشا(2) کی لالی میں جو سہانا پن ہے وہ سورج کے سمپورن پرکاش میں ہرگز نہیں۔ مگر ورتمان ساہتیہ اسی کھلے پن کی اُور چلا جا رہا ہے۔ جن پرسنگوں میں جیون کا مادھوریہ ہے، انھیں اسپشٹ اور نگن روپ میں دکھا کر وہ اس مادھوریہ کو نشٹ کر رہا ہے۔ وہی پرورتی جو آج یووتیوں کو ریل اور ٹرام میں بار بار آئینہ دیکھ کر ہونٹوں اور گالوں کے دھومل ہوتے ہوئے رنگ کو پھر سے چمکا دینے پر پریرت کرتی ہے، ہمارے ساہتیہ میں بھی ان وشیوں اور بھاؤں کو کھول کر رکھ دینے کی گدگدی پیدا کرتی ہے، جن کے گیت اور ظاہر نہ ہونے میں ہی کلا کا آنند ہے،

اور یہ پرورتی اور کچھ نہیں، کیول سماج کی ورتمان ویوستھا کا روپ ماتر ہے۔ جب ناری کو اس کا ذرا سا بھی آبھاس ہوتا ہے کہ اس کے پاس روپ کے آکرشن کے سوا اور کچھ نہیں رہا تو وہ نانا پرکار سے اس روپ کو سنوار کر نیتروں کو آکرشت کرنا چاہتی ہے۔ اس میں وہ سوندریہ نہیں رہا، جو کاجل اور پاؤڈر کی

1۔ مسخ 2۔ صبح

پرواہ نہ کرکے، کیول آنکھوں کو خوش کرنے میں ہی اپنا سار نہ سمجھ کر انتستل کی گہرائیوں سے اپنا پرکاش پھیلاتا ہے۔ وہی ویاپار بدھی جو آج گلی گلی، کونے کونے میں اپنا جوہر دکھارہی ہے، ساہتیہ اور کلا کے چھیتر میں بھی اپنا آدھپتیہ جمارہی ہے۔ آپ جدھر جائیے' آپ کو دیواروں پر، تختیوں پر ویاپاریوں کے بڑے بڑے بھڑکیلے پوسٹر نظر آئیں گے۔ سماچار پتروں میں بھی تین چوتھائی استھان کیول وگیاپنوں سے بھرا رہتا ہے۔ سوامی کو اچھی سامگری دینے کی اتنی چنتا نہیں رہتی، جتنی نفع دینے والے وگیاپن حاصل کرنے کی، اس کے کنونیسر لیکھکوں کے پاس لیکھ کے لیے نہیں جاتے، اس کے لیے تو ایک کارڈ کافی ہے، مگر وگیاپن داتاؤں کی سیوا میں وہ برابر اپنے کنونیسر بھیجتا ہے، ان کی خوشامد کرتا ہے اور اسی دیوتا کو پرسن کرنے میں اپنا ادھار پاتا ہے۔ کتنے ہی اچھے اچھے پتر تو کیول وگیاپن کے لیے ہی نکلتے ہیں، لیکھ تو کیول گوڑ روپ سے اس لیے دے دیے جاتے ہیں کہ ساہتیہ کے رسیکوں کو ان وگیاپنوں کو پڑھنے کے لیے پرلوبھن دے سکیں۔ ویاپار نے کلا کو ایک طرح سے خرید لیا ہے۔ ویاپار کے یوگ میں جس چیز کا سب سے زیادہ مہتو ہوتا ہے، وہ دھن ہے۔ جس کے اندر جو شکتی ہے، چاہے وہ دیہہ کی ہو یا من کی، یا روپ کی یا بدھی کی، وہ اسے دھن دیوتا کے چرنوں پر ہی چڑھا دیتا ہے۔ ہمارا ساہتیہ بھی، جو کلا کا ہی ایک انگ ہے، اسی ویاپار بدھی کا شکار ہو گیا ہے۔ ہم کسی چیز کی رچنا اس لیے نہیں کرتے کہ ہمیں کچھ کہنا ہے، کوئی سندیس دینا ہے، جیون کے کسی نئے درشٹی کون کو دکھانا ہے، سماج اور ویکتی میں اونچے بھاؤں کو جگانا ہے۔ اتھوا ہم نے اپنے جیون میں جو کچھ انوبھو کیا ہے، اسے جنتا کو دینا ہے۔ بلکہ کیول اس لیے کہ ہمیں دھن کمانا ہے اور ہم بازار میں ایسی چیز رکھنا چاہتے ہیں جو زیادہ سے زیادہ بک سکے۔ جب ایک بار یہ خیال دل میں جم گیا، تو پھر ہم وچار سوتنتریہ اور بھاو سوتنتریہ کے نام سے ایسی چیزیں لکھتے ہیں، جن کے وشے میں جنتا کو سدیو کوتوہل رہا ہے اور سدیو رہے گا۔

ڈرامسٹ اور اپنیاس کار اور کوی سبھی نگن لالسا اور چوما چاٹی سے بھری ہوئی رچنائیں کرنے کے لیے میدان میں اتر آتے ہیں، اور آپس میں ہوڑ سی ہونے لگتی ہے کہ کون نئی سے نئی چونکانے والی باتیں کہہ سنائیں۔ ایسے ایسے پرسنگ اپستھت کریں کہ کاوکتا کے چھپے ہوئے اڈوں میں جو ویاپار ہوتے ہیں وہ پرتیک استری پرش کے سامنے آجائیں، کوئی آزاد پریم کے نام سے، کوئی پتیوں کے اُدھار کے نام سے کاموتیجن کی چیشٹا کرتا ہے، اور سنیم اور نگرہ کو دقیانوسی کہہ کر مکت ولاس کا اپدیش دیتا ہے۔ ستیہ اور استیہ کی اسے پرواہ نہیں ہوتی وہ تو چونکانے والی اور کان کھڑے کرنے والی باتیں کہنا چاہتا ہے۔ تاکہ جنتا اس کی کرتیوں (1) پر ٹوٹ پڑے اور اس کی

1۔ تخلیق

پستکیں ہاتھوں ہاتھ بک جائیں۔ اسے گپت سے گپت پرسنگوں کے چترن میں ذرا بھی سنکوچ یا جھجک نہیں ہوتی۔ انھیں رہسیوں کو کھولنے میں ہی شاید اس کے وچار میں سماج کا بیڑا پار ہوگا۔ ورت اور تیاگ جیسی چیز کی اس کی نگاہ میں کچھ بھی مہانتا نہیں ہے، نہیں بلکہ وہ ورت، تیاگ اور ستیو کو سنسار کے لیے گھاتک سمجھتا ہے۔ اس نے ان واسناؤں کو بے لگام چھوڑ دینے میں ہی مانو جیون کو سار سمجھا ہے۔ ہکسلے اور ڈی ایچ لارنس اور ڈیکوبرا آدی، آج انگریزی ساہتیہ کے چمکتے ہوئے رتن سمجھے جاتے ہیں۔ لیکن ان کی رچنائیں کیا ہیں؟ کیول اپنیاس روپی کام شاشتر۔ جب ایک لیکھک دیکھتا ہے کہ اموک کی رچنا نگنتا اور بربرتا کے کارن دھڑا دھڑ بک رہی ہے، تو وہ قلم ہاتھ میں لے کر بیٹھتا ہے اور اس سے بھی دس قدم آگے جا پہنچتا ہے اور ان پستکوں کی سماج میں خوب آلوچنائیں ہوتی ہیں۔ ان کی نر بھیک ستیہ وادیتا کے خوب ڈھول پیٹے جاتے ہیں۔ اس پرورتی کو یتھارتھواد کا نام دے دیا جاتا ہے، اور یتھارتھواد کی آڑ میں آپ ویابھچار اور بربرتا کی، چاہے جتنی میمانسا کیجیے، کوئی نہیں بول سکتا۔ ایک مہیلا قلم لے کر بیٹھتی ہے اور اپنے گت رِت پریم رہسیوں کا کچا چھٹا لکھ جاتی ہے۔ سماج میں اس کی رچنا کی دھوم مچ جاتی ہے۔ دوسرے مہودے اپنی عیاشیوں کی جھوٹی سچی کہانی لکھ کر سماج میں ہل چل پیدا کر دیتے ہیں۔ پستکوں کو ادھک سے ادھک لابھ پرد بنانے کے لیے مکھو ہے اپنی آتم چرچا خوب بڑھا بڑھا کر بیان کیا جاتا ہو۔ کامکتا کا ایسا ننگا ناچ شاید کسی یگ میں نہ ہوا ہو۔ دکانوں پر روپ وتی یووتیاں بٹھائی جاتی ہیں۔ اس لیے کہ گراہکوں کی کامکتا کو اُتجیت کر کے ایک پیسے کی چیز کے دو پیسے وصول کر لیے جائیں۔ یہ یُووتیاں مانو وہ چارہ ہیں، جسے کانٹے میں لگا کر مچھلیوں کو پھنسایا جاتا ہے۔ جب سارے کنویں میں ہی بھنگ پڑ گئی ہے تو کلا اور ساہتیہ کیوں اچھوتے بچ جاتے ہیں؟ مگر یہ سب اس ساماجک ویوستھا کا پرساد ہے جو اس وقت سنسار میں پھیلی ہوئی ہے، اور وہ ویوستھا ہے۔ دھن کا کہیں ضرورت سے زیادہ اور کہیں ضرورت سے کم ہونا۔ جن کے پاس ضرورت سے زیادہ ہے، وے مانو سماج کے دیوتا ہیں اور جن کے پاس ضرورت سے کم ہے، وے ہر ممکن طریقوں سے دھنوانوں کو خوش کرنا چاہتے ہیں۔ اور دھن کی ورِدھی سدیو شے ولاس کی اُور جاتی ہے، اسی لیے ساہتیہ کامکتا پردھان ہو جاتا ہے۔ ساہتیہ کے اس نئے پتن کا ایک کارن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آج کل پچھمی سماج میں فیشن کی غلامی اور بھوگ لالسا کے کارن کتنے ہی لوگ وواہ سے کانپتے ہیں۔ اور ان کی رسکتا اور کوئی مارگ نہ پا کر کامودیپک ساہتیہ پڑھ کر ہی اپنے دل کو تسلی دے لیتی ہے۔ روسی سماج کو جن لوگوں نے دیکھا ہے، وے کہتے ہیں کہ وہاں کی اِستریاں رنگ اور پاؤڈر پر جان نہیں دیتیں اور نہ ریشم اور لیس کے لیے مرتی ہیں۔ ان کے سنیما گھروں کے دروازوں پر اردھ نگن پوسٹروں کا وہ پردرشن نہیں ہوتا جو انیہ

دیشوں میں نظر آتا ہے۔اس کا کارن یہ ہے کی وہاں دَھن کی پربھوتا کسی حد تک ضرور نشٹ ہو گئی ہے۔اور ان کی کلا اب دھن کی غلامی نہ کر کے سماج کے پَرِشکار میں لگی ہوئی ہے۔ ہم اوپر کہہ آئے ہیں کہ آج ۔تھارتھ واد کے پردے میں بے شرمی کا ننگا ناچ ہو رہا ہے۔۔تھارتھواد کے معنی ہی یہ ہو گئے ہیں کہ وہ سماج اور ویکتی کے نیچ سے نیچ، ادھم سے ادھم اور پتت سے پتت ویوہاروں کا پردہ کھولے،مگر کیا۔تھارتھتا اپنے چھیتر میں سماج اور ویکتی کی پوتر سادھناؤں کو نہیں لے سکتی؟ ایک ودھوا کے پتت جیون کی اپیکشا کیا اس کے سیوا ے، پتو ے جیون کا چترن زیادہ منگل کاری نہیں ہے؟ کیا سادھو پرکرتی منشیوں کا۔تھارتھ جیون ہمارے دلوں پر کوئی اثر نہیں کرتا؟ ساہتیہ میں اسندر کا پرویش کیول اس لیے ہونا چاہیے کہ سندر کو اور بھی سندر بنایا جا سکے۔اندھکار کی اپیکشا پرکاش ہی سنسار کے لیے زیادہ کلیان کاری سدھ ہوا ہے۔

(ہنس اپریل 1935)

''سمکالین انگریزی ڈراما''

بیسویں صدی کے انگریزی ڈرامہ کے وِشے میں اگر یہ کہا جائے کہ وہ موجودہ ساہتیہ کا سب سے پربھاوشیل اَنگ ہے، تو بیجا نہ ہوگا۔ الیزبیتھ یگ کا ڈرامہ ادھِک تر امیروں اور رئیسوں کے منورنجن کے لیے ہی لکھا جاتا ہے۔ شیکسپیئر، بین جانس اور کئی انیہ گمنام ناٹک کار اس یگ کو اَمر کر گئے ہیں۔ یدیپی ان کے ڈرامے میں بھی گوڑ روپ سے سماج کا چتر کھینچا گیا ہے، اور بھاو، بھاشا تتھا وچار کی درِشٹی سے وے بہت ہی بڑا مہتو رکھتے ہیں؛ لیکن یہ نِردیواد ہے کہ ان کا لکشیہ سماج کا پرِسکار نہیں، ورن اونچی سوسائٹی کا دل بہلانا تھا۔ ان کے کتھانک ادھِکتر پراچین کال کے مہان پرشوں کا جیون یا پراچین اتہاس کی گھٹناؤں اتھوا روم اور یونان کی پوراتِک گاتھاؤں سے لیے جاتے تھے۔ شیکسپیئر آدی کے ناٹکوں میں بھِنّ بھِنّ منووِرتیوں کے پاتروں کا اتینت سجیو چترن اور بڑا ہی مارمِک وِشلیشن اوشیہ ہے، اور اس کے کتنے ہی چرتر تو ساہتیہ میں ہی نہیں سادھارن جیون میں بھی اپنا امر پربھاو ڈال رہے ہیں؛ لیکن یتھارتھ جیون کی آلوچنا ان میں نہیں کی گئی ہے۔ اس سمے ڈرامہ کا یہ اُدّیشیہ نہیں سمجھا جاتا تھا۔ تین صدیوں تک انگریزی ڈرامہ اسی لیک پر چلتا رہا۔ بیچ میں شیریڈن ہی ایک ایسا ناٹک کار پیدا ہوا، جس کے ڈرامے ادھِک تر وینگیاتمک ہیں، انیتھا ساہتیہ کا یہ وِبھاگ کچھ آگے نہ بڑھ سکا۔ یکایک انیسویں صدی کی پچھلی شتابدی میں رنگ بدلا اور وِگیان تتھا ویوسائے نے سماج میں کرانتی پیدا کر دی؛ اس کا پرتیمب ایک مَولِک پرکاش کے ساتھ ساہتیہ میں اُدے ہو گیا۔ اور نوین نرنیاتمک وِچاروں سے بھرے ہوئے ناٹک کاروں کا ایک نکشتر سموہ ساہتیہ کے آکاش میں چمک اٹھا جس کی دِیپتی آج بھی انگریزی ساہتیہ کو پرکاش مان کر رہی ہے۔ نئے ڈرامے کا دھیے اب بالکل بدل گیا ہے۔ وہ کیول منورنجن کی وستو نہیں ہے۔ وہ کیول گھڑی دو گھڑی ہنسانا نہیں چاہتا، وہ سماج کا پرِشکار کرنا چاہتا ہے۔ اس کی روڑھیوں کے بندھنوں کو ڈھیلا کرنا چاہتا ہے اور اس کے پرمار یا بھرانتی کو دور کرنے کا اِچھوک ہے، سماج کی کسی نہ کسی سمسیا پر نِشپکچھ روپ پرکاش ڈالنا ہی اس کا

مکھیہ کام ہے اور وہ اس ڈستر کاریہ کو اس خوبی سے پورا کر رہا ہے اور ناٹک کی منورنجکتا میں کوئی بادھا نہ پڑے، پھر بھی وہ جیون کی سچی آلوچنا پیش کر سکے۔

لیکن وچتر بات یہ ہے کہ نوین ڈرامہ کے پرورتکوں میں ایک بھی انگریز نہیں ہے۔ ابسین، ماٹرلنک اور اسٹرنڈ برگ، سویڈن، بلجیم اور جرمنی کے نواسی ہیں، پر انگریزی ڈرامہ نے انھیں اتنا اپنایا ہے کہ آج یہ تینوں مہان پرش انگریزی ساہتیہ کے اپاسیہ بنے ہوئے ہیں ابسین کو تو نئے ڈرامے کا جنم داتا ہی کہنا چاہیے۔ وہ پہلا ویکتی تھا جس نے ڈرامہ کو سماج کی آلوچنا کا سادھن بنایا۔ نئے سماج میں استریوں کا استھان اونچا کرنے میں اس نے جو کرتی پراپت کی ہے، وہ انیہ کسی ساہتیہ کار کو نہیں مل سکی۔ اور ماٹرلنک اپنے ڈرامے میں ان ستیوں کا پردہ کھولنے کی چیشٹا کرتا ہے جو ورتمان جڑواد کی بیا پکتا کے کارن وسمرت ہو گئے ہیں، اس کے پاتر ہاڑ مانس کے منشیہ نہیں، منو بھاؤں یا ادھیاتمک انو بھوتیوں ہی کے نام ہوتے ہیں۔ انگریزی ناٹک کاروں میں برناڈ شا کا نام سب سے مشہور ہے، یہاں تک کہ انگریزی ساہتیہ میں اسی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ وہ آئر لینڈ کا نواسی ہے اور ویتگ پر یہاس اور چٹکیاں لینے کی جو پرتیبھا آئرلیش بدھی کی وشیشتا ہے، وہ اس میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ انگریزی سماج کی کمزوریوں اور کرترمتاؤں کا اس نے ایسا پردہ فاش کیا ہے کہ انگریزی جیسا سوارتھاندھ راشٹر بھی کنمنا اٹھا ہے۔ صدیوں کی پربھوتا نے انگریزی جاتی میں جو اسمیتا، جو بناوٹی، ششٹتا، جو مکاری اور عیاری، جو نیچ سوارتھپرتا ٹھوس دی ہے۔ وہی شا کے ڈرامے کا وشے ہے۔ اس کی امیر زادیوں کو دیکھیے، یا دھرما چاریوں کو، یا راشٹر کے اُچ پدادھیکاریوں کو، سب نقلی جیون کا سوانگ بھرے نظر آئیں گے۔ ان کا بہوروپ اتار کر ان کو نگن روپ میں کھڑا کر دینا شا کا کام ہے۔ سماج کا کوئی اُنگ اس کے قلم کٹھار سے نہیں بچا۔ وہ آتما کی تہہ میں پرتشٹھت روڑھیوں کی بھی پرواہ نہیں کرتا۔ وہ ستیہ کا اُپاسک ہے اور استیہ کو کسی بھی روپ میں نہیں دیکھ سکتا۔

گالسوردی بھی اپنیاس کار اور کوی ہوتے ہوئے بھی ناٹک کار کے روپ میں ادھک سَپھل ہوا ہے۔ اس کے ڈراموں میں سماجواد کے سدھانتوں کا ایسا کلاپورن اپیوگ کیا گیا ہے کہ ساماجک وشمتا کا چتر آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ اور پاٹھک ان سے بنا اثر لیے نہیں رہ سکتا۔ اس کے تین ناٹکوں کے انوواد ہندی میں ہو چکے ہیں جنھیں پریاگ کی ہندستانی اکیڈمی نے پرکاشت کیا ہے۔ ''چاندی کی ڈبیا'' میں دکھایا گیا ہے کہ دھن کے بل پر نیائے کی کتنی ہتیا ہو سکتی ہے۔ نیائے میں اس نے ایک ایسے چرتر کی رچنا کی ہے، جو سہانو بھوتی اور ادارتا کے بھاؤں سے پریرت ہو کر غبن کرتا ہے اور اپنا کرم پھل بھوگنے کے

بعد جب وہ جیل سے نکلتا ہے تب سماج اسے ٹھوکریں مارتا ہے، اور انت میں وہ وِوش ہو کر آتم ہتیا کر لیتا ہے۔ ہڑتال میں اس نے مالکوں اور مزدوروں کی منووِرتیوں کا بڑا ہی مرم اسپرشی چتر کھینچا ہے۔ یوں اس نے اور بھی کئی ڈرامے لکھے ہیں، پر یہ تینوں رچنائیں اس کی کرتی کو امر بنانے کے لیے کافی ہیں۔ میس فیلڈ، وارفر، سینج، سر جیمس بیری، پیز آدی بھی سپھل ناٹک کار ہیں۔ اور سب کے رنگ اپنی وشیشتائیں لیے ہوئے ہیں۔ میس فیلڈ نے مانو جیون کے کالے داغوں پر پرکاش ڈالنے میں خوب شہرت پائی ہے، وہ گھور واستو یکتا وادی ہے اور مانو جیون میں جو چُھدرتا، دُھرتتا اور لمپٹتا ویاپت ہو رہی ہے۔ اس کی اُور سے وہ آنکھیں نہیں بند کر سکتا۔ منشیہ میں سو بھاوتیہ کتنی پشوتا ہے اس کا اس نے بڑی بار یکی سے نِرکشن کیا ہے۔ پیز کے ڈرامے میں دھرم اور نیتی کی پردھانتا ہے۔ وہ نئے یگ کی آشر دھا سے دکھی ہے اور سنسار کا کلیان، دھرم اور وشواس کے پُنر جیون میں ہی سمجھتا ہے۔ اس کا اپنا ایک اسکول ہے، جو ڈرامہ میں کاویہ سے پرسنگوں کو لانا آوشیک سمجھتا ہے، جس سے منشیہ کچھ دیر کے لیے تو اس چھل کپٹ سے بھرے ہوئے سنسار کی جل داہو سے نکل کر کویتا کے سوچھند لوک میں وچار کر سکے۔ ڈرنک واٹر، رنج آدی ڈرامسٹوں کا بھی یہی رنگ ہے۔

سب سے بڑی نویتا جو ورتمان ڈرامہ میں نظر آتی ہے وہ اس کا پریم چترن ہے۔ نوین ڈرامہ میں پریم کا وہ روپ بالکل بدل گیا ہے، جب کہ وہ بھیشن مانسِک روگ سے کم نہ تھا اور ناٹک کار کی ساری چترائی پریمی اور پریمیکا کے سینوگ میں ہی خرچ ہو جاتی تھی۔ پریمیکا کسی نہ کسی کارن سے پریمی کے ہاتھ نہیں آ رہی ہے اور پریمی ہے کہ پریمیکا سے ملنے کے لیے زمین اور آسمان کے قلابے ملائے ڈالتا ہے، پریمیکا کی سہیلیاں نانا وِدھی سے اس کی وِرہ اگنی کو شانت کرنے کا پریتن کر رہی ہیں اور پریمی کے متر ورند اس دُرگم سمسیا کو حل کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ سارے ڈرامے میں مِلن چیشٹا اور اس کے مارگ میں آنے والی بادھاؤں کے سوا اور کچھ نہ ہوتا تھا۔ نوین ڈرامے میں پریمی کو ویوہارکتا کے پنجرے میں بند کر دیا جاتا ہے۔ رومانس کے لیے جیون میں گنجائش نہیں رہی اور نہ ساہتیہ میں ہی ہے۔ پراچین ڈرامہ جیون انو بھوتیوں کے ابھاو کو رومانس سے پورا کیا کرتا ہے؛ نیا ڈرامہ انو بھوتیوں سے مالا مال ہے، پھر وہ کیوں رومانس کا آشرے لے کر منشیہ جس وستو میں سب سے زیادہ انوراگ ہے، وہ منشیہ ہے، اور خیالی یعنی آکاش گامی منشیہ نہیں بلکہ اپنے ہی جیسا سادھارن بل اور بدھی والا منشیہ۔ نوین ڈرامہ نے اس ستیہ کو سمجھا ہے اور سپھل ہوا ہے۔ آج کے نایک اور نایکاؤں میں بہت کچھ پریورتن ہو گیا ہے۔ نوین ڈرامہ کا نایک دیوتا اور شششتا کا پتلا نہیں ہوتا اور نہ نایکا لجا نمرتا اور پوِترتا کی دیوی ہے۔ ڈاے بُسٹ

اسی چرتر کے نایک اور نائکا کی سرشٹی کرتا ہے جس سے وہ اپنے وشئے کو سو بھاوک اور سجیو بنانے میں کامیاب ہو سکے۔ نوین ڈرامہ کے پاتر کیول ویکتی نہیں ہوتے، ورن اپنے سمودائے کے پرتی ندھی ہوتے ہیں اور اس سمودائے کی ساری بھلائیاں اور برائیاں ان میں کچھ اُگر روپ میں پرکٹ ہوتی ہیں، شا کی نایکائیں عام طور پر سوچھند اور تیجسوی ہوتی ہیں۔ وے کٹھن سے کٹھن پرستھیوں میں بھی ہمت نہیں چھوڑتیں۔ پریم اپنے ویوہارک ادب میں بہودھا کامکتا کا روپ دھارن کر لیتا ہے۔ نئے ڈرامے میں پریم کا یہی روپ درشایا گیا ہے، سارانش یہ کہ آج کا نایک کوئی آدرش چرتر نہیں ہے اور نہ نائکا ہی۔ نایک کیول وہ چرتر ہے جس پر ڈرامہ کا آدھار ہو۔

نئی ٹریجڈی کا روپ بھی بہت کچھ بدل گیا ہے۔ اب وہ ڈرامہ ٹریجڈی نہیں سمجھا جاتا جو دکھانت ہو۔ سکھانت ڈرامہ بھی ٹریجڈی ہوسکتا ہے۔ اگر اس میں ٹریجڈی کا بھاو موجود ہو، ارتھات سماج کے وبھنن انگوں کا سنگھرش دِکھایا گیا ہو۔ کتنی ہی باتیں جو دکھ جنک سمجھی جاتی تھیں اس سے سادھارن سمجھی جاتی ہیں۔ یہاں تک کہ کبھی کبھی تو سو بھاوِک تک سمجھی جانے لگی ہیں۔ پھر ناٹک کار ٹریجڈی کہاں سے اتپن کرے؟ پرش کا پتنی تیاگ ٹریجڈی کا ایک اچھا وِشئے تھا؛ لیکن آج کی ہیروئن جاتے سمے پتی کے منہ پر تھوک کر ہنستی ہوئی چلی جائے گی اور پتی دیو بھی منہ پونچھ پونچھ کر اپنی نئی پریمیکا کے تلوے سہلاتے نظر آئیں گے۔ کام پرسنگوں کا ایسا وبھتس چترن بھی کسی کے کان نہیں کھڑے کرتا۔ جس پر پہلے لوگ آنکھیں بند کر لیتے تھے۔ تین اُنک کے ڈراموں کا بھی دھیرے دھیرے بہشکار ہو رہا ہے۔ آج ڈرامے تو ایک ہی اُنک کے ہوتے ہیں۔ اُپنیاس کی مورت اس کے لکھو روپ کہانی سے کچھ ملتی ہے۔ ڈرامے بھی اب ایک ایکٹ کے ہونے لگے ہیں۔ جو دو ڈھائی گھنٹوں میں سماپت ہو جاتے ہیں۔

(ہنس مئی 1935)

ساہتیہ میں بدھی واد

ساہتیہ سمّیلن کی ساہتیہ پریشد میں شری لکشمی نارائن مشر نے اس وِشے پر ایک سارگربھت (1) بھاشن دیا، جس میں وچار کرنے کی بہت کچھ سامگری ہے۔ اس میں ادھکانش جو کچھ کیا گیا ہے اس سے تو کسی کو انکار نہ ہوگا۔ جب ہمیں قدم قدم پر بدھی کی ضرورت پڑتی ہے، اور بدھی کو طاق پر رکھ کر ہم ایک قدم بھی آگے نہیں رکھ سکتے، تو ساہتیہ کیوں کر اس کی اُپیکشا کرسکتا ہے؟ لیکن جیون میں ہر ایک دیاپار کو اگر بدھی واد کی عینک لگا کر ہی دیکھیں، تو شاید جیون دوبھر ہو جائے۔ بھاؤ کتا کو سیدھے راستے پر رکھنے کے لیے بدھی کی ستانت آوشکتا ہے۔ نہیں تو آدمی سنکٹوں میں پڑ جائے گا۔ اسی طرح بدھی پر بھی منو بھاؤں کا نینترن رہنا ضروری ہے، نہیں تو آدمی جانور ہو جائے، بلکہ راکشش ہو جائے۔ بدھی واد ہر ایک چیز کو اپیوگیتا کی کسوٹی پر پرکھتا ہے۔ بہت ٹھیک' اگر ساہتیہ کا جیون میں کوئی اپیوگ نہیں ہو تو وہ ویرتھ کی چیز ہے۔ وہ اپیوگ اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ وہ جیون کو زیادہ سکھی سپھل بنائے۔ جیون کی سمسیاؤں کو سلجھانے میں مدد دے یا جیندر جی کے شبدوں میں، پرکرتی اور جیون میں سامنجسیہ (2) اتپن کرے۔ کوری بھاوکتا یدی یہ سامنجسیہ نہیں پیدا کر سکتی تو شاید کورا بدھی واد بھی نہیں کر سکتا۔ دونوں کا سمنوے (3) ہونے سے ہی وہ ایکتا پیدا ہو سکتی ہے۔ سچ پوچھیے تو کلا اور ساہتیہ بدھی واد کے لیے اُپیوکت ہی نہیں۔ ساہتیہ تو بھاوکتا کی وستو ہے۔ بدھی واد کی یہاں اتنی ہی ضرورت ہے کہ بھاوکتا بے لگام ہو کر دوڑنے نہ پائے۔ ویراگیہ واد میں دکھواد اور نراشا واد، یہ سب جیون بل کو کم کرنے والی چیزیں ہیں اور ساہتیہ پر ان کا آدھپتیہ ہو جانا جیون کا دربل کر دے گا۔ اگر اسے بے لگام دوڑنے دیا گیا۔ بجلی کی ہمیں اتنی ہی ضرورت ہے کہ مشین چلتی رہے؛ اگر کرنٹ زیادہ تیز ہو گیا تو گھاتک ہو جائے گا۔ دال میں گھی ضروری چیز ہے۔ ایک چمچ اور پڑ جائے تو اور بھی اچھا، لیکن گھی پی کر تو ہم نہیں رہ سکتے۔ متھرا میں کچھ ایسے جنتو پائے جاتے ہیں جو گھی کے لودے کے لودے کھا جاتے ہیں:

1۔ بے مغز 2۔ تعلق 3۔ تال میل

لیکن اس میں بھی وہ خوب شکر ملا لیتے ہیں ورنہ ان کی بھسمک جٹھ راگنی بھی جواب دے جائے۔ بدھی واد (1) کا آچار یہ برناڈ شا بھی تو اپنے ناٹکوں میں ہاسیہ، ویَنگیہ اور چٹکیوں کی چاشنی ملاتا ہے۔ وہ زبان سے چاہے کتنا ہی بدھی واد کی بانگ لگائے مگر بھاوکتا اس کے پور پور میں بھری ہوئی ہے۔ ورنہ وہ کیوں رولس رائس کار پر سوار ہوتا؟ کیا معمولی بے بی آسٹین سے اس کا کام نہیں چل سکتا تھا؟ اس کے بدھی واد پر مسز شا کی بھاوکتا کا ملمع نہ ہوتا تو شاید آج وہ پاگل خانے کی ہوا کھاتا ہوتا۔ منشیہ میں نہ کیول بدھی ہے، نہ کیول بھاوکتا۔ وہ ان دونوں کا سمشرن (2) ہے۔ اس لیے آپ کے ساہتیہ میں بھی ان دونوں کا سمیشرن ہونا چاہیے۔ بدھی واد تو کہے گا کہ رس ایک ویرتھ کی چیز ہے، پریم اور دیوگ، کرودھ اور موہ، دیا اور شیل یہ سب اس کی نظر میں ہیں وہ تو کیول نیائے اور وچار کو ہی جیون کا سروسو سمجھتا ہے۔ اس کا منتر لے کر ہماری مانوتا اتنی چھین ہو جائے گی کہ ہوا سے اڑ جائے۔ ایک اداہرن لیجیے۔

ایک مسافر کو ڈاکوؤں نے گھیر لیا ہے۔ اگر سنسار میں سمسٹی واد کا راج ہو گیا ہے، تو نشچے روپ سے ڈاکو نہ ہوں گے۔ تو ایک دوسرا اداہرن لیجیے ایک استری کو کچھ لمپٹوں نے گھیر لیا ہے۔ سمسٹی واد بھی لمپٹوں کا انت نہیں کر سکتا۔ اسی وقت ایک مسافر ادھر سے آنکلتا ہے۔ بھاوکتا کہتی ہے۔ بھگا دو ان بدمعاشوں کو اور اس دیوی کا اُدّھار کرو۔ بدھی واد کہے گا۔ میں اکیلا ان پانچ بدمعاشوں کا کیا مقابلہ کروں گا! ویرتھ میں میری جان بھی جائے گی۔ لمپٹ لوگ استری کی ہتیا نہ کریں گے لیکن میرا تو خون ہی پی جائیں گے۔ یہاں بھاوکتا ہی مانوتا ہے۔ بدھی واد کائرتا ہے' دربلتا ہے۔ پریم کے آڈمبروں کو نکال دیجیے تو وہ کیول سنتان اتپتی کی اِچھا ہے۔ مگر شاید بابا آدم نے بھی بی بی حوّا سے سیدھے سیدھے یہ نہ کہا ہوگا۔ میں تم سے سنتانوتپتی کرنا چاہتا ہوں اس لیے تم میرے پاس آؤ۔ انھیں بھی کچھ نہ کچھ ناز برداری کرنی پڑی ہوگی۔ اگر برج بھاشا والوں کا رتی ورنن گھرناسپد (3) ہے تو بدھی واد کا یہ لکڑ توڑ انوروودھ بھی ننگی بربرتا ہے۔ پھر اس بدھی واد کو لکھ کر ہی کیا کیجیے جب کوئی اسے پڑھے ہی نہیں۔ ابھی کسی بدھی وادی ساہتیک ڈکٹیٹر کا راج تو ہے نہیں کہ وہ چھاپا واد کو دفعہ 124 کے اندر لے لے، آپ جنتا تک تبھی پہنچ سکتے ہیں جب آپ اس کے منو بھاؤں کو اسپرش کر سکیں۔ آپ کے ناٹک یا کہانی میں اگر بھاوکتا کے لیے رس نہیں ہے، کیول مستشک کے لیے سوکھا بدھی واد ہے تو ناٹک کار اور نٹوں کے سوا ہال میں کوئی درشک نہ ہوگا۔ ہنسنا اور رونا بھی تو بھاوکتا ہی ہے۔ بدھی کیوں روئے؟ رونے سے مردہ جی نہ اٹھے گا۔ اور ہنسے بھی کیوں؟ جو چیز ہاتھ آ گئی ہے وہ ہنسنے سے زیادہ قیمتی نہ ہو جائے گی۔ ایسا سوکھا ساہتیہ اگر امرت بھی ہو تو پڑا پڑا بھاپ بن کر اڑ جائے

1۔ تعقلیت 2۔ مرکب 3 ۔ قابل نفرت۔ کراہت انگیز

گا۔ ساہتیہ میں جیون بل کی کھمتا ہونی چاہیے یہاں تک تو ہم آپ کے ساتھ ہیں؛ لیکن بدھی واد ہی یہ جیون بل دے سکتا ہے، منو بھاؤں دوارا یہ شکتی مل ہی نہیں سکتی، یہ ہم نہیں مانتے۔ آدرش ساہتیہ وہی ہے جس میں بدھی اور منو بھاؤں دونوں کلاتمک سمشرن ہوئے بدھی کے لیے درشن ہے، شاشتر ہے، وگیان ہے اور انت گیان گمبھیر ہے۔ کیا وہ ساہتیہ اور کلا میں بھی منو بھاؤں' منو ویگوں کو نہیں رہنے دینا چاہتا۔

(ہنس مئی 1935)

ساہتیہ اور فلم

ہم نے گت ماس کے لیکھیک میں سنیما اور ساہتیہ شیرشک سے ایک چھوٹا سا لیکھ لکھا تھا۔ جس کو پڑھ کر ہمارے متر شری نروتم پرساد جی ناگر سمپادک 'رنگ بھوی' نے ایک پرتی واد لکھ بھیجنے کی کرپا کی ہے۔ ہم اپنے لیکھ کو لیکھک سے یہاں نقل کر رہے ہیں تاکہ پاٹھکوں کو معلوم ہو جائے کہ ہمارے اور نروتم داس جی کے وچاروں میں کیا انتر ہے۔ پاٹھک سُیم اپناٹر نے کر لیں گے۔ ناگر جی کا میں کرتگیہ ہوں، کہ انھوں نے اس لکھ کو پڑھا اور اس پر کچھ لکھنے کی ضرورت سمجھی۔ وہ خود سنیما کے سدھار کے سمرتھک ہیں اور برسوں سے یہ آندولن کر رہے ہیں۔ اس لیے اس وشے پر انھیں سمّتی دینے کا پورا ادھکار ہے ہم ان کے پرتی واد کو بھی جیوں کا تیوں دے رہے ہیں۔

اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ جب سے سنیما سَواک (1) ہو گیا ہے وہ ساہتیہ کا انگ ہو گیا ہے اور ساہتیہ سیویوں کے لیے کاریہ کا ایک نیا چھیتر کھل گیا ہے۔ ساہتیہ بھاؤں کو جگاتا ہے۔ سنیما بھی بھاؤں کو جگاتا ہے اس لیے وہ بھی ساہتیہ ہے۔ لیکن پرشن یہ ہوتا ہے۔ کیسے بھاووں کو؟ ساہتیہ وہ ہے جو اونچے اور پوتر بھاووں کا جگائے جو سندر کو ہمارے سامنے لائے۔ اگر کوئی پستک ہماری پشو بھاوناؤں کو پربل کرتی ہے تو ہم اسے ساہتیہ میں استھان نہ دیں گے۔ پارسی اسٹیج کے ڈراموں کو ہم نے ساہتیہ کا گورو نہیں دیا۔ اس لیے کہ سندرم کا جو ساہتیک آدرش اَویکت روپ سے ہمارے من میں ہے، اس کا وہاں کہیں پتہ نہیں تھا۔ ہولی اور کجلی اور بارہ ماسے کی ہزاروں پستکیں آئے دن چھپا کرتی ہیں؛ ہم انھیں ساہتیہ نہیں کہتے۔ ساہتیہ میں بھاووں کی جو اُچتا، بھاشا کی جو پروڑھتا اور اسپشٹتا، سندرتا کی جو سادھنا ہوتی ہے وہ ہمیں وہاں نہیں ملتی ہمارا خیال ہے کہ ہمارے چترپٹوں میں بھی وہ بات نہیں ملتی۔ ان کا اُدیشیہ کیول پیسہ کمانا ہے۔ سوروچی یا سندرتا ہے انھیں کوئی پریوجن (2) نہیں۔ وہ جنتا کو وہی چیز دیں گے جو وہ مانگتی ہے۔ دیا پار دیا پار ہے۔

1۔ بولتی فلم 2۔ غرض

وہاں اپنے کے سوا کسی اور بات کو دھیان کرنا ہی ورجت ہے۔ ویاپار میں بھاو کتا آئی اور ویاپار نشٹ ہوا۔ وہاں تو جنتا کی روچی پر دھیان رکھنی پڑتی ہے۔ اور چاہے سنسار کا سنچالن دیوتاؤں کے ہی ہاتھوں میں کیوں نہ ہو، منشیہ پر نمن منووریتیوں کا راج ہوتا ہے۔ اگر آپ ایک ساتھ دو تماشوں کی ویوستھا کریں۔ ایک تو کسی مہاتما کا ویاکھیان ہو، دوسرا کسی ویشیا کا نرتیہ، تو آپ دیکھیں گے کہ مہاتما جی تو خالی کرسیوں کو اپنا بھاشن سنا رہے ہیں اور ویشیا کے پنڈال میں تل رکھنے کی جگہ نہیں۔ منہ میں رام بغل میں چھری والی کہاوت جتنی ہی لوک پریہ ہے، اتنی ہی ستیہ بھی ہے، وہی بھولا بھالا ایماندار گوالا، جو ابھی ٹھاکر دوارے سے چنا امرت لے کر آیا ہے، بغیر کسی جھجک کے دودھ میں پانی ملا دیتا ہے، وہی بابو جی جو کوی کی ایک سکتی پر سر دھن رہے تھے، اوسر پاتے ہی ایک ودھوا سے رشوت کے دو روپیے بغیر کسی جھجک کے لے کر جیب میں داخل کر لیتے ہیں۔ اپنیاس میں بھی زیادہ پرچار ڈاکے اور ہتیا سے بھری ہوئی پستکوں کا ہوتا ہے۔ اگر پستکوں میں کوئی ایسا استھل ہے جہاں لیکھک کے سنیم کی لگام ڈھیلی کر دی ہو تو اس استھال کو لوگ بڑے شوق سے پڑھیں گے اور اس پر لال نشان بنائیں گے، اس پر متروں سے بحث مباحثہ کریں گے۔ سنیما میں بھی وہی تماشے خوب چلتے ہیں جن سے نمن بھاوناؤں کی وِشیش ترپتی ہو۔ وہی سجن جو سنیما کی کورو چی کی شکایت کرتے پھرتے ہیں، ایسے تماشوں میں سب سے پہلے بیٹھے ملتے ہیں، سادھو تو گلی گلی بھیک مانگتے ہیں، پر ویشیاؤں کو بھیک مانگتے کسی نے نہیں دیکھا ہوگا۔ اس کا آشے یہ نہیں کہ یہ بھیک منگے سادھو ویشیاؤں سے اونچے ہیں۔ لیکن جنتا کی درشٹی میں وے شردھا کے پاتر ہیں۔ اس لیے ہر ایک سنیما پروڈیوسر چاہے وہ سماج کا کتنا بڑا ہتیشی کیوں نہ ہو، تماشے میں نیچی منووریتیوں کے لیے کافی مسالا رکھتا ہے نہیں تو اس کا تماشا ہی نہ چلے۔ بمبئی کے ایک پروڈیوسر نے اونچے بھاووں سے بھرا ہوا ایک کھیل تیار کیا، مگر بہت ہائے ہائے کرنے پر بھی جنتا اس کی اور آکرشت نہیں ہوئی۔ ''پاس'' کے اندھا دھند وتر ن سے روپیے تو نہیں ملتے۔ آمترت سجنوں اور دیویوں نے تماشا دیکھ کر مانو پروڈیوسر پر احسان کیا اور بکھان کر کے مانو اسے مول لے لیا۔ اس نے دوسرا تماشا جو تیار کیا، وہ وہی بازارو ڈھنگ کا تھا اور وہ خوب چلا، پہلے تماشے سے جو گھاٹا ہوا تھا، وہ اس دوسرے تماشے سے پورا ہو گیا۔ جس شوق سے لوگ شراب اور تاڑی پیتے ہیں، اس کے آدھے شوق سے دودھ نہیں پیتے۔ ساہتیہ دودھ ہونے کا دعوے دار ہے، سنیما تاڑی یا شراب کی بھوک کو شانت کرتا ہے۔ جب تک ساہتیہ اپنے استھان سے اتر کر اور اپنا چولا بدل کر شراب نہ بن جائے۔ اس کا وہاں نِروا نہیں۔ ساہتیہ کی سنک ہے وہ بھی کورو چی کی اور جانا سویکار نہ کرے گا۔ مریادا کی بھاونا اس کا ہاتھ پکڑے رہتی ہے۔ البتہ ہمارے ساہتیہ کاروں کے لیے جو سنیما میں ہیں

وہاں کیول اتنا ہی کام ہے کہ وہ ڈائرکٹر صاحب کے لکھے ہوئے گجراتی، مراٹھی اور انگریزی کتھوپکتھن کو ہندی میں لکھ دیں۔ ڈائرکٹر جانتا ہے کہ سنیما کے لیے جس رچنا کلا کی ضرورت ہے وہ لیکھکوں میں مشکل سے ملے گی؛ اس لیے وہ لیکھکوں سے کیول اتنا ہی کام لیتا ہے جتنا وہ بنا کسی ہانی کے لے سکتا ہے۔ امریکا اور انیہ دیشوں میں بھی ساہتیہ اور سنیما میں سامنجسیہ نہیں ہوسکا اور نہ شاید ہی ہوسکتا ہے۔ ساہتیہ جن روچی کا پتھ پردرشک ہوتا ہے اس کا انوگامی نہیں۔ سنیما جن روچی کے پیچھے چلتا ہے، جنتا جو کچھ مانگے وہی دیتا ہے ساہتیہ ہماری سندر بھاونا کو اسپرش کر کے ہمیں متوالا بناتا ہے، اور اس کی دوا پروڈیوسر کے پاس نہیں۔ جب تک ایک چیز کی مانگ ہے، وہ بازار میں آئے گی۔ کوئی اسے روک نہیں سکتا۔ ابھی وہ زمانہ بہت دور ہے جب سنیما اور ساہتیہ کا ایک روپ ہوگا۔ لوک روچی جب اتنی پرشکرت ہو جائے گی کہ وہ نیچے لے جانے والی چیزوں سے گھرنا کرے گی تبھی سنیما میں ساہتیہ کی سوروچی دکھائی پڑسکتی ہے۔

ہندی میں کئی ساہتیہ کاروں نے سنیما پرنشانے لگائے، لیکن شاید ہی کسی نے مچھلی بیدھ پائی ہو۔ پھر گلے میں جے مال کیسے پڑتی؟ آج بھی پنڈت نارائن پرساد 'بیتاب'، منشی گوری شنکر لال اختر، شری ہری کرشن پریمی، مسٹر جمنا پرساد کشیپ، مسٹر چندریکا پرساد شریواستو، ڈاکٹر دھنی رام پریم، سیٹھ گووند داس، پنڈت دواریکا پرساد مسٹر آدی سنیما کی اپاسنا کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ دیکھنا چاہیے، سنیما انھیں بدل دیتا ہے یا یہ سنیما کی کایا پلٹ کر دیتے ہیں۔

''شری نروتم پرساد جی کی چٹھی''

شردھے پریم چند جی،

'لیکھک' میں آپ کا لیکھ ''فلم اور ساہتیہ'' پڑھا۔ اس چیز کو لے کر 'رنگ بھومی' میں اچھی خاصی کنٹراورسی چل چکی ہے۔ رنگ بھومی کے وہ انگ آپ کو بھیجے بھی گئے تھے، پتہ نہیں آپ نے انھیں دیکھا کہ نہیں۔ استو آپ نے سنیما کے سمبندھ میں جو کچھ لکھا ہے وہ ٹھیک ہے۔ ساہتیہ کو جو استھان دیا ہے۔ اس سے بھی کسی کا مت بھید نہیں ہوسکتا۔ نشچے ہی سنیما تاڑی اور ساہتیہ دودھ ہے۔ پر اس چیز کو جنرلائز کرنا ٹھیک نہ ہوگا۔ سنیما کو مات کرنے والے اداہرن بھی اس سے مل جائیں گے۔ ایک نہیں انیک۔ اور ایسے ویکتیوں کے جن کو ساہتیہ سنسار نے رِکگنائز نائز کیا ہے۔ اور تو اور، پاٹھیہ کورس تک میں جن کی پستکیں ہیں۔ اپنے سمرتھن میں مہاتما گاندھی کے وے واکیہ اُدّھرت کرنے ہوں گے۔ جو کہ انھوں نے اندور ساہتیہ سمیلن کے سبھاپتی کی حیثیت سے کہے ہیں؟ لیکن پریکٹس کم پر ماڑم۔ یہی بات سنیما کے ساتھ ہے۔ سنیما کے ساتھ تو ایک اور بھی گڑبڑ ہے۔ وہ یہ کہ وہ بدنام ہے۔ آپ کے ہی شبدوں میں، بھِک منگے سادھو

ویشیاؤں سے اچھے نہ ہوتے ہوئے بھی شردھا کے پاتر ہیں۔اس لیے نا ٹریبل ہیں یا اتنے وِیرودھ کے پاتر نہیں ہیں، جتنی کہ ویشیائیں‘‘۔اسی تُرک شیلی کو لے کر آپ سِدھ کرتے ہیں کہ سنیما تاڑی ہے اور ساہتیہ دودھ۔تاڑی تاڑی ہے اور دودھ دودھ۔آپ نے ان دونوں کے درمیان ایک ویل مارکڈ اینڈ ویل ڈیفائنڈ لائن آف ڈیفرنس کھینچ دی ہے۔

میرا آپ سے یہاں سِدھانتک مت بھید ہے۔میرا خیال ہے کہ یہ وچار دھارا ہی غلط ہے جو اس طرح کی ترک شیلی کو لے کر چلتی ہے۔کبھی زمانہ تھا جب اس ترک شیلی کا زور تھا، سراہنا تھی، پر اب نہیں ہے۔اس چیز کو ہمیں اکھاڑ پھینکنا ہی ہوگا۔

ایک جگہ آپ کہتے ہیں۔’’ساہتیہ کا کام جنتا کے پیچھے چلنا نہیں اس کا پتھ پردرشک بننا ہے‘‘ آگے چل کر آپ سادھوؤں اور ویشیاؤں کی مثال دیتے ہیں۔’’سادھو ویشیاؤں سے اچھے نہ ہوتے ہوئے بھی جنتا کی شردھا کے پاتر ہیں‘‘۔یہاں آپ جنتا کی اس شردھا کو اپنے سمرتھن میں آگے کیوں رکھتے ہیں؟

آپ نے جو ساہتیہ کے ادیشیہ گنائے ہیں، انھیں پورا کرنے میں سنیما ساہتیہ سے کہیں آگے جانے کی چھمتا رکھتا ہے۔یوٹیلٹی کے درشٹی کون (1) سنیما کی آپیوگیتا کو پاتروں کے ہاتھوں میں پڑ کر درو پیوگیتا میں پریرت ہو رہی ہے۔اس میں دوش سنیما کا نہیں، ان کا ہے جن کے ہاتھ میں اس کی باگ ڈور ہے۔ ان سے بھی ادھک ان کا ہے جو اس چیز کو برداشت کرتے ہیں۔برداشت کرنا بھی برا نہیں ہوتا، یدی اس کے ہاتھ مجبوری کی شرط نہ لگی ہوتی۔

گلے میں جے مالا پڑنے کی بات بھی بڑے مزے کی ہے۔’’کتنے ہی ساہتیکوں نے نشانے لگائے، پر شاید ہی کوئی مچھلی بیدھ پایا ہو۔جے مال گلے میں کیسے پڑتی‘‘؟ بہت خوب! جس چیز کے لیے ساہتیکوں نے سنیما پر نشانے لگائے، وہ چیز کیا انھیں نہیں ملی۔اپواد کو چھوڑ کر؟ آپ یا کوئی اور ساہتیک یہ بتانے کی کرپا کریں گے کہ سنیما میں پردیش کرنے والے ساہتیکوں میں سے ایسا کون ہے، جس کے سنیما پردیش کا مکھیہ ادیشیہ سنیما کو اپنے رنگ میں رنگنا رہا ہو؟ کیا کسی بھی ساہتیک نے سیر و یلی اس اور کچھ کام کیا ہے؟ پھر جے مال گلے میں کیسے پڑی؟ مانا کی ساہتیہ سنسار میں جے مال اور سمراٹ کی اپادھیاں ٹکے سیر بکتی ہیں؛ لیکن بھی جگہ تو ان چیزوں کا یہی بھاؤ نہیں ہے۔پہلے سنیما جگت کو کچھ دیجیے، یوں ہی گلے میں جے مال پڑ جائے؟ یا صرف ساہتیک ہونا ہی گلے میں جے مال پڑنے کی کوالیفکیشن ہے؟

آپ بمبئی میں رہ چکے ہیں۔سنیما جگت کی آپ نے جھانکی بھی لی ہے۔آپ کو یہ بتانے کی آوشیکتا

1۔نظریہ

نہیں کہ ہمارے ساہتیک بھی اپنی فلموں میں زر دِشٹ روچی کا ساویش کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں رہے ہیں۔ یا کہیں کہ آگے ہی بڑھ گئے ہیں۔ اوروں کو چھوڑ دیجیے، وے ساہتیک بھی جو کہ ایک طرف سے کمپنی کے سرو ے سروا ہیں، اپنی فلموں میں دو سولڑ کیوں کے نام رکھنے سے باز نہیں آئے، جو کہ بضد تھے کہ تالاب سے پانی بھرنے والے سین میں، ہیروئن انڈر رویئر نہ پہنے، ہیرو آئے، اس سے چھیڑ خانی کرے اور اس کا گھڑا چھین کر اس پر ڈال دے۔ بدن پر انڈر رویئر نہیں وستر بھیگے، بدن سے چپکے، اور نگنتا کا پردرشن ہو۔ یہ سوجھ انھیں ساہتیکوں میں سے ایک کی ہے جن کے کہ آپ نے نام گنائے ہیں......... لیکن مجھے یہ کہنا چاہیے کہ اس میں ساہتیک کا دوش ذرا بھی نہیں ہے..... اور ایسی بلیک شیپ میںٹلٹی ساہتیک کیا اور سنیما کیا، سبھی جگہ مل جائے گی۔

آپ نے اپنے لیکھ میں ہولی، بجلی اور بارہ ماسے کی پستکوں کا ذکر کیا ہے۔ ان چیزوں کو ساہتیک نہیں کہا جاتا یا ساہتیک انھیں رکگنائز نہیں کرتے، یہ ٹھیک ہے۔ لیکن ان کا اَستو ہے اور جس پریرنا یا امنگ کو لے کر انیہ کلاؤں کا سرجن ہوتا ہے۔ انھیں اپنے سے الگ رکھنا بھی سوبھاوک ہے۔ یوٹیلیٹی کے ویکتی گت درشٹی کون سے۔ اسی طرح کیا آپ نے کبھی یہ جاننے کا کشٹ کیا ہے کہ سنیما جگت میں کلاسیز اینڈ ماسیز۔ دونوں کی ہی اور سے کون کون سی کمپنیوں، ڈائرکٹروں اور فلموں کو رکگنائز کیا جاتا ہے؟ بھارت کی مانی ہوئی یا سرو شریشٹھ (1) کمپنیاں کون سی ہیں کہ پوچھنے پر آپ کو اُتر ملے گا۔ پربھات، نیوتھیٹرس اور رنجیت۔ ڈائرکٹروں کی گنتی میں شانتارام دیوکی بوس اور چندولال شاہ کے نام سنائی دیں گے۔ تب پھر آپ کا یا کسی بھی ویکتی کا، جو بھی فلم یا کمپنی سامنے آجائے اسی سے سنیما پر ایک سلشنگ فتویٰ دینا کہاں تک سنگت ہے، یہ آپ ہی سوچیں۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ کوئی آدمی کسی لائبریری میں جاتا ہے۔ جس پستک پر ہاتھ پڑتا ہے، اسے اُٹھالیتا ہے اور پھر اسی کے آدھار پر فتویٰ دے دیتا ہے کہ ہندی میں کچھ نہیں ہے، نرا کوڑا ابھرا ہے۔ کیا آپ اس چیز کو ٹھیک سمجھتے ہیں؟

اب دو ایک شبد آپ کے مادک یا متوالا واد پر بھی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کیول یوٹیلیٹیرین اینڈس کی درشٹی سے لکھا گیا ساہتیہ ہی ساہتیہ ہے، ایسا کہنا ٹھیک نہیں۔ ایسی رچنا کرنے کے لیے ساہتیہ سے ادھک پروپگینڈسٹ ہونے کی ضرورت ہے۔ اتنا ہی نہیں ان اینڈس کو پورا کرنے کے لیے انیہ سادھن موجود ہیں، جو ساہتیہ سے کہیں ادھک پربھاوشالی ہے۔ تب پھر ساہتیہ کے استھان پر ان سادھنوں کو پریفرنس کیوں نہ دیا جائے؟ اسے بھی چھوڑیئے۔ یوٹیلیٹیرین اینڈس کو اپنانے میں کوئی حرج نہیں۔ انھیں اپنانا

1۔ بہترین

چاہیے۔ لیکن کیا سچ مچ میں سیکس اپیل اتنا بڑا ہوا ہے جتنا کہ اسے بتا دیا گیا ہے؟ کیا سیکس اپیل سے آپ آپ کو، اپنی رچناؤں کو، پاک رکھا جا سکتا ہے؟ پاک رکھنا کیا سوبھاوک اور جیو ہوگا؟ اپواد کے لیے گنجائش چھوڑ کر میں آپ سے پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کسی بھی ایسی رچنا کا نام بتائیں جس میں سیکس اپیل نہ ہو، سیکس اپیل بری چیز نہیں ہے؛ وہ تو ہونی ہی چاہیے۔ لوہا تو ہمیں اس منورتی سے لینا ہے، جو سیکس اپیل اور سیکس پردرشن میں کوئی بھید نہیں سمجھتی۔

ماں، آؤ! لیکن دیکھو، جیسے اور اور دفعے آکر چپ چاپ چلی جایا کرتی تھیں، اس بار بھی ویسا ہی مت کرنا، اس بار تمھاری دی ہوئی پتاکا ہمارے راشٹر کے گورو مندر پر پھہرائے گی۔ اور پھہرائے گی اسی شان کے ساتھ، جس شان کے ساتھ آریہ پتروں کی وجے وَیجینتی پھہرایا کرتی ہے۔ ہم گرو نہیں کرتے ماں، سچ کہتے ہیں، اس بار باپو کی تپسیا وجے نے، ان کی وجے کے اُلاس نے، ہمارے بھیتر وہ ابھنو (6) آشا بھر دی ہے، وہ امر وشواس جگا دیا ہے، جو اجھوت پورو ہے۔ وشو بھر کی پیڑاؤں کو پرشرے دینے والے، اس پتودھن کی ویدنا کے آلوک (7) میں آج ہم اپنے آپ کو دیکھ رہے ہیں، پہچان رہے ہیں، سمجھ رہے ہیں، اسی لیے، اس بار تمھارا سواگت کرتے ہوئے ہمارے ہردے میں اُلاس کی دیگوتی دھارا بڑی اُمڈ رہی ہے، ہرش کی ہلوریں اٹھ رہی ہیں۔

شکتی دائینی ماں! ہماری ویدنا کی انوبھوتی میں وہ شکتی بھر دو، جس سے وشو بھر کے پاشوک سکھ دانوں کا سنہار (8) ہو جائے۔ ور دو! ہمیں وہ ور دو، جسے پا کر ہم کیول اپنے راشٹر کا نہیں، سنسار کے سمست راشٹروں کا ابھیشاپ مٹا سکیں۔ سکھ دو! ہمیں سہ سکھ دو، جسے پا کر ہم کسی ایسے سکھ کی کامنا کریں جو دکھیوں کے دکھ کی اُپیکشا کرنے والا ہے۔ اکھیے ہم میں وہ نربھیتا بھر دو، جو اسہائے اور اپدشتھ (9) پرانیوں کے آگے گھٹنے ٹیکنا سکھاتی ہے اور اتیاچاریوں کے آگے تن کر ٹوٹ جانا۔ وجیے! ہمارے اہنکار کا شے (10) کر کے ہمیں وہ وجے دو، جسے پا کر ہم اپنے جیون سنگرام کا گورو بڑھا سکیں، اپنی سنیہہ مٹی جننی کے سچے سپوت کہلا سکیں۔ آؤ، ماں، آؤ! ہمیں اپنی پوجا کے پشپ بنا لو۔

جاگرن، 12/اکتوبر، 1932

1۔ لافانی 2 ۔ ماورائی قوت 3۔ جاندار سے متعلق یا ان سے پیدا 4 ۔ خواہش کی عدم تکمیل 5۔ تابناک، چمکتا ہوا
6۔ تازہ، نیا 7 ۔ روشنی، فلسفہ 8۔ خاتمہ 9 ۔ بے بس 10 ۔ زوال، فنا

بھارتیہ کرکٹ ٹیم کی واپسی

بھارتیہ کرکٹ ٹیم دگ وجے کر کے لوٹ آئی۔ یدپی اسے اتنی شاندار کامیابی نہیں ہوئی، جتنی بھارتیہ ہاکی ٹیم کو ہوئی، پھر بھی اس نے انگلینڈ کو دکھایا کہ بھارت کھیل کے میدان میں بھی نگنیہ (1) نہیں ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اوسر ملنے پر بھارت والے دنیا کو مات دے سکتے ہیں، جیون کے ہر یک شیتر میں۔ کرکٹ میں انگلینڈ والوں کو گرو ہے۔ اس گرو کو اب کی بڑا دھکا لگا ہوگا۔ ہرش کی بات ہے کہ وائسرائے نے ٹیم کو سواگت کا تار دے کر سجنتا کا پریچے دیا۔

جاگرن، 12/اکتوبر 1932

کراچی سے مدراس تک ہوائی ڈاک

اب کراچی سے بمبئی ہوتے ہوئے مدراس تک ہوائی جہاز سے ڈاک لے جانے کا پربندھ کیا گیا ہے۔ مسٹر ٹاٹا اس ہوائی ڈاک کے ٹھیکے دار ہیں۔ اس ڈاک کے لیے دو آنا فی پیکیٹ اَدھِک محصول دینا پڑے گا۔

جاگرن، 26/اکتوبر 1932

1۔ ناقابل شمار، ناقابل اعتنا

شَیل بالا

اب کی دہلی میں مجھے 'شیل بالا' ناٹک بولتی ہوئی فلم دیکھنے کا سنیوگ ہوا۔ 'بیتاب' جی کا ڈراما ہے، گوہر جیسے مشہور اسٹار کی ایکٹنگ ہے، نایک کا پارٹ بھی کوئی بمبئی کا مشہور ایکٹر کرتا ہے۔ میں بڑی آشا لے کر ہتر ڈر پروفیسر اندر اور جینیندر کے ساتھ تماشہ دیکھنے گیا۔ اپستھتی (1) بری نہ تھی ڈرامہ شروع ہوا۔ ایک دیوکمار اور تاپسی کنیا کی پریم کہانی ہے۔ دونوں کا پریچے ہوتا ہے پہلی نظریں دونوں پریم کے تیر سے بندھ جاتے ہیں۔ اس کے بعد والے سین میں شیل بالا زمین کی بالو میں کچھ ٹٹولتی دکھائی دیتی ہے۔ اسی وقت دیوکمار بھی اس کی ٹوہ میں آ پہنچتا ہے۔ وہ شیل بالا کو بالو ٹٹولتے دیکھ کر پوچھتا ہے۔ ''تم کیا کر رہی ہو؟'' شیل بالا کہتی ہے۔ ''اپنا دل ڈھونڈھ رہی ہوں''۔ بس، دیوکمار بھی وہیں بیٹھ جاتا ہے اور بالو سمیٹنے لگتا ہے۔ دونوں کئی منٹ بالو ٹٹولنے کے بعد گیتوں میں سوال جواب کرتے ہیں۔ واہ! کیا غزل ہے۔ اڑا ہوگا، کھڑا ہوگا، پڑا ہوگا، گڑھا ہوگا، اس غزل کا قافیہ ہے۔ بس ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی پانچویں درجے کا پارسی ناٹک دیکھ رہا ہوں۔ وہی نیرس تک بندی، وہی بھاؤ ہین (2)، بکر ترم شعر گوئی۔ میں نہیں سمجھتا تھا کہ ایک کوِتو سے (3) بھاؤ کی ایسی مٹی خراب کی جا سکتی ہے، اور اس ناٹک کار کے ہاتھوں، جس نے ناٹک لکھنے اور لکھانے میں زندگی بتائی ہے۔ کھوئے ہوئے دل کو زمین کی دھول بٹور بٹور کر کھوجنا، مانو روپے گر گئے ہوں، کتنی لچر بھاؤنا ہے!

یہ درشید دیکھ کر آگے کیا ہونے والا ہے، اس کے لیے مجھے اُتسکتا نہیں رہی، اور میرا انومان بالکل ٹھیک نکلا۔ کیا ایکٹنگ، کیا گانا، کیا سمبھاشن (4)، کیا کتھانک، کیا کویتا، کسی لحاظ سے بھی اس ڈرامے کوئی تعریف کرنے قابل بات نہیں ہے۔ شیل بالا ایک جگہ اپنے عاشق کو دیکھ کر مارے خوشی کے پاگل ہو جاتی ہے اور مندر میں پوجا کرتے سے اچھل اچھل کر لگاتار چھت سے لٹکتے ہوئے گھنٹوں کو بجاتی ہے۔ ایک بار

1۔ حاضری 2۔ بے رنگ، بے جذبہ 3۔ شاعرانہ 4۔ مکالمہ

نہیں، دو بار نہیں، تین بار نہیں۔ لگاتار کئی منٹ تک یہی اُنمت (1) کریڑا ہوتی رہتی ہے اور یہ بات بھی نہیں کہ اس نے عاشق صاحب کے لیے کچھ بہت تپسیا کی ہو۔ پرایہ روز ہی تو ملاقات ہوتی ہے، پرشیل بالا مارے آنند کے پاگل ہو جاتی ہے۔ اورایکٹنگ کی اس سے بدتر مثال سوچی نہیں جا سکتی۔

دیوکمار کے پتا کو جب معلوم ہوتا ہے کہ بیٹا پریم کے تیر سے گھائل ہو گیا، تو وہ اسے شیل بالا سے الگ رہنے کی تاکید کرتا ہے۔ اور اس کی شادی دوسری سندری کنیا سے کرنا چاہتا ہے۔ دیوکمار اپنے پتا سے اس بات پر بگڑ جاتا ہے۔ باپ کی تیوریاں بدلی ہیں۔ انت میں لائق بیٹا باپ کے گال پر زور سے ایک چانٹا کرتا ہے اور بے حیا باپ اس وقت بھی زہر کھا کر نہیں مر جاتا۔ بیٹے کو قید کرا دیتا ہے، لیکن پھر بیٹے کا پریم دیکھ کر شیل بالا سے بیٹے کے دِواہ پر راضی ہو جاتا ہے۔ وِواہ ہو جاتا ہے اس کے بعد سہاگ رات کا لجا سپد درشیہ آتا ہے۔ پلنگ بچھا ہوا ہے۔ اس پر پھول بکھرے ہوئے ہیں عاشق صاحب معشوق کے پیچھے دوڑ رہے ہیں، اور معشوق مارے نزاکت اور شرم کے بھاگا بھاگا پھرتا ہے۔ لاحول ولا قوۃ!

ادھر جس راجکماری سے دیوکمار کا دِواہ ٹھہرا ہوا تھا، وہ شیل بالا کو نیچا دکھانے کے لیے ایک شڑ ینتر رچتی ہے، اور ایک کاپالک کو اس کام کے لیے تیار کرتی ہے۔ کاپالک (6) راجا کے پاس جاتا ہے اور اس کے من پر یہ بھاؤ جما دیتا ہے کہ شیل بالا ڈائن ہے۔ دیوکمار ان دنوں کسی لڑائی پر گیا ہوا تھا۔ کاپالک اپنے آکشیپ (7) کی پشٹی میں نگر کے بچوں کے سر کاٹ کاٹ شیل بالا کے کمرے میں گرا دیتا ہے۔ شیل بالا اس اوسر پر جس طرح چیخ چیخ کر رنواس بھری دوڑتی پھرتی ہے، اس طرح شاید کوئی دہقان لڑکی چلاتی پھرے۔ یہ کچھ نہیں پتا چلتا کہ کاپالک کس طرح نراسن (8) کا یہی ایک اپائے تھا؟ اور بھی بہت سے سوابھاوک اور سرل اپائے ہو سکتے تھے؛ پر کداچت وہ کافی سنسنی پیدا کرنے والے نہیں ہوتے۔ انت میں جب لڑکوں کی جتیا سے شہر میں ہاہاکار مچتا ہے تو راجا اس کی چھان بین کرنے لگتا ہے۔ کاپالک اسی سے آ کر شیل بالا پر دوش آروپت کرتا ہے۔ اس کے کمرے میں کٹے سر بھی نکل آتے ہیں۔ الزام ثابت ہو جاتا ہے۔ شیل بالا پکڑ کر قید کر دی جاتی ہے ادھر دیوکمار لڑائی پر سے لوٹ آتا ہے اور گھر خالی پاتا ہے۔ حال معلوم ہونے پر وہ شیل بالا سے جیل میں ملتا ہے۔ مگر شیل بالا پاگل ہو گئی ہے ہنستی ہے تو ہنستی رہ جاتی ہے، پاگل پن کا درشیہ بھی نہ سوابھاوک ہے، نہ کرونا جنک۔ اب راجکمار کی شادی نئی راجکماری سے ہو جاتی ہے۔ ادھر شیل بالا کو زندہ جلا دینے کا فیصلہ ہوتا ہے وہ چتا پر بیٹھتی ہے۔ آگ لگا دی جاتی ہے، مگر شیل بالا کسی

1۔ پاگل، سنکی 2۔ شیو مذہب کا ایک فرقہ۔ جس کا سادھو کپالک کہلاتا ہے 3۔ الزام 4۔ دربدری

طرح بچ نکلتی ہے اور تپسوی کا روپ دھارن کر لیتی ہے۔ دیو کمار کونئی بیوی سے پریم نہیں ہے۔ شیل بالا کی یاد اسے گھیرے رہتی ہے۔ وہ گھبرا کر گھر سے نکل بھاگتا ہے، جنگل میں تپسوی شیل بالا سے اس کی ملاقات ہو جاتی ہے، اس کے بعد سے انت تک کا تماشا غنیمت ہے۔ مگر کتھا نک میں نہ کوئی مولکتا ہے، نہ ایکٹنگ میں کوئی خوبی، پارسی ناٹکوں میں جو برائیاں تھیں، وہ سبھی بڑھے ہوئے آکار میں یہاں بھی موجود ہیں۔ ایسے تماشیوں سے تو یہ کہیں اچھا ہے کہ بھن بھن دیشوں کے جیون درشیہ دکھائے جائیں۔ ان کی شادی اور غمی، ان کے تیوہار، ان کے ناچ، ان کے ہاٹ بازار۔ اس جنتا کا بہت کچھ گیان وردھن ہو سکتا ہے۔

جاگرن، 12/اکتوبر 1932

کچھ وِشیش

اس انک سے سماچار سنکلن استمبھ ہم نے نکال دیا ہے انیک پاٹھکوں کے مت میں یہ استمبھ ویرتھ تھا۔ سماچاروں کے بجائے اب ایک کہانی اور اُدھک دی جایا کرے گی۔ ایک آدھ لیکھ بھی بڑھے گا۔ اس پرکار اب 'جاگرن' کی پرتیک سنکھیا استھئی ساہتیہ سے پُورت اور پڑھ کر رکشا کے ساتھ رکھنے کی چیز ہوگی۔

اس انک سے 'جاگرن' میں ایک فارم بڑھا دیا گیا ہے، 24 کے بجائے اب 28 پرشٹھ ہو گئے ہیں ۔آگے چتر اور پرشٹھ سنکھیا شیگھر ہی اور بھی بڑھائی جائے گی۔

جاگرن، 26 اکتوبر، 1932

بیما کمپنیوں کی اُدھکتا

لاہور سے پرکاشت ہونے والی ایک انگریزی پتریکا نے، جو کیول بیما کمپنی کے ویوسائے تک ہی اپنے دھیان اور سوارتھ کو کیندرت رکھتی ہے، ایک بہت ہی مہتوپورن پرشن کی اُور ہمارا دھیان آکرشت کیا ہے۔ بیما کمپنیوں پر سرکار کی جو سب سے تازہ رپورٹ پرکاشت ہوئی، اس سے کئی مہتوپورن اُدھرن (1) لے کر، اس پترکار نے یہ دکھلانے کا پریاس کیا ہے کہ بیما کمپنی نیم بیما کمپنیاں بھارت میں کھل گئی ہیں، پران کا ویوسائے بہت ہی مندا ہے۔ لابھ شونیہ سا ہوتا جا رہا ہے۔ اور یدی شیگھر ہی کئی کمپنیاں ٹوٹ جاویں گی۔ اور اس سے بیما کمپنیوں کے پرتی بڑھتی ہوئی شردھا تتھا وشواس کو گہرا دھکا پہنچے گا۔ بیما چاہے وہ کمپنی کا ہو یا انیہ چیزوں کا، آج کل کے زمانے میں ایک نتانت آوشیک چیز ہے اور ہم ہر ایک شکشت یا اشکشت ناگرک کو بیما سے لابھ اٹھانے کی صلاح دیتے ہیں۔ پر ساتھ ہی سرکاری رپورٹ نے کچھ کمپنیوں کے کاروبار کے وشے میں شنکا پرکٹ کی ہے، تتھا جس کی اُور ہمارا دھیان آکرشت کیا گیا ہے، وہ بھی بڑی ضروری بات ہے اور ترنت قانون بنا کر اس پرکار کے ناش سے سُوتنترہ (2) کمپنیوں کی، تنہا اس سے اُتپن ہونے والے برائیوں سے ہماری رکشا کرنی چاہیے۔

جاگرن، 19 دسمبر 1932

---

1 اقتباس 2 خودبخود

آوشیک کرتویہ

بھارت سیوک سمیتی کے اپادھیکش پنڈت ہردے ناتھ جی کنجرو آج کل اپنا سمو چا سے ہریجنوں کی سیوا میں لگا رہے ہیں۔ وہ بڑا دوارا استھاپت اکھل بھارتیہ اچھوتودھار سمیتی کی یکت پرانتیہ (1) شاکھا کے سبھاپتی ہیں۔ اس سمیتی کا یہ کاریہ کرم ہے کہ وہ پرتیک نگر میں ہریجن سیوک شاکھا استھاپت کرے۔ اس لیے کنجرو پرتیک نگر میں دورہ کر شاکھا استھاپت کرنا چاہتے ہیں۔ ان کا دورہ شروع بھی ہو گیا ہے، کانپور میں پرتین کر رہے ہیں۔ انتر ہم اس وشے میں ایک اپیل بھی پرکاشت کر رہے ہیں۔ یہ کاریہ اتنا اپیوگی ہے کہ اس دشا میں کسی بھی نگر کو پیچھے نہیں بننا چاہیے۔ کنجرو جی کے بنا دورا کیے ہی یدی پرانت کے پرمکھ نگر اپنے یہاں سوا ولمبی (2) شاکھا استھاپت کر لیں تو یہ اتینت ہی اچت ہو۔ کیا ہمارے پرانت واسی دھیان دیں گے؟

'جاگرن' 9 جنوری 1933

1۔ مع صوبائی 2۔ خود کفیل

الورنریش

انیتر ہم نے 'بگل' (لاہور) کے سمپادک شری فیروز چند کا الور سبھیتا پر ایک سار گربھت (1) لیکھ پرکاشت کیا اور آشا کرتے ہیں کہ پاٹھک لیکھ کی پرتیک پنکتی کو دھیان پوروک پڑھیں گے۔ اس لیکھ میں الور دنگے کا کارن اس کے ذمے دار تھا تیسرے شرارتی کے وشیے میں وِدوان لیکھک نے جتنے کارن بتلائے ہیں۔ سبھی ہمیں مانیہ سویکار ہیں، تتھا ہمیں اس بات کا بڑا دکھ ہے کہ بھارت سرکار اس وشیے میں اتنی دِرڑھتا کے ساتھ اپنے کرتویہ کو نہیں نبھا رہی ہے، جیسا کہ چاہیے اور وہ اس دوش کی بھاگی ہے کہ دیشی ریاستوں کے نریش برٹش ریاستوں کت شرارتیوں کے شکار بن رہے ہیں۔

جیسی آشا ہے، شاید الور کے انترنگ (2) پربندھ میں بہت کچھ برٹش افسروں کا ہاتھ ہو جاوے۔ جو لوگ الور کے وِرُدھ بلوہ کر رہے تھے، انھیں تبھی یہ سبق ملے گا کہ گئے چھبے بننے، دوبے ہو کر لوٹے۔ پر اس پرکار کے دنگوں کے بعد دیشی ریاستوں کے شاسن میں سرکار کیوں ہستکشیپ کرتی ہے، یہ ہم نہیں سمجھ سکتے۔ برما وِدرُوہ کے پھل سوروپ سر چارلس ان سے کی گورنری کا کاریہ کال بڑھایا گیا تھا۔ موپلا وِدروہ کے بعد بمبئی سرکار میں کیا ہیر پھیر ہوا؟ اور ان بلوؤں کا اور الور یا کشمیر کے دنگے کا کیا مقابلہ! بڑوں کی بات بڑے ہی جانیں۔

جاگرن، 6 فروری 1933

1۔ پرمغز 2۔ اندرونی

جوری ٹرائل

خون یا فوجداری کے مقدموں میں جوری کی یا پنچ کی صلاح لینا، ایک پراچین پرتھا ہے؛ پر آج کل بھارت کی عدالتوں میں اس پرتھا کو جو روپ دیا گیا ہے وہ بھارت کے لیے کیا ہے؟ جہاں تک ہمیں معلوم ہے، یہاں کے نیایالیوں میں جوری کا اتنا آدر نہیں ہوتا۔ اس کے لیے کئی ایسی اسُو دھائیں ہیں، جس سے پرتی دن ناگرک اس پد پر نمنترت کیے جانے سے، بہانے بازی کر، کام نہیں کرنا چاہتے۔ جوری کو جتنا بھتا ملتا ہے، وہ اس کی ہانی دیکھتے ہوئے اتنا کم ہوتا ہے کہ ادھکانش لوگ جوری میں بلائے جانے کے نام سے ہی کانپ اٹھتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ بھارت میں جوری پرتھا وشیش سپھل نہیں ہو رہی ہے۔

پھر بھی یہ کہنا کہ یہاں کے جوری نشپکش (1) نہیں ہوتے، ان کی نیت خراب ہوتی ہے، ان پر وشواس نہیں کیا جا سکتا اتیادی یہاں کے دیش واسیوں کے چرتر پر ہی دوش لگاتا ہے، اور ہمیں بڑا دکھ ہے کہ پٹنہ ہائی کورٹ کے سمانت ججوں نے کیول ایک مقدمے کی گتی دیکھ کر اتنی کڑوی تھا غیر ذمے دار بات کہہ ڈالی۔ بہار کے ایک گاؤں میں ایک گوالا عام راستے سے اپنا بیل لیے جا رہا تھا۔ گاؤں کے کچھ زمینداروں یا دھنی کاشتکاروں نے اسے کھلا بیل لے جانے سے منع کیا؛ کیونکہ اس میں فصل چر لیے جانے کا بھیے تھا۔ گوالے نے اپنے ادھیکار کو چھوڑنا اسویکار کیا۔ بات بڑھ گئی اور مارا گیا۔ معاملہ جوراجج کے اجلاس پر آیا۔ 9 میں سے 7 جوریوں نے ابھیکتوں (ملزم) کو پھانسی اور کالے پانی کی سزا ملی۔

مقدمہ بہار کا ہے، اتیہ پوری رپورٹ ہمارے پاس نہیں ہے، پر عدالتی باریکیوں پر کچھ لکھنا بھی ویرتھ ہے۔ ابھی الہ آباد ہائی کورٹ نے مرزا پور کے دنگے کے وشیے میں جو فیصلہ سنایا ہے، اس سے یہ اسپشٹ ہو جاتا ہے کہ ذرا سی بھول سے قانون بڑی ہانی کر سکتا ہے۔ اتیو دوراجج کی ہی رائے .... پرشٹھ 3 ٹھیک ہے، یا پٹنہ ہائی کورٹ کا نرنے ٹھیک ہے۔ یہ قانون جانے۔ ہمارے ہردے میں دونوں کے لیے

1۔ غیر جانب دار

سمان آدر ہے، پر اس وشیے میں جوری کی رائے کو 'پکشپات پورن (1)'، مان لینا، انھیں بے ایمان سمجھ لینا تھا اس اُداہرن سے یہ صلاح دے بیٹھنا کہ بھارت میں جوری پرتھا غلط ثابت ہو رہی ہے، بڑی کڑوی بات ہے۔ شاید ضرورت سے زیادہ ہے اور ہماری سمّتی (2) میں ہائی کورٹ کے آدرنیہ ججوں نے سوچے بھارت کے لیے ایک بھیشن لانچھن لگایا ہے۔

بھارتیوں کی ایوگیتا پرمانت کرتے رہنا، ہر طرح سے ان کو غلط راستے پر چلنے والا، نیتک درشٹی سے بھشٹ سدھ کرنا یہ 'اسٹیٹس مین' ایسے پتروں کے لیے بڑا ہی روچک کاریہ ہے۔ اور ہمیں یہ دیکھ کر آشچریہ نہیں ہوا کہ اپنے 6 فروری کے انک میں 'اسٹیٹس مین' نے اسی پر ایک اگر لیکھ تک لکھا ہے۔ اُچا کا پریوگ شاید ہائی کورٹ کے نرنے کی مہتا آدرش دیشوں میں بھی جوری دوارا مقدمے کرانے کے وشیے میں وواد اٹھ چکا ہے۔ ہمیں یہ بھی گیات ہے کہ وہاں ابھی تک بھارت جیسی گھٹنائیں ہوتی ہیں۔ کیا 'اسٹیٹس مین' وہی باتیں انگلینڈ کے لیے بھی لکھنے کو تیار ہے؟ بھارت تو پتت، مورکھ، چرترہین ہے ہی؛ پر یدی اس سے کہیں بھیشن آروپ ہم اپنے شاسکوں کی جاتی پر کرتے، تو یہ بچاری نیتا یا قانون کے لحاظ سے پاپ سمجھا جاتا، پر ہمیں معلوم ہے کہ یدی برٹش چرتر کے دوشن (3) ہیں، تو بھوشن بھی۔ اسی طرح بھارتیہ چرتر کے بھی اور دوشن کی اپیکشا بھوشن ادھک ہے۔

جاگرن، 13 فروری، 1933

1۔ جانبدارانہ 2۔ سمجھ، دانست 3۔ نقص، خرابی

وائرورکس افسر کی لاپرواہی

وائرورکس کے سپرنٹینڈنٹ مسٹر دستور کی کئی شکایتیں ہمارے پاس آئی ہے، کئی سڑکوں کی مرمت ہو رہی ہے۔ اس سے ان سڑکوں کا بھی امید ھک پریوگ ہونے لگا ہے، جن پر بھول کر بھی کبھی پانی نہیں چھڑکا جاتا۔ ہمیں آشا تھی کہ مسٹر دستور خود دھیان دیں گے، اور انھیں خیال ہوگا، پرکاشی پورا، جالپا دیوی آدی سڑکوں پر بھول کر بھی شاید محکمے کا دھیان نہیں جاتا۔ کیا ہم آشا کریں کہ وہ دھیان دیں گے؟

جاگرن، 13/فروری، 1933

سودیش بیما کمپنی کی وارشک رپورٹ کو دیکھ کر ہمیں اس بات سے بڑی خوشی ہوئی کہ اتنے تھوڑے سمے میں ہی کمپنی نے اپنا وشیش استھان بنالیا ہے۔ کمپنی میں تین وبھاگ ہیں_ سادھارن، اودیوگک اور آکسمک۔ ان تینوں وبھاگوں میں لگ بھگ 20 لاکھ کے بیمے سویکار ہوئے۔ پرستاوں کی کل سنکھیا 200 کے قریب ہے۔ سال میں ایک ایک ہزار کے دو بھگتان بھی کرنے میں بڑی دیری ہوتی ہے اور طرح طرح کی قانونی الجھنیں پیدا کی جاتی ہیں۔ سودیشی بیما کمپنی کی یہ وشیشتا ہے کہ وہ بڑی ترپرتا (1) سے بھگتان کردیتی ہے۔ ایک وشیشتا اس کی یہ بھی کہ اس کا سارا حساب کتاب ہندی میں ہی کیا جاتا ہے اور اس درشٹی سے یہ کمپنی واستو میں سودیشی کمپنی ہے اس مشینری کے یگ میں جب کہ درگھٹناوں کی شنکا بہت بڑھ گئی ہے، جیون بیما بہت آوشیک ہوگیا ہے اور یہ پرانی ماتر کا دھرم ہوگیا ہے کہ وہ کسی وشوسنیہ کمپنی بھی اپنا بیما کرالے۔ سودیشی بیما کمپنی ایسی ہی سنستھا ہے۔ ہمیں اسے اس لیے اور بھی اپنانا چاہیے کہ اس کے سوتر دھار راشٹر کے وہ سیوک ہیں، جنھوں نے راشٹر سنگرام میں اپنے تیاگ اور انُ راگ (2) کا پریچے دیا ہے۔

جاگرن، 20/مارچ، 1933

1۔ فوری، چابکدستی 2۔ محبت، انس

نوبل پُرسکار پراپت کرتا جان گالس وردی

جان گالس وردی کا جنم تاریخ 14 اگست، سن 1860 کو ہوا تھا، ان کے پتا ایک نامی وکیل تھے۔ اور ان کی اچھا تھی کہ گالسوردی بھی ان کی طرح نامی وکیل بنے۔ گالسوردی کا بچپن بڑے سکھ سے بیتیت ہوا اور انکول پرستھتِ کے کارن اسکول، کالج اور وشوودیالیہ کی شکشا کا انھیں بھلی بھانت لابھ پراپت ہوا تھا۔ سن 1889 گالسوردی نے وکالت کی پریکھا پاس کی اور آگامی ورش ہی انھیں وکالت کے کام میں جٹ جانا چاہیے تھا۔ پر ایسا نہ کر کے انھوں نے اگلے دو ورش جگت بھر کا پرواس (1) کرنے میں بیتیت کیے۔ اس پرواس کال میں ہی انھیں جوسیف کانراڈ سے میتری کا اوسر ملا۔ آدھنک انگریزی ساہتیہ میں کانراڈ ایک خاص استھان رکھتا ہے سامُدرِک سیر کی ہوس رکھنے والے، سمدر سے اینک یوجن دور رہنے والے اس پوش مہاپرش نے اپنی ماتر بھومی کو چھوڑ کر جہاز پر خلاصی کا سا سادھارن کام کرنا سویکار کیا تھا۔ انگریزی اور فرینچ، دونوں بھاشاؤں کا اسے بھلی بھانتی گیان تھا؛ پرنتُ دونوں میں سے کس بھاشا میں لکھنا آرمبھ کرنا چاہیے، یہ اس کی سمجھ میں ہی نہیں آتا تھا۔ ایک دن روپے کو پھینک کر نشچے کیا اور انگریزی بھاشا کے سوبھاگیہ سے انگریزی میں لکھنا نشچے کیا۔ انگریزی کے لیکھک سمدائے میں کانراڈ ایک شریشٹھ لیکھک مانا جاتا ہے اور بے ٹی اسکوائر سریکھے چتر مکھ (2) ساہتیہ، سمیکشک نے بھی اس کے وشیے میں کہا ہے کہ "کالانتر میں ورتمان سبھی پرسدھ لیکھک جب وسمرت (3) سے ہو جائیں گے، تب بھی کانراڈ کی کرتیاں لوگوں کو آج کی سی نوین پرتیت ہوں گی"۔ کانراڈ اور گالسوردی میں ساہتیک سادھرمیہ (4) لیش ماتر بھی ہیں ہے؛ پر ان کی بیکتِ گت میتری اتنی گاڑھی تھی کہ سن 1924 میں کانراڈ کی مرتیو پرینت (5) وہ اکھنڈ رہی۔

گالسوردی نے اپنا ساہتہ کاریہ بہت دلچسپ سے؛ ارتھات جیون کے 28ویں ورش سے آرمبھ کیا۔

1۔ مہاجرت، نقل وطن 2۔ چہار و، چو طرفہ 3۔ بھولا ہوا 4۔ مذاق، فرض شناسی 5۔ وقت وفات

اس کے بیوہارک جیون کی کچہری (1) نے ہی اس کے ساہتیک جیون میں اپکھورتِ کا کام کیا۔ ایسا کہا جاتا ہے کہ ساہتیکوں کو سمسا سانسارک سکھ کالابھ نہیں ہوتا۔ گالسوردی اس کے لیے اپواد تھا۔ گالسوردی کی پتنی بڑی سُشیلا اور اس کی بُدھی، سمیکشن-شکتِ پر اسے بڑا گرو تھا۔ 'نارسائیت ساگا' کا سمرپن (2) اس پریمی دمپتی کے پریم کا پرتیکش پرتیک ہے۔

اپنی پرارمبھک کرتیاں گالسوردی نے John Sinjohn نام سے لکھی تھیں۔ اس سے وہ سب اپراپیہ ہیں اور کسی کو ان کا اسمرن بھی نہیں رہ گیا۔ پرتھت لیش (3) ہونے پر گالسوردی نے سوتہ ان کا پرچار روک کر 'میرے پہلے پاپ' شیرشک سے ان کا اُلیکھ کیا ہے۔ اپنی ساہتیک کیرتِ کو اکلنکت رکھنے کی یہ جواب داری کیا کم اسپر ہنیہ (4) ہے؟

سن 1895 سے 1905 عیسوی کے دس ورسوں کے کال میں گالسوردی نے ایک کہانی سنگرہ، چار بڑی کہانیاں اور دو، تین اپنیاس پرکاشت کروائے۔ ان میں Island Phrisees نامک اپنیاس مہتوپورن ہے۔

اس میں کابیہ سے واتاورن، ویا جوکتِ (چھل، کپٹ، فریب)، کاریہ کارن بھاؤ کی میمانسا (علم کلام، تنقید) منوبھاؤں کا وِشلیشن آدی گالسوردی کے اُتر کالین (5) وشیشتا کے چنہہ دیکھنے کو ملتے ہیں۔ پر گالسوردی کا سچا اور کلا سے کیرتِ استمھ تو سن 1906 میں ہی پرتھاپت ہوا۔ اس ورش اس کا پرتھم ناٹک 'The Silver Box' اور اس کی کیرتی کو دِگنت ویاپی (6) بنانے والا اپنیاس 'Forsyte Saga' کا پرتھم کھنڈ Man of Property پرکٹ ہوا۔ یہ دونوں کرتیاں آج 26 ورشوں کے پشچات دیکھنے پر بھی، جیون کی تیوں تیجوی (7) پرتیت ہوتی ہیں۔ بعد میں گالسوردی نے 'سلور باکس' سے بھی اچھے ناٹک تو اوشیہ لکھے؛ پر سمیکشکوں کا خیال ہے کہ Man of Property سے ادھک سندر اپنیاس نہیں لکھا گیا۔ اس اپنیاس میں پاتروں کے جیون بدتانت کو آگے بڑھا کر، اس سے کے آنگل جیون کا اتہاس ہی لکھ ڈالا ہے۔ یہ کہنا چاہیے اس اپنیاس کے دوسرے کھنڈ کو Forsyte Saga تتھا Modern Comedy نام دیا گیا ہے۔

ان چالیس ورشوں میں ہونے والی انگلینڈ کی انیک اتھل پتھلوں، آچار وچاروں کی کرانتیوں آدی کا سوتر بدھ-تتھا پر تمب، چل چتروں کی طرح ان اپنیاسوں میں درشٹِ پڑ جاتا ہے۔ ناٹک کار کے روپ میں گالسوردی چاہے کتنا ہی پرسدھ کیوں نہ ہو جائے، پر اس کی کیرتِ کو Forsyte Saga

1۔ سیاحت پسندی 2۔ مکمل 3۔ وسیع مقبولیت 4۔ قابل فخر، قابل ستائش 5۔ عہد آخر 6۔ شاہکار 7۔ تازہ، پرکشش

نے ہی بڑھایا ہے۔ اُپر یکت اپنیاسوں کے اتر کت بھی گالسوردی نے پانچ چھ اپنیاس لکھے ہیں۔ اور ان میں Patricion Dark Flower تھا Saint's Progress وشیس مہتوپورن ہیں۔

گالسوردی کی کہانیوں کا بر ہت سنگرہ بھی پرکاشت ہوا ہے، جس میں اس کی سبھی کہانیوں کا سنگرہ ہو گیا ہے۔ اس کا نام ہے_ 'caravan'۔ کوتا اور پر بندھ لیکھ کے روپ میں گالسوردی کی پرسدھی نہیں؛ پر اس شیتر میں اس نے اپنی قلم کو تھوڑا بہت چلایا ہے۔

ناٹک اور اپنیاس جیسے ساہتیہ کے دونوں انگوں پر سندر سے سندر لکھنے والا سبیہ ساچی (1) لیکھک مشکل سے ہی آپ کو ملے گا، پر گالسوردی نے دونوں پر بڑا ہی اُتم روپ میں لکھا ہے۔ اس کا سا سمبھاشن، لیکھن، پٹ (2) دوسرا نہیں ہے۔ آدھنک انگریزی ناٹک کاروں میں نوئل کاورڈس ہی ایک ایسا ناٹک کار ہے، جو سمبھاشن لکھنے میں گالسوردی کا مقابلہ کر سکے۔ گالسوردی کے بھاشا پرواہ میں بڑا سنئیم اور تول ہوتا ہے اس نے ابھی تک اپنیاس اور کہانیوں کے علاوہ 25 ناٹک بھی لکھے ہیں۔

اس کو ابھی ابھی گت ورش کا نوبل پرسکار ملا تھا۔ اس کے ساہتیہ کا اتنا ادھک پرچار ہے کہ اس پر اس چھوٹے سے پرچے میں لکھنا آسمبھو ہے۔ کھید ہے کہ ابھی فروری میں ہی وہ مہا پرش سورگ واسی ہو گیا۔

جاگرن، 3/اپریل، 1933

1۔ ہنر میں یکتا، اعلیٰ

نیوجرنلس لمیٹڈ

پرانت میں ابھی تک کوئی اچھا اردو دینک پتر نہیں تھا۔ لکھنؤ سے ایک آدھ پتر نکلتے ہیں پر نکلنے کے برابر ہیں۔ ہرش کی بات ہے کہ لکھنؤ میں اب ایک کمپنی دوارا اردو دینک پتر نکالنے کا پربندھ ہو رہا ہے۔ کمپنی ایک لاکھ کی ہوگی 'تیز' کے بھوت پورو سمپادک شری رام لال ورما پتر کے سمپادک اور مینجنگ ڈائرکٹر ہوں گے۔ سمجھو ہے کمپنی آگے چل کر ہندی اور انگریزی بہتر بھی پرکاشت کرے۔ ہم رام لال جی کو ان کے ادیوگ (1) کی سپھلتا پر بدھائی دیتے ہیں۔ لکھنؤ بہت دنوں سے اس طرح کی کوشش ہو رہی تھی، پر کسی کو سپھلتا نہیں ہوئی۔ ورما جی کے اُتساہ اور لگن کی جتنی تعریف کی جائے، کم ہے۔ وہ انُبھوی اور سدھ ہست (2) سمپادک ہیں۔ اب دیکھنا یہی ہے کہ جنتا اس نئے پتر کا کیسا سواگت کرتی ہے۔ کمپنی کے ڈائرکٹروں میں چودھری حیدر حسین اور راجا نواب علی چودھری جیسے پرتشٹھت نام ہیں۔

جاگرن، 12/جون، 1933

سرراس مسعود

گت پندرہ اپریل کو لاہور میں اکھل بھارتیہ مسلم شکشا سمیلن کا 45 ویں مہادھویشن ہوا تھا۔ ادھیکچھ تھے بھاگل پور ریاست کے شکشا منتری لیفٹیننٹ کرنل مقبول حسین قریشی، سب سے پربھاؤ شالی ویاکھیان (3) علی گڑھ وشو ودیالیہ کے وائس چانسلر سرراس مسعود کا تھا۔ آپ نے زوردار شبدوں میں کہا تھا کہ سرکاری سہایتا کا منہ نہ تاک کر مسلمان سیم اپنی اشکشا دور کریں۔

جاگرن، 24 اپریل، 1933

1۔ صنعت 2۔ چابکدست 3۔ بیان، تقریر

لکشمی انشورنس کمپنی، لاہور کی آشچر یہ جنک اُنتی

بھارت کی بیما کمپنیوں میں لکشمی انشورنس کمپنی نے تھوڑے دنوں میں جو سپھلتا پراپت کی ہے، وہ واستو میں آشچر یہ جنک ہے۔ ابھی جو ورش اپریل 33 میں سماپت ہوا ہے، اس میں اس کمپنی نے 80 لاکھ سے ادھک کام کیا ہے! ارتھات اتنے روپ کی پالیسیاں سویکرت ہوئی ہیں۔ یہ مندی اور بیکاری کا سال تھا۔ پھر اس کمپنی نے اتنا کام کیا۔ اس کا شریے کمپنی کی سُبیوستھا (1) اور کاریہ کرتاؤں کی اُدیوگشیلتا (2) کو ہے۔ ہمیں آشا ہے، کمپنی آگے اس سے بھی بڑھ کر کام کرے گی اس یگ میں جیون بیما ہر ایک گرہستھ کے لیے پرماوشیک ہو گیا ہے۔ اور بیما کمپنیوں کو اس یگ کی برکت ہی سمجھنا چاہیے۔

جاگرن، 19/ جون، 1933

کشمیر میں اپدرو

کشمیر میں نیا پربندھ ہوا۔ ایک سولین انگریز اب وہاں پردھان منتری ہے۔ سب کچھ اس کے ہاتھ میں ہے، پھر بھی وہاں شانتِ نہیں ہوئی۔ آئے دن اُپدرو ہوتے رہتے ہیں۔ نمک کی کھان میں جو جاتا ہے، وہی نمک ہو جاتا ہے۔

جاگرن، 19/ جون، 1933

1۔ بہتر نظام 2۔ صنعت مزاجی، صنعت پسندی

بھارتیہ کپڑا اور بھارتیہ روئی

جاپانی کپڑا ودیشی ہوکر بھی بھارت کی روئی کام میں لاتا ہے، تو کیا بھارتیہ کپڑا اس لیے سودیشی کہا جائے کہ بھارت میں بنا ہے؟ کپڑا بنانے کا خرچ پیسے دو پیسے گز سے ادھک نہیں۔ جس کپڑے سے میں کیول بہت چھوٹی سی رقم بھارتیہ مزدوری کے ساتھ لگتی ہے، اور بڑی رقم ودیشی روئی کی بھینٹ کر دی جاتی ہے، اسے کس دلیل سے سودیشی کہا جائے؟ تب تو امریکہ کا تمبا کو بھی بھارت میں سگریٹ بن کر سودیشی ہو جاتا ہے۔ جاوا کا گڑ بھی بھارت میں چینی بن کر سودیشی شکر ہو سکتا ہے۔ اس ودیشی روئی سے بنے ہوئے کپڑے سے کہیں زیادہ سودیشی تو جاپانی کپڑا ہے، کیونکہ وہ بھارت کی روئی سے بنتا ہے۔ لیکن جتنا سے اس ودیش روئی سے بنے کپڑے کو سودیشی سمجھنے کی آشا کی جاتی ہے اور سودیشی روئی سے بنے کپڑے کو ودیشی ہمارے مل مالک بھارہ روئی نہیں خرید سکتے ہیں! جاپان اسی روئی سے اچھے سے اچھے کپڑے بنا کر بھارت میں بھیجتا ہے، پر یہاں کے ملوں کے لیے وہی روئی ہیہ ہے انھیں تھوڑی سی بھارتیہ روئی کیول ملاوٹ کے لیے چاہیے۔ شیش روئی ودیش سے ہی آوے گی۔ ہمارے مالکوں میں کیوں اتنا سودیش پریم نہیں ہے کہ وہ دیشی روئی خریدیں اور اس کا بیوپار کریں؟ ان میں اتنی عقل ہی نہیں ہے کہ وہ دیشی روئی سے کام لینا سیکھیں اور نہ یہ ودیا دوسروں سے سیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ تو سن رکشن (1) اور نفع چاہتے ہیں۔ کسان مریں یا جییں، ان کی بلا سے کسانوں کے پاس اس کی ایک ہی دوا ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ اپنی روئی کا سوت کاتیں اور اپنا کپڑا بنائیں۔ اور اس ودیشی روئی کے کپڑے کو ودیشی سمجھ کر اس کا بہشکار کریں۔ اگر جاپانی گراہکوں کو ٹھکرایا جاتا ہے تو یہاں کے مل مالکوں کو بھارتیہ روئی خریدنی چاہیے، ایتھا ان کے کپڑے کا بہشکار ہونا چاہیے، جسے ہم ودیشی کپڑا کہتے ہیں، وہ ودیشی روئی سے بنا ہے اور ہمارے کسان اب یہ بات سمجھنے لگے ہیں۔

1۔ تحفظ

گھور ورشا

اب کی گرمی پڑنے کے پہلے ہی مانسون آ گیا۔ سندیہہ تھا کہ یہ مانسون دھوکا دے گا۔ اور ایسا جان پڑتا ہے کہ یہ اپنا زور دکھا کر اس سندیہہ کو دور کرنا چاہتا ہے۔ دہلی، میرٹھ، اجمیر آدی استھانوں میں لگاتار ایک چپتاہ سے ورشا ہو رہی اور دس سے بارہ انچ تک پانی گر چکا ہے، ندیوں میں باڑھ آ گئی ہے، گاؤں ڈوب گئے ہیں، پرانوں کی کشتی ہوئی ہے، پر ہمیں اب بھی سندیہہ ہے کہ مانسون آگے چل کر دھوکا تو نہ دے گا۔

جاگرن، 30/ جولائی، 1933

کاشی نواسی ہندی پریمیوں سے پرارتھنا

کاشی کے ایک ماتر سہتیک ماسک پتر 'ہنس' کے چھوٹے سال کا پہلا انک بجت وِشیشا تک کے روپ میں نکالنے کا وچار استھر کیا گیا ہے۔ اس کا نام 'کاشی انک' ہوگا۔ اس میں کاشی کے مندر، گھاٹ، مٹھ، شیتر، ودیالیہ، پہلوان، گایک، کوی، لیکھک، سمپادک، پرکاشک، پنڈت، کاریگر، وِدوان، بیپاری، پریس، اخبار آدی کا پورا پریچے کیا جائے گا۔ اس لیے کاشی کے ہندی پریمیوں سے نمر نویدن ہے کہ وہ استھانیہ سنستھاؤں اور پرتیک وشیے کے پرسدھ گنیوں اور جانکاروں کے بارے میں لیکھ تتھا چتر بھیج کر ہماری سہاتیا کریں۔

جاگرن، 21/ اگست، 1933

دَ نیو انشیو رینس لمیٹیڈ

بھارت میں اس سے لگ بھگ 110 بھارتیہ بیما کمپنیاں کام کر رہی ہیں۔ ودیشی بیما کمپنیوں کی سنکھیا کیول 20 ہے۔ پرتی ورش، بھارت میں ساڑھے ستائس کروڑ روپے کا کام ہوتا ہے۔ بھارت سرکار کی سب سے تازی سوچنا کے انُسار، ساڑھے ستائیس کروڑ روپے کے کام میں سے کیول 15.2/3 کروڑ روپے کا کام بھارتیہ کمپنیوں کو ملتا ہے۔ ودیشی کمپنیوں کے انپات میں بھارتیہ کمپنیوں کو ملتا ہے۔ روپیہ ودیشوں میں بہہ جاتا ہے، یہ بات اسی اُدھر سے اسپشٹ ہے۔ اتہ یہ لکھنے کی تو کوئی آوشیکتا ہی نہیں کہ بھارت کا ایک پیسہ بھی بیمے کے نام پر ودیش جانا بڑے کلنک کی بات ہے۔ ہمیں ہرش تتھا سنتوش ہے کہ اس دِشا میں بھارتیہ پرچت پریتن کر رہے ہیں کہ ان کا روپیہ باہر جانا روک جاوے۔ کنتو، بھارت کا بیمے کا بیوسائے ابھی تک روپ سے اُنت نہیں ہے، تتھا ان میں ابھی تک وہ وشیشتائیں اور سگمتائیں (1) نہیں لائی جاسکتی ہیں، جس کی نتانت آوشیکتا ہے۔ بیما کرانے والے کے پورن ہت کا وچار کرنا۔ اس کے لیے ہر پرکار کی سودھا دینا، آشکت (2) تتھا اسمرتھ ہو جانے پر اس کی پالسی کو ضبط نہ کر لینا، اس کے آرتھک کشٹوں میں اس کی سہایتا کرنا۔ یہ سب بڑی آوشیک باتیں ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ضرورت یہ بھی ہے کہ بھارت میں جو بھی کمپنی کھلے، واستو میں بھارتیہ ہو، اس کا روپیہ ودیشوں میں نہ جاتا ہو، اس کے روپے سے بھارتیہ بیوسائے کو پوری سہایتا ملتی ہو۔

ہمیں ہرش ہے کہ اُپریکت آوشیکتاؤں کی ادھک سَمُچت (3) پورتِ کے پوتر اُدّیشیوں کو لے کر ہی بھارت میں ایک نئی بیما کمپنی کھلی ہے۔ اس کا نام ایئو انشورنس لمیٹڈ ہے، اور ہم کاشی والوں کے لیے یہ گرو کی بات ہے کہ اس کا پردھان کاریالیہ کاشی میں ہے۔ کلکتہ، بمبئی آدِی نگروں کو بیمے کے بیوسائے سے بڑا لابھ ہوا ہے۔ بیما کمپنیوں کے پردھان کاریالیوں کا کیندر ہونے کے کارن ان دونوں مہانگروں کی بڑی اُنتی ہوئی ہے، اتیو اس کمپنی سے کاشی کا بڑا ہت ہوگا۔ بہت جلد اس کا بھون بنے گا۔ اس سے نگر کی شوبھا بڑھے گی۔ اینکوں ناگرکوں کی روٹی چلے گی اور نگر کے بیوپار کو سہایتا ملے گی۔ اس لیے کاشی واشیوں کو اس کمپنی کو سہایتا کرنی چاہیے اور اسے اپنی ہی سمجھنی چاہیے۔

1۔ آسانیاں، سہولتیں 2۔ اہل، مستحکم 3۔ مکمل

جہاں تک ہمیں معلوم ہے، بھارت سرکار کے بیما قانون کی بندشوں کے کارن بیما کمپنیوں میں روپیہ لگانا کسی پرکار کا جوکھم اٹھانا نہیں ہے۔ اتو اس کمپنی کا نیا ہونا اس کے کاریہ میں کسی پرکار بادھک نہیں ہونا چاہیے۔ کمپنی کی درڑھتا میں تو کسی پرکار کی شنکا ہو ہی نہیں سکتی۔ جس کمپنی کے ادھیکش شری یُت گھنشیام جی بڑلا ہوں، ٹھاکر، واڈی، چِتامنی، رائے گوند چند ایسے ڈائرکٹر ہوں، جس کا سنستھا یک پنڈت گوند مالویہ ایسے دیش بھکت بیکت ہوں تھا جس کے مینیجر بیما جگت کے انبھو پراپت شری ایل، ایس، کپل ہوں، اس کے کاریہ کی سُدرڑھتا(1)، اس کے کرتبیہ کی پرِپکّو تا(2) تھا بیمے دار کے ہت کا سُرکشت رہنا نشچت ہے۔ بڑلا جی بیوسائے جگت تھا لوک سیوا جگت میں کیوں نہیں شریک ہوئے۔ پر اب یہ دیکھ کر سنتوش ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنا کرتبیہ اتنے اچھے روپ میں نبھایا کہ ہمارے نگر کی ایک بیما کمپنی کے ادھیکش ہو گیے اور کیول کاشی کی نہیں، سموچے بھارت کی ہے۔ یہ کاشی یا یکت پانت کا نہیں، سموچے بھارت کا کلیان کرے گا۔

کمپنی کی تسلوں کی تالِکا ہم نے دیکھی ہے۔ جنتا کو بیر تھ آکرشت کرنے کے لیے نہ تو انھیں بہت کم رکھا گیا ہے، نہ منافع کے لوبھ سے ادھک۔ اس کے علاوہ ماسک قسط دینے والوں کے ساتھ بھی وہی رعایت کی گئی ہے، جو وارشک والوں کے ساتھ قسط پٹانے کے رعایتی دن بھی سمان ہیں اور سب کو سُودھا دینے والے ہیں۔ پالیسیاں بندھن، رہت، سارو بھومک (3) ہیں۔ بچوں تھا کنیاؤں کی شکشا اور شادی بیاہ کے لیے بڑی سودھا جنک دروں میں بیما ہو سکتا ہے۔ سب کمپنیاں اگلی ورش گانٹھ سے عمر جوڑتی ہیں۔ یہ موجودہ عمر سے جو ورش گانٹھ (4) ادھک نکٹھو، وہی جوڑے گی۔ اس سے بیمے دار کا بڑا لابھ ہوتا ہے۔ پالیسی کو ڈوبنے سے بچانے کے لیے رر، مکان بنانے یا اپاہج ہو جانے پر بھی روپیے یا پینشن پاتے رہنے کی پورن سہولتیں ہیں۔ ڈوبتی ہوئی پالیسی کو ستیہ جاری رکھنا، درگھٹنا ہو جانے پر بیمے کی دوگنی قیمت دینا، تھا انتم تالکا میں بیمے دار کو تگنو نے لابھ کا بیما کرنا۔ یہ سب بڑی وشیشتائیں ہیں۔

کمپنی نے اپنے کاریہ میں سب سے سہیوگ تھا سہایتا کی پرارتھنا کی ہے۔ اور ہم بھی کمپنی کی اس پرارتھنا کو دہراتے۔

جاگرن، 28/اگست، 1933

1۔ استحکام 2۔ پختگی 3۔ عالمگیر 4۔ سالگرہ

گھرنا پرچارک مہاتما بدھ

ہندو دھرم سدھ سناتن (قدیم، ابدی) کے انسار بھگوان کے نویں اوتار بھگوان بدھ تھے۔ ان کی گرنا سادھارن 24 اوتاروں میں نہیں، ورن دس پردھان اوتاروں میں ہے۔ اب سے 2400 ورش پورو انھوں نے جو کچھ کہا تھا، اس سے ہمارے کچھ پریاگی سبھتیکوں کے انسار انھیں 'گھرنا کے گھور پرچارک' کی اپادھ او شیہ دی جانی چاہیے۔ جس کسی کو آشنکا ہو، وہ مہا پنڈتر پنکا چاریہ راہل سانکرتیاین۔ کرت 'بدھ چریا' (پرکاشک- شری شیو پرساد گپت، سیوا اپون، کاشی) کے 385 ویں پرشٹھ والا نیچے دیا گیا 'سنک سکت' اُدھرن پڑھ لیں۔ جب نیم بھگوان کے اوتار نے یہ سلسلہ آرمبھ کیا تھا، تب اسے جاری رکھنے میں بیچارے منشیہ کیوں دوشی کہے جائیں؟ بھگواں بدھ کے سمے سے برہمنوں کے چرتر میں کتنی اُنتی ہوئی ہے، اس کا اسٹیمیٹ پریاگ کے انھیں ساتھیوں سے ملے گا۔ ادھرن یہ ہے۔

'سنک سُت'

" ایسا میں نے سنا۔ ایک سمے بھگوان شراوستی میں اناتھ پنڈت کے آرام جیت ون میں وہار کرتے تھے۔

بھکشوؤ! یہ پانچ پران برہمن دھرم اس سمے کتوں میں دکھائی دیتا ہے۔ کون سے پانچ پہلے براہمن براہمنوں کے پاس جاتے ہیں۔ اَبراہمن کے پاس نہیں۔ بھکشو! اس سمے براہمن براہمنی کے پاس بھی جاتے ہیں، ابراہمنی کے پاس بھی۔ کنتو بھکشو! کتے کتیوں کے پاس جاتے ہیں اکتیوں کے پاس نہیں پرتھم پران براہمن دھرم ہے، جو اس سمے کتوں میں دکھائی دیتا ہے۔"

پہلے بھکشو! براہمن رتمتی براہمن کے پاس ہی جاتے تھے، ارتمتی کے پاس نہیں۔ آج کل ارتمتی کے پاس بھی۔"

پہلے بھکشو! براہمن براہمنی کو نہ خریدتے تھے، نہ بیچتے تھے، پرسپر پریم کے ساتھ ہی سہواس کرتے تھے۔ آج کل براہمنی کو خریدتے بھی ہیں، بیچتے بھی ہیں، پرسپر پریم کے ساتھ بھی ...... اَپریم کے ساتھ بھی............"

’’پہلے......براہمن، دھن کا، دھانیہ(1) کا، چاندی سونے(2) کا سنگرہ نہیں کرتے تھے۔ اس سے......انگرہ کرتے ہیں۔‘‘

پہلے بھکشو! نراہمن سایم کال کے بھوجن کے لیے۔ یہ بھکشو، پانچواں پُران براہمن دھرم اس سے کتوں میں دکھائی دیتا ہے، براہمن میں نہیں۔ بھکشو! یہ پانچ پُران براہمن دھرم اس سے کتوں میں دکھائی دیتا ہے، براہمن میں نہیں۔ بھکشو! یہ پانچ پران براہمن دھرم اس سے کتوں میں دکھائی دیتے ہیں۔‘‘

جاگرن، 15/ جنوری، 1934

مہاراجا بڑودا کا انورودھ

اب کی وگیا سمیلن میں وگیان چاریوں کو سمبودھت (1) کر کے مہاراجا صاحب نے ان سے انورودھ کیا کہ آپ جو کچھ کھوج کرتے ہیں، اس کے پھل کو جنتا تک پہنچانے کا بھی اُدیوگ کیجیے، ورنہ جنتا کو آپ کی کھوجوں سے کیا لابھ! لیکن ہمارے وگیانا چاریہ کھوج کرتے ہیں کھوج کے لیے، اسی طرح جیسے کلا کار لکھتا ہے کلا کے لیے اور کھانے والا کھاتا ہے کھانے کے لیے، اور رونے والا روتا ہے رونے کے لیے۔ جب کوئی استاد جی سنگیتا چاریوں کے سامنے آتے ہیں تو کلا کی ایسی ایسی قلابازیاں دکھاتے ہیں کہ مانو کلا انھیں پر ختم ہو گئی۔ انھیں ہزاروں درشکوں سے مطلب نہیں۔ وہ تو انھیں استادوں سے داد لینا چاہتے ہیں۔ وہی حال ہمارے وگیان آچاریوں کا ہے۔ وہ کھوج کرتے ہیں وگیانا چاریوں کے لیے، ستیہ کے لیے۔ انھیں اُپیوگتا سے مطلب؟ یہ کسی نے کبھی کہہ بھی تو دیا کہ گیان گیان کے لیے ہے، اپیوگتا سے اسے کوئی مطلب نہیں۔ ایک وگیانی دوسرے وگیانی کی تعریف کرتا ہے، یہی ان کے سنتوش کے لیے کافی ہے۔

جاگرن، 15/ جنوری، 1934

1۔ مخاطب کرنا

سودیشی بیما کمپنی لمٹیڈ آگرہ

سودیشی بیما کمپنی، آگرہ کی دِوتیہ وارشک رپورٹ پرکاشت ہوئی۔ اس ورش اس کمپنی کا کام ملکھیہ سنیکت پرانت میں سیمت رہا۔ سادھارن وبھاگ میں اس ورش 20 لاکھ سے زیادہ کا کام ہوا، پچھلے سال کیول گیارہ لاکھ کا کام ہوا تھا۔ اس پرانت میں لگ بھگ سو بیما کمپنیاں کام کررہی ہیں۔ دو کو چھوڑ کر اور کسی کمپنی نے اتنا نیا کام اس صوبے میں نہیں کیا۔ اس سے پرکٹ ہوتا ہے کہ اس کمپنی پر پبلک کو کتنا وشواس ہو گیا ہے۔ اس ورش کمپنی کی کل آئے ایک لاکھ دو ہزار سے کچھ اوپر تھی۔ کلیم کیول پانچ بیماداروں کے ہوئے جو چار ہزار سے کچھ کم ہیں۔ اس سے بھی سدھ ہوتا ہے کہ کمپنی کتنے پکے نیموں پر کام کررہی ہے۔ ہمیں رپورٹ میں یہ دیکھ کر ہرش ہوا کہ کمپنی نے وارثوں کو اپنے روپے پر پراپت کرنے میں ہر پرکار کی سہایتا دی اور شگھر ہی بھگتان کر دیا۔ اس ورش کمپنی کے دو ہزار کے حصے بیچے۔ ہمیں آشا ہے کہ کمپنی اس ورش حصے بیچنے کی اور زیادہ دھیان دے گی، جس سے اس کی اُپیوگیتا کا کشیتر بڑھے گا۔

جاگرن، 19/فروری، 1934

اندھ وشواش

ہندو سماج میں پوجنے کے لیے کیول لنگوٹ باندھ لینے اور دیہہ میں راکھ مَل لینے کی ضرورت ہے؛ اگر گانجا اور چرس اڑانے کا ابھیاس بھی ہو جائے، تو اور بھی اتم۔ یہ سوانگ بھر لینے کے بعد پھر بابا جی دیوتا بن جاتے ہیں۔ موکھ ہیں، دھورت ہیں، نیچ ہیں؛ پر اس سے کوئی پریوجن (1) نہیں۔ وہ بابا ہے۔ بابا نے سنسار کو تیاگ دیا، مایا پر لات مار دی اور کیا چاہیے؟ اب وہ گیان کے بھنڈار ہیں، پہنچے ہوئے فقیر۔ ہم ان کے پاگل پن کی باتوں میں من مانی باریکیاں ڈھونڈتے ہیں، ان کی سعدیوں کا آگار (2) سمجھتے ہیں۔ پھر کیا ہے! پھر کیا ہے! بابا جی کے پاس مراد مانگنے والوں کی بھیڑ جمع ہونے لگتی ہے۔ سیٹھ ساہوکر، عملے فصلے، بڑے بڑے گھروں کی دیویاں ان کے درشنوں کو آنے لگتی ہیں۔ کوئی یہ نہیں سوچتا کہ ایک مورکھ، دورا چاری، لمپٹ آدمی کیوں کر لنگوٹی لگانے سے سدھ ہو سکتا ہے۔ سدھی (3) کیا اتنی آسان چیز ہے؟ ہم میں مستشک سے کام لینے کی مانو شکتی ہی نہیں رہی۔ دماغ کو تکلیف نہیں دینا چاہتے۔ بھیڑوں کی طرح ایک دوسرے کے پیچھے دوڑے چلے جاتے ہیں، کنویں میں گریں یا خندق میں، اس کا غم نہیں۔ جس سماج میں وچار مندتا کا ایسا پرکوپ ہو، اس کو سنبھالتے بہت دن لگیں گے۔

ہمارے اس اندھ وشواس سے اپنا مطلب نکالنے والوں کے بڑے بڑے جتھے بن گئے ہیں۔ ایسی کئی جاتیاں پیدا ہو گئی ہیں، جن کا پیشہ ہی ہے اس طرح سوارتھ (4) سے بھولے بھالے بھکتوں کو ٹھگنا۔ یہ لوگ روپ بھرنا خوب جانتے ہیں۔ باباؤں کی پیٹنٹ شیلی میں بات چیت کرنے کا اور نئے نئے ہتھکنڈے کھیلنے کا انھیں خوب ابھیاس ہوتا ہے۔ ایک سدھ بن جاتا ہے، کئی اس کے چیلے بن جاتے ہیں اور کسی اجاڑ استھان پر ڈیرا ڈال دیتے ہیں، مانو آمیوں کے ساتھ سے بھی بھاگنا چاہتے ہیں، بھوگ ولاس میں لپت منوشیوں سے کسی طرح کا سنسرگ (انسیت، تعلق) رکھنا نہیں چاہتے۔ کسی طرح یہ افواہ اڑا دی جا

1۔ منشا، مقصد، سبب 2۔ خزانہ، مخزن 3۔ اعلیٰ، کامل 4۔ خودغرض، خود مطلبی

تی ہے کہ بابا جی فوہاری ہیں، کیول ایک بار تولا بھر دودھ ہی لیتے ہیں۔ ایک دن، دو دن یہ من ڈلی نشکام (1) بھاؤ سے اوجڑ میں گھات لگائے پڑی رہتی ہے۔ بس بھکتوں کا آنا شروع ہو جاتا ہے۔ بابا جی 'سنسار متھیا ہے' کا اپدیش دینے لگتے ہیں۔ ادھر گھی، شکر اور آٹے کی جھڑی لگ جاتی ہے، لکڑیوں کے کنویں گرنے لگتے ہیں۔ کچھ بھکت لوگ ان تیاگیوں کے لیے کٹی بنا بنا شروع کر دیتے ہیں اور مرد بھکتوں سے کہیں ادھک سنکھیا استری بھکتوں کی ہوتی ہے۔ کوئی لڑکے کی مراد لے کر آتی ہے، کوئی اپنے پتی کو کسی سوتن کے روپ پھانس سے چھڑانے کے لیے۔ جن لفنگوں کو دو آنے روز کی مزدوری نہ بھی لگتی، وہ ہی ہندوؤں کے اس اندھ وشواس کے کارن خوب تر مال اڑاتے ہیں، خوب نشہ پیتے ہیں اور خوب موج کرتے ہیں، اور چلتے سے سو پچاس روپے کوئی برہم بھوج کرانے یا بھنڈارا چلانے کے لیے وصول کر لیتے ہیں۔ سماج سیوا کا کوئی نہ کوئی آدھار یہ لوگ ضرور کھڑا کر لیتے ہیں۔ کوئی مندر بنوانے کا برت ٹھانے بیٹھا ہے، کوئی تالاب کھدوانے کا، کوئی پاتھ شالا کھولنے کا، اور کچھ نہ ہوا تو تیرتھ یاترا تو ہے ہی۔ ''اتنی مورتیاں رامیشورم یاترا کرنے جا رہی ہیں، ہندو ماتر کا کرتبیہ کہ انھیں رامیشورم پہنچائے!'' بناہر چھنکری کے مال چوکھا کرنے کا یہ بیوسائے اتنا عام ہو گیا ہے کہ ہر پچیس آدمی میں سے ایک سادھو ہے، اور ایسے بھکشکوں کی تو گنتی ہی نہیں، جو خیرات پر زندگی بسر کرتے ہیں۔ زیادہ نہیں تو پچیس کروڑ میں پانچ کروڑ تو ایسے لوگ ہوں گے ہی۔ جس سماج پر اتنے مفت خوروں کا بھار لدا ہوا ہے، وہ کیسے پنپ سکتا ہے، کیسے جاگ سکتا ہے؟ یہ لوگ بار بار یہی پریتن کرتے رہتے ہیں کہ سماج اندھ وشواس کے گرت میں مورچھت پڑا رہے، چیتنے (2) نہ پائے' ہمیں خوب چکا چک مال کھلاؤ، سورگ میں تمھیں اس سے بھی بڑھیا مال ملے گا۔ اس ہاتھ دو، اس ہاتھ لو۔ سورگ کا روپ بھی کتنا موہک کھینچ رکھا ہے کہ ان لوگوں کی کلپنا شکتی پر قربان جایئے۔ مرتیہ لوک (3) میں جو کچھ درلبھ ہے، وہ سب وہاں گلی گلی مارا مارا پھرتا ہے ایوے سکھ کے لیے کسی بھکشک کو تھوڑا سا بھوجن کرا دینا، کسی دیوتا کو جل چڑھا دینا یا کسی ندی میں ایک ڈبکی لگا لینا، کون خوشی سے سویکار نہ کرے گا؟ جب اتنی آسانی سے میٹھا مل سکتا ہے، تو کسی سادھنا کی، گیان کی، سد بیوہار کی ضرورت؟

اور آج بڑی بڑی زمینداریوں کے مالک کتنے ہی مہنت ہیں۔ ان کی لین دین کی کوٹھیاں چلتی ہیں، طرح طرح کے بیوسائے ہوتے ہیں اور بہودھا (4) انھیں شتریوں کی سنتانیں، جنھوں نے یہ جائداد شکتی سے بنائی تھی، مہنتوں سے روپے قرض لیتی ہیں۔ ان کا بھوگ ولاس اور ایشیہ ہمارے راجاؤں کو بھی لجت کر سکتا ہے۔ اس جائداد کا اپیوگ اب اس کے سوا کچھ نہیں کہ مسٹنڈے کھائیں، ڈنڈ پیلیں اور

1۔ بے غرض، لاتعلق 2۔ حس، ہوس 3۔ دنیا 4۔ اکثر

بیبھچار(1) کریں۔راشٹریہ کے استھان یا جاگرت میں یہ بھی ایک بہت بڑی بادھا ہے۔اندھ وشواس جنتا اب بھی ان پر شردھا رکھتی ہے۔ وہ اسے ایک چٹکی راکھ سے سورگ میں داخل کر سکتے ہیں۔ایسی وبھوتی اور کس کے پاس ہے؟ان پنتھوں کے دراچار،عیاشی اور پیشا چکتاؤں کی خبریں کبھی کبھی پرکاش میں آجاتی ہیں،تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا کتنا پتن ہو گیا ہے،لیکن مرادیوں کو ان پر ہی شردھا ہے ہم اتنے اکرمنیہ ہو گئے ہیں،اتنے پرو شارتھ ہین کہ ہمیں اپنے پروشارتھ سے زیادہ بھروسہ آشیرواد پر ہے۔ایک پرکار سے ہماری وچار شکتی لپت ہو گئی ہے۔ ہمارے تیرتھ استھان کیا ہیں؟ٹھگوں کے اڈے اور پاکھنڈیوں کے اکھاڑے۔ جدھر دیکھیے دھرم کے ڈھونگ کے بازار گرم ہے۔گلی گلی مندر،گلی گلی پجاری اور بھکشک، پورے نگر کے نگر انھیں جیوں سے آباد ہیں۔جن کا اس کے سوا کوئی اُدم(محنت)نہیں کہ دھرم کا ڈھونگ رچ کر بے وقوف بھکتوں کو ٹھگیں اور کیوں نہ ٹھگیں؟جب جنتا خود ٹھگی جانا چاہتی ہے،تو ٹھگنے والے بھی ضرور پیدا ہوں گے۔ضرورت ہی تو آوشکار کی ماں ہے۔

کیوں نہ دیش کنگال ہو،وہ نہ کنگال رہے تو دوسرا کون رہے گا!غریبوں پر بھی دھرم کا جتنا بڑا ٹیکس ہے،اتنا شاید سرکار کا بھی نہ ہو۔کوئی گرہن لگا اور جنتا تیرتھ استھانوں کی اور دوڑی۔جو کچھ تن پیٹ کاٹ کر بچایا تھا،وہ سب اندھ وشواس کی بھینٹ چڑھ گیا!اور آج سوراجیہ بھی مل جائے اور یہ بھی مان لیں کہ اس وقت کسانوں سے لگان کم لیا جائے اور ٹیکسوں کا بھار کم ہو جائے گا،پھر بھی اندھ وشواس کے سموہن(2) میں اجیت جنتا اس سے زیادہ سکھی نہ ہوگی۔تب اس کا پرلوک پریم اور بھی بڑھے گا اور وہ بھی آسانی سے پاکھنڈیوں کا شکار ہو جائے گا،اور اس آرتھک دریدرتا سے بھڑکر اس اندھ وشواس کا پھل جنتا کی بدھک (3) ذربلتا ہے،جو اس کی سماجک اپیوگتا میں بادھک ہوتی۔اسے ندی میں گوتا مار لینا،یا شیولنگ پر جل چڑھا دینا،کسی بھائی سے سہانبھوتی رکھنے یا اپنے بیوہاروں میں سچائی کا پالن کرنے کی اپیکشا زیادہ پھل دایک معلوم ہوتا ہے۔اس نے اصلی دھرم کو چھوڑ کر،جس کا مول تتو ہے سماج کی اپیوگتا،دھرم کے ڈھونگ کو دھرم مان لیا ہے۔ جب تک وہ دھرم کا یہ اصلی روپ نہ گرہن کرے گا،اس کے اُدھار کی آشا نہیں۔ شکشت سماج کے سامنے جتنی سمسیائیں ہیں،ان میں شاید سب سے کٹھن سمسیا یہی ہے۔یہاں اسے اندھ وشواس کی پوشک پربل شکتیوں کا سامنا کرنا پڑے گا،جو انت کال سے جنتا کی وچار شکتی پر قبضہ جمائے ہوئے ہیں۔کتنا بو بھتس(کریہہ)ہے وہ درشیہ کہ ایک موٹا سا جٹا دھاری جیون ڈھونی جلائے بیٹھا ہوا ہے اور ایک درجن منشیہ اس کے پاس بیٹھے چرس کے دم لگا کر اپنے جیون کو سپھل کر رہے ہیں۔جنتا کی

1۔زنا 2۔دلفریبی،دلکشی 3۔عقلی

منو برت جب تک ایسی ہے، کیول راجنیتک ادھکاروں سے اس کا کلیان نہیں ہو سکتا۔

سو بھاگیہ سے اب دیش میں ایسے سچے سنیاسیوں کا ایک دَل نکل آیا ہے، جو سماج سیوا کو اور راشٹریہ جاگرتی کو اپنے جیون کا دھییہ بنائے ہوئے ہیں؛ لیکن ابھی تک انھوں نے نکمے سادھوؤں میں جاگرتی اُتپن کرنے کے جتنے پریتن کیے ہیں، وہ پھل نہیں ہوئے۔ نہ جانے کب وہ شبھ اُوسر آئے گا کہ ہمارا سادھو سماج اپنے کرتبیہ کو سمجھ جائے گا کہ اس کے ہاتھوں میں دیش کو جگانے کی اتنی بڑی شکتی ہے۔

جاگرن، 26/مارچ، 1934

اورینٹل بیما کمپنی کی ڈائمنڈ جبلی

گت پانچ مئی کو اورینٹل بیما کمپنی نے اپنی ڈائمنڈ جبلی منا کر یہ سدھ کر دیا ہے کہ وہ 60 ورشوں کے اپنے سُدیرگھ(1) جیون میں جتنا کام کر سکی، جو اور کسی کمپنی نے آج تک نہیں کیا۔ سن 1933 میں ہی اس نے 38,191 نئی پالیسیاں جاری کیں، جس میں سات کروڑ روپیوں سے ادھک کا بیما کیا گیا۔

جیون کا بیما آج کل پرتیک منشیہ کے لیے آوشیک ہو گیا ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ وہ کسی پرمانت کمپنی میں بیما کرائے۔ ایسی دشا میں بھارت ورش کی سب سے پرانی، پرتشٹھت (2) اور بڑی 'اورینٹل بیما کمپنی' سے بڑھ کر اس کے لیے کون کمپنی ہو سکتی ہے۔ ہم کمپنی کو اس کی اس ڈائمنڈ جبلی کے اوسر پر بدھائی دیتے ہیں۔

جاگرن، 7 مئی، 1934

1۔ عرصۂ دراز 2۔ معزز

'جاگرن' کی نئی ویوستھا

گت سپتاہ میں ہم نے پاٹھکوں سے نویدن کیا تھا کہ 'جاگرن' کو اپنے ہی آدرشانکول (1) نہ نکال سکنے کے کارن ہم اس کا پرکاشن اتنے دنوں کے لیے استھگت کیے دیتے ہیں، جب تک ہمارے پاس ایسے سادھن نہ ہو جائیں کہ ہم اسے اس سے اچھے روپ میں نکال سکیں۔ ہمارے اس نویدن کا آشے یہ سمجھا گیا کہ ہم 'جاگرن' کو سدیو کے لیے بند کر رہے ہیں اور پاٹھکوں تتھا متروں نے 'جاگرن' کو ایک سپتاہ بھی سادھی کی بیوستھا میں رہنے دینا سویکار نہ کیا۔ چاروں اور سے ایسے پتر آنے لگے کہ 'جاگرن' کو کسی دشا میں بھی بند نہ ہونا چاہیے۔ سنیوگ سے اسی اوسر پر کچھ ایسے سادھن بھی پراپت ہو گئے، جن کے سہیوگ سے ہمیں وشواس ہے 'جاگرن' اس سے اچھے روپ نکل کر جنتا کی سیوا کر سکے گا۔ ہم بڑے ہرش کے ساتھ نویدن کرتے ہیں کہ 'جاگرن' کے سمپادن (2) کا بھار شری سمپورنانند نے لینا سویکار کر لیا۔ اور اگلے انک سے 'جاگرن' انھیں کے سمپادن میں نکلے گا۔ شری سمپورنانند کے وشے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ راجنیت اور ساہتیہ دونوں ہی چھیتروں میں انھوں نے اَمر کیرت پراپت کی ہے اور جس تیاگ، لگن اور ساہس سے انھوں نے راشٹر کی سدیو سیوا کی ہے، وہ ہمارے لیے گرو کی وستو ہے۔ ایسے اُبھوی وِدوان اور پرتبھاشالی سجن کے ہاتھوں میں 'جاگرن' کا بھوشیہ نشچت ہے۔

ہمیں آشا ہے، ہمارے ساہتیک سہیوگیوں اور پاٹھکوں نے 'جاگرن' پر جو کرپا ورشٹ رکھی ہے۔ وہ پوروَوت (3) بنائے رکھیں گی۔ 'جاگرن' اب کہیں سُیوگیہ کے ہاتھوں میں جا رہا ہے، اس پر اسے بدھائی دیتے ہیں۔

جاگرن، 28 مئی، 1934

1۔ قابلِ مثال 2۔ ادارت 3۔ پہلے جیسا

کانگریس کمیٹی کا اِدھویشن

پٹنہ میں کانگریس کمیٹی کا ادھویشن ہوگیا اور اس میں راجنیتک سمسیاؤں پر وہی نشچے ہوا، جس کی ہم کامنا کررہے تھے۔ کانگریس کمیٹی نے کیول کونسل پرویش کی ہی انمتی نہیں دی، بلکہ اس کام کو سوراجیہ پارٹی کے ہاتھوں میں نہ دے کر خود اپنے ہاتھوں میں لے لیا ہے۔ ستیاگرہ بالکل اٹھالیا گیا اور مہاتما گاندھی کے سوا اب کسی کو بھی کانگریس کی اور سے ستیاگرہ کرنے کا ادھیکار نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ہی کانگریس کی ودھایک یوجنا پر بھی زور دیا گیا اور پرتیک منشیہ کو سوادھینتا (1) دے دی گئی ہے کہ وہ اپنی یوگیتانسار راشٹر کی سیوا کرے، کونسل کے بھیتر یا باہر۔ اس اوسر پر سب سے مہتو کی جو بات ہوئی وہ سامیہ وادی سنگھ کی استھاپنا تھی۔ سنگھ کا ایک ادھویشن بھی ہوا، جس کے سبھا پتی آچاریہ نریندر دیو جی تھے۔ آپ نے اس اوسر پر جو بھاشن دیا، وہ اپنی وِدّوتا (2)، شیلی اور ترک پورنتا کے لحاظ سے بڑا مہتو پورن تھا۔ سامیہ وادی وچار دن دن بڑھ رہے ہیں اور کانگریس میں چاہے پورے سامیہ وادی زیادہ نہ ہوں، پر ایسا شاید ہی کوئی ہو، جو سامیہ واد کو کسی نہ انش میں سویکار نہ کرتا ہو۔ اسے اپنے جیون کا بھاگ بنالینا دوسری بات ہے۔ کوئی آدمی تیاگ تیاگ چلاتا رہے، اس کا کوئی مہتو نہیں۔ جب وہ نیست ہوجاتا ہے، تبھی اس کے وچار کا یہ روپ میں آتے ہیں ایسا ویکتی جو سامیہ وادی ہونے کا دعویٰ کر کے بھی اسی طرح ولاس سے جیون ویتیت کرتا ہے جیسے کوئی دوسرا دھنی، تو اس کے سامیہ وادی ہونے کا کیا ارتھ ہوسکتا ہے؟ اگر وہ اسی طرح لین دین کرتا ہے اور دو روپے سیکڑے سود لیتا ہے، یا اسی طرح فرسٹ یا سیکنڈ کلاس میں سفر کرتا ہے، یا اسی طرح نوکروں سے اپنے جوتے کے فیتے کھلواتا اور اپنے پاؤں دھلواتا ہے، یا اسی طرح نانا پرکار کے پدارتھ (3) کھاتا ہے تو اسے سوشلسٹ کہا جائے؟ سوشلشٹ کیول منوبرتی (4) کا نام نہیں، جیون کے ایک وشیس بیوہارک آدمی کا نام ہونا چاہیے جس سے معلوم ہوسکے کہ سماج کی اس بیوستھا سے اَسنتشٹ (5) ہے۔ یہ

1۔ آزادی 2۔ علمیت 3۔ غذائی اشیاء 4۔ نفسیات، کیفیت 5۔ غیر متفق

کبھی آشا نہیں کی جاسکتی کہ سوشلزم کا دعوی کرنے والے کبھی آدمی ایک دم اپنی جائدادیں چھوڑ دیں اور کھیتوں میں کدال چلانا یا ملوں میں کام کرنا شروع کر دیں؛ لیکن ان سے یہ آشا بھی نہیں کی جاسکتی کہ وہ سود لینا چھوڑ دیں، برابر تیسرے درجہ میں سفر کریں، نجی سیوا کے لیے نوکر رکھ کر منشیہ جاتی کا اپمان نہ کریں اور شادی بیاہوں میں دھن کا اَپبے (1) نہ کریں۔ کیول زبان سے سامیہ وادی بن جانا اس کا بھی پرمان نہیں ہو سکتا کہ ہم اس نو یگ کا آہوان کر رہے ہیں، جب سماج پر دھن اور سمپتی کا وہ پربھتو (2) نہ رہے گا جو لوگ دھنا بھاؤ کے کارن جھک مار کر سوشلسٹ بن گئے ہیں، انھیں بھی اپنے جیون میں سامیہ واد کو برتنے کا پریتن کرنا ہوگا۔ تاتپر یہ کہ ہمیں سامیہ واد پر بحث مباحثہ کر کے ہی سنتشٹ نہ ہو جانا چاہیے، بلکہ اسے جیون میں چرتارتھ (3) کرنا چاہیے، تبھی اس کی اپیوگتا سِدھ ہوگی اور اس کا پرچار دن دونا رات چوگنا ہوگا اور جب کبھی سامیہ واد اپنے واستوک روپ میں آئے گا، تو ہم اس کا سواگت کو تیار رہیں گے۔

جاگرن، 28/ مئی، 1934

1۔ بے جا خرچ 2۔ حاکمیت 3۔ عمل لانا